

عبداللہ
ہاشم ندیم
پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

عبداللہ......جو میرے، تمہارے اور ہم سب کے اندر جانے کہاں چھپا بیٹھا رہتا ہے......دورِ حاضر کا مقبول ترین ناول

# عبداللہ

هاشم ندیم

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

# جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ................ | عبداللہ |
| مصنف | ................ | ہاشم ندیم |
| ناشر | ................ | گل فراز احمد<br>علم وعرفان پبلشرز، لاہور |
| مطبع | ................ | زاہدہ نوید پرنٹرز، لاہور |
| پروف ریڈنگ | ................ | اکرم، شیر محمد طاہر |
| کمپوزنگ | ................ | اکرم، انیس احمد |
| سن اشاعت | ................ | جنوری 2011ء |
| قیمت | ................ | =/500روپے |

......ملنے کا پتہ......

## علم وعرفان پبلشرز

الحمد مارکیٹ، 40۔ اُردو بازار، لاہور

فون 042-7352332-7232336


ادارہ علم وعرفان پبلشرز کا مقصد ایسی کتب کی اشاعت کرنا ہے جو تحقیق کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی ہوں۔ اس ادارے کے تحت جو کتب شائع ہوں گی اس کا مقصد کسی کی دل آزاری یا کسی کو نقصان پہنچانا نہیں بلکہ اشاعتی دنیا میں ایک نئی جدت پیدا کرنا ہے۔ جب کوئی مصنف کتاب لکھتا ہے تو اس میں اس کی اپنی تحقیق اور اپنے خیالات شامل ہوتے ہیں۔ یہ ضروری نہیں کہ آپ اور ہمارا ادارہ مصنف کے خیالات اور تحقیق سے متفق ہوں۔ اللہ کے فضل وکرم، انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کمپوزنگ طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری احتیاط کی گئی ہے۔ بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ انشاءاللہ اگلے ایڈیشن میں ازالہ کیا جائیگا۔ (ناشر)

# انتساب!

عبداللہ کے نام

جو میرے، تمہارے اور ہم سب کے
اندر جانے کہاں چھپا بیٹھا رہتا ہے

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| -1 | درگاہ(۱) | 07 |
| -2 | درگاہ(۲) | 12 |
| -3 | زہرا | 17 |
| -4 | سب ٹھاٹھ پڑارہ جاوے گا | 22 |
| -5 | محبت سی ہوگئی ہے | 27 |
| -6 | نظر کی التجا | 32 |
| -7 | رقیب | 37 |
| -8 | پہلی کھوج کا خضر | 42 |
| -9 | دورِ جنوں | 47 |
| -10 | تعیناتی | 52 |
| -11 | عبداللہ | 57 |
| -12 | خضرِ راہ | 63 |
| -13 | من کی لگن | 68 |
| -14 | تربیت | 73 |
| -15 | پہلی جیت | 79 |
| -16 | الوداع | 85 |
| -17 | کالا پانی | 92 |
| -18 | آخری انتظار | 97 |
| -19 | آخری سجدہ | 103 |
| -20 | عصا اور دیمک | 109 |


پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

# فہرست

| | | |
|---|---|---|
| -21 | یاقوط | 116 |
| -22 | آسیب محبت | 123 |
| -23 | صلیب عشق | 130 |
| -24 | ابھی کچھ دیر باقی ہے | 137 |
| -25 | دامن اور چنگاری | 146 |
| -26 | سودوزیاں | 153 |
| -27 | درد اور مسیحا | 159 |
| -28 | لاریب | 171 |
| -29 | دوسرا مسیحا | 177 |
| -30 | فاصلے ساتھ چلتے ہیں | 184 |
| -31 | چھلاوہ | 189 |
| -32 | ایمان فروش | 195 |
| -33 | تیسری رات | 202 |
| -34 | معصوم قاتل | 209 |
| -35 | پھر وہی محبت | 216 |
| -36 | پہلی رہائی | 223 |
| -37 | دوسری منت | 231 |
| -38 | خوابوں کا بیوپاری | 237 |
| -39 | خواب مرتے نہیں | 244 |

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

# درگاہ (۱)

ساحل کی طرف جاتی ہوئی مرکزی شاہراہ، جو عام حالات میں کسی جوان بیوہ کی اُجڑی مانگ کی طرح بے رنگ اور سنسان پڑی رہتی تھی، اس وقت شہر کے امراء کی چند بگڑی ہوئی اولادوں کی خرمستیوں کی آماج گاہ بنی ہوئی تھی۔ فضا میں اسپورٹس کاروں اور ہیوی بائیکس کی چنگھاڑتی آوازوں نے ایک ہل چل اور طوفان سا برپا کیا ہوا تھا۔ معاملہ شہر سے ویران ساحل کی پٹی تک ریس کا تھا اور ہم میں سے کوئی بھی یہ ریس ہارنا نہیں چاہتا تھا۔ سب سے آگے صوبے کے ہوم سیکریٹری کے لاڈلے صاحب زادے وقار یعنی وکی کی مرسڈیز اسپورٹس کار تھی۔ اس کے بعد ملک کے معروف صنعت کار بختیار احمد کی اکلوتی اولاد ساحر، یعنی میری منی جیگوار تھی اور میرے پیچھے صوبائی وزیر مالیات کا بگڑا شہزادہ کاشف اپنی دوست ردا کے ساتھ ہیوی بائیک پر فراٹے بھرتا، مختلف گاڑیوں کے درمیان لہراتا اور اپنا راستہ بناتے ہوئے صرف چند انچ کے فاصلے سے میری گاڑی کے بمپر کو تقریباً چھوتا ہوا چلا آ رہا تھا۔ باقی دوست اُس کے ذرا فاصلے پر تھے۔ لوگ ہمیں دُور ہی سے دیکھ کر سراسیمہ ہو کے ادھر ادھر اُچھل کر اپنی جان بچانے کے لیے بھاگ رہے تھے۔ وکی نے سڑک پار کرتے ہوئے ایک ٹھیلے کو ہلکا سا چھولیا۔ ٹھیلے والا ایک جانب کو کودا اور اُس کے ٹھیلے سے ناریل فضا میں یوں اُچھلے جیسے کسی شریر بچے نے یک دم فضا میں بہت سے خاکستری غبارے چھوڑ دیے ہوں۔ ان میں سے ایک ناریل کسی گرینیڈ کی طرح میری کار کی ونڈ اسکرین سے ٹکرایا اور شیشے پر اگلے ہی لمحے مکڑی کے جالے جیسی رگیں ابھر آئیں۔ میرے ساتھ گاڑی میں بیٹھی گورنر کی بھتیجی اور میری بہترین دوست عینی زور سے چلائی اور اس کے منہ سے انگریزی گالیوں اور مغلظات کا ایک طوفان وکی کی شان میں ابل پڑا۔ میرے پیچھے آتے ہوئے کاشف کی ایک سو پچاس کی اسپیڈ سے دوڑتی ہوئی بائیک کا پہیہ ناریل کے اوپر چڑھ گیا اور بائیک فضا میں یوں اچھلی جیسے کسی توپ سے نکلا ہوا گولا...... لیکن کاشف نے اپنے حواس قابو میں رکھے اور بائیک کو زمین پر لگتے ہی ایک جانب کو جھکا کر الٹنے سے بچالیا۔ البتہ اس کے پیچھے آتے ہوئے دو موٹر سائیکل سوار خود کو بچا نہیں پائے۔ سڑک پر دور تک ان کی بائیکس کی پھسلنے کی آوازیں اور اسکریچیں گونجتی رہیں۔ شاید ریس میں شامل ایک آدھ کار بھی پھسلی لیکن میں مڑ کر دیکھ نہیں پایا، کیونکہ اس وقت میری ساری توجہ آگے سڑک پر دوڑتی وکی کی مرسیڈیز پر تھی۔ وہ جانتا تھا کہ اب ساحلی پٹی صرف چند کلومیٹر ہی دور رہ گئی ہے، لہٰذا وہ اپنی گاڑی کو سڑک پر دونوں جانب لہراتے ہوئے آگے بڑھ رہا تھا تا کہ میری گاڑی کو آگے نکلنے کا کوئی راستہ نہ مل سکے۔ کاشف گاڑی کی کھڑکی سے ہاتھ نکال نکال کر مجھے اشتعال دلانے کے لیے مختلف اشارے بھی کر رہا تھا اور اس عمل میں اس کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھی، اس کی ولایت پلٹ کزن ٹینا بھی برابر کا ساتھ دے رہی تھی، جو عینی کو مزید مشتعل کرنے کا باعث بن رہا تھا۔ آخری دس کلومیٹر کا بورڈ دیکھتے ہی عینی نے مایوسی سے سر ہلایا۔ ''نہیں ساحر...... اب ہم نہیں جیت سکتے...... فاصلہ بہت کم رہ گیا ہے۔ ہم ہار گئے ساحر...... ڈیم اٹ یار......'' میں نے عینی کو کوئی جواب نہیں دیا اور گیئر بدل کر ایکسیلیٹر پر دباؤ بڑھا دیا۔ عینی بھی جانتی تھی کہ مجھے ہار سے کس قدر شدید نفرت تھی۔ میں نے ہارنا سیکھا ہی نہیں

تھا۔ ہم زندگی میں جیتنا سیکھیں، یا نہ سیکھیں، جیت ہمیں خود ہی سب سکھا دیتی ہے۔ ہاں! البتہ ہار کو باقاعدہ سیکھنا پڑتا ہے کہ ہار آپ کو خود کچھ نہیں سکھاتی۔ لیکن میں خود فی الحال اس فن سے ناآشنا تھا اور کم از کم آج تو میں کسی صورت ہارنا نہیں چاہتا تھا کیونکہ مقابلے پر میرا ازلی حریف وکی جو تھا۔

اس ریس کا آئیڈیا کل رات ہی ہمارے شیطان دماغوں میں اس وقت آیا تھا جب ہم کلب کے نیلگوں دھوئیں بھرے ماحول میں اپنے اپنے ''بھرے'' ہوئے سگریٹ کے کش لگا رہے تھے۔ فضا میں دھوئیں اور بیئر کی ملی جلی خوشبو پھیلی ہوئی تھی اور دھواں کشید کرنے کے اس عمل میں ہم میں سے ہر ایک کا...... جوڑا بھی پورے شد و مد سے شریک تھا۔ صرف عینی ہی اُن میں ایک ایسی لڑکی تھی جس کا دم اس مخصوص دھوئیں کی زیادتی سے گھٹنے لگا تھا اور تب وہ میرا ہاتھ پکڑ کر زبردستی مجھے کلب سے باہر کھلی فضا میں کھینچ لائی تھی۔ ''اُف ساحر...... کیوں پیتے ہو یہ زہر...... نفرت ہے مجھے اس دھوئیں سے۔'' لیکن کل رات عینی کی بات شروع ہونے سے پہلے ہی وقار نے بحث چھیڑ دی تھی کہ اُس کے باپ نے گزشتہ ہفتے ہی اسے جو نئی اسپورٹس مرسڈیز لے کر دی ہے وہ اسے ڈھائی سو کی رفتار سے دوڑاتا ہوا کالج آ سکتا ہے۔ کاشف نے چڑ کر اسے ریس لگانے کا چیلنج دے دیا اور رفتہ رفتہ بحث نے اتنا طول پکڑا کہ ہم سب ہی نے اس ریس میں شریک ہونے کا فیصلہ کر لیا اور اس کے نتیجے میں آج ہم سب کی گاڑیاں اور بائیکس اس ساحلی سڑک پر آگ اگلتی ہوئی دوڑ رہی تھیں۔

ریس ختم ہونے والا پوائنٹ ساحل پر بنے ہوئے لکڑی کے ہٹس (Huts) کے عین سامنے جا کر ختم ہونے والی یہی کولتار کی سڑک تھی جہاں پہلے ہی سے یونیورسٹی کا پورا ایک گروپ ہجوم کی شکل میں چیخ چلا کے اور نعرے لگا کر ہمارا حوصلہ بڑھا رہا تھا۔ انہیں میں وہ دولڑکے بھی موجود تھے جن کے ہاتھ میں سفید رومال تھے، جنہیں آخری جیت کی گواہی دینے کے لیے ہم نے بطور جج وہاں کھڑا کیا تھا۔ آخری پوائنٹ اب صرف دو کلومیٹر کی دوری پر رہ گیا تھا اور ہماری اسپورٹس کاریں جس رفتار سے دوڑ رہی تھیں، اس حساب سے یہ دو کلومیٹر صرف دو لمحے کی دوری پر تھے۔ وکی کسی صورت مجھے آگے نکلنے کا موقع نہیں دینا چاہتا تھا اور مجھے بس ایک لمحے کی تلاش تھی اور پھر وہ لمحہ ایک اونچے ریت کے ٹیلے کی صورت میں مجھے نظر آ ہی گیا۔ سڑک کے اختتام سے کچھ قدم پہلے سڑک کی بائیں جانب ریت کچھ اس طرح اکٹھی ہوگئی تھی کہ ایک اونچا سا ٹیلہ بن گیا تھا۔ میں نے گیئر بدلا اور چلا کر عینی سے کہا۔ ''سیٹ بیلٹ اچھی طرح کس لو......'' عینی نے شاید میری آنکھوں میں لپکتی چمک کو دیکھ لیا تھا۔ وہ سراسیمہ ہو کر چلائی ''نہیں ساحر...... پلیز فار گاڈ سیک ساحر۔'' لیکن عینی کی چیخ اس کے گلے ہی میں گھٹ کر رہ گئی اور میری جیگوار ریت کے ٹیلے پر یوں چڑھی جیسے کوئی گلائیڈر اونچی اڑان اُڑنے سے پہلے کسی اونچے پہاڑ کی چوٹی پر بنی چٹان پر دوڑتا ہے اور اگلے ہی لمحے میری گاڑی بھی کسی شاہین کی طرح فضا میں تیرتی ہوئی اختتامی حد پر لگے ہوئے سرخ جھنڈے کو کراس کر گئی۔ فضا میں تیرتے ہوئے میری نظر نیچے دو فٹ پیچھے آتی مرسڈیز میں بیٹھے وکی پر پڑی، جس نے جھنجلاہٹ میں اپنا سر زور سے اسٹیئرنگ پر دے مارا تھا۔ میری جیگوار ایک زوردار آواز اور شدید جھٹکے کے ساتھ نیچے ریتلے ساحل سے ٹکرائی اور اس کے اگلے دونوں ٹائر زوردار دھماکے کے ساتھ برسٹ ہوگئے۔ کار زور سے لہرائی لیکن اس کے الٹنے سے پہلے ہی میں نے پوری قوت کے ساتھ ہینڈ بریک کھینچ لی۔ لیکن گاڑی کے بونٹ سے نکلتے ہوئے دھوئیں اور گاڑی کے فریم کو دیکھ کر کوئی اناڑی مستری بھی یہ بتا سکتا ہے کہ اب یہ کار کم از کم میرے کسی کام کی نہیں رہ گئی۔ مجھے اپنی پسندیدہ گاڑی کے تباہ ہو جانے کا کوئی دکھ نہیں تھا۔ خوشی تو اس بات کی تھی کہ میں نے ایک بار پھر وکی کو ہرا دیا تھا۔ ہینڈ بریک کھینچنے کی وجہ سے گاڑی نے

گھومتے ہوئے ریت کا جو طوفان اٹھایا تھا وہ اب تھم چکا تھا...... عینی، جس نے کار کے اڑان بھرتے ہی اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں میں چھپا لیا تھا، نے اپنا چہرہ اوپر اٹھایا اور ایک تیز جھرجھری لے کر بولی "تم بالکل پاگل ہو ساحر...... یو آر ٹوٹلی میڈ" میں نے عینی کی طرف ایک مسکراہٹ بھری نظر ڈالی اور گاڑی سے نیچے اتر آیا۔ سب دوستوں نے مجھے گھیر لیا تھا اور سب ہی شور مچا رہے تھے۔ دوروکی کھڑا چلا رہا تھا کہ مقابلہ زمین پر گاڑی دوڑانے کا تھا نہ کہ فضا میں اڑانے کا۔ لیکن کوئی اس کی بات نہیں سن رہا تھا اور سبھی اس سے شرط ہارنے کی رقم کا مطالبہ کر رہے تھے۔

ہم سب کا تعلق ایسے خاندانوں سے تھا جہاں ایسی معمولی رقم روزانہ گھر کے نوکروں میں بانٹ دی جاتی تھی، لیکن اس رقم کی حیثیت سب سے الگ تھی، کیونکہ یہ میری جیت کی رقم تھی...... تبھی میں نے اس حقیر رقم کے لیے اپنی لاکھوں روپے کی نئی امپورٹڈ گاڑی تباہ کر دی تھی اور سچ یہ ہے کہ اپنی ہر جیت کے لیے میں ساری زندگی روزانہ ایسی کئی گاڑیاں تباہ کرنے کے لیے تیار ہوں۔

میں ان سب کو لڑتا جھگڑتا چھوڑ کر ایک اونچی چٹان پر بنے پتھر کے بنچ پر جا کر بیٹھ گیا اور دور سے آتی لہروں کو چٹان سے ٹکرا کر پاش پاش ہوتے دیکھنے میں مشغول ہو گیا۔ میری شخصیت میں ایک عجیب تضاد بھی تھا کہ ہر جیت، فتح کے فوراً بعد میرے لیے اپنی اہمیت کھو دیتی تھی۔ سو، آج بھی یہی ہوا۔ ابھی چند لمحے پہلے میں نے جس جیت کے لیے اپنے ساتھ ساتھ اپنی عزیز از جان دوست عینی کی زندگی بھی داؤ پر لگا دی تھی، اب میرے لیے ماضی بن چکی تھی اور مجھے اس فتح کی تکرار سے کوئی سروکار نہیں تھا۔ میں نے نیچے عینی گروپ اور روکی کو لڑتے جھگڑتے دیکھا اور اکتا کر سگریٹ سلگالی۔ دفعتاً دھوئیں کے نیلے مرغولے کے درمیان سے ہوتی ہوئی میری نظر دور سڑک پر دوڑتی ہوئی کالے رنگ کی بڑی سی شیورلیٹ کار پر پڑی۔ اچھی گاڑیاں بچپن سے میری کمزوری تھیں اور جو لوگ کاروں کے بارے میں تھوڑا بہت علم رکھتے ہیں وہ یہ بھی ضرور جانتے ہوں گے کہ شیورلیٹ کو کاروں کی شہزادی کہا جاتا ہے، اور نئے ماڈل کی یہ شہزادی تو اب ہمارے ہاں تقریباً ناپید ہو گئی ہے۔ میری تمام تر توجہ اس شاندار گاڑی کی جانب مبذول ہو چکی تھی، جو اب ساحل کے کنارے موجود پہاڑی سلسلے کے اندر تراشی ہوئی سفید پتھر کی سیڑھیوں کے قریب آ کر رک چکی تھی۔ گاڑی میں سے کچھ لوگ اتر کر ان سنگی سیڑھیوں کی جانب بڑھ گئے جن کا اختتام پہاڑی کی چوٹی پر بنی ہوئی ایک درگاہ کے وسیع صحن میں جا کر ہوتا تھا۔ میں اس کار سے بہت دور ایک دوسری پہاڑی چٹان پر بیٹھا ہوا تھا۔ اس لیے میں کار کی سواریوں اور ان کے حلیے پر زیادہ غور نہیں کر سکا۔ بہر حال یہ بات میرے لیے کافی حیران کن تھی کہ اس جدید دور میں بھی ایسے اونچے طبقے کے لوگ ایسی درگاہوں پر حاضری دینے کے لیے آتے تھے؟ ہم انسانوں نے خود کو تسلی دینے کے لیے کیسے کیسے بہانے تراش رکھے ہیں...... اچانک میرے دل میں اس گاڑی کو قریب سے دیکھنے کی شدید خواہش ابھری۔ ویسے بھی میں یہاں بیٹھا بیٹھا اکتانے لگا تھا۔ میں نے چٹان سے نیچے ساحل کی جانب نظر دوڑائی تو سبھی کو مشغول پایا۔ کوئی باربی کیو کی تیاری کر رہا تھا، تو کوئی اپنی گاڑی سے بڑے دیو قامت اسپیکر اور میوزک سسٹم اتار رہا تھا۔ عینی نے دور سے ہاتھ ہلا کر مجھے نیچے آنے کا اشارہ کیا۔ میں نے جواباً اسے اشارہ کیا کہ میں ذرا گھوم کر آتا ہوں۔ چٹان سے دوسری جانب اترنے کے بعد میں ساحل کے ساتھ ساتھ چلتا ہوا دوسری پہاڑی کے قریب پہنچ چکا تھا۔ وہ کار اب بھی وہیں کھڑی تھی اور ایک باوردی شوفر اس کا بونٹ اٹھائے ریڈی ایٹر میں پانی ڈال رہا تھا۔ کہتے ہیں، سواری بھی انسان کی نفاست کو جانچنے کا ایک ذریعہ ہوتی ہے اور اس قول کی پرکھ اگر اس گاڑی سے کی جاتی تو یقیناً اس کا مالک انتہائی نفیس شخصیت کا مالک ہونا چاہیے تھا، کیونکہ گاڑی کو

بڑے سلیقے سے سنبھالا گیا تھا۔ میں کچھ دیر دلچسپی سے گاڑی کو دیکھتا رہا۔ اتنے میں ڈرائیور نے میری محویت نوٹ کر لی اور مسکرا کر بولا ''کیوں صاحب...... کیا دیکھ رہے ہیں...... گاڑی پسند آ گئی ہے کیا؟'' میرے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ پھیل گئی۔ ''گاڑیوں کا کوئی بھی شوقین پہلی ہی نظر میں اس گاڑی کا عاشق ہو سکتا ہے۔'' ڈرائیور میری بات سن کر کھلکھلا کر ہنس دیا اور فخر سے بولا۔ ''سچ کہا آپ نے...... دراصل ہمارے سیٹھ صاحب نے بھی ساری عمر میں یہی ایک شوق پالا ہے۔ بلکہ انہیں تو اعلیٰ سے اعلیٰ گاڑی رکھنے کا جنون ہے۔ اب اسی گاڑی کو دیکھ لیں۔ پچھلے مہینے ہی امریکا سے منگوائی ہے۔ ہمارے صاحب کو جاپانی گاڑیاں بالکل بھی پسند نہیں ہیں کہ جاپان والوں نے گاڑیوں کو چھوٹا کر کے ان کی توہین کی ہے۔''

ڈرائیور بات کرتے کرتے آہٹ پا کر اچانک مؤدب سا ہو گیا اور جلدی سے بونٹ بند کر کے پیچھے دروازے کی جانب لپکا۔ میں نے چونک کر ڈرائیوں کی نظر کے تعاقب میں اوپر جاتی سیڑھیوں پر نظر ڈالی اور چند لمحوں کے لیے مبہوت سا رہ گیا۔ اوپر سے ایک ادھیڑ عمر عورت کے ساتھ ایک پری رخ ماہ جبیں دھیرے دھیرے قدم اٹھاتی سیڑھیاں اتر رہی تھی۔ اس کی چال میں ایک ایسا وقار تھا گویا کوئی راج ہنسنی پانی میں تیر رہی ہو۔ عورت اور لڑکی دونوں نے خود کو مناسب حد تک بڑی چادروں سے ڈھانپ رکھا تھا اور اس عشوہ طراز نے اپنے رخ پر باریک نقاب کی تہ بھی ڈال رکھی تھی۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ اس کالے نقاب نے اس کے چہرے کا نور کہیں زیادہ بڑھا دیا تھا۔ ایسا نہیں تھا کہ میں اس سے پہلے حسن سے آشنا نہ تھا، لیکن کچھ چہرے ایسے بھی ہوتے ہیں جو حسن اور معصومیت کو نئی تعریف اور نئے معنی دے جاتے ہیں۔ وہ چہرہ بھی ایسا ہی اور لاکھوں میں ایک تھا۔ ڈرائیور نے بھاگ کر دونوں پچھلے دروازے کھول دیئے تھے۔

لڑکی نے نظر اٹھا کر بھی میری طرف نہیں دیکھا اور اک شان بے نیازی سے چلتی ہوئی جا کر گاڑی میں بیٹھ گئی۔ ڈرائیو نے جلدی سے گاڑی کے دروازے بند کیے اور گاڑی ایک جھٹکے سے آگے بڑھ گئی۔ تبھی مجھے بھی جیسے ایک جھٹکا سا لگا اور میں اپنے حواس میں واپس آ گیا، لیکن تب تک کار کافی دور جا چکی تھی۔ مجھے خود پر شدید غصہ آیا۔ ایسی بھی کیا بے خودی؟ کم از کم مجھے گاڑی کا نمبر تو نوٹ کر لینا چاہئے تھا۔ اس وقت میں خود اپنی اس عجیب سی بے چینی اور کچھ کھو دینے کی کسک کو کوئی بھی نام دینے سے قاصر تھا۔ میں نے زور سے سر کو یوں جھٹکا جیسے خود کو ان بے حد اداس اور ساکت جھیل جیسی آنکھوں کے سحر سے آزاد کروانے کی کوئی ناکام سی کوشش کی ہو۔

اچانک ہی میری نظر پہاڑی کی چوٹی پر پڑی اور میرے قدم خود بخود ان پتھریلی سیڑھیوں کی جانب بڑھ گئے، جن کا اختتام اوپر بنی درگاہ پر ہوتا تھا۔ شاید میرے دل میں کہیں نہ کہیں یہ خواہش مچل اٹھی تھی کہ آخر ایسی کیا بات ہے اس پتھر کی بنی سفید اور سادہ سی عمارت میں، جس کی زیارت کے لیے اس گل رخ کے کومل قدم اتنی دور تک اٹھے تھے۔ دور سے دیکھنے میں وہ درگاہ اتنی اونچائی پر نظر نہیں آتی تھی، لیکن جب میں آخری سیڑھی چڑھ کر درگاہ کے صحن میں پہنچا تو پسینے سے شرابور اور ہانپ رہا تھا۔ وہاں خاصے زائرین موجود تھے، جو اپنے طور پر اپنی اپنی منتوں کی قبولیت کے لیے کچھ نہ کچھ تدبیر کر رہے تھے۔ کوئی پھولوں کی چادر چڑھا رہا تھا، تو کوئی لنگر خانے میں دیگیں کھلوائے بھوکوں کو کھانا کھلا رہا تھا۔ ایک جانب ایک حاجی صاحب دودھ میں زعفران اور روح افزاء گھولے اپنی سبیل چلا رہے تھے۔ ایک جانب چند افراد مور چھل لیے درگاہ کے اندرونی حصے کی صفائی کر رہے تھے۔ مجھے ایک لمحے کو یوں لگا کہ جیسے جس کا گناہ جتنا بڑا ہے وہ اسی حساب سے کفارہ ادا کرنے کی سعی میں لگا ہوا ہے۔ لیکن کیا یہ سب کچھ کرنے سے

ہم انسانوں کی منتیں پوری ہو جاتی ہوں گی......؟ کفارے ادا ہو جاتے ہوں گے......؟ میں اپنی سوچوں میں غلطاں کھڑا تھا کہ اچانک میرے عقب سے ایک بھاری لیکن ملائم سی آواز ابھری ''کیا میں آپ کی کچھ مدد کر سکتا ہوں......؟'' میں چونک کر پلٹا۔ میرے سامنے میری ہی عمر کا ایک نوجوان ہاتھ میں تسبیح اور ہونٹوں پر ایک میٹھی سے مسکراہٹ لیے کھڑا تھا۔ سفید رنگ کے کرتے شلوار میں ملبوس اور چہرے پر کالی گھنی شرعی داڑھی خوب جچ رہی تھی۔ اس کی آنکھوں میں ایک خاص چمک اور لہجے میں عجیب سی مٹھاس تھی۔ میں نے مسکرا کر جواب دیا۔ ''جی...... بہت شکریہ...... میں بس یونہی اس طرف چلا آیا تھا...... آپ کی تعریف......؟ تعریف کے لائق تو کچھ بھی نہیں ہے میرے پاس...... ہاں البتہ تعارف کے لیے نام ''عبداللہ ہے......''

❁......❁

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# درگاہ (۲)

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

میں نے عبداللہ کا بڑھا ہوا ہاتھ تھام کر مصافحہ کیا۔اس نے بات جاری رکھی۔''اسی درگاہ کا ایک مجاور ہوں...... خدمت کرتا ہوں یہاں آنے والے زائرین کی......'' میں نے غور سے عبداللہ کی جانب دیکھا''آپ اپنی گفتگو سے تو پڑھے لکھے لگتے ہیں...... پھر یہ سب کچھ......'' میں نے جان بوجھ کر اپنی بات اُدھوری چھوڑ دی۔وہ میری بات سن کر ہلکے سے مسکایا۔''شاید آپ بھی پڑھائی کا مقصد صرف کسی سرکاری نوکری کا حصول ہی سمجھتے ہیں۔ویسے میں نے بھی کچھ صفحے سیاہ تو کیے تھے لیکن یہاں آ کر پتا چلا کہ اب تک صرف وقت ہی ضائع کرتا رہا۔بہر حال آپ بتائیے...... میں آپ کی کیا خدمت کر سکتا ہوں......؟'''نہیں کچھ نہیں...... دراصل میرے دوست نیچے ساحل پر میری راہ تک رہے ہوں گے...... آپ سے مل کر اچھا لگا......'' میں نے عبداللہ کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے دبایا اور واپسی کے لیے پلٹا...... پیچھے سے عبداللہ کی آواز سنائی دی۔''کوئی منت نہیں مانگیں گے آپ......؟'' میں مسکرا کر پلٹا''چلیں یہ وعدہ رہا...... جب کبھی کوئی منت مانگنی ہوئی تو یہیں آپ کی اسی درگاہ میں کر مانگوں گا۔اُمید ہے شنوائی ہوگی......'' میری بات سن کر عبداللہ بھی مسکرا دیا''مجھے انتظار رہے گا۔'' میں اس کی جانب الوداعی انداز میں ہاتھ لہرا کر سیڑھیاں اتر گیا۔نیچے وہ سبھی میرے لیے فکر مند ہو چکے تھے۔مجھے دیکھتے ہی سب سے پہلے عینی برس پڑی۔''ساحر...... یہ کیا مذاق ہے......؟ تم جانتے ہو ہم سب یہاں تمہاری وجہ سے کس قدر ہلکان ہو رہے تھے...... کہاں چلے گئے تھے تم...... کچھ ہمارا بھی خیال ہے تمہیں......'' وہ روہانسی سی ہو کر چپ ہو گئی۔میں نے ان سب کے سامنے ہاتھ جوڑے''معاف کر دو یار...... میرا ارادہ اتنی دیر لگانے کا نہیں تھا...... بس دیر ہو ہی گئی...... میں دوسری پہاڑی کی چوٹی پر بنی درگاہ دیکھنے کے لیے چلا گیا تھا۔'' میرے منہ سے''درگاہ'' کا نام سنتے ہی وہ سب یوں اچھلے جیسے میں نے ان کے عین سامنے کوئی بم پھوڑ دیا ہو۔''درگا......؟ ساحر تم......؟'''خیریت تو ہے نا۔'' ان سب کی حیرت بجا تھی۔ہم میں سے وہاں ایسا کوئی بھی نہ تھا،جس نے آج تک درگاہ تو کیا ''عیدگاہ'' کی بھی کبھی زیارت کی ہو۔ہم وہ تھے جن کے لیے لوگ منتیں مانگتے تھے،ہمیں بھلا ایسی جگہوں سے کیا واسطہ......؟ ہم تو خود ایک''منت'' کے طور پر اس دنیا میں وارد ہوئے تھے۔جنہیں بن مانگے ہی اس جہاں میں سب کچھ میسر تھا۔پھر ہمیں کیا ضرورت تھی،ان درگاہوں اور مسجدوں میں ماتھا ٹیکنے کی......؟ ہم سے تو ہمارا خدا ویسے ہی سدا کے لیے راضی تھا۔

میں نے جرمانے کے طور پر اسی رات سب ہی کو ہالیڈے ان میں ڈنر کی دعوت دی،تب جا کر ان لوگوں کا غصہ ٹھنڈا ہوا۔لیکن عینی ابھی تک روٹھی روٹھی سی تھی۔وہ مجھ پر دوسروں سے کہیں زیادہ اپنا حق سمجھتی تھی اور اسی حق کا مان اسے یوں روٹھنے پر مجبور بھی کرتا تھا۔عینی کی یہ خاموشی واپسی پر بھی تمام راستے برقرار رہی۔لیکن میں جانتا تھا کہ حسب معمول آدھی رات کو مجھے فون کیے بنا اسے نیند نہیں آئے گی،لیکن اس رات تھکن کی وجہ سے میں اس قدر گہری نیند میں تھا کہ نہ جانے کتنی گھنٹیوں کے بعد فون اٹھایا۔دوسری جانب سے عینی کی پریشان اور کسی قدر جھنجلائی ہوئی آواز

ابھری ''اتنی دیر کیوں لگا دی فون اٹھانے میں......؟'' اس کی جھنجھلاہٹ پر مجھے ہنسی آ گئی۔ ''ابھی چند گھنٹے پہلے ہی تم نے درجنوں لوگوں کی موجودگی میں یہ عہد کیا تھا کہ اب آئندہ تم مجھ سے کبھی بات نہیں کرو گی۔'' ''تم جانتے ہو نا میں تم سے بات کیے بنا نہیں رہ پاؤں گی......اسی لیے اتنا اکڑتے ہو......؟'' یار میری کیا مجال کہ میں گورنر صاحب کی اکلوتی بھتیجی کے سامنے ذرا سی بھی اکڑ دکھانے کی جرأت کر سکوں......؟ مجھے جیل جانے کا کوئی شوق نہیں ہے۔'' ''مذاق مت کرو ساحر......میں بے حد سنجیدہ ہوں۔'' میں سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔ ''اچھا بولو......کیا چاہتی ہو'' دوسری جانب سے عینی کی شرارت بھری آواز ابھری ''تمہیں......'' ''اچھا......تو یہ تم سنجیدہ ہو......؟'' عینی نے ایک ٹھنڈی سے آہ بھری ''یہی تو مسئلہ ہے......تم نے کبھی میری محبت کو سیریس لیا ہی نہیں......'' عینی پر ایسے دورے مہینے میں ایک آدھ بار ضرور پڑتے تھے اور لگتا تھا کہ آج کی رات پھر انہی راتوں میں سے ایک تھی جب ہماری زوردار بحث ہونے والی تھی، لیکن آج میں اس سے بحث کے موڈ میں بالکل بھی نہیں تھا۔ ''اوہ کم آن عینی......تم جانتی ہو کہ میں یہ محبت وغیرہ پر بالکل یقین نہیں رکھتا......محبت صرف جسم کے حصول کی درخواست کا ایک مہذب ذریعہ ہے......بس ایک لفظ ہے، اپنی خواہشات پر پردہ ڈالنے کے لئے......اور کچھ بھی نہیں......'' وہ میری بات سن کر چپ سی ہو گئی۔ پھر آہستہ سے بولی ''میں تو تمہیں یہ دعا بھی نہیں دے سکتی کہ تمہارے دل کی بنجر زمین پر یہ خودرو پودا اگ جائے اور اس کے کانٹے تمہاری روح کو بھی اپنی کاٹ اور چبھن سے زخمی کر دیں......تمہارا قصور نہیں ہے ساحر......شاید یہ میری آزاد خیالی ہی میرے جذبے کو بے وقعت کرنے کا باعث بنتی ہے......سویٹ ڈریمز......'' عینی نے فون کاٹ دیا۔ میں حیرت سے فون کو دیکھ رہا تھا۔ اس لڑکی کو کیا ہو گیا ہے اچانک......آج سے پہلے تو کبھی اس نے اس قدر ٹوٹے ہوئے لہجے میں مجھ سے بات نہیں کی تھی۔ پھر میں نے خود ہی اپنے دل کو تسلی دی کہ شاید شام کی بیئر نے اپنا اثر اس وقت دیر رات کو دکھانا شروع کیا ہوگا۔ میں نے کروٹ لی اور پھر آنکھیں دھیرے دھیرے بند ہوتی چلی گئیں۔

اگلے چند دن تک میں ہر بڑی امریکن گاڑی کو دیکھ کر نہ جانے کیوں چونک سا جاتا تھا اور میری نظریں دور تک اس گاڑی کا پیچھا کرتی رہتیں، لیکن مجھے وہ بڑی شیورلیٹ دوبارہ نظر نہیں آئی۔ پتا نہیں، وہ اس شہر میں رہتے بھی تھے، یا پھر کہیں اور سے اس درگارہ کی حاضری کے لیے آئے تھے۔ میں خود بھی نہیں جانتا تھا کہ میری اس بے چینی کی اصل وجہ کیا تھی اور پھر سب سے پہلے کاشف نے میری یہ ''کاریاترا'' محسوس کر لی اور چوتھے دن اس نے مجھ سے آخر کار پوچھ ہی لیا۔ ''کیا بات ہے یار......یہ آج کل ہر بڑی امریکن گاڑی کو دیکھ کر تم اس کے پیچھے ہی کیوں پڑ جاتے ہو......؟'' میں نے اس روز درگاہ پر ہونے والی تمام واردات اسے تفصیل سے سنا دی۔ ''اوہو......تو یہ بات ہے......اب سمجھا......میرا یار دراصل گاڑی نہیں، بلکہ گاڑی والی کی تلاش میں سرگرداں ہے۔ یار کسی کو تو بخش دیا کرو......جو حلیہ تم نے اس لڑکی کا ابھی بیان کیا ہے، اس سے ایک بات تو کنفرم ہے کہ شی از ناٹ یور ٹائپ'' ''اوہ شٹ اپ یار......ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ مجھے صرف ایک تجسس ہے کہ آخر اس شہر میں ایسی کون سی فیملی ہے جو میری طرح گاڑیوں کا شوق رکھتی ہے، لیکن میں اس سے واقف نہیں ہوں......'' کاشف بولا ''یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ وہ لوگ اس شہر سے تعلق ہی نہ رکھتے ہوں......کہیں اور کسی دوسرے شہر سے وہاں آئے ہوں......؟'' ''یہی تو الجھن ہے کہ یہ بات کیسے معلوم کی جائے کہ وہ لوگ کہاں سے آئے تھے......پتا نہیں کیوں......لیکن میں اس لڑکی کی اداس آنکھوں میں چھپی داستان پڑھنا چاہتا تھا......لیکن افسوس پڑھ نہیں پایا......'' کاشف کچھ دیر تک غور سے

میری جانب دیکھتا رہا، پھر ایک دم اچانک کھڑا ہو گیا۔ ''چلو اٹھو......'' ''کہاں......'' ''آ ؤ اس آنکھوں کی کہانی کا راز جاننے کے لئے......چلو اب دیر نہ کرو۔'' میں کاشف کی عادت سے واقف تھا۔ ایک بار جو بات اس کے ذہن میں بیٹھ جاتی تھی پھر اسے نکالنا ہم میں سے کسی کے بھی بس کی بات نہیں تھی۔ کچھ ہی لمحوں بعد کاشف کی چروکی جیپ تیزی سے اسی سڑک پر رواں تھی جو اسی ویران ساحل کی پٹی کی جانب جاتی تھی، جہاں وہ درگاہ واقع تھی۔

کاشف نے جیپ بالکل سیڑھیوں کے قریب لا کر کھڑی کر دی۔ میں نے حیرت سے اس کی جانب دیکھا ''ہم یہاں کیوں آئے ہیں......؟'' ''تمہیں وہ گاڑی یہیں نظر آئی تھی نا......تو اگر ہمیں اس گاڑی کا کوئی سراغ مل سکتا ہے تو وہ یہیں سے ملے گا......چلو اوپر درگاہ میں چل کر کچھ سن گن لینے کی کوشش کرتے ہیں۔'' میرے پاس کاشف کی بات مان لینے کے سوا اور کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔ ہم دونوں تیزی سے سیڑھیاں پھلانگتے ہوئے درگاہ کے صحن تک جا پہنچے۔ باہر بیٹھے ایک مجاور نے ہمیں جوتے اتارنے کا اشارہ کیا۔ جوتے اتارتے ہوئے میں کچھ یاد کر کے چونک سا گیا۔ اس روز بھیڑ کی وجہ سے شاید اس دروازے پر بیٹھے مجاور کی مجھ پر نظر نہیں پڑ سکی تھی، لہٰذا میں جوتوں سمیت ہی درگاہ کے صحن میں داخل ہو گیا تھا۔ مجھے تو ان آداب کا کچھ پتا ہی نہیں تھا، لیکن عبداللہ کی نظر تو میرے جوتوں پر ضرور پڑی ہوگی۔ تو پھر آخر اس نے مجھے جوتے اتارنے کا کیوں نہیں کہا......؟ میں اسی سوچ میں گم کاشف کے پیچھے پیچھے درگاہ کے صحن میں داخل ہو گیا۔ کاشف نے دھیرے سے میرے کان میں کہا۔ ''میں درگاہ کے متولی سے اس گاڑی کا سراغ لگانے کی کوشش کرتا ہوں، تم یہیں ٹھہرو۔'' میں جانتا تھا کہ کاشف ایسے معاملات میں پیسے کی طاقت پر یقین رکھتا تھا۔ وہ ضرور متولی کے ہاتھ پر ہزار روپے رکھے گا اور اس سے معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ کاشف تیزی سے درگاہ کے پچھلے دروازے سے نکل کر کسی جانب غائب ہو گیا۔

میں نے گہری سانس لی اور پیپل کے پیڑوں کے نیچے رکھے پانی کے گھڑوں کی جانب بڑھ گیا۔ اچانک ہی پیڑوں کے پیچھے سے عبداللہ آتا دکھائی دیا۔ اس کے ہاتھ میں چھوٹا سا فوارہ تھا۔ شاید وہ پھولوں کو پانی دے کر واپس آ رہا تھا۔ ہم دونوں کی نظر بیک وقت ٹکرائی۔ عبداللہ نے خوش دلی سے میرا استقبال کیا۔ ''ارے آپ......؟ کیا میں یہ سمجھوں کہ منت مانگنے کا وقت اتنی جلدی آ گیا......؟'' میں ہنس دیا ''نہیں......ابھی وہ وقت نہیں آیا......دراصل کسی کی کھوج مجھے دوسری بار یہاں تک کھینچ لائی ہے۔'' عبداللہ نے غور سے میری جانب دیکھا ''میں دعا کروں گا کہ آپ کی کھوج تشنہ نہ رہے......'' ''تھینک یو......ویسے ایک بات کہوں، گر بری نہ لگے......ہم دونوں ہی تقریباً ہم عمر ہیں اور آپ جناب کے چکر میں پڑ کر ہم خواہ مخواہ ہی تکلف کے دھاگوں سے بندھے جا رہے ہیں۔ اگر ہم دونوں ایک دوسرے کو تم کہہ کر مخاطب کریں تو میں بہت ایزی محسوس کروں گا......''

عبداللہ مسکرایا۔ ''چلو ایسا ہی سہی......لفظ اور القاب تو صرف اظہار کا ایک ذریعہ ہوتے ہیں۔'' ''ایک بات بتاؤ......اس دن پہلی مرتبہ جب میں اس درگاہ تک آیا تھا تو اپنی لاعلمی کی وجہ سے جوتے اتارنا بھول گیا تھا، لیکن تم نے میرے جوتے دیکھ کر بھی مجھے اتارنے کو نہیں کہا......کیوں......؟......کیا تم نہیں سمجھتے کہ اس طرح انجانے ہی میں سہی، پر میں نے درگاہ کے فرش کی بے حرمتی کی تھی......؟'' ''فرش تو پھر سے دھل سکتا ہے، سو دھو لیا گیا تھا، لیکن مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ تمہیں تمہاری پہلی حاضری پر ہی ٹوک دوں۔'' مجھے حیرت ہوئی کہ یہ کیسا مجاور ہے جو اپنی درگاہ کے فرش سے زیادہ دلوں کے میلے ہونے کو اہم گردانتا ہے......؟ میں نے غور سے عبداللہ کی جانب دیکھا۔ ''تم اپنے طور واطوار سے کسی بھی طرح اس درگاہ کے مجاور نہیں لگتے،

کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ تم یہاں تک کیسے پہنچے......؟'' عبداللہ کے چہرے پر اس کی وہی ملیح سی مسکراہٹ پھیل گئی ''بس یوں سمجھ لو کہ مجھے بھی کسی کی کھوج یہاں تک کھینچ لائی ہے۔'' ''تو کیا تمہاری کھوج ابھی مکمل نہیں ہوئی......؟'' ''میری کھوج تو شاید کبھی مکمل نہ ہو...... میں جس رستے کا مسافر ہوں، اس کی منزل آنے سے پہلے ہی زندگی کی شام ہو جاتی ہے۔ یہ درگاہ بھی صرف میرا ایک پڑاؤ ہی تو ہے، جانے کب یہاں سے بھی کوچ کرنے کا پروانہ مل جائے......''

میں حیرت سے عبداللہ کا یہ فلسفہ سنتا رہا۔ یہ میری اس نوجوان سے دوسری ملاقات تھی اور دونوں مرتبہ میں نے محسوس کیا تھا کہ عبداللہ وہ نہیں ہے، جو وہ بظاہر نظر آتا ہے۔ اتنے میں کاشف درگاہ کے عقبی حصے سے نمودار ہوا اور اس نے وہیں سے مجھے باہر نکلنے کا اشارہ کیا۔ میں نے عبداللہ سے رخصت چاہی۔ ''یہ ہماری دوسری لیکن تشنہ ملاقات تھی۔ امید ہے تیسری ملاقات جلد ہوگی اور ہم دونوں تب ٹھیک طرح سے ایک دوجے کو جان پائیں گے۔'' عبداللہ نے مسکرا کر مجھ سے جوابی مصافحہ کیا۔ ''جب جب جو جو ہونا ہے...... تب تب سو سو ہوتا ہے۔'' میں کاشف کی وجہ سے جلدی میں تھا لہٰذا عبداللہ کی اس گہری بات پر زیادہ غور نہ کر سکا۔ کاش میرا فہم اس وقت اس قدر وسیع ہوتا اور عبداللہ کی اس پیش گوئی کو سمجھ پاتا کہ آئندہ میری زندگی میں کیسے کیسے طوفان برپا ہونے والے ہیں۔

جب میں درگاہ سے باہر نکلا تب تک کاشف جیپ میں سوار ہو چکا تھا۔ میرے بیٹھتے ہی اس نے ایک جھٹکے سے جیپ آگے بڑھا دی۔ ''کام بن گیا ہے۔ میں نے پوری معلومات حاصل کر لی ہیں۔'' میں نے بے چین ہو کر کاشف سے وضاحت چاہی۔ ''رکو مت...... بولتے رہو۔'' کاشف نے گاڑی ہائی وے پر ڈال کر ریس بڑھا دی۔ ''دراصل پچھلی مرتبہ جب ہم یہاں ریس کے لیے آئے تھے، تب وہ جمعرات کا دن تھا۔ اسی لیے اس دن یہاں تمہیں بہت زیادہ بھیڑ بھی نظر آئی۔ وہ گاڑی بھی یہاں ہر جمعرات کو آتی ہے۔ گاڑی کے مالکان کے بارے میں تو میں کچھ زیادہ نہیں جان سکا، بس اتنا پتا چلا ہے کہ کوئی جدی پشتی رئیس ہیں۔ جن دو عورتوں کو تم نے دیکھا تھا وہ ماں بیٹی ہیں۔ کبھی کبھار ان کے ساتھ لڑکی کا باپ بھی چڑھاوا چڑھانے آ جاتا ہے۔ البتہ ماں بیٹی کا گزشتہ دو برسوں سے یہ پکا معمول ہے کہ وہ ہر جمعرات کی شام یہاں آتی ہیں اور ہر ہفتے ہزاروں روپے کا چڑھاوا چڑھا کر واپس چلی جاتی ہیں۔'' ''تمہیں یہ سب کچھ کس سے پتا چلا...... میرا مطلب ہے کہ جمعرات کی شام آنے والے زائرین کی تعداد تو اچھی خاصی ہوتی ہوگی، پھر ان کے درمیان ایک خاص خاندان کو یاد رکھنے والا کون ہو سکتا ہے۔'' کاشف زور سے ہنسا۔ ''آپ کی اسی معصومیت پر قربان جانے کو جی چاہتا ہے جناب...... یار چاہے ہر جمعرات سینکڑوں لوگ درگاہ کی زیارت کو آتے ہوں، پر ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہوگا جو ہر بار ہزاروں روپے کی نذر دیتا ہو...... اور پھر ان کی گاڑی اور ان کے رکھ رکھاؤ کو تو تم نے خود نوٹس کیا ہے...... ایسے لوگ ہزاروں کی بھیڑ میں بھی ہوں تب بھی انہیں پہچانا جا سکتا ہے۔ اب اپنا زیادہ سر مت کھپاؤ...... صرف دو دن کی بات ہے...... اس جمعرات کو ہم خود یہاں درگاہ کے دروازے کے قریب ڈیرہ لگائے بیٹھے ہوں گے۔ صرف ایک بار کار کا رجسٹریشن نمبر پتا چل جائے، پھر اس خاندان کا کھوج لگانا میرے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے، جسٹ ویٹ میری جان......''

اگلے دو دن میری زندگی کے شاید سب سے زیادہ بے چین شب و روز تھے۔ پر ''وقت کسی طور گزر ہی جاتا ہے۔'' سو یہ دو دن بھی کٹ ہی

گئے اور جمعرات کی سہ پہر میں اور کاشف دونوں ہی اسی پہاڑی چٹان کی چوٹی پر بیٹھے اس کار کا انتظار کر رہے تھے، جہاں سے پہلی مرتبہ میری نظر اس گاڑی پر پڑی تھی۔ وقت بھی اس کچھوے کی طرح دھیرے دھیرے سرک رہا تھا، جو دور ساحل کے کنارے پانی میں اترنے کی کوشش میں سرگرداں تھا، لیکن ہر بار سمندر کی ایک بڑی لہر اسے اٹھا کر پھر سے دور ریتلے ساحل پر پٹخ دیتی تھی۔ میں نے بھی جتنی مرتبہ اپنی کلائی پر بندھی گھڑی دیکھی، مجھے یہی لگا کہ میری گھڑی کی سوئیوں کو بھی وقت کی ایسی ہی کوئی منہ زور لہر اٹھا کر بار بار پیچھے پٹخ دیتی ہے۔ شاید وہ میرا تیرھواں سگریٹ تھا، جب اچانک کاشف زور سے چلایا۔ ”وہ آ گئی......“ میں متوقع انتظار کے باوجود یوں زور سے چونک کر پلٹا، جیسے کوئی انہونی ہو گئی ہو۔ دور بل کھاتی سڑک پر وہی شیورلیٹ ریت اڑاتی دوڑتی چلی آ رہی تھی۔

❀......❀

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

## زہرا

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

ہمارے درگاہ کی سیڑھیوں تک پہنچنے کے وقفے میں وہ دونوں ماں بیٹی سیڑھیاں چڑھ کر اوپر جا چکی تھیں۔ کاشف نے جان بوجھ کر اپنی جیپ شیورلیٹ کار کے بالکل قریب لا کر کھڑی کر دی تھی۔ کار کا وہ باوردی شوفر آج بھی اسی طرح کار کی صفائی میں مصروف تھا۔ اس کی جیپ سے اترتے ہوئے جب مجھ پر نظر پڑی تو اس کی آنکھوں میں شناسائی کی ایک جھلک لہرائی۔ جلدی سے سلام کر کے بولا "ارے صاحب...... لگتا ہے آپ بھی ہماری بیگم صاحبہ کی طرح ہر جمعرات کو یہاں آتے ہیں۔" "نہیں...... ہماری تو یہ دوسری ہی جمعرات ہے...... دراصل میرے دوست کو اس درگاہ کی زیارت کا بہت ارمان تھا۔ سو، اس ہفتے اسے یہاں لے کر آیا ہوں۔" کاشف میرا اشارہ سمجھ گیا اور گاڑی کے گرد گھوم پھر کر ڈرائیور سے باتوں میں مشغول ہو گیا۔ ڈرائیور نے چونکہ آج ہمیں خود ایک بے حد قیمتی گاڑی سے اترتے دیکھا تھا اس لیے اس کے رویے میں مرعوبیت کی ایک واضح جھلک دکھائی دے رہی تھی۔ میں کاشف کو ڈرائیور سے معلومات لیتا چھوڑ کر سیڑھیاں چڑھتا ہوا درگاہ کے صحن میں جا پہنچا۔ آج میں جوتے اتارنا نہیں بھولا تھا۔ صحن میں پچھلی جمعرات کی طرح لوگوں کا ایک میلہ سا لگا ہوا تھا اور بے حد بھیڑ تھی۔ مجھے عبداللہ کہیں دکھائی نہ دیا۔ میں نے اس ماہ رخ کی تلاش میں ادھر ادھر نظر دوڑائی تو وہ دونوں ماں بیٹی مجھے درگاہ کی مرکزی عمارت کے برآمدے میں بنی پتھر کی جالی کے قریب بیٹھی ہوئی دکھائی دیں اور پھر میرے ساتھ وہی ہوا جو پہلی مرتبہ اس لڑکی کو دیکھنے کے بعد ہوا تھا۔ یکا یک آس پاس کی ساری بھیڑ، سب لوگوں کا ہجوم اور ان کا بھی شور یک دم موقوف سا ہو گیا۔ فضا جیسے ساکت سی ہو گئی اور مجھے یوں لگا کہ جیسے اس وسیع و عریض سنگ مرمر کے دُھلے صحن میں صرف میں اور وہ ہی موجود ہیں۔ ہم دونوں کے درمیان صرف تنہائی ہے اور کائنات کا ہر ذرہ خاموش ہے، حتیٰ کہ آس پاس چلتی ہوئی پروائی بھی گونگی سی ہو کر صرف جسموں کو چھو کر گزر رہی ہے۔ اچانک کوئی سوالی مجھ سے زور سے ٹکرایا اور ایک جھٹکے سے میرے حواس واپس آ گئے۔ میں وہیں صحن میں کھڑا تھا۔ جانے دو پل گزرے تھے، یا دو صدیاں......؟ مجھے کچھ یاد نہیں آ رہا تھا۔ لڑکی اب بھی اسی جذب کے عالم میں دوزانوں بیٹھی جالی کی طرف منہ کیے، گڑگڑاتے ہوئے کوئی دعا مانگ رہی تھی۔ میں سحر زدہ سا اسے دیکھتا رہا...... کالی چادر نے اس کا دمکتا نور اور بھی واضح کر دیا تھا اور اگر میں شاعر ہوتا تو شاید، اسی لمحے اس کے ہاتھوں کی گلابی مخروطی انگلیوں اور لرزتی پلکوں پر پورا دیوان لکھ ڈالتا۔ رفتہ رفتہ لڑکی کا جسم ہچکیوں سے باقاعدہ لرزنے لگا اور وہ زار و قطار رونے لگی۔ اس کی ماں نے گھبرا کر اسے تھاما۔ آج ان کے ساتھ شاید ان کی کوئی خادمہ بھی آئی ہوئی تھی۔ لڑکی کی ماں نے سراسیمگی کے عالم میں اسے پانی کی بوتل دینے کا کہا۔ خادمہ ہڑبڑاتی ہوئی سی اٹھ کر باہر کی جانب بھاگی، شاید وہ گاڑی سے پانی لینے کے لیے گئی تھی۔ کبھی کبھی لمحے کے کسی ہزارویں حصے میں انسان کا دماغ اسے وہ کچھ کرنے پر مجبور کر دیتا ہے جو عام حالات میں وہ کبھی سوچ بھی نہیں سکتا۔ کچھ ایسا ہی اس وقت میرے ساتھ بھی ہوا۔ میرے قدم خود ہی یک بہ یک صحن میں درختوں کے نیچے پڑے پانی کے گھڑوں کی جانب بڑھ گئے اور میں کسی سحر زدہ روح کی طرح پانی کا گلاس لیے اس

لڑکی کی ماں کے پاس جا پہنچا۔ ماں نے جلدی سے بنا دیکھے گلاس پکڑ کر بیٹی کے منہ سے لگا دیا۔ پانی پی کر اس پری کی حالت کچھ سنبھلی لیکن اس کا رنگ اب بھی سرسوں کے کسی تازہ پھول کی مانند زرد ہو رہا تھا۔ ماں نے گلاس واپس کرتے ہوئے تشکر بھری نظروں سے مجھے دیکھا ''شکریہ بیٹا......''

میں گلاس لیے چند قدم دور ہٹ کر کھڑا ہو گیا۔ ان چند لمحوں میں نہ جانے مجھے ایسا کیوں لگا کہ جیسے میرے سارے لفظ کہیں کھو گئے ہیں۔ مجھ سے کچھ بھی نہیں بولا گیا۔ اس ایک لمحے میں مجھے زبان اور لفظوں کی اہمیت اور قوت گویائی سے محروم بدنصیبوں کی بے بسی کا بہت شدت سے اندازہ ہوا۔ اتنے میں ان کی خادمہ بھی دوڑے ہوئے ہاتھ میں پانی کی بوتل لیے واپس پہنچ چکی تھی۔ ماں نے چند گھونٹ پانی بوتل سے بھی لڑکی کو پلائے، خادمہ کی مدد سے لڑکی کو کھڑا کیا اور واپسی کے لیے چل پڑیں۔ ماں نے جاتے جاتے ایک بار پھر میری جانب محبت بھری نگاہ ڈالی اور زیر لب شاید کوئی دعا بھی دی، لیکن میں یونہی بنا پلکیں جھپکائے ساکت کھڑا رہا۔ ہوش اس وقت آیا جب وہ تینوں درگاہ کا صحن پار کر کے بیرونی دروازے سے باہر نکل چکی تھیں۔ میں ایک دم حواس باختہ ہو کر یوں باہر کی جانب لپکا جیسے کوئی مجھ سے میری سب سے قیمتی چیز چھین کر لے بھاگا ہو۔ لیکن جب تک میں زائرین کی بھیڑ سے الجھتا، راستہ بناتا ہوا باہر سیڑھیوں تک پہنچا وہ لوگ اپنی گاڑی میں بیٹھ کر جا چکے تھے۔ ڈرائیور نے کاشف سے ہاتھ ملایا اور میں نے دور ہی سے گاڑی کو روانہ ہوتے دیکھ کر بے بسی سے ہاتھ ملے۔ اس وقت مجھے خود پر شدید غصہ آ رہا تھا۔ قدرت نے آج خود مجھے اتنا بہترین موقع دیا تھا، میں کم از کم اس کی ماں کی دعا کا جواب تو دے سکتا تھا، ان لوگوں کی سیڑھیوں سے اترنے میں مدد تو کر سکتا تھا، لیکن میں تو بس کسی معذور انسان کی طرح کھڑا ہی رہ گیا۔ بوجھل دل کے ساتھ سیڑھیوں سے نیچے اترا تو کاشف میری جانب لپکا ''کیوں شہزادے...... کچھ بات بنی۔'' میں نے کاشف کو اپنی بے بسی کا احوال سنایا تو اس نے سر پیٹ لیا۔ ''کیا ہو گیا ہے یار......؟ اتنا بہترین موقع ضائع کر دیا...... آخر تمہارے ساتھ مسئلہ کیا ہے......؟'' میں نے ایک گہری سانس لی۔ ''اگر مسئلہ ہی سمجھ میں آ جاتا تو پھر رونا کس بات کا تھا......؟'' کاشف نے اپنا سر جھٹکا۔ ''بہر حال میں نے ڈرائیور سے تمام ضروری معلومات حاصل کر لی ہیں۔ گاڑی کے مالک کا نام حاجی مقبول احمد ہے۔ ملک کے بہت بڑے صنعت کار ہیں۔ آباؤ اجداد یوپی سے ہجرت کر کے پاکستان آئے تھے۔ ادھیڑ عورت ان کی بیوی اور لڑکی ان کی بیٹی ہے۔ ایک معتدل اسلامی گھرانہ ہے اور حاجی صاحب خود بھی درگاہوں اور زیارتوں پر چڑھاوے چڑھانے جاتے رہتے ہیں۔ بھارت میں حاجی علی کی درگاہ کا سالانہ عرس وہ کبھی مس نہیں کرتے۔ ان کی بیٹی پڑھی لکھی ہے اور حال ہی میں اس نے یونیورسٹی سے اپنا ماسٹرز مکمل کیا ہے۔ وہ پہلے کبھی اپنے ماں باپ کے ساتھ ان زیارتوں اور درگاہوں پر نہیں جاتی تھی، لیکن بقول ڈرائیور پتا نہیں، اس کی بی بی جی کو گزشتہ دو سال سے کیا ہو گیا ہے کہ ہر جمعرات کو اس درگاہ کا پھیرا انہوں نے خود پر لازم کر لیا ہے اور ہاں......لڑکی ماں باپ کی اکلوتی اولاد ہے......''

میں نے ستائشی نظروں سے کاشف کو داد دی۔ میں جانتا تھا کہ وہ ڈرائیور سے زیادہ تر باتیں اگلوا لے گا، لیکن اس نے میری توقع سے کہیں زیادہ معلومات حاصل کر لی تھیں اور وہ بھی اتنے کم وقت میں۔ ''تمہاری اس اعلیٰ کوشش پر میں تمہیں انعام کا حق دار ٹھہراتا ہوں۔'' کاشف نے سعادت مندی سے سر جھکایا۔ ''آپ کی ذرہ نوازی ہے عالی جاہ...... لیکن غلام کی بات ابھی ختم نہیں ہوئی۔ اس مخبری کا آخری حصہ سن کر آپ یقیناً اپنی پوری سلطنت میرے حوالے کر دیں گے...... میں نے لڑکی کا نام بھی ڈرائیور کی زبان سے اگلوا لیا ہے......'' کاشف نے مجھے تنگ کرنے کے لیے

ایک لمبا وقفہ لیا۔ میں دم بخود کھڑا اس کی طرف یوں دیکھتا رہا جیسے وہ کچھ ہی دیر میں اس لڑکی کا نام نہیں، بلکہ مجھے میری زندگی، یا موت میں سے کسی ایک پروانے کی تحریر پڑھ کر سنانے والا ہو۔ شاید میری پوری زندگی میں، میری تمام سماعتوں نے مل کر بھی کبھی کسی ایک لفظ کو سننے کی اتنی شدید تمنا نہیں کی ہوگی، جتنی اس ایک لمحے میں مجھے کاشف کی زبان سے وہ نام سننے کی آرزو تھی...... ''زہرا...... زہرا نام ہے اس لڑکی کا......'' میں نے دھیرے سے زیرِ لب دہرایا ''......زہرا......'' اس ماہِ کامل کا کچھ ایسا ہی نام ہونا چاہئے تھا۔ مجھے یوں لگا جیسے میرے آس پاس دن ہی میں بہت سے چاند اکٹھے نکل آئے ہوں۔ کاشف غور سے میری بدلتی ہوئی حالت دیکھ رہا تھا۔ اس نے پلٹ کر جیپ کا دروازہ کھولا۔ ''اگر میں گزشتہ پانچ برسوں میں ان پچاسوں لڑکیوں کے نام اور پتے نہ جانتا ہوتا، جو تمہاری زندگی میں ہفتے، دس دن یا مہینے کے لیے آ کر جا چکی ہیں، تو اس وقت تمہاری حالت دیکھ کر مجھے یہ یقین کرنے میں ایک لمحہ بھی نہیں لگتا کہ تم اس لڑکی کے شدید عشق میں مبتلا ہو چکے ہو۔ لیکن تمہارے گذشتہ ریکارڈ کی وجہ سے تمہیں فی الحال اس الزام سے بری قرار دیتا ہوں۔'' میں نے جواب میں خاموش رہنا ہی بہتر سمجھا۔ جب تک ہم ساحل سے واپس شہر پہنچے تب تک شام ڈھل چکی تھی اور شہر کی روشنیاں جگمگانے لگی تھیں۔

لیکن اس دن کے بعد میرے اندر کی تمام روشنی جیسے دھیرے دھیرے گھٹنے لگی۔ رات تک مجھے تیز بخار نے آ گھیرا۔ مما اور پاپا دونوں ہی کسی کانفرنس کے سلسلے میں جنیوا گئے ہوئے تھے۔ ان کی واپسی اگلی شام تک متوقع تھی، لیکن میں ان کی آمد سے پہلے ہی نڈھال ہو چکا تھا۔ مما تو میرے ماتھے پر ہاتھ رکھتے ہی بالکل بوکھلا سی گئیں۔ چند لمحوں ہی میں ہمارے فیملی ڈاکٹر، ڈاکٹر یزدانی اپنے تمام ''لوازمات'' سمیت میری خواب گاہ میں موجود تھے۔ میں نے پاپا سے احتجاج کیا ''دیکھیں نا پاپا...... یزدانی انکل پھر سے اپنی پوری لیبارٹری اٹھا لائے ہیں۔'' ڈاکٹر یزدانی زور سے ہنسے۔ پاپا نے مسکرا کر کہا۔ ''کیا کریں یار...... ان کے تیس سالہ کیریئر میں صرف ہم نے انہیں اپنا فیملی ڈاکٹر ہونے کا شرف بخشا ہے۔ اب ان کے تجربے تو بھگتنا ہی پڑیں گے۔ میری ساری ہمدردیاں تمہارے ساتھ ہیں بیٹا......'' مما نے ہم دونوں کو غصے سے گھورا اور پاپا کو ٹوکا ''توصیف آپ بھی نا...... بچے کے ساتھ بچہ بن جاتے ہیں۔ اسے شدید بخار ہے۔ یہ بات مذاق میں ٹالنے والی نہیں ہے...... ڈاکٹر یزدانی آپ پراپر چیک اپ کریں ساحر کا......'' مما کا موڈ دیکھ کر پاپا نے مجھے منہ پر انگلی رکھ کر چپ رہنے کا اشارہ کیا۔ مجھے ان کی یہی بات سب سے زیادہ پسند تھی۔ انتہائی غیر معمولی دباؤ میں بھی ان کا رویہ انتہائی نارمل رہتا تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ وہ ایک والد سے کہیں زیادہ میرے بہت اچھے دوست تھے۔ ڈاکٹر یزدانی نے بہت تفصیل سے میرے بخار کی تمام علامات نوٹ کیں اور چند ٹیسٹ کروانے کی تاکید کی۔ لیکن ان تمام ٹیسٹوں کا نتیجہ ان کے لیے مزید حیران کن تھا کیونکہ میرا ہر تجزیہ معمول کے مطابق تھا تو پھر یہ شدید بخار میرا پیچھا کیوں نہیں چھوڑ رہا تھا۔ مما پاپا کے پیچھے پڑ گئیں کہ مجھے فوراً باہر کے کسی بڑے ہسپتال میں مزید ٹیسٹ کروانے کے لیے بھجوا دیا جائے۔ وہ تو خود بھی میرے ساتھ جانے کے لیے تیار بیٹھی تھیں۔ میں نے بڑی مشکل سے ڈاکٹر یزدانی کو اس بات کے لیے تیار کیا کہ وہ مما کو سمجھائیں کہ اب ہمارے ملک ہی میں ہر بیماری کا علاج موجود ہے، اور پھر یہ تو صرف ایک معمولی بخار تھا۔ لیکن میں مما کی طبیعت سے بھی اچھی طرح واقف تھا۔ اگر مزید کچھ دن میرا بخار نہ اترتا تو پھر انہیں روکنا کسی کے بس کی بات نہیں تھی۔

میرے بخار کو پانچواں روز تھا کہ اچانک ہی عینی ساری چنڈال چوکڑی کے ساتھ نازل ہو گئی۔ میرا گھر ''چڑیا گھر'' میں تبدیل ہو گیا۔

انہوں نے آتے ہی سب کچھ تلپٹ کر دیا۔ میرا کمرا کچھ ہی دیر میں کسی میدان جنگ کا نقشہ پیش کرنے لگا تھا۔ مما نے میرے سارے دوستوں کو لنچ کر کے جانے کا کہا۔ کاشف نے ڈھٹائی سے جواب دیا کہ ''آنٹی لنچ کا وقت تو ہو ہی گیا ہے، آپ ڈنر کی تیاری بھی کر لیں کیونکہ اب ہم اس مریض کا مرض دور کیئے بنا یہاں سے نہیں ٹلنے والے......'' مما ہنستی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئیں۔ ہیلتھ منسٹر کا پٹھو بیٹا جواد بولا ''لیکن تمہیں ہوا کیا ہے۔ ریس والے دن تو تم بھلے چنگے تھے......؟'' کاشف نے معنی خیز نظروں سے میری جانب دیکھا ''اسے روگ لگ گیا ہے...... کوئی چہرہ بھا گیا ہے اسے۔'' عینی زور سے چونکی۔ میں نے آنکھ کے اشارے سے کاشف کو منع کرنے کی کوشش کی لیکن تب تک تیر کمان سے نکل چکا تھا۔ عینی نے غور سے میری جانب دیکھا۔ ''کیا مطلب...... میں کچھ سمجھی نہیں...... اور ہاں...... کاشف بتا رہا تھا کہ تم دونوں اس جمعرات کو بھی درگاہ گئے تھے...... کہیں یہ روگ وہیں کا پالا ہوا تو نہیں ہے......؟'' میں نے کھا جانے والی نظروں سے کاشف کو گھورا۔ کسی کے پول کا ڈھول پیٹنا تو کوئی اس سے سیکھے۔ کاشف نے گھبرا کر کندھے اچکائے لیکن اب کیا ہو سکتا تھا۔ میں نے بات کا رخ موڑنے کی کوشش کی۔ ''تم بھی کس ایڈیٹ کی باتوں پر یقین کر بیٹھی ہو۔ ہم درگاہ گئے ضرور تھے لیکن ایک شان دار کار کے مالک کی کھوج میں......'' لیکن عینی بھی بلا کی ذہین تھی۔ اسے مطمئن کرنا اتنا آسان نہیں تھا۔ اس کے چہرے پر ایک رنگ آ کر گزر گیا اور وہ دھیرے سے بولی۔ ''خدا کرے کہ کھوج صرف ایک شان دار کار تک ہی محدود رہے۔'' بات آئی گئی تو ہو گئی لیکن پھر سارا دن عینی کا موڈ آف رہا۔ وہ لوگ شام تک میرے گھر میں دھما چوکڑی مچاتے رہے۔ جاتے ہوئے مما نے ان سب سے وعدہ لیا کہ وہ لوگ اب آتے رہا کریں۔ ''عینی سب سے آخر میں گاڑی میں سوار ہوئی اور مجھے دیکھ کر ہاتھ ہلاتی ہوئی باقی سب کے ساتھ رخصت ہو گئی۔ مما میرے قریب ہی کھڑی تھیں۔ انہوں نے مسکراتے ہوئے معنی خیز نظروں سے میری جانب دیکھا ''نائس گرل ساحر...... ہے نا'' مجھے ان کے انداز پر ہنسی آ گئی۔

''آپ جیسا سوچ رہی ہیں ایسا کچھ نہیں ہے......'' ''اگر ویسا ہو بھی جائے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا مائی چائلڈ...... بس تم خوش رہا کرو......''

مما بھی مسکراتی ہوئی وہاں سے پلٹ گئیں۔ لیکن ہم انسانوں کا شاید سب سے بڑا مسئلہ ہی یہی تھا کہ ہم کبھی بھی خوشی کا کوئی مستقل فارمولا ہی تلاش نہیں کر پائے تھے۔ دو انسانوں میں سے کوئی ایک بات جو پہلے کے لیے خوشی کا سامان کر سکتی ہے، وہی بات دوسرے کے لیے انتہائی معمول کی خبر ثابت ہوتی ہے۔ شاید خوشی کا تعلق ہمارے اندر کی ضروریات سے ہوتا ہے۔ کوئی سڑک پر گرا ایک روپے کا سکہ پا کر بھی خوشی سے نہال ہو جاتا ہے اور کسی کو بزنس میں کروڑوں کا فائدہ بھی مہمیز نہیں دے پاتا۔ ان دنوں میرے لیے بھی خوشی کے معنی یکسر بدل گئے تھے۔ گاڑیوں کی دوڑ اور ہیوی بائیکس کی ریس، جو چند دن پہلے تک میرا جنون تھا، اب اس شغل میں بھی میرا دل نہیں اٹک رہا تھا...... جیسے جیسے جمعرات کا دن قریب آتا جا رہا تھا، میرے اندر پھر سے ایک عجیب سی بے چینی پھیلتی جا رہی تھی اور پھر جمعرات کا دن بھی آ گیا۔ مما صبح پاپا کے ساتھ ہی نکل چکی تھیں لہٰذا مجھے روکنے والا گھر میں کوئی بھی نہ تھا۔ میں نے معمول کی طرح اپنی گاڑی نکالی اور سہ پہر ہونے سے بھی کافی قبل ساحلی درگاہ کے دروزاے پر کھڑا تھا۔ آج اندر بہت زیادہ چہل پہل تھی۔ ایسے لگتا تھا جیسے کوئی خاص ہستی وہاں آئی ہوئی ہو۔ زہرا کی گاڑی عصر کے قریب وہاں آتی تھی اور ابھی تو ظہر کی اذانیں بھی ٹھیک طرح سے شروع نہیں ہوئی تھیں۔ میں نے عبداللہ کی تلاش میں یہاں وہاں نظر دوڑائی اور پھر وہ مجھے صحن کے وسط میں کسی شخص کے گرد ہجوم میں ایک جانب کھڑا نظر آ گیا۔ اس نے مجھے دور سے دیکھتے ہی ہاتھ کے اشارے سے قریب بلایا۔ میرا جسم بخار سے پھنک رہا تھا اور اس وقت مجھے کسی

سائے کی تلاش تھی لیکن صحن کے وسط میں تو سورج عین ہم سب کے سروں کے اوپر آگ برسا رہا تھا۔ لیکن میں عبداللہ کے بلاوے پر انکار نہ کر سکا اور اس کی جانب قدم بڑھا دیئے۔

قریب جانے پر میں نے ایک باریش بزرگ کو لوگوں کے درمیان بیٹھے پایا۔ اس بوڑھے شخص کے چہرے پر ایک عجیب سا جلال تھا، جو انسان کو اس کی جانب دوسری نظر ڈالنے سے روکتا تھا۔ آس پاس بھی لوگ نہایت مؤدب بیٹھے ہوئے تھے۔ بزرگ کے ہاتھ میں تسبیح تھی، جسے وہ آنکھیں بند کیے پڑھے جا رہے تھا۔ مجھے اس سناٹے سے کچھ عجیب سی وحشت محسوس ہونے لگی تھی۔ چند لمحے یونہی گزر گئے۔ میں نے الجھن آمیز انداز میں عبداللہ کی جانب دیکھا۔ عبداللہ نے آنکھیں میچ کر مجھے خاموشی سے بیٹھے رہنے کا اشارہ کیا۔ اچانک اس بزرگ نے اپنی آنکھیں کھولیں اور براہ راست میری آنکھوں میں دیکھتے ہوئے زور سے گرج کر بولا "آ گیا تو...... اتنی دیر کہاں لگا دی......؟"

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

# سب ٹھاٹھ پڑارہ جاوے گا

میں نے گھبرا کر اپنے پیچھے دیکھا، لیکن وہ بزرگ مجھ سے ہی مخاطب تھے۔ میں نے کچھ نہ سمجھتے ہوئے عبداللہ کی جانب دیکھا۔ عبداللہ نے دھیرے سے بزرگ کے کان میں کچھ کہا۔ اس نے زور سے اپنے لمبے بال جھٹکے اور مجھ پر ایک نگاہ غلط ڈالی۔ ''جانتا ہوں میں...... اس ساحر کو بھی اور اس کے سحر کو بھی۔ اس سے پوچھو کہ یہ یہاں کس پر اپنا سحر پھونکنے آیا ہے...... یہاں اس کی دال نہیں گلے گی......'' پھر یکایک نہ جانے اس بوڑھے کو کیا ہوا۔ ''سب ٹھاٹھ پڑارہ جاوے گا...... جب لاد چلے گا بنجارا......'' پھر وہ بزرگ ایک دم ہی یوں مراقبے میں چلا گیا جیسے اسے ہم سب سے کوئی غرض ہی نہ رہی ہو۔ عبداللہ نے اشارے سے بھیڑ کو چھٹ جانے کا اشارہ کیا۔ سب لوگ خاموشی سے وہاں سے اٹھ کر دور ہٹ گئے۔ عبداللہ بھی میرا ہاتھ تھامے ہوئے درختوں کے سائے کی طرف چلا آیا، جہاں زمین پر ایک چٹائی بچھی ہوئی تھی۔ دفعتہً عبداللہ کو احساس ہوا کہ میرا ہاتھ تپ رہا ہے۔ اس نے جلدی سے گھڑے سے پانی کا ایک گلاس نکال کر مجھے پیش کیا۔ پانی پیتے ہی مجھے یوں لگا جیسے میری روح تک میں اس کی تاثیر اترتی چلی گئی ہو۔ میرا دل چاہا کہ میں عبداللہ سے پانی کا ایک اور گلاس مانگ لوں، لیکن جانے کیوں میں ایسا نہ کر سکا۔ عبداللہ نے تشویش سے میری جانب دیکھا۔ ''یہ حالت کب سے ہے تمہاری......؟'' ''پچھلی جمعرات سے...... جب میں درگاہ سے واپس گھر پہنچا تھا، تب سے اسی طرح اس بخار میں پھنک رہا ہوں......'' میری بات سن کر عبداللہ نہ جانے کس سوچ میں پڑ گیا۔ میں نے اسے ٹوکا ''اچھا میری بات چھوڑو...... یہ بتاؤ یہ بڑے میاں کون ہیں...... اور اتنے جلال میں کیوں ہیں......؟'' عبداللہ میری بات سن کر چونکا اور جب اسے میرا اشارہ سمجھ میں آیا تو ایک گہری مسکراہٹ اس کے چہرے سے چھلک پڑی۔ ''اوہ...... وہ...... بھئی وہ بڑے میاں تو ہمارے بھی بڑے ہیں...... ہم انہیں حاکم بابا کے نام سے پکارتے ہیں۔'' ''کیا مطلب...... کیا یہی صاحب تمہارے باس ہیں؟'' باس کا لفظ سن کر عبداللہ نے بڑی مشکل سے اپنی ہنسی روکی۔ ''ہاں میاں...... باس بھی کہہ سکتے ہو...... مجھے اور مجھ جیسے اور بہت سوں کو حاکم بابا کے ذریعے ہی احکامات ملتے ہیں۔ کس نے کہاں جانا ہے، کہاں رکنا ہے؟ کس علاقے میں کس کارندے کی ضرورت ہے، کس طرح کے لوگوں میں تعلیم کس طرح بانٹنی ہے...... یہ سارے معاملات حاکم بابا ہی طے کرتے ہیں۔'' میں حیرت سے عبداللہ کی بات سنتا رہا۔ ''کارندے......؟ کیا مطلب......؟ کیا تمہاری طرح اور بھی خدمت گار ہیں اس درگاہ کے اندر......؟ مطلب تم لوگوں کا پورا ایک نیٹ ورک ہے۔ لیکن تم نے ابھی تعلیم کی بات کی تھی...... تم لوگ کیسی تعلیم دیتے ہو لوگوں کو...... اور کیا حاکم بابا کے اوپر بھی کوئی اور عہدے دار موجود ہے......؟'' ''تعلیم سے مراد کوئی اسکول کی پڑھائی نہیں ہے...... بس لوگوں کی خدمت کرنا ہوتی ہے...... جیسے میں اس درگاہ میں آنے والے زائرین کی مدد کرتا ہوں...... انہیں کسی چیز کی ضرورت ہو، یا کسی قسم کی معلومات درکار ہوں تو وہ میں انہیں فراہم کرتا ہوں...... جب کہ حاکم بابا سے اوپر کے تمام انتظامات سلطان بابا سنبھالتے ہیں۔ البتہ ہمارا ان سے رابطہ کبھی کبھار ہی ہوتا ہے۔ دراصل سلطان بابا، حاکم بابا اور ان جیسے دوسروں کے بھی 'باس' ہیں...... ہم تو

ان کے ماتحتوں کے بھی ماتحت ہیں......''

میری حیرت لحہ بہ لحہ بڑھتی ہی جا رہی تھی۔ مطلب یہ کہ حاکم بابا جیسے بھی دیگر کئی حکام موجود تھے۔ پھر تو سلطان بابا واقعی کوئی ہستی ہوں گے، کیونکہ میری تو آدھی جان حاکم بابا کا جلال دیکھ کر ہی نکل گئی تھی۔ جانے سلطان بابا کے رعب اور جلال کا کیا عالم ہوگا؟ گویا ان لوگوں کی پوری ایک انتظامیہ تھی، جیسے اسسٹنٹ کمشنر کے اوپر ڈپٹی کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کے اوپر کمشنر تعینات ہوتا ہے۔ اسی طرح عبداللہ کے اوپر کی چین آف کمانڈ بھی پوری طرح متحرک تھی۔ لیکن اس نفسا نفسی کے دور میں جب بھائی اپنے بھائی کا گلا کاٹنے پر تلا ہوا ہے، ایسے بے غرض اور بے لوث لوگ بھی موجود ہیں جو صرف دوسروں کی تکلیف اور درد کو دور کرنے کے لیے اپنا چین اور آرام تیاگ دیتے ہوں گے......؟؟ مجھے اس بات پر اب بھی پوری طرح یقین نہیں آیا تھا......اور پھر ان لوگوں کے اپنے اخراجات بھی تو ہوتے ہوں گے۔ یہ سارا خرچہ کون اٹھاتا ہوگا؟ کیا سلطان بابا سے اوپر بھی کوئی عہدے دار موجود ہوگا؟ جیسے کمشنر کے اوپر صوبے کا چیف سیکرٹری ہوتا ہے۔ میرے ذہن میں ایسے نہ جانے کتنے سوالات کلبلا رہے تھے۔ لیکن ایک دم ہی گھنیرا سایہ سا چھا گیا۔ یوں لگا جیسے گرم تپتی دوپہر میں ٹھنڈے پانی سے بھری کوئی بدلی سورج کے عین سامنے آ کر رک گئی ہو۔ وہ ماہ جبیں اپنے کومل قدم درگاہ کے صحن میں دھر چکی تھی اور حسب معمول اس کی ماں اور خادمہ بھی ساتھ ہی آئے تھے۔ جانے موسم کی تمام شدت اور دھوپ کی ساری حدت ایک ہی پل میں کہاں غائب ہوگئی۔ مجھے یوں لگا کہ دور سمندر کی طرف سے چلنے والی پروائی نے ساری درگاہ کے گرد اپنا گھیرا باندھ دیا ہو۔ کسی ایک شخصیت کی موجودگی ہمارے ارد گرد کے موسم پر اس قدر شدت اور تیزی سے کیسے اثر انداز ہوسکتی ہے؟...... مجھے آج تک اس سوال کا جواب نہیں مل سکا۔ کیا باہر کے بھی موسم جھوٹے ہوتے ہیں اور ان کا تعلق صرف ہمارے اندر کے موسم ہی سے ہوتا ہے۔ وہ پری رخ اب دھیرے دھیرے چلتی ہوئی، جیسے پانیوں پر قدم رکھتی ہوئی حاکم بابا کے بالکل سامنے جا بیٹھی تھی۔ حاکم بابا نے اس کے سلام کے جواب میں دعا دی اور اس کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ مطلب یہ کہ وہ پہلے بھی حاکم بابا سے مل چکی تھی۔ حاکم بابا نے زہرا کی ماں سے کچھ پوچھا اور قریب کھڑے خادم کے ہاتھ سے پانی کا گلاس لے کر اس پر کچھ پڑھا اور پھونک کر زہرا کو پینے کے لیے دے دیا۔ میں اس ماہ وش کو دیکھنے میں اس قدر محو تھا کہ مجھے عبداللہ کے اٹھ کر چلے جانے کا احساس تک نہ ہوا۔ لیکن میں نے آج یہ تہیہ کیا ہوا تھا کہ کسی نہ کسی بہانے زہرا سے ہم کلام ہونے کی کوشش ضرور کروں گا۔ اس سے یہ پوچھنے کی جسارت ضرور کروں گا کہ آخر وہ کون سی منت ہے جو اسے یہاں اس ویرانے میں اتنی دور تک کھینچ لائی ہے؟ وہ تو خود کسی منت کی طرح ہے، جس کی قبولیت کے لیے ایک عالم تا عمر سجدے میں پڑا رہ جائے...... روپ کی ایسی دولت، دنیا میں کچھ کم ہی خوش نصیبوں کو حاصل ہوتی ہے۔ وہ تو خود ایک دعا تھی...... پھر وہ اپنا وقت دعاؤں میں کیوں ضائع کر رہی تھی۔

میں جانے کتنی دیر اس کی طرف دیکھتے ہوئے گم صم سا بیٹھا رہا۔ ہوش اس وقت آیا جب وہ تینوں واپسی کے لیے اٹھ کھڑی ہوئیں۔ میں جلدی سے پانی کا بھرا گلاس لے کر درگاہ کے داخلی دروازے کے قریب بھیڑ سے ذرا ہٹ کر کھڑا ہو گیا اور جب وہ تینوں میرے قریب سے گزرنے لگیں تو میں نے جلدی سے پانی کا گلاس زہرا کے سامنے کر دیا۔ وہ ٹھٹھک کر رک گئی۔ اس کے پیچھے آتی اس کی ماں اور خادمہ کو بھی رکنا پڑا۔ میرے ہاتھ میں پانی کا گلاس تھا لیکن خود میرے حلق میں شدید پیاس کے مارے کانٹوں کا ایک جنگل سا اگ آیا تھا۔ زہرا نے سوالیہ نظروں سے میری جانب

دیکھا۔ مجھ سے کچھ نہیں بولا گیا۔ پھر شاید اس کی ماں نے مجھے پہچان لیا کہ میں وہی ہوں جس نے پچھلی مرتبہ بھی زہرا کے لیے پانی پیش کیا تھا۔ وہ ہلکے سے مسکرادیں اور زہرا کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بولیں۔ ''لے لو بیٹا...... پانی کا انکار نہیں کرتے......''

زہرا نے چپ چاپ میرے ہاتھوں سے گلاس لے کر اپنے نازک لبوں سے لگالیا اور چند گھونٹ پی کر واپس میری جانب بڑھا دیا۔ میں اسے اس محویت سے دیکھ رہا تھا کہ مجھے احساس ہی نہیں ہوا کہ وہ ہاتھ میں گلاس لیے کھڑی ہے۔ مجبوراً اسے ہلکا سا کھنکارنا پڑا اور میں چونک سا گیا۔ میں نے جلدی سے شرمندگی کے عالم میں گلاس واپس لے لیا اور نادم لہجے میں کہا، ''معاف کیجئے گا...... میرا دھیان کسی اور جانب تھا۔'' اس نے میری بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور چادر درست کرتے ہوئے آگے بڑھ گئی۔ زہرا کی ماں نے گزرتے وقت میرے سر پر ہاتھ رکھا اور دعا دی۔ ''جیتے رہو بیٹا...... کسی اچھے گھرانے کے لگتے ہو...... خدا تمہاری آرزو پورے کرے۔'' پتا نہیں اچانک ہی میرے منہ سے کیسے نکل گیا۔ ''کیا یہاں آ کر مانگنے سے خدا ہر آرزو پوری کر دیتا ہے......؟'' خاتون نے لمبی سی سانس لی اور دھیرے سے کہا۔ ''ہاں بیٹا...... جس کا نصیب ہو اسے ملتے زیادہ دیر نہیں لگتی...... پر ہماری آزمائش شاید کچھ طویل ہے...... سدا خوش رہو......'' وہ مجھے دعا دے کر آگے بڑھ گئیں۔ میں نے مناسب فاصلہ رکھ کر، پیچھے دیکھا تو زہرا پہلے ہی سیڑھیاں اتر کر گاڑی میں بیٹھ چکی تھی اور اب اس کی ماں اور خادمہ دھیرے دھیرے سیڑھیاں اتر کر جا رہی تھیں۔ آج پہلی بار میں نے زہرا اور اس کی ماں کے لباس پر غور کیا۔ وہ دونوں ہی یو پی کے مخصوص اور روایتی لباس میں ملبوس تھیں۔ زہرا نے جدید وضع کا کرتا پاجامہ، جب کہ ماں نے بھاری کام دار سفید شرارہ پہنا ہوا تھا۔ ان کے لہجے میں کھنک اور الفاظ کا چناؤ بھی خالص اردو تہذیب یافتہ گھرانوں والا تھا۔ لیکن اس گل رخ کے مرمریں لب تو میرے کوشش کے باوجود بھی کھل نہ سکے۔ کاش وہ ایک ''شکریے'' کا لفظ ہی کہہ جاتی۔ آخر ایسا بھی کیا غرور کیا گھمنڈ تھا اسے...... لیکن پھر بعد میں، میں نے خود ہی اپنے خیال کی نفی کر دی۔ ''نہیں...... شکریہ جیسے تکلفات میں تو وہ لوگ پڑتے ہیں، جن کا تعلق اس دنیا سے ہوتا ہے اور اس ماہ رو کی تو حالت صاف چغلی کھا رہی تھی کہ وہ کسی اور پرستان کی شہزادی ہے۔ اسے اپنا ہوش ہی کہاں تھا کہ وہ ایسے ظاہری آداب کا خیال رکھ پاتی۔ زہرا کی گاڑی اسٹارٹ ہونے کی آواز کے ساتھ ہی میرے دل میں ایک عجیب سی خواہش ابھری اور میں ہاتھ میں پکڑا گلاس ساتھ کھڑے زائر کے ہاتھ میں پکڑا کر نیچے کی جانب لپکا۔ پھر ایک ساتھ تین تین سیڑھیاں پھلانگتا ہوا گاڑی تک پہنچا اور گاڑی کو دور ریت اڑاتی، شہر کی طرف جاتی، زہرا کی گاڑی کے پیچھے ڈال دیا۔

جانے یہ زہرا کا گھر دیکھنے کی خواہش تھی، یا پھر ایک مرتبہ اس کا روپ اپنی آنکھوں میں بھر لینے کی...... لیکن میں لگاتار ان کی گاڑی کا پیچھا کرتا رہا، حتیٰ کہ شہر کا وہ بیش قیمت مضافاتی حصہ شروع ہو گیا جہاں پرانی وضع، لیکن انتہائی متمول طبقے کی حویلیاں موجود تھیں۔ یہ تمام حویلیاں کئی ایکڑ پر پھیلی ہوئی تھیں اور زنانے، مردانے اور پائیں باغ کا جو تصور اب ہمارے بڑے گھروں میں تقریباً مفقود ہی ہو چکا تھا، وہاں اب بھی پوری آب و تاب کے ساتھ موجود تھا۔ زہرا کی گاڑی بھی ایک ایسی ہی عظیم الشان حویلی کے پھاٹک سے اندر داخل ہو گئی۔ میں نے اپنی گاڑی پھاٹک کے قریب لا کر روک دی۔ اندر ایک طویل سی رنگین پتھروں کی روش سے ہوتی ہوئی زہرا کی گاڑی پورچ تک پہنچ چکی تھی۔ ڈرائیور نے جلدی سے پیچھے کے دونوں دروازے کھولے اور زہرا اسی شان سے گاڑی سے اتری جو اس کی شخصیت کا خاصہ تھی۔ میں کافی دیر اسی سحر میں حویلی کے باہر اپنی گاڑی میں

بیٹھا رہا اور پھر شام ڈھلے وہاں سے لوٹ آیا۔

گھر میں مما اور پپا پریشانی کے عالم میں لان ہی میں ٹہلتے ہوئے دکھائی دیئے۔ میری گاڑی کی آواز سنتے ہی مما تیزی سے میری جانب لپکیں۔ ''ساحر...... کہاں چلے گئے تھے تم...... کتنا پریشان تھے میں اور تمہارے پپا...... کیوں ستاتے ہو ہمیں اتنا......؟'' مما روہانسی سی ہو گئیں، لیکن میں انہیں منانا خوب جانتا تھا۔ ایک عجیب بات اس دوران یہ ہوئی تھی کہ میرا بخار نہ جانے دن کے کسی پہر میں بالکل ہی غائب ہو گیا تھا۔ میں نے مما کا ہاتھ اپنے ماتھے پر رکھ کر انہیں یقین دلایا کہ اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ خدا خدا کر کے مما کی ناراضی ختم ہوئی اور ہم تینوں نے بہت عرصے بعد اکٹھے بیٹھ کر ڈنر کیا۔ مما کی تسلی تو ہو گئی تھی لیکن پاپا کی نگاہوں میں اب بھی بہت سے سوال مچل رہے تھے۔ آخر ڈنر کے بعد جب ہم سب لان میں بیٹھے تھے تو پاپا نے مما سے خاص ان کے ہاتھ کی بنی ہوئی کافی کی فرمائش کی اور وہ اٹھ کر کافی بنانے چلی گئیں تو پاپا کو موقع مل گیا۔ انہوں نے مما کے اندر جاتے ہی جلدی سے کہا۔ ''ہاں بھائی جوان...... کوئی سگریٹ وغیرہ ہے تو نکالو...... ابھی تمہاری مما واپس آ جائیں گی تو ان کے سامنے دھواں اگلنا مشکل ہو جائے گا......'' میرا اور پپا کا ایک ہی برانڈ تھا۔ میں نے انہیں جیب سے سگریٹ نکال کر پیش کی۔ ایسے موقعوں پر ہم باپ بیٹا نہیں، بلکہ صرف بہت اچھے دوستوں کی طرح برتاؤ کرتے تھے۔ لیکن آج میرا سگریٹ پینے کو جی نہیں چاہ رہا تھا۔ پاپا نے سگریٹ سلگا کر ہونٹوں سے لگائی اور میری جانب غور سے دیکھا۔ ''تم نہیں پیو گے آج......'' ''نہیں...... پاپا جی نہیں چاہ رہا......'' ''میں کچھ دنوں سے دیکھ رہا ہوں کہ تم ہر چیز سے کچھ اکتائے اکتائے سے رہنے لگے ہو...... کوئی خاص وجہ......؟ اور پھر یہ بخار......؟...... مجھ سے شیئر نہیں کرو گے......؟'' میں نے ایک لمبی سی سانس لی اور مما کے آنے سے پہلے مختصراً زہرا اور اس درگاہ کے بارے میں ہر بات بتا دی۔ مما کافی لے کر آئیں تو ہماری گفتگو میں کچھ دیر کا وقفہ آیا۔ کافی پینے کے بعد مما کی یو ایس اے سے ایک ضروری فون کال آ گئی اور مجھے اور پاپا کو پھر سے کھل کر بات کرنے کا موقع مل گیا۔ ''کہیں تمہیں اس لڑکی سے محبت تو نہیں ہو گئی......''

''محبت...... نو وے پاپا...... اس نے آج تک کبھی مجھے نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ ہمارے درمیان کبھی گفتگو تو کیا ایک آدھ نظر تبادلہ بھی نہیں ہوا...... پھر مجھے اس سے محبت کیسے ہو سکتی ہے؟'' ''محبت کا تعلق لفظوں اور گفتگو سے بھلا کب ہوتا ہے؟ میں تو اسے نظر سے نظر کا رشتہ سمجھتا ہوں...... ہاں البتہ تمہارے کیس میں نظر کے اس ٹکراؤ کی بھی کمی ہے...... بہر حال ایک بات یاد رکھنا...... محبت میں مبتلا ہونے کے لیے کسی خاص اور لگے بندھے اصول کی کبھی ضرورت نہیں ہوتی...... یہ کسی بھی لمحے بہتی ہوا کی طرح آپ کے خون کے خلیوں میں شامل ہو کر نسوں میں بہنا شروع کر سکتی ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس لمحے تم اس جذبے کو پوری طرح سمجھنے سے قاصر رہے ہو، لیکن جب کبھی تمہیں محسوس ہوا کہ یہ محبت ہی ہے تو ہمیں اطلاع کر دینا، ہم اگلے ہی دن تمہارا رشتہ لے کر اس لڑکی کے در پر سوالی بنے کھڑے ہوں گے...... جسٹ ٹیک یور ٹائم۔'' پاپا میرا گال تھپتھپا کر وہاں سے اٹھ گئے۔ لیکن مجھے ایک نئے عذاب میں ڈال گئے۔ وقت ہی تو نہیں تھا میرے پاس۔ نہ جانے کیوں ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا جیسے وقت میرے ہاتھ سے ریت کی طرح پھسل رہا ہو، جیسے کوئی انہونی ہونے والی ہو۔

مجھ سے یونیورسٹی اور سب دوست تقریباً چھوٹ ہی چکے تھے۔ یہ انہی کی ہمت تھی کہ کسی نہ کسی طرح مجھے کہیں سے ڈھونڈ لیتے تھے۔ ورنہ میرے صبح و شام کہاں بسر ہو رہے تھے، اس کی خبر خود مجھے بھی نہیں تھی۔ جب کبھی ہوش آتا تو خود کو زہرا کے گھر کے باہر، یا پھر درگاہ کے صحن میں بیٹھا ہوا

پاتا تھا۔ ایک ایسی ہی گرم دوپہر، جب میں درگاہ کے صحن میں پہلا قدم ہی رکھ پایا تھا کہ حاکم بابا کی کڑکتی ہوئی آواز نے میرے قدم وہیں جما دیئے۔ ''جا...... نکل جا یہاں سے...... اپنے نفس کے پیچھے بھاگنے والوں کے لیے اس آستانے پر کوئی جگہ نہیں ہے۔'' میں نے گھبرا کر نظریں اٹھائیں تو حاکم بابا کو عین اپنے سامنے کھڑے پایا۔ وہ پھر زور سے چلائے ''آخر کب تک لڑے گا...... میں کہتا ہوں ہتھیار ڈال دے......'' اتنے میں ان کے پیچھے سے ایک ملائم سی آواز ابھری۔ ''حاکم ...... بچے کو تنگ نہ کر...... اسے اندر آنے دے...... حاکم بابا سامنے سے ہٹے تو ان کے پیچھے ایک عجیب نورانی چہرے والے سرخ سپید رنگت والے بزرگ کھڑے نظر آئے۔ ''آؤ بچے...... اندر آ جاؤ...... میرا نام سلطان ہے...... یہ سب مجھے سلطان بابا کے نام سے پکارتے ہیں۔

جانے سلطان بابا کی آنکھوں میں ایسی کیا بات تھی۔ ان سے نظر ملتے ہی مجھے زور کا چکر آیا اور دوسرے ہی لمحے میں ہوش کی وادیوں سے دور چکرا کر زمین پر گر چکا تھا۔ آخری آواز جو میرے کانوں میں ابھری وہ کسی زائر کی تھی۔ ''ارے کوئی اسے پکڑو...... لڑکا بے ہوش ہو گیا۔''

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com

# محبت سی ہوگئی ہے

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

جب مجھے ہوش آیا تو میں شہر کے مہنگے ترین ہسپتال کے بستر پر تھا۔ پاپا، مما اور میرے سب ہی دوست پریشان سے میرے سرہانے کھڑے تھے۔ کاشف نے بتایا کہ انہیں ہسپتال ہی سے کسی نے فون کر کے یہاں بلایا تھا اور ان کے مطابق مجھے درگاہ سے عبداللہ نامی کوئی لڑکا میری ہی گاڑی میں ڈال کر کسی ڈرائیور کے ہمراہ یہاں تک چھوڑ گیا تھا۔ اس نے مما، پاپا کے آنے تک وہیں انتظار کیا اور پھر گاڑی کی چابی ان کے حوالے کر کے چل دیا۔ تب تک ڈاکٹرز میرے تمام ٹیسٹ وغیرہ کروا چکے تھے اور انہوں نے عبداللہ کی موجودگی ہی میں بتایا تھا کہ ''میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں ہوسکتا ہے دھوپ کی زیادتی کی وجہ سے چکرآ گیا ہو۔'' پاپا نے ہی میرے دوستوں کو اطلاع کروائی تھی۔ وہ سب ہی مجھ سے کوئی نہ کوئی بات کر رہے تھے، سوائے عینی کے...... وہ بالکل ہی خاموش اور چپ چاپ سی ایک جانب کھڑی تھی۔ کچھ ہی دیر میں نرس نے انہیں میرے آرام کی خاطر جانے کو کہا تو وہ سب ایک ایک کر کے مجھ سے رخصت ہوگئے۔ سب سے آخر میں عینی میرے بستر کے قریب آئی اور ہاتھ ملاتے ہوئے دھیرے سے بولی ''میں خدا سے دعا کروں گی کہ وہ تمہاری درگاہ کی منت پوری کر دے۔'' میں نے چونک کر اس کی جانب دیکھا۔ اس کی بھرائی ہوئی آنکھیں چھلکنے کو تیار ہی تھیں۔ اس نے اپنی بات جاری رکھی۔ ''مجھے کاشف نے سب کچھ بتا دیا ہے ساحر...... مجھے اپنی ہار سے زیادہ اس لڑکی کی جیت پر خوشی ہے۔ چلو کوئی تو ہے اس دنیا میں ایسا جو پہلی ہی نظر میں تمہارے دل میں اترنے کا ہنر جانتا ہے...... میری مانو تو اب دیر نہ کرنا...... کبھی کبھی محبت میں اک ذرا سی دیر بھی صدیوں کی مسافت بڑھانے کا سبب بن جاتی ہے...... چلتی ہوں...... اپنا بہت خیال رکھنا۔'' عینی پلٹ کر چل دی۔ میں اسے پیچھے سے آوازیں ہی دیتا رہ گیا۔ مما جو اس وسیع وعریض کمرے کی دوسری جانب ڈاکٹر سے میرے متعلق کسی بحث میں مشغول تھیں، انہوں نے غور سے عینی کو یوں پلٹ کر جاتے اور مجھے اسے روکنے کے لیے آوازیں دیتے ہوئے دیکھا اتنے میں کاشف نے اندر جھانکا تو میں نے غصے سے اسے قریب آنے کا اشارہ کیا۔ اس نے قریب آتے ہی اپنے کان پکڑ لیے اور اس سے پہلے کہ میں اسے کچھ کہتا، وہ خود تیزی سے فرفر اپنی صفائی پیش کرنے لگا۔ ''میں جانتا ہوں، تمہیں بہت برا لگا ہوگا، لیکن یقین کرو یار میرے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا۔ تمہاری حالت کی وجہ سے اسے پہلے دن ہی سے تم پر شک ہوگیا تھا اور پھر جس طرح سے تم یک دم غائب ہوگئے میرے پاس اس کے سوالوں کا کوئی جواب نہیں رہ گیا تھا۔'' ''لیکن تم نے اس سے یہ کیوں کہا کہ مجھے زہرا سے محبت ہوگئی ہے......''

مما نے دور سے کاشف کو آواز دی تو وہ وہاں سے ٹل گیا۔ میں کسی گہری سوچ میں ڈوبنے لگا۔ کاشف ٹھیک ہی تو کہہ رہا تھا، یہ ساری علامات اسی ایک جان لیوا بیماری کی طرف ہی تو اشارہ کرتی تھیں، جسے عرف عام میں ''محبت'' کہا جاتا ہے اور بقول کاشف اگر محبت نہیں تو کم از کم ''محبت سی'' ضرور ہوگئی تھی۔

اور جب رات کو ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد میں گھر پہنچا تو یہی بحث مما اور پاپا میں چھڑ چکی تھی۔ پاپا میرے بے ہوش ہونے کا دباؤ برداشت نہیں کر سکے تھے اور انہوں نے گھبرا کر مما کو سب کچھ بتا دیا تھا اور اب مما بضد تھیں کہ اگر یہ ساری کیفیات، اس ایک لڑکی ہی کی وجہ سے تھیں تو پھر مزید انتظار کرنا سراسر حماقت ہے۔ میں نے کچھ کہنے کی کوشش کی تو دونوں نے جھڑک کر خاموش کروا دیا اور طے یہ پایا کہ کل ہی مما اور پاپا جا کر حاجی مقبول سے میرے لیے زہرا کا ہاتھ مانگ لیں گے۔ شاید میرے والدین دنیا کے سب سے الگ، سب سے منفرد اور سب سے زیادہ پیار کرنے والے والدین تھے۔ حاجی مقبول صاحب کا تو معاشرے میں بڑا نام تھا۔ جانے ملک کے کتنے فلاحی ادارے ان کے تعاون سے چل رہے تھے۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ زہرا اگر کسی جھونپڑی میں بھی رہ رہی ہوتی تو تب بھی مما اور پاپا اسے جھٹ اسی طرح اپنی بہو بنانے پر تیار ہو جاتے، صرف میری خوشی کے لئے۔ اس لمحے مجھے اپنے لڑتے جھگڑتے والدین پر بے حد پیار آیا۔ انہوں نے ساری زندگی مجھے ہاتھ کا چھالا بنا کر پالا تھا اور پھر میرے دل اور دماغ کی جنگ کو بھی یک سر قرار سا آ گیا۔ ''زہرا میری ہو جائے گی۔'' یہ سوچ کر ہی میرے روئیں روئیں میں سکون اور اطمینان کی ایک عجیب سی لہر دوڑنے لگی تھی۔ تو گویا یہ محبت ہی تھی اور مجھے اس دیوی کے چرنوں میں اپنے سارے ہتھیار ڈالنا ہی پڑے تھے، خواہ مخواہ میں نے اتنے دن تک خود کو اس دردناک عذاب سے دوچار رکھا۔ میں ساری رات زہرا کے خیالوں میں کھویا رہا۔ پتا ہی نہیں چلا کہ کب صبح ہوئی اور کب نوکر نے آ کر مجھے بیڈ ٹی دی۔

تیار ہو کر نیچے آیا تو مما نے بتایا کہ نہ صرف پاپا نے حاجی مقبول صاحب کو فون کر کے ان کے گھر آنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے، بلکہ ہم لوگ آج سہ پہر کی چائے پر حاجی صاحب کے گھر مدعو ہیں۔ میرے اندر ایک دم ہی جیسے ستار کے بہت سے تار جھنجھنا اٹھے۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ جب تک مجھے اس جذبے کا ادراک نہیں تھا، تب تک میں اس کی کسک اور تڑپ سے بھی انجان تھا اور اب، جب میں اس کا مسرور نشہ محسوس کر چکا تھا تو میرے لیے ایک ایک لمحہ کاٹنا بھی دشوار ہو رہا تھا۔ دل چاہ رہا تھا کہ مما پاپا فوراً ہی مقبول صاحب کے گھر چلے جائیں اور آج ہی واپسی پر کسی طرح زہرا کو اپنے ساتھ لے کر ہی واپس آئیں۔ خدا خدا کر کے دن کا دوسرا پہر ڈھلا اور پاپا نے ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کو کہا۔ میں بھی جلدی سے سیڑھیاں پھلانگتا ہوا نیچے اترا لیکن پتا نہیں کیوں، میرا دل اچانک ہی بہت زور سے دھڑکنے لگا تھا۔ مما نے میرے گال تھپتھپائے اور گاڑی میں پاپا کے ساتھ پچھلی سیٹ پر جا کر بیٹھ گئیں۔ پاپا نے میری جانب دیکھ کر ہاتھ ہلایا تو میرے منہ سے خود بخود نکل گیا۔ ''بیسٹ آف لک پاپا......!''

گاڑی زن سے نکل گئی اور میں وہیں لان میں اپنے بے قابو دل کی دھڑکنیں سنبھالنے کے لیے بیٹھ گیا۔ میری حالت اس وقت پھانسی کے اس قیدی کی طرح تھی جسے یہ پتا ہو کہ چند گھنٹوں بعد اسے تختہ دار پر لٹکا دیا جائے گا۔ مجھے سادہ پانی کا گھونٹ بھی حلق سے اتارنا مشکل ہو گیا۔ فوراً ہی ابکائی سی آ گئی۔ وقت اپنی جگہ جیسے جامد سا ہو کر رہ گیا تھا۔ جانے کتنی صدیوں بعد شام ڈھلی اور مغرب کے وقت تک تو مجھے یوں لگنے لگا تھا جیسے آج میرا یہ جنون مجھے رسوا کر کے ہی چھوڑے گا۔ اچانک ہی گیٹ کے باہر پاپا کی گاڑی کا ہارن سنائی دیا اور چوکیدار نے جلدی سے آگے بڑھ کر گیٹ کھول دیا۔ میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ گاڑی اندر پورچ میں آ کر رک گئی اور مما اور پاپا نے قدم باہر رکھے، میں تقریباً دوڑتا ہوا، ان دونوں کے پاس جا پہنچا۔ ''کہاں رہ گئے تھے آپ دونوں......؟ آخر اتنی دیر کہاں لگا دی......؟'' میں نے ان کے اترتے ہی سوالات کی بوچھاڑ کر دی۔ مما نہ جانے کیوں

مجھ سے نظریں ملانے سے گریزاں تھیں۔ میں پاپا کی جانب لپکا ''آپ ہی کچھ بتائیے نا پاپا..... کوئی مسئلہ تو نہیں ہوا نا..... سب ٹھیک تو ہے نا.....؟''

پاپا نے ایک گہری سی سانس لی اور میرے دونوں ہاتھ مضبوطی سے تھام لئے۔ ''ساحر بیٹا..... اس لڑکی نے تمہارا رشتہ قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے..... آئی ایم سوری..... ہم دونوں مل کر بھی انہیں قائل نہیں کر سکے.....'' مجھے لگا، جیسے کچھ لمحوں کے لیے میری تمام سماعتیں مردہ ہوگئی ہوں، شاید میں پاپا کی بات ٹھیک سے سن ہی نہیں پایا تھا۔ بے یقینی سے انہیں پھر سے زور سے جھنجھوڑا، انہوں نے مجھے زور سے بھینچ کر گلے لگا لیا۔ ایسا وہ بچپن میں بھی تب کیا کرتے تھے جب مجھے سائیکل سے گر کر، یا کھیلتے ہوئے کوئی زوردار چوٹ لگ جاتی تھی۔ چند لمحے تو مجھے کچھ سمجھ ہی نہیں آیا۔ پھر رفتہ رفتہ جب ان کی بات کا مفہوم واضح ہونے لگا تو چوٹ کا درد بھی دھیرے دھیرے رگوں کو کاٹنے لگا۔ میرا جی چاہ رہا تھا کہ اتنی زور سے چیخوں کہ اندر کا سارا شور ایک ہی جھٹکے میں باہر آ جائے۔ مما وہاں رک نہیں پائیں اور آنکھیں پونچھتی ہوئی تیزی سے اندر چلی گئیں۔

لیکن کیوں.....؟ زہرا نے انکار کیوں کر دیا تھا۔ میرا چند لمحوں کا ساتھ پانے کے لیے نہ جانے کتنی نازنینوں کا دل مچلتا تھا، لیکن وہ جسے میں نے عمر بھر کا ساتھ دینے کی پیش کش کی تھی، اس نے ایک ہی لمحے میں میرا سارا غرور، سارا بھرم چکنا چور کر دیا..... کیوں..... کیا وہ مجھے بھی انہی ہزاروں عام لوگوں کی فہرست میں رکھتی تھی جو اس کی ایک جھلک کے طلب گار ہوں گے.....؟ ..... مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ ٹھکرائے جانے کے اذیت ناک درد کا احساس ہوا..... اس سے پہلے تو میں نے صرف جیتنا اور فتح کرنا سیکھا تھا اور میری فتوحات کی تعداد اتنی زیادہ تھی کہ اب تو مجھے نام اور چہرے بھی یاد نہیں رہے تھے۔ آج سے پہلے شاید یہ بات کسی نے میرے لیے ہی کہی تھی کہ ''وہ آیا، اس نے دیکھا اور فتح کر لیا۔'' لیکن آج کوئی مجھے دیکھتا تو صرف اتنا کہتا ''وہ آیا، اس نے دیکھا..... اور ہار گیا۔'' کون سوچ سکتا تھا کہ بین الاقوامی تاجر، ملک کے مشہور انڈسٹریلسٹ، فیڈرل چیمبر آف کامرس کے صدر، توصیف احمد کے بیٹے کا رشتہ ٹھکرایا بھی جا سکتا ہے۔ میرے ذہن میں آندھیوں کے جھکڑ سے چل رہے تھے۔

پاپا نے میرا ہاتھ تھاما اور مجھے لیے لان میں بچھی کرسیوں کی طرف آ گئے اور دھیرے دھیرے سارا ماجرا گوش گزار کر دیا کہ حاجی مقبول اور ان کے تمام گھر والے بہت وضع دار لوگ ہیں۔ مما اور پاپا کا استقبال ویسا ہی کیا گیا جیسا کہ ان کے شایان شان ہو سکتا تھا لیکن لڑکی کی ماں پہلے ہی سے کچھ بجھی بجھی سی تھی۔ شاید وہ مما، پاپا کے آنے سے پہلے ہی ان کی آمد کا مقصد جان چکی تھی، لہٰذا جب پاپا نے زہرا کو اپنی بہو بنانے کی خواہش کا اظہار کیا تو ان کو زیادہ حیرت نہیں ہوئی۔ حاجی مقبول نے پاپا سے کہا کہ ''وہ اپنی اکلوتی بیٹی سے بے حد محبت کرتے ہیں، لہٰذا وہ اس کی مرضی کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔'' البتہ انہوں نے مما اور پاپا کا اس بات پر بے حد شکریہ ادا کیا کہ اتنے بڑے خاندان نے ان کی بیٹی کو اتنی عزت دی۔ پاپا نے پھر اس بات پر اصرار کیا کہ اگر حاجی صاحب چاہیں تو اسی وقت اپنی بیٹی کی مرضی معلوم کروا سکتے ہیں۔ مما میری تصویر لے کر گئی تھیں، انہوں نے وہ تصویر حاجی مقبول صاحب کی بیگم کے حوالے کی اور دم سادھے نتیجے کے انتظار میں بیٹھ گئیں۔ لیکن شاید زہرا کی ماں کو نتیجے کا پہلے ہی سے علم تھا، تب ہی وہ کچھ ہی لمحوں میں واپس آ گئیں۔ تب مجھے خیال آیا کہ ضروری تو نہیں کہ یہ رشتہ پہلا ہو، جو اس غزالہ کی چوکھٹ تک گیا تھا۔ مجھ سے پہلے بھی شاید یہ عمل دہرایا جا چکا ہو۔ بلکہ ایک بار نہیں، کئی بار یہ عذاب زہرا کے ماں باپ پر وارد ہو چکا ہو، تب ہی انہیں بیٹی کے انکار کا اس قدر کامل یقین تھا۔ زہرا کے انکار کے بعد مما اور پاپا کا وہاں بیٹھے رہنے کا کوئی مقصد نہیں تھا، لیکن پھر بھی مما نے ایک آخری کوشش کے طور پر زہرا سے ملنے کی خواہش کا اظہار

کیا۔ زہرا کی ماں نے مما کو ساتھ لیا اور اس کے کمرے تک جا پہنچیں اور پھر مما کو دروازے تک چھوڑ کر، خود وہیں سے واپس پلٹ گئیں، شاید مما کو زہرا سے کھل کر بات کرنے کا موقع دینے کے لئے۔ مما نے زہرا کو دیکھا تو بقول ان کے وہ اسے دیکھتی ہی رہ گئیں۔ اس کا حسن ہی ایسا دل موہ لینے والا تھا، لیکن وہ دل ربا اس وقت بھی غم و یاس کی مکمل تصویر بنی بیٹھی تھی۔ اس نے مما کے کچھ بولنے سے پہلے ہی ہاتھ جوڑ کر ان سے معافی مانگ لی کہ اگر اس کے انکار سے مما کا دل دکھا ہے تو وہ تہہ دل سے ان سے معذرت چاہتی ہے، لیکن اس مدعا کو مزید نہ ہی چھیڑا جائے تو بہتر ہوگا، کیونکہ اس کا فیصلہ اٹل ہے۔ اس نے مما کے ہاتھ تھام کر ان سے یہ بھی کہا کہ جو لڑکی بھی ان کی بہو بنے گی، وہ دنیا کی سب سے زیادہ خوش قسمت لڑکی ہوگی۔ لیکن وہ خود کو اس اعزاز کے قابل نہیں سمجھتی، لہٰذا اسے اس کی بدنصیبی کا مزید احساس نہ دلا کر مما اس پر احسان کریں گی۔ ظاہر ہے اس بات کے بعد مما مزید کیا کہہ سکتی تھیں۔ وہ زہرا کے سر پر ہاتھ پھیر کر اور شگون کے طور پر سونے کے جو جڑاؤ کنگن ساتھ لے کر گئی تھیں، وہ زہرا کے سرہانے چھوڑ کر چلی آئیں۔

پاپا نے مجھ سے وعدہ لیا میں ایسا کوئی کام نہیں کروں گا، جس سے ہمارے، یا زہرا کے خاندان کے نام پر کوئی حرف آئے۔ میں پاپا کو کوئی جھوٹی تسلی نہیں دینا چاہتا تھا، اس لیے چپ چاپ اٹھ کر کمرے میں آ کر بستر پر لیٹ گیا۔ اب یہ قصہ اتنی آسانی سے ختم ہونے والا نہیں تھا۔ مجھے اسے جیتنا تھا، یا پھر اپنی ہار کی وجہ معلوم کرنی تھی۔ البتہ میں نے پاپا کی بات کا اتنا مان ضرور رکھا کہ میں نے براہ راست زہرا کے گھر جانے سے احتراز کیا۔ ورنہ میرا دل تو یہی چاہ رہا تھا کہ میں بنا کہیں رکے، اس کے گھر کا دروازہ کھولوں اور سیدھے جا کر اس کے سامنے کھڑا ہو جاؤں۔ جمعرات آنے میں ابھی دو دن باقی تھے اور یہ دو دن میں نے کس طرح کاٹے، یہ میں ہی جانتا ہوں۔

تیسرے دن میں نے گاڑی نکالی اور مما کی آوازوں کی پرواہ کیے بنا تیزی سے گاڑی دوڑاتا ہوا ساحل کی جانب نکل پڑا۔ عبداللہ مجھے درگاہ کی سیڑھیوں پر ہی مل گیا۔ شاید وہ قریبی بستی سے اپنی ضرورت کی کچھ چیزیں لینے کے لیے درگاہ سے باہر نکلا تھا۔ مجھے دیکھ کر اس کے چہرے پر خوشی کے تاثرات پھیل گئے۔ تب مجھے احساس ہوا کہ اس دن بے ہوش ہونے کے بعد میں نے بے مروتی کی انتہا ہی تو کر دی تھی۔ مجھے کم از کم عبداللہ کا شکریہ ادا کرنے کے لیے تو ایک بار یہاں آنا چاہیے تھا، لیکن عبداللہ نے اپنے رویے سے ذرہ بھر بھی احساس نہیں ہونے دیا کہ ہم اتنے دن بعد مل رہے ہیں۔ میں نے عبداللہ سے کہا کہ مجھے کسی کا انتظار ہے۔ وہ اوپر درگاہ میں میرا انتظار کرے، میں وہیں آ کر اس سے تفصیلی ملاقات کروں گا۔ عبداللہ سر ہلا کر اوپر چلا گیا اور میں نے وہیں پتھریلی سیڑھیوں کے پہلے پائیدان پر ڈیرہ جما لیا۔ لوگ سیڑھیاں اترتے، چڑھتے رہے اور میں ان کے قدموں سے الجھتا رہا، لیکن آج میں نے وہاں سے نہ اٹھنے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ جانے مجھے یونہی لوگوں کی ٹھوکروں میں بیٹھے کتنی دیر گزری تھی کہ اچانک ہی دور سے مجھے زہرا کی گاڑی ریت اڑاتی درگاہ کی جانب آتی دکھائی دی۔ مجھے یوں لگا کہ ایک ہی لمحے میں میرے جسم کا سارا خون میری کن پٹیوں کی جانب دوڑنے لگا ہو۔ میں ہیجانی کیفیت میں کھڑا ہو گیا۔ گاڑی قریب آ کر رک چکی تھی اور اس میں سے حسب معمول وہی پرانی خادمہ، زہرا کی ماں اور خود زہرا اتر رہی تھیں۔ سب سے آگے زہرا کی ماں، پھر زہرا اور پھر سب سے پیچھے زہرا کی خادمہ دھیرے دھیرے چلتے ہوئے درگاہ کی سیڑھیوں کی طرف بڑھ رہے تھے۔ بھیڑ کی وجہ سے ان میں سے کسی کی نظر اب تک مجھ پر نہیں پڑی تھی۔ جیسے ہی زہرا کی والدہ نے مجھے کراس کیا، میں ایک دم زہرا کے بالکل اور عین سامنے آ کر کسی چٹان کی طرح جم گیا۔ زہرا جو اپنی ہی دھن میں سر جھکائے آگے بڑھ رہی تھی، ایک دم ٹھٹھک کر

رک گئی اور غصے میں کچھ کہنے ہی لگی تھی کہ میرے چہرے پر نظر پڑتے ہی اس کے لفظ اس کے سینے میں ہی گھٹ کر رہ گئے۔

میں سرسراتی ہوئی آواز میں بولا۔

"مجھے آپ سے کچھ پوچھنا ہے......"

......

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# نظر کی التجا

اس وقت شاید خود زہرا کے وہم و گمان میں بھی نہیں ہوگا کہ میں یوں ایک دم اچانک اور سر راہ اس کا راستہ روک لوں گا۔ چند لمحے تو وہ کچھ بول ہی نہیں پائی۔ اس کے ماتھے پر غصے اور جھنجھلاہٹ کے مارے چند شکنیں ابھریں اور پسینے کی چند شبنمی بوندیں پھسل کر ستارہ پلکوں کو بھگو گئیں۔ زہرا کی والدہ چونکہ پہلے سیڑھیاں چڑھ چکی تھیں، لہٰذا انہیں اپنے پیچھے ہوئی اس واردات کی فی الحال خبر نہ تھی۔ ویسے بھی وہاں اس وقت زائرین کا اس قدر ہجوم تھا کہ کوئی زائر یہ بھی محسوس نہیں کر پایا کہ میں دن دہاڑے کسی عفت مآب کا راستہ روکے کھڑا ہوں۔ زہرا نے دوبارہ نگاہیں اوپر نہیں اٹھائیں اور اسی طرح جھکے سر کے ساتھ لیکن لہجے میں شدید سختی لیے مجھے کہا۔ ''راستہ چھوڑیں میرا...... آپ ایک اچھے گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں آپ کو یہ سب زیب نہیں دیتا......'' میں اپنی جگہ پر جما رہا۔ ''جب تک آپ میرے سوال کا جواب نہیں دیں گی تب تک میں یہاں سے کہیں نہیں جاؤں گا۔'' اس کی خادمہ سراسیمہ سی پیچھے کھڑی سارا ماجرا دیکھ رہی تھی۔ اس کے ذہن میں یہ خیال بھی ضرور کھلبلی مچا رہا ہوگا کہ اس کی بڑی مالکن اوپر درگاہ میں صحن میں کھڑی پریشان ہو رہی ہوں گی کہ یہ دونوں پیچھے کہاں رہ گئیں؟ زہرا زچ ہو کر بولی۔ ''آخر ایسی کون سی ضروری بات ہے جس کے لیے آپ یوں......'' میں نے درمیان ہی میں اس کی بات کاٹ دی ''آپ نے رشتے سے انکار کیوں کیا......؟ آخر مجھ میں ایسی کون سی کمی ہے، جو آپ کو کھٹکتی ہے......؟'' ''یہ میرا ذاتی معاملہ ہے آپ میں کوئی کمی نہیں ہے...... لیکن مجھے اس بات کا پورا حق حاصل ہے کہ میں اپنی زندگی کا فیصلہ خود کروں۔'' اس کی بات نامکمل رہ گئی اور اتنے میں بھیڑ کا ایک تیز ریلا آیا اور مجھے اپنی جگہ سے دھکیل گیا۔ زہرا کو آگے بڑھنے کا موقع مل گیا۔ خادمہ بھی اس کے پیچھے لپکی۔ میں نے پیچھے سے چلا کر کہا۔ ''ٹھیک ہے، بات اگر زندگی کے فیصلے اور اس پر قائم رہنے کی ضد کی ہے تو پھر میں بھی آپ کو ہر جمعرات اسی درگاہ کی چوکھٹ پر پڑا ملوں گا دیکھتے ہیں آپ کی خاموشی پہلے ٹوٹتی ہے، یا پھر میری سانسوں کی ڈور......'' زہرا بنا پیچھے دیکھے اور بنا جواب دیئے تیزی سے درگاہ کی سیڑھیاں چڑھ گئی۔ اس وقت میرا دل چاہ رہا تھا کہ میں اس ساری دنیا کو آگ لگا دوں۔ میں اس دن کو رو رہا تھا جب پہلی بار میرے قدم اس درگاہ کی جانب اٹھے تھے۔ نہ میں یہاں آتا، نہ میری زہرا پر نگاہ پڑتی اور نہ ہی آج میری یہ حالت ہوتی۔ میں تو بھکاریوں سے بھی بدتر ہو گیا تھا۔ انہیں تو پھر بھی مانگنے پر کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا تھا، پر مجھے تو ڈھنگ سے مانگنا بھی نہیں آتا تھا۔ اسی جھنجھلاہٹ میں اور خود کو کوستا ہوا میں جانے کب درگاہ کے احاطے میں پہنچ گیا۔

زہرا اپنی ماں کے ساتھ حسب معمول دعاؤں میں مشغول تھی۔ ایک لمحے کے لیے میرا دل پھر سے ڈوبا لیکن میں دور گھڑوں کے پاس سائے میں بیٹھے عبداللہ کی جانب بڑھ گیا۔ عبداللہ کے سامنے بہت سی چھوٹی سیپیوں اور موتیوں کا ایک ڈھیر پڑا ہوا تھا، جن میں سے ایک ایک دانہ اٹھا کر وہ تسبیح بن رہا تھا۔ اس نے خوش دلی سے میرا استقبال کیا۔ ''آؤ ساحر میاں آؤ...... دیکھو میں نے تمہارے لئے یہ تسبیح بنی ہے......'' عبداللہ نے ایک

چھوٹی سی مگر بے حد خوبصورت تسبیح اٹھا کر مجھے دی۔ میں اپنے اندر کی تلخی کو اپنی زبان پر آنے سے نہ روک سکا۔ ''لیکن میں اس کا کیا کروں گا......؟ میں نے تو آج تک کبھی تسبیح پڑھی ہی نہیں......'' ''ارے تو کیا ہوا...... آج نہیں تو کل...... کل نہیں تو پرسوں...... کبھی نہ کبھی تو دل چاہے گا نا......؟...... تب تسبیح تمہارے کام آئے گی۔'' ''شاید اس کی نوبت کبھی نہ آئے......اور پھر اگر کبھی میرا دل تسبیح پڑھنے کو چاہا بھی تو میں یوں دانوں پر گن گن کر نہیں پڑھوں گا، خدا کی یاد میں یہ مول تول کیسا......؟ اس کی شان میں تسبیح پڑھنی ہو تو پھر یہ گنتی کیسی......؟'' عبداللہ نے چونک کر سر اٹھایا اور پھر کچھ دیر مجھے عجیب سی نظروں سے دیکھتا رہا۔ ''بہت بڑی بات کہہ دی تم نے...... ہاں...... معاملہ جب اس کی یاد کا ہو تو پھر یہ گنتی کیسی...... لیکن مجھ جیسے عام بندے تو اس کی یاد میں بھی اس گنتی کا ڈھکوسلا شامل کر ہی دیتے ہیں......اور پھر یہ تسبیحاں بنانا تو ویسے بھی میری مجبوری ہے کیوں کہ میرے روزگار کا فقط یہی ایک ذریعہ ہے۔'' ''کیا مطلب؟ کیا تم تسبیح کی یہ مالائیں فروخت بھی کرتے ہو......؟'' عبداللہ میری حیرت دیکھ کر مسکرایا۔ ''جی ساحر میاں...... آخر اپنا اور اپنے بیوی بچوں کا پیٹ بھی تو پالنا ہوتا ہے۔'' مجھے حیرت کا ایک اور جھٹکا لگا۔ ''تمہاری بیوی اور بچہ...... کیا تم شادی شدہ ہو......؟'' ''کیوں...... اس میں حیرت کی کیا بات ہے...... کیا میں شادی شدہ نہیں ہو سکتا......'' میں گڑبڑا سا گیا...... ''نہیں میرا یہ مطلب نہیں تھا...... دراصل ایسی درگاہوں اور ان میں بسنے والوں کو دیکھ کر ہمیشہ ساری دنیا تیاگ دینے والی کسی مخلوق کا خیال آتا ہے، شاید اسی لیے مجھے حیرت ہو رہی ہے......'' ''جانے مجھ جیسے ہر مجاور، یا درگاہ کے متولی کو دیکھتے ہی لوگ اپنے آپ یہ کیسے باور کر لیتے ہیں کہ ہم ساری دنیا تیاگ کر یہاں آ بیٹھے ہوں گے جب کہ ہمارے مذہب میں واضح طور پر رہبانیت سے منع کیا گیا ہے۔ میں نے تمہیں پہلے بھی بتایا تھا کہ یہ درگاہ میرے سفر کا بس ایک پڑاؤ ہی تو ہے۔'' ''اور تمہارے بیوی بچے......؟ وہ کہاں رہتے ہیں...... شادی کب ہوئی تمہاری......'' ''تین سال ہو گئے ہیں میری شادی کو...... ایک بیٹا ہے میرا...... احمد نام ہے اس کا...... پچھلے ہفتے ہی ماشاءاللہ پورے دو سال کا ہوا ہے...... میری بیوی اور بچہ یہاں سے تقریباً ایک سو بیس کلومیٹر دور چھوٹے سے گاؤں میں رہتے ہیں۔ میں ہر پندرھواڑے پر ان سے ملنے جاتا ہوں...... حاکم بابا مجھ پر خاص مہربان ہیں اس لیے عید، شب برات اور دیگر چھٹیاں بھی انہیں کے ساتھ اپنے گھر میں مناتا ہوں۔'' عبداللہ بولتا جا رہا تھا اور میں حیرت میں ڈوبا سن رہا تھا۔ یہ شخص ہر کروٹ پر میرے لیے اپنے اندر سے تحیر اور تجسس کی ایک پوٹلی لیے برآمد ہوتا تھا۔

میں عبداللہ کی باتوں میں اس قدر کھویا ہوا تھا کہ مجھے زہرا اور اس کی ماں کے اٹھنے کا پتا ہی نہیں چلا...... میں اس وقت چونکا جب اس عشوہ طراز کے نازک قدم میرے سامنے سے گزرے، میں نے چونک کر جلدی سے نظر اٹھائی اور پل بھر ہی میں یہ کیا غضب ہو گیا، اس راج ہنسنی کی ترچھی نظر بے خیالی میں میری جانب اٹھی اور لمحے کے ہزارویں حصے میں میری روح کے خرمن کو جلا کر خاکستر کر گئی۔ اس نے عبداللہ کی جانب نظر بدل کر عبداللہ کو دھیرے سے سلام کیا اور آگے بڑھ گئی اور میرے دل کو جو چند لمحوں کا قرار میسر آیا تھا، وہ سب چین، قرار اپنے ساتھ ہی لوٹ کر لے گئی۔ میرا جی چاہا کہ آگے بڑھ کر اس کا راستہ روک لوں اور تب تک نہ جانے دوں، جب تک وہ تھک کر ہتھیار نہ ڈال دے لیکن میں اپنی جگہ سے حرکت بھی نہیں کر سکا اور وہ درگاہ کے احاطے سے نکل گئی۔ عبداللہ غور سے میرے چہرے پر آتی جاتی اس دھوپ چھاؤں کو دیکھ رہا تھا۔ اس نے آہستہ سے کھنکار کر میرے خیالات کا تسلسل توڑ دیا۔ ''میں نے ایک بات محسوس کی ہے کہ تم جب بھی اس لڑکی کو دیکھتے ہو، کسی اور ہی دنیا میں پہنچ جاتے ہو۔ اس دن

اسے پانی پلاتے وقت بھی تمہاری حالت کچھ ایسی ہی تھی۔''میں نے چونک کر عبداللہ کی جانب دیکھا، گویا سارے زمانے کو میری حالت کی خبر تھی، صرف میں ہی خود اپنے آپ سے بے خبر تھا۔''سچی بات تو یہ ہے کہ میں صرف اس لڑکی کی ایک جھلک پانے کے لیے ہی آج تک اس درگاہ کے چکر کاٹ رہا ہوں لیکن آج بھی میں اس سے اتنا ہی دور ہوں، جتنا پہلے دن تھا۔''عبداللہ ہلکے سے مسکرایا۔''محبت کرتے ہو اس لڑکی سے......؟''میں نے گہری سی سانس لے کر آنکھیں بند کر لیں۔''جانے کیا ہے......محبت، یا کچھ اور......اس سے بھی سوا ہے......کبھی کبھی لگتا ہے کہ صرف اور صرف درد اور بے چینی کا رشتہ ہے......میں نے اپنی پوری زندگی میں اتنی اذیت آج تک کبھی محسوس نہیں کی......جانے یہ کیسی محبت ہے......؟ اور اگر یہی وہ جذبہ ہے جس کے اظہار کے لیے شاعروں نے دیوان کے دیوان لکھ مارے ہیں تو ایسے تمام دیوان، تمام کتب خانوں کو آگ لگا دینی چاہئے جو اس جذبے کی خوب صورتی اور حمایت بیان کرتے ہیں۔''عبداللہ میری بات سن کر ہنس دیا۔''ارے......ابھی سے گھبرا گئے......شاید تم نے غالب کو زیادہ نہیں پڑھا...... چچا غالب نے تو پہلے خبردار کر دیا تھا کہ۔

یہ عشق نہیں آساں، بس اتنا سمجھ لیجے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

ویسے کچھ جگہوں پر تیر کر جانا بھی درج ہے......''

میں نے غور سے عبداللہ کو دیکھا''تم نے آج تک کبھی کھل کر نہیں بتایا کہ تم کتنا پڑھے ہو......میرا مطلب ہے کوئی ڈگری وغیرہ......؟''

''کیا کوئی سند ہی انسان کی شخصیت کی پہچان ہوتی ہے......؟ بہر حال تم نے تیسری مرتبہ یہ سوال پوچھا ہے تو بتائے دیتا ہوں......میں نے اردو ادب میں ماسٹرز کیا ہے۔''یہ ایک اور جھٹکا تھا جو اس دن میں نے سہا۔ ویسے عبداللہ کے معاملے میں تو اب تک مجھے ان سرپرائزز کا عادی ہو جانا چاہئے تھا لیکن میں پھر بھی چونکنے سے باز نہیں آتا تھا۔

اس جمعرات کے بعد میرا یہ معمول ہو گیا تھا کہ ہر جمعرات خصوصی طور پر زہرا کو دیکھنے اور اس کی راہ میں بیٹھ کر اپنا سوال پھر سے دہرانے کے لیے درگاہ کے دروازے پر اس وقت تک کھڑا رہتا جب تک وہ وہاں سے اندر داخل نہ ہوتی......البتہ اب میں نے اس کا راستہ روکنے، یا اس سے کوئی بات کرنے کی کوشش کا عمل ترک کر دیا تھا۔ زہرا کی ماں کو بھی اب اس حقیقت کا ادراک ہو چکا تھا کہ میں خاص زہرا کے لیے ہی ہر جمعرات درگاہ کی سنگی سیڑھیوں پر ڈیرہ جماتا ہوں اور خاموشی سے اس وقت تک وہاں بیٹھا رہتا ہوں جب تک وہ نیلم پری درگاہ سے واپس لوٹ نہیں جاتی۔ پہلی مرتبہ تو زہرا کی والدہ مجھے وہاں اس اجڑی حالت میں بیٹھا دیکھ کر بالکل گھبرا سی گئیں، میری شیو بڑھ چکی تھی اور جینز اور شرٹ بھی بالکل ملگجی ہو رہی تھیں۔ ان کی آنکھیں بھر آئیں۔ منہ سے کوئی لفظ نہیں نکل سکا اور بہت دیر تک گم صم کھڑی رہی۔ میں ان سے نظر نہیں ملا پایا اور وہ میرے سر پر ہاتھ رکھ کر سیڑھیاں چڑھ گئیں۔ لیکن اگر میں زہرا کی ماں سے نظر نہیں ملا پایا تھا تو دوسری جانب زہرا بھی میری طرف دیکھنے سے احتراز کرتی اور تیزی سے آگے بڑھ جاتی۔ رفتہ رفتہ میری نظر کی اس التجا اور زہرا کی نظر کے اس بے رحم احتراز کا یہ کھیل ہمارا معمول ہی بنتا گیا۔ ایک جمعرات کے بعد دوسری جمعرات آتی گئی اور میں اپنی ہر التجا، اپنی ہر بے بسی اور اپنی ہر طاقت اپنی اس ایک نظر میں سموتا گیا جو درگاہ کی ان سیڑھیوں پر بیٹھے ہر جمعرات میں اس

سنگ دل کے قدموں میں نچھاور کرتا تھا لیکن اس سنگ مرمر کی مورت کو پگھلنا تھا، نہ وہ پگلی۔ لیکن میں نے بھی نظر کی اس خاموش جنگ کو اس کے منطقی انجام تک لڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ میری پڑھائی، دوست اور رنگا رنگ زندگی کی ہر خوشی، مصروفیت مجھ سے چھن چکی تھی۔ مما اور پاپا دن رات میری حالت دیکھ کر کڑھتے اور جلتے رہتے تھے۔ لیکن وہ دونوں بھی میری ضد اور جنون سے اچھی طرح واقف تھے، اس لیے مما کے دن رات بہتے ہوئے آنسو بھی مجھے میری دیوانگی کی راہ سے نہیں ہٹا سکے۔

پھر ایک جمعرات اک عجیب سی بات ہوئی۔ اب میں نے درگاہ کے اندر جانا تقریباً موقوف ہی کر دیا تھا اور زہرا کے آنے سے پہلے درگاہ کی بیرونی سیڑھیوں پر بیٹھ جاتا تھا۔ جب زہرا آ کر اوپر درگاہ میں چلی جاتی، تب بھی اس وقت تک باہر ہی بیٹھا رہتا اور زہرا کی واپسی کا انتظار کرتا۔ وہ پلٹ کر واپس چلی جاتی تو میں اپنے گھر کی راہ لیتا۔

ایک ایسے ہی دن، میں تپتی دھوپ میں بیٹھا زہرا کی راہ تک رہا تھا اور جانے کن خیالوں میں کھویا ریت پر آڑی ترچھی لکیریں کھینچ رہا تھا...... کہ اچانک ایک کڑک دار آواز سن کر چونک کر نظریں اٹھائیں۔ کچھ دیر تک تو سورج کی کرنوں سے چندھیائی ہوئی میری نظریں اس شخص کے خاکے کو پہچان ہی نہیں پائیں، جو میرے سر پر کھڑا شعر پڑھ رہا تھا۔

تیرا چہرہ ہے جب سے آنکھوں میں
میری آنکھوں سے لوگ جلتے ہیں

اور جب اس شخص کا چہرہ واضح ہوا تو میں حیرت سے اچھل ہی تو پڑا، وہ حاکم بابا تھا۔ آج ان کی آنکھوں سے اس روایتی جلال کی جگہ ایک عجیب سی نرمی چھلک رہی تھی۔ میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ انہوں نے شفقت سے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور کچھ دیر تک مجھے غور سے دیکھتے رہے۔ میں نے حسب معمول ان کی آنکھوں کی چمک کی تاب نہ لا کر اپنی آنکھیں جھکا لیں۔ ''تو اندر کیوں نہیں آتا لڑکے...... یہاں باہر کیا بازار سجا رکھا ہے......؟ کسے بھسم کرنا چاہتا تھا......؟ وہ تو خود جل کر پہلے ہی راکھ ہو چکی ہے۔'' میں نے چونک کر نظر اٹھائی...... گویا انہیں بھی میرے فسانے کا علم تھا۔ پتا نہیں اور کتنے لوگ ہوں گے جو میری اس وحشت سے واقف ہوں گے۔ صرف اسی کو اب تک خبر نہ ہو سکی تھی جس کے لیے میرا یہ سارا جنون تھا۔ میں نے دھیرے سے سر جھکا کر انہیں جواب دیا۔ ''میرا دل نہیں چاہتا اندر آنے کو...... اور پھر اس دن آپ نے ہی تو کہا تھا کہ اپنے نفس کے پیچھے بھاگنے والوں کے لیے اس درگاہ کے احاطے میں کوئی جگہ نہیں ہے۔'' حاکم بابا مسکرائے ''لگتا ہے تو نے ہماری بات دل پہ لے لی ہے...... چل آج سے ہم خود تجھے اجازت دیتے ہیں، جب بھی دل چاہے تو اوپر آ جانا...... پر یاد رکھ...... دل کسی کا دوست نہیں ہوتا...... اس کی نہ دوستی بھلی اور نہ ہی دشمنی اچھی......'' حاکم بابا کا یہ روپ میں نے آج تک کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اتنی نرمی، حلاوت تو کبھی نہ تھی ان کے لہجے میں۔ وہ یونہی مسکراتے ہوئے اپنے چند مریدوں کے ساتھ اوپر درگاہ کی جانب بڑھ گئے۔ کچھ ہی دیر میں اوپر سے ایک زائر ہاتھ میں ایک رقعہ اور چند کھجوریں لے کر نیچے اترا اور دونوں چیزوں کو میرے حوالے کر کے واپس لوٹ گیا۔ میں نے خط کھولا تو عبداللہ کی تحریر تھی۔ ''کہو ساحر میاں......؟ آخر ہمارے حاکم بابا پر بھی اپنا سحر پھونک ہی ڈالا؟ یہ چند کھجوریں خود انہوں نے تمہارے لیے بھجوائی ہیں...... کہتے ہیں اس دل جلے کے لیے بھجوا دو، جو نیچے دھوپ میں بیٹھا سورج کے

ساتھ اپنے مقدر کی جنگ لڑ رہا ہے..... بھئی واہ..... ایسی مہربانی تو آج تک حاکم بابا نے ہم میں سے کسی پر بھی نہیں کی..... جیتے رہو..... تمہارا دوست..... عبداللہ''

عبداللہ کی تحریر نے چاہے چند لمحوں کے لیے ہی سہی، میرے ہونٹوں کو ایک ہلکی سی مسکراہٹ ضرور بخش دی تھی۔ اس نوجوان کو گفتگو کا نایاب فن آتا تھا اور سب سے زیادہ آسانی اور سہولت سے ہم اگر کسی دوسرے کو کوئی خوشی دے سکتے ہیں تو وہ ہماری باتیں ہی تو ہیں۔ سچ ہے کہ یہ صرف لفظ ہی ہیں، جو سب کچھ بنانے اور بگاڑنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میں ابھی عبداللہ کی تحریر کے تانے بانے ہی میں الجھا ہوا تھا کہ اچانک ہی مجھے اسی تیزی سے پروائی کے چلنے کا احساس ہوا جو ہمیشہ مجھے زہرا کی آمد کے وقت محسوس ہوتی تھی۔ میں نے چونک کر سر اٹھایا تو اس زہرا جبیں کی گاڑی آ کر رک چکی تھی اور وہ اپنی خادمہ کے ساتھ گاڑی سے اتر کر سیڑھیوں کی جانب بڑھ رہی تھی۔ لیکن آج زہرا کی ماں اس کے ساتھ نہیں تھی۔ نہ جانے کیوں.....؟ میں حسب معمول اور حسب توقع اس انتظار میں اس کی جانب دیکھ رہا تھا کہ کب وہ ہمیشہ کی طرح میری نظر سے بچتی ہوئی اور بنا میری طرف دیکھے، درگاہ کی سیڑھیاں چڑھتی ہے۔ لیکن یہ دیکھ کر میرے جسم سے جیسے ساری جان ہی نکل گئی کہ اس کا رخ سیدھا میری ہی جانب تھا۔ وہ غصے میں تنتنائی ہوئی میری جانب بڑھتی چلی آئی اور عین سامنے آ کر کھڑی ہوگئی اور پھر اس کے یاقوتی لب ہلے.....''آخر آپ مجھ سے چاہتے کیا ہیں.....؟..... اس طرح مجھے بدنام کر کے آپ کو کیا مل جائے گا.....؟''

❁.....❁

# رقیب

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

اتنی صدیوں کے بعد اس نازک ادا کے نازک لب ہلے بھی تو ایک شکوے کے لیے...... غصے سے اس کا چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور پلکیں لرز رہی تھیں۔ میری نظر چند لمحوں کے لیے اس کی نظر سے ٹکرائی تو اس نے جھجک کر اپنی پلکیں جھکا لیں۔ ''یہ آپ سے کس نے کہا کہ مجھ جیسا سر راہ بیٹھا دیوانہ بھی کبھی کسی کی بدنامی کا باعث بن سکتا ہے......؟ اور پھر آپ کو بدنام کرنا ہی میرا مقصد ہوتا تو میں یہاں اس درگاہ کے باہر بیٹھنے کے بجائے آپ کے گھر کے باہر اپنا ڈیرا جماتا...... یہاں تو آس پاس مجھ جیسے جانے اور کتنے مقدر جلے اپنی اپنی قسمت کی دھوپ سینک رہے ہیں...... پھر آپ کو مجھی سے شکوہ کیوں ہے......؟''

وہ غصے سے بولی ''آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ مجھے یہ شکایت کیوں ہے۔ آپ کی اس ضد اور ہٹ دھرمی کی وجہ سے امی اتنی پریشان ہوگئی ہیں کہ انہوں نے بستر پکڑ لیا ہے۔ وہ اتنی بیمار ہیں کہ آج میرے ساتھ درگاہ تک آنے کی طاقت نہیں تھی ان میں...... آپ کیا سمجھتے ہیں کہ یہاں آس پاس بسنے والے سبھی لوگ بہرے، گونگے، یا اندھے ہیں، جنہیں کچھ نظر نہیں آتا......؟ افسوس تو اس بات کا ہے کہ آپ نے ایک غلط مقصد کے لیے اس درگاہ جیسی پاک جگہ کا انتخاب کیا ہے...... شاید آپ مجھے رسوا کر کے اپنی اس ہزیمت کا بدلہ چکانا چاہتے ہیں جو آپ کی 'ناقص رائے' میں میرے انکار کی وجہ سے آپ کو اٹھانا پڑی ہے۔'' اس کے لفظوں کی آریاں میرے دل پر چل گئیں۔ گویا میری ساری تپسیا کو ایک گھٹیا انتقام کا نام دیا جا رہا تھا۔ وہ ایسا کیسے سمجھ سکتی تھی۔ میں اپنے جذبے کی تذلیل پر ایک لمحے کے لیے جیسے سب کچھ بھول گیا اور ایک جھٹکے سے کھڑے ہو کر اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دل ہی باہر الٹ دیا۔ ''مجھے آپ کی والدہ کی پریشانی اور بیماری کا سن کر نہایت افسوس ہوا ہے۔ کاش میں بھی آپ کی طرح اپنی اس ساری بربادی کا الزام آپ پر ڈال سکتا۔ لیکن افسوس میں تو اتنا مجبور ہوں کہ آپ کو مورد الزام بھی نہیں ٹھہرا سکتا۔ یہ جو کچھ بھی ہو رہا ہے، اس پر خود میرا اختیار نہیں ہے۔ مجھے کون سا جذبہ کھینچ کر یہاں لا بٹھاتا ہے، میں خود اس سے اب تک ان جان ہوں۔ کاش میرا اپنے آپ پر کوئی اختیار رہوتا تو میں کبھی خود کو یوں سربازار رسوا نہ ہونے دیتا۔'' وہ مزید زچ ہوگئی۔ ''لیکن یہ تو زبردستی ہے۔ آپ کا جذبہ کسی دھونس دھمکی کی طرح میری راہ میں رکاوٹیں کھڑی کر رہا ہے۔ بات اگر اختیار کی ہے تو میں خود بھی بے اختیار ہوں اور آپ میری بے خودی کے راستے میں زبردستی آ کھڑے ہوئے ہیں۔'' مجھے اس کم گو سے اتنی بات کی امید بھی نہ تھی لیکن خلاف توقع اس کے پاس لفظوں کا ذخیرہ وسیع تھا۔ ''آپ میرے سوال کا جواب دے دیں، میں آپ کی راہ سے ہٹ جاؤں گا۔'' لیکن اس نے بھی جیسے میری ضد کے سامنے ہتھیار ڈالنے سے پہلے اپنی شرط منوانے کا تہیہ کر رکھا تھا۔ ''ٹھیک ہے لیکن آپ کو بھی ایک وعدہ کرنا ہوگا کہ میرے جواب کے بعد آپ کوئی دوسرا سوال نہیں کریں گے اور آئندہ میری راہ میں اپنے کسی جذبے کی دیوار نہیں کھڑی کریں گے۔'' میں جانتا تھا کہ وہ کسی بھی جواب سے پہلے میرے اردگرد اپنے بھرم کا آہنی قلعہ ضرور تعمیر کرے گی لیکن اس کی

بات مان لینے کے علاوہ اس وقت میرے پاس اور کوئی چارہ بھی تو نہیں تھا۔ ''ٹھیک ہے..... میں وعدہ کرتا ہوں'' ہمارے ارد گرد زائرین کا ہجوم سیڑھیاں چڑھ اور اتر رہا تھا اور آس پاس عصر کے وقت درگاہ پر دی جانے والی ایک مخصوص جڑی بوٹی کا دھواں پھیلا ہوا تھا۔ ہم اتنی دیر سے وہیں درگاہ کے باہر کھڑے باتیں کر رہے تھے لیکن وہاں کسی کو ہم پر توجہ دینے کی فرصت ہی کہاں تھی۔ زہرا نے نقاب اپنے چہرے پر ڈال کر اسے پوری طرح ڈھک لیا۔ ''میں نے آپ کو پہلے بھی کہا تھا کہ آپ کے رشتے سے انکار کی وجہ آپ کی ذات میں کوئی کمی، یا خرابی نہیں ہے۔ آپ ایک اعلیٰ خاندان سے تعلق رکھتے ہیں، پڑھے لکھے ہیں اور کسی بھی لڑکی کی خوش بختی ہوگی کہ وہ آپ کے گھر کی بہو بن سکے لیکن میری قسمت میں کاتب تقدیر نے یہ سکھ نہیں لکھا۔ میری نظر میں کوئی اور سما چکا ہے اور دل کے سودوں میں زبردستی نہیں چلتی ساحر صاحب..... امید ہے آپ کو اپنے سوال کا جواب مل گیا ہوگا اور اب آپ بھی اپنا وعدہ پورا کریں گے۔'' میرے دل پہ جیسے ایک ہی لمحے میں کئی قیامتیں آ کر گزر گئیں۔ میں وہیں کھڑے کا کھڑا رہ گیا اور وہ جانے کب کی سیڑھیاں چڑھ کر آگے بڑھ چکی تھی، حالانکہ میں گزشتہ کئی ہفتوں سے اسے یہاں اپنی کسی منت کے سلسلے میں آتے جاتے ہوئے دیکھ رہا تھا اور اس کی حالت ابتر، خود اس کا فسانہ سناتی تھی کہ ہو نہ ہو، معاملہ یہاں بھی کچھ دل کا ہی ہے۔ لیکن آج اس کی زبانی اس کھلے اقرار نے جیسے میرے وجود کے اندر آگ سی بھر دی تھی۔ اس ان دیکھے رقیب کی رقابت اور رشک کے ملے جلے جذبات نے میرے دل میں ایک طوفان سا برپا کر دیا تھا۔ کیا کوئی اس دنیا میں اتنا خوش نصیب بھی ہو سکتا ہے، جس کے لیے زہرا جیسی پری، خود منت ماننے کے لیے اس درگاہ تک چل کر آتی ہے.....؟ وہ گل رخ تو خود کسی منت کی طرح تھی تو وہ کیسا ہوگا جس کے لیے یہ منت خود اپنے گھٹنے ٹیکے اس درگاہ کی سنگ مرمر کی جالی سے جبیں زخمی کرنے ہر ہفتے چلی آتی ہے؟ وہ کون ہو سکتا ہے جس کا پتھر دل اس موم کی لڑکی کی پگھلتی حالت دیکھ کر بھی نہیں پگھلتا۔ میں انہی سوچوں میں گم تھا کہ اوپر سے ایک زائر نے آ کر عبداللہ کا پیغام دیا کہ اوپر سلطان بابا آئے ہوئے ہیں اور میرا پوچھ رہے ہیں۔ لہٰذا میں بھی دھیرے دھیرے سیڑھیاں چڑھتا ہوا درگاہ کے صحن میں داخل ہو گیا۔ دھوپ ڈھلنے والی تھی اور درگاہ کے صحن میں سائے لمبے ہو رہے تھے۔ ایسے ہی ایک سائے میں سلطان بابا، عبداللہ اور حاکم بابا مریدوں کے جھرمٹ میں بیٹھے نظر آئے۔ زہرا بھی خواتین والی بھیڑ میں سامنے بیٹھی نظر آئی۔ سبھی عورتوں نے سخت پردے کا اہتمام کر رکھا تھا۔ عبداللہ نے مجھے ہاتھ کے اشارے سے قریب آنے کو کہا اور میں بھی مریدوں کے گروہ میں ایک طرف ہو کر بیٹھ گیا۔ سلطان بابا کوئی درس دے رہے تھے اور ان کی بارعب آواز سارے صحن میں گونج رہی تھی۔ ''ڈارون کی تھیوری کہتی ہے کہ انسان کا ارتقا پہلے ہوا اور وہ بھی ایک طویل جدوجہد کے بعد..... اور جب انسان کی موجودہ ہیئت میں اس کی کمر سیدھی ہوئی اور ہاتھوں اور پیروں نے اپنی موجودہ ساخت اختیار کی تو پھر دھیرے دھیرے مذہب کا ارتقا شروع ہوا..... ہم مسلمان حضرت آدم و حوا کی صورت میں اس عقیدے کے قائل ہیں کہ انسان کا وجود ہی مذہب کی وجہ سے ہے اور وہ مذہب کے لیے اس کائنات میں ظہور پذیر ہوا تھا۔ گویا مذہب انسان کی آمد سے قبل بھی کائنات میں رائج تھا اور جن اور فرشتے اپنی عبادت کے ذریعے اس مذہب کی تعمیل میں مشغول رہتے تھے۔

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انساں کو
ورنہ اطاعت کے لیے کچھ کم نہ تھے کروبیاں''

میں بہت غور سے سلطان بابا کی باتیں سنتا رہا، جس خوب صورتی سے انہوں نے ڈارون کے نظریئے اور مذہب کی آمد کے بارے میں دلائل دیئے تھے، وہ ان کے وسیع مطالعے کا بھی مظہر تھی۔ میں جب سے اس درگاہ میں آ جا رہا تھا، عبداللہ اور سلطان بابا جیسے نہ جانے کتنے ''پراسرار بندوں'' سے اب تک میرا سامنا ہو چکا تھا جو بظاہر سیدھے سادے لیکن اندر سے کسی سمندر سے بھی زیادہ عمیق اور گہرے تھے۔ کچھ ہی دیر میں سوال جواب کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ بھیڑ میں سے ایک ماڈرن وضع کا لیکن بہت جوشیلا نوجوان اٹھا اور اس نے پہلا سوال داغ دیا۔ ''حضرت آپ کی باتیں اپنی جگہ بجا لیکن ہمارے مذہب میں تو شرک کو گناہ عظیم سے بھی عظیم تر گردانا گیا ہے تو پھر کیا آپ نہیں سمجھتے کہ اس طرح ان درگاہوں پر آ کر منتیں مانگنا اور چادریں چڑھانا بھی اسی شرک کے زمرے میں آتا ہے؟'' ''ٹھیک کہا تم نے...... جو لوگ یہاں اس نیت سے آتے ہیں کہ یہاں قبر میں سویا بزرگ ہی ان کا مشکل کشا ہے اور وہی ان کی دادرسی کرے گا تو وہ واقعی اس گناہ عظیم کے مرتکب ہو رہے ہیں جسے ''شرک'' کہا جاتا ہے۔ خدا انہیں اس گناہ کبیرہ سے بچنے کی توفیق عطا کرے۔ ہاں البتہ جو لوگ اس آس پر یہاں آ کر گڑگڑاتے ہیں کہ وہ اللہ کے ایک عاجز بندے کے آستانے پر اس امید پر آئے ہیں کہ اللہ کا یہ نیک بندہ، جو اس قبر میں آنکھیں بند کئے پڑا ہے، شاید اسی کے وسیلے اور سفارش سے اللہ ان کی بھی سن لے گا اور ان کی حاجت روا ہو گی تو ایسی حاضری میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیوں کہ بہر حال میرا، تمہارا، اس درگاہ میں دفن اس نیک بندے کا اور ہم سب کا مالک ایک ہی ہے میرا اللہ......''

نوجوان کے تنے ہوئے چہرے پر اطمینان کے آثار پیدا ہو گئے اور اس کی آنکھوں کی سختی یکا یک سلطان بابا کے لیے عقیدت میں بدل گئی۔ پھر کچھ اور معمول کے سوال کیے گئے اور اس سے پہلے کہ سلطان بابا دعا کے لیے ہاتھ اٹھاتے، عورتوں کی بھیڑ میں سے زہرا کی خادمہ نے ہلکے سے سلطان بابا کے خاص مرید کے کان میں کچھ کہا۔ مرید نے اٹھ کر سلطان بابا سے عرض کیا۔ ''اللہ کی ایک بندی آپ سے اپنے لیے خاص دعا کی متمنی ہے۔'' سلطان بابا کے ملیح چہرے پر پھر سے ایک مبہم سی مسکراہٹ ابھری اور انہوں نے غور سے خادمہ کی جانب دیکھ کر کہا۔ ''میری دعاؤں میں اثر ہوا تو ضرور قبول ہوں گی۔ بہر حال ایک بات ابھی سے جان لینا بہت ضروری ہے، یاد رہے کہ کسی کو پا لینا کبھی کبھی اس کو کھو دینے سے بڑا غم ہوتا ہے...... دوسرے لفظوں میں یوں سمجھ لو کہ وصل، جدائی سے بڑا المیہ ہے۔'' میں نے چونک کر سلطان بابا کی طرف دیکھا۔ کتنی بڑی بات کہہ ڈالی تھی انہوں نے اور کہیں ان کا اشارہ میری جانب ہی تو نہیں تھا۔ اسی لمحے سلطان بابا نے بھی پلٹ کر میری جانب دیکھا۔ میں نے گھبرا کر نظریں جھکا لیں۔ وہ مجھ سے بولے ''ساحر میاں...... ! شاید تم کچھ کہنا چاہتے ہو؟''

تو گویا میرا نام بھی انہیں زبانی یاد تھا۔ میں نے ان کی جانب براہ راست دیکھنے سے حسب معمول گریز کیا۔ مجھے حیرت بھی ہوئی کہ انہیں میرے اندر کی بات کا علم کیسے ہو گیا۔ ''جی...... یونہی...... اچانک دل میں کچھ خیال آ گیا تھا، آپ کی اجازت ہو تو عرض کروں؟'' سلطان بابا نے سر ہلایا۔ ''بسم اللہ...... !'' میں نے دور بیٹھی زہرا کی جانب دیکھا، وہ سر پر چادر ڈالے جھکے سر بیٹھی تھی۔ میں نے سینے کا غبار باہر نکالنے کا فیصلہ کر لیا تھا، کلام کسی اور کا تھا لیکن معنی میرے تھے۔

اک تازہ حکایت ہے
سن لو تو عنایت ہے
اک شخص کو دیکھا تھا
تاروں کی طرح ہم نے
اک شخص کو چاہا تھا
اپنوں کی طرح ہم نے
اک شخص کو سمجھا تھا
پھولوں کی طرح ہم نے
کچھ تم سے ملتا تھا
باتوں میں، شباہت میں
ہاں تم سا ہی لگتا تھا
شوخی میں، شرارت میں
دکھتا بھی تبھی سا تھا
دستور محبت میں
وہ شخص، ہمیں اک دن
غیروں کی طرح بھولا
تاروں کی طرح ڈوبا
پھولوں کی طرح ٹوٹا
پھر ہاتھ نہ آیا وہ
ہم نے تو بہت ڈھونڈا
تم کس لیے چونکے ہو
کب ذکر تمہارا ہے؟
کب تم سے تقاضا ہے؟
کب تم سے شکایت ہے؟
اک تازہ حکایت ہے
سن لو تو عنایت ہے

میں ایک جذب کے عالم میں نہ جانے کیا کچھ کہتا گیا۔ جب ہوش آیا تو ماحول پر سناٹا طاری تھا۔ زہرا اسی طرح سر جھکائے بیٹھی ہوئی تھی اور باقی سارے مرید بھی خاموش تھے۔ پھر سلطان بابا کی ہلکی سی کھنکار نے ہی اس سکوت کو توڑا اور انہوں نے دھیرے سے زیرلب ''سبحان اللہ'' بھی کہا اور پھر محفل برخاست ہونے سے پہلے حتمی دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لئے۔ باقی لوگوں نے بھی ان کی تقلید کی اور مختصر سی دعا کے بعد سارا مجمع منتشر ہوگیا۔ وہ خوش ادا بھی اپنی تمام تر نزاکت کے ساتھ سلطان بابا سے دعائیں لیتی ہوئی قدم بڑھا گئی۔ ایک لمحے کے لیے تو میرا دل جیسے کٹ سا گیا۔ من میں آیا کہ دوڑ کر ایک بار پھر سے اس کی راہ کی دھول بن جاؤں اور اس سے درخواست کروں کہ مجھے اپنے انہی نازک قدموں تلے روند کر برباد کر ڈالے لیکن میں کچھ بھی نہ کر سکا۔ ابھی کچھ دیر پہلے ہی میں نے خود ہی اس سے اپنے جنوں کے سامنے بند باندھنے کا وعدہ کیا تھا۔ کچھ ہی دیر میں درگاہ کا صحن تقریباً خالی ہوگیا۔ میں بھی ایک ہارے ہوئے جواری کی طرح وہاں سے اٹھا اور عبداللہ سے اجازت لے کر واپسی کے لیے پلٹ کر چل دیا۔

اچانک پیچھے سے ایک آواز ابھری۔

کھلتا کسی پہ کیوں، میرے دل کا معاملہ
شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے

میں چونک کر مڑا۔ درگاہ کے صحن کے عین وسط میں سلطان بابا اپنی وہی دل موہ لینے والی مسکراہٹ لیے کھڑے تھے۔ ''ساحر میاں...... !واپس چل دیئے......؟ تم سے ایک ضروری کام تھا مجھے۔'' سلطان بابا کو بھلا مجھ سے کیا کام ہوسکتا ہے......؟ میرے ذہن میں ایک ساتھ بہت سے خدشے ابھرے۔ وہ دھیرے دھیرے چلتے ہوئے میری جانب ہی چلے آرہے تھے۔ میں اپنی جگہ پر جیسے جم سا گیا۔

# پہلی کھوج کا خضر

میں ابھی تک اسی شش و پنج میں مبتلا تھا کہ آخر ایسی کون سی ضروری بات ہو سکتی ہے اور پھر میں بھلا سلطان بابا کے کس کام آ سکتا تھا۔ سلطان بابا نے غالباً میرا چہرہ پڑھ لیا...... ''تم سوچتے بہت ہو ساحر میاں...... لیکن شاید تمہیں ابھی تک سپردگی کی طمانیت کا اندازہ نہیں ہے......'' میں نے حیرت سے ان کی جانب دیکھا۔ ''سپردگی کی طمانیت......؟'' ''ہاں میاں...... جو سکون اور اطمینان خود کو دوسرے کے فیصلے کے سپرد کر دینے میں ہے...... وہ بھلا اپنی جدو جہد اور کوشش میں کہاں...... بہتر یہی ہے کہ کسی کو اپنا راہبر مان لو اور پھر اسی خضر کی راہ پکڑ لو......'' ''کاش میں بھی ان خوش نصیبوں میں شامل ہوتا، جنہیں ایسے راہبر میسر آتے ہیں، یہاں تو میری منزل ہی کا کوئی ٹھکانہ نہیں۔ ابھی تو میں اپنی راہ بھی نہیں ڈھونڈ پایا، راہِ خضر تو بہت دور کی بات ہے......'' سلطان بابا نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر غور سے میری آنکھوں میں جھانکا ''تمہارے اندر بڑی کھوج ہے اور تمہاری یہ کھوج تمہیں تمہاری اصل راہ سے زیادہ دیر تک دور نہیں رکھ پائے گی۔ میرا ایک کام کرو گے......'' ''جی حکم کیجیے......'' ''اگلی جمعرات یہاں درگاہ پر چند گھنٹے ڈیوٹی دے پاؤ گے...... کام کچھ زیادہ سخت نہیں ہے...... کچھ مستقل حاجت مند ہیں جو ہر ہفتے درگاہ میں حاضری دیتے ہیں، ان تک کچھ خاص ہدایات پہنچانی ہوں گی۔ کچھ نذر نیاز جو جمعرات کو یہاں جمع ہوتی ہیں اسے مستحق لوگوں میں بانٹنا ہوگا اور کچھ اور اسی نوعیت کے چھوٹے موٹے کام سرانجام دینا ہوں گے۔ اگر تمہاری اگلی جمعرات کو کوئی خاص مصروفیت نہ ہو تو......'' ''جی ضرور میں اگلی جمعرات کو صبح سویرے حاضر ہو جاؤں گا۔'' سلطان بابا خوش ہو گئے۔ ''شاباش...... لیکن جمعرات سے پہلے کسی ایک دن آ کر عبداللہ سے ساری ہدایات اچھی طرح سمجھ لینا۔'' سلطان بابا مجھے دعا دیتے ہوئے آگے بڑھ گئے۔

میں درگاہ کے دروازے سے باہر نکلا تو سیڑھیوں سے نیچے اپنی کار کے قریب عینی کو کھڑا دیکھ کر ٹھٹکا سا گیا۔ ہم دونوں ایک دوسرے کی جانب بڑھے اور ہمارا سنگم درگاہ کی سیڑھیوں کے وسط میں ہوا۔ عینی کچھ دیر تک چپ چاپ میری ابتر حالت، بڑھی ہوئی شیو اور شکنوں بھرا لباس دیکھتی رہی۔ ''میں جانتی تھی تم مجھے یہیں ملو گے۔'' میں نے اس کا دھیان بٹانے کے لیے مسکرا کر اسے چھیڑا، ''اور میں جانتا تھا کہ تم مجھے ضرور ڈھونڈ لو گی......'' لیکن عینی کے چہرے کا کرب کم نہیں ہوا۔ ''ڈھونڈ ہی تو نہیں پائی تمہیں...... بس ہر لمحہ کھوتی ہی گئی...... اور آخر کار تمہیں مکمل کھو ہی دیا......'' ''لیکن میں تمہیں ان لوگوں میں نہیں سمجھتا عینی...... جو محبت کو بھی صرف سود و زیاں ہی کا سودا سمجھتے ہیں...... کبھی کبھی تو یہ درد بھی بن مانگے نہیں ملتا...... کبھی فرصت ملے تو بیٹھ کر سوچنا کہ ہماری دوستی میں تم نے کیا صرف کھویا ہی ہے......؟'' عینی نے ایک لمبا سا سانس لیا۔ ''ادھوری خوشی کبھی کبھی مکمل غم سے بھی زیادہ اذیت ناک ہوتی ہے ساحر...... بہر حال تمہاری زبان سے ایسی باتیں سن کر اچھا لگا...... شاید یہ بھی اس ہستی کی دین ہے...... میں اس کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے مر رہی ہوں، ضرور وہ کوئی پری زاد ہوگی جس کے لیے تم جیسے شخص نے بھی زمانے سے جوگ لے لیا ہے...... مجھے کب ملواؤ گے اس سے......؟'' ''ضرور ملواؤں گا...... پہلے وہ مجھے تو شرف قبولیت بخش دے۔'' ''لیکن شاید تب تک بہت دیر ہو جائے ساحر...... میں نے کینیڈا کا اسکالرشپ

حاصل کرلیا ہے۔ اگلے ہفتے میری روانگی ہے۔ میں اس ماحول، ان یادوں اور خود اپنے آپ سے کچھ عرصے کے لیے فرار چاہتی ہوں۔" عینی بولتے بولتے سسک پڑی۔ مجھ سے بھی کچھ نہ بولا گیا۔ یہ محبت بھی کتنا عجیب جذبہ ہوتا ہے لوگ خوشی پانے کے لیے اس جذبے پر اپنے دل کے در وا کرتے ہیں اور پھر ساری زندگی روتے ہی رہتے ہیں۔ عینی پھر وہاں زیادہ دیر رک نہیں پائی اور مجھ سے رخصت ہو کر پلٹ گئی۔ میں اس کے جانے کے بعد بھی بہت دیر تک وہیں ساحل پر بیٹھ کر سورج کے ڈوبنے کا نظارہ کرتا رہا۔ یہ سورج کتنا خوش تھا۔ ہر روز ڈوبنے کے بعد اگلی صبح اسے نئی زندگی مل جاتی تھی لیکن میری قسمت کا تارا تو کچھ ایسا ڈوبا تھا کہ اب اس کے دوبارہ ابھرنے کا کوئی امکان نہ تھا۔

میں رات دیر گئے گھر پہنچا تو ڈاکٹر یزدانی کی گاڑی کو باہر نکلتے دیکھ کر ایک دم ہی پریشان ہو گیا۔ مما کو سخت بخار تھا۔ پچھلے کئی ہفتوں سے وہ میری وجہ سے جس شدید ذہنی دباؤ کا شکار تھیں، اس کا نتیجہ کچھ تو نکلنا ہی تھا۔ اس رات میں اور پاپا سونے تک ان کے سرہانے ہی بیٹھے رہے اور مجھے مما سے بہت سے جھوٹے وعدے بھی کرنے پڑے۔ یہ مائیں بھی کتنی بھولی ہوتی ہیں، اچھی طرح جانتی ہیں کہ ان کے جگر کا ٹکڑا ان کا دل بہلانے کے لیے ان کی ہر بات پہ "ہاں" کہتا چلا جا رہا ہے لیکن پھر بھی اس کی ہر "ہاں" پر ان کا دل، ان کے چہرے کی طرح کھلا جاتا ہے۔

مما کے سونے کے بعد پاپا میرے ساتھ ہی ٹیرس پر چلے آئے۔ میں جانتا تھا کہ ان کے دل و دماغ میں اس وقت کیسی کیسی آندھیاں چل رہی ہوں گی، لیکن حسب معمول ان کے چہرے پر وہی مہربان سا سکوت طاری تھا، جیسے کوئی گہرا سمندر، جو اپنی تہ میں جانے کتنے طوفان اور کتنے بھنور چھپائے ہوئے ہوتا ہے لیکن اپنی سطح پر اپنے اندر ہونے والی تبدیلیوں کا پتا آخر وقت تک نہیں چلنے دیتا۔ انہوں نے مسکرا کر مجھ سے پوچھا۔ "ہاں ینگ مین...... تمہاری جنگ کیسی جا رہی ہے؟ اس پتھر دل پر کچھ اثر ہوا کہ نہیں......؟" میں بھی ان کا سوال سن کر مسکرا دیا۔ "کچھ جنگیں دنوں میں نہیں...... جنموں میں جیتی جاتی ہیں پپا...... لیکن اس بات کا اطمینان ضرور رکھیے کہ آخری جیت آپ کے سپوت ہی کی ہوگی......" "میں جانتا ہوں...... میرے بیٹے نے ہارنا نہیں سیکھا...... لیکن جانے کیوں اس بار مجھے شکست سے بہت زیادہ ڈر لگ رہا ہے......" میں نے چونک کر پاپا کی جانب دیکھا۔ ان کی آنکھوں میں کسی ان دیکھے خوف کی پرچھائیاں لرزاں تھیں۔ "میں بہت شرمندہ ہوں پپا...... شاید میں آپ کے خوابوں کی تعبیر ثابت نہیں ہو سکا...... آپ کے کسی کام نہیں آ سکا...... آپ بھی کیا سوچتے ہوں گے کہ......"

پاپا نے جلدی سے میری بات کاٹ دی۔ "نہیں...... بالکل نہیں...... میں، یا تمہاری مما ایسا کچھ بھی نہیں سوچتے...... اولاد ہمیشہ ماں باپ کے خوابوں کی بھینٹ چڑھنے کے لیے ہی تو نہیں ہوتی...... ہم تو بس تمہیں خوش دیکھنا چاہتے ہیں۔ پھر چاہے تمہاری خوشی کہیں بھی ہو......" بولتے بولتے پاپا کی آنکھیں بھر آئیں۔ اس لمحے مجھے ان پر بے حد پیار آیا اور میں نے بڑھ کر انہیں زور سے گلے لگا لیا۔ خود میری آواز بھی بھرا سی گئی۔ "پپا...... میں کیا کروں...... مجھے اس کے علاوہ اب اور کچھ سوجھتا ہی نہیں...... کوئی اور لبھاتا ہی نہیں...... میں اتنا بے بس تو کبھی بھی نہیں تھا...... لیکن میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں اس بھیڑ میں شامل نہیں ہوں گا، جو اس راہ پر ناکامی کے بعد بھٹک کر کہیں کھو جاتی ہے...... میں ان اندھیروں میں اپنی روح کو کبھی بھٹکنے نہیں دوں گا۔" "میں جانتا ہوں...... اور مجھے تم پر پورا اعتبار ہے......" ہم تقدیر کو کتنی آسانی سے اپنی ناکامیوں اور زندگی کی تلخیوں کا الزام دیتے رہتے ہیں لیکن کبھی تقدیر سے ان نعمتوں کی وجہ سے پیار نہیں کرتے جو اس نے ہماری زندگی میں قدم قدم پر فراہم کر رکھی ہوتی ہیں۔

میرے ماں باپ بھی تو قدرت کی ایک ایسی ہی نعمت تھے، جن کے بدلے قدرت کا ہر ستم گوارا تھا۔ مجھے اگر ماں باپ کا اتنا پیار، اتنا حوصلہ نہ ملا ہوتا تو زہرا کی بے رخی شاید بہت پہلے مجھے توڑ چکی ہوتی۔

اگلے دن میں نے درگاہ جا کر عبداللہ کو سلطان بابا کی دی ہوئی ڈیوٹی کے بارے میں بتایا اور اس سے جمعرات کے معمولات کی تفصیل بھی معلوم کی۔ مجھے صبح سویرے درگاہ پہنچنا تھا اور معمول کے چند کام مثلاً درگاہ کے زائرین کے لیے پانی بھرنا، پودوں کو پانی اور پرندوں کو دانہ وغیرہ ڈالنا، جمعرات کے لنگر کے باورچیوں سے اپنی نگرانی میں کھانا بنوانا وغیرہ وغیرہ اور ایسے بہت سے دیگر چھوٹے چھوٹے کام سرانجام دینا تھے۔ لیکن عبداللہ نے سب سے اہم ذمہ داری کا ذکر سب سے آخر میں کیا۔ عصر کی نماز کے بعد درگاہ پر آنے والے زائرین کے نذرانے عبداللہ اپنے حجرے میں وصول کرتا تھا۔ مرد دروازے سے اندر آ کر اور عورتیں لکڑی کی جالی والی کھڑکی کے پیچھے سے اپنے نذرانے جمع کرواتی تھیں، جنہیں اسی وقت مستحقین میں بانٹ دیا جاتا تھا۔ اس جمعرات کی شام مجھے یہ تمام نذرانے وصول کرنے تھے۔ نقدی کی فہرست بنانا تھی اور باقی تحائف کو الگ کر کے عبداللہ کی دی ہوئی فہرست کے مطابق تقسیم کرنا تھا۔ کچھ مستحقین تو خود اپنا حصہ وصول کرنے درگاہ کے احاطے میں جمع ہو جاتے تھے اور کچھ لوگوں کو بذریعہ ڈاک ان کا حصہ بھیجنا ہوتا تھا۔ مجھے اس بات پر شدید حیرت بھی ہوئی کہ اس فہرست میں چند لوگوں کی تنخواہ کا ذکر بھی تھا۔ یا میرے خدا...... یہ کیا نظام تھا۔ یہ کون لوگ تھے جن کی تنخواہ ایک اجنبی ہاتھ اور ایک انجانے منتظم کے تحت بٹتی تھی۔ دولت کی تقسیم کا یہ کیسا نظام تھا......؟

آخر کار جمعرات کا دن بھی آ پہنچا۔ میں صبح سویرے ہی بنا کسی کو بتائے اپنی گاڑی میں درگاہ آ گیا تھا۔ عبداللہ اور سلطان بابا مجھ سے بھی پہلے اپنے سفر پر نکل چکے تھے۔ جاتے جاتے بھی عبداللہ میرے لیے پورا ہدایت نامہ لکھ گیا تھا۔ میں نے معمول کے تمام کام سہ پہر ہونے سے پہلے ہی نپٹا دیئے۔ میں کئی ہفتوں سے اس درگاہ میں آ رہا تھا لیکن آج تک میں نے کبھی عبداللہ کا حجرہ اندر سے نہیں دیکھا تھا۔ ایک تو وہ چھوٹا سا حجرہ درگاہ کے مرکزی صحن سے بہت ہٹ کر تھا اور دوسری وجہ یہ بھی تھی کہ عبداللہ سے میری ملاقات عموماً باہر ہی ہو جاتی تھی۔ لیکن آج چونکہ مجھے عصر کے وقت سے اسی حجرے میں نذر اور نیاز وصول کرنی تھی لہٰذا میں نے سوچا کہ کچھ دیر پہلے ہی درگاہ کے برآمدے میں بنی لکڑی کی جالیوں سے پرے اس حجرے کو ایک نظر دیکھ ہی آؤں اور پھر ایک عجیب سی بات ہوئی جیسے ہی میں برآمدے میں بنی جالیوں کو پار کر کے حجرے کے دروازے کے قریب پہنچا تو یکا یک میرے ذہن میں ایک ساتھ بہت سے جھماکے ہوئے اور اچانک ہی یہ اجنبی ماحول مجھے کچھ مانوس سا محسوس ہونے لگا اور پھر جیسے ہی میں نے حجرے کا دروازہ کھولا تو لمحے کے ہزارویں حصے سے بھی شاید کچھ پہلے مجھے اچانک ہی یوں محسوس ہوا جیسے میں اس حجرے میں پہلے بھی کبھی آ چکا ہوں، پھر تو ذہن میں جلتی بجھتی روشنیاں کچھ اتنی تیزی سے لپکنے لگیں کہ چند لمحے کے لیے تو میں سن ہو کر ہی رہ گیا۔ سب مجھے یاد آنے لگا کہ میری ایسی حالت تو اس دن بھی ہوئی تھی، جب میں نے پہلی مرتبہ درگاہ کے صحن میں قدم رکھا تھا۔ جب میری پہلی نظر عبداللہ پر پڑی تھی اور جب پہلی مرتبہ سلطان بابا نے مجھے درگاہ کے دروازے پر کھڑا دیکھا تھا...... ہر دفعہ مجھے کچھ یوں ہی محسوس ہوا تھا جیسے میرے ساتھ یہ واقعہ پہلے بھی پیش آ چکا ہے، لیکن ہر بار میں نے اپنے ذہن کو جھٹک کر خود کو یہ تسلی دے دی تھی کہ ایسا تو کم و بیش ہر انسان کے ساتھ ہوتا ہے۔ جب اسے کوئی واقعہ، کوئی بات اور کوئی جگہ، یا کوئی شخصیت پہلی مرتبہ ملنے، یا دیکھنے کے باوجود جانی پہچانی لگتی ہے بلکہ بعض مرتبہ تو ہمارے ساتھ یہ بھی ہوتا ہے کہ ہم کسی کے منہ سے نکلنے والی بات بھی

چند لمحے پہلے جان لیتے ہیں۔ مجھے تو یہ تحت الشعور اور لاشعور کا کوئی معمول کا کھیل لگتا ہے، لہٰذا میں نے حسب معمول ان باتوں پر دھیان دینا بھی گوارا نہیں کیا تھا۔ لیکن عبداللہ کے حجرے میں داخل ہوتے ہی وہ انجانا احساس اس شدت سے مجھ پر حملہ آور ہوا کہ میں کچھ دیر کے لیے اپنے حواس ہی میں نہ رہ سکا۔ لیکن جتنی تیزی اور شدت سے مجھ پر اس کیفیت کا غلبہ ہوا تھا، اتنی ہی جلدی وہ جھما کا ختم بھی ہو گیا، جیسے بارود کا کوئی ڈھیر جو ایک ہی چنگاری سے لمحوں میں بھسم ہو جائے...... کچھ دیر تو میں بالکل خالی الذہن سا کھڑا حجرے کی دیواروں کو تکتا رہا۔ یہ ایک چھوٹا سا کمرا تھا، جس میں ایک جانب ایک نیچی سی لکڑی کی کھڑکی بنی ہوئی تھی، جو باہر برآمدے کی جانب کھلتی تھی۔ کھڑکی پر بانس کے موٹے تنکوں والی چک پڑی ہوئی تھی۔ غالباً یہ وہی کھڑکی تھی جو خواتین کی نذر کے لیے مخصوص تھی، تبھی پردے کا ایسا خاص اہتمام کیا گیا تھا۔ کمرا صاف ستھرا تھا اور ایک جانب چند دینی اور کچھ معلوماتی کتب لکڑی کے ایک شیلف پر سلیقے سے رکھی ہوئی تھیں۔ پانی کی صراحی اور چھت سے لگے ہوئے مور چھل (ہاتھ سے چلنے والے پنکھے) کے علاوہ حجرے میں مزید کوئی سامان نہ تھا۔ کمر ٹکانے کے لیے زمینی دری کے اوپر دیوار کے قریب ایک تکیہ بھی پڑا ہوا تھا۔ میں نے جیب سے عبداللہ کی دی ہوئی فہرست کو نکالا اور ایک بار پھر غور سے تمام ہدایات کو دہرایا۔

کچھ ہی دیر میں زائرین کی آمد شروع ہو گئی اور میں ان کے دیئے ہوئے نذرانوں کی فہرست بنانے میں مشغول ہو گیا۔ ذرا سی دیر میں اچھی خاصی رقم بھی جمع ہو گئی تھی۔ پھر مردوں کا ہجوم چھٹا تو کھڑکی کے قریب سے عورتوں کی بھانت بھانت کی بولیاں شروع ہو گئیں۔ کسی کو اولاد نہ ہونے کا غم تھا تو کوئی ناخلف اولاد سے متفکر تھی، کسی کو بیٹے کی شادی کی جلدی تھی تو کوئی ارمانوں سے لائی گئی بہو کے ہاتھوں نالاں تھی۔ کوئی بیماری کی وجہ سے پریشان تھی تو کوئی پریشانی کی وجہ سے۔ عبداللہ کی ہدایت کے مطابق لکڑی کی چک کی چلمن کی دوسری جانب سے انہیں صرف ہوں ہاں میں جواب دیتا جا رہا تھا اور غالباً عورتیں اب تک مجھے عبداللہ ہی سمجھ رہی تھیں۔ عورت اپنا نام بتاتی، اپنی نذر کھڑکی سے اندر بڑھاتی اور میں عبداللہ کی دی ہوئی فہرست کے حساب سے اس عورت کا نام پڑھ کر اسے ہدایت، یا دعا کرنے کی تدبیر بتاتا جاتا۔ میرے لیے یہ بالکل نیا اور انوکھا تجربہ تھا۔ بظاہر اوپر سے ہنستی کھیلتی اور خوش حال دنیا تو اندر سے بے حد زخمی اور بہت دکھی تھی اور حیرت کی بات یہ تھی کہ سبھی کے دکھ تقریباً ایک ہی جیسے تھے۔ میں خواتین کو ہدایات جاری کرتے ہوئے ہی کچھ چبھتی ہوئی سوچوں میں کھویا ہوا تھا کہ یکا یک کھڑکی کے قریب سے ایک ملائم سی آواز ابھری۔ ''آداب......'' دفعتہً وہی ٹھنڈی سی پروائی چلی اور میرا سانس میرے سینے میں اٹک سا گیا۔ میری زبان گنگ ہو گئی اور میرے سارے لفظ ایک لمحے میں ہی کہیں کھو گئے۔ وہ دھیرے سے دوبارہ کھنکاری۔ میرے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑنے لگے۔ ہاں...... یہ تو وہی تھی۔ میں نے جلدی سے عبداللہ کی دی ہوئی فہرست پر نظر ڈالی لیکن اس میں مجھے زہرا کا نام، یا اس کے لیے کوئی بھی ہدایت لکھی ہوئی دکھائی نہ دی۔ میں نے چلمن سے ذرا سا باہر جھانک کر دیکھا۔ ہاں...... وہی تو تھی صرف ایک دیوار کے فاصلے پر، مجھ سے اتنا قریب کہ میں اس کی سانس لینے کی مدہم آواز بھی سن سکتا تھا۔ ایک لمحے کو میرا جی چاہا کہیں وہاں سے اٹھ کر بھاگ جاؤں لیکن میرے قدموں نے تو میرے جسم کا بوجھ بھی سہارنے سے انکار کر دیا تھا، بھاگ کر کہاں جاتا؟ زہرا بھی دوسری عورتوں کی طرح یہی سمجھ رہی تھی کہ کھڑکی کے پار عبداللہ بیٹھا ہوا ہے۔ وہ چند لمحوں تک جواب کا انتظار کرتی رہی اور پھر دھیرے سے اپنی جھرنوں جیسی گنگناتی آواز میں بولی۔ ''ہماری نیاز قبول فرمائیں۔'' میں نے چونک کر دیکھا تو اس کا مخروطی ہاتھ چلمن سے اندر جھانک رہا تھا۔ میں نے

گھبرا کر اس کے ہاتھ میں پکڑا خط کے لفافے جیسا چھوٹا سا لفافہ لے لیا۔ شاید لفافے میں کرنسی نوٹ تھے۔ میری زبان سے صرف ایک لفظ ہی نکل پایا۔
''شکریہ......'' دوسری جانب سے اس کی دل میں سیدھا اتر جانے والی آواز ابھری ''میں آج بھی اپنے سوال کے جواب کا انتظار کر رہی ہوں......'' یا خدا...... یہ کس سوال کی بات کر رہی تھی......؟......اب میں اسے کیا جواب دوں......عبداللہ سے اتنی بڑی غلطی کیسے ہوگئی۔ باقی سب کے بارے میں تو اس نے اتنی تفصیل سے مجھے بتا دیا تھا، پھر زہرا کے بارے میں بتانا کیسے بھول گیا وہ......؟ مجھے اور تو کچھ سوجھا نہیں بس ہلکے سے کھانس کر میں نے اپنے ہمہ تن گوش ہونے کا پیغام اس تک پہنچانے کی کوشش کی۔ اس بار مجھے زہرا کی آواز کچھ بھرائی ہوئی سی محسوس ہوئی، جیسے وہ بے حد کرب میں بول رہی ہو۔
''میں جانتی ہوں......آپ کے پاس میرے کسی سوال کا کوئی جواب نہیں......میں آج بھی ہمیشہ کی طرح یہاں سے ناکام اور نامراد ہی واپس پلٹوں گی......اگر آپ کی چپ ہی میرا مقدر ہے تو مجھے یہ خاموشی بھی قبول ہے......لیکن ایک بات تو آپ بھی اچھی طرح جانتے ہیں......میں عمر بھر آپ کی اس چوکھٹ پر اپنا سر پٹختی رہوں گی لیکن کسی اور کے خیال کو اپنے من کے قریب بھی نہیں پھٹکنے دوں گی۔ آپ سے محبت کی اگر یہی سزا ہے تو میں اسے بھی اپنے لیے جزا ہی سمجھوں گی......'' میرے دل و دماغ میں جیسے جھکڑ چل رہے تھے اور سارا کمرا بلکہ ساری دنیا ہی مجھے گھومتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ تو گویا اس زہرا جبیں کے دل میں کوئی اور نہیں بلکہ خود عبداللہ ہی بسا ہوا تھا۔ اتنا بڑا دھوکا، ایسا عظیم فریب تو کسی جانی دشمن نے بھی نہ دیا ہوگا کسی کو......پھر عبداللہ نے میرے ساتھ ایسا کیوں کیا؟؟؟

زہرا جانے کب اٹھ کر جا چکی تھی۔ حسد، جلن اور کرب کے طوفان نے میری آنکھوں میں مرچیں سی بھر دی تھیں۔ میرا دل چاہ رہا تھا کہ میں اتنی زور سے چلاؤں کہ یہ ساری کائنات ہی پھٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائے۔ میں نے ہاتھ میں پکڑے ہوئے اس لفافے پر نظر ڈالی جو ابھی کچھ دیر پہلے زہرا نے مجھے تھمایا تھا۔ بہت سے بڑے کرنسی نوٹوں کے درمیان ایک چھوٹی سی پرچی لفافے سے باہر جھانک رہی تھی۔ میں نے بے دھیانی میں پرچی باہر نکالی اور اپنی سلگتی ہوئی نظریں اس ستم گر کی شستہ تحریر پر گاڑھ دیں۔ پرچی پر صرف ایک شعر لکھا ہوا تھا۔

میرے جسم بوسیدہ میں ذرا جو جان باقی ہے
کسی کے لوٹ آنے کا کوئی امکان باقی ہے
وہ چاہے راستہ بدلے، چاہے رابطہ بدلے
اسے مجھ سے محبت ہے، میرا ایمان باقی ہے

مجھے یوں لگا جیسے وہ لفظ نہیں، چھوٹے چھوٹے سے سنپولئے ہیں۔ میں نے گھبرا کر پرچی وہیں پھینک دی اور تیزی سے دوڑتا ہوا حجرے سے باہر نکل گیا۔

❀......❀

# دورِ جنوں

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

جب مجھے ہوش آیا تو میں اپنے ہی گھر میں بستر پر پسینے میں شرابور پڑا تھا۔ مما، پپا اور ڈاکٹر یزدانی سمیت چند ڈاکٹروں کی ٹیم میرے سرہانے کھڑی تھی۔ میں نے گھبرا کر اٹھنا چاہا تو مما نے جلدی سے مجھے کاندھوں سے پکڑ کر زبردستی لٹا دیا۔ "لیٹے رہو میری جان...... پورے چھتیس گھنٹے کے بعد تمہیں مکمل ہوش آیا ہے۔ اب اگر تم نے بستر چھوڑا تو میں تم سے کبھی نہیں بولوں گی۔" ۳۶ گھنٹے...... یا میرے خدا...... ابھی چند لمحے پہلے ہی تو میں درگاہ سے اپنی بھیگی اور جلتی ہوئی آنکھیں لے کر دوڑتا ہوا باہر نکلا تھا۔ میرا ارادہ زہرا کو روکنے کا تھا لیکن اس کی گاڑی میرے باہر نکلنے سے پہلے ہی وہاں سے روانہ ہو چکی تھی۔ مجھے یاد نہیں کہ میں نے کس طرح اپنی گاڑی اسٹارٹ کی تھی اور میں کب اور کیسے اپنے گھر کے پورچ تک پہنچا تھا۔ بعد میں مما نے بتایا کہ میں گاڑی سے نکلتے ہی لہرا کر وہیں پورچ میں ہی گر پڑا تھا اور تب سے لے کر اب تک میرے بے ہوشی کے وقفے گہرے ہی ہوتے گئے تھے۔ گویا آج ہفتے کا دن تھا اور میں جمعرات کو درگاہ سے نکلا تھا۔ کبھی کبھی انسان کی زندگی سے وقت کے قیمتی لمحے کچھ اس طرح سے بھی چوری ہو جاتے ہیں کہ وہ بس ٹپٹاتا ہی رہ جاتا ہے۔ میرے ساتھ بھی اس وقت کچھ ایسا ہی معاملہ تھا اور پھر اگلے تین چار دن تک مما نے میری کچھ ایسی سختی سے نگرانی کی کہ میں واقعی بستر سے قدم تک نیچے نہ دھر سکا۔ لیکن میری رگوں میں جو انگارے بھر چکے تھے، میں ان کا کیا کرتا؟ مجھے ہر حال میں عبداللہ سے ملنے جانا تھا۔ میں اس دھوکے باز انسان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اس سے پوچھنا چاہتا تھا کہ اگر زہرا خود اس کی محبت میں مبتلا تھی تو پھر اس نے آخر میرے ساتھ ہی چوہے بلی کا کھیل کیوں کھیلا؟ میری پرخلوص دوستی کا مذاق کیوں اڑایا؟ اگر وہ پہلے دن مجھے یہ بات بتا دیتا تو میں زہرا کی دیوانگی میں اتنا آگے تو نہ بڑھتا۔ یہ اور اس جیسے جانے کتنے سوالات تھے، جن سے میرا سر پھٹا جا رہا تھا لیکن اس بار مما اور پاپا کا پہرہ اتنا کڑا تھا کہ ان کے علم میں لائے بنا میرا پلک جھپکنا بھی محال تھا۔ لہٰذا چوتھے دن مجبوراً مجھے پپا کو اعتماد میں لینا پڑا کہ میرا اگلے دن یعنی جمعرات کی شام کو درگاہ جانا بے حد ضروری ہے لیکن پپا نے بھی اس مرتبہ مما کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے تھے۔ آخر کار خوب بحث و مباحثے کے بعد وہ بمشکل اس بات پر راضی ہوئے کہ وہ مما سے مجھے درگاہ جانے کی اجازت دلوانے کی کوشش کریں گے لیکن صرف اور صرف اس شرط پر کہ وہ بھی میرے ساتھ جائیں گے، کیوں کہ اب وہ مجھے وہاں اکیلے بھیجنے کا رسک لینے پر تیار نہیں تھے۔ میرے پاس ان کی بات مان لینے کے سوا کوئی چارہ بھی نہیں تھا۔ لیکن جب مما کو ہم دونوں باپ بیٹے کے ارادوں کا پتا چلا تو انہوں نے آسمان ہی سر پر اٹھا لیا۔ وہ پپا پر بہت ناراض ہوئیں کہ انہوں نے ہی مجھے اس حال پر پہنچایا ہے۔ آخر کار بڑی مشکل سے جنگ بندی کا اعلان ہوا لیکن تب تک یہ طے پا چکا تھا کہ پپا کے ساتھ اب مما بھی درگاہ کے لیے ہماری ہم رکاب ہوں گی، کیوں کہ اب وہ کسی صورت بھی مجھے اپنی آنکھوں سے اوجھل نہیں کرنا چاہتی تھیں۔

اگلے دن مقررہ وقت پر ہم تینوں کو پپا کے ڈرائیور نے درگاہ کے دروازے پر پہنچا دیا۔ زائرین کی چہل پہل شروع ہو چکی تھی اور دور بھیڑ

سے پرے مجھے زہرا کی گاڑی بھی کھڑی نظر آ گئی۔ میں نے یہاں آنے کے لیے جمعرات کے دن تک کا یہ انتظار صرف اسی لیے کیا تھا، کیونکہ میرا ارادہ زہرا کے سامنے عبداللہ سے بات کرنے کا تھا تاکہ اسے مزید کوئی بہانہ بنانے کا موقع نہ مل سکے۔ درگاہ کے صحن میں داخل ہوتے ہی میری پہلی نظر زائرین کی بھیڑ میں گھرے سلطان بابا پر پڑی۔ میں نے مما اور پپا کو انہیں سلام کرنے کی غرض سے اس طرف بھیج دیا اور خود عبداللہ کے حجرے کی جانب بڑھ گیا۔ مجھے یقین تھا کہ زہرا بھی حجرے کی پچھلی جانب لکڑی کی جالیوں والی چلمن کے برآمدے ہی میں موجود ہوگی۔ میرا دل ایک دم ہی بجھ سا گیا تھا میں یہ ساری لاحاصل کوشش کیوں کر رہا تھا؟ جب وہ خود میرے نصیب ہی میں نہ تھی تو پھر وہ چاہے کسی کا بھی مقدر ہو۔ اس بات سے میری کالی قسمت کا لکھا ڈھل تو نہیں سکتا تھا۔ جیسے جیسے حجرے کا دروازہ قریب آتا گیا، میرے قدم بالکل ہی بے جان ہوتے گئے۔ آج اس جانب مرد حاجت مندوں کی بھیڑ بالکل ہی مفقود تھی۔ شاید میں بہت جلدی آ گیا تھا، یا پھر مجھے بہت دیر ہو گئی تھی۔ میں نے سر جھٹک کر خیالات کی یلغار روکی اور جیسے ہی حجرے کے دروازے کو ہلکا سا دھکا دیا، عبداللہ کی آواز نے میرے قدم جکڑ لیے۔ وہ دوسری جانب کھڑکی کے پار کسی سے مخاطب تھا۔ اس کی آواز میں جھنجلاہٹ سی تھی۔ ''عورت...... عورت...... یہ کچھ الگ معاملہ ہے۔ آخر آپ سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتیں۔ یہ اختیار کا معاملہ ہے۔'' دوسری جانب سے وہ آواز ابھری، جسے میں دنیا کی کروڑوں آوازوں کے درمیان بھی پہچان سکتا تھا۔ وہ زہرا ہی تھی۔ ''بات اگر اختیار کی ہے تو پھر میں بے اختیار ہوں۔ خود پر اختیار ہوتا تو میں بار بار یہاں کیوں آتی۔ اگر آپ میرے راستے پر نہیں چل سکتے تو نہ سہی، میں تو آپ کے راستے کی دھول بن سکتی ہوں نا......''

عبداللہ نے گہرا سانس لیا۔ ''میں شادی شدہ ہوں اور دوسری شادی کر کے میں انصاف نہیں کر پاؤں گا۔ میں اپنی بیوی اور بچے سے بہت محبت کرتا ہوں۔ کاش میں آپ کی کوئی مدد کر سکتا لیکن اپنی تقدیر میں یہ کانٹے آپ نے خود بوئے ہیں۔ اب بھی وقت ہے، آپ سنبھل جائیں۔'' زہرا سسکی۔ ''کاش یہ مشورہ آپ چار سال پہلے اس وقت مجھے دیتے جب میں نے کلاس میں آپ کو پہلی بار دیکھا تھا تب تو آپ شادی شدہ بھی نہیں تھے، نہ ہی میں آپ کو ٹھیک طرح سے جانتی تھی۔ لیکن میرا تو سب کچھ تہس نہس کر دیا آپ کی اس پہلی نظر نے۔ آپ ہی بتائیے اس میں میرا کیا قصور ہے۔ آپ نے اپنی پہلی نظر کو روکا کیوں نہیں؟'' عبداللہ نے لمبی سی سانس لی۔ ''کسی کے مقدر میں کبھی نہ کبھی کہیں نہ کہیں وہ پہلی نظر ضرور لکھی ہوتی ہے۔ پھر یہ اگلے کا نصیب ہے کہ وہ نظر اسے گل و گلزار کر دے، یا پھر جلا کر خاکستر۔ افسوس آپ کی قسمت میں اس نظر کی شبنم کے بجائے یہ چنگاری لکھی تھی۔ لیکن اب بھی یہ آگ شبنم میں بدل سکتی ہے۔ اپنے مقدر پر قناعت کر لینا بھی بہت بڑی عبادت ہے۔ اپنی عبادت کو یوں برباد نہ کریں۔ میں آپ کا نصیب نہیں ہوں۔'' مجھے آہٹ سے یوں محسوس ہوا کہ جیسے عبداللہ نے کھڑکی سے ہٹ جانے کا ارادہ کیا ہو تبھی زہرا کی ٹوٹی ہوئی آواز سنائی دی۔ ''میں آپ سے اپنا نصیب بدل دیئے جانے کی دعا کی امید تو کر سکتی ہوں، کیا آپ میرے لیے اتنی سی دعا بھی نہیں کریں گے......؟'' ''میری ہر دعا میں آپ ہمیشہ شامل رہیں گی۔ فی امان اللہ۔'' شاید زہرا کھڑکی سے ہٹ چکی تھی۔ میں پورا دروازہ کھول کر اندر آ گیا۔ عبداللہ نے چونک کر میری جانب دیکھا۔ آؤ ساحر میاں، اندر آ جاؤ، میں تمہارا ہی انتظار کر رہا تھا۔

ہم دونوں کو اس حجرے میں خاموش بیٹھے کافی دیر بیت چکی تھی۔ آخر کار میں نے ہی سکوت توڑا۔ ''سچ کہوں تو پہلے مجھے زہرا کی محبت کا راز

جان کر بہت برا لگا تھا۔ مجھے ایسا لگا جیسے تم نے مجھے بہت بڑا دھوکا دیا ہو، میری پیٹھ میں خنجر گھونپا ہو۔" عبداللہ ہلکے سے مسکرا دیا۔ "اور اب...... اب تمہارے خیالات کیا ہیں، اس بارے میں۔" "اب مجھے ایسا لگا ہے، جیسے تم بھی مجبور ہو، میری طرح، بے حد مجبور۔ میں زہرا کی محبت میں مبتلا ہوں، زہرا تمہارے عشق میں گرفتار ہے۔ تم کسی اور کی چاہت کے حصار میں ہو۔ شاید کبھی کسی کو مکمل جہاں نہیں ملتا۔ لیکن تم نے مجھ سے یہ بات کیوں چھپائی۔ اس میں کیا بھید ہے۔ یہ میں اب بھی نہیں سمجھ پایا۔" عبداللہ نے ایک گہری سی سانس لی...... "سب پہلے سے طے ہوتا ہے ہماری مرضی کہاں چلتی ہے۔ تمہارا اس درگاہ میں آنا، زہرا سے ملنا، محبت کے اس کانٹوں بھرے جنگل سے گزرنا، یہ سب کچھ طے ہی تو تھا، رفتہ رفتہ تمہیں سب کچھ سمجھ میں آجائے گا۔"

عبداللہ نے کچھ ہی دیر بعد مجھے اپنی اور زہرا کی پہلی ملاقات سے لے کر اب تک کی کہانی سنا دی تھی۔ عبداللہ جس یونیورسٹی سے اردو ادب میں ایم اے کر رہا تھا، زہرا بھی اسی یونیورسٹی کی طالبہ تھی۔ لیکن اس کا داخلہ چونکہ کچھ دیر سے ہوا تھا لہٰذا اس کے استاد نے اس کی کلاس کے ایک لڑکے یعنی عبداللہ کو اس کی مدد کے لیے مقرر کر دیا تھا۔ لیکن عبداللہ کے علم اور اس کے شائستہ اطوار نے زہرا کے دل میں کسی اور ہی جذبے کو ہوا دے دی اور وہ تنہا ہی بہتی چلی گئی۔ پھر شاید زہرا نے روایتی حجاب، یا پھر اپنے حسن کے بھرم میں اقرار کرنے میں کچھ دیر لگا دی۔ عبداللہ کو اپنے والد کی موت کی اطلاع ملتے ہی جلدی میں اپنی ڈگری کے نتیجے کا انتظار چھوڑ کر آبائی گاؤں جانا پڑا، جہاں مقدر نے اس کی راہ میں شادی کے رشتے کی بیڑیاں گاڑ رکھی تھیں۔ پھر ٹرین سے شہر واپس آتے ہوئے ایک اسٹیشن پر اس کی سلطان بابا سے ملاقات ہوگئی اور عبداللہ کی زندگی کا دھارا ہی بدل گیا۔ عبداللہ گھر سے اپنی ایم اے کی ڈگری لے کر اپنی ہی یونیورسٹی میں لیکچررشپ کی وہ نوکری قبول کرنے کے لیے نکلا تھا جس کا انٹرویو کئی ماہ پہلے بڑی تگ و دو کے بعد اس نے پاس کیا تھا۔ لیکن قدرت نے اس کے لیے درگاہ کی یہ نوکری شاید بہت پہلے ہی سے ڈھونڈ رکھی تھی۔ قسمت کا لکھا دیکھئے کہ زہرا کے خوابوں کی کمند بھی کسی درگاہ پر آ کر ٹوٹنی تھی۔ وہ پہلے ہی عبداللہ کے یوں بنا بتائے غائب ہو جانے سے بے حال تھی۔ کسی سہیلی نے مشورہ دیا کہ اس درگاہ کے بارے میں بہت سن رکھا ہے کہ یہاں مانگی جانے والی منت کبھی رد نہیں ہوتی۔ لیکن زہرا کیا جانتی تھی کہ وہ جس منت کی تلاش میں درگاہ کے تپتے صحن میں پہلی مرتبہ قدم رکھ رہی ہے وہ منت خود سر جھکائے کسی اور دعا کے لیے وہاں سجدے میں پڑی ملے گی۔ عبداللہ اور زہرا کی نظریں ملیں اور زہرا کا سب کچھ ایک بار پھر ہمیشہ کے لیے لٹ گیا۔ عبداللہ کا حلیہ بالکل بدل چکا تھا۔ چہرے پر کلین شیو کی جگہ گھنی داڑھی نے لے لی تھی اور جدید تراش کے لباس کے بدلے اب وہ سادہ سفید کرتے، شلوار میں ملبوس تھا۔ ابھی زہرا اپنی پہلی حیرت کے صدمے ہی سے باہر نہیں نکلی تھی کہ اس کے سر پر دوسری قیامت بھی ٹوٹ پڑی۔ عبداللہ کی شادی کا سن کر تو وہ بالکل ہی ڈھے گئی اور بس، وہ دن اور آج کا دن، اس نے پھر پلٹ کر زندگی کی طرف نہیں دیکھا۔ اس کی حیات کا محور تب سے یہی درگاہ اور یہی ایک منت رہ گئی تھی۔

میں حیرت سے عبداللہ کی طرف دیکھتا رہا۔ وہ کتنا خوش نصیب تھا کہ جس کے لیے ایک پری خود زندگی بھر کے لیے اس کڑکتی اور جھلساتی دھوپ میں اپنا کومل وجود اور موی پر پگھلانے کو تیار بیٹھی تھی۔ میں عبداللہ کے فسانے میں اس قدر مگن ہوا کہ مجھے وقت گزرنے کا پتا ہی نہیں چلا۔ میں یہ بھی بھول گیا کہ میرے والدین بھی آج میرے ساتھ آئے ہوئے ہیں۔ سلطان بابا نے کسی زائر کے ہاتھ پیغام بھیجا تو میں چونکا۔ ورنہ شاید خود

میرے لیے اس لمحے وقت اپنی رفتار کھو چکا تھا۔ ہم باہر نکلے تو یہ دیکھ کر مزید حیرت ہوئی مما اور پپا سلطان بابا کے ساتھ اب تک گفتگو میں مشغول تھے۔ جب کہ میرا خیال تھا کہ وہ دونوں میرے طویل انتظار سے اکتا چکے ہوں گے۔ خاص طور پر مما کو تو ایسی جگہوں سے شدید وحشت ہوتی تھی۔ آج بھی وہ صرف میری وجہ سے یہاں آئی تھیں۔ مجھے دیکھ کر سلطان بابا کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ ابھری ''تو تم نے اپنے والدین کو بھی خوب پریشان کیے رکھا۔ زندگی سے ضد کرنا چھوڑ دو میاں...... کچھ صلے اس جہاں کے لیے نہیں ہوتے...... سبھی خواہشیں اس دنیا میں پوری ہونے لگیں تو پھر اگلے جہاں کے لیے کیا باقی رہ جائے گا؟'' میں نے آج تک کبھی سلطان بابا کو جواب نہیں دیا تھا، پر اس وقت میری ذہنی حالت زہرا کے غم کی وجہ سے کچھ ایسی تھی کہ میں خود کو روک نہیں پایا...... ''لیکن کچھ خواہشیں ایسی بھی تو ہوتی ہیں کہ جن کے بدلے دونوں جہاں گروی رکھے جا سکتے ہیں۔'' سلطان بابا چونکے ''...... نہیں...... ایسی کوئی خواہش نہیں، جو وہاں کا بدل ہو...... انسان بڑا جلد باز ہے...... اسے صبر کی عادت نہیں ہے...... جو ملا وہی اس کے لیے ٹھیک ہے...... جو نہیں ملا، اسی میں اس کی بہتری ہے......'' میں چڑ سا گیا۔ ''یہ سب دل بہلانے کے بہانے ہیں۔ میں یہ دعا کیوں نہ مانگوں کہ جو مجھے نہیں ملا، مجھے اس سے ملا دے اور اسی میں میری بھلائی کا سامان بھی پیدا کر دے...... اگر مجھے اس دنیا میں بھیجا گیا ہے تو مجھے زندگی بھی تو میری اپنی مرضی کی ملنی چاہیے۔ میں نے خود تو اس دنیا میں آنے کی خواہش نہیں کی تھی...... جب اس نے بھیجا ہے تو اسے میری چاہتوں کا خیال بھی رکھنا ہوگا، مجھے اگلے جہاں کے صلوں سے کیا واسطہ۔ جو یہاں دے گا...... وہ وہاں بھی نوازے گا۔'' میں جوش جنوں میں نہ جانے کیا کچھ کہہ گیا۔ مما نے گھبرا کر مجھے ٹوکا۔ ''ساحر...... ہوش کرو...... یہ تم سے بڑے ہیں......'' سلطان بابا نے ہاتھ اٹھا کر مما کو خاموش کرا دیا اور میری طرف پلٹے۔ ''اگر صرف دنیا کو قبول کرنا ہے، تب بھی راستہ جنوں سے ہو کر ہی گزرتا ہے...... تم کیا سمجھتے ہو کہ دنیا کی چاہتیں اتنی آسانی سے مل جاتی ہیں بولو...... ہمت ہے خود کو جلا کر بھسم کرنے کی؟'' ''میں ہر امتحان سے گزرنے کے لیے تیار ہوں۔'' ''سوچ لو...... دنیا پانے کے لیے بھی کبھی کبھی سارے عیش و آرام ترک کرنا پڑتے ہیں۔ کہیں راستے میں تھک کر پلٹ تو نہیں جاؤ گے؟'' میں نے شاید زندگی میں پہلی مرتبہ سلطان بابا کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالیں۔ ''آزمائش شرط ہے۔'' سلطان بابا مسکرائے۔ ''ٹھیک ہے...... آزمائے لیتے ہیں...... ہم نے عبداللہ کا تبادلہ کسی اور قصبے میں کر دیا ہے تمہارے جنوں کی پہلی آزمائش یہی ہے کہ جلد از جلد اپنا گھر بار اور یہ عیش و عشرت چھوڑ دو اور اس درگاہ میں بسیرا کر لو۔ تمہیں یہاں لوگوں کی خدمت کے ساتھ ساتھ اپنے گزر بسر کے لیے بھی کوئی مزدوری کرنا ہوگی۔ جیسے عبداللہ کرتا تھا۔ دو دن کے بعد میں اور عبداللہ یہاں سے اپنے سفر پر کوچ کر جائیں گے، تب تک کوئی فیصلہ کر لو لیکن یاد رہے...... تمہارے والدین ماشاءاللہ حیات ہیں...... لہٰذا جو بھی قدم اٹھاؤ، اس میں ان کی رضامندی بہت ضروری ہے۔ ان کی ناراضی کبھی مول نہ لینا۔'' سلطان بابا میرا کاندھا تھپک کر آگے بڑھنے لگے، پھر نہ جانے کیا سوچ کر دوبارہ پلٹے اور میری جانب دیکھ کر ہلکے سے مسکرائے ''اب بھی وقت ہے، گھر جا کر ٹھنڈے دل سے اپنے فیصلے پر غور کرو۔ دنیا خود ملے تو ملے ورنہ اسے پانا چاہو تو یہ انسان سے بھاگتی ہے۔ اس کا حصول بھی بڑا جوکھم ہے۔ کیوں خود کو اس جھمیلے میں ڈالتے ہو۔ تمہیں جو ملا ہے وہ بھی کچھ کم تو نہیں۔ ایک خواہش نہ سہی اور ہزاروں ارمان تو پورے ہو ہی رہے ہیں۔ یاد رکھو، یہ جنوں بھی ہر ایک کو راس نہیں آتا......'' میرے منہ سے خود بخود نکل گیا۔ ''جو اس جنوں میں پڑ جائیں پھر انہیں کسی راس، یا بے راسی کا دھیان ہی کب رہتا ہے...... جو ہوگا دیکھا جائے گا......'' سلطان بابا کچھ دیر تک میری آنکھوں میں کچھ تلاش کرتے رہے۔ مجھے

ان کی آواز بہت دور سے آتی ہوئی محسوس ہوئی۔ ''پھر بھی میری یہی دعا ہے کہ تمہیں یہ جنوں راس آ جائے......'' سلطان بابا آگے بڑھ گئے۔

میرے ماں باپ میرے قریب ہی کھڑے حیرت اور پریشانی سے میرے اور سلطان بابا کے درمیان مکالمہ سن رہے تھے۔ میری نظر عبداللہ کے چہرے پر پڑی جہاں تفکر کی نئی پرچھائیں اپنی جگہ بنا رہی تھیں، مگر میرے دل نے بہت دھیرے سے مجھ سے کہا۔

جو نہ مل سکے، وہی بے وفا
یہ بڑی عجیب سی بات ہے
جو چلا گیا مجھے چھوڑ کر
وہی آج تک میرے ساتھ ہے

❀......❀

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# تعیناتی

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

سلطان بابا نے زہرا کو پانے کے لیے جس کڑے امتحان سے گزرنے کا چیلنج دیا تھا میں اسے صدق دل سے قبول کر چکا تھا۔لیکن انہوں نے اس امتحان میں بیٹھنے کے لیے میرے والدین کی رضامندی کی جو ذیلی شرط لگائی تھی وہ میرے لیے اس آزمائش سے بھی بڑا امتحان تھا۔اس روز درگاہ سے واپسی پر مما اور پاپا دونوں ہی بالکل خاموش، خیالوں میں گم صم سے تھے۔شاید ان دونوں کے ذہن میں بھی یہ سوال کہیں نہ کہیں گردش کر رہا ہوگا کہ ان کا اس قدر نازوں پلا بیٹا انجانے میں سلطان بابا سے بہت بڑی شرط تو لگا آیا ہے لیکن جس کی ساری زندگی مخمل پر کٹی ہو، کیا وہ کبھی ٹاٹ برداشت کر سکتا ہے اور پھر میں تو اکلوتی اولاد کے علاوہ مزاجاً بھی کافی نازک مزاج تھا۔میں نے زندگی میں کبھی کوئی تکلیف، یا مشقت جھیلنا تو دور، اس کا برائے نام سامنا بھی نہیں کیا تھا۔میری ماں کے بقول ''میرا تو رنگ بھی چند لمحوں کی دھوپ سے کملا سا جاتا تھا۔'' تو پھر اس وقت ان کے ذہن میں اٹھتے سوال بھی تو بجا ہی تھے، لیکن میں حتمی فیصلہ کر چکا تھا کہ اب مجھے کیا کرنا ہے۔

گھر کے پورچ میں گاڑی رکتے ہی میں بنا کسی سے کوئی بات کئے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔میری توقع کے عین مطابق ٹھیک آدھے گھنٹے کے بعد کاشف کا فون آ گیا۔''ساحر تمہارا دماغ تو ٹھیک ہے...... میں یہ کیا سن رہا ہوں......'' میں جانتا تھا کہ مما گھر میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلی کال کاشف ہی کو کریں گی۔میری ضد کے سامنے جب بھی مما پاپا ہارنے لگتے تھے تو ایسے میں کاشف ہی ان کا آخری سہارا ہوا کرتا تھا۔ ''بولو نا...... چپ کیوں ہو......؟...... لیکن یاد رکھنا، ہم سب تمہیں اس پاگل پن کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے۔غضب خدا کا...... شہر کا سب سے بڑا کیسونو (Casonova) ساحر رضا ایک درگاہ کا مجاور بننے چلا ہے...... خبردار! جو تم نے اس حماقت کے بارے میں مزید کچھ سوچا بھی تو......؟'' کاشف اپنی رو میں نہ جانے کیا کچھ بولتا گیا۔میں چپ چاپ اس کا لیکچر ختم ہونے کا انتظار کرتا رہا۔اس کی قینچی کی طرح چلتی زبان رکی تو میں نے اسے چھیڑنے کے لیے ایک لمبی سرد آہ بھری۔''وحشی کو سکون سے کیا مطلب...... جوگی کا نگر میں ٹھکانہ کیا......؟'' ''فار گاڈ سیک ساحر...... یہ ساری باتیں صرف کتابوں میں اچھی لگتی ہیں اور پھر تمہارا واحد مقصد تو صرف اور صرف زہرا کو پانا ہی ہے نا......؟ تو اس کے حصول کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں، تمہیں اس کے لیے یہ جوگ لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔'' مجھے کاشف کے ناصحانہ انداز پہ ہنسی آ گئی۔''اچھا...... بھلا وہ کون سے طریقے ہیں...... ذرا میں بھی تو سنوں۔'' ''میری بات مذاق میں مت اڑاؤ ساحر...... تم نے اپنی چند دن کی بے ہوشی کے دوران ہزیان میں بہت سے راز افشا کر دیئے ہیں۔میں جانتا ہوں کہ وہ لڑکی وہاں صرف اس درگاہ کے متولی عبداللہ کے لیے آتی تھی۔آج مجھے آنٹی سے یہ بھی پتا چلا ہے کہ سلطان بابا عبداللہ کو لے کر کسی لمبے سفر پر جا رہے ہیں۔مطلب یہ کہ عبداللہ کی صورت میں تمہارا رقیب زہرا کی نظروں کے سامنے نہیں رہے گا۔مجھے یقین ہے کہ تب تمہاری محبت کا وار ایک نہ ایک دن کارگر ضرور ثابت ہوگا۔زہرا تمہارے پاگل پن کے سامنے زیادہ دن تک مزاحمت نہیں کر پائے

گی۔تم صرف انتظار کرو ساحر...... جلد بازی میں کوئی قدم نہ اٹھانا میری جان...... ہم سب تم سے بے حد پیار کرتے ہیں......'' بولتے بولتے کاشف کی آواز کچھ بھرا سی گئی۔ وہ ایسا ہی تھا جذباتی سا۔ میں نے ماحول بدلنے کے لیے بات بدلی۔ ''خدا کے لیے یہ رونے دھونے کا فریضہ تم مما کے لیے ہی چھوڑ دو...... خبردار جو تم نے میری دوسری ماں بننے کی کوشش کی...... ارے یار تم لوگ سمجھنے کی کوشش کیوں نہیں کرتے...... مجھے سلطان بابا نے ایک چیلنج دیا ہے اور میں صرف اس کسوٹی پر پورا اترنا چاہتا ہوں اور شاید تم بھول رہے ہو، ایسے چیلنج ہم روزانہ ایک دوسرے کو دیا کرتے تھے۔ یاد ہے تمہیں، پچھلے سال ہی ہم نے چولستان کے صحرا میں پندرہ دن بنا کسی گائیڈ کے رہنے کی شرط لگائی تھی اور آخر میں ہم دونوں ہی وہ شرط جیتے تھے۔ یہ بھی ایک ایسی ہی شرط ہے، جس کے تحت مجھے چند دن درگاہ میں رہنا ہوگا۔ تمہارا کیا خیال ہے کہ میں باقاعدہ مجاور بننے کے لیے درگاہ جا رہا ہوں......؟'' دوسری جانب سے کاشف کی مشکوک سی آواز سنائی دی۔ ''میں کیسے مان لوں کہ یہ سارا معاملہ صرف ایک شرط، یا چیلنج کی حد تک ہی رہے گا۔ مجھے تمہارے دیوانے پن سے ڈر لگتا ہے۔'' میرے منہ سے بے اختیار ایک دوسرا مصرعہ نکل گیا۔ ''دیوانوں کی سی نہ بات کرے...... تو اور کرے دیوانہ کیا؟'' کاشف ہنس پڑا۔ ''تم کبھی نہیں سدھرو گے ساحر...... بہرحال میری تشویش کافی حد تک دور ہوگئی ہے۔ لیکن فی الحال مجھے آنٹی کی تشویش دور کرنی ہے، وہ اور انکل تمہارے اس نئے ایڈونچر کی وجہ سے بے حد پریشان ہیں۔'' میں نے کاشف کو جھاڑا۔ ''زیادہ چمچہ گیری کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔ ہو سکے تو مما پپا کو بھی میرا نقطہ نظر اسی طرح سمجھانے کی کوشش کرنا، جیسے میں نے ابھی تمہیں بتایا ہے اور خبردار، جو اپنی طرف سے ذرا سی بھی کوئی افلاطونی جھاڑنے کی کوشش کی تو!'' کاشف نے ہنستے ہوئے فون رکھ دیا۔ میں نے کاشف کو تو کسی نہ کسی طور سمجھا دیا تھا، لیکن میں یہ بھی اچھی طرح جانتا تھا کہ اپنے والدین کو سمجھانا کس قدر مشکل مرحلہ ہوگا۔

اس رات نہ جانے کیوں مجھے عینی بہت ٹوٹ کر یاد آئی۔ وہ بھی تو میرے لیے اسی آگ میں جلتی رہی تھی، جس میں آج میں زہرا کے لیے جل رہا تھا۔ مجھے یاد آیا کہ کینیڈا کا اسکالرشپ لینے سے پہلے وہ درگاہ کی سیڑھیوں پر مجھ سے آخری بار ملی تھی تو کس قدر کرچی کرچی تھی وہ...... میں اس وقت اس کے جذبے کی کاٹ کو محسوس نہیں کر پایا تھا، لیکن آج جب خود میرے اوپر یہ قیامت گزر رہی تھی تو مجھے اس کی ہر بات یاد آ رہی تھی۔ میں جانتا تھا کہ وہ خود تو کبھی مجھے بددعا نہیں دے سکتی تھی، لیکن شاید کبھی کبھی خدا جذبوں کو بھی دعا، یا بددعا دینے کا اختیار دے دیتا ہے اور شاید آج میری اس حالت کے پیچھے بھی عینی کے کسی ایسے ہی جذبے کی بددعا کا عمل دخل تھا۔ کوئی ایسا جذبہ جس کے آبگینے کو میری لاپرواہی سے ٹھیس لگی ہوگی۔ اگلی صبح بے حد بوجھل تھی۔ ناشتے کی میز پر مما کی آنکھیں صاف چغلی کھا رہی تھیں کہ وہ رات بھر نہیں سوئی۔ پپا بھی چپ چپ سے تھے اور پھر بالآخر انہوں نے ہی یہ خاموشی توڑی۔ ''ساحر بیٹا، تمہاری مما تمہارے اس فیصلے سے بے حد ڈسٹرب ہیں۔ میں تو کہتا ہوں بیٹا اس بزرگ کی بات کو اتنا سیریس لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ میں نے ابھی ہمت نہیں ہاری ہے۔ ہم ایک بار پھر زہرا کا رشتہ لے کر جائیں گے اور مجھے امید ہے کہ جلد، یا بدیر ہم انہیں منا ہی لیں گے اور اس کے لیے تمہیں کسی بھی شرط وغیرہ کے چکر میں پڑنے کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں ہے۔'' میری توقع کے مطابق کاشف نے بہت تفصیل سے مما پپا سے بات کی تھی۔ ''کیوں پپا...... کہیں آپ دونوں کو یہ ڈر تو نہیں کہ اس درگاہ میں رہتے رہتے کہیں میرا من بھی مذہب کی طرف متوجہ نہ ہو جائے اور فرض کریں، اگر ایسا ہو بھی گیا تو اس میں برائی ہی کیا ہے؟ مجھے تو یہ سودا دونوں طرف سے فائدے کا ہی لگتا ہے۔ آخر ہم سب مذہب سے

اس قدر خوف زدہ کیوں رہتے ہیں۔ یہ کیا آسیب ہے جس کا ڈر ساری زندگی ہمارے اردگرد بھٹکتا رہتا ہے اور ہم تمام عمر اس سے بھاگتے ہی رہتے ہیں۔ کیوں ایک بار رک کر، پلٹ کر اس چیز کا سامنا نہیں کر لیتے۔ آخر مذہب ہم سے ہمارا کیا چھین لے گا؟" مما اور پپا نے آج تک کبھی میرے منہ سے اس قسم کی باتیں نہیں سنی تھیں۔ وہ دونوں ہی حیرت زدہ سے بیٹھے تھے۔ پپا نے ایک لمبی سی سانس لی۔ "ہاں..... شاید ہم خوف زدہ ہیں، ہر اس چیز سے جو تمہیں ہم سے دور لے جا سکتی ہو۔ پھر چاہے وہ مذہب ہی کیوں نہ ہو اور اکلوتی اولاد کے ماں باپ ہونے کے ناطے، یہ خوف ہمارا حق ہے اور یہ حق ہم سے ہمارا مذہب بھی نہیں چھینتا، شاید اسی لیے اس بزرگ نے تمہیں بھی یہ حق یاد دلایا تھا۔" مما بولیں تو ان کی آواز کچھ بھرائی ہوئی تھی۔ "اور پھر بیٹا..... یہ تو پاگل پن ہے کہ صرف ایک لڑکی کے حصول کے لیے تم دنیا کے باقی سبھی رشتوں کو بھلا دو..... کیا ہم تمہارے کچھ نہیں لگتے؟" "آپ دونوں میرے لیے دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر ہو، لیکن میری روح کے دھاگے قدرت نے اس لڑکی سے باندھ دیئے ہیں مما..... میرا دم اس کے بغیر گھٹتا ہے۔ اگر یہ ناانصافی ہے تو یقین کریں کہ میرا اس میں کوئی قصور نہیں ہے۔ سارا قصور اس جذبے کا ہے، اس جذبے کی شدت کا ہے، جس نے میری روح کو اس کا قیدی بنا دیا ہے۔ آپ بتائیں میں کیا کروں؟ کہاں جاؤں؟"

وہ دونوں ہی چپ چاپ لاجواب سے بیٹھے رہے۔ اتنے میں ڈاکٹر یزدانی کا فون آ گیا۔ انہوں نے مجھ سے بات کر کے اپنی کلینک آنے کا کہا۔ شاید کچھ مزید ٹیسٹ وغیرہ کرنا چاہتے تھے۔ پہلے تو میں نے ٹالنا چاہا، پھر مما اور پاپا کا موڈ دیکھ کر ہامی بھر لی۔ پپا نے ڈرائیور کو گاڑی نکالنے کا کہا اور ہم سبھی ڈاکٹر کے کلینک چل پڑے، جہاں سے کافی دیر بعد ہماری واپسی ہوئی۔ واپسی پر سارے راستے مما پپا سے میری بحث جاری رہی وہ دونوں کسی صورت مجھے اجازت دینے پر راضی نہیں تھے۔ مما تو باقاعدہ رو رہی تھیں۔ "ساحر..... تم ہوش میں تو ہو..... اتنا پڑھ لکھ کر تم اس درگاہ کی نوکری پر لگ جاؤ گے..... لوگ کیا کہیں گے؟" "آپ کو لوگوں کی فکر ہے، یا اپنے بیٹے کی اور پھر مجھے ویسے بھی تو ماسٹرز کے لیے انگلینڈ جانا ہی تھا۔ آپ یہی سمجھے گا کہ میں اعلیٰ تعلیم کے لیے گھر سے باہر ہوں..... بلکہ وہاں سے تو ویک اینڈ اور عید وغیرہ پر گھر آنا بھی ناممکن تھا، جب کہ یہاں سے میں آسانی سے آپ سے ملنے آ سکتا ہوں۔ آپ کو میری دوری محسوس بھی نہیں ہوگی۔" "کم آن ساحر" اب پپا کی باری تھی۔ "انگلینڈ سے ماسٹرز کرنے اور ایک درگاہ کا متولی بن کر رہنے میں بہت فرق ہے۔ ہم تمہیں مولوی نہیں، ایم بی اے بنانا چاہتے ہیں۔" گھر میں بھی یہی بحث جاری رہی۔ "دنیا کے سبھی والدین یہ کیوں چاہتے ہیں کہ ان کا بیٹا پڑھ لکھ کر ڈاکٹر، انجینئر، یا پائلٹ ہی بنے؟ میں وہاں مولوی بننے نہیں جا رہا، کیونکہ شاید لغت میں یہ لفظ جن کے لیے موجود ہے، وہ بہت باعلم اور بڑے لوگ ہوتے ہیں۔ میں تو صرف اپنی غرض کے لیے یہ راستہ اختیار کر رہا ہوں۔ لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ دنیا کے کوئی بھی والدین اپنی مرضی سے اپنے کسی ایک بچے کو بھی دین کی راہ پر کیوں نہیں ڈالتے۔ آپ کے ذہن میں مولوی کا جو تاثر ہے، وہ بھی کسی ایسے انسان ہی کا ہے، جو زندگی میں اور کچھ نہیں کر پاتا تو اس نے یہی کام بطور پیشہ اختیار کر لیا۔ پھر ہمیں گلہ کس بات کا ہے؟ جب ہم اپنی اولادہی کو اس راستے پر چلنے کی اجازت نہیں دیتے تو پھر جو اس خدمت میں مشغول ہیں، ان کی کم علمی پر پتھر اچھالنے کا بھی بھلا ہمیں کیا حق ہے؟ پاپا زچ ہو گئے۔ "لیکن ہماری سوسائٹی اسے قبول نہیں کر پائے گی۔" "سوسائٹی کے قانون ہم خود بناتے ہیں پپا..... آپ نے ساری عمر میں اتنا کما لیا ہے کہ اگر آپ کی اگلی سات نسلیں بھی بیٹھ کر کھاتی رہیں تو یہ دولت ختم نہیں ہوگی، لیکن مجھے اپنے آپ کو پانے کا موقع شاید یہ زندگی

دوبارہ کبھی نہ دے...... مجھے اس راہ پر چلنے دیں...... اگر یہی میرا مقدر ہے تو مجھے اسے جھیلنے دیں...... آپ جانتے ہیں کہ اگر میں اس گھر میں قید رہا تو میری روح ہمیشہ کے لیے دو ٹکڑوں میں تقسیم ہو جائے گی۔ مجھے اپنے دل اور دماغ کی یہ جنگ لڑ لینے دیں۔ جیت دل کی ہو، چاہے دماغ کی...... اصل فاتح آپ کا بیٹا ہی ہوگا۔''

میں مما پپا کو شش و پنج میں چھوڑ کر اپنے کمرے میں چلا آیا۔ ساری رات مما اور پپا کے زور زور سے بولنے کی آوازیں آتی رہیں۔ لیکن میں جانتا تھا کہ میری حالت کے پیش نظر پپا آخر کار مما کو منا ہی لیں گے اور پھر یہی ہوا، صبح جب میں ناشتے کی میز پر پہنچا تو مما کی آنکھیں سوجی ہوئی تھیں، شاید وہ رات بھر روتی رہی تھیں۔ میں نے ان کا دل بہلانے کے لیے بات شروع کی ''آپ جانتی ہیں کہ اگر آپ یونہی روتی رہیں تو میں جا نہیں پاؤں گا...... سلطان بابا کی لگائی ہوئی شرط کا فائدہ اٹھا رہی ہیں کیا؟'' ان کے ہونٹوں پر دھیمی سی مسکراہٹ ابھری۔ ''بہت ضدی ہو ساحر...... لیکن ایک وعدہ کرنا ہوگا کہ ہر ہفتے گھر آؤ گے اور ہمارا بھی جب کبھی دل چاہے گا، ہم تم سے ملنے وہاں آسکیں گے...... خدا کرے تمہارا یہ جنون جلد ختم ہو...... مجھے تمہاری بہت فکر رہے گی۔'' اور پھر مما پپا کی ایسی بہت سی فکروں اور ان دونوں کی بھیگی پلکوں کے سائے میں، میں گھر سے رخصت ہو گیا۔ وہ دونوں مجھے درگاہ تک چھوڑنے کے لیے آنا چاہتے تھے، لیکن میں نے بڑی مشکل سے انہیں گھر ہی میں روک دیا۔ میں جانتا تھا کہ مما کا دل بہت نازک ہے اور وہ زیادہ دیر اپنے فیصلے پر قائم نہیں رہ پائیں گی۔ سلطان بابا کی شرط کے مطابق میں گھر سے خالی ہاتھ ہی نکلا تھا۔ درگاہ کے صحن میں قدم رکھا تو سلطان بابا اور عبداللہ کو سفر کے لیے تیار پایا۔ سلطان بابا نے غور سے مجھے دیکھا ''...... ہاں میاں...... اپنے والدین کی اجازت سے آئے ہونا......'' ''جی ہاں...... بڑی مشکل سے اجازت ملی ہے، لیکن آ گیا ہوں......'' عبداللہ مسکرایا۔ ''میں جانتا تھا...... تم ضرور آؤ گے...... آؤ میں تمہیں کچھ ضروری باتیں سمجھا دوں۔'' عبداللہ نے کچھ ہی دیر میں مجھے تمام معمولات سے آگاہ کر دیا اور پھر اتنے میں ان کے جانے کا وقت بھی ہو گیا۔ سلطان بابا جاتے جاتے رکے اور میرے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر بولے ''پہلا پڑاؤ تو تم نے کامیابی سے طے کر لیا۔ ثابت قدم رہے تو اپنی مراد بھی پالو گے ایک دن...... جیتے رہو......'' عبداللہ نے جاتے ہوئے مجھے زور سے گلے لگا لیا۔ میں نے اس کا ہاتھ تھام کر کہا۔ ''سچ تو یہ ہے کہ میں اندر سے اب تک دو حصوں میں بٹا ہوا ہوں۔ دعا کرنا کہ میں یہ ذمہ داری ٹھیک طرح سے سرانجام دوں، کہیں میرے قدم نہ لڑکھڑا جائیں......'' عبداللہ نے میرا ہاتھ زور سے تھام لیا اور مسکرا کر بولا۔ ''گرتے ہیں شہسوار ہی میدان جنگ میں۔'' پھر آگے بڑھتے بڑھتے اسے جیسے کوئی ضروری بات یاد آ گئی۔ اس نے جلدی سے اپنے کرتے کی جیب سے ایک پرچی نکالی اور میرے ہاتھ میں تھما دی۔ میں ایک ضروری بات تو تمہیں بتانا بھول ہی گیا تھا۔ سلطان بابا نے تمہارا اپنا نام رکھ دیا ہے۔ ویسے ہی جیسے میرا رکھا گیا تھا، جب میں یہاں پر آیا تھا۔ اس پرچی پر لکھا ہے، ہمارے جانے کے بعد دیکھ لینا۔ لوگ اب تمہیں اس نام سے پکاریں گے یہاں......'' یہ اک نئی حیرت تھی میرے لئے۔ ''کیا؟ یہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ کیا یہاں آنے سے پہلے تمہارا کچھ اور نام تھا...... کیا نام تھا تمہارا......'' ''عدنان...... عامر عدنان نام تھا، پہلے میرا...... اچھا اب چلوں...... سلطان بابا بہت دیر سے دروازے پر کھڑے ہیں...... نئی جگہ پر پہنچ کر خط لکھوں گا...... اپنا خیال رکھنا...... فی امان اللہ''

عبداللہ مجھے گلے لگا کر آگے بڑھ گیا اور میں جانے کتنی دیر حیرت میں ڈوبا، گم صم وہاں کھڑا رہا...... ڈھلتے سورج کی ڈوبتی کرنوں میں دور

نیچے ساحل کے آخری کنارے پر میں نے عبداللہ اور سلطان بابا کے ہیولے کو آخری بار اوجھل ہوتے ہوئے دیکھا۔ تب ہی اچانک مجھے اپنے ہاتھ میں پکڑی کاغذ کی اس پرچی کا خیال آیا، جو جاتے وقت عبداللہ مجھے دے گیا تھا۔ کچھ عجب سی کیفیت میں لرزتے ہاتھوں سے وہ پرچی کھولی۔ پرچی پر لکھا ہوا نام میری ہتھیلی کے پسینے سے بھیگ کر پھیلنے لگا تھا، میرے ذہن میں جیسے ایک ساتھ ہی کئی جھکڑ سے چلنے لگے۔ پرچی پر اپنا نیا نام دیکھ کر میرے قدم لڑکھڑا سے گئے، میرا نیا نام تھا...... ''عبداللہ''

❁......❁

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com

# عبداللہ

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

میں جانے کتنی دیر سے اپنے نام کی پرچی ہاتھ میں لئے، اپنے آس پاس چلتی غیر مرئی سی آندھیوں کے شور میں وہیں درگاہ کے صحن میں کھڑا تھا۔ سلطان بابا اور عبداللہ کو گئے بہت دیر ہو چکی تھی اور اب رات کا اندھرا دھیرے دھیرے درگاہ کو اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا۔ سلطان بابا نے آج سے میری ایک نئی شناخت تجویز کر دی تھی۔ اب میں ساحر نہیں عبداللہ تھا۔ مجھ سے پہلے یہاں کوئی اور عبداللہ تعینات تھا۔ گویا حاکم بابا اور سلطان بابا بھی اصل میں حاکم اور سلطان نہیں تھے، ان کے اصل نام بھی کبھی کچھ اور ہوں گے اور پھر وہ بھی یونہی عبداللہ کے عہدے سے ترقی کر کے پہلے حاکم اور پھر سلطان بنے ہوں گے......؟ عہدوں کا یہ سلسلہ کہاں جا کر ختم ہوتا ہوگا......؟ میں جس قدر سوچتا رہا، اسی قدر الجھتا چلا گیا۔ لیکن میں تو یہاں چند دن کے لیے عارضی طور پر آیا تھا اور میرا مقصد صرف اور صرف زہرا کا حصول تھا۔ مجھے تو زہرا کو پاتے ہی اپنی اصل دنیا کی جانب لوٹ جانا تھا، تو پھر سلطان بابا نے اس عارضی مقصد کو پانے کے لیے میری باقاعدہ ''عبداللہ'' کے عہدے پر تعیناتی کیوں کر دی تھی......؟ کیا اس دکھاوے کا مقصد بھی کہیں اس سنگ مرمر کی مورت کو پگھلانا تو نہیں تھا؟

کتاب گھر کی پیشکش

رات اب باقاعدہ اور پوری طرح سے تمام ساحل پر اپنے پنجے گاڑھ چکی تھی۔ درگاہ میں بجلی کا انتظام نہیں تھا۔ میں نے عبداللہ کی دی ہوئی ہدایات کے مطابق درگاہ میں رکھے ہوئے چند مٹی کے چراغ روشن کر دیئے۔ انہی ہدایات میں یہ بات بھی کہیں درج تھی کہ مٹی کے ان دیوں کے لیے تیل خریدنے کا اہتمام بھی مجھے اپنی مزدوری کے پیسوں ہی سے کرنا تھا۔ فی الحال، کچھ تیل ان چراغوں میں باقی تھا۔ دفعتاً تنہائی اور اداسی کی ایک بھرپور لہر نے میرے پورے وجود کو جیسے لرزا سا دیا۔ مجھے اپنے والدین، دوست، رنگین زندگی کی رومانی شامیں اور مدہوش سی راتیں بری طرح یاد آنے لگیں۔ مجھے یاد آیا کہ اس وقت اگر کبھی میں خوش قسمتی سے گھر میں موجود ہوتا تھا تو مما کیسے بھاگ بھاگ کر کچن میں کک کو میرے لیے مختلف ڈشز تیار کرنے کا حکم دیتی رہتی تھیں، پاپا جلدی سے شطرنج کی بازی جما لیتے تھے اور ان کی ہمیشہ کوشش رہتی کہ وہ مجھ سے جیتنے کے بجائے ہارتے جائیں۔ نہ جانے انہیں مجھ سے ہارنے میں اتنا لطف کیوں آتا تھا؟ میں اپنی ساری دنیا تیاگ کر، اس اندھیری رات میں یہاں اس ویران درگاہ میں کیا کر رہا تھا......؟ یہ میں نے کیسا سودا کر لیا تھا؟ یہ سب کچھ سوچ کر دل جیسے کٹنے سا لگا۔ جتنی تنہائی اور اداسی میں نے درگاہ کی اس پہلی رات میں اپنی روح کے اندر اترتی محسوس کی، ویسی تو کبھی زندگی بھر نہیں جھیلی تھی۔ کہتے ہیں، رات کا فسوں ہر چیز کی حقیقت کو اس کی اصل شدت سے کہیں زیادہ ابھار کر پیش کرتا ہے۔ شاید میرے ساتھ بھی ڈھلتی رات کا جادو ہی کھیل، کھیل رہا تھا۔ میں بہت دیر تک درگاہ کی بیرونی دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر دور شور مچاتے ساحل کو دیکھتا رہا۔ کنارے سے کچھ فاصلے پر ایک بحری جہاز میری طرح تنہا سمندر کی لہروں پر ڈول رہا تھا۔ دور سے جب اس کی ٹمٹماتی بتیاں لحہ بھر کو چمکتیں تو مجھے ایسا لگتا کہ جیسے وہ بھی حیرت سے میری جانب دیکھ رہی ہیں کہ یہ ''بنجارہ'' اس ویرانے میں اکیلا بیٹھا کیا کر رہا ہے؟ ایسے ہی نہ جانے کتنے خیالات کی یلغار میں

رات کے کسی پہر میری آنکھ لگ گئی اور پھر اچانک ہی مجھے یوں لگا، جیسے کسی نے دھیرے سے میرا کاندھا چھوا ہو۔ میں نے جھٹکے سے پلکیں کھولیں تو صبح ہونے کو تھی۔ کوئی شخص میرے قریب بیٹھا میرا کاندھا ہلا رہا تھا۔ ''اٹھ جاؤ بھائی...... نماز کا وقت ہونے والا ہے۔'' کچھ دیر تو مجھے سمجھ ہی نہیں آیا کہ میں کہاں ہوں۔ میں نے گھبرا کر سامنے بیٹھے شخص کو دیکھا جو اپنے حلیے سے مقامی مچھیرا لگتا تھا۔ وہ پھر گویا ہوا ''نماز کھڑی ہونے والی ہے...... اٹھ جاؤ......'' میں نے اس کے اشارے کے تعاقب میں نظر دوڑائی تو درگاہ کے بالکل سامنے والی چٹان پر پتھر کی ایک چھوٹی سی مسجد بنی ہوئی تھی۔ مجھے یاد آیا کہ سلطان بابا کے احکامات میں سے ایک حکم پانچوں وقت کی نماز پڑھنے کا بھی تھا، لیکن مجھے تو نماز پڑھے جانے کتنے سال گزر چکے تھے۔ سچ تو یہ ہے کہ مجھے اس وقت فجر کی نماز کی پوری رکعتیں بھی یاد نہیں تھیں۔ بہر حال میں نے جلدی سے اٹھ کر منہ پہ پانی کے چند چھینٹے مارے۔ بھلا ہو ان چند نمازیوں کا جو مسجد کے باہر بنے چھوٹے سے حوض کے کنارے وضو کر رہے تھے، تو میں نے بھی انہی میں سے ایک کے قاعدے کو پوری طرح نقل کیا اور مسجد میں داخل ہو گیا۔ میرے ساتھ دو نمازی اور بھی مسجد میں داخل ہوئے تھے اور دونوں ہی نے جلدی سے شاید سنتوں کی نیت باندھ لی۔ میں نے بھی انہی کی تقلید کی اور ان کے ساتھ ہی سلام پھیر دیا۔ کچھ ہی دیر میں مولانا صاحب بھی تشریف لے آئے اور جماعت کھڑی ہو گئی۔ انہوں نے جب پہلی رکعت شروع کی تو مجھے دھیرے دھیرے بچپن میں اپنے اسلامیات کے ٹیچر کی حفظ کروائی ہوئی نماز اور سورتیں یاد آنے لگیں۔ کتنی عجیب بات تھی، ہم مذہب کو چاہے کتنا بھی بھلا دیں...... مذہب نہیں بھلاتا۔ وہ کسی میٹھی یاد کی طرح ہمارے دل کی نہاں خانوں میں کہیں نہ کہیں چھپا رہا ہے۔ جب تک مولانا صاحب نے سلام پھیرا، میرے ذہن اور دل کے تمام دریچے وا ہو چکے تھے۔ مجھے بہت کچھ یاد آ چکا تھا۔

نماز کے بعد وہ نورانی چہرے والے امام ہماری طرف پلٹے اور کھنکار کر کہنے لگے۔ ''ہاں بھئی ساتھیو...... تو کل ہم نے درس کہاں ختم کیا تھا۔'' مقتدیوں میں سے ایک نے جلدی سے لقمہ دیا۔ ''مولانا صاحب...... آپ حضرت سلیمان علیہ السلام کے قصے تک پہنچے تھے۔'' پیش امام نے ایک لمبا سا ہنکارا بھرا اور غور سے ہم سب کی طرف دیکھا۔ ''ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا دربار لگا ہوا تھا، سبھی درباری مؤدب بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک شخص نہایت گھبرایا ہوا سا ان کے دربار میں حاضر ہوا۔ اس کے چہرے پر ہوائیاں سی اڑ رہی تھیں۔ وہ آتے ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کے قدموں میں گر گیا کہ اس نے ابھی ابھی حضرت عزرائیل علیہ السلام یعنی ملک الموت کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے دربار کے باہر دیکھا ہے اور اسے یقین ہے کہ وہ اسی کی روح قبض کرنے کے لیے آج یہاں آئے ہیں، لہٰذا اس کی گزارش ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام ہواؤں کو حکم دیں کہ فوراً اسے اپنی طاقت سے اڑا کر دنیا کے دوسرے کونے میں پہنچا آئیں۔ ساتھیو، آپ تو جانتے ہیں کہ خدا نے حضرت سلیمان علیہ السلام کو بڑی طاقت عطا کی تھی۔ تمام جنات، ہوائیں، سب چرند پرند، حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع تھے، تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے فریادی کی فریاد قبول کر لی اور ہوا کو حکم دیا کہ اس شخص کو پل بھر میں دنیا کے آخری سرے تک پہنچا آئے۔ ہوا نے حکم کی تعمیل کی اور ابھی دربار لگا ہی ہوا تھا کہ حضرت عزرائیل علیہ السلام بھی کسی بھیس میں اس دربار میں آ پہنچے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے بطور مزاح ان سے پوچھا کہ ''کیوں حضرت...... آج تک اتنی جانیں قبض کی ہیں، کبھی کچھ مشکل بھی پیش آئی......؟'' حضرت عزرائیل علیہ السلام نے جواب دیا ''ہاں آج ایک عجیب واقعہ ہوا، جس نے کچھ دیر کے لیے تو مجھے بھی سوچ میں ڈال دیا۔ ہوا یہ کہ آج مجھے دنیا کے دوسرے سرے پر ایک شخص کی روح قبض کرنے کا حکم ملا تھا، لیکن ابھی چند

لمحے پہلے میں نے جب اسی شخص کو آپ کے دربار کے باہر دیکھا تو میں خود بھی متزلزل ہو گیا کہ یہ شخص تو یہاں موجود ہے، جب کہ میری فہرست کے مطابق مجھے یہاں سے ہزاروں میل دور اسے بے جان کرنا تھا۔ لیکن ایک لمحہ پہلے جب میں اس مقام پر پہنچا، جہاں اس شخص کا آخری سانس لکھا تھا تو وہ وہاں مجھ سے پہلے موجود تھا...... سچ ہے...... خدا کے کام خدا ہی جانے......'' مولانا صاحب نے قصہ ختم کر کے تمام نمازیوں کی طرف دیکھا، جو سبھی دم سادھے مؤدب بیٹھے تھے۔ انہوں نے سب سے سوال کیا۔ ''ہاں تو ساتھیو...... اس واقعے سے آپ کو کیا سبق ملا......؟ یہی نہ کہ موت سے کسی کو رخصت نہیں۔ ہر ذی نفس کو اس کا ذائقہ چکھنا ہوگا۔ چاہے انسان کتنی ہی تدبیر کیوں نہ کر لے، تقدیر پھر بھی اٹل ہے اور یہ بھی طے ہے کہ جس کی موت جہاں آنی ہے، قدرت اسے خود وہاں پہنچا دیتی ہے اور تب تک موت خود زندگی کی حفاظت کرتی رہتی ہے......'' سب نمازیوں نے زور سے سر ہلا کر مولانا صاحب کی باتوں کی تائید کی۔ یہ آس پاس کی بستیوں کے چند مچھیرے تھے جو روز صبح سویرے سمندر کی طرف نکلنے سے پہلے نماز فجر کی ادائیگی کے لیے یہاں جمع ہوتے تھے۔ مولانا صاحب نے درس ختم کرتے ہوئے اختتامی کلمات کہے ''اور اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ قدرت نے جب جس سے، جہاں، جو کام لینا ہوتا ہے...... اسے کسی نہ کسی بہانے وہاں کھینچ لے جایا جاتا ہے۔ وہ کہتے ہیں نا...... جب جب، جو جو، ہونا ہے، تب تب، سو سو ہوتا ہے......'' مجھے حیرت کا ایک جھٹکا سا لگا...... بالکل ایسی ہی بات عبداللہ نے تب کہی تھی جب میں زہرا کی تلاش میں دوسری مرتبہ درگاہ آیا تھا۔ سبھی نمازی ایک ایک کر کے پیش امام صاحب سے مصافحہ کرتے ہوئے مسجد سے نکلتے گئے۔ میں نے بھی اسی روایت کی تقلید میں انہیں سلام کیا اور واپسی کے لیے قدم مسجد کے دروازے کی جانب بڑھائے ہی تھے کہ دفعتاً پیچھے سے پیش امام صاحب کی آواز ابھری ''عبداللہ بیٹا...... تم ذرا رکو...... مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے......'' میں نے ان جانے میں فوراً پلٹ کر ان کی نظروں کے تعاقب میں دیکھا کہ جیسے وہ ''عبداللہ'' ہی سے مخاطب ہوں، لیکن میری حیرت اس وقت دو چند ہوگئی جب مجھے یہ پتا چلا کہ ان کا مخاطب ''میں'' ہوں۔ مجھے زندگی میں پہلی مرتبہ کسی نے سلطان بابا کے دیئے ہوئے نام سے پکارا تھا، لہٰذا میرا چونکنا تو فطری تھا، لیکن انہیں کیسے علم ہوا کہ میرا نام عبداللہ ہے۔ وہ میری حیرت کو بھانپ گئے اور مسکرا کر بولے۔ ''تمہاری حیرت بجا ہے۔ دراصل پچھلے عبداللہ نے جاتے ہوئے خود مجھے بتایا تھا کہ اس کا کوئی دوست اس کی جگہ لینے آ رہا ہے اور سلطان بابا نے اس کا نام بھی ''عبداللہ'' ہی تجویز کیا ہے...... آؤ...... یہاں بیٹھ جاؤ......''

میں ایک حیرت آمیز الجھن لئے، ان کے سامنے بیٹھ گیا۔ عبداللہ نے مجھ سے تو کبھی ان کا ذکر نہیں کیا تھا۔ پھر یہ صاحب میرے بارے میں اس قدر تفصیل سے کیسے جانتے تھے۔ میرے دل میں کئی سوال مچلے، لیکن میں احتراماً چپ رہا۔ پھر انہوں نے خود ہی باتوں کا سلسلہ جوڑا۔ ''میرا نام مولوی خضرالدین ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے اس مسجد کی امامت کر رہا ہوں۔ تم سناؤ...... کیسی گزر رہی ہے...... کوئی تکلیف تو نہیں ہے یہاں؟'' ''نہیں...... ایسی کوئی خاص تکلیف تو نہیں ہے...... ایک آدھ دن میں عادی ہو جاؤں گا، اس ماحول کا......'' ''ہاں میاں...... عادت پڑ ہی جاتی ہے...... بات بس خود کو ڈھالنے کی ہے...... تم نے اپنے گزر بسر کے بارے میں کیا سوچا ہے...... درگاہ میں کچھ کھانے پینے کو بھی موجود ہے کہ نہیں......؟'' مطلب یہ کہ عبداللہ نے انہیں کافی تفصیل سے میرے بارے میں بتا رکھا تھا۔ ''جی...... کچھ سامان عبداللہ چھوڑ گیا ہے...... ایک آدھ دن گزارہ ہو جائے گا...... پھر سوچوں گا کہ آگے کیا کرنا ہے۔'' ''نہیں میاں...... آج کا کام کل پر کیوں چھوڑتے ہو...... میری مانو تو آج ہی سے کام

پر لگ جاؤ......'' مولانا صاحب مجھ سے باتیں کرتے ہوئے ایک آدھ بار اٹھ کر مسجد کے اندر ہی بنے اپنے حجرے میں بھی گئے اور پھر کچھ ہی دیر میں مسجد کے چھوٹے سے کمرے میں چائے کی سوندھی خوشبو پھیلنے لگی۔ ان کے حجرے کا ایک دوراز مسجد کے اندرونی کمرے میں بھی کھلتا تھا اور کچھ ہی دیر میں وہ ایک چھوٹی سی ٹرے میں ایک چائے دانی، دو کپ اور شاید رات کی بچی ہوئی روٹی کے کچھ ٹکڑے لیے چلے آئے۔ میں ان کے اس اچانک تکلف پر کچھ ایسا بوکھلایا کہ جلدی میں کچھ کہہ بھی نہیں سکا اور بس ''ارے......ارے......'' ہی کرتا رہ گیا۔ مولوی خضر ہلکے سے مسکائے ''بھئی تمہیں تو شاید یہ پسند نہ آئے...... پر ہمارا تو روز کا یہی ناشتا ہے...... آج تم بھی گزارہ کر لو۔ کل سے اپنی پسند کا بنا لینا......'' میں نے حیرت سے ان کی طرف دیکھا۔ ''آپ اپنا ناشتا خود ہی بناتے ہیں...... میرا مطلب ہے کہ......'' ''ہاں میاں...... چھڑا بندہ اپنا سامان خود تیار نہ کرے تو کیا کرے......'' وہ ہنس کر بولے ''اکیلا رہتا ہوں...... شادی وغیرہ کے جھمیلے میں نہیں پڑا۔ ماں باپ عرصہ ہوا، اللہ کو پیارے ہو چکے...... اب تو خود اپنا بھی چل چلاؤ ہے......'' ہم چائے پیتے ہوئے باتیں کرتے رہے۔ ''ہاں تو میں کہہ رہا تھا کہ تم چاہو تو آج ہی سے اپنا کام شروع کر سکتے ہو۔ ابھی کچھ دیر میں نیچے ساحل پر سیپیوں اور گھونگھوں کا بازار لگے گا، تم پچاس روپے کی چھوٹی ناکارہ سیپیاں خرید لینا اور پھر قریبی بستی کے اتوار بازار میں بیچ آنا۔ اس روز وہاں زائرین کا بھی خاصا ریلا ہوتا ہے۔ تمہیں ضرور بیس پچیس روپے کا فائدہ ہو جائے گا اور اتنے پیسے تمہاری روزانہ کی گزر بسر اور درگاہ کے چراغوں کے تیل کے لیے کافی ہیں۔''

میں غور سے مولوی صاحب کی بات سنتا رہا، لیکن بنیادی مسئلہ تو یہ تھا کہ اس وقت میرے پاس سیپیاں خریدنے کے لیے پچاس روپے بھی نہیں تھے، کیوں کہ مجھے سلطان بابا کی شرط کے مطابق گھر سے بالکل خالی ہاتھ درگاہ آنا تھا۔ غالباً مولوی خضر میرے اندر کی ہچکچاہٹ محسوس کر گئے۔ ''کیا ہوا......؟ لگتا ہے، تمہارے پاس پیسے نہیں ہیں۔ بھئی یہ تو کوئی بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ ایسا کرو تم مجھ سے ادھار لے لو...... پر یاد رہے...... جیسے ہی تمہاری پہلی کمائی ہو...... یہ ادھار لوٹانا ہوگا...... بولو منظور ہے......'' میں کچھ ہچکچایا۔ ''لیکن اگر مجھے اس سودے میں نقصان ہو گیا تو...... میرا مطلب ہے، آپ رہنے دیں...... میں کچھ نہ کچھ بندوبست کر لوں گا......'' حالانکہ میں جانتا تھا کہ میرے پاس پیسوں کا بندوبست کرنے کا اور کوئی بھی ذریعہ موجود نہیں، لیکن نہ جانے کیوں مولوی خضر کی محنت کی کمائی کو داؤ پر لگاتے ہوئے مجھے کچھ ہچکچاہٹ سی محسوس ہو رہی تھی۔ لیکن انہوں نے زبردستی پچاس کا نوٹ میری قمیص کی جیب میں ڈال دیا اور مسکرا کر بولے ''ارے بھئی ادھار کے نام سے تذبذب میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے...... اچھا چلو...... قرض حسنہ ہی سمجھ کر رکھ لو...... اگر نقصان ہو گیا تو قرضہ معاف...... ویسے ان پچاس روپوں میں بڑی برکت ہے...... دیکھ لینا تمہیں فائدہ ہی ہوگا۔ اچھا چلو، آج میں بھی تمہارے ساتھ ہی ساحل تک چلتا ہوں...... تمہارا پہلا دن ہے...... کہیں خراب مال ہی نہ اٹھا لو......'' مولوی خضر نے برتن سمیٹے اور میرے ساتھ چلنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے۔ میں نے ممنونیت سے ان کی جانب دیکھا۔ ''آپ کیوں میرے لیے اتنی تکلیف اٹھاتے ہیں...... میں خود ہی چلا جاؤں گا۔'' لیکن وہ بھی اپنی دھن کے پکے نکلے۔ فٹافٹ تیار ہو کر سر پر امامہ باندھے، مجھے ساتھ لیے، نیچے ساحل پر بیٹھے مچھیروں کے ٹولے کے قریب پہنچ گئے، جو ذرا ذرا سے فاصلے پر اپنے سامنے تازہ سیپیوں اور گھونگھوں کا انبار سجائے بیٹھے تھے۔ مولوی خضر نے نہایت انہماک اور کافی بھاؤ تاؤ کے بعد سیپیاں خرید لیں۔ ساتھ ہی وہ مجھے اچھی سیپیوں کی خصوصیات اور پہچان بھی بتاتے رہے، تا کہ آئندہ ایسے کسی سودے میں مجھے

کوئی نقصان نہ ہو۔ عجیب کمال شخص تھے مولوی خضر الدین...... کچھ ہی دیر میں مجھ سے یوں گھل مل گئے جیسے برسوں کی شناسائی ہو۔ میں نے یہ بات بھی محسوس کی کہ نہ صرف ساحل پر، بلکہ علاقے کے تقریباً سبھی لوگ ان کا بے حد احترام کرتے تھے اور اگر وہ ذرا سا بھی اشارہ کر دیتے تو لوگ بنا کسی مول تول ہی کے، سارا کا سارا بازار ان کے قدموں میں لا ڈالتے، لیکن انہوں نے پکے کاروباریوں کی طرح ایک ایک سیپی پر لمبی بحث کی اور مال خرید کر میرے حوالے کر دیا۔ واپسی پر انہوں نے تفصیل سے مجھے مالائیں بنانے کا ہنر بھی سکھا دیا کہ کس طرح سیپی کو ایک خاص زاویئے سے دھاگے میں پرونا ہے...... ہم دونوں جب اپنی ''خریداری'' کے بعد اوپر درگاہ تک پہنچے، ظہر کی نماز کا وقت قریب آ چکا تھا، جب کہ مجھے ابھی اپنے دوپہر کے کھانے کا انتظام بھی کرنا تھا۔ عبداللہ نے اپنے حجرے کے چھوٹے سے باورچی خانے میں ضرورت کے چار برتن اور کچھ راشن میرے لیے چھوڑ دیا تھا، لیکن مسئلہ یہ تھا کہ مجھے تو ٹھیک سے انڈا ابالنا بھی نہیں آتا تھا۔ یہاں بھی مولوی خضر ہی میرے کام آئے اور انہوں نے خود میرے کمرے میں آ کر تھوڑی سی دال کے ساتھ کچھ چاول ابال کر میرے ''لنچ'' اور ''ڈنر'' کا انتظام کیا۔

ابھی چوبیس گھنٹے پہلے ہی کی بات تھی، جب میں دوپہر کے ٹھیک اسی لمحے اپنے سارے دوستوں کیساتھ پرل کانٹی نینٹل میں ان کی طرف سے دیا گیا الوداعی ظہرانہ تناول کر رہا تھا۔ یہ لنچ دراصل کاشف کی طرف سے میرے اعزاز میں دیا گیا تھا اور ان سب نے مجھے گلے لگا کر اس دعا کے ساتھ رخصت کیا تھا کہ میں ایک آدھ ہفتے میں سلطان بابا سے اپنی ''شرط'' جیت کر واپس انہیں جوائن کر لوں گا۔ ہم سب کے لیے یہ ''درگاہ یاترا'' صرف ایک شرط ہی تو تھی اور میں اس سے پہلے بھی ایسی کئی شرطیں جیت چکا تھا، لیکن یہ میری زندگی کی شاید سب سے مشکل کسوٹی تھی۔ اگر میرے دوست، یا والدین مجھے اس روز وہ سادہ سے دال چاول کھاتے دیکھ لیتے تو شاید حیرت اور صدمے سے بے ہوش ہو جاتے، البتہ اپنی استقامت پر تو خود مجھے بھی حیرت ہو رہی تھی کہ میں کس آسانی سے اس ماحول میں ڈھلتا جا رہا تھا۔

دن ڈھلا اور پھر سے وہی تنہا اور اداس شام درگاہ کی دیواروں پر اتر آئی۔ ایک ہی دن میں میری زندگی کس قدر بدل چکی تھی۔ عام حالات میں، میں اس وقت سو کر اٹھتا تھا اور نیم گرم پانی کا شاور لینے کے بعد تیار ہو کر کلب، ہوٹل، یا کسی دوست کی پارٹی میں محفل جمتی تھی، جس کا خاتمہ عموماً آدھی رات کے بعد ہی ہوتا تھا اور ہم اس وقت اپنے گھروں کو سونے کے لیے لوٹتے تھے، جب باقی لوگ جاگ کر اپنے کام کاج پر نکل رہے ہوتے تھے۔ اچانک سمندر کی طرف سے چلنے والی ہوا میں کچھ شور اور ہلے گلے کی مدھم سی آوازیں بھی شامل ہو گئیں۔ میں نے چونک کر دور نیچے ساحل پر نظر ڈالی، کچھ نوجوان لڑکے، لڑکیوں کا ایک گروپ ساحل پر رات گزارنے کے لیے کیمپ فائر کر رہا تھا۔ ساحل پر آگ جلا کر اور بڑے بڑے اسپیکرز پر موسیقی کی دھن پر رقص جاری تھا۔ خوشی تھی، ہنسی تھی، قہقہے تھے اور مستی تھی۔ میں بہت دیر تک دور نیچے ساحل پر اس گروپ کو دیکھتا رہا۔ مجھے یوں لگ رہا تھا جیسے وہ میرے ہی دوستوں کا گروپ ہو۔ ہم بھی تو ایسے ہی راتوں کو موج مستی کرنے نکل جاتے تھے۔ اچانک میوزک کی بیٹ بدل گئی اور ہوا میں نئے نغمے کی آواز گونجی۔ لڑکے، لڑکیاں خوشی سے چلائے ''پرانی جینز اور گٹار......'' لڑکیاں، لڑکے دیوانہ وار ناچ رہے تھے......

لڑکپن کا...... وہ پہلا پیار......

وہ لکھنا ہاتھوں پہ......اے پلس آر (A +R)

وہ دینا تحفے میں...... سونے کی بالیاں

وہ لینا دوستوں سے پیسے ادھار......

دفعتہً مجھے اپنے گالوں پر کچھ نمی کا سا احساس ہوا۔ میں نے چونک کر ہاتھ پھیرا تو میری انگلیوں کی پوریں، خود میرے اپنے آنسوؤں سے بھیگ گئیں۔ میں نہ جانے کب سے رو رہا تھا۔ ٹھیک ہی تو ہے "بس یادیں اور کچھ چھوٹی چھوٹی باتیں ہی تو رہ جاتی ہیں" اور یادوں کے اسی کڑوے دھوئیں نے میرے حلق میں کانٹوں کا وہ جنگل اُگا یا کہ پھر میرے آنسو رو کے نہ رکے۔ مجھے یاد آیا کہ یہ گانا عینی کو بہت پسند تھا اور ہم کالج کینٹین میں گھنٹوں میزیں بجا بجا کر یہ گانا گایا کرتے تھے۔ میری آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی یونہی رواں تھی کہ اچانک مجھے اپنے کاندھے پر کسی نرم ہاتھ کا دباؤ محسوس ہوا۔

*......*

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com

# خضرِ راہ

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

میں چونک کر پلٹا تو مولوی خضر میرے پیچھے کھڑے تھے۔ میں نے جلدی سے آنکھیں پونچھ ڈالیں، لیکن شاید وہ اس اندھیرے میں بھی میری بھیگی پلکوں کی تحریر پڑھ چکے تھے۔ ''لگتا ہے کچھ یاد آ گیا تمہیں.....'' میں نے جلدی سے بات بنائی ''نہیں.....وہ نیچے کچھ نوجوان پارٹی کر رہے ہیں.....شاید ان کے باربی کیو کے دھوئیں سے آنکھیں جلنے لگی تھیں.....'' مولوی خضرت دھیرے سے مسکائے ''ہاں میاں.....دھواں لکڑی کا ہو، یا پھر یادوں کا..... دونوں صورتوں میں آنکھ تو جلتی ہے۔'' میں نے چونک کر ان کی جانب دیکھا۔ لیکن وہ جہاں دیدہ شخص تھے، بات بدل کر بولے۔ ''''کل صبح ساحل کے بازار اکٹھے چلیں گے، مجھے بھی کچھ راشن خریدنا ہے۔ ویسے تم نے آج کتنی سیپیاں پروئیں.....'''' جی سات مالائیں ہی پرو پایا ہوں اب تک۔'' انہوں نے خوش ہو کر میرے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دی۔ '' شاباش.....تم واقعی ایک محنتی اور اپنی دھن کے پکے لڑکے ہو..... مجھے یقین ہے، تم زندگی کے ہر میدان میں سرخرو ہو گے۔'' میں زندگی میں کبھی کسی کے سامنے نہیں رویا، لیکن نہ جانے ان کی اس دعا میں اور اس لمحے میں کیسا اثر تھا کہ میرا پہلے ہی سے بھرا دل چھلک پڑا اور میری آنکھیں پھر سے بہہ نکلیں۔ مولوی خضر الدین نے میرا کاندھا تھپتھپایا اور مجھے تسلی دے کر بولے۔ ''یہ آنسو بھی تمہارا سچ ظاہر کرتے ہیں، کیوں کہ جن کے دل میں کھوٹ ہوتا ہے، ان کی آنکھوں کے کنویں سدا خشک ہی رہتے ہیں.....لیکن میری ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا..... یہ آنسو کسی کی بھی زندگی کا رخ بدل سکتے ہیں، اس لیے انہیں ہمیشہ اپنی طاقت بنائے رکھنا، کبھی اپنی کمزوری نہ بنانا.....کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ تم کمزور نہیں ہو.....'' مولوی خضر میری ہمت بڑھا کر واپس پلٹ گئے۔

درگاہ میں میری دوسری رات بھی اسی بے چینی، بے کسی اور درد کی تڑپ میں گزر گئی۔ اگلے دن پھر سے وہی سارا معمول جاری رہا اور مولوی خضر میری راہ کے خضر بنے، مجھے راستہ دکھاتے اور سہارا دیتے رہے۔ سچ ہے کہ اگر ان ابتدائی دنوں میں مجھے ان کا ساتھ حاصل نہ ہوتا تو شاید میرے لیے درگاہ کی اس سادہ، مگر میرے لیے انتہائی سخت، زندگی کے معمول میں ڈھلنا اتنا آسان نہ ہوتا۔

اسی طرح تین دن بیت گئے اور جمعرات کا دن بھی آ پہنچا۔ جمعرات کو تمام زائرین درگاہ کی زیارت کے لیے آتے تھے۔ نہ جانے کیوں صبح ہی سے میرا دل ہر آہٹ پر چونکنے اور ہر سرگوشی پر بری طرح دھڑکنے لگا تھا۔ یہی تو وہ دن تھا، جب وہ نسیم سحر، اس درگاہ کے فرش پر اپنے گلاب قدموں کا بوسہ دیتی تھی۔ سہ پہر تک تو میری گھبراہٹ اس قدر بڑھ چکی تھی کہ مجھے یوں لگنے لگا کہ جیسے میرا دل ابھی میرے سینے کا پنجرہ توڑ کر باہر آ گرے گا اور پھر چار بجے کے قریب اچانک ہی وہ ٹھنڈی سی پروائی چلی، جو میری روح تک کو سرشار کر دیتی تھی۔ میں نے گھبرا کر نظریں اٹھائیں تو وہ ماہ رخ اسی شان سے چلتی ہوئی درگاہ کے صحن میں داخل ہو رہی تھی، ساتھ ہی حسبِ معمول اس کی ماں اور دو قدم پیچھے اس کی خادمہ بھی آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی آ رہی تھیں۔ اس نے درگاہ کے دروازے کے قریب صفائی کرتے زائر سے کچھ پوچھا، شاید عبداللہ کے بارے میں استفسار کیا ہو۔ زائر نے جواب میں میری طرف

انگلی اٹھا کر اشارہ کر دیا۔ میں اس وقت درگاہ کے مرکزی صحن میں دروازے سے بہت دور بیٹھا ہوا تھا۔ لیکن جب زہرا نے پلٹ کر میری طرف دیکھا تو اتنی دور سے بھی اس کی حیرت آمیز نگاہوں کی تپش سے مجھے اپنا پورا وجود پگھلتا ہوا محسوس ہوا۔ اس کی مجھ پر نظر پڑی اور یہ میری تقدیر کی وہ پہلی نظر تھی، جس کا وقفہ شاید سب سے لمبا تھا۔ زہرا نے زندگی میں پہلی بار اتنی دیر تک میری جانب دیکھا تھا۔ شاید وہ حیرت اور صدمے کی وجہ سے اپنی نظر مجھ سے ہٹا نہیں پائی تھی۔ لیکن میں نے اپنی زندگی کے ان چند لمحوں کو کچھ اس طرح جیا کہ پھر کسی اور سانس کی ضرورت ہی باقی نہیں رہ گئی۔ کسی کے لیے فنا ہو جانے کا اس سے بہتر موقع اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کے دل بر کی نگاہ اس پر ٹکی ہو اور وہ اپنی جان اس جان آفرین کے سپرد کر دے۔ کچھ دیر تک زہرا مجھے اور میں اسے دیکھتا رہا۔ پھر جیسے اسے کچھ خیال آیا اور اس نے اپنی نظریں جھکا لیں۔ مجھے یوں لگا جیسے بہت گھنی اور کالی گھٹا کے سائے کے بعد اچانک ہی بے حد تیز اور چبھن والی دھوپ نکل آئی ہو۔ زہرا کی ماں کی نظر بھی مجھ پر پڑی اور انہیں بھی اپنی بیٹی جیسا ہی شدید حیرت کا جھٹکا لگا۔ وہ تیز قدموں سے میری طرف کھنچی چلی آئیں۔ زہرا اور خادمہ اپنی جگہ پر کھڑے رہ گئے۔ انہوں نے آتے ہی میرے سلام کا جواب دیا اور جلدی سے میرے سر پر ہاتھ پھیر کر میرے چہرے کو یوں ٹٹولا، جیسے وہ میرے ہونے کا یقین کرنا چاہتی ہوں۔ پھر بہت دیر بعد ان کے ہونٹوں سے کچھ ٹوٹے لفظ ادا ہوئے۔ ''ساحر بیٹا...... تم...... یہاں...... میرا مطلب ہے اپنا گھر بار چھوڑ کر اس طرح...... لیکن کیوں......'' شاید انہیں خود بھی سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کہنا چاہ رہی ہیں۔ میں نے انہیں اس صدمے سے نکالنے کے لیے خود ہی بات جوڑنے کی کوشش کی۔ ''جی...... میں نے سوچا کہ کچھ دن زندگی کا یہ رخ بھی دیکھ لیا جائے تو کیا حرج ہے، اور ہاں...... لوگ مجھے یہاں 'عبداللہ' کے نام سے جانتے ہیں۔ ساحر اب میرا پرانا نام ہے......'' انجانے میں میرے منہ سے ایک ایسی بات نکل گئی جو انہیں کچھ دیر سے پتا چلتی تو بہتر ہوتا۔ میرے منہ سے میرا نام سن کر تو وہ جیسے بالکل ہی ڈھے سی گئیں اور وہیں درگاہ کے صحن کے فرش پر بیٹھ گئیں۔ میں نے جلدی سے انہیں قریبی گھڑے سے پانی کا ایک گلاس نکال کر پیش کیا اور تسلی دی۔ ''آپ اپنے ذہن پر کوئی بوجھ نہ لیں۔ یہ راستہ میں نے خود اپنی مرضی سے اختیار کیا ہے، بنا کسی جبر کے...... بس آپ میرے لیے دعا کیجئے گا۔''

میں وہاں سے اٹھ کر اپنے حجرے کی جانب چلا آیا، کیونکہ کچھ دیر ہی میں نذر و نیاز کا سلسلہ شروع ہونے والا تھا۔ میں نے درگاہ کے معمول کے مطابق پہلے مردانے والے برآمدے کی جانب بیٹھ کر نذرانے جمع کر کے ان کی فہرست بنائی اور اسی وقت جمعرات کے دن خصوصی طور پر آئے ہوئے درگاہ کے چند خدمت گاروں کے ذریعے ان کی تقسیم کے احکامات بھی جاری کر دیئے۔ پھر میں حجرے میں بنی اس کھڑکی میں آ بیٹھا، جو درگاہ کے پچھلے برآمدے میں کھلتی تھی اور جمعرات کے دن خصوصی طور پر زنانے کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ کچھ ہی دیر میں خواتین کی آمد بھی شروع ہو گئی، جو اپنی نذر اور صدقہ وغیرہ اس چھوٹی سی کھڑکی سے اندر بڑھا کر اپنے مختلف النوع و قسم کے مسائل کے حل کے لیے دعا کی درخواست کرتیں اور دعا کے بعد اٹھ کر یوں مطمئن ہو کر چلی جاتیں، جیسے اس دعا کے بعد واقعی ان کے سب مسائل ایک دم حل ہی تو ہو جائیں گے؟ اور پھر کچھ ہی دیر بعد اسی مترنم آواز نے دھیرے سے سلام کیا۔ وہی آواز جسے میں دنیا کی اربوں آوازوں میں بھی، بنا ایک پل ضائع کیے، شناخت کر سکتا تھا۔ میری آواز گلے میں اٹکنے سی لگی اور مجھ سے ٹھیک طرح سے جواب بھی نہیں دیا گیا۔ کچھ دیر دوسری جانب بھی خاموشی چھائی رہی پھر وہ دھیرے سے بولی۔ ''یہ آپ کیا کر رہے ہیں...... خدا کے لیے اپنی ضد چھوڑ دیں...... ایسے بھلا کون، کسی کے لیے اپنی زندگی برباد کرتا ہے......؟'' مجھے اپنی سماعت پر یقین نہیں آیا۔ وہ

مجھ سے مخاطب تھی، جس کی صرف ایک جھلک دیکھنے کے لیے میں نے اپنی زندگی تیاگ دی تھی۔ لیکن یہ جوگ مجھے اتنا بڑا انعام دے گا، یہ تو میرے وہم وگمان میں بھی نہیں تھا۔ میں تو صرف اس کی آواز سننے کے لیے ایسے نہ جانے کتنے جنم، اس درگاہ پر تیاگنے کے لیے تیار تھا اور اسے صرف میری اسی ایک حقیر زندگی کی فکر لگی ہوئی تھی۔ میری طرف سے کوئی جواب نہ پا کر اس نے پھر بے چین ہو کر اپنی بات دہرائی۔ ''آپ چپ کیوں ہیں...... بولتے کیوں نہیں......؟'' میں اپنے خیالات کی رو سے چونکا۔ ''شاید کچھ لوگوں کے مقدر ہی میں بربادی ہوتی ہے۔ کچھ زندگیاں ملتی ہی تباہ ہو جانے کے لیے ہیں......'' وہ بھڑک سی گئی۔ ''آپ صرف پتھروں سے سر ٹکرا رہے ہیں......سوائے زخموں کے اور کچھ نہیں حاصل کر پائیں گے آپ......''

''مجھے مرہم کی تمنا بھی نہیں ہے......پتھروں سے سر ٹکرانے کا شوق ہی مجھے یہاں تک لے کر آیا ہے۔ لیکن کچھ پتھر شاید یہ نہیں جانتے کہ جس جبیں کو وہ یوں لہولہان کر رہے ہیں، اسی پیشانی سے چھلکتا خون، خود انہیں بھی تو داغ دار کر دے گا'' زہرا کو میری بات سن کر غصہ آ گیا۔ ''بات اگر داغ دار ہونے کی ہے تو اپنا دامن بھی کون سا اجلا ہے......ایک داغ اور سہی......بہر حال......میں پھر بھی آپ سے یہی درخواست کروں گی کہ یہ پاگل پن چھوڑ دیں......یہ راہ پہلے ہی کئی زندگیاں برباد کر چکی ہے......میں نہیں چاہتی کہ ایک اور جیون اس کی بھینٹ چڑھے......آگے آپ کی اپنی مرضی......'' وہ وہاں سے اٹھ کر چلی گئی۔ مجھے یاد نہیں، میں نے کس طرح اس کی خادمہ سے اس کا نذرانہ وصول کیا اور کس طرح باقی خواتین کے مسائل سنے۔ بس ایک خواب کی سی کیفیت میں سارا وقت گزر گیا۔ ہوش تب آیا، جب مولوی خضر کے بھیجے ہوئے ایک شخص نے آ کر اطلاع دی کہ مغرب کی اذان ہو رہی ہے اور مولوی صاحب مسجد میں میرا انتظار کر رہے ہیں۔ میں نے سارا سامان اور نقد رقم وغیرہ درگاہ کے خصوصی زائر کے حوالے کی اور خود مسجد چلا آیا۔ نماز کے بعد جب مسجد خالی ہو گئی تو مولوی خضر مجھے اپنے ساتھ لیے چہل قدمی کرنے نیچے ساحل کی جانب چلے آئے۔ ساحل اس وقت بالکل سنسان پڑا تھا۔ مغرب کی جانب سے چلتی ٹھنڈی پروائی میں شامل نمی نے کچھ ہی دیر میں ہم دونوں کو بھگو دیا۔ انہوں نے شاید میری خاموشی کو محسوس کر لیا تھا، تبھی ہلکے سے کھنکار کر بولے۔ ''کیوں میاں......آج کچھ کھوئے کھوئے سے لگتے ہو......سب خیر تو ہے نا......''

''جی......کچھ خاص نہیں......بس یوں ہی کچھ سوچ رہا تھا......'' ''اچھی بات ہے......انسان کو سوچتے رہنا چاہئے......ہماری دنیا میں آمد کا اصل مقصد بھی یہی سوچ اور یہی کھوج ہے......اور اسی کھوج اور اسی جستجو کا ہمیں حکم بھی دیا گیا۔'' ''نہ جانے آپ کس کھوج کا ذکر کر رہے ہیں، لیکن میری سوچ تو کافی خود غرض سی ہے......میں اپنے ہی ایک مسئلے کے بارے میں سوچ رہا تھا......جس کا فائدہ، یا نقصان صرف میری ذات تک محدود ہے......''

مولوی خضر چلتے چلتے رک گئے اور انہوں نے اپنی انگلی کے اشارے سے میری توجہ دور سمندر میں کھڑے ایک بحری جہاز کی جانب مبذول کروائی۔

''جانتے ہو......سمندر کے بیچوں بیچ کھڑا یہ دیو ہیکل جہاز بھی کسی انسان کی ایسی ہی سوچ کا نتیجہ ہے، جو ہو سکتا ہے کہ شروع میں اسے بھی صرف اپنی ایک خود غرضانہ سوچ لگی ہو......'' ''میں سمجھا نہیں......آپ کیا کہنا چاہتے ہیں......'' مولوی صاحب نے غور سے میری جانب دیکھا ''دنیا کی ہر ایجاد، تبدیلی اور ترقی کسی سوچ ہی کا نتیجہ ہوتی ہے......ہاں البتہ کوشش اور لگن کا جنون شرط آخر ہے......انسان سوچتا ہے پھر کوشش کرتا ہے اور پھر اوپر والا چاہے تو اس کی سوچ کو الہام بنا دیتا ہے۔ انسان کے ذہن میں وہ کلیہ ڈال دیتا ہے، جو آگے چل کر اس کی، اس بحری جہاز جیسی ہی کسی کامیابی کا ذریعہ بن جاتا ہے......لہٰذا سوچ کس قدر ضروری ہے......اس کا اندازہ اب تم خود ہی لگا لو......'' ان کی باتیں سن کر میں چونک سا گیا۔ ''گویا آپ یہ کہنا

چاہتے ہیں کہ یہ بحری جہاز، یا پھر اس جیسی اور سبھی ایجادیں انسان کو اپنی کوشش کی نہیں...... بلکہ کسی الہام کی مرہون منت ہیں......؟" وہ میری طرف دیکھ کر ہلکا سا مسکرائے...... "کافی ذہین ہو...... میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ بھرپور کوشش اور شدید محنت کے بعد ملنے والی کامیابی بھی کسی ایسے اشارے کے تابع ہوتی ہے، جو قدرت انسان کے ذہن میں ڈال دیتی ہے۔ بات لمبی ہو جائے گی...... چلو عشاء کا وقت ہو رہا ہے...... ہم نماز کے بعد اس موضوع پر بات کریں گے......"

ہم دونوں واپس درگاہ کی جانب پلٹ گئے۔ عشاء کی نماز کے بعد جب سب نمازی مسجد سے نکل گئے تو مولوی خضر میری جانب متوجہ ہوئے۔ "ہاں تو میاں...... میرے کہنے کا مقصد یہ تھا کہ قدرت نے انسان کو کھوج کے لیے ہی دنیا میں بھیجا ہے اور جو بھی اس سوچ و بچار اور کھوج پر محنت کرتا ہے، قدرت اسے کامیابی کا پھل دیتی ہے۔ پھر چاہے وہ ایمان والا ہو، یا پھر کوئی کافر...... اس سوچ بچار اور تحقیق کے انعام میں قدرت نے کوئی تخصیص نہیں برتی...... اور اس کی مثال تمہارے سامنے ہی ہے کہ گزشتہ کئی صدیوں سے مسلمانوں کی کوئی قابل ذکر ایجاد سامنے نہیں آئی، جب کہ غیر مسلم اس تحقیق اور ایجاد کے میدان میں ہم مسلمانوں سے کہیں زیادہ آگے نکل چکے ہیں۔ لیکن یہ بات طے ہے کہ چاہے مسلم ہو، یا غیر مسلم شدید محنت کے بعد کامیابی کا یہ فارمولا قدرت کسی الہام ہی سے ان کے ذہنوں میں منتقل کرتی ہے، جسے ہم کمزور انسان اپنی محنت کا ثمر جان کر فخر سے اتراتے پھرتے ہیں۔ اس کے لیے ایک چھوٹی سی مثال دیتا ہوں تمہیں۔ کیا نام تھا اس سائنس دان کا...... ہاں نیوٹن...... کیا تم سمجھتے ہو کہ اسے خاص اس لمحے، جب وہ سیب گرنے والا تھا، اس درخت کے نیچے از خود پہنچ جانا چاہئے تھا......؟ اور کیا اس کے ذہن میں یہ خیال خود اپنے طور پر ہی آ گیا ہوگا کہ یہ سیب زمین کی طرف کیوں آیا......؟ ...... اور پھر یہی خیال اس کے آس پاس کے لوگوں، یا پھر اس سے پہلے کسی اور کے ذہن میں کیوں نہیں آیا؟ اور اگر کبھی آیا بھی تھا تو اس نے اس عمل کی جستجو کیوں نہیں کی؟ کیا یہ سب باتیں اسے نیوٹن کا الہام ثابت نہیں کرتیں...... اور پھر صرف کشش ثقل ہی کی کیا بات ہے...... رائٹ برادران کے اڑنے کے خواب سے لے کر نیل آرم اسٹرانگ کے چاند پر قدم رکھنے تک کا ہر خواب بھی تو ایک الہام ہی تھا، جو کسی نہ کسی خواب، یا سوچ کے ذریعے قدرت نے ان کے دلوں میں ڈال دیا تھا۔" مولوی خضر بولتے چلے گئے اور میں حیرت کے عالم میں ساکت سا بیٹھا، ان کی باتیں سنتا رہا۔ سائنس میں نے بھی پڑھی تھی، لیکن سائنس کے بارے میں اس قدر تازہ نظریہ میں نے آج تک نہیں سنا تھا۔ وہ چپ ہوئے تو میرے منہ سے بے ساختہ نکل گیا۔ "آپ کا نام مولوی خضر الدین کے بجائے پروفیسر خضر ہونا چاہئے تھا......؟" میرے اچانک ریمارکس سن کر وہ دھیرے سے ہنس پڑے...... "ضروری نہیں ہوتا کہ علم صرف کتابوں، یا یونیورسٹی ہی سے حاصل کیا جائے...... ایک سچے طالب علم کے لیے ساری دنیا ہی ایک درس گاہ ہے...... ویسے کہنے کو میں نے بھی برائے نام کچھ عرصہ فزکس کی ڈگری لینے کے بعد پروفیسر شپ کی ہے، ایک بڑی یونیورسٹی میں...... لیکن سب رائیگاں ہی گیا......" میں اپنی جگہ سن سا بیٹھا رہ گیا۔ میں جب سے درگاہ کی اس نئی دنیا میں آیا تھا، قدم قدم پر مجھے ایسی ایسی حیرتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا کہ اب تک تو مجھے ان جھٹکوں کا عادی ہو جانا چاہئے تھا۔ لیکن مولوی خضر بھی ایک ایسے ہی صاحب کمال شخص نکلیں گے، یہ میں نے کبھی سوچا بھی نہیں تھا۔ آخر میرے ہونٹوں پر وہ سوال آ ہی گیا، جو نہ جانے کتنے دنوں سے میرے دل و دماغ میں مچل رہا تھا۔ "آج آپ مجھے بتا ہی دیں کہ آپ سب کس نگری سے تعلق رکھتے ہیں۔ پہلے عبداللہ، پھر سلطان بابا اور اب آپ، ایسے اور کتنے لوگ موجود ہیں،

میرے آس پاس۔ان طلسمات کی کوئی حد بھی ہے، یا نہیں آخر یہ کون سی دنیا ہے......؟'' ''ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ہم سب بھی اسی نگری کے ہیں، جہاں تم بستے ہو۔بس ہم نے راستہ ذرا مختلف اختیار کیا ہے۔منزل ہماری بھی وہی ہے، جو باقی سب کی ہے۔''لیکن کوئی تو بات ہوگی، جو آپ سب اتنا پڑھنے کے بعد اپنی اپنی فیلڈز چھوڑ کر اس راستے پر نکل پڑے ہیں......؟ کوئی تو کشش ہوگی اس دنیا کی؟'' ''کشش صرف تحقیق اور جستجو کی ہے۔ آخر ہمیں دنیا میں بھیجے جانے کا مقصد صرف روزگار کمانا اور بچے پیدا کرنا تو نہیں ہوسکتا نا۔لیکن افسوس کہ ہم انہی جھمیلوں میں پڑ کر اپنا سارا جیون ضائع کر دیتے ہیں۔ہماری اس ظاہری دنیا کے آس پاس اور بھی ایسے کئی جہاں ہیں، جنہیں کھوجنے کی ضرورت ہے۔ہم غیروں پر تکیہ کیے ہی کیوں بیٹھے ہیں، جب کہ یہ سارا علم تو مومن کی معراج ہے......؟''

مولوی خضر رات گئے تک مجھے تحقیق اور جستجو کی افادیت پر لیکچر دیتے رہے۔مجھے ان کی سبھی باتیں سمجھ تو نہیں آئیں، لیکن ایک بات کا یقین پوری طرح ہو چکا تھا کہ ہمارے آس پاس ایک نظر نہ آنے والا غیر مرئی نظام بھی پوری طرح متحرک اور کاربند ہے جس کا دائرہ کار وہاں سے شروع ہوتا ہے جہاں ہمارا یہ ظاہری نظام ختم ہو جاتا ہے۔لیکن اس ماورائی دنیا سے میرا پورا تعارف ہونا ابھی باقی تھا۔میں رات بہت دیر سے مولوی خضر کے حجرے سے نکل کر ''درگاہ'' لوٹا۔ایک عجیب سی بے چینی محسوس کر رہا تھا، جیسے کچھ ہونے والا ہو۔میرا اپنے کمرے میں جا کر سونے کو من نہیں ہوا تو میں وہیں صحن میں ہاتھوں کا تکیہ بنا کر کچھ دیر کمر ٹکانے کے لیے لیٹ گیا، اور پھر رات کے نہ جانے کس پہر میری آنکھ ذرا سی لگی ہی تھی کہ اچانک مجھے اپنے آس پاس وہی ٹھنڈی سی پروائی چلتی ہوئی محسوس ہوئی۔ہاں......وہی سکون آمیز سی ٹھنڈک کا احساس، جو ہر مرتبہ میرے سراپے کو اس وقت گھیر لیتا تھا، جب کبھی میرا زہرا سے آمنا سامنا ہوتا تھا۔مجھے جیسے ہی اس احساس نے چھوا......میں نے گھبرا کر جھٹ سے آنکھیں کھول دیں اور اٹھ بیٹھا۔کچھ دیر تو مجھے سمجھ ہی نہ آیا کہ ہوا کیا ہے، پھر ایک ہلکی سے آہٹ ہوئی اور میں نے چونک کر درگاہ کے دروازے کی جانب دیکھا۔دروازے کے بیچوں بیچ زہرا کھڑی تھی۔

❋......❋

# من کی لگن

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

ہاں ...... وہ زہرا تھی۔ پہلے پہل تو مجھے بھی یہ لگا کہ میں دیوانگی کی اس سطح تک پہنچ گیا ہوں جہاں انسان جاگتی آنکھوں سے بھی سپنے دیکھنے لگتا ہے، لیکن جب میں نے زہرا کے پیچھے اس کی ماں اور ڈرائیور کو بھی دروازے سے اندر داخل ہوتے دیکھا تو مجھے اپنی نظروں پر یقین آ ہی گیا۔ لیکن وہ رات کے اس پہر، یہاں اس ویرانے میں کیا کر رہی تھی؟ اور رات بھی کہاں ...... اب تو سحر قریب تھی۔ زہرا کی حالت کافی ابتر تھی۔ میں نے آج تک اسے پورے، یا آدھے نقاب کے بغیر گھر سے باہر نکلتے ہوئے نہیں دیکھا تھا، لیکن آج اس کا مہتاب چہرہ بے نقاب تھا اور غزال آنکھوں تلے پڑے حلقے اس بات کی نشان دہی کر رہے تھے کہ وہ کئی دنوں سے نہیں سوئی۔ پر اس وقت وہ اس قدر پریشان نظر آ رہی تھی کہ میرے منہ سے گھبراہٹ میں صرف دو لفظ ہی نکل پائے۔ ''آپ ...... یہاں ......؟'' زہرا سے پہلے اس کی والدہ بول اٹھیں۔ ''معاف کرنا بیٹا ...... ہمیں اس وقت اس طرح یہاں نہیں آنا چاہئے تھا، لیکن وہ کہتے ہیں نا ...... اولاد ضرور ہو ...... پر اکلوتی نہ ہو ...... بس اسی اکلوتی اولاد کے پیار کی وجہ سے ہم بھی یوں در در بھٹک رہے ہیں ......'' مجھے ان کی بات سمجھ میں نہیں آئی، لیکن میں نے اخلاقی فرض نبھایا۔ ''آپ حکم کریں ...... میں کیا مدد کر سکتا ہوں ......'' اس بار بولنے میں زہرا نے پہل کی۔ اس کی نظریں جھکی جھکی اور پلکیں لرز رہی تھی ...... ''میں نے انہیں آس پاس کی تمام درگاہوں میں بہت تلاش کیا ہے ...... لیکن ان کا کچھ پتا نہیں چلا ...... کیا آپ مجھے ان کا پتا دے سکتے ہیں ...... میں ............ میں آپ کا یہ احسان زندگی بھر نہیں بھولوں گی ......'' زہرا نے بات ختم کر کے نگاہ اٹھائی۔ میں اس کے کانپتے لب دیکھ رہا تھا۔ ہماری نظریں ملیں اور میرے دل کا بچا کھچا تنکوں کا آشیانہ بھی ایک ہی پل میں جل کر خاکستر ہو گیا۔ عموماً شعراء نظر سے نظر کے رشتے کو بہت موضوعِ گفتگو بناتے ہیں، لیکن ''نظر سے نظر کی التجا'' کو جس قدر تفصیل سے اس وقت میں بیان کر سکتا تھا، شاید کوئی اور نہیں۔ اسے تقدیر کا ستم نہ کہیں تو اور کیا کہ صدیوں کے بعد محبوب در پر آیا بھی تو صرف رقیب کا پتا لینے ...... سچ پوچھیں تو اس وقت مجھے عبداللہ کی قسمت پر بے حد رشک آیا۔ وہ نظروں سے اوجھل ہو کر بھی اس نازنین کے کتنے قریب تھا اور میں اس کی گھائل نگاہ کے سامنے ہوتے ہوئے بھی کس قدر اوجھل ...... شاید وہ میری نظر کی شکایت کو بھانپ گئی تھی، تبھی اس نے پھر سے پلکوں کا پردہ گرا دیا تھا۔ ابھی ایک دن پہلے ہی اتفاق سے مجھے عبداللہ کا پہلا خط ملا تھا، جو اس نے اپنی نئی منزل پر پہنچ کر مجھے لکھا تھا۔ عبداللہ اس وقت یہاں سے تقریباً تین سو کلومیٹر کی دُوری پر کسی اور درگاہ میں تعینات تھا۔ کاش اس پری رخ نے مجھ سے میری جان مانگی ہوتی، پر مانگا بھی تو کیا ......؟ رقیب کا پتا ...... بہر حال حکم کی تکمیل پھر بھی میرا فرض ہی ٹھہرا۔ ''آپ یہیں رکئے ......'' میں جلدی سے اپنے حجرے کی جانب بڑھ گیا۔ عبداللہ کا خط نکال کر ایک طرف رکھا اور لفافہ لا کر زہرا کے ہاتھ میں تھما دیا۔ ''کل مجھے اس کا خط ملا ...... لفافے کے پیچھے عبداللہ کا پتا موجود ہے ......'' زہرا کی بے چین انگلیوں نے کچھ ایسی تیزی سے لفافے کو ٹٹولا، جیسے شدید پیاس کے عالم میں مرتا ہوا کوئی شخص پانی کا آخری بچا ہوا گھونٹ پینے کے لیے پیالہ پکڑنے کی سعی کرتا ہے۔ اس کا بس چلتا تو شاید لفافے

پر لکھے حروف کو بھی نظر سے پی جاتی۔ اب کی بار اس نے نظریں اٹھائیں تو اس کی نگاہ میں پہلی مرتبہ میرے لیے کچھ نرمی اور ممنونیت سی تھی۔ ''میرے پاس الفاظ نہیں ہیں...... پھر بھی آپ کا بہت بہت شکریہ...... کاش میں اس قابل ہوتی کہ آپ کے احسان کا یہ قرض کسی بھی طور اتار پاتی......'' زہرا بات ختم کر کے چل دی اور...... میں اس بھکاری کی طرح کھڑا رہ گیا، جس سے اس کی دن بھر کی بھیک بھی کوئی لٹیرا چھین لے جائے۔ زہرا کی ماں نے واپسی کے لیے قدم بڑھائے اور پھر نہ جانے کیا سوچ کر میری جانب پلٹ آئیں۔ ان کی آنکھیں بھیگ رہی تھیں۔ ''اگر زہرا کے ابا کسی کاروباری دورے پر ملک سے باہر نہ گئے ہوتے تو شاید اپنی بدنصیب بیٹی کی چاہت بھی مجھے یوں آدھی رات کو اپنی دہلیز پھلانگنے پر مجبور نہیں کر سکتی تھی، مگر بیٹا، وہ تو سوالی ہے...... اپنے دیوانے پن میں یہاں تک چلی آئی، تم نے اسے پتا کیوں دے دیا...... تم چھپا بھی تو سکتے تھے......'' وہ کہتے کہتے چپ سی ہو گئیں، لیکن میں ان کا اشارہ سمجھ چکا تھا۔ ''ایک سوالی کسی دوسرے سوالی کی التجا بھلا کب ٹال سکتا ہے۔ ہم دونوں کی اذیت مشترک ہے۔ ہاں! فرق بس اتنا ہے کہ انہیں کوئی پتا بتانے والا تو میسر ہے، جب کہ میری تقدیر اس معاملے میں بھی کھوٹی ہے......'' وہ کچھ دیر تک میرے چہرے پر لکھی نہ جانے ضبط کی کون سی تحریر پڑھتی رہیں، پھر بولیں ''میرا اپنی دعاؤں سے بھروسا اٹھے عرصہ ہو گیا ہے...... لیکن پھر بھی اگر کوئی ایک آخری دعا قدرت نے قبولیت کے لیے باقی رکھ چھوڑی ہے تو میں اسے تمہارے نام کرتی ہوں۔ کاش میرے نصیب میں تمہاری فرزندی لکھی ہو...... جیتے رہو۔

ان کی آنکھیں چھلک پڑیں اور پھر ان سے رکا نہیں گیا۔ میرے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دیتے ہوئے تیزی سے آگے بڑھ گئیں۔ زہرا ڈرائیور کے ساتھ پہلے ہی درگاہ سے نکل چکی تھی۔ میں اسی طرح تنہا، بے کس اور لاچار سا درگاہ کے صحن میں کھڑا رہ گیا۔ مجھے اپنے آس پاس ہزاروں آندھیوں کا شور محسوس ہو رہا تھا۔ نہ جانے لوگ دیوانوں پر ترس کیوں کھاتے ہیں۔ پاگل پن تو ایک نعمت ہے۔ بدنصیب تو مجھ جیسے ہوش والے ہوتے ہیں، جو ان اذیت ناک لمحوں کا عذاب جھیلنے کے لیے ہوش و حواس میں رہتے ہیں۔

جب فجر کی اذانیں ختم ہوئیں، تب بھی میں وہیں اسی جگہ گم صم سا کھڑا تھا۔ اتنے میں مولوی خضر کا پیغامبر بھی آ کر نماز کھڑی ہونے کی اطلاع دے کر جا چکا تھا۔ مولوی خضر نے میری ''تازہ تازہ'' نماز کی وجہ سے اپنا یہ معمول بنا رکھا تھا کہ روز صبح احتیاطاً جگانے کے لیے کسی نہ کسی نمازی کو درگاہ بھیج دیتے تھے۔ اس دن میرا دل نماز پڑھنے پر بھی مائل نہیں تھا، لیکن جب تیسری مرتبہ مسجد سے میرا بلاوا آیا تو بادل نخواستہ مسجد کی جانب چل پڑا۔ مولوی صاحب نے نماز ختم کی اور اپنا درس شروع کیا۔ ہاں تو بھئی کل میں بتا رہا تھا کہ حضرت نوح علیہ السلام اپنے چند پیروکاروں کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ ایک نہایت ہی عمر رسیدہ بڑھیا دہائی دیتی ہوئی آ پہنچی۔ آپ علیہ السلام نے اس سے ماجرا دریافت کیا تو بڑھیا نے فریاد کی کہ ''یا حضرت...... میرے بچوں کے حق میں دعا فرمائیے...... وہ ڈھائی، تین سو سال کی کچی عمر ہی میں ہوتے ہیں کہ کسی نہ کسی بیماری کی وجہ سے انتقال کر جاتے ہیں...... آپ اُن کی جوانی اور درازی عمر کے لیے دعا کیجیے......'' حضرت نوح علیہ السلام بڑھیا کی فریاد سن کر مسکرا دیئے اور دعا کے لیے ہاتھ بلند کر کے بڑھیا کے حق میں دعا فرما دی۔ بڑھیا کے جانے کے بعد محفل میں سے کسی نے عرض کیا۔ ''یا حضرت نوح علیہ السلام...... جب اس بڑھیا نے آپ علیہ السلام سے دعا کی درخواست کی تو آپ علیہ السلام مسکرائے کیوں......؟'' حضرت نوح علیہ السلام نے پھر تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا۔ ''یہ بڑھیا اپنے بچوں کی تین سو سال زندگی کو دراز کرنے کی دعا کی متمنی تھی اور میں یہ سوچ کر مسکرا دیا کہ اگر میں اسے یہ بتا دیتا کہ ایک ایسا زمانہ بھی آئے گا

کہ جب انسان پچاس، ساٹھ سال کی عمر میں ہی نہ صرف بچپن، لڑکپن، نوجوانی، جوانی اور پھر بڑھاپے کی منزل پار کر کے طبعی موت مر بھی جائے گا تو کیا یہ اپنے بچوں کی عمر پر خداوند کریم کے آگے سجدہ شکر نہ بجالاتی......؟''

ساری محفل انگشت بدنداں رہ گئی۔ کسی نے پوچھا۔''یا حضرت، کیا واقعی کوئی ایسا زمانہ بھی آئے گا، جب انسان اتنی مختصر عمر میں پیدائش کے بعد بوڑھا ہو کر مر جائے گا۔'' حضرت نوح علیہ السلام نے جواب دیا۔''ہاں......قرب قیامت کے آس پاس ایک ایسا وقت بھی آئے گا، جب انسان پچاس ساٹھ سال کے مختصر عرصے میں پیدائش سے لے کر بڑھاپے اور پھر موت کے تمام مراحل طے کر لے گا۔'' ساری محفل بیک زبان ہو کر بولی۔''بخدا اگر ایسا کبھی ہمارے زمانے میں ہوتا تو ہم تو پتے باندھ کر ہی گزارہ کر لیتے اور سجدہ سے سر نہ اٹھاتے کہ اتنے کم وقت میں گھر بار، کاروبار اور دیگر کام کاج کی طرف کسی کا دھیان ہی کب جاتا......؟''

حضرت نوح علیہ السلام پھر مسکرائے اور انہوں نے محفل کو تنبیہ کی۔''ہاں......لیکن کتنی عبرت کی بات ہے کہ اسی دور کے انسان اپنی رہائش کے لیے سب سے پکے محل تعمیر کریں گے......'' سب نمازیوں نے اپنے کانوں کو جلدی سے یوں ہاتھ لگائے، جیسے وہ سب ابھی تک حضرت نوح علیہ السلام کے دور ہی میں بیٹھے ہوں۔ مولوی خضر نے اپنا درس ختم کیا۔''تو ساتھیو...... ہمیشہ یاد رہے کہ یہ دنیا بڑی عارضی جگہ ہے......اس کے لیے بس اتنی ہی محنت کرو، جتنا یہاں رہنا ہے۔'' سب نمازی درس کے خاتمے پر حسب معمول مولوی صاحب سے مصافحہ کرتے ہوئے رخصت ہو گئے۔ مولوی خضر نے سب کے جانے کے بعد غور سے میری جانب دیکھا۔ میں ابھی تک سب سے الگ تھلگ مسجد کی دیوار سے ٹیک لگائے بیٹھا تھا۔ انہوں نے شاید میری بے زاری محسوس کر لی۔''کیوں میاں...... آج من کہیں اور لگا ہوا ہے کیا......رات میں تہجد کے لیے اٹھا تو نیچے ساحل پر بڑی سی موٹر گاڑی کھڑی دیکھی تھی۔لگتا ہے تمہارے مہمان آئے تھے۔'' ان کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکان ابھر آئی تو کیا انہیں زہرا کی آمد کا پتا تھا۔''ہاں...... وہ مجھ سے عبداللہ کا پتا مانگنے آئی تھی......''''ارے......تو کہہ دینا تھا کہ عبداللہ تو اس کے سامنے کھڑا ہے......پھر وہ کسے کھوجتی پھر رہی ہے......؟''

''وہ مجھے نہیں...... پرانے عبداللہ کی کھوج میں یوں آدھی رات کو ننگے سر چلی آئی تھی۔ میرے ایسے نصیب کہاں کہ وہ مجھے تلاش کرے۔'' نہ چاہتے ہوئے بھی میرا لہجہ نہایت تلخ ہو گیا۔ مولوی خضر معنی خیز انداز میں بولے''لیکن آئی تو تمہارے پاس ہی نا......کل تک جو تمہارے سائے سے بھی کتراتی تھی آج اسے مقدر نے اس قدر مجبور کر دیا کہ یوں آدھی رات کو تمہارے پاس دوڑی چلی آئی۔'' میں نے چونک کر مولوی خضر کی جانب دیکھا۔ واقعی اگر دوسرے زاویئے سے دیکھا جاتا تو بات تو ان کی بھی ٹھیک ہی تھی۔ اس کے ہونٹوں پہ خدا خدا کر کے میرا نام تو آیا، چاہے بر سر الزام ہی کیوں نہ آیا۔ گویا سلطان بابا کا وعدہ پورا ہو رہا تھا۔ رفتہ رفتہ اور دھیرے دھیرے...... ہاں البتہ اس ایفائے عہد کی رفتار بہت ہی آہستہ تھی۔ یا پھر میرا بے چین دل ہی نہایت بے صبرا تھا۔ پھر اچانک مجھے احساس ہوا کہ آج تک مولوی خضر نے یوں کھل کر تو کبھی مجھ سے زہرا کا ذکر نہیں کیا تھا، لیکن ان کی معلومات سے لگتا تھا کہ انہیں سارے قصے کی بخوبی خبر ہے۔ مجھے اپنی چند لمحوں پہلے والی بے خودی پر ندامت سی محسوس ہوئی۔''تو گویا آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ میں صرف زہرا کے حصول کے لیے اس درگاہ تک آیا ہوں، لیکن آپ نے کبھی مجھ پر یہ جتایا کیوں نہیں......'' میری سوچ کے دوران وہ حسب معمول اپنے ہاتھ کی مزے دار سی چائے بنا چکے تھے۔ میرے سوال پر دھیرے سے مسکرا دیئے۔''میاں......سب کچھ جتایا تو نہیں جاتا نا......

اور پھر ویسے بھی یہ تمہارا ذاتی معاملہ تھا۔ میں نے سوچا، تم سے کچھ پوچھوں گا تو تم بھی دل میں سوچو گے کہ بڑے میاں سٹھیا گئے ہیں۔'' مجھے ان کی بات پر ہنسی آ گئی۔ ''آپ مجھے ایسا سمجھتے ہیں......؟......آپ سے ایک بات پوچھوں......آپ برا تو نہیں منائیں گے......؟'' ''نہیں نہیں......ضرور پوچھو......تم مجھے بہت عزیز ہو......'' میں نے ان کی آنکھوں میں دیکھا۔ ''آپ نے کبھی کسی سے محبت کی ہے......؟''

میرا سوال سن کی ان کے چہرے پر بچوں کی طرح حیا کا ایک گلابی رنگ آ کر گزر گیا اور وہ ہنس پڑے۔ ''کیا میاں......؟......سبھی کچھ اگلوا لو گے کیا......؟'' ''بتائیں نا......آپ نے کبھی کسی کو چاہا ہے......اور خدا کے لیے جواب میں یہ نہ کہیئے گا کہ ہاں کی ہے، پھولوں سے، موسم سے، سمندر سے اور ان سب کو بنانے والے سے......آپ جانتے ہیں، میں کس سے محبت کی بات کر رہا ہوں......'' میرے ضدی انداز پر وہ باقاعدہ زور سے ہنس دیئے۔ میں نے اس سے پہلے انہیں یوں ہنستے ہوئے کبھی نہیں دیکھا تھا، نہ جانے کیوں اس لمحے مولوی خضر مجھے بہت اچھے لگے۔ ''ہاں بھئی کی ہے......اپنے زمانے میں ہم نے بھی کی ہے، محبت......لیکن ہماری محبت میں اور آج کل کی اس طوفانی محبت میں بہت فرق ہے۔ مجھے جس سے محبت ہوئی، اسے میں نے پوری زندگی میں صرف دو مرتبہ دیکھا۔ پہلی بار ایک کتابوں کی دکان پر، جہاں وہ سائیکل رکشے میں اپنی والدہ کے ہمراہ تشریف لائی تھیں اور دوسری مرتبہ ایک لائبریری میں، جہاں ہم نے کسی طور بڑی ہی مشکل سے انہیں آنے کا کہا تھا۔ وہ بس دو منٹ کے لیے آئیں اور جتنی دیر میں لائبریرین کے ہاتھ سے کتاب ان کے ہاتھ میں منتقل ہوئی، بس اتنی ہی دیر ٹھہریں۔ یہ اتنی سی ہی ہے، ہماری محبت کی کہانی۔'' میرا تجسس بڑھ گیا۔ ''تو پھر آپ نے ان خاتون کے ہاں رشتہ کیوں نہیں بھیجا۔ میرا مطلب ہے، آپ نے بات آگے کیوں نہیں بڑھائی......؟'' ''بات بڑھتی تو بڑھاتے نا......لمبی کہانی ہے، میاں۔ پھر کبھی سنائیں گے......فی الحال تم بس اتنا جان لو کہ محبت کے ہزار سے بھی زیادہ روپ ہوتے ہیں، لیکن محبت ہمیشہ اس خوشبو کی طرح لاحاصل ہی رہتی ہے جو پرفیوم کرتے سے آس پاس فضا میں بکھر جاتی ہے۔ بس ایک کسک ہی اس عشق مجازی کا حاصل ہے......'' ''لیکن لوگ محبت میں ایک دوسرے کو پا بھی تو لیتے ہیں......اس وصل محبت کے بارے میں آپ کیا کہیں گے......کچھ لوگوں کو ان کی محبت مل بھی تو جاتی ہے۔'' ''محبت کہاں مل پاتی ہے میاں......بس جسم مل جاتے ہیں......جانے کس بے وقوف نے اس وصل کو محبت کے وصل کا نام دے دیا ہے۔ محبت ہمیشہ سے ایک لاحاصل جذبہ ہے۔'' میں حیرت سے اس وجیہہ بزرگ کو دیکھتا رہا۔ ضرور ان کا ماضی کسی شدید محبت کی داستان سے گندھا ہوا تھا۔ ورنہ محبت کے بارے میں اتنا منفرد اور انوکھا نظریہ کسی عام شخص کا تو نہیں ہو سکتا تھا۔

اس دن مولوی خضر سے مل کے درگاہ واپسی کے بعد بھی میں بہت دیر تک ان کے فلسفہ محبت کے بارے میں سوچتا رہا۔ اگر وہ سچ کہہ رہے تھے تو پھر میری زہرا سے محبت کا مقام کیا تھا......؟......کیا حقیقت تھی میری محبت کی؟ کیا میری محبت بھی صرف جسم کے حصول کے لیے ہی تھی؟ لیکن میں نے تو آج تک کبھی زہرا کا جسم پانے کی خواہش تک نہیں کی تھی۔ میں نے تو جب بھی اسے دیکھا، بس اس کے چہرے کے نور میں کھوتا چلا گیا اور پھر جسم، یا روح کا حصول تو بہت دور کی بات تھی، وہ تو میرے بارے میں سوچتی تک نہ تھی۔ میں ایسے ہی نہ جانے کتنے خیالوں میں بھنور میں پھنسا غوطے کھا رہا تھا کہ اچانک ایک بار پھر میرے ساتھ وہی عجیب سا واقعہ ہوا جو پہلے بھی درگاہ میں عبداللہ کے حجرے میں پہلی مرتبہ داخل ہوتے ہوئے پیش آیا تھا۔ میں کافی دیر سے درگاہ کے صحن میں بیٹھا تسبیح کی مالائیں پرو رہا تھا اور اپنی محبت کی حقیقت کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ اتنے میں باہر سے کسی مچھیرے کی

آواز سنائی دی۔ ''عبداللہ بھائی...... تسبیحاں بن گئی ہوں تو دے دو...... میں نیچے بازار کی طرف جا رہا ہوں۔ دکان پر چھوڑتا جاؤں گا۔'' یہ کریم بلوچ کی آواز تھی۔ مولوی خضر نے اسے خاص طور پر تاکید کر رکھی تھی کہ جب بھی وہ ظہر کی نماز ادا کرنے کے بعد نیچے بازار کی طرف جانے لگے تو مجھ سے بھی پوچھ لیا کرے، تاکہ میرا وقت بچ جائے۔ میں نے وہیں سے آواز لگائی۔ ''آیا کریم بھائی......'' اور اسی لمحے ایک دم میرے ذہن میں پھر ایک جھماکا سا ہوا۔ مجھے یوں لگا کہ کریم پہلے بھی اسی طرح مجھ سے تسبیح کی مالائیں لینے کے لیے یونہی درگاہ کے دروازے کے باہر کھڑے ہو کر آواز لگا چکا ہے اور میں نے ٹھیک اسی جگہ بیٹھے، اسے یہی جواب دیا ہے اور اب جب میں اسے یہ مالائیں دینے کے لیے باہر نکلوں گا تو وہ مجھے داہنی جانب مسکراتا ہوا کھڑا ملے گا اور پھر ہوا بھی یہی۔ میں ابھی اسی روشنی کے جھماکے کے اثر میں تھا اور جیسے ہی میں بے اختیار ہو کر اٹھا اور باہر نکلا تو کریم وہیں کھڑا مسکرا رہا تھا۔ ہمیشہ کی طرح یہ تمام احساس لمحے بھر کا تھا اور اگلے ہی لمحے میں پھر سے ''زمانہ حال'' میں واپس پہنچ گیا، لیکن اس بار میرے سر میں درد کی ایک شدید لہر بھی اٹھی تھی۔ میں نے کریم کو تو جیسے تیسے فارغ کر دیا، لیکن پھر خود مجھ سے بہت دیر تک وہاں سے اٹھا نہیں گیا۔ عام طور پر ایسا ہم سب ہی کے ساتھ زندگی میں کبھی نہ کبھی ضرور ہوتا ہے کہ ہمیں کسی واقعے، بات یا منظر کو دیکھ کر چند لمحوں کے لیے ایک وقتی سا احساس ہوتا ہے کہ ہم یہ بات پہلے بھی سن چکے ہیں، یا اس سوال کا جواب مخاطب کی زبان سے کیا نکلے گا، یا پھر پہلی مرتبہ کا دیکھا ہوا منظر بھی اپنی تمام تر جزئیات کے ساتھ کچھ ایسا دکھائی دیتا ہے، جیسے ہم پہلے بھی اس مقام سے گزر چکے ہوں۔ لیکن میرے ساتھ اس درگاہ میں آنے کے بعد سے لے کر اب تک صرف ایک مہینے میں تیسری، یا چوتھی مرتبہ یہ واقعہ اس تواتر کے ساتھ پیش آ رہا تھا کہ خود میں بھی سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ آخر یہ کیسا اسرار ہے۔ عصر کی نماز کے بعد جیسے ہی مسجد نمازیوں سے خالی ہوئی، میں نے تمام واقعہ پوری تفصیل کے ساتھ مولوی خضر کے سامنے پیش کر دیا۔ لیکن مجھے یہ دیکھ کر بے حد حیرت ہوئی کہ خلاف معمول مولوی خضر نے میرے تمام سوالات کے جواب میں بات ٹالنے کی کوشش کرتے ہوئے صرف اتنا کہا ''رہنے دو میاں...... بڑی تفصیل طلب باتیں ہیں...... وقت آنے پر تمہیں سب پتا چل جائے گا......'' میں نے اصرار کیا۔ ''آخر ایسا بھی کیا راز ہے...... پہلے میں نے عبداللہ سے بھی جب اس بات کا ذکر کیا تھا، تب اس نے بھی کچھ ایسا ہی گول مول سا جواب دیا تھا۔ میرا سر درد سے پھٹ جائے گا۔ میں آپ سے التجا کرتا ہوں کہ میری یہ الجھن دور کر دیں...... چاہے اس راز کے افشا ہونے سے میرا کتنا ہی نقصان کیوں نہ ہوتا ہو......'' انہوں نے ایک لمبا سا سانس لیا۔ ''بہت جلد باز ہو...... بہتر ہوتا کہ مناسب وقت کا انتظار کرتے......'' لیکن میں اپنی ضد پر اڑا رہا ''کل کرے سو آج...... آج کرے سو ابھی......''

مولوی خضر نے مجھ پر ایک گہری نظر ڈالی۔ ''ٹھیک ہے...... یوں لگتا ہے جیسے تمہاری تربیت کا وقت آ گیا۔''

❁......❁

# تربیت

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

میں مولوی خضر کے منہ سے تربیت کا لفظ سن کر مزید الجھن میں پڑ گیا۔ وہ میری تربیت کا ذکر کر رہے تھے؟ کیا زہرا کو پانے کے لیے اب مجھے باقاعدہ کسی تربیت سے بھی گزرنا پڑے گا...... سوالوں کا ایک طوفان تھا، جو میرے اندر سب کچھ اتھل پتھل کر رہا تھا لیکن میں بنا کچھ کہے، دم سادھے ان کے سامنے بیٹھا رہا۔ آخر کار انہوں نے ہی اپنی خاموشی کا قفل توڑا ''سب سے پہلے تم میرے ایک سوال کا جواب دو۔ تمہارے خیال میں اس دنیا کا سب سے بڑا عہدہ 'مقام و مرتبہ' کون سا ہو سکتا ہے۔ یاد رہے، ماضی اور حال دونوں زمانوں کا پوچھ رہا ہوں۔'' میں نے کچھ دیر سوچنے کے بعد جواب دیا۔ ''شاید کسی 'سپر پاور' کے سربراہ کا عہدہ'' ''نہیں...... نبوت دنیا کا سب سے بڑا عہدہ 'مقام و مرتبہ' ہے۔ حالانکہ نبوت کا سلسلہ ختم ہو چکا لیکن اب تک اور آنے والے تمام زمانوں کا سب سے بڑا عہدہ نبوت ہی ہے۔ ہمیشہ اس بات کو یاد رکھنا۔'' ''جی بہتر...... لیکن میں اب بھی آپ کے اس سوال کا مقصد نہیں سمجھا؟'' انہوں نے ایک لمبا سا ہنگارا بھرا۔ ''دراصل جو میں اب کہنے جا رہا ہوں اس کا تعلق میرے سوال سے ہے۔ میں نے تمہیں پہلے بھی بتایا تھا کہ ہماری دنیا اس کائنات کی لاتعداد دنیاؤں کے مقابلے میں صرف ریت کے ایک ذرے جیسی حیثیت رکھتی ہے۔ ہمارے بالکل قریب، ایک اور مخلوق جسے ہم جنات کے نام سے جانتے ہیں، اپنی دنیا بسائے ہوئے ہیں۔ پھر جانے کتنی کہکشائیں، کتنے سیارے اپنے اپنے مدار میں گردش کر رہے ہیں۔ ہمارے پاس ہماری اپنی دنیا کے اندرونی رابطے کے بہت سے ذرائع ایجاد ہو چکے ہیں مثلاً وائرلیس، ٹیلی فون، موبائل وغیرہ جن سے ہم تمام دنیا میں پلک جھپکنے میں مطلوبہ شخص تک رسائی کر لیتے ہیں۔ لیکن ہمارا ایک رابطہ ہمہ وقت اپنے خدا سے بھی تو رہتا ہے۔ وہ جو ہماری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ لیکن اس غیر مرئی رابطے کے لیے اب تک کوئی آلہ ایجاد ہوا ہے، نہ ہی کبھی ہو گا۔ اس رابطے کا نظام خود اللہ نے اپنے ہاتھ میں رکھا ہے۔ عموماً یہ رابطہ براہ راست نہیں ہوتا اور بالواسطہ ہم سبھی ایک پوشیدہ نظام کے تحت اس رابطے سے جڑے رہتے ہیں۔ لیکن خدا کے اپنے بندے سے براہ راست رابطے کے بھی کچھ ذرائع ہیں۔ میں صرف تین بڑے ذرائع کا ذکر کروں گا۔ وحی، کشف اور الہام۔'' مولوی خضر نے پانی پینے کے لیے ایک چھوٹا سا وقفہ لیا۔ میں نے بے چینی سے پہلو بولا۔ ان کی اس لمبی تمہید نے میرے اندر ایک عجیب سی بے چینی بھر دی تھی۔ خدا خدا کر کے انہوں نے اپنی بات دوبارہ شروع کی۔ ''ہاں تو میں نے فی الحال صرف تین براہ راست رابطوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں سے پہلا ذریعہ یعنی وحی شرعی کا سلسلہ آخری پیغمبر کے ساتھ ہی موقوف ہو گیا ہے۔ باقی رہ گئے دو ذرائع۔ ان میں سے پہلا ہے کشف، جس کا تعلق حسیات سے ہے۔ جس میں کسی شخص کو باقاعدہ علم غیب، یا مستقبل میں پیش آنے والے واقعات کی جھلک نظر آتی ہے اور وہ اس واقعے کو اپنی آنکھوں کے سامنے ہوتا ہوا دیکھ سکتا ہے۔ ایسے انسان کو کاشف کہتے ہیں اور اس کا یہ کمال کشف کہلاتا ہے۔ جب کہ تیسرے ذریعے کو ''الہام'' کہا جاتا ہے۔ الہام کا تعلق وجدانیات سے ہوتا ہے۔ وجدان یعنی انسان کو باقاعدہ کچھ نظر تو نہ آئے، پر خدا کی طرف سے اس کے دل میں ایک خیال ڈال دیا جاتا ہے کہ فلاں

واقعہ کچھ یوں ہوا ہوگا، یا فلاں شخص کس حال میں ہوگا، یا فلاں دو راستوں میں سے ایک راستہ اسے اس کی کامیابی کے راستے پر لے کر جائے گا۔لیکن یہ سب اللہ کی مرضی پر منحصر ہے کہ وہ اپنے کن خاص بندوں کو الہام، یا کشف کے مرتبے کے لیے چنتا ہے۔''

مولوی خضر نے کچھ دیر توقف کیا اور پھر مجھ سے پوچھا۔''میری بات سمجھ میں آ رہی ہے نا......'' میں نے اثبات میں سر ہلایا تو انہوں نے پھر سے سلسلہ جوڑا۔''لیکن ایک بات تو طے ہے کہ ایسا کمال ہر ایک کو تو عطا نہیں کیا جاتا، ضرور اس بندے میں کوئی خاص بات تو ہوتی ہوگی۔ میرے نزدیک وہ خاص وصف خالص پن ہے جسے انگریزی میں Purity کہتے ہیں۔ ہم انسان عالم ارواح میں انتہائی معصوم ہوتے ہیں۔ پھر دنیا میں آنے کے بعد رفتہ رفتہ یہاں کے گناہوں کی آلودگی ہمیں داغ دار کر دیتی ہے۔اس کی مثال بالکل ایسی ہے، جیسے کسی بچے کے شفاف پھیپھڑے کے مقابلے میں کسی لگاتار سگریٹ، یا تمبا کو نوشی کرنے والے کے پھیپھڑے، جو بہت زیادہ کاربن کی وجہ سے ایکسرے میں بھی باقاعدہ کالے نظر آتے ہیں۔ میرا ماننا یہ ہے کہ خدا نے کم از کم الہام کا تحفہ ہر انسان کے لیے طے کر رکھا ہے۔لیکن ہمارے اندر کی آلودگی ہمارے قلب و نظر کے گرد اس طرح پہرہ بن کر پردے گرا دیتی ہے کہ ہم الہام تو دور، سامنے کی چیز بھی نہیں دیکھ پاتے۔'' مولوی خضر نے پھر سے ایک وقفہ لیا۔شاید وہ مجھے اس بات کا موقع دینا چاہتے تھے کہ میں ان کی ثقیل باتیں ہضم کر سکوں۔ وہ پھر گویا ہوئے۔''اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کشف اور الہام کو ناپنے کا پیمانہ کیا ہے......؟ مطلب یہ کہ یہ نعمت بھی تو سبھی میں یکساں بٹی ہوئی نہیں ہوتی۔اس کے بھی باقاعدہ درجے ہوتے ہیں۔اس کے لیے تمہیں ایک مثال دیتا ہوں آج کل سیٹلائٹ کا دور ہے۔خلا میں بہتی لہروں کے ذریعے خلائی سگنل بھیجے جاتے ہیں اور ان لہروں کو پکڑنے کے لیے کسی اینٹینا کا سہارا لیا جاتا ہے۔جس اینٹینا کی اونچائی جتنی زیادہ ہوتی ہے اتنی ہی زیادہ لہریں وہ پکڑ پاتا ہے۔بس یوں سمجھ لو کہ ہم سب انسانوں کے سر پر بھی ایک ایسا ہی ان دیکھا اینٹینا موجود ہے۔ جو جتنا بڑا کاشف، یا الہامی ہوگا، اس کا اینٹینا دوسروں سے اتنا ہی اونچا ہوگا اور اس غیر مرئی اینٹینا کی لمبائی، یا اونچائی کا براہ راست تعلق خود انسان کی اپنی محنت، عبادت، ریاضت اور پاکیزگی سے بھی ہے۔ جو جتنی کوشش اور ریاضت کرے گا اس کی پہنچ عالم غیب میں اتنی ہی زیادہ ہوتی جائے گی۔یعنی اس کا اینٹینا سر سے اتنا ہی بلند ہوتا جائے گا۔آج کل ٹیلی پیتھی اور ریکی وغیرہ کا بڑا چرچا ہے۔سائنس ان علوم تک بہت دیر میں پہنچی ہے جب کہ ''روحانیت'' نے تو عرصہ قبل یہ سنگ میل عبور کر لیے تھے۔چین میں ابھی تک باقاعدہ ایسے لوگ پائے جاتے ہیں، جو ننگے پاؤں پانی کی سطح پر یوں چلتے پھرتے ہیں جیسے خشکی پر چل پھر رہے ہوں۔کوئی ندی، دریا، یا سمندر انہیں ڈبو نہیں سکتا۔ یہ سب صرف اور صرف خود پر قابو پانے کی طاقت ہے، جو انہیں روحانیت سے عطا ہوتی ہے۔ایک غیر مسلم جب اپنی توجہ اس قدر مرکوز کر سکتا ہے کہ وہ پانی کی سطح پر چلتے ہوئے پیر کے تلوؤں کے پٹھے کنٹرول کرتے ہوئے ان کی ساخت عارضی طور پر پانی پر چلنے کے موافق کر لیتا ہے تو پھر سوچو کہ اگر مومن اپنی توجہ مرکوز کرنے پر قدرت حاصل کر لے تو کیا نہیں کر سکتا......؟؟؟ اب رہی بات تمہارے سوال کی کہ تمہیں بار بار چند لمحے آگے کی بات کیوں نظر آتی ہے تو میری ناقص اور ذاتی رائے یہی ہے کہ اس کا تعلق بھی اسی کشف اور الہام سے ہے، جس کا میں نے ابھی اتنی تفصیل سے ذکر کیا ہے۔تمہارا اینٹینا کچھ پکڑنے کی کوشش کرتا رہتا ہے لیکن شاید ابھی ہم سب عام انسانوں کی طرح صرف سر کی سطح ہی پر ہے۔ میری دعا ہے کہ خدا تمہیں مکمل وجدان عطا کرے۔'' میں حیرت سے منہ کھولے ہوئے مولوی خضر کی یہ ساری تمہید سن رہا تھا۔وہ کہاں کی بات کو کہاں لے جا کر جوڑ بیٹھے تھے۔ بھلا میں کہاں اور یہ روحانیت

کہاں......؟ابھی ایک ہفتہ پہلے تک تو مجھے ٹھیک سے نماز بھی پڑھنا نہیں آتی تھی اب بھی جو کچے پکے سجدے کر رہا تھا۔ مجھے اگر زہرا کو پانے کی ذرا سی بھی ناامیدی ہوتی تو میں ایک پل بھی مزید اس درگاہ میں نہ ٹھہرتا، جب کہ یہ حضرت تو نہ جانے کہاں سے قلابے کہاں ملا رہے تھے۔ میں نے حیرت سے انہیں دیکھا۔''یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں...... آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ میرے یہاں آنے کا مقصد کیا ہے اور آپ میری ماضی سے بھی بخوبی واقف ہیں۔ پھر بھی......''انہوں نے میری بات پوری ہونے سے پہلے ہی کاٹ دی۔''میں نے اسی لیے شروع ہی میں یہ واضح کر دیا تھا کہ کچھ فیصلے قدرت اپنے پاس محفوظ رکھتی ہے۔ کس کو اس کام کے لیے چننا ہے اور کسے نہیں...... یہ فیصلہ بھی تقدیر خود ہی کرتی ہے اور اس فیصلے کے آگے ہم انسانوں کے سبھی جواز دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں۔''

مولوی خضر اپنی بات مکمل کر کے مغرب کی نماز کی تیاری کے لیے اٹھ کھڑے ہوئے لیکن میری ذات کو ادھورا بھٹکتے چھوڑ گئے۔ پتا نہیں ان کی باتیں سننے کے بعد مجھے ایسا کیوں محسوس ہونے لگا تھا جیسے کوئی ان دیکھا شکنجہ میرے وجود کے گرد کستا جا رہا ہے۔ یہ سلطان بابا مجھے کس گورکھ دھندے میں الجھا گئے تھے۔ میں تو اپنی پہلی اور ظاہری دنیا ہی سے بے زار تھا۔ یہ دوسری دنیا کا عذاب بھلا اب کون جھیلے گا......؟ میں نے وہیں مسجد میں بیٹھے بیٹھے اپنی زندگی میں شاید پہلی مرتبہ گڑگڑا کر اپنے رب سے دعا کی کہ مجھے مزید کسی امتحان میں نہ ڈالے کہ میں بہت ہی عام اور کمزور سا بندہ ہوں۔ مجھ میں اب مزید کوئی عذاب سہنے کی ہرگز سکت نہیں ہے۔ مجھے پتا نہیں چلا کہ کب میں اپنی اس التجا میں اتنا غرق ہوا اور کب میرا چہرہ میرے آنسوؤں سے دھلنے لگا۔ لیکن اس روز اس سناٹے میں میری ہچکیاں سننے والا بھی کوئی نہیں تھا۔ دنیا میں مجھ جیسا کون ہوگا، جس نے اپنی محبت پانے کے لیے اپنی سانسیں تک گروی رکھ دی ہوں۔ آخر قدرت کو مجھ پر رحم کیوں نہیں آتا تھا؟

عشاء کی نماز کے بعد میرا دل جب بہت گھبرانے لگا، تو میں نے ساحل کی چہل قدمی کا ارادہ کر لیا۔ مولوی خضر نماز کے فوراً بعد ہی نیچے ساحلی بستی میں نہ جانے کس نمازی کی تیمارداری کے لیے جا چکے تھے۔ میں تنہا ہی ساحل کی طرف چل پڑا۔ ٹھنڈی ہوا چہرے سے ٹکرائی تو کچھ گھٹن کا احساس کم ہوا۔ میں نہ جانے کتنی دیر یونہی اپنی دھن میں ساحل کے کنارے کنارے چلتا گیا۔ اچانک دور ساحل پر چند روشنیاں تیزی سے مجھے اپنی جانب بڑھتی ہوئی نظر آئیں اور پھر کچھ ہی دیر بعد سائلنسر کی آوازوں سے پتا چل گیا کہ چھ سات ہیوی بائیکس ساحل پر دوڑتی ہوئی میری جانب آ رہی ہیں۔ کچھ ہی دیر میں اس چنگھاڑتے شور میں ان موٹر سائیکل سواروں نے مجھے کراس کیا۔ یہ نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کا ایک ٹولہ تھا جو شاید شہر سے دور اس ویران ساحل پر ریس لگانے کے لیے آیا تھا۔ ہر موٹر سائیکل پر ایک لڑکے لڑکی کا جوڑا بیٹھا ہوا تھا۔ وہ سبھی چیخ چلا رہے تھے، نعرے لگا رہے تھے۔ میرے ہونٹوں پر خود بخود ایک دھیمی سی مسکراہٹ ابھر آئی۔ کچھ''میٹھی یادوں'' نے میری رگوں میں بہتی کڑواہٹ کو کافی کم کر دیا۔ مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ لگائی گئی ایسی کئی ریسوں اور ہنگاموں کا دور یاد آ گیا۔ ہمارے گروپ میں کاشف سب سے اچھا بائیک رائڈ تھا لیکن میں اسے بھی بہت دفعہ ریس میں ہرا چکا تھا۔ میں اپنی یادوں کی جھونک میں بہت آگے چلا آیا تھا۔ ساحلی بستی کی روشنیاں تقریباً غائب ہو چکی تھی۔ لہٰذا میں نے واپسی کا فیصلہ کیا ابھی میں درگاہ سے کچھ فاصلے ہی پر تھا کہ مجھے وہی موٹر سائیکل سوار گروپ ساحل کے کنارے کھڑا نظر آیا۔ وہ سب کے سب ایک موٹر سائیکل کے گرد جمع تھے۔ شاید اس بائیک میں کوئی خرابی ہوگئی تھی۔ میں ان کے قریب پہنچا تو وہ سب میری جانب متوجہ ہوگئے۔ ان میں سے

ایک شوخ سے لڑکے نے زور سے کہا۔ ''سلام مولانا جی...... یہاں آس پاس کوئی گیراج ہے تو پلیز بتایئے۔'' اس کے مولانا کہنے پر پہلے تو مجھے یہ گمان ہی نہیں ہوا کہ وہ مجھ سے مخاطب ہے لیکن جب اس نے دوبارہ زور سے کھنکار کر مجھے متوجہ کیا تو میں رک گیا۔ میرے علاوہ وہاں اور تھا ہی کون جسے وہ پکارتا۔ پھر میرا ہاتھ بے اختیار میری دو ہفتوں سے بھی زیادہ بڑھی ہوئی شیو کی جانب چلا گیا۔ میں اس وقت کرتے پاجامے میں ملبوس، سر پر سفید ٹوپی اور بڑھی ہوئی داڑھی لیے ان کے سامنے کھڑا تھا۔ ایسے میں ان کا مجھے ''مولانا'' سمجھنا اور پکارنا بالکل جائز تھا۔ مجھے یہ سوچ کر ہنسی آ گئی کہ نہ جانے میں خود اس سے پہلے کتنے ایسے ظاہری حلیے والوں کو باقاعدہ مولوی سمجھتا رہا تھا۔ ہم انسان بھی کس قدر ظاہر پرست ہوتے ہیں۔ لباس اور حلیے کی بنیاد ہی پر درجہ بندیاں کرتے پھرتے ہیں۔ دل کے حال پر کبھی نہیں جاتے۔ میں نے جواب دیا۔ ''جی فرمایئے۔'' سارا گروپ مجھے نہایت دل چسپی سے دیکھ رہا تھا۔ ان میں سے شریر آنکھوں والی ایک لڑکی بولی ''جناب کسی قریبی ورکشاپ کا پتا بتا دیں۔ ہماری بائیک خراب ہو گئی ہے۔'' میں نے خراب موٹر سائیکل پر دور ہی سے نظر ڈالی۔ جرمنی کی 700 سی سی سپر ٹرانف (Super- tranf) تھی۔ کسی زمانے میں یہ میری بھی پسندیدہ سواری رہ چکی تھی۔ ''آپ کہیں تو میں دیکھ لوں......؟'' میں نے ان سے اجازت طلب کی۔

میری بات سن کر وہ سب زور سے ہنس پڑے۔ ایک دوسری چیونگم چباتی لڑکی ہنس کر بولی۔ ''مولوی جی...... یہ سپر ہیوی بائیک ہے...... کوئی سائیکل نہیں ہے، جو پنکچر ہو گئی اور آپ اسے ٹھیک کر دیں گے۔'' لڑکی کی بات سن کر پورا گروپ قہقہہ لگا کر ہنس پڑا۔ میرے ہونٹوں پر بھی مسکراہٹ آ گئی۔ ''ہے تو سائیکل ہی نا...... بس ساتھ میں موٹر جڑ گئی ہے۔'' میں نے آگے بڑھ کر سیلف چیک کیا۔ موٹر سائیکل کک سے نہیں، بلکہ سیلف سے اسٹارٹ ہوتی تھی۔ سیلف ٹھیک تھا۔ میں نے ڈسک بریک دیکھی اور ائیر لیور کو دو تین بار پکڑ کر چھوڑا۔ سارا گروپ حیرت سے میری ''کارروائی'' دیکھ رہا تھا۔ میں نے حتمی نتیجے پر پہنچ کر سر اٹھایا۔ ''بریک کی ڈسکس (Discs) ایک دوسرے میں پھنس گئی ہیں۔ شاید بریک لگاتے وقت کلچ کو ٹھیک طرح سے نہیں دبایا گیا۔ آپ میں سے کسی کے پاس کٹ بیگ ہے؟'' سبھی گروپ کو جیسے سانپ سونگھ گیا تھا۔ اب کھنکارنے کی باری میری تھی۔ پھر جیسے میری کھنکار سن کر سبھی کو ہوش آ گیا اور ایک لڑکا جلدی سے کٹ بیگ لے کر میری طرف بھاگا۔ باقی سب بھی بیک وقت بولنے لگے۔ ''واؤ (wow) یار...... کمال ہے...... اٹس امیزنگ...... آپ کو تو پوری بائیک کی انجینئرنگ کا پتا ہے...... کیا آپ مکینک ہیں......؟'' ''بس مکینک ہی سمجھ لیں...... بس دس منٹ میں آپ کی بائیک تیار ہو جائے گی۔'' میں پوری طرح موٹر سائیکل کی خرابی درست کرنے میں جٹ گیا۔ گروپ کی نظروں میں اب میرے لیے طنز کے بجائے ستائش تھی۔ وہ سب پھر سے اپنی اسی پرانی بحث میں مصروف ہو گئے جو شاید میرے آنے سے پہلے ان کے درمیان جاری تھی۔ جس لڑکے نے مجھے مخاطب کیا تھا، وہ بولا ''تم لوگ مانو نہ مانو...... مگر مجھے ایسا لگتا ہے کہ میں پہلے بھی یہاں آ چکا ہوں اور تب بھی وہ شپ اسی جگہ اینکرڈ تھا۔ شرارتی لڑکی بولی۔ ''کم آن نعمان...... اب یہ نا کہہ دینا کہ یہ تمہارا دوسرا جنم ہے۔'' میں نادانستہ طور پر ان کی باتوں کی جانب متوجہ ہو گیا۔ ایک لڑکا بولا ''یار لوگ اس مرر امیج تھیوری (Mirror Image Theory) پر یقین کیوں نہیں کر لیتے۔ نومی کا مسئلہ بھی بس اتنا ہی ہے۔'' ان کی یہ ساری گفتگو زیادہ تر انگریزی میں ہو رہی تھی۔ دوسری جانب سے جینز میں ملبوس ایک لڑکی چلائی ''خدا کے لیے کوئی مجھے بھی اس شیشے کی عکس نما تھیوری کے بارے میں بتائے گا۔'' پہلا لڑکا تفصیل سے بتانے لگا۔ ''بھئی یونانی فلسفے کے مطابق ہماری یہ دنیا دراصل ہو بہو ایک ایسی

ہی دنیا کا عکس ہے جو بالکل ہمارے سامنے ہی بستی ہے۔ لیکن ہم اسے دیکھ نہیں سکتے۔ یعنی جو کچھ وہاں ہو رہا ہے ٹھیک وہ یہاں بھی ہو رہا ہے۔ مطلب یہ کہ ہم میں سے ہر ایک کا ڈپلی کیٹ اس دنیا میں موجود ہے۔ ادر یہ جو گڑبڑ نومی کے ساتھ ہو رہی ہے ویسا تب ہوتا ہے، جب ہماری دنیا اور اس دنیا کے عکس کے چند فریم آگے پیچھے ہو جائیں۔ تب ہم لمحہ بھر کے لیے مستقبل میں جھانک آتے ہیں۔ یار، وہ تم لوگوں نے ہم زاد کا ذکر نہیں سنا...... ہمارا ہم زاد ہی تو ہے۔ اسی جیسی دنیا میں بستا ہمارا ڈپلی کیٹ ہماری کاربن کاپی۔" میرے ذہن میں ان لوگوں کی باتیں سن کر جھکڑ سے چلنے لگے تھے۔ یہ تو وہی بات کر رہے تھے جس کی ایک روحانی توجیہہ آج شام ہی کو مولوی خضر نے میرے سامنے پیش کی تھی۔ جب کہ یہ تو بالکل ہی کسی نئی تھیوری کا ذکر کر رہے تھے۔ قدرت میرے ساتھ یہ کیسا کھیل کھیل رہی تھی۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا۔ اتنے میں نعمان نے زور دے کر کہا۔ "میں تو اب بھی کہتا ہوں کہ وقت اپنی جگہ قائم رہتا ہے۔ باہر کے سائنس دانوں نے حال ہی میں کچھ ایسی آوازیں ریکارڈ کر لی ہیں جن کی زبان عبرانی ہے اور جن کے متعلق یہ دعویٰ کیا جا رہا ہے کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے دور کی آوازیں ہیں۔ بلکہ وہ تو اس واقعے تک بھی پہنچ گئے ہیں کہ وہاں بات کسی گدھے کے مرنے کے قصے کے بارے میں ہو رہی ہے۔" تیز طرار لڑکی نے ناک سکیٹری "تو اس بات سے کیا ثابت ہوتا ہے؟" نعمان نے اصرار جاری رکھا۔ "یار جب آواز کے فریم خلا میں زندہ رہ سکتے ہیں اور صدیوں بعد بھی پکڑے جا سکتے ہیں تو پھر ہماری تصویریں بھی فضا میں کہیں نہ کہیں کسی تہہ میں ضرور باقی رہتی ہوں گی۔ تم دیکھنا جلد ہی ایک ایسی مشین بھی وجود میں آ جائے گی جو ہمیں ہمارے مستقبل نہیں تو کم از کم ماضی میں ضرور پہنچا دے گی، جہاں ہم خود اپنی آنکھوں سے اپنا بچپن، اپنے والدین اور دیگر حالات دیکھ سکیں گے۔" شرارتی لڑکی خاموشی سے چلائی "واؤ...... دیٹس گریٹ...... یو مین ٹائم مشین...... کاش اس وقت ہم سب بھی زندہ ہوں اور اپنے ماضی میں جھانک سکیں......"

اتنے میں، میں بھی اپنا کام ختم کر چکا تھا۔ میں نے نعمان کو سیلف مارنے کا کہا۔ اس نے سیلف مارا اور موٹر سائیکل ایک جھٹکے سے اسٹارٹ ہو گئی۔ سب نے خوشی کے مارے سیٹیاں بجائیں اور نعرے لگائے اور اپنی اپنی جوڑی کے ساتھ موٹر سائیکلوں پر بیٹھ گئے۔ نعمان نے مجھ سے ہاتھ ملایا اور اپنی جیب سے کچھ نوٹ نکال کر دینے چاہے۔ میں نے مسکرا کر نوٹ واپس اس کی شرٹ کی جیب میں رکھ دیئے اور اوپر درگاہ کی جانب اشارہ کر کے کہا۔ "میں وہاں رہتا ہوں...... کبھی وقت ملے تو وہاں آیئے گا۔ میں آپ کو اس بائیک کے بارے میں کچھ ایسی ہدایات دوں گا کہ پھر یہ آپ کو مہینوں تنگ نہیں کرے گی۔" نعمان نے گرم جوشی سے بائیک پر بیٹھے بیٹھے ہی آگے بڑھ کر مجھے گلے لگایا اور کہا "اوہ شیور...... Sure میں ضرور آؤں گا۔" شرارتی لڑکی نے بھی جاتے جاتے جلدی میں مجھ سے ہاتھ ملایا اور وہ سب ہی میرا شکریہ ادا کرتے اور شور مچاتے ہوئے وہاں سے روانہ ہو گئے۔ جانے میں ساحل پر چہل قدمی کے لیے کیوں اترا......؟ جانے یہ گروپ وہاں کیوں آیا اور ان تک میری رسائی کیوں ہو پائی......؟ شاید یہ سارا کھیل ہی مجھے اس نئی تھیوری تک پہنچانے کے لیے تھا......؟ میں نے دل میں ارادہ کیا کہ کل صبح موقع ملتے ہی سب سے پہلے مولوی خضر سے اس یونانی فلسفے کے بارے میں بات کروں گا۔ کیا واقعی ہمارا کوئی ہم زاد بھی ہوتا ہے۔ بالکل ہمارے جیسا؟ ہمارا ہم نام، ہم پیشہ؟ لیکن اگلا دن جمعرات کا تھا اور حسب معمول فجر کے بعد ہی سے دھیرے دھیرے درگاہ پر حاضری دینے والوں کا ہجوم بڑھتا گیا۔ اس روز ویسے بھی نہ جانے کیوں اس قدر بھیڑ تھی کہ مجھے سر اٹھانے کی فرصت بھی نہیں مل سکی اور یونہی دیکھتے دیکھتے عصر کا وقت بھی ہو گیا۔

آج میرا دل بالکل ہی بجھا ہوا تھا۔ شاید اس لیے کہ میں جانتا تھا کہ زہرا کو اب یہاں آنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اسے اپنے عبداللہ کا پتا مل چکا تھا اور شاید اب وہ ہر جمعرات کو سینکڑوں میل کا سفر کر کے اس درگاہ کی زیارت کو جایا کرے گی، جہاں اسے اس کے من کی مراد مل سکتی تھی اور پھر وہ درگاہ کی زیارت کو یہاں آتی ہی کب تھی......؟ وہ تو صرف عبداللہ کی زیارت کے لیے آتی تھی۔ میں انہی سوچوں میں گم تھا کہ اچانک میری نظر صحن کے پار دروازے پر پڑی۔ کچھ دیر تو مجھے اپنی آنکھوں پر یقین ہی نہیں آیا۔ ہاں......وہ وہی تو تھی......تھکی تھکی......نڈھال سی......اپنے آپ اور اس سارے زمانے سے بے زار۔ میں نے لوگوں سے نظر بچا کر دوبارہ اپنی آنکھیں مل کر دیکھا لیکن وہ زہرا ہی تھی۔ آج صرف اس کی خادمہ ہی اس کے ساتھ تھی۔ وہ عورتوں والے حصے کی طرف بڑھ گئی اور لاتعلق سی ہو کر ایک دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئی۔ اس کی نوکرانی جلدی جلدی اسے پنکھا جھلنے لگی۔ زہرا کی حالت بہت ابتر تھی۔ شاید وہ کسی لمبے سفر کی تھکان کے زیر اثر تھی، یا پھر کسی اندرونی کش مکش نے اس کو اتنا نڈھال کر رکھا تھا۔ میرے دل میں شدید یہ خواہش ابھری کہ میں کسی طرح اس سے معلوم کروں کہ اس کی عبداللہ سے ملاقات ہوئی، یا نہیں۔ لیکن میری یہ حسرت دل میں ہی دبی رہ گئی۔ کچھ ہی دیر میں مجھے اپنے کمرے میں جانا پڑا اور نذر و نیاز اور مسائل کے حل کا مرحلہ شروع ہو گیا۔ مردانے سے فارغ ہو کر میں عورتوں والی کھڑکی کی جانب آیا تو حسب معمول میری سانس دھونکنی کی طرح چل رہی تھی۔ کچھ ہی دیر میں اس کی روح میں اتر جانے والی آواز میرے کانوں سے ٹکرائی۔ آج اس کی آواز میں بھی تھکن کا غلبہ تھا۔ ”اگر میں آپ سے کچھ مانگوں......تو کیا آپ دیں گے......؟“ میرا دل زور سے دھڑکا۔ شہنشاہ خود سوالی سی سوال کر رہا تھا۔ ”میرے پاس میری اس لاحاصل زندگی کے علاوہ اور کچھ نہیں بچا۔ پھر بھی آپ کہیں......“ کچھ دیر دوسری جانب خاموشی رہی جیسے وہ کسی شدید ذہنی کش مکش میں مبتلا ہو۔ پھر اس کی آواز ابھری۔ ”آپ......میں چاہتی ہوں کہ آپ یہ درگاہ چھوڑ کر کہیں اور چلے جائیں......“

❁......❁

# پہلی جیت

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

پہلے پہل تو میں سمجھ ہی نہیں پایا کہ وہ کہنا کیا چاہتی ہے۔ میں نے وضاحت چاہی۔ ''میں آپ کا مطلب نہیں سمجھا...... آپ مجھے کہاں بھیجنا چاہتی ہیں۔'' ''کہیں بھی...... آپ کہیں بھی چلے جائیں...... بس یہ درگاہ چھوڑ دیں۔ آپ دھیرے دھیرے میرے راستے کی رکاوٹ بنتے جا رہے ہیں۔ آپ کی وجہ سے عبداللہ کو یہاں سے کہیں اور جانا پڑا اور جب میں وہاں ان تک پہنچی تو انہوں نے مجھے اس درگاہ کی حاضری کا حکم دے دیا۔ میں ان کا حکم تو ٹال نہیں سکتی، لیکن آپ سے درخواست تو کر سکتی ہوں کہ آپ ہی میرے حال پر رحم کھایئے براہ مہربانی آپ یہاں سے چلے جائیں۔ ہو سکتا ہے آپ کے جانے کے بعد وہ دوبارہ یہیں آ جائیں۔'' وہ بولتی جا رہی تھی اور میرے دل پر نہ جانے کتنی چھریاں چل رہی تھیں۔ تو گویا اس کی آج کی حاضری کا مقصد بھی اسی رقیب کی مدح سرائی تھا، جو پہلے ہی میری محبت پر ڈاکہ ڈال چکا تھا۔ مجھے زہرا کی سنگ دلی کا اس شدت سے احساس ہوا کہ روح کے نازک دھاگے ادھڑنے لگے۔ کیا اسے میری حالت کی ذرا بھی پرواہ نہیں تھی۔ میں یہاں صرف اور صرف اسی کے لیے تو بیٹھا ہوا تھا۔ کیا میری محبت اتنی ہی حقیر اور فضول تھی کہ آج تک اس پتھر پر ایک دراڑ بھی نہ ڈال پائی تھی۔ میری طرف سے گہری خاموشی پا کر اس جلاد نے مجھے پھر میری موت یاد دلائی۔ ''میں آپ کے جواب کی منتظر ہوں۔''

زندگی میں پہلی مرتبہ میرے اندر کی کڑواہٹ باہر نکل آئی۔ ''آپ جواب کہاں چاہتی ہیں۔ آپ کو تو بس حکم سنانا ہے۔ سو، آپ نے سنا دیا۔ اب یوں کہیں کہ آپ تعمیل کی منتظر ہیں۔'' اسے شاید اپنے لہجے کی سختی کا کچھ احساس ہوا۔ ''اگر میری کسی بات سے آپ کو دکھ ہوا ہے تو میں معافی چاہتی ہوں۔ آپ میری ابتر حالت کا اندازہ نہیں لگا سکتے۔ میں اس وقت ڈوب رہی ہوں جب کنارہ بس سامنے نظر آ رہا ہے۔ مجھ پر رحم کریں، پلیز۔'' جلاد سر قلم کرنے سے پہلے سزائے موت کے مجرم سے رحم کی اپیل کر رہا تھا۔ ''ٹھیک ہے اگر آپ میرے سر پر کھڑے ہو کر ڈوبنے سے بچنا چاہتی ہیں تو مجھے یہ موت بھی منظور ہے۔ میری دعا پھر بھی یہی ہوگی کہ خدا آپ کی کشتی پار لگا دے۔ لیکن میں یہاں کچھ شرائط کے تحت اور کچھ معزز لوگوں کے وعدوں اور ضمانت پر آیا ہوں۔ مجھے کچھ مہلت دیجیے تاکہ میں یہاں سے جانے کا کوئی مناسب موقع اور بہانہ ڈھونڈ سکوں۔ مجھے یہاں سے جانے کے بعد اپنا سامنا بھی کرنا ہے۔ امید ہے آپ مجھے خود اپنے سامنے ذلیل ہونے پر مجبور نہیں کریں گی۔'' ''نہیں نہیں...... خدانخواستہ...... ساحر میں جانتی ہوں، میں آپ کو کتنی مشکل میں ڈال رہی ہوں...... لیکن آپ نہیں جانتے...... بس آپ نہیں جانتے۔''

جانے وہ کیا کہنا چاہتی تھی لیکن اس کی آواز آنسوؤں میں رندھ گئی اور وہ تیزی سے وہاں سے اٹھ کر چلی گئی۔ میں ویسے ہی اپنی جگہ پتھر بنا بیٹھا رہا۔ آج زندگی میں پہلی مرتبہ اس نے میرا نام ''ساحر'' پکارا تھا۔ یہ چار حرف اس کی زبان سے نکل کر کس قدر محترم، کتنے بلند ہو گئے تھے۔ مجھے یوں لگا کہ میرے بے معنی سے نام کو اس کی زبان نے معنی دے دیئے تھے۔ ساحر...... پہلے تو کبھی مجھے میرا نام اتنا اچھا نہیں لگا تھا۔ لیکن وہ جاتے

جاتے بھی مجھے ایک امتحان میں ڈال گئی تھی۔ جانے سلطان بابا اور عبداللہ کو میں یہ بات کیسے سمجھا پاؤں گا کہ جس کے لیے میں اس امتحان گاہ میں آ کر بیٹھا تھا، وہی نہیں چاہتی کہ میں سارے پرچے حل کر کے سرخرو ہو سکوں۔ جب ممتحن نے امتحان سے پہلے ہی نتیجہ سنا دیا تھا کہ کامیابی میرا مقدر نہیں تو پھر اس آزمائش کا تکلف بھی کیوں؟

شام کو مغرب کے بعد جب فراغت ملی تو میں نے سب سے پہلے مولوی خضر کو کل رات ساحل پر موٹر سائیکل گروپ سے ہونے والی ملاقات کے بارے میں بتایا اور اس کے ساتھ ہی انہیں اس "عکس آئینہ" تھیوری کے بارے میں بتایا کہ میں ان کی بات سن کر کافی الجھ سا گیا ہوں۔ خاص طور پر ہم زاد والی بات سن کر تو خود مجھے بھی ایک لمحے کو ایسا لگا تھا کہ کہیں واقعی میرا ہم زاد ہی تو میرے ساتھ ساتھ نہیں چلتا۔ جو مجھ سے پہلے ہی ہر مقام پر پہنچ جاتا ہے۔ مولوی خضر نے غور سے میری بات سنی۔ "وہ نوجوان ٹھیک کہہ رہا تھا میاں...... ایسا ایک نظریہ بھی موجود ہے، جو اس دنیا کو پہلے سے ہونے والے واقعات کا تسلسل بتاتا ہے۔ سائنس میں اس کے علاوہ بھی دنیا کے وجود میں آنے کی کئی توجیہات پیش کی گئی ہیں مثلاً بگ بینگ کا نظریہ ڈارون کی تھیوی وغیرہ وغیرہ۔ اس کے علاوہ بھی ایک اور دل چسپ نظریہ موجود ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہی کہ اس کائنات کی اور اس دنیا کی پوری فلم پہلے ہی سے بنا کر کیسٹ میں بند کر دی گئی ہے۔ بنانے والے مالک نے پہلے ہی سے پوری فلم دیکھی ہوئی ہے۔ یعنی ازل سے ابد تک سب کچھ فلمایا جا چکا ہے۔ آگے جو ہونا ہے، وہ بھی کیسٹ موجود ہے اور یہ الہام، یا کشف، یا مستقبل بینی ان کے حصے میں آتی ہے، جو فلم کے اگلے حصے کے چند مناظر اپنی کسی خاص رُوحانی طاقت کی وجہ سے پہلے ہی دیکھ لیتے ہیں۔ اِسی تصور پر کام کرتے ہوئے بیرونی ملکوں کے سائنس دان ٹائم مشین کی تخلیق کی کوششوں میں جانے کب سے لگے ہوئے ہیں، کیونکہ ان کے خیال میں ابد تک فلم موجود ہے تو مستقبل میں بھی سفر کیا جا سکتا ہے اور باقاعدہ مستقبل، یا ماضی میں جا کر حالات و واقعات کا مشاہدہ بھی ممکن ہے۔ میں نے کہا نا میاں، ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے، حضرت انسان کی کھوج کا یہ سفر اسے ایسے نظریات اور مفروضوں تک لے جاتا رہے گا اور حقائق سامنے آتے رہیں گے۔ البتہ ایک مسلمان کا عقیدہ اٹل ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام سے انسانی حیات کا سلسلہ شروع ہوا ہے اور اب قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ ہمارا دوسرا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ تقدیر اٹل ہے اور صرف دعا تقدیر بدل سکتی ہے۔ ہمارا قسمت کا فلسفہ بھی تو کسی نہ کسی طرح سب پہلے سے طے شدہ ہونے، یا پھر بقول مغربی محقق "سارے عمل کی مکمل فلم بندی، ہونے کو سہارا دیتا ہے نا۔ بس بنیادی فرق عقیدے کا ہی رہ جاتا ہے ورنہ مغربی سائنس دان بہت سی باتوں میں خود اسلام کی ترویج کر رہے ہیں۔ چاہے انجانے میں ہی سہی۔"

میں حیرت سے مولوں خضر کی باتیں سن رہا تھا۔ ہمارے اردگرد کتنے اسرار، راز بکھرے پڑے ہیں اور ہم نہ جانے کن چیزوں میں اپنا دھیان کھپاتے رہتے ہیں۔ دوسروں کو تو چھوڑیے، خود میں کہاں ان اسرار و رموز کی حقیقت جاننے کے لیے یہاں آیا تھا۔ میرا مقصد بھی تو صرف اور صرف زہرا ہی تھی اور اب تو شاید اس کہانی کا خاتمہ بھی قریب آ چکا تھا۔ میں نے سوچا کہ ایک آدھ دن میں کوئی مناسب سا موقع دیکھ کر خود مولوی خضر سے اپنی زہرا سے ہونے والی اس آخری بات چیت کا احوال بیان کر کے درخواست کروں گا کہ کسی طور پر عبداللہ، یا سلطان بابا کو میرے واپسی کے ارادے سے مطلع کر دیں۔ میں درمیان میں صرف ایک مرتبہ، ایک دن کے لیے گھر ہو کر آیا تھا۔ جب کہ مما، پپا سمیت تمام دوستوں کو سختی سے پہلے

مہینے میں درگاہ ملنے آنے سے منع کر رکھا تھا، کیوں کہ میں کسی بھی حوالے سے کمزور نہیں پڑنا چاہتا تھا۔ البتہ حسب وعدہ والدین سے ملنے کے لیے ہر دو ہفتے میں ایک رات تو اپنے گھر پر گزارنی تھی۔ میں جب گھر پہنچا تھا، تب مما اور پاپا دونوں ہی بے چینی سے میرا انتظار کر رہے تھے اور شام ہونے سے پہلے میرے دوستوں کا بھی جم گھٹا سا لگ چکا تھا۔ وہ سب مجھ سے ایسا برتاؤ کر رہے تھے جیسے میں جانے کتنی صدیوں بعد ان سے ملا ہوں۔ باقاعدہ جشن کا سا سماں تھا۔ میں درگاہ میں پندرہ دن گزار کر پہلی مرتبہ گھر گیا تھا اور ان پچھلے پندرہ دنوں میں میری ایک بھی نماز قضا نہیں ہوئی تھی۔ پہلی وجہ تو سلطان بابا کی شرط تھی اور دوسری مولوی خضر کا ہمہ وقت ساتھ۔ وہ ہر نماز کے وقت سے پہلے ہی پیغام بر بھیج بھیج کر، مسجد پہنچنے پر مجبور کر دیتے تھے۔ سچ ہے کہ اگر مولوی صاحب نہ ہوتے تو مذہب سے میرا یہ تعارف اتنا آسان نہیں ہوتا اور پھر مجھے تو ویسے بھی نماز بہت مشکل اور پابند کر دینے والا عمل لگتا تھا۔ کچھ ہمارے گھر کا ماحول بھی ایسا تھا کہ نماز وغیرہ کی پابندی شاذ و نادر ہی کی جاتی تھی۔ مما کو سال میں کبھی ایک آدھ بار جوش چڑھتا تو کوئی محفل میلاد وغیرہ منعقد کروالیتی تھیں۔ لیکن مجھے تو وہ بھی میلاد کی محفل سے زیادہ ''فیشن پریڈ'' لگتی تھی۔ رہ گئے پاپا تو کبھی کبھار ہمارے ڈرائیور کی دیکھا دیکھی جمعہ، یا عید کی نماز پڑھنے کے لیے اپنی مرسڈیز بینز میں قریبی جامع مسجد تک چلے تو جاتے تھے لیکن زندگی میں کبھی بھی مجھے اپنے ساتھ نماز کے لیے جانے پر اصرار نہیں کیا تھا۔ مذہب ہمارے گھر میں ایک فالتو بلکہ کسی حد تک ممنوعہ شے تھی۔ مجھے یاد ہے کہ بچپن میں جب میں سکول میں اپنے دوستوں کو رمضان میں روزہ رکھتے ہوئے دیکھتا تھا تو گھر آ کر میں بھی مما پاپا سے روزہ رکھنے کی ضد کرتا تھا، لیکن نہ تو انہوں نے خود کبھی رمضان کی پابندی کی تھی اور نہ کبھی مجھے روزہ رکھنے دیا۔ مما کو ہمیشہ اپنے لاڈلے بیٹے کی صحت گرنے کا غم کھائے جاتا تھا۔ البتہ وہ خود کبھی کبھار ستائیسویں، یا تیسویں کا روزہ رکھ لیتی تھی۔ رہ گئے پاپا تو ان کا تو سارا سال ہی بیرون ملک دوروں اور سفر کی نذر ہو جاتا تھا۔ لہٰذا ایسے میں روزہ رکھنے کی بھلا کسے فرصت......؟ پتا نہیں میرے گھر والے مذہب سے اتنا خوف زدہ کیوں تھے؟ درگاہ میں پہلے دن نماز پڑھتے ہوئے خود مجھے مذہب سے بے حد خوف محسوس ہوا تھا، لیکن پھر رفتہ رفتہ مولوی خضر کی صحبت میں علم ہوا کہ مذہب تو بہت ہی آسان اور دوست نما کوئی چیز ہوتی ہے۔ جسے ٹھیک طرح سے اپنایا جائے تو الٹا وہ ہمارے اندر کے خوف اور وسوسوں کو ختم کر دیتی ہے۔ لیکن بہرحال میرے گھر میں مذہب ''شناختی کارڈ'' کے خانے میں لکھا جانے والا ایک لفظ ''مسلم'' تھا۔ ہاں البتہ ایک بہت عجیب بات یہ تھی کہ کوئی بھی موت چند دن کے لیے ہمارے گھر میں بھی مذہب کو یوں پھیلا دیتی تھی، جیسے ہم لوگوں سے زیادہ کٹر مذہبی اور کوئی نہ ہو۔ مجھے یاد ہے کہ میں بہت چھوٹا تھا جب یکے بعد دیگرے پہلے دادا ابو اور پھر دادی جان چند مہینوں کے وقفے سے اللہ کو پیارے ہو گئے۔ تب ہر موت کے اگلے چند دنوں تک ہمارے گھر میں صرف اور صرف مذہب کا راج تھا۔ جزدانوں میں برسوں سے پڑے قرآن اور سپارے اتار کر ان کی دھول جھاڑی گئی اور ہفتوں گھر میں قرآن خوانی ہوتی رہی۔ ایک مولوی صاحب روزانہ صبح سے شام تک گھر کے وسیع لان میں لگائے گئے شامیانے میں دعا کرنے کے لیے بیٹھے رہتے اور ہمارے گھر کے دالان میں ظہر، عصر اور مغرب کی تین نمازیں باقاعدہ جماعت کے ساتھ ہوا کرتی تھیں، جن میں پاپا سمیت وہ تمام ملاقاتی بھی شامل ہوتے، جو تعزیت کے لیے آتے تھے۔ مما بھی سر پر سفید چادر ڈالے اور ہاتھ میں تسبیح لیے عورتوں کے جم گھٹے میں ورد کرتی نظر آتیں اور میں نے زندگی بھر میں صرف ان ہی دنوں میں ان کے ہاتھ میں قرآن دیکھا تھا مطلب یہ ہے کہ صرف موت ہی ہمارا مذہب سے واحد ذریعہ ملاقات تھا اور چونکہ دادا اور دادی کے بعد گھر میں کسی خونی رشتے کی موت نہیں ہوئی تھی لہٰذا تب سے مذہب

کے لیے بھی گھر کے دروازے ہمیشہ کی طرح بند تھے۔

جس دن میں درگاہ سے ایک رات گزارنے کے لیے گھر گیا تھا، اس دن میں نے بھی کوئی نماز نہیں پڑھی تھی، حالانکہ اس شور اور ہنگامے میں بھی مجھے تمام نمازوں کے اوقات نہ صرف یاد رہے بلکہ ہر نماز کے وقت میرے اندر ایک عجیب سی بے چینی کی کیفیت بھی ابھری۔ جیسے مجھ سے کوئی اہم چیز چھوٹ رہی ہو۔ مجھے کھو دینے کا عجیب سا احساس بھی ہوا لیکن پتا نہیں کیوں، میں اپنے گھر والوں اور دوستوں کے سامنے نماز پڑھنے کی ہمت نہیں کر پایا۔ ایک عجیب سی جھجک محسوس ہو رہی تھی۔ جیسے میں کوئی جرم کرنے چلا ہوں۔ مجھے یوں لگا کہ جیسے یہ لوگ کیا کہیں گے کہ ''ساحر تو پکا مولوی بن گیا ہے۔ درگاہ جا کر......'' پتا نہیں، ہمارے گھرانوں میں مولوی جیسا محترم لفظ کیوں اور کب کیسے ایک الزام کی صورت اختیار کر گیا تھا۔ ہمارا مذہب سے تعلق صرف بچے کے کان میں اذان دلوانے سے لے کر نماز جنازہ پڑھوانے تک ہی رہ گیا تھا۔ درمیان کا مذہب نہ جانے کہاں کھو گیا۔ سو، میں بھی اپنے گھر میں، یا اپنے دوستوں کی محفل میں ایک نماز بھی ادا نہیں کر سکا۔ البتہ واپس آ کر میں نے مولوی خضر سے اپنی اس کمزوری کا ذکر کیا تو انہوں نے دھیرے سے مسکرا کر بس اتنا کہا۔ ''چلو جو ہوا سو ہوا، تم یوں کرو کہ ان سب نمازوں کی قضا پڑھ لو۔ مذہب کا کام راستہ دینا ہے، راستہ روکنا نہیں۔'' اب میں ان سے کیا کہتا کہ مجھ سے تو میری پوری زندگی ہی ''قضا'' ہونے کو ہے۔ زہرا کے حصول کی لگن بھی ایک طرح کی امید ہی تھی۔ لیکن جب سے اس نے مجھے اپنا یہ جنون ترک کرنے کی درخواست کی تھی، تب سے مجھے واقعی کچھ ایسا ہی محسوس ہو رہا تھا جیسے ''وہ ایک سجدہ'' جس میں اسے مانگنا تھا، وہی مجھ سے قضا ہو چکا ہے۔

میں نے آخر کار حتمی فیصلہ کر ہی لیا اور ایک طویل خط میں عبداللہ کو زہرا کی درخواست کے بارے میں ساری تفصیل لکھ ڈالی۔ عبداللہ کو یہ بھی بتا دیا کہ اب میرا اس درگاہ پر مزید ڈیرہ ڈالنے کا کوئی مقصد ہے نہ فائدہ۔ لہٰذا وہ سلطان بابا کو بتا دے کہ میں شرط ہارنے کا اعلان کر رہا ہوں اور اس جمعرات کے بعد درگاہ چھوڑ جاؤں گا۔ ہو سکے تو وہ کسی اور خدمت گار کا بندوبست کر لیں، یا پھر عارضی طور پر عبداللہ ہی واپس یہاں آ جائے۔ خط لکھتے ہوئے بھی یہ بات میرے دل میں آئی تھی کہ زہرا بھی تو یہی چاہتی تھی کہ خود عبداللہ اس درگاہ کا انتظام پھر سے سنبھال لے۔ شاید اسی طرح میں اس محبوب کے کچھ کام آ جاؤں؟ ابھی میں خط لکھ کر فارغ ہوا تھا کہ باہر سے کریم کا نعرہ گونجا۔ ''عبداللہ بھائی...... کدھر ہو، آپ کے مہمان آئے ہیں۔'' میں حیرت کے عالم میں درگاہ کے دروازے سے باہر نکلا تو سامنے اس رات والے موٹر سائیکل گروپ کے نعمان اور اسی شریر سی چیونگم چباتی لڑکی کو کھڑے پایا، جو اس رات بھی نعمان ہی کی بائیک پر بیٹھی ہوئی تھی۔ نہ جانے ان دونوں کو دیکھ کر مجھے ایک انجانی سی خوشی کا احساس کیوں ہوا۔ میں نے گرم جوشی سے آگے بڑھ کر ان کا استقبال کیا۔ لڑکی کا تعارف نعمان نے ٹینا کہہ کر کروایا۔ ٹینا درگاہ کے صحن میں داخل ہوتے ہوئے کچھ ہچکچا رہی تھی۔ میں نے نعمان کو اشارہ کیا تو وہ ٹینا کا ہاتھ پکڑے درگاہ میں داخل ہو گیا۔ ہم صحن ہی میں ایک جانب درخت کی چھاؤں میں بیٹھ گئے۔ ٹینا نے آس پاس حیرت سے دیکھا۔ ''آپ یہاں رہتے ہیں...... ؟ بور نہیں ہو جاتے۔'' مجھے اس کی بات سن کر ہنسی آ گئی۔ ''بہت بور ہوتا ہوں، کبھی کبھی تو اتنا بور ہوتا ہوں کہ خود بوریت بھی مجھ سے بور ہو کر کہیں اور چلی جاتی ہے۔'' وہ دونوں میری بات سن کر ہنس پڑے۔ نعمان نے بتایا کہ وہ حسب وعدہ مجھ سے اپنی بائیک کے بارے میں معلومات لینے آیا ہے۔ میری طرح وہ بھی ہیوی بائیکس کا دیوانہ لگتا تھا۔ میں نے بہت تفصیل سے اسے تمام معلومات

سے آگاہ کیا اور ہر پرزے کی الگ الگ خصوصیات بھی بتائیں۔ نعمان اور ٹینا دونوں ہی بہت غور اور دل چسپی سے میری باتیں سنتے رہے۔ نعمان نے مجھے بتایا کہ اس نے حال ہی میں شپ کے ذریعے یہ بائیک جرمنی سے منگوائی ہے۔ اس لیے اسے شروع شروع میں اسے سنبھالنے میں بہت دشواری پیش آ رہی ہے۔ ہماری گفتگو کے دوران ایک بار مولوی خضر بھی کسی کام سے درگاہ آئے اور انہوں نے نعمان اور ٹینا کو دعا بھی دی۔ شام ڈھلے وہ دونوں رخصت ہوئے تو بہت خوش تھے۔ ٹینا نے تو باقاعدہ درگاہ کی زندگی پر ایک انگریزی اخبار میں فیچر لکھنے کا پروگرام بھی بنا لیا تھا اور نعمان نے مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ جلد ہی مجھ سے ملنے دوبارہ آئے گا۔ جانے کیوں میں اسے یہ نہیں بتا سکا کہ اب جب وہ یہاں آئے گا تو شاید مجھ سے اس کی ملاقات نہ ہو۔ کیونکہ دو دن کے بعد ہی تو جمعرات تھی۔ میری اس درگاہ میں آخری جمعرات۔

لیکن اگلے دو دن میرے لیے بہت ہی کٹھن ثابت ہوئے۔ اس رات مولوی خضر کو شدید بخار نے آ گھیرا اور ان کی تیمارداری اور دیگر امور کو نمٹانے میں وقت کچھ یوں گزرا کہ کچھ پتا ہی نہیں چلا۔ کریم بھی اپنی کشتی لے کر چار دن کے لیے کھلے سمندر میں جال ڈالنے کے لیے جا چکا تھا، لہٰذا مجھے اپنی مالاؤں کے ساتھ ساتھ مولوی خضر کی تنکوں کی بنی ہوئی ٹوپیاں بھی بیچنے کے لیے جمعرات کو خود بازار جانا پڑا۔ ہمارا طریقہ کار بھی وہی ہوتا تھا جو باقی مچھیرے اپنا بازار سجانے کے لیے اختیار کرتے تھے۔ یعنی ساحل پر کسی چادر یا لکڑی کے تختے وغیرہ پر مال لگا کر گاہک کا انتظار کرنا، لیکن جانے اس دن ایسی کیا بات تھی کہ کوئی خریدار میری طرف رخ ہی نہیں کر رہا تھا۔ اوپر سے جمعرات کی وجہ سے درگاہ میں زائرین کا رش بڑھتا جا رہا تھا۔ میں سیڑھیوں سے کچھ فاصلے ہی پر اپنی مالائیں اور مولوی خضر کی ٹوپیاں سجائے بیٹھا درگاہ کی سیڑھیوں سے اوپر جاتے لوگوں کی بھیڑ کو دیکھ رہا تھا اور پریشان ہو رہا تھا کہ نہ جانے اوپر صحن میں موجود دو خدمت گار ٹھیک سے اپنا کام کر رہے ہوں گے، یا نہیں۔ مجھے زیادہ فکر یہ تھی کہ عصر سے پہلے اگر میں اپنی چیزیں بیچ نہیں سکا تو نذر و نیاز کا معاملہ کون بھگتائے گا۔ عبداللہ نے جاتے وقت سختی سے مجھے اس معاملے کو ذاتی طور پر نمٹانے کا کہا تھا، کیوں کہ یہ اچھی خاصی رقم کا معاملہ تھا اور لوگوں کی بہت سی امانتیں ہمارے سپرد ہوتی تھیں، ایسے میں کسی اجنبی پر بھروسا نہیں کیا جا سکتا تھا۔ میں اسی شش و پنج میں بیٹھا جانے کیا سوچ رہا تھا کہ اچانک کسی راہ گیر کی ٹھوکر لگی اور میری ساری مالائیں زمین پر بکھر گئیں۔ چند ایک کے دانے بھی لڑی سے علیحدہ ہو کر ریت پر دور تک بکھر گئے۔ نقصان بھی میرا ہوا تھا، لیکن اس پر بھی وہ صاحب جو غالباً اپنی بیگم کو درگاہ کی زیارت کے لیے لے کر آئے تھے، مجھ ہی پر بگڑنے لگے۔ ''غضب خدا کا۔ سارا راستہ ان لوگوں نے بند کر رکھا ہے۔ زیارتوں جیسی مقدس جگہوں کو بھی انہوں نے کاروبار کا اڈہ بنا رکھا ہے۔ بیگم ہم تو کہتے ہیں کہ ان ہی لوگوں کے بھیس میں وہ چور اچکے بھی چھپے ہوئے ہیں، جن میں سے ایک نے پچھلے ہفتے آپ کا پرس چھین لیا تھا۔'' وہ جانے کیا اول فول کہے جا رہے تھے۔ میں نے اپنی مالائیں چنتے ہوئے ان سے دھیرے سے بس یہ کہا۔ ''آپ جائیں یہاں سے، میں معافی چاہتا ہوں۔'' لیکن ان کا غصہ بڑھتا ہی گیا۔ اب آس پاس کے لوگ بھی تماشا دیکھنے کے لیے جمع ہونے لگے تھے۔ ''نہیں چلے کیسے جائیں۔ ہم تو یہاں کے ایڈمنسٹریٹر سے مل کر ہی جائیں گے۔ یوں راستہ بند کرنے کا آخر مطلب کیا ہے۔ کیسی کھلی بدمعاشی کا بازار گرم کر رکھا ہے تم لوگوں نے۔ آج میں اس کا بندوبست کر کے ہی جاؤں گا۔'' میں سر جھکائے ان کی باتیں سنتا رہا۔ کیوں کہ میں اس وقت عبداللہ تھا۔ اگر عبداللہ کی جگہ ساحر ہوتا تو نہ جانے اب تک کیا ہو چکا ہوتا۔ لیکن اگر ساحر ہوتا تو وہ بھلا یوں بازار میں عام مزدوروں کی طرح مزدوری کرنے کیوں بیٹھا ہوتا؟ وہ صاحب یوں ہی گرجتے برستے رہے

اب ان کی بیگم اور باقی بھیڑ نے انہیں ٹوکنا شروع کر دیا تھا کہ چلیں جو ہوا سو ہوا۔ اب جانے دیں۔ بھیڑ نے یہ بھی محسوس کر لیا تھا کہ میں بنا کچھ کہے، سر جھکائے ان صاحب کی تمام صلواتیں سن رہا ہوں۔ اب ہجوم میں سے ایک آدھ شخص نے باقاعدہ ان صاحب کو جھاڑ کر کہا کہ لڑکا خاموش کھڑا کب سے آپ کی گالیاں سن رہا ہے۔ لہٰذا شرافت کا یہی تقاضا ہے کہ اب آپ بھی یہاں سے آگے بڑھ جائیں۔ لہٰذا خدا خدا کر کے بادل نخواستہ ان صاحب نے قدم آگے بڑھائے اور میں نے لمبا سا سانس لے کر اپنی نظریں اٹھائیں اور پھر میری نظر کسی کی نظر سے ٹکرا کر جم سی گئی۔ جب وہ صاحب دل کھول کر میری بے عزتی کر رہے تھے اور میں سر جھکائے کھڑا تھا تب نہ جانے کس وقت زہرا اپنی ماں اور خادمہ کے ساتھ وہاں سے گزرتے ہوئے شاید بھیڑ کو دیکھ کر ٹھٹھکی تھی۔ یہ سارا تماشا درگاہ کی سیڑھیوں کے قریب اسی راستے پر ہو رہا تھا، جو اس ماہ رخ کی راہ گزر تھی۔ مطلب یہ کہ اس نے میری رسوائی کا یہ سارا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا تھا۔ زہرا کی والدہ تو زیادہ میری نظر کا سامنا نہیں کر پائیں اور منہ میں چادر کا پلو دبائے سسکتی ہوئی وہاں سے خادمہ سمیت آگے بڑھ گئیں، لیکن سنگ مرمر کی وہ مورت وہیں جمی کھڑی مجھے دیکھتی رہی۔ چند گھڑیوں ہی میں جانے کتنے طوفان گزر گئے۔ پتا نہیں، یہ میرے اندر کی شدید بے بسی کا احساس تھا، اپنی رسوائی کا غم تھا، یا پھر اس بے رحم کی ناقدری کا شکوہ۔ لیکن جانے کیوں پل بھر میں ہی میری آنکھوں سے بیک وقت دو آنسو نکلے اور شاید نیچے ریتیلی زمین کے بجائے اس نازنین کے دل پر ٹپکے۔ میری زبان نے تو آج تک کبھی اس سے شکوہ نہیں کیا تھا، پر میری آنکھوں نے شاید اس پل اپنی ساری کہانی کہہ ڈالی۔ پھر زہرا سے بھی وہاں رکا نہیں گیا اور وہ اپنی پلکیں بھیگنے سے پہلے ہی تیزی سے آگے بڑھ گئی۔ میں بھی بوجھل دل کے ساتھ اوپر درگاہ چلا آیا۔ میرے اندر چند لمحوں میں اتنی زیادہ ٹوٹ پھوٹ ہو چکی تھی کہ اب میرا دل کسی کام میں بھی نہیں لگ رہا تھا۔ لہٰذا میں نے تمام کام مولوی خضر کے اس شاگرد کے حوالے کر دیے جو جمعرات کے روز خصوصی طور پر میری مدد کے لیے درگاہ آتا تھا۔ حتیٰ کہ عصر کے بعد نذر اکٹھی کرنے کے لیے بھی اپنے کمرے میں نہیں گیا۔ شام ڈھل رہی تھی اور میں نڈھال سا آنکھیں موندے درگاہ کے صحن کے ایک پوشیدہ گوشے میں دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے بیٹھا ہوا تھا۔ دفعتاً کسی کے قدموں کی ہلکی سی چاپ ہوئی۔ میں نے چونک کر آنکھیں کھولیں۔ وہ بالکل میرے سامنے کھڑی تھی۔ میرا جسم شل سا ہو گیا۔ اس کی آواز میں لرزش تھی۔ ”آپ مجھ سے جیت گئے......“

# الوداع

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

میں حیرت سے گنگ بیٹھا رہا، نہ جانے وہ کون سی جیت کی بات کر رہی تھی۔ میں تو اپنی آخری بازی بھی ہار چکا تھا۔ میں نے شکوہ کیا۔ ''طعنہ دے رہی ہیں......؟'' ''نہیں نہیں'' وہ جلدی سے بولی ''طعنہ نہیں ہے، اعتراف ہے، میں نے آج تک صرف اپنی لگن کو دنیا کی سب سے سچی لگن مانا ہے اور دنیا کا ہر جنوں، مجھے اپنے جذبے کے سامنے ہیچ اور کم تر لگتا تھا، لیکن آج میں یہ اعتراف کرتی ہوں کہ آپ کا جذبہ اور آپ کی لگن شاید اس دنیا ہی سے ماورا ہے......'' میری حالت اس وقت اس سپہ سالار سی تھی، جو زخموں سے چور ہو کر زمین پر گر چکا ہو، سانسیں دھیرے دھیرے ٹوٹ رہی ہوں، مگر سانسوں سے اڑتی خاک کے پس منظر میں، مرنے سے کچھ لمحے پہلے اپنی فوج کو قلعے پر فتح کا جھنڈا لہراتے ہوئے بھی دیکھ رہا ہو۔ زہرا کی آنکھوں میں آنسو تھے اور آج وہ ستم گر بھی میرے جنون کی داد دے رہا تھا، جس نے مجھے دیوانگی کی اس حد تک پہنچایا تھا۔ اسے روتے دیکھ کر میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا، لیکن میرے لفظ جیسے کہیں کھو سے گئے۔ ''آپ، یہ کیا...... دیکھیں، آپ کے آنسو...... پلیز......'' میں اسے کیا کہتا خود میری آنکھیں یوں بہہ رہی تھیں، جیسے سارے بند آج ہی ٹوٹے ہوں۔ کتنی عجیب بات تھی، ہم دونوں کا درد جدا بھی تھا اور مشترک بھی......اور ستم ظریفی یہ بھی تھی کہ ہم ایک دوسرے کو بے وفائی کا الزام بھی نہیں دے سکتے تھے۔ اتنے میں زہرا کی ماں اور ہڑ بڑائی ہوئی سی خادمہ بھی اسے ڈھونڈتے ہوئے وہاں چلی آئیں۔ انہوں نے شاید معاملہ کچھ بھانپ لیا کہ میری حالت زار نے ان کی پتھر دل بیٹی کے سینے پر بھی ''پہلی چوٹ'' ماردی ہے۔ انہوں نے جب میرے سر پر ہاتھ پھیرا تو ہاتھوں کی لرزش صاف محسوس کی جا سکتی تھی۔ بولیں تو لہجہ کانپتا سا، بھرایا ہوا تھا۔ ''محلوں کا ایک شہزادہ کیوں اپنی جوانی اس خاک میں رول رہا ہے، کچھ بھکاریوں کی قسمت میں بھیک بھی نہیں ہوتی بیٹا...... جاؤ اپنی سلطنت کو لوٹ جاؤ...... مجھے اس ماں کی آہ سے ڈر لگنے لگا ہے، جس کی پھول سی اولاد کو ہم نے یوں در بدر کر دیا۔ ہمیں معاف کر دو، ہماری خطا بخش دو......'' وہ جانے کیا کچھ کہتی اور میرے سر پر ہاتھ رکھ کر روتی رہیں۔ زہرا کی آنکھیں تو پہلے ہی برس رہی تھیں۔ ''اس میں آپ کی کوئی خطا نہیں ہے...... میرا مقدر مجھے یہاں کھینچ لایا ہے اور تقدیر کی مار مجھے تب تک جھیلنی ہی ہوگی، جب تک میرے نصیب میں لکھی ہے۔ بعض سلطنتیں خاک ہو جانے کے لیے ہی ملتی ہیں۔'' اس کے بعد وہ وہاں رک نہیں پائیں اور زہرا کو لے کر درگاہ سے نکل گئیں۔

شام کو میں نے مولوی خضر کو بھی اپنی روانگی کے قصد سے آگاہ کر دیا۔ میری بات سن کر وہ بے حد اداس ہو گئے۔ ''کیا کہوں میاں، مجھے تو تمہیں روکنے کا اختیار بھی نہیں۔ پتا نہیں کیوں، چند ہی دنوں میں تم سے کیا عجیب سا قلبی تعلق بن گیا ہے۔ بہر حال جہاں رہو، خوش رہو......'' میں نے انہیں بتایا کہ خود میرا دل بھی یہاں سے جاتے ہوئے بہت بوجھل ہو رہا ہے۔ کبھی کبھی کچھ انجان سے رشتے بھی کسی سرطان کی طرح تیزی سے خون میں شامل ہو کر رگوں میں اپنی جڑیں بچھا لیتے ہیں۔ کہیں بتائے ہوئے چند دن پچھلی پوری زندگی پر بھاری پڑ جاتے ہیں۔ میں بھی یہاں سے ایسے ہی

رشتے اور درگاہ سے کچھ ایسا ہی تعلق بنا کر واپس لوٹ رہا تھا۔ کتنے بندھن بندھ گئے تھے میرے اس درگاہ سے۔ کتنے انمول رشتوں کی ٹوکری بھر کر لے جا رہا تھا میں اپنے ساتھ اور پھر وہ ناز آفرین...... کیا ہوا، جو وہ مجھے مل نہیں پائی۔ اس کی محبت کا سدا رہنے والا احساس تو تھا میرے ساتھ، کیا آئندہ زندگی کاٹنے کے لیے یہ سب کچھ کافی نہیں تھا۔ میں نے اس رات بیٹھ کر عبداللہ اور سلطان بابا کے نام الگ الگ لفافوں میں دو خط لکھ کر رکھ دیئے۔ ان سے بنا ملے چلے جانے پر معذرت کی اور یہ وعدہ بھی کیا کہ جب میں اپنے اندر کی شرمندگی پر قابو پا لوں گا تو ان سب سے ملنے ضرور آؤں گا۔ فجر کی نماز کے بعد میں نے دونوں خط مولوی خضر کے حوالے کر دیئے۔ وہ بہت دیر تک مجھے گلے لگا کر تھپکتے رہے۔

میں نے ان سے آخری الوداع چاہا تو مسکرا کر بولے۔ "کیوں میاں، واپس اپنی دنیا جا کر ہمیں بھول تو نہیں جاؤ گے؟ اور کچھ یاد آئے نہ آئے، لیکن مولوی خضرالدین کے ہاتھ کی بنی صبح کی چائے تو تمہیں ضرور یاد آئے گی، ہے نا......؟" ان کی بات سن کر پل بھر ہی میں میرے ضبط کے سارے بندھن ٹوٹنے لگے۔ جانے خدا نے ہم انسانوں کا دل اتنا کمزور کیوں بنایا ہے۔ ہم جا بجا خود کو اذیت دینے والے رشتے کیوں پال لیتے ہیں؟

مما اور پپا نے یوں اچانک مجھے گھر دیکھا تو ان پر شادی مرگ کی کیفیت طاری ہو گئی۔ مما کو تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ میں مستقل گھر واپس آ گیا ہوں۔ پاپا بھی بہانے بہانے سے تصدیق کر رہے تھے۔ بڑی مشکل سے میں نے کسی طرح سمجھایا کہ اس وقت شدید تھکا ہوا ہوں اور سونے کے لیے اپنے کمرے میں جانا چاہتا ہوں۔ اگلی صبح میری آنکھ شور، ہنگامے سے کھلی۔ حسب توقع مما نے میرے سارے دوستوں کو خبر کر دی تھی اور وہ سب نیچے لاؤنج میں جمع ہو کر چلا چلا کر مجھے نیچے بلا رہے تھے۔ ان کو میرے شرط ہار جانے کا یقین ہی نہیں تھا، کیوں کہ اس سے پہلے میں ایسی کئی شرطیں جیت کر اور سرخرو ہو کر واپس لوٹا تھا۔ بہر حال ان کے لیے یہی کافی تھا کہ میں واپس لوٹ کر ان کے درمیان پہنچ چکا تھا، لیکن کیا میں واقعی واپس آ گیا تھا......؟

دن گزر رہے تھے، لیکن مجھے یوں محسوس ہوتا کہ میں وہاں ہوتے ہوئے بھی وہاں موجود نہیں۔ گھر میں، دوستوں کی محفل، کلب، پارٹی میں، ہر جگہ جسمانی طور پر پہنچ تو جاتا لیکن گھنٹوں گم صم بیٹھا رہتا۔ یار دوست میری خاموشی سے تنگ آ کر لڑتے جھگڑتے اور میں یوں ہی ان کی ہاں میں ہاں ملاتا رہتا، لیکن نہ جانے کیوں ان لمحات میں مجھے ایسا محسوس ہوتا کہ میں اپنی روح کہیں دور چھوڑ آیا ہوں۔ سب سے زیادہ مسئلہ مجھے نماز کے اوقات میں ہوتا۔ ایک عجب سی بے چینی اور کسک مجھے گھیر لیتی تھی۔ تب میرے لیے گھر، یا باہر کسی بھی محفل میں بیٹھے رہنا دوبھر ہو جاتا اور مسئلہ یہ تھا کہ کلب، یا گھر کا ماحول میری اس مشکل کو ختم کرنے کی بجائے مزید بڑھا دیتا۔ ایسے میں، میں گھر، یا محفل چھوڑ کر کہیں باہر نکل جاتا۔ کسی پرسکون گوشے کی تلاش میں۔

ایک ایسی ہی سہ پہر جب میرے اندر کی بے چینی آخری حدوں کو چھو رہی تھی، میں گاڑی لے کر گھر سے نکلا اور پتا نہیں کب سینٹرل لائبریری کا بورڈ دیکھ کر شہر کی سب سے بڑی لائبریری کی پارکنگ میں گاڑی پارک کر دی۔ ہال میں مختلف شیلف ہر موضوع کی کتابوں سے بھرے ہوئے تھے۔ دفعتہً میری نظر "تصوف" والے سیکشن میں رکھی کتابوں پر پڑی اور میں یونہی ورق گردانی کے لیے ایک کتاب لے کر ایک گوشے میں بیٹھ گیا۔ کچھ صفحے پلٹے تو میری بے چین روح کو جیسے کچھ مرہم ملا۔ ہاں ٹھیک ہی تو تھا، جانے کب سے میری روح گھائل تھی، بیمار تھی اور حیرت ہے کہ ہم اپنی جسمانی بیماری کے لیے تو ڈاکٹر کے پاس درجنوں چکر لگا آتے ہیں لیکن روح کی بیماری ختم کرنے کے لیے کبھی کوئی کتاب تک اٹھا نہیں پاتے۔ پہلے چند صفحوں ہی میں مجھ پر یہ

حقیقت آشکار ہونے لگی کہ تصوف کی دنیا، ہماری ظاہری دنیا سے کہیں زیادہ بڑی ہے۔ ہزاروں لاکھوں لوگ اس دنیا کے باسی ہیں۔ جو ہر غرض، لالچ سے بے پروا ہو کر انسانیت کی خدمت میں مصروف ہیں۔ ان میں ہمارے آس پاس پھرتے عام لوگوں سے لے کر اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنرمند لوگ بھی شامل ہیں۔ تصوف دراصل روح کی دنیا کا دوسرا نام تھا اور میں اس روحانی دنیا کو چھوڑ کر واپس آ گیا تھا۔ یہ ایسے لوگوں کی دنیا تھی، جو کسی عہدے، مرتبے کی فکر کیے بغیر ہم جیسے بھٹکے ہوئے انسانوں کو ان کی اصل راہ پر لانے کے لیے شاید ابد تک مصروف رہنے والے تھے۔ جیسے جیسے میں کتاب کے صفحے پلٹتا گیا مجھے ہر صفحے پر اپنے ایک نئے سوال کا جواب ملتا چلا گیا۔ مجھے پتا چلا کہ مذہب صرف پانچ نمازیں پڑھ لینے، یا روزے رکھ لینے کا نام نہیں، یہ صرف بنیادی فرائض ہیں۔ جنہیں ادا کرنے کے بعد مذہب کا اصل سلیقہ اور اصل نظام شروع ہوتا ہے۔ مذہب تو بانٹنے کا نام ہے، چاہے وہ مذہبی تعلیمات ہوں، یا کوئی دنیاوی شے...... مذہب ہر نعمت، علم اور سلیقے کو دوسروں تک پھیلانے کا نام ہے اور یہی کام عبداللہ، سلطان بابا اور مولوی خضر اس درگاہ کی چھوٹی سی دنیا کے ذریعے کر رہے تھے اور یہ سلسلہ لامحدود تھا۔ گھروں میں، مسجدوں، درگاہوں، دفتروں میں، سمندروں، پہاڑوں، ساحلوں پر اور نہ جانے کہاں کہاں یہ لوگ پھیلے ہوئے تھے اور نہ جانے کس کس بھیس میں مذہب سے دور اور مجھ جیسے بھٹکے ہوئے لوگوں کو تعلیم دے رہے تھے۔ ہمارے لاکھ دھتکارنے، مذاق اڑانے اور شک کرنے کے باوجود، یہ دھن کے پکے اپنا فرض سرانجام دے رہے تھے اور میں کس قدر بدنصیب تھا کہ اس نظام کا ایک حصہ بنتے بنتے رہ گیا۔ چند گھنٹوں کے بعد جب میں بوجھل دل لے کر لائبریری سے اٹھا تو یوں محسوس ہو رہا تھا کہ جیسے کہیں میری یہ "لائبریری یاترا" بھی کسی کی دعاؤں کا اثر تھی؟ مولوی خضر سے جب میں بہت زیادہ سوال کیا کرتا تو میری ساری تکرار کے بدلے میں ان کا جواب صرف اتنا ہی ہوتا تھا۔ "ٹھیک وقت کا انتظار کرو میاں...... وقت آنے پر قدرت تمہیں ہر سوال کے جواب تک خود پہنچا دے گی......" افسوس کہ قدرت نے میرے بہت سے سوالوں کے جواب تو دیئے...... پر بہت دیر سے، یا پھر شاید میں خود ہی کچھ جلد باز نکلا......

لائبریری سے گھر پہنچتے پہنچتے شام ڈھل چکی تھی اور جیسے ہی میری گاڑی گھر کے قریب پہنچی، میں نے گھر کے گیٹ سے سیاہ شورلیٹ نکلتے دیکھی۔ ہاں...... وہ اسی کی گاڑی تھی۔ لیکن ہمارے گھر، کیوں......؟ اگلے ہی لمحے مجھے اس گاڑی نے کراس کیا تو میں نے آگے ڈرائیور اور پچھلی سیٹ پر صرف زہرا کی امی کو بیٹھے دیکھا۔ کوئی اور وقت ہوتا تو اس ماہ رخ کی گاڑی اپنے گھر سے نکلتے دیکھ کر شاید خوشی کے مارے میرا دم ہی نکل جاتا، لیکن اس وقت میں ایک الجھن آمیزی حیرت لیے گھر میں داخل ہوا۔ مما اور پاپا پورچ ہی میں کھڑے تھے شاید زہرا کی امی کو رخصت کرنے کے لیے آئے ہوں...... مجھے گاڑی سے اترتا دیکھ کر مما والہانہ انداز میں میری جانب بڑھیں اور خوشی سے لرزتے ہوئے لہجے میں بولیں۔ "ساحر بیٹا، ابھی زہرا کی امی آئیں تھیں۔ زہرا نے رشتے کے لیے ہاں کر دی ہے۔" پل بھر کے لیے تو مجھے لگا کہ ساری زمین گھوم رہی ہے اور یہ آسمان بھی کچھ ہی پل میں میرے سر پر گر جائے گا۔ میرے ماں باپ مجھے گلے لگا کر، چوم کر مبارک باد دے رہے تھے، لیکن مجھے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں روؤں، یا ہنسوں...... خوشی سے چلاؤں، یا دکھ اور اذیت سے چیخ چیخ کر آسمان کو ریزہ ریزہ کر دوں۔ اپنے جذبات کے اظہار کا کوئی ذریعہ مجھے اس وقت نہیں سوجھ رہا تھا۔ مجھے تو یہ بات سنتے ہی سجدے میں گر جانا چاہیے تھا۔ صدیوں کا سفر طے کرنے کے بعد منزل پانے والے کو بھلا اور کیا کرنا چاہیے؟ لیکن میں اپنی جگہ گنگ سا کھڑا رہ گیا۔ میں جانتا تھا کہ میرے ذہن میں اس وقت سوالوں کا جو طوفان اٹھ رہا تھا، اُس کا کنارا صرف عبداللہ کی ذات تھی۔ اگلی صبح میری گاڑی ساحل کی

جانب اُڑی جارہی تھی۔ میں عبداللہ کی نئی درگاہ کی طرف جانے سے پہلے احتیاطاً اسے شہر والی ساحلی درگاہ پر دیکھتے ہوئے جانا چاہتا تھا اور پھر درگاہ کے قریب کار پارک کرتے ہی میرا اندازہ درست ثابت ہوا۔ کریم مجھے سیڑھیوں کے قریب ہی مل گیا۔ جس نے بتایا کہ سلطان بابا اور عبداللہ دونوں آئے ہوئے ہیں۔ میں تیزی سے سیڑھیاں پھلانگتے ہوئے درگاہ کے احاطے تک پہنچا تو دور ہی سے عبداللہ مجھے کسی شخص کو رخصت کرتے ہوئے دکھائی دیا۔ وہ شخص پلٹا تو حیرت کا ایک اور جھٹکا میرا منتظر تھا۔ یہ تو وہی صاحب تھے، جنہوں نے اس دن بازار میں بنا کسی غلطی کے مجھے سرِعام اس قدر بے عزت کیا تھا کہ درد کے مارے میرے آنسو نکل آئے تھے۔ عبداللہ اور وہ صاحب بیک وقت مجھے دیکھ کر ٹھٹکے اور پھر عبداللہ کی ازلی ملائم سی مسکراہٹ اس کے چہرے پر پھیل گئی۔ ”آؤ ساحر میاں...... خوش آمدید۔“ اچانک ہی وہ صاحب تیزی سے میری جانب لپکے۔ غصے سے میرا چہرہ تمتما سا گیا۔ لیکن یہ کیا؟ انہوں نے آتے ہی میرے ہاتھ پکڑ لیے اور نہایت لجاجت سے بولے۔ ”معاف کرنا بیٹا، اس روز تمہارا بہت دل دکھایا۔ سچ کہو تو گناہِ عظیم کیا۔ پر کیا کرتا، بندے کو یہی حکم ملا تھا...... لیکن آفرین ہے تمہارے حوصلے اور صبر پر، میری ہر گالی، ہر چرکے کو دل پر سہا، لیکن گویا یہ سارا ڈراما صرف میرے اور زہرا کے لیے رچایا گیا تھا۔ وہ صاحب رخصت ہوگئے تو میں نے عبداللہ کی طرف شاکی نگاہوں سے دیکھا۔ ”میں جانتا تھا زہرا کی صورت میں تم مجھے بھیک ضرور دو گے۔ لیکن اگر مجھے بھکاری ہی بنانا تھا تو پھر اتنے کڑے امتحان میں کیوں ڈالا۔ پہلے ہی دن زہرا کو کیوں نہیں کہہ دیا کہ وہ میری طرف پلٹ جائے۔“ ”نہیں تم غلط سمجھ رہے ہو۔ سلطان بابا نے صرف تمہارا امتحان لینے کے لیے اس شخص کو وہاں بھیجا تھا۔ وہ دیکھنا چاہتے تھے کہ پہلے دن آنے والے جلد باز اور غصیلے ساحر اور درگاہ پر چند ہفتے جینے والے عبداللہ میں کتنا فرق ہے۔ زہرا کا وہاں پہنچ جانا صرف ایک اتفاق اور تمہاری قسمت کی بدولت تھا۔“ اگر مجھے یہ پتا نہ ہوتا کہ عبداللہ جھوٹ نہیں بولتا تو شاید میں اس وقت اس کی اس اتفاق والی بات پر کبھی یقین نہ کرتا۔ ”بہرحال، چاہے وہ اتفاق ہی سے وہاں آ پہنچی تھی، لیکن سچ یہی ہے کہ اس کا دل نرم کرنے میں اتفاق نے بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ میں یہ کیسے مان لوں کہ اس کی ہاں کے پیچھے مزید کوئی اتفاق چھپا ہوا نہیں ہے۔“ عبداللہ مسکرایا ”اگر تم اس روز بھڑک کر اس شخص کو پلٹ کر جواب دے دیتے تو یہ اتفاق تمہارے خلاف بھی جا سکتا تھا۔ تمہیں جو بھی ملا، تمہارے صبر کے اجر میں ملا ہے اور بجائے خوش ہونے کے تم شکوک و شبہات میں پڑ کر اپنی جیت کا مزہ بھی کرکرا کر رہے ہو۔ میرا یقین کرو، میری اس لڑکی سے ملاقات تو کیا، بات تک نہیں ہوئی۔“ میرا دل بیک وقت عبداللہ کی بات پر یقین کر بھی رہا تھا اور نہیں بھی۔ اتنے میں سلطان بابا کی آواز سنائی دی۔ ”کہاں چلے گئے تھے میاں ہمارا انتظار تو کیا ہوتا......“ میں چونک کر پلٹا تو وہ سامنے ہی ہاتھ میں تسبیح لیے کھڑے تھے۔ گرم جوشی سے مجھے اپنے سینے سے لگایا اور گال تھپتھپائے۔ میں نے شرمندگی سے معذرت پیش کی۔ ”جب کھلاڑی ہار جائے تو اسے میدان میں کھڑے رہ کر کسی اشارے کا انتظار نہیں کرنا چاہیے۔ خود ہی میدان چھوڑ دینا چاہیے۔ اسی لیے آپ کا سامنا کیے بغیر ہی چلا گیا تھا۔ امید ہے آپ مجھے معاف کر دیں گے۔“ وہ خوش دلی سے ہنسے۔ ”ارے نہیں میاں، ناراضی کی تو کوئی بات ہی نہیں۔ یہ تو دل کا معاملہ ہے تم نے وہی کیا جو تمہارے دل نے کہا اور بھئی یہ تم سے کس نے کہہ دیا کہ تم ہار گئے ہو۔ تمہاری فتح کی خبر بھی ہم تک پہنچ چکی ہے۔ آخری جیت تو تمہاری ہی ہوئی نا۔ تم نے جو چاہا، آخر کار اسے پا لیا۔ جیتے رہو۔“ سلطان بابا میرا کاندھا تھپتھپا کر آگے بڑھ گئے۔ میں جانتا تھا کہ وہ مجھے مزید شرمندگی سے بچانے کے لیے زیادہ دیر تک نہیں ٹھہرے۔ گویا زہرا کے اقرار کی انہیں بھی خبر ہوگئی تھی۔ میرے ذہن میں عبداللہ کا مخصوص جملہ گونجا۔ ”جب جب جو جو ہونا ہے، تب تب سو سو ہوتا ہے......“ لیکن میری

روح کو قرار کیوں نہیں مل رہا تھا؟ میرے اندر کی بے چینی لمحہ لمحہ بڑھتی کیوں جا رہی تھی؟ اور پھر جب عبداللہ نے مجھے یہ بتایا کہ وہ اور سلطان بابا ایک اہم مشن پر بہت جلد کسی دور دراز سفر پر نکل رہے ہیں، تو میرے منہ سے بے اختیار نکلا۔ ''تو پھر پیچھے درگاہ کا خیال کون رکھے گا؟'' ''مل ہی جائے گا کوئی نہ کوئی اللہ کا بندہ...... سنا ہے سلطان بابا نے کسی نئے عبداللہ کا انتخاب کر لیا ہے۔'' عبداللہ اپنی دھن میں مگن مجھے بتا تا رہا۔ لیکن میرا دل تو یہ سن کر ہی ڈوب گیا کہ اب کوئی اور درگاہ کی رکھوالی کرے گا۔ نہ جانے اپنائیت کا یہ کیسا احساس تھا کہ میں درگاہ پر کسی نئے عبداللہ کی آمد کا سن کر کچھ ایسے ہی بے چین ہو گیا، جیسے میری کوئی ذاتی جاگیر لوٹ کر لے جا رہا ہو۔

میں ٹوٹے ہوئے دل سے عبداللہ سے پھر ملنے کا وعدہ کر کے وہاں سے چلا آیا۔ لیکن پھر میرا دل کسی بھی کام میں نہیں لگ پایا۔ گھر پہنچا تو ایک نئی خبر میری منتظر تھی۔ زہرا نے اپنی والدہ کے ذریعے پیغام بھجوایا تھا کہ وہ باقاعدہ رشتہ طے ہونے سے پہلے ایک بار مجھ سے ملنا چاہتی ہے۔ ملنا تو مجھے بھی اس سے تھا، کیوں کہ ہمارے رشتے پر چھائی ہوئی دھند چھٹنے کے بجائے بڑھنے لگی تھی۔ میں نے ملاقات کے لیے وہی جگہ تجویز کی جہاں سے یہ کہانی شروع ہوئی تھی اور اگلے دن شام ڈھلے ہم دونوں درگاہ کی سیڑھیوں سے کچھ فاصلے پر ایک دوسرے کے سامنے کھڑے تھے۔ زہرا کی امی ڈرائیور سمیت اوپر درگاہ کی حاضری کو جا چکی تھی۔ آج وہ نازآفرین اپنی جبیں پر کوئی شکن لیے بغیر، نظریں جھکائے میرے سامنے کھڑی تھی۔ کیا اب مجھے اپنی تقدیر سے کوئی گلہ باقی رہ جانا چاہئے تھا؟ پل بھر ہی میں میری نظروں کے سامنے اس پری کی ناراضی، دھتکار اور اس سے ہوئی آدھی ادھوری ملاقاتوں کے تمام مناظر گھوم گئے، لیکن آج وہ میرے سامنے اس بادشاہ کی طرح کھڑی تھی، جو میدان جنگ میں شکست کے بعد دوسرے شہنشاہ سے کہتا ہے کہ اس سے وہی سلوک کیا جائے، جو بادشاہوں کا شیوہ ہے۔ میں نے اس کی لرزتی پلکوں پر نظر ڈالی۔ ''میں آپ سے صرف یہ کہنا چاہتی ہوں کہ میرے اس فیصلے میں کسی ترحم آمیز جذبے کی ملاوٹ نہیں ہے...... یہ میرا اپنا فیصلہ ہے۔ لیکن میرا ماضی بھی آپ کے سامنے پوری طرح عیاں ہے، لہٰذا اب فیصلہ آپ کا ہوگا۔ کیا آپ مجھے میرے ماضی سمیت قبول کر پائیں گے۔ میرا پچھلا جنوں کبھی طعنہ بن کر آپ کے لبوں پر تو نہیں آجائے گا؟ اپنے ظرف کے پیمانے کی وسعت جانچ کر ہی کوئی فیصلہ کیجئے گا۔ مجھے دونوں صورتوں میں آپ کی رائے سے اتفاق ہوگا......'' اس نے ایک ہی پل میں ساری باتیں کر ڈالیں۔ اب میں اسے کیا بتاتا کہ میرے ظرف کا امتحان تو قدرت نے اسی دن سے لینا شروع کر دیا تھا، جب میں نے پہلی مرتبہ اسے دیکھا تھا۔ ''ظرف کا پیمانہ وسیع نہ ہوتا تو شاید ہم دونوں آج یوں ایک دوسرے کے سامنے کھڑے نہ ہوتے۔ لیکن میں آپ سے صرف ایک سوال کرنا چاہتا ہوں۔ یہ رشتہ صرف تن پر حکمرانی تک رہے گا، یا پھر مجھے روح کا غلبہ بھی حاصل ہوگا......؟'' میری بات سن کر وہ چونکی اور نظریں اٹھا کر مجھے یوں دیکھا، جیسے پہلی مرتبہ دیکھ رہی ہو۔ اس کی وہ پہلی نظر تھی، جو صرف میرے لیے تھی، صرف ساحر کے لئے۔ اس کے لب ہلے۔ ''روح پر قبضہ پانے میں تو کبھی کبھی صدیاں بھی لگ جاتی ہیں۔ ساحر......'' ''تو پھر میں مزید کئی صدیاں انتظار کرنے کے لیے تیار ہوں۔ کیا آپ میرے انتظار کی منزل تک میرا انتظار کر پائیں گی......'' میری بات سن کر اس کا گلابی چہرہ کچھ اس طرح کھل گیا، جیسے سوچ اور تفکرات کے کبھی بادل ایک دم ہی چھٹ گئے ہوں۔ ''سوچ لیں، میرے پاس انتظار کے لیے زندگی پڑی ہے۔ لیکن کیا آپ روح سے روح کے رشتے کے لیے اتنا بڑا جوا کھیل پائیں گے۔ نتیجہ کچھ بھی ہوسکتا ہے؟'' ''نتیجہ جو بھی ہو، ہوگا تو آپ کی روح کا ہی...... اور میں اس دربار میں اپنا سر تسلیم ازل ہی سے خم کر چکا ہوں۔'' اس کے

پنکھڑی سے لبوں پر میں نے زندگی میں پہلی مرتبہ ایک مسکراہٹ ابھرتی دیکھی، دنیا کی سب سے حسین مسکراہٹ۔ وہ کچھ دیر مجھے غور سے دیکھتی رہی۔ پھر دھیرے سے بولی۔ ''میری دعائیں سدا آپ کے ساتھ ہیں......'' میں نے چونک کر اسے دیکھا، لیکن پھر وہ وہاں رک نہیں پائی اور سلام کر کے چل دی۔ اپنی تقدیر پر جتنا پیار مجھے اس لمحے آیا، شاید زندگی میں اس سے پہلے کبھی نہیں آیا تھا۔

گھر واپسی پر جب میں نے مما اور پاپا کو اپنا اور زہرا کا فیصلہ سنایا تو کچھ دیر کے لیے تو وہ دونوں ہی جیسے دنگ رہ گئے۔ پھر پہلے پاپا نے آگے بڑھ کر مجھے گلے لگا لیا۔ ''ہمیں تم پر فخر ہے ساحر بیٹا اور ہم جانتے ہیں کہ تم ایک نہ ایک دن اس کی روح کو بھی فتح کر لو گے۔ گاڈ بلیس یو۔'' ہاں...... شاید میں کبھی زہرا کی روح کو بھی جیت ہی لوں گا۔ لیکن ان دنوں خود میری روح جس عذاب سے گزر رہی تھی، میں اس کا بھلا کیا درماں کرتا۔ مجھے لگتا تھا کہ میں اپنی آدھی روح کہیں اور چھوڑ آیا ہوں۔ آخر کار، اس رات میرے ضبط کے سارے پیمانے چھلک پڑے اور میں آدھی رات کو کمرے ہی میں سجدے میں گر کر بلک اٹھا۔ ''یا میرے رب مجھے اس الجھن سے نکال دے۔ اگر میرا مقدر دنیا ہے تو مجھے مکمل دنیا کا کر دے اور اگر میرا مقدر تیری نوکری ہے تو پھر مجھے پورا قبول کر لے...... یوں میری روح کے کومل ریشوں کو تقسیم نہ کر۔ میں تیرا بہت نازک، بہت کمزور بندہ ہوں۔ مجھ پر اس دوراہے کا اتنا وزن نہ ڈال۔ میری مشکل آسان کر دے......'' نہ جانے کتنی دیر تک میں ہچکیاں لے لے کر روتا رہا اور پھر مجھے کب نیند آئی، مجھے خبر نہیں ہوئی۔ لیکن اس رات میرے ماں باپ سو نہ سکے۔ جانے رات کے کس پہر، پاپا کی آنکھ کھلی اور میری ہچکیوں کی آواز نے انہیں اپنی جانب متوجہ کیا۔ پھر کب وہ مما کو بھی جگا کر میرے کمرے سے باہر آ کھڑے ہوئے۔ البتہ انہوں نے اس وقت میرے اور میرے خدا کے رابطے کے درمیان مخل ہونا مناسب نہیں سمجھا۔ صبح جب میں ناشتے کی میز پر آیا تو ان دونوں کے چہرے بھی آنسوؤں سے دھلے ہوئے محسوس ہوئے۔ آخر کار، مما نے میرا ماتھا چوم کر میری ہر کش مکش کا فیصلہ کر دیا۔ مجھے رخصت کرتے وقت انہوں نے صرف ایک جملہ کہا۔ ''ساحر کاش میرے کئی بیٹے ہوتے اور سب تمہارے جیسے ہوتے۔ اب ہم بھی تمہارے اس سچ کے سفر میں تمہارے ساتھ ہیں۔ جہاں کہیں مستقل ٹھکانہ بناؤ ہمیں بھی بتا دینا۔ ہم بھی وہیں آ بسیں گے......'' میری زبان سے بے اختیار نکلا ''ہاں، لیکن زہرا کو اپنے ساتھ لے کر آئیے گا......'' وہ دونوں ہنس پڑے۔ اس بار مما اور پاپا خود اپنی گاڑی میں مجھے درگاہ چھوڑنے کے لیے آئے اور پھر بہت دیر تک مجھے اپنے سینے سے لگا کر کھڑے رہے۔

جب میں آخری سیڑھی چڑھ کر درگاہ کے صحن میں پہنچا تو وہاں کا منظر ہی کچھ اور تھا۔ سبھی کسی جلدی میں نظر آ رہے تھے۔ جیسے کسی لمبے سفر کی تیاری ہو۔ میں نے قریب سے گزرتے ایک زائر سے احوال پوچھا تو اس کا جواب سن کر مجھے اپنی ڈولتی نیا ڈوبتی ہوئی محسوس ہوئی۔ ''سلطان بابا درگاہ کا انتظام کسی نئے خدمت گار کے سپرد کر کے خود کسی لمبے سفر پر جا رہے ہیں۔'' عبداللہ نے بتایا تھا کہ نئے عبداللہ کی تقرری ہو چکی تھی۔ میں نے مایوس ہو کر واپسی کے لیے قدم اٹھائے ہی تھے کہ اچانک ایک آواز نے میرا راستہ روک لیا۔ ''کہاں چل دیئے میاں، ابھی تو ٹھیک طرح سے آئے بھی نہیں۔'' میں پلٹا، وہ سلطان بابا ہی تھے۔ عبداللہ بھی ان کے پیچھے کھڑا مسکرا رہا تھا۔ ''شاید مجھے دیر ہو گئی ہے۔ آپ کو آپ کا خادم مل گیا ہے۔'' سلطان بابا نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔ ''میاں جن کی ترقی ہو گئی ہو، انہیں ہم دوبارہ درگاہ کی خدمت پر نہیں لگاتے۔ تم ہمارے ساتھ چل رہے ہو۔'' خوشی اور حیرت کے مارے میری حالت پر سبھی مسکرا دیئے۔ ''عبداللہ میاں اب ہمارے ساتھ نہیں جا رہے۔ انہیں ہم نے کسی اور جگہ کی خدمت کے

لیے بھیجنا ہے۔ ساحر تم ہمارے ساتھ چل رہے ہو۔ بولو کیا ارادہ ہے۔'''' زہے نصیب...... لیکن درگاہ کی خدمت کے لیے بھی تو کسی کو یہاں رہنا تھا، وہ کہاں ہے؟'' دفعتہً عبداللہ کے پیچھے نعمان کا چہرہ ابھرا۔ ہاں وہی کھلنڈرا سا موٹر سائیکل سوار نعمان۔ وہ تیزی سے بڑھ کر میرے گلے لگ گیا۔ ''میں یہاں رہوں گا، آپ بےفکر ہو کر جائیں۔'' سلطان بابا نے کاغذ کی ایک چٹ میرے ہاتھ میں تھمائی اور پلٹ کر جاتے ہوئے بولے۔ ''اس نوجوان کو اس کے نئے نام سے آگاہ کر کے چلے آؤ، ہمیں شام ڈھلنے سے پہلے بہت لمبا سفر طے کرنا ہے۔'' میں نے کانپتے ہوئے ہاتھوں سے کاغذ کھولا...... کاغذ پر نیا نام جگمگا رہا تھا۔ ''عبداللہ'' میں نے نعمان سے مل کر اور اسے ساری تفصیل سمجھا کر سلطان بابا کے پیچھے چل پڑا۔ میری زندگی کا نیا سفر شروع ہو چکا تھا اور ہماری منزل کہاں تھی، یہ صرف سلطان بابا ہی جانتے تھے۔ میں نے ڈوبتے سورج کی سنہری روشنی میں دور ساحل پر کھڑے ہو کر درگاہ کی جانب پلٹ کر دیکھا۔ ایک نیا ''عبداللہ'' درگاہ کی منڈیر پر کھڑا ہمیں الوداع کہہ رہا تھا۔ میں نے دھیرے سے ہاتھ اٹھایا اور میرے دل نے کہا ''الوداع''

# کالا پانی

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

ہمیں سفر کرتے تین دن ہو چکے تھے۔ جانے یہ کیسا سفر تھا، جس کے راہبر نے کچھ کہا، نہ پیروکار ہی نے کچھ پوچھنے کی جسارت کی۔ میں سلطان بابا کے نقش قدم پر چلتا، ان کے پیچھے پیچھے رواں تھا۔ ساحلی پٹی ختم ہوئی تو سلطان بابا نے مرکزی شاہراہ سے پہلے بس لے لی۔ دوسرے دن بس نے ہمیں ایک ویران ریلوے سٹیشن پر پہنچا دیا۔ جہاں سے رات کی واحد پسنجر ٹرین پکڑ کر ہم پہاڑوں سے گھری ایک وادی کے چھوٹے سے اسٹیشن پر اگلی رات تک پہنچے تھے۔ رات سلطان بابا نے وہیں اسٹیشن ہی پر بسر کی اور پھر فجر کی نماز پڑھتے ہی ہم دوبارہ پیدل ہی قریبی قصبے کو جاتی مرکزی سڑک پر چل پڑے۔ اس وقت سورج ٹھیک ہمارے سروں پر تیز کونوں کی برچھیاں چبھو رہا تھا۔ میں نے پورے سفر میں سلطان بابا کو بلا ضرورت بولتے نہیں دیکھا تھا۔ پورا رستہ وہ چپ ہی سادھے رہے، لیکن ان کی خاموشی میں بھی ایک طرح کی گفتگو تھی۔ جب کبھی مجھے تھکن کا احساس ہوتا، یا میرے من میں کوئی سوال ابھرتا، اسی لمحے وہ پلٹ کر مسکراتی نظروں سے میری جانب دیکھ لیتے اور میرے ہر سوال کو جیسے ایک جواب سا مل جاتا، اور تھکن جانے کہاں اڑ جاتی۔ کتنی عجیب بات تھی۔ کچھ لوگوں کی خاموشی بھی بولتی ہے اور کچھ لوگ بول کر بھی گونگے رہتے ہیں۔

شام تک آسمان کو کالی گھٹاؤں نے پوری طرح ڈھک لیا اور پھر مغرب سے ذرا پہلے شدید اور موسلا دھار بارش شروع ہو گئی۔ ان پہاڑی علاقوں کی بارش کے بارے میں سنا تو بہت تھا کہ پل بھر ہی میں سب جل تھل کر دیتی ہے، لیکن تجربہ آج پہلی بار ہو رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں ایک چھوٹی سی آبادی کے آثار دکھائی دینا شروع ہوئے اور قصبے کی پہلی سڑک پر مڑتے ہی ایک چھوٹے سے پہاڑی ٹیلے پر بنی ہوئی ایک خستہ حال مسجد کے گنبد نظر آنے لگے۔ میں اور سلطان بابا پوری طرح بھیگ چکے تھے اور جب ہم مسجد کے کچی اینٹوں سے بنے ہوئے صحن میں داخل ہوئے تو موذن مغرب کی اذان کے لیے کھڑا ہو چکا تھا۔ اذان ختم کرتے ہی وہ والہانہ انداز میں کچھ اس طرح سلطان بابا کی جانب بڑھا جیسے اس کی، ان سے برسوں سے جان پہچان ہو۔ سلطان بابا نے میرا تعارف ''عبداللہ'' کے نام سے کروایا۔ کچھ ہی دیر میں مسجد میں قریباً درجن بھر نمازی جمع ہو گئے اور سلطان بابا ہی کی معیت میں جماعت ادا کی گئی۔ نماز کے بعد موذن کے سوا تمام نمازی ایک ایک کر کے رخصت ہو گئے۔ موذن کا نام رشید تھا۔ جس نے نمازیوں کے جانے کے بعد جلدی سے ہم دونوں کو گرم گرم قہوہ پیش کیا۔ میں نے ابھی قہوے کا پہلا گھونٹ ہی لیا تھا کہ سلطان بابا کا سوال سن کر میرے ہاتھ سے پیالہ قریباً چھوٹ ہی گیا ''پھانسی کب ہے؟'' رشید سے مخاطب تھے۔ رشید نے اسی طرح سر جھکائے جواب دیا۔ ''پرسوں صبح...... ساڑھے چار بجے۔'' سلطان بابا نے لمبا سے ہنکارا بھرا ''ہوں...... گویا ہمارے پاس اڑتالیس گھنٹے سے بھی کم ہیں...... چلو خیر، جو اللہ کو منظور۔'' میں حیرت سے سلطان بابا اور رشید کو دیکھ رہا تھا۔ یہ پھانسی کا ذکر ہو رہا تھا اور اڑتالیس گھنٹوں میں ایسا کیا ہونے والا تھا۔ بڑی مشکل سے میں نے خود کو کوئی سوال کرنے سے روکا۔ کچھ ہی دیر میں مسجد کے باہر ایک سرکاری جیپ آ کر رکی اور پھر اندھیرے میں اس کی چمکتی لائٹس کی روشنی میں پانی سے شرابور، کیچڑ میں چھپ

چھپ کرتے بڑی بڑی خاکی برساتیوں میں ملبوس چند سرکاری اہل کار اترے۔ ان میں سے ایک بارعب اور عمر رسیدہ شخص، جو ان سب کا آفیسر تھا، چھتری کے سائے تلے تیزی سے چلتا ہوا مسجد کے احاطے میں داخل ہو گیا۔ اس کے سر پر چھتری تانے ہوئے ایک اہل کار تقریباً دوڑتا ہوا، اپنے افسر کو پانی کے ریلوں سے بچانے کے لیے ساتھ ساتھ چلا آ رہا تھا۔ رشید نے جلدی سے اٹھ کر افسر کا استقبال کیا۔ ''آیئے آیئے جیلر صاحب...... سلطان بابا آپ ہی کا انتظار کر رہے ہیں۔'' آنے والے کا نام اقبال تھا اور پتا یہ چلا کہ وہ اس قصبے کی مرکزی جیل کا سپرینٹنڈنٹ ہے۔ وہ سلطان بابا سے پہلی مرتبہ مل رہا تھا، لیکن اس کے انداز و اطوار میں بھی پرانے شناساؤں جیسا احترام تھا، البتہ اس کے چہرے سے پریشانی کے آثار جھلک رہے تھے...... ابتدائی علیک سلیک کے بعد جب رشید نے جیلر اقبال کو بھی قہوے کا پیالہ پیش کر دیا تو سلطان بابا نے حتمی سوال کر ڈالا۔ ''ہاں بھئی جیلر صاحب...... ہم تو حاضر ہو گئے آپ کے بلاوے پر...... اب فرمایئے کیا حکم ہے؟'' میں نے حیرت سے سلطان بابا کی طرف دیکھا، تو گویا تین دن کے اس لمبے سفر کا مقصد اس جیلر کا بلاوا تھا۔ اقبال نے عاجزانہ انداز میں جواب دیا۔ ''آپ اتنی دور سے صرف میرے بلاوے پر یہاں تک آئے یقین جانیئے، یہ میرے لیے بہت اعزاز کی بات ہے۔ دراصل پریشانی ہی کچھ ایسی تھی کہ آپ کو تکلیف دینی پڑی۔ آپ کو رشید نے بتا تو دیا ہوگا کہ پرسوں صبح میری جیل میں ایک پھانسی کی تیاری ہے۔ ایک ایسے جیلر کی حیثیت سے، جو تقریباً ۲۵ سال کی سروس مکمل کر چکا ہو، یہ پھانسی ایک معمول کی بات ہونی چاہئے، لیکن آپ کو یہ سن کر شاید حیرت ہو کہ میری کسی بھی بڑی سینٹرل جیل میں یہ دوسری تعیناتی ہے۔ اس سے پہلے تقریباً دو سال تک سندھ کی ایک بڑی جیل میں رہ چکا ہوں، لیکن آپ اسے قدرت کی مہربانی کہیں، یا مقدر کا ستم کہ میں نے اپنی پوری سروس میں کبھی کوئی پھانسی نہیں بھگتائی اور پرسوں دی جانے والی پھانسی نہ صرف میری سروس، بلکہ میری زندگی کی بھی پہلی پھانسی ہے......''

ہم تینوں نے چونک کر جیلر کی جانب دیکھا، جو سر جھکائے اپنی زندگی کی شاید سب سے بڑی الجھن بیان کر رہا تھا۔ اقبال نے ہمیں بتایا کہ رحیم پور کے جس قصبے میں اس وقت ہم سب موجود تھے وہیں ملک کی سب سے بڑی اور شاید سب سے پرانی مرکزی جیل بھی واقع تھی، جس میں ملک بھر سے سنگین ترین جرائم کے قیدی بھیجے جاتے تھے، جن میں زیادہ تر سزائے موت ہی کے قیدی ہوتے۔ اس جیل کے پہاڑوں میں گھرے محلِ وقوع اور شدید سخت اور کڑے پہرے کی وجہ سے اسے دوسرے ''کالے پانی'' کے نام سے بھی پکارا جاتا تھا۔ سنا تھا کہ انگریز کے زمانے سے لے کر اب تک یہاں سے صرف دو مرتبہ قیدیوں نے نقب لگا کر بھاگنے کی کوشش کی اور دونوں مرتبہ ہی تین اور پانچ کے دو قیدی گروہ، جیل کی فصیل تک پہنچنے سے پہلے ہی اونچی برجی پر کھڑے جیل کے محافظوں کی گولیوں کا شکار ہو کر مارے گئے۔ اس کے بعد آج تک کسی قیدی کو یہ جرأت نہیں ہوئی کہ وہ اس کالے پانی کی قید سے فرار کا سوچ بھی سکے۔ اقبال جیلر کی سروس کا یہ آخری سال تھا اور رحیم پور کی جیل میں اس کی تعیناتی کو ابھی بمشکل ڈیڑھ ماہ کا عرصہ ہی ہوا تھا، لیکن حاضری کے فوراً بعد اسے جس سرکاری حکم کا پہلا پروانہ موصول ہوا، وہ اسی سکندر نامی قیدی کی پھانسی تھا۔ بقول جیلر، اسی دن سے اس کی نیندیں حرام ہو چکی تھیں۔ پہلے پہل تو اس نے خود کو یہ کہہ کر تسلی دے دی تھی کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل بھی سینئر اور تجربہ کار افسر ہے، لہٰذا اس کی موجودگی میں پھانسی کسی نہ کسی طرح نپٹا ہی دی جائے گی۔ لیکن شومئی قسمت، ڈپٹی کے داماد اور بیٹی کا ساہیوال میں ایک خطرناک ایکسیڈنٹ ہو گیا اور ڈپٹی کو چار دن پہلے ہی انتہائی عجلت میں چھٹی لے کر جانا پڑ گیا اور فی الحال اگلے پندرہ دن تک اس کی واپسی کا کوئی امکان نہیں تھا۔ جیلر کی دوسری امید جیل کا سرکاری ڈاکٹر تھا،

جسے اس پھانسی کے تمام عمل میں اور تمام تیاریوں اور انتظامات میں جیلر کی معاونت بھی کرنی تھی۔ لیکن جیلر کے یہ سن کر تو ہوش اڑ گئے کہ ڈاکٹر نے ابھی دو سال پہلے اپنا ہاؤس جاب مکمل کیا ہے اور کسی بھی جیل میں یہ اس کی پہلی تعیناتی ہے۔ ڈاکٹر کے تو پہلے ہی یہ سوچ کر ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے تھے کہ ایک زندہ انسان کو اس کی نظروں کے سامنے چلا کر لایا جائے گا اور پھر اس کی سانسیں سلب کر لی جائیں گی۔ بقول نوجوان ڈاکٹر ''کسی مریض کو اپنے سامنے دم توڑتا دیکھنے میں اور ایک انسان کو پھانسی پر لٹکتا دیکھنے میں زمین و آسمان کا فرق ہوتا ہے۔'' یہ سب کچھ بتاتے ہوئے بھی اقبال کے چہرے پر ہوائیاں سی اڑ رہی تھیں۔ اس کی پریشانی بھی اپنی جگہ بجا تھی، کیوں کہ ملک کی سب سے بڑی جیل کا سپرنٹنڈنٹ ہونے کے ناطے اس پر بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی تھی اور اگر اس سارے پھانسی کے عمل میں کوئی بھی قانونی، یا اخلاقی سقم باقی رہ جاتا تو اس کی تمام تر جواب دہی اس کو کرنا تھی۔ سلطان بابا نے بہت غور سے جیلر کی بات سنی اور پھر ہلکے سے کھنکار کر گویا ہوئے ''واقعی یہ تو بڑی پریشانی کی بات ہے۔ تو پھر آپ نے اس مشکل کا کیا حل نکالا۔ ویسے آپ تو خود کافی تجربہ کار ہیں۔ آپ یہ بھی جانتے ہوں گے کہ جیل کا جلاد ایسے موقعوں پر کافی کار آمد ثابت ہوتا ہے...... کیا آپ نے جلاد سے کوئی مدد نہیں لی...... کبھی کبھی ان پڑھ ہوتے ہوئے بھی وہ بہت سی ایسی باریک تکنیکی تفصیلات جانتا ہے، جو کسی بھی بڑے افسر کے لیے انتہائی کار آمد ثابت ہو سکتی ہیں۔'' اقبال نے بے چینی سے ہاتھ ملے ''اب آپ کو کیا بتاؤں...... جلاد کی پوسٹ پچھلے آٹھ مہینے سے خالی ہے۔ پرانا جلاد ریٹائر ہوا تو حسب معمول جلاد کی تعیناتی کے لیے حکام بالا سے اجازت لے کر اخبارات میں اشتہار دے دیا گیا کہ جیل میں جلاد کی جگہ خالی ہے، لیکن کسی نے بھرتی کے لیے درخواست ہی جمع نہیں کروائی۔ حتیٰ کہ پرانے جلاد کے بیٹے کو تو ہم نے پیش کش بھی کی تھی کہ اگر وہ اپنے باپ کی جگہ بھرتی ہونا چاہے تو ہم محکمے سے خصوصی اجازت لے کر بنا کسی ٹیسٹ، یا انٹرویو کے اسے براہ راست بھرتی کر لیں، لیکن وہ دس جماعت پڑھ چکا ہے اور اس نے صاف انکار کر دیا کہ وہ یہ کام نہیں کرنا چاہتا۔ ویسے اب غیر مسلم بھی اس کام سے کترانے لگے ہیں۔ پہلے تو زیادہ تر جیلوں کے جلاد غیر مسلم ہی ہوا کرتے تھے، لیکن اب اس بے روزگاری کے باوجود بھی کوئی اس پیشے سے منسلک ہونا پسند نہیں کرتا۔ دراصل موت کے تختے کا لیور کھینچنے کے لیے بڑا دل گردہ چاہئے ہوتا ہے جناب...... صبح ہونے سے پہلے کا رات کا سناٹا بڑا ہولناک ہوتا ہے اور اس سناٹے میں لیور کی چرچراہٹ اور تختہ کھلنے کا کھڑاک بہت سے کمزور دل حضرات کا پتا پانی کر سکتا ہے...... اور پھر ان سب سے بڑھ کر قیدی کی گردن کا منکا علیحدہ ہو کر ٹوٹنے کی وہ بے رحم چٹختی ہوئی آواز......'' جیلر کی بات سن کر موذن رشید کو جھرجھری سی آ گئی۔ اقبال بظاہر ہمیں پھانسی کی تفصیلات بتا رہا تھا، لیکن اس کے چہرے سے صاف ظاہر تھا کہ وہ بار بار اس لمحے کا ذکر کر کے دراصل اپنے لاشعور میں چھپے کسی خوف کو دور کرنا چاہتا ہے، جو اندر ہی اندر جانے کب سے اسے ڈسے جا رہا تھا۔

مجھے یاد تھا کہ کالج پاس کرنے کے بعد میرے بہت سے دوست، جو پری میڈیکل گروپ سے وابستہ تھے، انہوں نے میڈیکل کالج میں داخلہ لیا تو میں اور کاشف بہت عرصے تک اپنے پرانے کلاس فیلوز سے ملنے کے لیے ان کے ہاسٹلز جاتے رہے تھے، جس کا نام جیورسپروڈنس (Jurisprudence) تھا۔ میں نے ہاسٹل کی ان ملاقاتوں کے فارغ لمحات میں اس کتاب کے بہت سے باب یونہی پڑھ ڈالے تھے۔ یہ مضمون طب کے مختلف کینسر سے متعلق تھا اور اس میں جرم اور سزا کے باب میں پھانسی کا بھی تفصیلاً ذکر موجود تھا۔ مجھے وہ کتاب پڑھتے ہوئے کئی مرتبہ ایک عجیب سا احساس بھی ہوا کرتا کہ پھانسی جیسا عمل، جس کے متعلق سوچ کر ہی رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، سزا کی اصطلاح میں وہ بھی ایک بے حد میکانکی سا

عمل ہے۔حتیٰ کہ مجھے یہ بھی یاد تھا کہ میں نے اس ہی طب کے رسالوں میں کہیں ''بہترین پھانسی'' کی اصطلاح بھی پڑھی تھی۔طب کے میدان میں اور سزا کی دنیا میں بہترین پھانسی کا تصور یہ تھا کہ قیدی کی گردن کا منکا پہلے ہی جھٹکے میں یوں ٹوٹ جائے کہ اسے زیادہ ''تکلیف'' کا سامنا نہ کرنا پڑے حالانکہ اس ایک جھٹکے میں بھی سانس کی ڈور ٹوٹنے کے باوجود قیدی کم از کم آٹھ سے دس منٹ تک سولی پر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جاتا تھا، کیونکہ اس دوران بھی وہ دماغی طور پر (طب کی اصطلاح میں) زندہ رہتا تھا اور اس کی مکمل ''دماغی موت'' کے لیے یہ آٹھ منٹ کا وقفہ ضروری سمجھا جاتا تھا۔اس دوران قیدی کی تڑپ اور بے چینی جاری رہتی تھی اور اس کا کلیہ بھی اسی کتاب میں درج تھا کہ جب تک پھانسی کا رسہ خفیف سی حرکت یا جھول کھاتا رہے، تب تک یہ سمجھنا چاہئے کہ قیدی میں زندگی کی چنگی بھر رمق باقی ہے۔لیور کھینچنے، تختہ کھلنے اور قیدی کے جسم کے مکمل بوجھ کے رسے سے لٹک کر جھولنے کے اولین لمحے سے لے کر رسے کے مکمل سکوت میں آنے تک کے آخری لمحے کا درمیانی وقت آٹھ منٹ سے لے کر دس منٹ تک محیط ہو سکتا تھا اور اسی درمیانی وقت کو قیدی کے لیے کم سے کم اذیت ناک بنانے کے لیے جیل حکام کا فرض بنتا تھا کہ وہ قیدی کے لیے ایک ''بہترین پھانسی'' کا انتظام کریں اور اس تیاری اور نظام کی جزئیات کچھ اس طرح تھیں کہ قیدی کے وزن کے حساب سے رسہ تیار کیا جائے۔اس میں بنایا گیا پھندا، رسے کی لمبائی اور رسے کی ساخت کا تناسب بہترین ہونا چاہئے۔رسہ ہمیشہ قیدی کے اس وزن کے مطابق تیار کیا جاتا تھا، جو پھانسی سے ایک دن قبل آخری میڈیکل چیک اپ کے وقت قیدی کا ہوتا ہے۔اسی طرح جلاد کی ڈیوٹی میں یہ بھی شامل تھا کہ وہ ایک دن پہلے تختہ دار کے قبضے وغیرہ جانچ لے کہ تختہ کے کھلنے میں کسی قسم کی دشواری تو نہیں؟ لیور کا ہینڈل ٹھیک کام کر رہا ہے کہ نہیں؟ عین وقت پر لیور، یا تختہ کسی رکاوٹ کی وجہ سے جواب تو نہیں دے جائیں گے؟ تختے کے دونوں پٹ ایک جھٹکے سے اور ایک ساتھ کھل رہے ہیں، یا نہیں؟ تختے کے قبضوں کو گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ٹھیک طرح سے تیل پلایا گیا ہے، یا نہیں۔کہیں رسے کی رگڑ، یا لکڑی، لوہے کی ستون کی کوئی ناہموار سطح رسہ کاٹنے، یا ٹوٹنے کا باعث تو نہیں بن جائے گی؟ ایسے ہی نہ جانے کتنے درجنوں سوال تھے، جن کا جواب جلاد اور جیل کے عملے کو مل کر ڈھونڈنا ہوتا تھا، تب ہی کہیں جا کر کوئی پھانسی ''بہترین پھانسی'' کہلائی جاتی تھی اور ان سب باتوں کی براہ راست نگرانی اور ذمہ داری جیل سپرنٹنڈنٹ کی ہوتی، اسی لیے اقبال ہمارے سامنے پریشان سی صورت لے کر بیٹھا تھا۔

اس کے پاس بمشکل چالیس، یا پالیس گھنٹے تھے اور شاید وہ ابھی تک پوری طرح پھانسی گھاٹ ہی تیار نہیں کروا پایا تھا۔کبھی کبھی میں سوچتا ہوں کہ ہم انسان بیک وقت کتنے نرم خو اور کتنے سنگ دل ہو سکتے ہیں۔معاشرے کو چلانے کے لیے ہمیں کیسے کیسے دہرے معیار اختیار کرنے پڑتے ہیں۔گھر میں پالے ہوئے اپنے کسی پالتو جانور کی ذرا سی تکلیف پر بے چین ہو جانے والے انسانوں کو بھی کبھی اس بات کے لیے سر جوڑ کر بیٹھنا پڑتا ہے کہ وہ اپنے جیسے جیتے جاگتے انسان کی جان لینے کا کون سا طریقہ اختیار کریں۔بظاہر اقبال کی پریشانی بے جا ہی تو تھی۔جب ایک انسان کی سانس کی ڈور کا کٹنا ہی مقدر ٹھہرا تو پھر اس میں اتنے تردد کی بھلا کیا ضرورت تھی۔عملہ پورا تھا، یا نہیں، انتظامات میں کمی بیشی ہوئی بھی تو کیا؟ جان لینے کے لوازمات معیار کے مطابق تھے، یا غیر معیاری۔بھلا ان باتوں سے اس سیاہ نصیب قیدی کی قسمت پر کیا فرق پڑنے والا تھا۔مقصد تو اس کی جان لینا تھا، پھر بھلا وہ تلوار سے سر قلم کر کے لی جائے، یا گولی، یا پھانسی کے پھندے پر لٹکا کر...... کیا فرق پڑتا تھا۔ایک لمحے کو تو مجھے اقبال کی ساری باتیں، وہ طوفانی بارش میں بھیگتا سیاہ سناٹا اور بوندوں سے بھیگتے ہمارے وجود...... سبھی کچھ ''ایک بہت بڑا جھوٹ'' لگنے لگا تھا۔جیسے ہم سب اس نظام کی

کمزوریوں پر پردہ ڈالنے کے لیے ڈھکوسلا کر رہے ہوں اور کچھ ہی دیر بعد ہم سب اطمینان سے یہ کہتے ہوئے کپڑے جھاڑ کر اُٹھ کھڑے ہوں گے کہ ہم نے اپنے طور پر تو پوری کوشش کر دیکھی، لیکن کیا کریں پورا سسٹم ہی خراب ہے تو اس میں اب ہمارا کیا قصور؟ لیکن بے چارہ جیلر بھاگ دوڑ پر مجبور کر رہا تھا کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے قیدی کی جان لینے سے پہلے تمام قواعد وضوابط تو پورے کرنے ہی ہوں گے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کے اندر سے بھی کبھی نہ کبھی یہ آواز اٹھی ہوگی کہ ''کس جھنجھٹ میں پڑ رہے ہو میاں...... چڑھا دو سولی۔ یہاں اس ویرانے میں کس نے آ کر یہ قواعد وضوابط دیکھنے ہیں۔ ختم کرو یہ ٹنٹا۔'' لیکن افسوس...... فطرت ہمیں اس گناہ سے بھی پوری طرح لطف اندوز نہیں ہونے دیتی جو صرف ہمارے اندر ہی جنم لیتا ہے اور اندر ہی کہیں فنا ہو جاتا ہے۔ کبھی وفا، کبھی بھرم اور کبھی فرض شناسی جیسے ''در انداز جذبے'' ہمارے اس معصوم گناہ کا مزہ بھی کرکرا کرنے کے لیے جانے کہاں کہاں سے جنم لینے لگتے ہیں۔ جیلر بھی اس وقت ایسے ہی ایک معصوم گناہ اور ایک بے رحم ثواب کے بیچ چلتی جنگ کے درمیان پس رہا تھا اور وقت اس کی بند مٹھی سے ریت کی طرح پھسلتا جا رہا تھا۔

سلطان بابا نے کچھ دیر تک ساری صورت حال پر غور کیا اور پھر جیلر سے مخاطب ہوئے ''واقعی صورت حال تو کافی گمبھیر ہے، لیکن جلاد کی عدم موجودگی میں یہ فریضہ اب کون سر انجام دے گا۔'' اقبال نے لمبی سی سانس بھری۔ ''ویسے تو میں نے دو ہفتے پہلے ہی حکام کو جلاد کی عدم دستیابی کا پروانہ لکھ دیا تھا اور انہوں نے ایک دوسرے قریبی ضلع کی سینٹرل جیل کے جلاد کو بذریعہ آرڈر پابند بھی کر دیا ہے کہ وہ میری جیل میں حاضر ہو کر مجھے ۴۸ گھنٹے پہلے رپورٹ کرے اور اس پھانسی کو تکمیل تک پہنچائے۔ لیکن ابھی تک تو وہ پہنچا نہیں، شاید صبح والی گاڑی سے پہنچ جائے۔ دراصل اس شدید طوفان اور موسلا دھار بارش نے چند گھنٹوں ہی میں بڑی تباہی مچا دی ہے۔ ابھی جب ہم آپ کی طرف آ رہے تھے تو مجھے وائرلیس سیٹ پر اطلاع ملی کہ قصبے کو بیرونی دنیا سے جوڑنے والی سڑک کا واحد پل بھی پانی سے بہہ گیا ہے اور ریلوے ٹریک بھی ایک آدھ گھنٹے کے بعد قابل استعمال نہیں رہے گا، کیونکہ ابھی سے قریباً دو میل پٹڑی کا ٹکڑا گھٹنوں گھٹنوں پانی میں ڈوب چکا ہے۔''

آسمان پر بادل زور سے گرجے اور دور کسی ویرانے میں بجلی کا کوندا اس زور سے لپکا کہ کچھ دیر کے لیے ہم سبھی نیلی روشنی میں نہا سے گئے۔ میں نے اس لمحاتی روشنی میں جیلر کے ماتھے پر بارش کی بوندوں کے ساتھ پسینے کی چند بوندیں بھی چمکتی دیکھیں اور پھر اگلے ہی لمحے پھر سے وہی گھپ اندھیرا چھا گیا۔ سلطان بابا دھیرے سے مسکرائے۔ ''جیلر صاحب لگتا ہے قدرت بھی آپ کی اس زمینی عدالت کے فیصلے کو ماننے پر تیار نہیں ہے۔ ارے ہاں! آپ نے یہ بتایا ہی نہیں کہ آخر ہمیں یہاں بلانے کا کیا مقصد تھا۔ کیوں کہ آپ کی تمام بیان کردہ مجبوریاں اپنی جگہ، لیکن ظاہر ہے کہ یہ سارے سرکاری کام ہیں اور ان میں ہمارا کوئی عمل دخل نہیں ہو سکتا۔'' اقبال کسی گہری سوچ میں گم تھا۔ سلطان بابا کی بات سن کر چونک اٹھا۔ ''جی بالکل...... آپ نے بجا فرمایا۔ دراصل آپ کو زحمت دینے کی وجہ بھی وہی قیدی سکندر ہی ہے۔ اس کی آخری خواہش ہے کہ مرنے سے پہلے اس کی آپ سے ملاقات کروا دی جائے۔'' میں نے اور سلطان بابا نے بیک وقت چونک کر ایک دوسرے کی جانب دیکھا۔

# آخری انتظار

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

آسمان پر بجلی زور سے چمکی، تیز طوفانی ہوا نے کچھ پل کے لیے برسات کی بوچھاڑ کا رخ ہماری جانب کر دیا اور ہم سب، جو پہلے ہی مسجد کے برآمدے میں تقریباً دیوار سے لگے بیٹھے تھے، ایک دفعہ پھر بھیگ کر مزید دیوار کے ساتھ چپک گئے۔ سلطان بابا نے حیرت سے جیلر کی جانب دیکھا۔ ”آپ کے قیدی کی آخری خواہش یہ ہے کہ اس سے میری ملاقات کروا دی جائے...... لیکن ان آخری لحات میں تو ہر قیدی اپنے خاندان، اپنے پیاروں سے ملاقات کا خواہش مند ہوتا ہے، پھر اس نے ایک اجنبی سے ملنے کی خواہش کیوں ظاہر کی؟“ اقبال نے اپنی برساتی پر جمع ہوئی بوندوں کو جھاڑا ”قیدی کا اس دنیا میں اور کوئی رشتہ باقی نہیں رہا...... کم از کم اس کا دعویٰ تو یہی ہے۔ لیکن اگر آپ اس کے لیے اجنبی ہیں تو پھر یہ سوال البتہ اب بھی باقی ہے، ہوسکتا ہے آپ سے ملاقات کے بعد اس راز سے بھی پردہ اٹھ جائے۔“ جیلر نے ہمیں یہ بھی بتایا کہ اس نے اپنی پوری ملازمت میں موت کا ایسا عجیب قیدی نہیں دیکھا، جو اپنی زندگی بچانے کی اپیل کے حق میں بھی نہیں۔ نہ ہی اس نے گزشتہ آٹھ مہینے میں، جب سے اسے اس جیل میں لا کر موت کی کال کوٹھڑی میں ڈالا گیا ہے، کسی بھی قسم کی کوئی فرمائش، یا شکایت کی ہے۔ یوں لگتا ہے جیسے وہ خود ایک ایک دن گن کر اپنی موت کا انتظار کر رہا ہے۔ گویا موت نہ ہوئی، اس کی ”محبوبہ“ ہوگئی۔ جیل کے گزشتہ ریکارڈ سے اقبال کو یہ بھی پتا چلا کہ سکندر نامی اس قیدی نے معمول کے لیے کی جانے والی رحم کی کسی اپیل پر بھی دستخط نہیں کیے تھے، ورنہ کم از کم صدرِ مملکت کو کی جانے والی اپیل کے فیصلے تک اس کی سانسیں بڑھ سکتی تھیں اور اس کی کم عمری کو دیکھتے ہوئے اس بات کا بھی قوی امکان تھا کہ شاید اس کی سزائے موت رحم کھا کر ”عمر قید“ میں بدل دی جاتی۔ وہ سارا دن چپ چاپ رہتا تھا اور شام سے قبل، جب کال کوٹھڑیوں کے قیدیوں کو آدھے گھنٹے کے لیے زندان سے باہر ”ٹہلائی“ کے لیے نکالا جاتا تھا اس دوران بھی وہ خاموشی سے ایک جانب بیٹھا رہتا۔ شاید ہی کسی قیدی، یا جیل کے عملے نے اسے بلاضرورت کبھی بولتے دیکھا ہو۔ شروع شروع میں جب اسے اس جیل میں لایا گیا تھا تب سی آئی ڈی (CID) والے روزانہ اس سے تفتیش کے لیے جیل آتے تھے...... سنا ہے اس کا تعلق ایک بہت خطرناک ملک دشمن تنظیم سے تھا اور اس قیدی کے سینے میں بھی بہت سے ایسے راز دفن تھے جو اگر صحیح وقت پر افشا ہو جاتے تو بہت بڑی تباہی سے بچا جاسکتا تھا، لیکن سکندر کی زبان کھلنا تھی، نہ کھلی۔ اس پر ملک کے ایک نوجوان اور ابھرتے ہوئے سائنس دان کے قتل کا جرم ثابت ہو چکا تھا اور اسی جرم کی پاداش میں وہ آنے والی موت کے انتظار میں اس کال کوٹھڑی میں پڑا، ایک ایک گھڑی گن رہا تھا۔ جیلر ابھی ہمیں یہ ساری تفصیلات بتا ہی رہا تھا کہ دور جیل کے گھنٹہ گھر سے گیارہ مرتبہ ٹن، ٹن، ٹن...... کی سی آواز سنائی دی۔ جیل میں قیدیوں اور دیگر عملے کو وقت سے مطلع رہنے اور ہوشیار رہنے کے لیے ایک بہت بڑی سی پیتل کی گھنٹی کو ہر گھنٹے کے بعد اتنی ہی مرتبہ لوہے کی ایک بہت بڑی راڈ کے ذریعے بجایا جاتا تھا۔ جتنی مرتبہ گھنٹی بجتی، وہی دن، یا رات کا وقت ہوتا۔ مطلب یہ کہ اس وقت رات کے گیارہ بج رہے تھے۔ اب ساڑھے گیارہ بجے یعنی آدھے گھنٹے کے بعد صرف ایک ”ٹن“

کی آواز یہ ظاہر کرے گی کہ رات کے ساڑھے گیارہ بج رہے ہیں۔ یہ ساری تفصیل بھی ہمیں جیلر کی زبانی ہی پتا چلی۔ جیلر نے اپنے پاس کھڑے جیل کے حولدار سے کہا۔ ''جا کر پتا کرو، دارالحکومت سے جس افسر نے آنا تھا، اس کی کوئی خیر خبر پہنچی، یا نہیں...... میری جیپ کے وائرلیس ہی سے قصبے کے باہر والی چوکی کو بھی مطلع کرو کہ اگر وہ لوگ پل کی دوسری جانب پہنچ گئے ہیں تو محکمہ انہار والوں سے کہہ کر کشتی کا انتظام کروائیں اور ندی پار کروا کر جیل کے ریسٹ ہاؤس میں پہنچا دیں۔ میں کچھ دیر میں جیل پہنچتا ہوں......'' حوالدار کچھ ہچکچایا۔ ''لیکن جناب...... ریسٹ ہاؤس میں تو صرف ایک ہی کمرہ کچھ استعمال کے قابل تھا اور اس میں مقتول کی بیوہ، اپنے پانچ سالہ بیٹے کے ساتھ شام ہی سے آپ کے حکم کے مطابق ٹھہرائی گئی ہے...... پھر بھی اگر آپ کہیں تو......'' جیلر نے اپنے ماتھے پر ہاتھ پھیر کر یوں سر جھٹکا، جیسے اسے خود اپنے بھلکڑ پن پر غصہ آ رہا ہو۔ ''اور ہاں...... یاد آیا...... اچھا ٹھیک ہے، ان کے لیے میرے گھر کا مہمان خانہ تیار کروا دو...... بیوہ کو وہیں ریسٹ ہاؤس میں رہنے دو...... اب اس برستی رات میں وہ بے چاری کہاں کمرے تبدیل کرتی پھرے گی......'' حوالدر سر ہلا کر جلدی سے مسجد کے باہر کھڑی جیپ کی جانب بڑھ گیا۔

ہمارے کسی سوال سے پہلے ہی اقبال نے خود ہمیں بتا دیا کہ حکام بالا کی خصوصی اجازت سے ایک تفتیشی افسر کو ایک آخری کوشش کے طور پر آج شام اس قصبے میں پہنچنا تھا، لیکن شاید خراب موسم کی وجہ سے اسے کچھ دیر ہوگئی ہے۔ پولیس کے اعلیٰ تفتیشی حکام اب بھی ایک آخری امید رکھے ہوئے تھے کہ شاید اپنی موت سے ایک رات پہلے سکندر کا دل پگھل جائے اور وہ جاتے جاتے کچھ ایسا بتا دے جو ان کی تفتیش میں کارآمد ثابت ہو سکے اور سکندر کے اصل گروہ کی گرفتاری میں ان کی مدد کر سکے۔ دوسری جانب چونکہ یہ قتل قصاص و دیت کی مد میں درج کیا گیا تھا، لہٰذا مقتول کی بیوہ کو اس کے پہلے وارث کے طور پر پھانسی دیکھنے کے لیے جیل بلایا گیا تھا۔ قصاص و دیت کے قتل کے کیسز میں مقتول کے سب سے قریبی ورثاء میں سے کسی کو قاتل کی پھانسی کا نظارہ دیکھنے کے لیے جیل مدعو کیا جاتا تھا اور قاتل کو مقتول کے وارث کے سامنے ہی پھانسی پر لٹکایا جاتا تھا۔ وارث کو پھانسی سے آخری لمحے قبل تک قاتل کی سانسیں بخش دینے کا اختیار بھی ہوتا تھا، چاہے وہ سانسیں قصاص کی رقم کے عوض ہی کیوں نہ بخشے۔ لیکن اس سکندر نامی قاتل کی پھانسی دیکھنے کے لیے مقتول رؤف نامی شخص کی بیوہ نائلہ، اپنے پانچ سالہ بیٹے کے ساتھ ہزاروں میل کا سفر طے کر کے بیرون ملک سے اس پس ماندہ قصبے تک پہنچی تھی، کیوں کہ اس کے شوہر کے قتل کے بعد حفاظت کے نقطہ نظر سے اس کے والدین نے اسے ملک سے باہر بھجوا دیا تھا۔ اقبال کے بقول، اس کا خیال یہ تھا کہ اتنی دور سے مقتول کی بیوہ، اپنے شوہر کے قاتل کی پھانسی دیکھنے کے لیے نہیں پہنچ پائے گی، لیکن اس کی حیرت کی انتہا نہیں رہی، جب آج شام ہی بارش سے کچھ قبل نائلہ، اپنے اکلوتے بیٹے سمیت اس قصبے کے اسٹیشن پر صرف ایک سوٹ کیس کے ساتھ کھڑی جیل کی گاڑی کا انتظار کرتی ہوئی انہیں ملی۔ جیلر کے ایک سوال کے جواب میں کہ نائلہ نے ہزاروں میل کا سفر کس لیے طے کیا، کیوں کہ پھانسی تو اس کی غیر موجودگی میں بھی طے پا جاتی، نائلہ نے صرف اتنا ہی کہا کہ وہ اس پھانسی کا صدیوں سے انتظار کر رہی ہے اور اسے تب تک سکون کی نیند نہیں آئے گی، جب تک وہ اپنی آنکھوں کے سامنے اپنے شوہر کے قاتل کو پھانسی کے پھندے پر جھولتے ہوئے نہیں دیکھ لے گی۔ بقول اقبال، اس نے آج تک اتنے آہنی اعصاب والی لڑکی نہیں دیکھی تھی، کیوں کہ ابھی تک مقتول کی بیوہ کم عمر ہی تھی۔ نہ جانے، اس بے چاری نے اس نوجوانی ہی میں یہ بیوگی کا داغ کیسے جھیلا ہوگا؟ کچھ ہی دیر میں حوالدار نے آ کر خبر دی کہ ''بڑے شہر'' سے افسر آ گیا ہے، لیکن اس نے آتے ہی جیل میں قیدی سے ملاقات کی

خواہش ظاہر کی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اس کے پاس وقت بہت کم ہے، لہٰذا وہ مزید ایک لمحہ ضائع کیے بنا قیدی سے مل کر اپنی تفتیش کا آغاز کرنا چاہتا ہے۔ جیلر یہ سنتے ہی جلدی سے کھڑا ہو گیا "ٹھیک ہے...... ہم یہاں سے سیدھے جیل ہی جائیں گے اور ہاں...... اس جلاد کا کیا بنا...... وہ پہنچا کہ نہیں؟" حوالدار نے اپنی ٹوپی سیدھی کی۔ "نہیں جناب...... جلاد کا فی الحال کچھ اتا پتا نہیں ہے۔ جیل کے دو سپاہی کشتی سمیت ٹوٹے ہوئے پل کے قریب پوری رات جلاد کا انتظار کریں گے...... تاکہ رات کو کسی بھی پہر اگر وہ قصبے تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائے تو ہمارا عملہ اسے لے کر سیدھا جیل پہنچا دے......" "ہوں" جیلر نے لمبا سا ہنکارا بھرا اور سلطان بابا سے واپسی کے لیے اجازت چاہی۔ پتا نہیں، اس لمحے اچانک ہی میرے ذہن میں ایک عجیب سے سوال نے کہاں سے سر ابھارا اور میں اپنی خواہش کو زبان پر آنے سے روک نہیں پایا۔ "جیلر صاحب...... کیا یہ ممکن ہے کہ آپ کے اس قیدی کو میں آج رات ہی دیکھ پاؤں...... کل تو اس کی سانسوں کی معیاد بالکل ہی مختصر ہوگی...... جانے اس وقت وہ اپنے حواس میں بھی ہوگا، یا نہیں......؟" میرا فرمائش نما سوال سن کر اقبال شش و پنج میں پڑ گیا۔ "مجھے تو کوئی اعتراض نہیں، لیکن جانے وہ تفتیشی افسر اس بات پر راضی ہو، یا نہیں...... کیوں کہ بہر حال سکندر ایک خطرناک قیدی ہے، جس کی آخری لمحے تک کڑی نگرانی کے احکامات ہمیں بہت پہلے موصول ہو چکے ہیں۔" میں نے اقبال کی طرف دیکھا "لیکن جیل میں اس قیدی کا ہر انتظام آپ کے ذمے ہے۔ اس سے کسے ملنے کی اجازت ہو سکتی ہے اور کسے نہیں، اس کا فیصلہ شاید صرف آپ ہی کر سکتے ہیں، یا پھر وہ قیدی خود...... آپ پر اعلیٰ حکام کا دباؤ تو ضرور ہوگا، لیکن فرض کریں کہ کسی بھی وجہ سے اگر آپ اس تفتیشی افسر کو بھی اس قیدی سے ملاقات کی اجازت دینے سے انکار کر دیں تو کوئی لاکھ سر پٹخے، لیکن قیدی کی کوٹھڑی تک نہیں پہنچ سکتا، لہٰذا آپ کا اختیار تو اپنی جگہ قائم ہے۔" جیلر کچھ دیر تک میری جانب غور سے دیکھتا رہا، پھر جانے کیا سوچ کر اس نے ہتھیار ڈال دیے۔ "ٹھیک ہے میں کوشش کرتا ہوں...... آپ بھی میرے ساتھ ہی چلیے......" میں نے سلطان بابا کی جانب اجازت آمیز نگاہوں سے دیکھا۔ وہ اپنی تسبیح پر رول رہے تھے۔ "جاؤ میاں...... تم بھی اس بدنصیب کو دیکھ آؤ...... لیکن یاد رہے، جب جب جو جو ہونا ہے...... تب تب سو سو ہوتا ہے......" میں نے چونک کر سلطان بابا کی آنکھوں میں کوئی تحریر پڑھنے کی کوشش کی، لیکن وہ اپنی آنکھیں بند کر کے پھر سے تسبیح پڑھنے میں مصروف ہو چکے تھے۔

میں جیلر اقبال اور اس کے حوالدار کے ساتھ بارش میں بھیگتا ہوا مسجد کے باہر کھڑی جیپ کی جانب بڑھ گیا۔ جیپ کا ڈرائیور جو بارش کی خنکی سے بچنے کے لیے اپنی بیڑی سلگائے سکڑا سمٹا سا جیپ میں بیٹھا تھا، ہمیں دیکھ کر فوراً چاق و چوبند ہو گیا اور ہمارے بیٹھتے ہی ایک جھٹکے سے جیپ آگے بڑھا دی۔ قصبے کی واحد مرکزی سڑک اور آس پاس کی گلیاں سب جل تھل تھیں۔ کچھ بھیگے اور سردی سے کپکپاتے آوارہ کتوں نے جیپ کی آواز سن کر چونک کر سر اٹھایا اور پھر بھونک کر پیچھا کرنے کی سکت نہ پا کر صرف غرا کر ہی چپ ہو گئے۔ کچھ ہی دیر بعد جیپ نے قصبے کی آخری گلی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ گھپ اندھیرے میں دور کہیں لپکتی نیلی بجلی کے جھماکے میں مجھے ایک بہت بڑی قلعہ نما عمارت کی جھلک کسی نیلی روشنی میں نہائے ہیولے کی طرح دکھائی دی۔ ٹھیک اسی لمحے میرے ذہن میں بھی ایک جھماکا ہوا اور مجھے پھر وہی پرانا احساس بری طرح ڈسنے لگا کہ میں نے پہلے بھی کبھی کہیں نہ کہیں یہ عمارت دیکھی ہے۔ میرے سر میں شدید درد کی ایک لہر سی اٹھی اور پھر چند لمحوں ہی میں حسب معمول سب کچھ پہلے کی طرح معمول پر آ گیا۔ جیپ جیل کی عمارت کے سامنے جا کر رک گئی۔ پرانے قلعے کی طرز کی وہ جیل اس وقت اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ شاید بجلی کا رابطہ منقطع تھا۔

برجیوں پر کھڑے محافظوں نے برق رفتاری سے اپنی بڑی بڑی مشعل نما ٹارچیں روشن کر کے پہلے اوپر ہی سے اپنا اطمینان کیا اور پھر جلدی سے اندورنی دروازے کی دوسری جانب کسی کو بڑے جیلر کی آمد کی اطلاع دی۔ اندورنی سنتری نے اپنے اطمینان کے لیے جیل کے مرکزی دروازی میں بنی لوہے کی چھوٹی سی دراز نما کھڑکی سے ایک بار ہمارا جائزہ لیا اور پھر چھوٹا دروازہ کھول دیا۔

جیلر کا کمرہ مرکزی گیٹ کے ساتھ ہی واقع تھا جس کے بعد ایک اور بڑا سا آہنی گیٹ تھا، جس کے بعد جیل کی اصل عمارت شروع ہوتی تھی۔ لیکن اقبال نے اپنے حوالدار کو مجھے اسی برآمدے میں واقع ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ کے کمرے میں بٹھانے کا کہا اور خود اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔ شاید وہ تفتیشی افسر سے پہلے ملاقات کر کے اسے میرے بارے میں بتانا چاہتا ہو۔ کچھ ہی دیر بعد حوالدار نے آ کر مجھے بتایا کہ سکندر نامی قیدی کو تفتیش کے لیے بنے خصوصی کمرے میں پہنچا دیا گیا ہے اور بڑے جیلر صاحب میرا وہیں انتظار کر رہے ہیں۔ میں حوالدار کی سربراہی میں جیل کا اندرونی بڑا گیٹ پار کر کے جیل کی اندرونی دنیا میں داخل ہو گیا، جہاں سب سے پہلے نہایت احتیاط سے تین مرتبہ میری تلاشی لی گئی اور پھر ہم جیل کی راہ داریوں سے ہوتے ہوئے آگے بڑھنے لگے۔ جیل کی تمام عمارت ایک عجیب سے یاسیت زدہ اندھیرے میں ڈوبی ہوئی تھی۔ لگتا تھا جیسے پوری عمارت پر کسی بھیانک آسیب کا سایہ ہو۔ دن بھر کے تھکے ہارے قیدی اپنی کوٹھڑیوں اور بیرکوں میں ایک دوسرے سے الجھے، پڑے سو رہے تھے۔ البتہ پھانسی گھاٹ کی جانب بنی کال کوٹھڑیوں سے زور زور سے قرآن اور تسبیح پر ''اللہ ہو'' کی آوازیں سناٹے کو چیرتی ہوئی آ رہی تھیں۔ مجھے ایک بار پھر سے موت اور مذہب کے اس عجیب سے تعلق نے الجھا سا دیا۔ آخر صرف موت، یا موت کا تصور ہی ہمیں مذہب کے قریب ہونے پر کیوں مجبور کرتا ہے؟ کیا صرف موت کے بعد ملنے والی سزا کا خوف ہی ہمیں مذہب کو اپنانے پر مجبور کرتا ہے؟ ہم خوشی میں اور اپنی مرضی سے کسی سزا کے خوف، یا کسی جزا کی لالچ کے بنا مذہب کو کیوں نہیں اپنا سکتے......؟ کیا ہمیں دنیا میں صرف اس خوف کا سامنا کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا، جو انسانی موت اور اس کے بعد ملنے والی سزاؤں سے متعلق تھا؟ ہمیں اپنی خوشی سے بندگی کا اختیار کیوں نہیں دیا گیا۔

میں اسی سوچ میں مبتلا تھا کہ اچانک حوالدار نے ایک راہ داری کے آخر میں بنی ہوئی لوہے کی سڑھیوں کے قریب رک کر مجھے اوپر چڑھنے کا اشارہ کیا اور خود نیچے برآمدے ہی میں کاندھے سے اپنی بندوق اتار کر مستعدی سے پہرہ دینے کے لیے ٹھہر گیا۔ میں لوہے کی بنی ہوئی سیڑھی چڑھ کر جب اوپر پہنچا تو خود کو ایک گول کمرے میں پایا۔ سڑھیاں بہت اونچی تھیں اور میرے اندازے کے مطابق مجھے اس وقت تیسری منزل کے برابر اونچائی پر ہونا چاہئے تھا۔ یہ گول کمرہ دراصل نیچے سے آتی ہوئی دیوار ہی کا تسلسل تھا۔ بس یوں سمجھ لیجئے کہ میں ایک بہت بڑے تنور کے دہانے پر موجود تھا۔ جیلر اقبال بھی اوپر موجود تھا اور نیچے کی منزل میں، جہاں اس تنور کا پیندا تھا، وہاں نچلے گول کمرے میں ایک شخص کمرے میں پڑی دو کرسیوں میں سے ایک پر یوں بیٹھا ہوا تھا کہ اس کے ہاتھ کرسی کے پیچھے موٹی رسی کے ذریعے بندھے ہوئے تھے۔ یہی نوجوان ''سکندر'' نامی وہ قیدی تھا جس کا ذکر میں شام سے سن رہا تھا۔ کمرے کی دیواریں بالکل چکنی تھیں، اتنی کہ کوئی لاکھ کوشش بھی کرتا، پر اس کا ان دیواروں سے چپک کر اوپر چڑھنا ناممکن تھا اور پھر اس پر مستزاد یہ کہ وہ گول کمرہ، جیسے جیسے بلند ہوتا جاتا تھا، ویسے ہی چاروں طرف سے مزید تنگ ہوتے ہوتے چھت تک صرف ایک گول دہانہ سا رہ جاتا تھا۔ شاید یہ سارا انتظام قیدیوں کے ذہن میں اٹھنے والے فرار کے کسی بھی خیال کو پوری طرح کچلنے کے لیے کیا گیا تھا۔ میں جیلر اقبال

کے ساتھ ہی پڑی کرسی پر بیٹھ گیا۔ ویسے بھی اوپر کی گولائی میں بمشکل دو کرسیاں رکھنے کی ہی گنجائش تھی۔ کچھ ہی دیر میں پینٹ اور کوٹ میں ملبوس ایک ۴۰، ۴۵ سالہ شخص اندر داخل ہوا۔ جیلر نے آہستہ سے مجھے بتایا۔ ''یہ راحیل صاحب ہیں...... تفتیشی افسر...... ایس ایس پی راحیل......'' اس وقت نیچے گول کمرے میں بہت سی موم بتیاں روشن تھیں، جن کے ملگجے اجالے میں، میں نے راحیل صاحب کو بغور دیکھا۔ چہرے پر نظر کا سنہرا فریم، ہونٹوں میں سگار، بال سلیقے سے بنے ہوئے، مجھے وہ روایتی پولیس والوں سے کافی مختلف دکھائی دیئے اتنے میں اچانک جیل کی بجلی واپس آ گئی اور نیچے گول کمرہ روشن ہو گیا، جب کہ اوپر والے حصے کی بتیاں شاید جیلر نے پہلی ہی بجھا رکھی تھیں، اس لیے ہم دونوں مزید اندھیرے میں چلے گئے۔ اوپر سے لوہے کی جالیوں میں سے نچلے گول کمرے میں جھانکتے ہوئے مجھے بالکل یوں محسوس ہوا جیسے ہم کسی اندھیرے سینما ہال میں بیٹھے روشن اسکرین پر کوئی فلم دیکھ رہے ہوں۔ فرق صرف اتنا تھا کہ سینما کی اسکرین سامنے ہوتی ہے اور یہاں اسکرین دیکھنے کے لیے ہمیں نیچے کی جانب جھانکنا پڑ رہا تھا اور ہمارے درمیان لوہے کی وہ موٹی سی جالی نما کھڑکی بھی حائل تھی جس نے اس تنور کے دہانے کو ڈھک رکھا تھا۔ تفتیشی کمرے میں روشنی کے لیے ہزار وولٹ کا بجلی کا صرف ایک بلب کمرے کے وسط میں کچھ ایسے زاویئے سے لٹکایا گیا تھا کہ اس کی براہ راست روشنی صرف قیدی کے چہرے ہی پر پڑ رہی تھی۔ اچانک روشنی سے قیدی کی آنکھیں چندھیا سی گئیں۔ پھر اس نے دھیرے دھیرے اپنی میچی ہوئی آنکھیں کھولیں اور راحیل صاحب کی طرف دیکھ کر ہلکے سے مسکرایا ''چلیں شکر ہے، آپ کے آنے سے کچھ لمحوں کے لیے ہی سہی...... لیکن اُن بجھے چراغوں میں روشنی تو آئی...... ورنہ میں تو شاید اس ملک کو روشن دیکھنے کی حسرت ہی میں جان دے دیتا...... ویسے سنا ہے کہ ۲۰۰۹ تک ملک سے لوڈ شیڈنگ ختم ہو جائے گی...... آپ کو مبارک ہو راحیل صاحب۔'' راحیل صاحب سمیت میں اور جیلر بھی سکندر کا یہ جملہ سن کر چونک گئے۔ راحیل صاحب نے سگار کا لمبا سا کش لیا۔

''گزشتہ پندرہ مہینوں سے جیل میں بند ہونے کے باوجود تمہاری معلومات کا ذخیرہ قابل ستائش ہے......'' سکندر نے طنز سے راحیل کی جانب دیکھا۔

''جیل میں بند ہونے کا یہ مطلب تو نہیں ہوتا کہ انسان اپنی آنکھیں بھی بند کر لے۔ ویسے آپ کا بھی قصور نہیں ہے، پولیس والوں کو عام طور پر آنکھیں بند کر لینے کی عادت ہوتی ہے۔'' راحیل صاحب کرسی پر بیٹھ گئے۔ ''بہت تلخی ہے تمہارے لہجے میں...... لیکن یاد رکھو، سب پولیس والے ایک جیسے نہیں ہوتے۔'' سکندر کے لبوں پر پھر سے مسکراہٹ آ گئی۔ ''ٹھیک کہا آپ نے...... واقعی سب ایک سے نہیں ہوتے...... جو بھی ملا، پچھلے سے کچھ بدتر ہی نکلا۔ ویسے ہمیں تو آنکھیں کھلی رکھنی ہی پڑتی ہیں راحیل صاحب...... ہم آپ جیسے بڑے افسر تو ہیں نہیں، کہ جنہیں ہر ماہ کے آخر میں گھر بیٹھے کچھ نہ کرنے کی بھی تنخواہ مل جائے...... جنہیں اپنے حقوق کی جنگ لڑنی ہوتی ہے، انہیں آنکھیں اور کان کھلے رکھنے پڑتے ہیں......'' راحیل صاحب نے سگار منہ سے نکالا ''کن حقوق کی جنگ کی بات کر رہے ہو تم......؟ سچ تو یہ ہے کہ چند ملک دشمن عناصر کے ہاتھ میں کھیل رہے ہو تم لوگ...... جانے یہ کیسا برین واش ہے کہ خود اپنی موت کو گلے لگانے کو ترستے ہو...... یہ جانے بغیر کہ تمہاری اس قربانی کی کوئی وقعت نہیں ہے، تمہارے آقاؤں کی نظر میں......'' سکندر نے لمبی سی جمائی لی۔ ''اچھا بول لیتے ہیں آپ۔ ضرور کالج اور یونیورسٹی میں تقریری مقابلوں میں اول آتے رہے ہوں گے......'' راحیل صاحب نے سکندر کی آنکھوں میں جھانک کر جواب دیا۔ ''اسکول اور کالج میں تو تم بھی انتہائی غیر معمولی طالب علم رہے ہو...... میٹرک میں ٹاپ کرنے پر تمہیں صدارتی وظیفہ بھی دیا گیا تھا...... کیا تم نے اسی وقت یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ بڑے ہو کر ایک دہشت گرد بنو گے......؟''

جانے اس ''دہشت گرد'' لفظ میں ایسا کیا تھا کہ سکندر تڑپ کر رہ گیا۔ غصے سے اس کا چہرہ سرخ ہو گیا اور رسی سے بندھے ہاتھ کمر کے پیچھے بل کھا کر رہ گئے۔ اس نے تقریباً غراتے ہوئے کہا۔ ''اپنے اپنے نظریئے کی بات ہے جناب...... آپ کی نظر میں میں ایک دہشت گرد ہوں، جب کہ میری نظر میں آپ کا محکمہ راشی اور بے ایمان لوگوں کا گڑھ ہے...... مجھے قدرت نے زیادہ موقع نہیں دیا، ورنہ آپ کے محکمے کی اچھی خاصی صفائی کر جاتا......'' اس بار راحیل صاحب تلملا کر پلٹے۔ ''چند غلط لوگوں کا الزام سارے محکمے کے سر دھرنا سراسر بے وقوفی ہے...... اور پھر ٹھیک اور صحیح کا فیصلہ کرنے والے تم کون ہوتے ہو...... اس کے لیے پورا نظام موجود ہے۔'' سکندر نے نفرت سے ہونٹ سکوڑے ''ہونہہ...... کیا آپ کا محکمہ اور کیا اس کا نظام...... مت بھولئے کہ اس وقت، جو آپ یہاں کھڑے میرا وقت برباد کر رہے ہیں، اس کی اجازت بھی آپ کو صرف اسی ''دہشت گرد'' کی مرضی سے ملی ہے...... ورنہ مجھے آپ ہی کے قانون نے یہ اجازت دی ہے کہ میں اپنا یہ آخری وقت جیسے بھی چاہوں، صرف کر سکتا ہوں...... میں نے سوچا کہ کوٹھڑی میں پڑے پڑے بور ہوتا رہوں گا...... چلو، کچھ تفریح ہی سہی...... ورنہ میں نہ چاہوں تو آپ مزید ایک لمحہ بھی یہاں نہیں ٹھہر سکتے...... تو ایک دہشت گرد کی آخری دین سمجھ کر اس قیمتی وقت کی قدر کیجئے...... مجھے آپ کے لیکچرز سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔''

میں اور اقبال جیلر دم سادھے سکندر اور راحیل صاحب کی لفظوں کی یہ جنگ سن رہے تھے۔ راحیل صاحب اپنی کرسی سے اٹھ کر سکندر کے قریب آ گئے اور پھر اس کی کرسی پر جھک کر اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولے ''ٹھیک کہا تم نے...... مجھے مزید وقت ضائع نہیں کرنا چاہئے...... تم مجھے صرف اتنا بتا دو کہ تمہاری تنظیم نے تمہاری پھانسی کے وقت ملک کے کس شہر میں اور کتنے بم دھماکے کرنے کا منصوبہ تیار کر رکھا ہے......؟''

❁......❁

# آخری سجدہ

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

راحیل کا سوال سن کر سکندر نے ایک زوردار قہقہہ لگایا۔ ’’اوہ تو آخر کار دل کی بات زبان پر آ ہی گئی۔ یہ آپ جیسے سی ایس پی افسر، جو چند کتابوں کا رٹا لگا کر مقابلے کا امتحان پاس کر لیتے ہیں، وہ آخر اپنے آپ کو عقل کل کیوں سمجھنے لگتے ہیں۔ آپ کیا سمجھتے ہیں کہ آپ میری موت سے ایک رات پہلے سگار کے کش لیتے ہوئے آئیں گے اور مجھ سے وہ سب جان لیں گے جس کی کھوج میں آپ کا پورا محکمہ جانے کتنے برسوں سے سرگرداں ہے۔ کاش آپ لوگوں کو سی ایس پی کے بعد عام فہم کی بھی کچھ ٹریننگ دے دی جاتی تو کتنا اچھا ہوتا۔‘‘ راحیل صاحب نے بہت سکون سے سکندر کی ساری طعنہ زنی برداشت کی۔ ’’تو گویا تمہیں ملک میں لیے جانے والے مقابلے کے امتحان کے طریقہ کار سے متعلق بھی کچھ اعتراضات ہیں۔ جہاں تک میں نے تمہارا ریکارڈ دیکھا ہے مجھے یاد پڑتا ہے کہ خود تم نے بھی بی اے کے بعد سی ایس ایس کے لیے اپلائی کیا تھا، کہیں تمہاری اس تلخی کی وجہ تمہاری اپنی ناکامی تو نہیں۔‘‘ سکندر زور سے چلایا۔ ’’نہیں، میں ناکام نہیں ہوا تھا۔ تحریری امتحان میں میرے بہت اچھے نمبر تھے لیکن زبانی امتحان لینے والوں کو شاید میری صورت پسند نہیں آئی، یا پھر ان میں سے کوئی ایک صبح اپنی بیوی سے لڑ کر وائیوا لینے آیا تھا۔ تب ہی انہوں نے مجھ سے کچھ ایسے غیر متعلق اور اوٹ پٹانگ سوال پوچھے جن کا نہ سر تھا نہ پیر، یا پھر شاید جس ایک سیٹ پر مجھ میں اور ایک وزیر کے بیٹے میں مقابلہ تھا، اسے مجھ سے چھیننے کے لیے انہیں مجھ سے افریقہ کے جنگلوں میں پائے جانے والے ایک خاص جھینگے کی نسل بتانے جیسے سوالات ہی کرنے چاہیے تھے، جن کا میرے تحریری امتحان کے مضامین سے قطعاً کوئی تعلق نہ تھا۔ باقی ڈیڑھ سو کے قریب امیدواروں میں سے بھی کسی کو اس سوال کا جواب معلوم نہیں تھا، لیکن صرف اس وزیر کے بیٹے کو نہ صرف جھینگے کی نسل معلوم تھی بلکہ اس نے تو جھینگے کا شجرہ نسب بھی فر فر بیان کر دیا۔ نتیجتاً وہ اگلے مہینے اسسٹنٹ کمشنر تعینات ہو گیا اور میرا نام کامیاب امیدواروں کی فہرست سے خارج۔‘‘ راحیل صاحب نے پھر سے سگار کا لمبا سا کش لیا۔ ’’ہو سکتا ہے تمہارے ساتھ زیادتی ہوئی ہو، لیکن تم نے دوبارہ کوشش بھی تو نہیں کی۔ یقین کرو، میں خود ایک غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں اور میں بھی اسی نظام کے تحت لیے جانے والے امتحان کے ذریعے پاس ہو کر پولیس میں بھرتی ہوا تھا، تمہاری شکایت اپنی جگہ۔‘‘ سکندر نے ان کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی کاٹ دی۔ ’’میری شکایت اب بھی اپنی جگہ ہے۔ آپ خود ہی بتائیں کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ برسوں محنت کرنے والے اور پروفیشنل کالجوں سے برسوں کی پڑھائی کے بعد نکلنے والے ڈاکٹر اور انجینئر تو اس معاشرے میں معمولی کلرکوں کا درجہ پاتے ہیں، جب کہ ایک سادہ بی اے پاس لڑکا چند مہینوں میں دو چار کتابیں رٹ کر اعلیٰ افسر بن جاتا ہے اور اپنے رٹے کے بل پر کامیاب ہو کر قوم کی قسمت کے فیصلے کرنے لگتا ہے۔ کبھی ان افسر بن جانے والوں سے بعد میں کسی نے ان مضامین کے بارے میں پوچھنے کی زحمت بھی کی؟ لیکن اگر کوئی پوچھے تو اسے پتا چلے گا کہ ایک لفظ بھی یاد نہیں ہوتا ان ’’افسرانِ بالا‘‘ کو۔ پھر یہ مقابلے کا امتحان صرف یادداشت اور رٹے کا مقابلہ ہی تو ہوا نا، اور ہم غریبوں کا حافظہ تو پہلے ہی فاقوں اور پریشانیوں کی وجہ

سے کمزور اور خراب ہو چکا ہوتا ہے۔ سو غریب کا بچہ کلرک پیدا ہوتا ہے اور کلرک ہی مر جاتا ہے۔'' ''ٹھیک ہے، مقابلے کے امتحان کے طریقہ کار میں کچھ خامیاں ہو سکتی ہیں اور ان خامیوں کو دور کرنے کے لیے بذریعہ قلم جدوجہد بھی کی جا سکتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں کہ ہماری نوجوان نسل بندوق اٹھا کر سڑکوں پر آ جائے۔ ''معصوم اور بے گناہ لوگوں کے خون سے ہاتھ رنگنے لگے۔'' سکندر نے زور سے سر جھٹکا ''ہونہہ، معصوم اور بے گناہ لوگ...... غلط فہمی ہے آپ کی، میری تنظیم نے آج تک صرف کرپٹ، راشی اور بے ایمان لوگوں کے خلاف ہی ایکشن لیا ہے۔ ہم صرف اس غلیظ معاشرے کی صفائی کر رہے ہیں اور کچھ نہیں۔ اور میرا ضمیر آج پھانسی سے ایک رات قبل بھی بالکل مطمئن ہے کہ میں نے اپنا فرض نبھایا ہے اور بس......'' راحیل صاحب نے تاسف سے ہاتھ ملے۔ ''کاش میں اس آخری وقت ہی میں تمہاری آنکھوں پر پڑا یہ پردہ اٹھا پاتا۔ بہر حال میں تمہیں آج رات کا وقت مزید دے رہا ہوں۔ ایک بار پھر سوچ لو، کل کی رات تمہاری زندگی کی آخری رات ہوگی۔ جانے سے پہلے کفارہ ادا کر جاؤ گے تو بہت سوں کا بھلا ہو جائے گا اور شاید تمہاری بخشش بھی۔'' راحیل صاحب واپسی کے لیے پلٹے، سکندر نے ان کے جاتے جاتے فقرہ کسا۔ ''اگر آپ کی نظر میں، میں اتنا بڑا گناہ گار ہوں تو پھر یہ بھی جان لیجیے کہ ساری عمر کے گناہ کے داغوں کو یہ ایک آخری سجدہ بھی بھلا کیا دھو پائے گا۔ کم از کم ایسے مشورے دے کر میرے گناہ تو بے لذت نہ کیجیے۔ آپ جس میڈل کی تلاش میں مجھ تک پہنچے ہیں، کم از کم میں اپنے کاندھوں پر چڑھ کر آپ کو اس تمغے تک نہیں پہنچنے دوں گا۔'' اتنے میں دو سنتری اندر آ گئے۔ راحیل صاحب گول کمرے سے باہر نکل چکے تھے۔ سنتریوں نے سکندر کو کرسی سے کھولنے سے پہلے بیڑیوں اور ہتھکڑیوں میں جکڑ لیا۔ اقبال جیلر اور میں جب گول کمرے کی چھت سے سیڑھیاں اتر کر نیچے آئے، تب تک فجر کی اذانیں شروع ہو چکی تھیں۔ نماز کے بعد سلطان بابا چہل قدمی کے لیے باہر نکل گئے اور میں اپنی جلتی آنکھیں لیے، کچھ دیر کے لیے کمر ٹکانے کے لیے لیٹ گیا۔ لیکن بند آنکھوں تلے بھی میں سکندر ہی کا چہرہ دیکھتا رہا اور میرے کانوں میں اس کے سلگتے جملے گونجتے رہے۔

ابھی سورج چڑھے کچھ ہی دیر گزری تھی کہ سنتری نے آ کر مجھے جگا دیا کہ سلطان بابا ناشتے پر میرا انتظار کر رہے ہیں۔ میں نے بمشکل چند گھونٹ چائے حلق سے نیچے اتاری۔ نہ جانے ایک عجیب سی بے چینی کیوں میری رگ و پا میں سرایت کرتی جا رہی تھی، جیسے کچھ انہونی ہونے والی ہو۔ ناشتے کے فوراً بعد سلطان بابا اٹھ کھڑے ہوئے۔ ''چلو عبداللہ میاں۔ ذرا بچی سے مل آئیں۔'' پہلے تو مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آیا، لیکن اسی لمحے جیلر اقبال کی گاڑی اس احاطے کے باہر آ کر رکی، جس میں مجھے اور سلطان بابا کو ٹھہرایا گیا تھا۔ جیلر کچھ عجلت میں دکھائی دے رہا تھا۔ اس نے آتے ہی کہا۔ ''میں نے بیوہ سے بات کر لی ہے۔ اگر آپ لوگ تیار ہیں تو ہم ابھی ریسٹ ہاؤس کے لیے نکل سکتے ہیں۔'' تب مجھے سمجھ میں آیا کہ سلطان بابا کی مراد مقتول کی بیوہ سے تھی۔ کچھ ہی دیر بعد ہم ریسٹ ہاؤس کے برآمدے میں بیٹھے اس کا انتظار کر رہے تھے۔ صبح نماز کے وقت بارش کچھ تھم سی گئی تھی، لیکن اس وقت پھر سے ہلکی ہلکی بوندا باندی شروع ہو چکی تھی۔ ریسٹ ہاؤس کے اینٹوں والے کچے صحن میں پانی کا ایک بہت بڑا سا جوہڑ بن گیا تھا اور اس وقت برستی بوندوں کا ارتعاش اس ٹھہرے پانی میں کچھ ویسی ہی ہلچل پیدا کر رہا تھا، جیسے اس وقت میرے دل و دماغ میں مچی ہوئی تھی۔ جیلر ہمیں یہاں کیوں لے کر آیا تھا؟ ہمیں مقتول کی بیوہ سے ملوانے کا کیا مقصد تھا؟ میرا ذہن انہی سوالوں میں الجھا ہوا تھا کہ اتنے میں اندر کمرے کی جانب سے کسی کے قدموں کی چاپ سنائی دی۔ میں آنے والی کے احترام میں کھڑا ہو گیا۔ وہ کالے لباس میں ملبوس چپ چاپ سلام کر کے ہمارے

سامنے والی کرسی پر بیٹھ گئی۔ سیاہ لباس میں اس کا سوگوار حسن کچھ اور نکھر گیا تھا۔ اس وقت وہ خود بھی آسمان پر چھائی گھٹا ہی کی طرح لگ رہی تھی، کچھ برسی سی برکھا جیسے۔ کچھ دیر تک ماحول پر عجیب سی گھمبیر خاموشی طاری رہی، پھر اسی نازنین نے اپنے لب کھولے ''سپرنٹنڈنٹ بتا رہے تھے کہ آپ مجھ سے ملنا چاہتے ہیں۔'' سلطان بابا نے اسے دعا دی ''جیتی رہو بیٹی۔ ہاں میرا ہی نام سلطان ہے اور میں نے ہی تم سے ملنے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ تم ایک بہادر لڑکی ہو اور بہادروں کا ظرف بھی بڑا ہوتا ہے اور اسی ظرف کی امید پر میں یہاں تک چل کر آیا ہوں۔'' اس نے چونک کر سر اٹھایا اور دھیرے سے بولی۔ ''آپ فرمایئے، میں سن رہی ہوں۔'' بابا نے اپنی بات کا سلسلہ جوڑا۔ ''مجھے جیلر صاحب نے بتایا ہے کہ تم قاتل کی پھانسی دیکھنے کے لیے ہزاروں میل دور سے یہاں تک کا سفر طے کر کے آئی ہو لیکن اپنے دل کو ٹٹول کر پوچھو، کیا کل صبح صادق سے پہلے جب یہ پھانسی سرانجام پا چکی ہوگی تو کیا تمہارا سفر ختم ہو جائے گا؟'' اس نے حیرت سے سلطان بابا کو دیکھا ''میں سمجھی نہیں، آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔'' ''میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ دو سال سے تم نے اپنے اس درد، اپنے اس رنج والم کے سفر کی منزل اس ''پھانسی'' کو بنا رکھا تھا۔ کل یہ منزل بھی سر ہو جائے گی پھر اس کے بعد کیا یہ درد، یہ کرب ختم ہو جائے گا۔ کہیں پہلے سے بھی سوا ہو گیا تو؟'' ''آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں۔ شاید کل کے بعد میرے درد کا اصل سفر شروع ہوگا۔ میرے دل کی واحد خواہش، واحد تسلی بھی ختم ہو جائے گی۔ رؤف کا قاتل بھی اپنے انجام کو پہنچ جائے گا لیکن میرے پاس اس کے سوا اور کوئی چارہ بھی نہیں ہے۔ مجھے تمام عمر اب اسی کرب، اسی درد کے ساتھ گزارنی ہے۔ یہی میرا مقدر ہے۔'' ''نہیں بیٹی، تمہارا مقدر ایک ازلی سکون بھی ہوسکتا ہے۔ اگر تم اس وقتی بدلے کی خواہش کو اپنے دل سے نکال کر اس قاتل کو معاف کر دو۔'' مجھے حیرت کا ایک شدید جھٹکا لگا اور نائلہ تڑپ کر غصے میں اٹھ کر کھڑی ہوئی۔ ''کیا...... کیا آپ یہ کہنا چاہتے ہیں کہ میں اپنے معصوم شوہر اور اپنے بچے کے باپ کے سفاک قاتل کو معاف کر دوں۔ کیا آپ بھی اسی کے کوئی ساتھی ہیں جو بھیس بدل کر ایک بار پھر مجھے لوٹنے کے لیے آئے ہیں۔ مجھے آپ سے مزید کوئی بات نہیں کرنی ہے۔'' نائلہ نے تیزی سے پلٹ کر واپسی کے لیے قدم بڑھا دیئے۔ خود مجھے بھی سلطان بابا سے ایسی کسی بات کی توقع نہیں تھی، لیکن ان کے لہجے میں اب بھی وہی پرانا ٹھہراؤ تھا۔ ''میں بھی کسی ظرف کے بھرم ہی میں تم تک پہنچا ہوں بیٹی، درگزر سب سے بڑا انتقام ہے۔'' وہ چلتے چلتے رک گئی اور پلٹ کر تیکھی نظروں سے ہمیں دیکھا۔ ''میری جگہ اگر آپ کی بیٹی کے ساتھ یہ حادثہ پیش آیا ہوتا تو کیا آپ اسے بھی یہی مشورہ دیتے؟'' سلطان بابا اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہوئے اور چار قدم بڑھا کر نائلہ کے سر پر ہاتھ رکھ دیا۔ ''میں اپنے خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہتا ہوں کہ آج اگر اس وقت تمہاری جگہ میری اپنی سگی بیٹی بھی کھڑی ہوتی تو میں اس سے بھی یہی التجا کرتا، کیوں کہ تمہارا مجرم راہ سے بھٹکا ہوا ایک ایسا شخص ہے جو اپنی دانست میں کچھ غلط نہیں کر بیٹھا۔ وہ تم پر کیئے گئے ظلم کو بھی کسی کے حق کی دادرسی سمجھتا ہے، ہوسکتا ہے تمہاری معافی اسے راہ راست پر لے آئے۔'' نائلہ نے بہت ضبط کی کوشش کی لیکن اس کی آنکھوں سے آنسو چھلک ہی پڑے۔ ''تو گویا آپ بھی اس مکار شخص کی باتوں میں آگئے۔ وہ آج تک پولیس اور باقی زمانے کو تو یہ جھانسا دیتا ہی رہا ہے کہ اس کا ہر جرم ایک مقصد کو پانے اور کسی اور کو اس کے گناہوں کی سزا دینے کی کوشش میں سرزد ہوا اور شاید میں بھی اس فلسفے سے متاثر ہو کر اسے بخشش دینے کا فیصلہ کر ہی لیتی، اگر اس کی اصلیت نہ جانتی۔ آپ بھی جس لمحے اس شخص کے اصل مکروہ چہرے کو قریب سے دیکھیں گے تو مجھ سے پہلے خود چلا اٹھیں گے کہ اس کا مقدر صرف اور صرف پھانسی کا پھندا ہی ہونا چاہیئے۔'' نائلہ اب باقاعدہ بلک بلک کر رو رہی تھی، جب کہ

ہم تینوں ابھی تک اسی حیرت اور شش و پنج کی سی کیفیت میں کھڑے تھے کہ آخر اس نازک سی لڑکی کو ایسا کون سا راز پتا ہے، جس نے اس کے اندر انتقام اور نفرت کا ایک ایسا لاوا دہکا دیا ہے کہ جواب صرف سکندر کی موت ہی سے ٹھنڈا ہو سکتا ہے۔ سلطان بابا نائلہ کے سر پر ہاتھ رکھ کر اسے کافی دیر تسلی دیتے رہے۔

کچھ دیر بعد جب اس کی طبیعت ذرا سنبھلی تو وہ اندر کمرے سے ایک لفافہ اٹھا لائی جسے اس نے سلطان بابا کے حوالے کر دیا۔ ''اس میں میری زندگی کی وہ تحریر ہے جو آپ کو سارا سچ بتا دے گی، میں نے سوچا تھا کہ میں اس ظالم کو یہ تب دکھاؤں گی جب اسے مشکیں کس کر بے بسی کی حالت میں تختہ دار پر لا کھڑا کیا جائے گا، لیکن آپ کی آنکھوں پر پڑا پردہ اٹھانے کی خاطر میں یہ ابھی سے آپ کے حوالے کر رہی ہوں۔ پڑھنے کے بعد آپ خود اس لفافے کو اس سفاک شخص تک پہنچا دیجیے گا۔'' نائلہ اپنی بات ختم کر کے تیزی سے واپس اندر چلی گئی۔ سلطان بابا نے وہ لفافہ کھولا اور اس میں تہ کی ہوئی بند تحریر پر وہیں کھڑے کھڑے تیزی سے نظریں دوڑائیں، جیسے جیسے وہ خط پڑھتے گئے، ماتھے کی شکنوں میں اضافہ ہوتا گیا اور میں اور جیلر ویسے ہی اپنی جگہ کھڑے بے چینی سے پہلو بدلتے رہے۔ سلطان بابا نے تحریر ختم کرنے کے بعد خط کو دوبارہ تہ کر کے لفافے میں ڈال دیا اور گہری سانس لے کر بولے۔ ''جیلر صاحب! قیدی کی آخری خواہش کب پوری کریں گے آپ؟ میرا مطلب ہے ہماری اس سے آخری ملاقات کا وقت کیا طے کیا ہے آپ نے۔'' جیلر نے سٹپٹائے ہوئے لہجے میں جواب دیا۔ ''عام طور پر پھانسی کے قیدی کی آخری ملاقات کا وقت عصر کے بعد کا ہوتا ہے۔'' سلطان بابا نے برستے آسمان کی جانب نگاہ ڈالی، جو اس وقت اندر پھوٹ پھوٹ کر رونے والی نائلہ ہی کی طرح بادلوں کا سارا پانی بہانے پر مصر لگتا تھا۔ ''نہیں، عصر کے بعد تو بہت دیر ہو جائے گی۔ ہم ابھی کچھ دیر بعد ظہر کی نماز پڑھ کر قیدی سے ملنے چلیں گے۔ آپ سارے انتظامات کروا لیں۔''

بارش پوری رفتار سے شروع ہو چکی تھی اور جس وقت ظہر کی نماز پڑھنے کے بعد میں اور سلطان بابا جیلر کی سربراہی میں سزائے موت کے قیدیوں کے مخصوص احاطے میں داخل ہو رہے تھے، تب تک سارا سینٹرل جیل ہی ایک بڑے تالاب کی سی صورت اختیار کر چکا تھا قیدی اپنی اپنی کال کوٹھڑیوں کی سلاخوں سے چپکے ہوئے کھڑے تھے، کیوں کہ پانی پھانسی گھاٹ کی کوٹھریوں میں داخل ہونے لگا تھا۔ قیدیوں کے چہرے کیا تھے، حسرت سے اٹے فریم تھے۔ ان کی نظریں ہمیں یوں ٹٹول رہی تھیں جیسے ہم کسی اور ہی دنیا کی مخلوق ہوں۔ جیلر نے سکندر کی کوٹھڑی کے سامنے جا کر اپنی اسٹک سے سلاخیں کھٹکھٹائیں۔ ''سکندر، اٹھو تم سے سلطان بابا ملنے کے لیے آئے ہیں۔'' سکندر جو کسی گہری سوچ میں غرق، کوٹھڑی کی چھت سے ٹپکتے پانی سے بچنے کے لیے ایک کونے میں دیوار کے ساتھ سکڑ کر بیٹھا تھا، سلطان بابا کا نام سن کر جلدی سے اٹھ کھڑا ہوا۔ کبوتر خانے کی مانند، چار بائی چھ کی یہ کوٹھی بس اتنی سی تھی کہ اگر کوئی لمبے قد کا قیدی، رات کو سوتے وقت ٹانگیں سیدھی کرنا چاہتا تو سلاخوں سے باہر برآمدے میں نکل آتیں۔ سکندر لپک کر سلاخوں کے قریب آ گیا۔ ''مجھے یقین تھا آپ انتہائی طویل فاصلے کے باوجود میری آخری خواہش پوری کرنے یہاں تک ضرور آئیں گے۔ میری زندگی تو اب صرف چند گھنٹوں کی مہمان ہے، لیکن آپ کا یہ احسان میری روح بھی تا ابد نہیں بھولے گی۔'' سکندر کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ جیل کی شدید مشقت اور تکلیفوں نے بھی اس کے چہرے کی وجاہت پر کچھ زیادہ اثر نہیں ڈالا تھا۔ اس کی گہری کالی آنکھوں میں اب بھی خاصی چمک باقی تھی۔ سلطان بابا نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرا ''کہو نوجوان...... میں تمہارے لئے کیا کر سکتا ہوں۔ مجھے یاد نہیں پڑتا کہ ہم پہلے بھی کبھی کہیں ملے

ہوں۔'' سکندر نے ان کا ہاتھ چوم کر تعظیم سے چھوڑ دیا۔ ''نہیں! آپ مجھ سے نہیں ملے، لیکن میری آپ سے ملاقات بہت پرانی ہے۔ آپ کو شاید یاد ہو، آج سے تین سال قبل ساحل کی درگاہ کے سامنے لنگر انداز بحری جہاز میں ایک بلاسٹ ہوا تھا۔ وہ بم دھماکا میں نے ہی کیا تھا۔ حالانکہ بحری جہاز تقریباً خالی تھا، لیکن اس میں بھرے خام مال کی وجہ سے دن رات اس کی نگرانی کی جاتی تھی۔ مجھے اس بلاسٹ کی تیاری کے لیے تقریباً تین ہفتے تک ایک زائر کا بھیس بدل کر آپ کی درگاہ ہی میں چھپنا پڑا تھا۔ ان تین ہفتوں میں بارہا عصر کی نماز کے بعد مجھے آپ کا درس سننے کا اتفاق ہوا۔ یقین جانیں، اگر میں اپنی زندگی کی راہ پہلے ہی متعین نہ کر چکا ہوتا تو ضرور ہمیشہ کے لیے اسی درگاہ ہی میں آپ کے قدموں کے پاس اپنا ڈیرہ ڈال دیتا، کیوں کہ آپ مجھے ایک سچے انسان دکھائی دیئے تھے۔ ایک ایسا شخص جو بنا کسی فائدے کے اپنا سب کچھ تیاگ کر مجھ جیسے بھٹکے ہوؤں کو راستہ دکھا رہا ہے لیکن بلاسٹ کے فوراً بعد مجھے وہاں سے فرار ہونا پڑا، کیوں کہ پولیس نے سارے علاقے کو اپنے گھیرے میں لے لیا تھا۔ البتہ میں نے اسی دن یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ زندگی میں ایک بار آپ سے ضرور ملوں گا اور آپ سے اپنے گناہوں کی معافی کی دعا کی التجا کروں گا۔ اب اسے مقدر کا ستم کہوں، یا اپنی خوش نصیبی کہ آپ سے تب ملاقات ہو رہی ہے جب میری رخصتی کا وقت قریب ہے اور مجھے واقعی آپ جیسے کسی بزرگ کی دعاؤں کی ضرورت ہے۔'' اتنے میں بڑے حوالدار نے پانی میں شرابور دو سپاہیوں کے ساتھ آ کر جیلر اقبال کو مطلع کیا کہ جلاد پہنچ گیا ہے۔ جیلر نے ان دو سپاہیوں کو وہیں نگرانی پر چھوڑا اور خود عجلت میں سلطان بابا سے اجازت لے کر پھانسی کے انتظامات کا جائزہ لینے چلا گیا۔ جلاد کی آمد کی خبر سن کر سکندر کے چہرے پر ایک عجیب سی درد بھری مسکراہٹ ابھر آئی۔ ''چلیں اچھا ہوا، جیلر صاحب کی یہ پریشانی بھی ختم ہوئی۔ بہت پریشان تھے وہ اس جلاد کی غیر حاضری کی وجہ سے اور مجھے یوں محسوس ہونے لگا تھا کہ اپنی زندگی میں تو میں کسی کو کوئی سکھ دے نہیں پایا اور اب جاتے جاتے بھی زمانے کو ستا کر جا رہا ہوں۔''

سلطان بابا نے وہیں برآمدے ہی میں سکندر کی کوٹھڑی کے سامنے نشست ڈال لی تھی۔ انہوں نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور کچھ دیر میں دعا ختم کر کے سکندر پر پھونک کر بولے ''میں تمہیں تمہارے وہ اصول توڑنے پر مجبور نہیں کروں گا، جنہیں نبھانے کی خاطر تم نے اپنی جان بھی داؤ پر لگا دی ہے، لیکن میری بات یاد رکھنا کہ سوائے شرک کے، ہر گناہ کا کوئی نہ کوئی کفارہ ضرور ہوتا ہے۔ اگر زندگی کے آخری پل میں بھی تمہیں یہ احساس ہو جائے کہ تم کسی گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوئے ہو تو کفارہ ادا کرنے کی کوشش ضرور کرنا۔ شاید وہی کفارہ تمہاری بخشش کا سبب بن جائے۔'' سکندر نے چونک کر ہم دونوں کی جانب دیکھا، لیکن نہ جانے کیا سوچ کر چپ ہو گیا۔ اتنے میں جیل کا ایک وارڈن لمبی سی خاکی برساتی پہنے وہاں آ پہنچا اور سکندر سے مخاطب ہوا۔ ''ہاں بھئی قیدی نمبر ۳۱۸، تمہارا کوئی اپنا ہے، جو تمہاری خواہش کے مطابق کل تمہاری میت وصول کر سکے۔ اس کا نام، پتا لکھواؤ، یا پھر ہم رفاہ عامہ کے محکمے کو لکھ دیں۔'' وارڈن کا میکانکی انداز میں اس کا سوال سن کر سکندر ہنس پڑا۔ ''میرے تو سب سے قریبی اب تم ہی ہو کریم خان، کیوں نہ تمہارا ہی نام دے دوں؟'' کریم خان نے جلدی سے آسمان کی طرف دیکھ کر کانوں کو ہاتھ لگائے۔ ''نہ بابا نہ، میں تو پہلے ہی موسم کے تیور دیکھ کر ڈر رہا ہوں۔'' سکندر نے دوبارہ اسے چھیڑا۔ ''فکر نہ کرو وارڈن صاحب، پھانسی بارش میں بھی دی جا سکتی ہے۔ ہاں، البتہ سنا ہے کہ لاش بھیگنے کے بعد بھاری بہت ہو جاتی ہے۔ اس لیے تم لوگوں کو میری بارات رخصت کرنے میں کافی دشواری پیش آئے گی۔'' سکندر کی بات سن کر وارڈن کریم مزید وہاں تک نہیں پایا، الٹے قدموں دوڑ گیا۔ سکندر کچھ دیر تک اسے جاتا دیکھتا رہا، پھر اس نے سلطان بابا کو جواب دیا۔ ''آپ یقین کریں، میرا ضمیر

بالکل مطمئن ہے۔ میں نے آج تک صرف معاشرے کے ناسوروں کے خلاف ہی ہتھیار اٹھایا ہے، وہ جو اس ملک اور یہاں کے غریب عوام کا خون چوس رہے ہیں اور جنہیں جس قدر جلدی رخصت کر دیا جاتا، اسی قدر بہتر تھا۔ میں مانتا ہوں کہ ملکی قانون کی نظر میں یہ ایک بھیانک جرم ہے اور اس کی جو سزا مقرر ہے وہ میں بھگت رہا ہوں، لیکن مجھے لگتا ہے کہ میں صرف اپنے حصے کا وہ کام کر کے جا رہا ہوں جو قدرت نے میرے ذمے لگایا تھا اور باقی کام میرے جانے کے بعد میرے ساتھی پورے کرتے رہیں گے۔'' اس موقع پر میں خاموش نہیں رہ سکا اور بول پڑا ''لیکن اس بات کا تعین کون کرتا ہے کہ معاشرے میں پلتا ہوا کون سا شخص کرپشن کی غلاظت میں رہتے رہتے ناسور بن چکا ہے اور اب اسے سزا دے کر رخصت کر دینے کا وقت آچکا ہے؟'' سکندر نے پہلی بار غور سے میری جانب دیکھا۔ شاید اسے سلطان بابا کی موجودگی میں ان کے ساتھ آئے کسی خدمت گار سے ایسے کسی سوال کی توقع نہیں تھی۔ سلطان بابا سکندر کی نگاہوں کا مفہوم سمجھ کر بولے۔ ''یہ عبداللہ ہے، اسے میرا ہی ایک حصہ سمجھو اور جو بھی کہنا چاہتے ہو، کھل کر بتاؤ، ہم دونوں راز کی حفاظت کرنا خوب جانتے ہیں۔'' سکندر کے چہرے پر اطمینان کی لہر آ گئی۔ ''ہمارا پورا ایک نیٹ ورک ہے۔ یہ ایک منظم تنظیم ہے جو ہر کیس کی مہینوں چھان پھٹک کرتی ہے اور پھر سپریم کمانڈ سزا کا فیصلہ کرتی ہے۔ ہم بلاوجہ بے قصوروں پر گولیاں نہیں برساتے۔'' اب دوسرا سوال سلطان بابا نے کیا۔ ''جس نوجوان سائنس دان رؤف کے قتل کے الزام میں تمہیں پھانسی کی سزا سنائی گئی ہے، اس کا قصور کیا تھا؟'' سکندر نے نفرت سے ہونٹ سکوڑے۔ ''وہ بھی اسی کرپٹ اور چور معاشرے کا ایک حصہ تھا، جس کی جڑیں کاٹنے کے لیے میں اور میری تنظیم سرگرم تھی۔ وہ بظاہر اس ملک کا وفادار تھا اور لاکھوں روپے تنخواہ کی مد میں وصول کر رہا تھا۔ اس کے بیرونی دوروں اور عالمی کانفرنسوں میں شرکت کا خرچہ بھی ہماری غریب سرکار ہی اٹھاتی تھی، لیکن در پردہ وہ بھی ایک عیاش اور بے ایمان شخص تھا۔ میں نے خود آخری چار دن تک اس کی نگرانی تب کی تھی جب وہ ایک کانفرنس کے بہانے کسی عورت کے ہمراہ بھوربن کے ایک مہنگے سوئٹ میں مقیم تھا۔ اس پر گولی چلانے سے قبل میں ہر طرح کا اطمینان کر چکا تھا۔ تب ہی میں نے اسے ختم کرنے کا فیصلہ کیا تھا، حالانکہ میری تنظیم کے بڑوں نے دو مہینے قبل ہی اس کے بوجھ سے معاشرے کو پاک کرنے کا فیصلہ کر کے مجھے آرڈرز پہنچا دیئے تھے۔'' سکندر کے لہجے کا یقین اور آنکھوں کی چمک بتا رہی تھی کہ اسے اپنے عمل پر ذرا بھی پچھتاوا نہیں ہے۔ سلطان بابا نے چند لمحے توقف کیا اور بولے۔ ''نائلہ تمہاری کیا لگتی ہے؟'' جانے یہ سوال تھا، یا کوئی بم، جسے سنتے ہی سکندر کچھ اس زور سے اچھلا، جیسے اسے کسی نے ہزار وولٹ کرنٹ کا جھٹکا دے دیا ہو۔ ''آپ...... آپ نائلہ کو کیسے جانتے ہیں؟'' سلطان بابا نے اصرار کیا۔ ''پہلے تم میرے سوال کا جواب دو۔ پھر میں بھی تمہیں تفصیل بتا دوں گا۔'' سکندر کچھ لمحے اپنے حواس مجتمع کرتا رہا، پھر کھوئی کھوئی آواز میں بولا۔ ''نائلہ کبھی میری روح کا حصہ تھی، میرا سب کچھ تھی۔ لیکن اب وہ میرے لیے ایک نامحرم، ایک اجنبی ہے۔'' سلطان بابا کچھ دیر تک سکندر کو غور سے دیکھتے رہے، پھر ان کی ڈوبتی ہوئی سی آواز سنائی دی ''تو گویا تم نہیں جانتے ہو کہ رؤف نامی جس نوجوان کو تم نے قتل کیا تھا، وہ اسی نائلہ کا شوہر تھا اور نائلہ آج تمہاری وجہ سے بیوہ کہلاتی ہے۔''

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# عصا اور دیمک

تو خواب دگر ہے تیری تدفین کہاں ہو؟
دل میں تو کسی اور کو دفنایا ہوا ہے
سانپوں میں عصا پھینک کے اب محو دعا ہوں
معلوم ہے دیمک نے اسے کھایا ہوا ہے

سلطان بابا کا انکشاف سن کر سکندر کا وہی حال ہوا، جو اپنے انتہائی عزیز کی موت کا سن کر کسی کا ہو سکتا ہے۔ وہ کچھ دیر تو سکتے میں جما بیٹھا رہا اور پھر یکا یک چلا کر کہنے لگا ''نہیں...... ایسا ہر گز نہیں ہو سکتا، نائلہ کے شوہر کا نام تو عمران ہے اور نائلہ نے انتہائی اچھے گھرانے کا رشتہ قبول کیا تھا۔ اگر میں آپ کو اتنے قریب سے نہ جانتا ہوتا تو ضرور یہ سمجھ لیتا کہ یہ بھی پولیس ہی کی کوئی گھٹیا چال ہے، مجھ سے راز اگلوانے کی۔'' سلطان بابا نے مزید کچھ کہے بنا اپنی جیب سے نائلہ کا دیا ہوا لفافہ نکالا اور سکندر کے حوالے کر دیا۔ ''ہو سکے تو اس تحریر کی سچائی کو جانچنے کی کوشش کرو۔ نائلہ کے شوہر کا پورا نام عمران رؤف تھا اور یہ وہی مقتول ہے، جس نے کیمیکل انجینئر نگ میں بیرون ملک سے ڈگری میں ٹاپ کر کے اپنے ملک کی خدمت کے جنون میں یہاں کے ایک تحقیقاتی ادارے میں بطور جونیئر سائنس دان نوکری قبول کی تھی۔ لیکن بد قسمتی سے اس ہونہار نوجوان کی قضا تمہارے ہاتھوں لکھی تھی۔'' سکندر نے جھپٹ کر وہ لفافہ سلطان بابا کے ہاتھ سے لے لیا اور جیسے جیسے اس کی نظریں کاغذ پر لکھی تحریر پر پھیلتی گئیں، ویسے ویسے اس کا جسم خشک ریت سے بنے گھروندے کی طرح بکھرتا چلا گیا اور کچھ ہی دیر میں جب اس نے تحریر ختم کی تو تب تک وہ بالکل بے جان ہو چکا تھا۔ کہتے ہیں، موت زندگی سے رابطہ ٹوٹ جانے کے عمل کا نام ہے اور ضروری تو نہیں انسان کا زندگی سے رابطہ صرف سانس کی ڈور ٹوٹنے ہی سے منقطع ہو سکتا ہو، کچھ اموات ہم پر سانس لینے کے دوران بھی تو وارد ہو سکتی ہیں۔ ہم جیتے جی بھی تو کئی بار مرتے ہیں۔ سکندر پر بھی اس وقت کچھ ایسی ہی موت طاری تھی اور اس کی اس سے بڑی بد قسمتی کیا ہو سکتی تھی کہ یہ موت اس پر تب طاری ہوئی، جب اس کی اصل موت میں صرف چند گھنٹے ہی باقی بچے تھے۔ اگر اسے آج یہ پتا نہ چلتا کہ وہ اپنی محبوبہ کے شوہر کا قاتل ہے تو تقدیر کا کیا بگڑ جاتا۔ کچھ بھرم زندگی سے بھی بڑے ہوتے ہیں اور انسان اپنی ساری زندگی میں کماتا ہی کیا ہے۔ یہی چند بھرم...... تو پھر اس شخص کی حالت کیا ہوگی، جس کی عمر بھر کی جمع پونجی، اس کا سب سے بڑا بھرم موت سے چند لمحے پہلے لٹ جائے۔

اتنے میں عصر کی اذان شروع ہو گئی۔ بارش نے کبھی نہ رکنے کی قسم کھا رکھی تھی۔ جانے کیوں اس وقت مجھے حال ہی میں پڑھے گئے ناول ''خدا اور محبت'' کا ایک جملہ شدت سے یاد آیا کہ ''یہ بارشیں بھی کتنی عجیب ہوتی ہیں، کبھی کبھی تو ساری عمر بھی برستی رہیں تو کسی کا اندر بھگو نہیں پاتیں اور کبھی کسی کے من کو ہر لحہ جل تھل کیے رکھتی ہیں، لیکن باہر والوں کو اس کی خبر بھی نہیں ہو پاتی۔'' سلطان بابا نے مجھے اٹھنے کا اشارہ کیا۔ سکندر ویسے ہی گم صم سا سلاخوں سے

سر ٹکائے بیٹھا تھا۔ میں اور سلطان بابا عصر کی نماز پڑھنے کے بعد جیل کی جامع مسجد سے باہر نکلے تو گھنے کالے بادلوں کی وجہ سے اندھیرا سا چھایا ہوا تھا۔ میرا خیال تھا کہ سلطان بابا سکندر کی طرف چلنے کا کہیں گے، لیکن میری توقعات کے برعکس ان کا فیصلہ کچھ اور تھا۔ ''اب دل جلے کو تم سنبھالو ساحر میاں۔ میں ایک بار مقتول کی بیوہ سے مل کر اس کا دل موم کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ پتا نہیں کیوں، لیکن مجھے اب بھی سکندر اپنی راہ سے بھٹکا ہوا ایک نوجوان لگتا ہے، جسے استعمال کیا گیا ہے۔'' ''بابا آپ مجھے سب کے سامنے عبداللہ، لیکن تنہائی میں ساحر بلاتے ہیں...... ایسا کیوں؟ وہ میرا سوال سن کر مسکرا دیئے۔ ''اس لیے کہ عبداللہ کے اندر موجود ساحر بھی میرے لیے اتنا ہی اہم ہے، جتنا کہ عبداللہ...... اور ساحر کے اندر کا عبداللہ تو پہلے ہی سے ہمارے ساتھ ہے۔ یاد رہے، نام بھی ہماری آدھی شناخت ہوتی ہے...... اور میرا مقصد کبھی تمہاری اصل شناخت مٹانا نہیں رہا۔'' سلطان بابا میرا کاندھا تھپک کر آگے بڑھ گئے اور میں یونہی سوچ میں ڈوبا، بھیگتا ہوا دوبارہ سکندر کی کوٹھڑی کی جانب چلا آیا۔ سکندر کے ہاتھوں میں اب بھی نائلہ کا دیا ہوا خط ویسے ہی تھا۔ ایک بہت ہی مضبوط اور آہنی اعصاب کا انسان جب ٹوٹتا ہے تو پھر ٹوٹتا ہی چلا جاتا ہے۔ شاید ہم سب ہی بیک وقت اندر سے فولاد اور موم کے بنے ہوتے ہیں۔ فولاد کا ملمع جب اترتا ہے تو پھر موم کو پگھلتے زیادہ دیر نہیں لگتی۔ سکندر کا موم چہرہ بھی پگھل پگھل کر آنسوؤں کے جوہڑ میں ڈوب سا گیا تھا۔ میں نے سلاخوں کے قریب جا کر کھنکار کر اپنی جانب متوجہ کیا۔ اس نے پگھلتی نظریں اٹھائیں۔ ''کیا وہ یہیں ہے......'' ''ہاں...... وہ جیل کے ریسٹ ہاؤس میں ٹھہری ہوئی ہے۔'' سکندر میری بات سن کر زخمی سی ہنسی ہنسا۔ ''اوہ...... تو میری پھانسی کا نظارہ دیکھنے کے لیے یہاں تک آئی ہے۔ یہ رشتے بھی پل پل میں کیسے کیسے بدلتے ہیں۔ کل تک جو مجھے آئی ایک کھرونچ کی تکلیف سے رو رو کر آسمان سر پر اٹھا لیتی تھی، آج وہ میرے بے جان وجود کو پھانسی کے پھندے پر جھولتے ہوئے دیکھنے کے لیے یہاں اس موت کی وادی میں بیٹھی میری سانسیں بند ہونے کا انتظار کر رہی ہے۔'' مجھے ایک بار پھر اس محبت نامی اژدھے کی سفاکی پر شدید غصہ آنے لگا۔ آخر اس عفریت کا پیٹ کب بھرے گا؟ کب تک یہ ہم معصوم انسانوں کی روح نگلتا رہے گا۔ کب تک ہمارے جذبوں کی شہ رگ میں اپنے قاتل دانت گاڑھے ہمارا خون پیتا رہے گا؟ اس کے جان لیوا زہر کا ایک تازہ شکار سکندر کی صورت میں اس وقت بھی میرے سامنے ادھ مرا موجود تھا۔

سکندر کی کہانی بھی اپنی محبت کی ہزاروں لاکھوں کہانیوں میں سے ایک تھی۔ اس کی اور نائلہ کی ملاقات انٹر یونیورسٹی کے ایک تقریری مقابلے کے دوران ہوئی تھی۔ جب نائلہ کی زبردست تیاری اور تحقیق کے باوجود سکندر نے مقابلے کا پہلا انعام جیت لیا تھا۔ نائلہ مقابلے کے ساتھ ساتھ اپنا دل بھی ہار کر گھر واپس لوٹی تھی۔ لیکن وہ یہ نہیں جانتی تھی کہ محبت صرف دو روحوں کے ملاپ ہی کا نام ہوتا، ہمارے معاشرے میں جذبوں کے سوداگر اس معصوم جذبے کو بھی سونے چاندی کے انباروں سے تولنے کا فن جانتے ہیں اور سکندر کے پاس تو کبھی عام حالات میں بس کا پورا کرایہ بھی نہیں ہوتا تھا۔ اس کی بیوہ ماں نے بچپن ہی سے دوسروں کے گھروں کے کپڑے اور برتن دھو کر اس کے سرکاری اسکولوں کی فیس بھری۔ لیکن نائلہ کے کروڑ پتی باپ سیٹھ امجد کو اپنی لاڈلی بیٹی کا دل اس کے پسندیدہ کھلونوں سے جوڑنا آتا تھا، تو وہ ان کھلونوں سے اس کا من پھیرنا بھی خوب جانتا تھا اور اسے اپنی حد سے زیادہ بگڑی ہوئی بیٹی کی ''تریا ہٹ'' کا بھی بہت اچھی طرح سے اندازہ تھا۔ وہ جانتا تھا کہ اگر اس نے غریب پھٹیچر نوجوان کو براہ راست دھکے مار کر اپنے محل سے نکالا تو اس کی ضدی بیٹی بھی اس کے ساتھ ہی سب کچھ ٹھکرا کر در در کی ٹھوکریں کھانے کے لیے نکل جائے گی، اس لیے اس نے بڑی مہارت سے سارے معاملے کو سنبھال لیا۔ بیٹی کی پسند کو اس نے ایک بہترین اداکار کی طرح آنکھوں میں آنسو بھر کر قبول کیا اور سکندر کی

انا پر پہلی ضرب اس نے پہلے ہی روز اس وقت لگائی، جب اس نے اپنے دفتر کی سیٹ اور سارا کاروبار سکندر کے حوالے کرنے کا عندیہ ظاہر کیا۔ اس کی توقع کے عین مطابق سکندر نے اپنی ہونے والی منگیتر نائلہ کے سامنے ہی سیٹھ امجد کی یہ پیش کش ٹھکرادی کہ وہ نائلہ کو اپنے ہاتھوں سے کما کر کھلائے گا۔ سیٹھ امجد یہ بات بہت اچھی طرح جانتا تھا کہ سکندر جیسے غریب، لیکن آئیڈیلسٹ نوجوان جب تک اپنے خوابوں کی دنیا سے باہر نکلتے ہیں، تب تک ان کے پاس کسی آفس میں بڑا، یا چھوٹا بابو بن کر کلرکی کرنے، یا پھر کسی ڈپارٹمنٹل سٹور پر شام کو پارٹ ٹائم سیلز مین شپ کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں رہ جاتا۔ لیکن ہزار تجربوں کے بعد بھی ایسے احمق سدھرتے ہیں، نہ سدھر پائیں گے۔ دوسرا وار نائلہ کے باپ نے نائلہ کے چائے لانے کے لیے اٹھ جانے کے فوراً بعد کیا۔ جب اس نے باتوں باتوں میں سکندر کو نائلہ کے ایک دن کے خرچ کے بارے میں بتایا، جو سکندر کے مہینوں کے خرچے کے برابر تھا۔ جب تک نائلہ چائے لے کر آئی تب تک سیٹھ امجد سکندر کو یہ بات بہت اچھی طرح سمجھا چکا تھا کہ اس کی نازونعم میں پلی نازک بیٹی کو پانے کے لیے سکندر کو صرف اپنے خوب صورت الفاظ سے بے محل تراشا چھوڑ کر کوئی عملی قدم بھی اٹھانا ہوگا اور پھر جب سکندر نے خود امجد کو یہ بتایا کہ اس کا ارادہ پہلے ہی سے اس سال کے آخر میں ہونے والے مقابلے کے امتحان میں بیٹھنے کا ہے اور اسے قوی امید ہے کہ وہ سی ایس ایس کا معرکہ سر کرنے کے بعد سرخرو ہو کر نائلہ کو اس کے معیار کے مطابق نہ سہی، لیکن ایک قابل عزت جیون کا سکھ دینے کے قابل ضرور ہو جائے گا، تب ہی وہ نائلہ کی رخصتی کی درخواست لے کر سیٹھ امجد کے در پر دستک دے گا۔ یہ سن کر امجد نے گہری سکھ بھری سانس لی، کیوں کہ فی الحال مصیبت خود اپنی مرضی سے سات آٹھ مہینے کے لیے ٹل رہی تھی اور یہ آٹھ مہینے اس کے لیے بہت تھے، اس نے دھیرے دھیرے اپنی بیٹی کو یہ احساس دلانا شروع کر دیا کہ زندگی صرف جذباتی وعدوں، خوب صورت باتوں اور مستقبل کے سپنوں کا نام نہیں ہے، اس لیے اسے سکندر کی ”راہ نمائی“ کرتے رہنا چاہئے کہ زندگی میں ترقی کرنا کس قدر ضروری ہوتا ہے۔ سکندر نے مقابلے کے امتحان میں کامیابی کے لیے دن رات ایک کر رکھے تھے، ایسے میں اچانک جب نائلہ اسے اپنے باپ کے بتائے ہوئے رستے پر چلنے کے مشورے دینے کے لیے چلی آئی تو کبھی کبھار سکندر بے حد چڑ جاتا تھا اور یوں رفتہ رفتہ دونوں کے درمیان ہلکی پھلکی جھڑپوں کی صورت میں ”رنجش“ نے ڈیرے ڈالنا شروع کر دیئے۔ شومئی قسمت، سکندر مقابلے کے امتحان کے انٹرویو میں فیل ہو گیا۔ سیٹھ امجد کو اپنا آخری اور سب سے کاری وار کرنے کا موقع مل گیا اور اس نے ہمدردی کی آڑ میں اپنی بیٹی کو خوب سمجھا کر سکندر کے پاس بھیجا کہ سکندر نے آج تک اپنی سعی جو کرنی تھی، وہ کر کے دیکھ لی، لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اپنی ضد چھوڑ کر سیٹھ امجد کا کاروبار سنبھال لے اور بیوہ ماں کو لے کر سیٹھ امجد کے بنگلے ہی میں شفٹ ہو جائے۔ امتحان میں ناکامی کا صدمہ دل پر لیے بیٹھے سکندر کو اس لمحے گھر دامادی کا یہ طعنہ کسی گالی کی طرح لگا اور وہ بھڑک کر نائلہ پر برس پڑا۔ نائلہ بھی خود کو ترکی بہ ترکی جواب دینے سے روک نہیں پائی اور باقی کام سیٹھ امجد کی جلتی پر تیل چھڑکنے کے پالیسی نے کر دیا۔ تیسرے ہفتے کے ختم ہونے سے پہلے ہی سکندر اور نائلہ اس نتیجے پر پہنچ چکے تھے کہ اب دونوں کا مزید ساتھ چلنا ممکن نہ ہوگا اور پھر آخر کار وہ ”آخری الوداع“ بھی آ پہنچا، جو شاید ایسے ہر محبت کرنے والے جوڑے کا ازل سے مقدر ٹھہرتا ہے۔ پھر سے وہی انا کی دیواریں، پھر سے وہی معصوم تحائف کی واپسی۔ آخر یہ محبت کرنے والے جب بچھڑنے لگتے ہیں، تو ایسی آخری ملاقات کا اہتمام ہی کیوں کرتے ہیں، جس میں وہ اپنی رہی سہی نازک اور خوب صورت یادوں کو بھی لوٹا آتے ہیں! اور جدا ہونے والوں کی نشانیاں بھی کتنی ایک جیسی ہوتی ہیں۔ وہی خوشبو میں بسے گلابی خط، چند خشک

پھول......ٹوٹی ہوئی چوڑیوں کے چند ٹکڑے، خزاں کی کسی سرد شام میں ایک ساتھ پی گئی کافی کا کوئی بل......خالی سینما کے سب سے پچھلے سٹال میں اکٹھے بیٹھ کر دیکھی گئی انتہائی فلاپ فلم کے دو ٹکٹ...... پہلے ساون کی پہلی بارش میں بھیگ کر بچنے کے لیے جائے پناہ کی تلاش میں دوڑتے وقت ٹوٹ جانے والے سینڈل کا ایک فیتہ......نائلہ کے پاس بھی اس آخری ملاقات کے لیے چند ایسی ہی سوغاتیں تھیں، جو وہ سکندر کو لوٹانے کے لیے آئی تھی۔ سنہرے رنگ کا ایک ٹوٹا کف لنک، ایک پرانا پارکر پین، چند پرانے ٹشو پیپر، جو سکندر نے کپڑوں پر چائے گرنے کے بعد استعمال کر کے پھینک دیئے تھے۔ سکندر کے استعمال شدہ پرفیوم کی آدھی بوتل، خزاں رسیدہ چند پتے اور سکندر کی اخبار میں چھپی چند نظمیں......بس وہی کل اثاثہ تھا، ان دونوں کی تین سالہ محبت کا......جنہیں لوٹاتے وقت ایک ایسا لمحہ بھی آیا، جب دونوں کی ہی پلکیں بھیگ چکی تھیں اور قریب تھا کہ دونوں ہی جذبات کی رو میں بہہ کر اس کمزور لمحے کی گرفت میں آجاتے......سیٹھ امجد اچھی طرح یہ بات جانتا تھا کہ ایسی آخری ملاقاتیں کبھی کبھی تجدید محبت کی بنیاد بھی بن جاتی ہیں، لہٰذا اس نے پورا انتظام کر رکھا تھا اور وہ خود بھی اس ریسٹورنٹ کی نچلی منزل میں موجود تھا، جہاں اوپر سکندر اور نائلہ آخری بار مل رہے تھے۔ اس کے ہر کارے ان دونوں کے آس پاس ہی موجود تھے، لہٰذا جیسے ہی سیٹھ امجد کو خبر ملی کہ دونوں اب اس موڑ پر ہیں، جہاں یادوں کا بہاؤ انہیں بہا کر لے جاسکتا ہے تو اس نے فوراً نائلہ کے موبائل پر کال کر کے اسے واپس حقیقت کی دنیا میں پہنچا دیا۔ نائلہ ٹوٹے دل کے ساتھ وہاں سے اٹھ آئی اور سکندر کے اندر جلتی آگ نے ایک نیا رخ اختیار کر لیا۔

محلے کی ایک تنظیم کے لیڈر نے اسے بڑے لیڈر سے ملوا دیا، جس نے سکندر کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے اس لاوے کا رخ ان لوگوں کی جانب کر دے، جو معاشرے میں ایسی بے انصافیوں کے مرتکب ہو رہے ہیں، جیسی سکندر کے ساتھ سی ایس ایس کے امتحان میں ہو چکی ہے۔ خرچ کی وہ پروا نہ کرے، کیوں کہ آج سے اس کی اور اس کی ماں کی ذمہ داری تنظیم کی ہے۔ یوں سکندر نے اپنی زندگی کا پہلا جرم اس رات کیا، جب اس نے پہلی مرتبہ تنظیم والوں کے ساتھ مل کر اخبار والوں کا ایک دفتر جلایا۔ کہتے ہیں کہ ماچس سے چراغ بھی جلائے جاسکتے ہیں آشیانے بھی، لیکن سکندر کے گھر پولیس کا پہلا چھاپہ پڑا اور اس کی ماں کو پتا چلا کہ اس کے گھر کو خود اسی کے گھر کے چراغ سے آگ لگ چکی ہے تو وہ پہلا صدمہ ہی برداشت نہیں کر پائی اور دل کا ایک ہی دورہ اس کے لیے جان لیوا ثابت ہوا۔ تب سے سکندر کا ہر بڑھتا قدم اسے جرائم کی دلدل میں دھکیلتا چلا گیا اور پولیس کی یہ حسرت ہی رہی کہ وہ کبھی رنگے ہاتھوں سکندر کو گرفتار کر سکے۔ سکندر کی پہلی اور آخری گرفتاری میں بھی پولیس کی کوشش سے زیادہ سکندر کی بدقسمتی کا عمل دخل تھا۔ نہ سکندر کی جیپ عین چوراہے پر دغا دیتی اور نہ ہی قریب سے گزرتی موبائل پولیس کی نظر جام ٹریفک کے ہجوم میں پھنسے سکندر پر پڑتی۔ اس سے آگے کی کہانی بہت مختصر تھی۔ سکندر کو گرفتاری کی رات ہی خصوصی تفتیش کے سیل میں منتقل کر دیا گیا اور تین مہینے کی مختصر مقدمے بازی کے بعد اسے پھانسی کی سزا سنا دی گئی۔ تب سے لے کر آج کی اس برستی شام تک سکندر اس پھانسی کی کوٹھڑی میں بیٹھا، اپنے اجل کے فرشتے کا انتظار کر رہا تھا۔

سکندر کی کہانی ختم ہوئی تو ہم دونوں بہت دیر تک خاموش بیٹھے رہے۔ پھر یکایک سکندر نے سلاخوں سے اپنے ہاتھ بڑھا کر میرے ہاتھ تھام لئے۔

''ایک مرتے ہوئے شخص کی ایک آخری تمنا پوری کرو گے......؟ میں جانے سے پہلے ایک مرتبہ اس سے ملنا چاہتا ہوں، صرف اسے یہ یقین دلانے کے لیے کہ مجھ سے جو کچھ بھی ہوا، انجانے میں ہوا۔ میں اس پولیس آفیسر کو اپنا آخری بیان بھی ریکارڈ کروانا چاہتا ہوں، کیوں کہ اب بھی بہت سے

بھٹکے ہوئے نوجوان اس تنظیم کے آلہ کار ہیں......شاید میرا بیان ان میں سے ایک کی نجات کا باعث بن جائے......جلدی کرو......میرے پاس وقت بہت کم ہے۔''

جس وقت راحیل صاحب کیچڑ میں لت پت اپنے جیل کے عملے سمیت بارش میں بھیگتے ہوئے جیل کوٹھڑی کے احاطے میں داخل ہوئے، تب رات پوری طرح ڈھل چکی تھی۔ موم بتیوں کی روشنی میں سکندر کا دو گھنٹے کا طویل بیان ریکارڈ کرنے میں جانے کتنے کورے صفحوں کا مقدر سیاہ ہو گیا اور جب بیان مکمل ہونے کے بعد راحیل صاحب چلا چلا کر جیل کے وائرلیس سیٹ سے مختلف چوکیوں کو دہشت گردوں کے ٹھکانوں پر چھاپے مارنے کے احکامات آگے بڑھا رہے تھے، اس وقت رات کے دو بج چکے تھے، سکندر کی پھانسی میں صرف دو گھنٹے ہی باقی تھے، لیکن نائلہ نے سکندر سے ملاقات کرنے سے صاف انکار کر دیا تھا۔ اس کا کہنا تھا کہ اب سکندر سے اس کی ملاقات پھانسی گھاٹ پر ہی ہوگی۔ راحیل صاحب نے اسے سمجھانے کی بے حد کوشش کی، حتیٰ کہ سکندر کے کفارے کے طور پر اس کا دیا گیا آخری بیان بھی نائلہ کو دکھا دیا کہ کس طرح اس کی تنظیم نے دھوکے سے محب وطن عناصر کو سکندر کے ذریعے اپنے راستے سے ہٹایا، جن میں نائلہ کا شوہر بھی شامل تھا، لیکن نائلہ کے پتھر دل کو پگھلنا تھا، نہ پگھلا۔ آخر کار سلطان بابا کے اشارے پر مجھے اس نازنین دل گرفتہ کے در پر آدھی رات کو دستک دینی پڑی، اس کی سوجی ہوئی سرخ آنکھیں اس بات کی غمازی کر رہی تھیں کہ وہ گزشتہ رات سے روتی رہی ہے۔ اس نے مجھے دیکھتے ہی تلخی سے کہا۔ ''تو اب آپ آئے ہیں، اس قاتل کی صفائی پیش کرنے کے لئے۔ مجھے حیرت ہے کہ پوری جیل ہی اس کی جان بخشی کے لیے کیوں دوڑی چلی آ رہی ہے۔ ویسے اسے یہ فن تو ہمیشہ سے بہت کمال سے آتا ہے، اپنی باتوں سے اس نے سب کو بھی زیر کر ہی لیا، یا پھر کوئی نئی بولی دے دی ہے۔ اس کی نام نہاد تنظیم نے آپ کو بھی......'' میں نے خاموشی سے اس کے طنز کا وار برداشت کیا۔ ''میں آپ کے پاس کوئی رحم کی اپیل لے کر نہیں آیا۔ دنیا میں مری ہوئی محبت سے زیادہ مردہ اور کوئی چیز نہیں ہوتی اور اس سے بھی زیادہ مرے ہوئے وہ لوگ ہوتے ہیں، جو اس مردہ محبت کا جنازہ اپنے وجود کے اندر دفنائے زندہ لوگوں کے درمیان چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے ہیں۔ میری نظر میں آپ اور سکندر بھی ایسے ہی دو مرے ہوئے جسم ہیں، جو دنیا کے دکھاوے کے لیے اب تک سانس لے رہے ہیں۔ سچ پوچھیں تو سکندر اس معاملے میں آپ سے زیادہ خوش نصیب دکھائی دیتا ہے۔ کیوں کہ کچھ لمحوں کے بعد کم از کم وہ اس سانس لینے کی منافقت سے تو چھوٹ جائے گا۔'' نائلہ حیرت سے گنگ میری بات سن رہی تھی۔ میں جانے کے لیے پلٹا تو اس کی ٹوٹی ہوئی سی آواز سنائی دی۔ ''ٹھہریں......میں تیار ہوں......آپ جیلر صاحب کو مطلع کر دیں۔'' کچھ ہی دیر میں جیل کی فضا سیٹیوں کی آواز سے گونج اٹھی۔ یہ اس بات کا اشارہ تھا کہ قیدی کی آخری ملاقات شروع ہو چکی ہے۔ جانے سکندر، نائلہ کی ملاقات کیا رنگ لائے گی۔ میں یہی سوچتا ہوا فجر کی نماز کے بعد مسجد سے نکل کر گھاٹ پہنچا تو سکندر کی کال کوٹھڑی کے سامنے میلہ سا لگا ہوا تھا۔ جیلر اقبال سمیت جیل کا ڈاکٹر اور مجسٹریٹ صاحب بھی آ چکے تھے۔ سکندر اپنا آخری غسل لے کر تیسویں سپارے کی تلاوت ختم کر چکا تھا۔ تمام پھانسی گھاٹ کی کوٹھڑیوں کے چراغ جل چکے تھے اور سکندر کے آس پاس کے سبھی قیدی اپنے ایک دیرینہ ساتھی کو آخری الوداع کرنے کے لیے اپنی اپنی کوٹھڑی کی سلاخوں سے سر ٹکائے، آنکھوں میں آنسو لیے کھڑے تھے۔ سکندر کی خواہش پر سلطان بابا بھی سکندر کے اس چند قدم کے آخری سفر میں اس کے ساتھ قدم ملانے کے لیے موجود تھے۔ سکندر نے قرآن پاک واپس رحل پر رکھ دیا اور فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ہمارے

ساتھ چلنے کے لیے تیار ہوگیا۔ ڈاکٹر نے اس دوران سکندر کا آخری طبی معائنہ کیا اور سکندر کو پیش کش کی کہ اگر وہ پھانسی گھاٹ تک چل کر جانے میں کچھ دقت محسوس کر رہا ہو تو اُس کے لیے اسٹریچر کا بندوبست کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس نے ڈاکٹر کی یہ پیش کش ٹھکرا دی۔ جیسے ہی سکندر نے کال کوٹھڑی سے باہر قدم رکھا، فضا میں آس پاس کے قیدیوں کے نعرے گونج اٹھے...... ایک بولا، کلمہ شہادت...... سب بیک زبان بولے...... اشھدان لا الہ الا اللہ...... سکندر کے قدم زمین پر تو پڑ رہے تھے، مگر وہ خود مجھے اس وقت کسی اور ہی دنیا کا باشندہ لگ رہا تھا۔ سلطان بابا کے سامنے پہنچ کر وہ اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں رکھ پایا اور رو پڑا۔ ”بابا...... میرے اس آخری سجدے کی قبولیت کی دعا کیجیے گا...... میں نے اپنی ساری زندگی غیروں کے سامنے ماتھا ٹیکنے میں گنوا دی...... یہ آخری چند لمحے ہی میری کمائی ہیں...... اور میری یہ چند ٹکوں کی کمائی بھی اب آپ کی نذر ہے۔“ سلطان بابا نے سکندر کو گلے لگایا تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رو دیا۔ اگلے قدم پر میں کھڑا تھا۔ سکندر کی آنکھیں میری آنکھوں میں جیسے گڑ سی گئی۔ میں جانتا تھا کہ وہ میری آنکھوں میں کس کی شبیہ تلاش کر رہا تھا۔ کاش میری آنکھوں کو چند لمحے کے لیے ہی سہی، پر قدرت اتنی صلاحیت تو دے دیتی کہ میں اس سیاہ نصیب کے لیے اس گل رخ کا چہرہ اپنی آنکھوں میں سجا لاتا۔ میں نے ہاتھ بڑھا کر سکندر کی آنکھیں پونچھ ڈالیں۔ ”وہاں جا کر کسی مقام پر رک سکو تو میرا انتظار کرنا...... ابھی میں نے تمہیں اپنی کہانی نہیں سنائی...... میرا یہ قرض تم پر ابھی باقی ہے۔“ سکندر میری بات سن کر ہلکے سے مسکرایا اور گلے لگا کر آگے بڑھ گیا۔ سب قیدی سلاخوں سے ہاتھ نکال نکال کر سکندر کو چھو کر اسے ”الوداع“ کہتے ہوئے رو رہے تھے۔ نیا جلاد گھاٹ کے باقی عملے کے ساتھ ہمارا انتظار کر رہا تھا۔ سکندر کو تختے پر چڑھا دیا گیا۔ جلاد نے کالے رنگ کا غلاف نما کپڑا سکندر کے چہرے پر چڑھانے کی کوشش کی، لیکن اس نے ایک ہاتھ سے اسے کچھ لمحے رکنے کا اشارہ کیا۔ نائلہ ابھی تک گھاٹ پر نہیں لائی گئی تھی۔ کچھ ہی دیر بعد راحیل صاحب اسے لیے ہوئے پھانسی گھاٹ کے احاطے میں داخل ہوئے۔ نائلہ کی نظر اوپر اٹھی اور سکندر کی اپنی جانب گڑی ہوئی نظر سے ملی۔ میں نے اس درد اور بھیگے موسم میں بھی اس نظر کے ٹکراؤ سے چنگاریاں سی نکلتی ہوئی دیکھیں۔ سزائے موت کی کال کوٹھڑیاں، جن کی پشت پر یہ پھانسی گھاٹ موجود تھا، وہاں سے کسی قیدی نے زور کی تان لگائی......” من عاصیم، من عاجزم، من بے کسم...... تاجدار حرم...... ہو نگاہ کرم...... ہم غریبوں کے دن بھی سنور جائیں گے......“ بادل زور سے گرجا، بارش کی بوچھاڑ نے ہم سب کے جسم پوری طرح بھگو دیے۔ ہماری آنکھیں تو پہلے ہی بہہ رہی تھیں۔ جلاد نے کالا غلاف سکندر کے چہرے پر چڑھا دیا اور سکندر کو کاندھے سے پکڑ کر بند تختے کے درمیان میں لا کھڑا کیا۔ اس کے ہاتھ پہلے ہی پیچھے باندھ دیے گئے تھے۔ کال کوٹھڑیوں کی جانب سے ”اللہ ہو، اللہ ہو“ کی صداؤں نے آسمان سر پر اٹھا لیا۔ وہ پھانسی گھاٹ کی اونچی دیواروں کی وجہ سے اپنے ساتھی کو سانسیں ہارتے دیکھ تو نہیں سکتے تھے۔ لیکن ان میں سے کئی ایسے تھی، جنہوں نے اس سے پہلے بھی اپنے کسی ساتھی کو پیروں پر چل کر موت کی اس وادی میں جاتے اور پھر چار کاندھوں پر سوار واپس آتے ہوئے دیکھا تھا، لہٰذا انہیں ہر لمحے کی ترتیب کا خوب اندازہ تھا کہ ٹھیک کس لمحے جلاد کے ہاتھ لیور کی جانب بڑھیں گے اور کب لیور کے کھٹکے سے وہ موت کی چیخ بلند ہو گی۔ لہٰذا وہ اسی ترتیب سے با آواز بلند دعائیں دہرا رہے تھے۔ پھر وہی موت...... اور پھر وہی مذہب...... جلاد نے مجسٹریٹ کی جانب دیکھا، جو اپنی کلائی پر بندھی گھڑی کی سوئیاں گن رہا تھا۔ مجسٹریٹ نے نائلہ سے دھیرے سے کچھ پوچھا، لیکن نائلہ نے انکار میں سر ہلا دیا۔ مجسٹریٹ نے جلاد کو اشارہ کیا۔ جلاد نے لیور پر ہاتھ رکھا اور اپنی قوت مجتمع کی۔ سلطان بابا نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور ان کے ہاتھ میں

پکڑی تسبیح تیزی سے گھومنے لگی۔ جلاد نے نائلہ کی جانب رحم طلب نظر ڈالی۔ مجسٹریٹ کا ہاتھ فضا میں بلند ہوا، نائلہ کا جسم تیزی سے لرزنے لگا۔ تیز ہوا نے بارش کی برچھی جیسی بوندوں کا رخ ہماری جانب کر دیا۔ مجسٹریٹ نے پانچ انگلیاں اٹھا کا جلاد کو پانچ سیکنڈ گننے کا اشارہ دیا۔ جیلر اقبال کے ہونٹوں پر کلمے کا ورد مزید بلند ہو گیا۔ آنکھیں بند ہو گئیں۔ قیدیوں کے نعرے چیخوں میں بدلنے لگے......اللہ ہو......اللہ ہو......اللہ ہو......مجسٹریٹ کی پہلی انگلی بند ہوئی......پانچ......چار......تین......دو......ایک......جلاد نے زور سے لیور کھینچا......فضا میں تختہ کھلنے کی چنگھاڑ گونجی......کھڑاک......سکندر کا جسم فضا میں پہلے اپنے بوجھ سے تیزی سے نیچے کی جانب گرا اور پھر سفاک پھندے کی بندش نے اس کی گردن کو جکڑ لیا۔ ٹھک کی آواز آئی اور سکندر چند لمحے تڑپنے کے بعد ساکت ہو گیا۔ ٹھیک اسی لمحے ایک اور کھٹکا ہوا اور نائلہ کا جسم بھد سے زمین پر کٹے ہوئے شہتیر کی طرح گر گیا۔ ڈاکٹر اور جیلر تیزی سے نائلہ کی جانب بھاگے۔ ڈاکٹر نے فوراً نبض دیکھی اور پھر جلدی سے نائلہ کی شہ رگ پر اپنے ہاتھ کی پشت رکھی، جو برف کی طرح سرد ہو چکی تھی۔ نائلہ کی روح بھی سکندر کے ساتھ ہی پرواز کر گئی تھی۔ سلطان بابا کی آنکھ سے آنسو ٹپکا اور نائلہ کی بند مٹھی پر گرا، جہاں کاغذ کی ایک مڑی تڑی سی پرچی دبی بارش سے بھیگ رہی تھی۔ سلطان بابا نے کاغذ کی تہ کھول کر اسے پڑھا اور پھر اسے میری جانب بڑھا دیا۔ شاید یہ تمہارے لیے ہے......"

میں نے جلدی سے کاغذ کی تحریر پر نظر دوڑائی۔ "آپ نے ٹھیک ہی کہا تھا......ہم دونوں ہی بہت پہلے مر چکے تھے، اب صرف شرط اس منافقت سے پہلے جان چھڑانے کی ہے، جو ان سانسوں کی صورت میں ہمیں شرمندہ کر رہی ہیں۔ میں جان چکی ہوں کہ سکندر رؤف کے قتل میں استعمال کیا گیا ہے اور میں نے دل سے اسے معاف بھی کر دیا، لیکن اس کی تنظیم، اس بیان کے بعد اسے کبھی معاف نہیں کرے گی۔ میرے لیے سکندر بہت پہلے مر چکا ہے اور میں ایک بار پھر اسے ان لوگوں کے ہاتھ سے مرتا ہوا نہیں دیکھ سکتی اور وہ خود بھی یہی چاہتا ہے کہ اس کے پچھلے تمام گناہوں کا کفارہ آج یہیں ادا ہو جائے اور وہ سرخرو ہو کر آگے جا سکے۔ میرے لیے دعا کیجیے گا کہ میں بھی زندہ رہنے کی اس منافقت سے جلد از جلد چھٹکارا پا لوں۔" میں نے نائلہ کی تحریر اپنی مٹھی میں جکڑ لی۔ اسے ہماری کسی دعا کی ضرورت نہیں رہی تھی۔ وہ بھی سکندر کے ساتھ اپنے آخری سفر پر روانہ ہو چکی تھی۔

......

# یاقوط

ٹرین کو رحیم پور کا اسٹیشن چھوڑے ہوئے تقریباً بارہ گھنٹے ہو چکے تھے۔ سکندر اور نائلہ کی موت نے میرے حواس چھین لیے تھے۔ کئی بار جی میں آیا کہ سلطان بابا سے کہہ کر پلٹ جاؤں۔ محبت کا یہ رنگ بھی ہو سکتا ہے، مجھے یہ اندازہ ہرگز نہیں تھا، لیکن پھر سلطان بابا کا گہرا سمندر جیسا سکوت اور صبر دیکھ کر میں خود ہی کو ملامت بھی کرتا کہ آخر جو کچھ مجھ پر بیتی ہے وہی سب کچھ ان کے دل نے بھی جھیلا ہے، لہٰذا انہیں مزید پریشان کرنے سے کیا فائدہ؟ جانے یہ سب سوچتے سوچتے کب میری آنکھ لگ گئی اور پھر تب جاگا، جب سلطان بابا کی ہلکی سی آواز میرے کانوں سے ٹکرائی۔ ''ساحر میاں اٹھ جاؤ...... ہماری منزل آ گئی ہے۔'' انہوں نے شاید دھیرے سے میرا کاندھا بھی ہلایا تھا۔ میں نے ایک جھٹکے سے آنکھیں کھول دیں۔ صبح کے چار بج رہے تھے۔ اسٹیشن کافی بڑا تھا، لیکن اس وقت صبح سے پہلے کی شدید دھند اور کہر میں ڈوبا ہوا تھا اور اسی دھند میں چلتے پھرتے قلی، ٹھیلے دار اور وینڈنگ کنٹریکٹر سب ہی ایک خواب ہی کا حصہ دکھائی دے رہے تھے۔ حسبِ معمول نہ میں نے سلطان بابا سے کوئی سوال کیا اور نہ ہی انہوں نے کچھ بتانے کی کوشش کی۔ ہم دونوں کے پاس سامان کے نام پر صرف ایک چھوٹا سا چمڑے کا بیگ تھا جس میں میرے اور سلطان بابا کے دو جوڑے کپڑے اور ان کا مسواک وغیرہ رکھے ہوئے تھے۔ میں بیگ اٹھائے پلیٹ فارم پر اترا تو سفید وردی میں ملبوس ایک ڈرائیور پہلے ہی سے ہمارے انتظار میں وہاں کھڑا تھا اور اسٹیشن پر لگے بلب کی پیلی روشنی کے دائروں اور سفید دھند کے ہیولوں میں ہمیں ڈھونڈنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ہمیں دیکھتے ہی جلدی سے آگے بڑھا اور سلطان بابا سے مخاطب ہوا ''بابا جی...... کیا آپ حاجی رزاق صاحب کے مہمان ہیں۔ میں آپ ہی کو لینے کے لیے آیا ہوں۔'' کچھ دیر بعد ہم ڈرائیور کے ساتھ اسی کی دہائی کے ماڈل کی ایک کشادہ مرسڈیز گاڑی میں دھند بھری سڑکوں سے ہوتے ہوئے ایک بہت بڑی حویلی کے بیرونی پھاٹک سے اندر داخل ہو رہے تھے۔

حویلی بھی کہر میں ڈوبی ہوئی تھی اور مرکزی عمارت کے سامنے اتنا بڑا وسیع اور کشادہ لان تھا، جس میں اس جیسی چار چھ مزید عمارتیں کھڑی کی جا سکتی تھیں۔ لان کے بیچوں بیچ ایک بہت پرانا پیپل کا درخت کچھ عجیب شان بے نیازی سے اکیلا ایستادہ تھا۔ درخت کے چاروں طرف سیمنٹ کا بڑا سا گول چبوترا تھا اور اس کی صدیوں پرانی شاخوں کے بیچوں بیچ ایک جھولا بھی لٹکا ہوا تھا۔ حویلی میں داخلے کی روش کو سرخ بجری سے پاٹا گیا تھا اور یہی روش پورچ سے آگے جا کر انگریزی کے حرف ''ڈی'' کی شکل میں حویلی کے بیرونی گیٹ پر ختم ہوتی تھی۔ داخلے اور بیرونی دونوں گیٹوں پر دربانوں کی موجودگی یہ بات ظاہر کرتی تھی کہ حویلی کے مکین آنے اور جانے کے دو مختلف گیٹ استعمال کرتے ہیں۔ پورچ میں پہلے ہی سے ایک پکی عمر کا شخص نفیس شیروانی اور سر پر قراقلی پہنے، چند نوکروں کے ساتھ ہمارا انتظار کر رہا تھا۔ ہمارے اترنے پر جب اس نے تعارف اور استقبال کیا تو پتا چلا کہ یہی موصوف حاجی رزاق صاحب ہیں۔ چائے ناشتے سے فارغ ہونے کے بعد وہ ہمیں حویلی کے عظیم الشان ڈرائنگ روم سے باہر لے آئے۔ ان

کی نظر بار بار مجھ پر پڑتی لیکن پھر کچھ پوچھتے پوچھتے رک سے جاتے۔ آخر کار ان کے مہمان خانے کی خوب صورت انیکسی میں داخل ہوتے وقت سلطان بابا نے خود ہی ان کی الجھن رفع کر دی۔ ”رزاق صاحب یہ عبداللہ میاں ہیں...... یہ بھی میرے ساتھ ہی رہیں گے...... اگر آپ کو کوئی اعتراض نہ ہو۔“ حاجی رزاق نے جلدی سے سلطان بابا کی بات کاٹ دی۔ ”نہیں نہیں جناب...... میری کیا مجال کہ میں کوئی اعتراض کروں...... میں بس یہی کنفرم کرنا چاہتا تھا کہ صاحب زادے بھی آپ کے ساتھ ہی رہیں گے، یا ان کے لیے کہیں اور بندوبست کرنا ہوگا۔ سو بسم اللہ...... آپ کے ساتھ رہیں...... ہمارے سر آنکھوں پر......“ یہ مہمان خانہ، یا انیکسی حویلی کی مرکزی عمارت کے داہنی طرف بیرونی گیٹ سے تقریباً متصل واقع تھا اور ہم اس وقت شیشے کی دیوار سے پرے، جس برآمدے میں بیٹھے ہوئے تھے، وہاں سے بھی وہ پیپل کا پیڑ بالکل سامنے نظر آتا تھا۔ حاجی رزاق کی باتوں سے میں پہلے ہی اندازہ لگا چکا تھا کہ ان کی سلطان بابا تک رسائی مولوی خضر کے توسط سے ہوئی ہے۔ لیکن ہماری یہاں آمد کا کیا مقصد تھا، یہ عقدہ بھی کچھ دیر میں حاجی رزاق ہی کی زبانی کھلا۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اپنے خاندان سمیت ایک مہینہ تیئس دن قبل اس حویلی میں منتقل ہوئے تھے، لیکن ان ترپن دنوں میں شاید ہی کوئی دن ایسا ہو جو انہوں نے سکون سے گزارا ہو۔ بقول حاجی رزاق، یہ حویلی ان سے پہلے بھی بہت سے خریدار اور کرائے دار دیکھ چکے ہیں، لیکن جانے کیوں، یہاں کوئی بھی چند راتوں سے زیادہ ٹک نہیں پایا۔ حاجی رزاق ایسی باتوں پر زیادہ یقین نہیں رکھتے تھے اور پھر جب کروڑوں کی یہ جائیداد لاکھوں کے عوض بکنے لگی تو وہ خود کو اسے خریدنے سے باز نہیں رکھ پائے۔ انہوں نے قریباً چار ماہ قبل یہ حویلی خریدی تھی، تب یہ تقریباً کھنڈر ہو چکی تھی۔ انہوں نے دن رات مزدوروں کو لگوا کر اور چار پانچ ٹھیکے داروں کی نگرانی میں اس کھنڈر کو ایک بار پھر سے اس کی موجودہ چمکتی دمکتی حالت میں تبدیل کر دیا تھا۔ جس مہمان خانے میں اس وقت ہم بیٹھے ہوئے تھے، یہ نئی تعمیر تھی۔ اس سے پہلے یہاں انجیر کے درختوں کا ایک چھوٹا سا باغ تھا، جسے صاف کروا دیا گیا تھا۔ لاکھوں روپے اس حویلی کی تزئین پر خرچ کرنے کے بعد جس روز انہوں نے اپنے پورے خاندان سمیت پہلا قدم اس دالان میں رکھا، بس وہیں سے ان کی مصیبتوں کی داستان شروع ہوگئی۔ حاجی رزاق کے خاندان میں ان کی بیگم کے علاوہ ان کی دو لاڈلی صاحب زادیاں شامل تھیں...... ۱۹ سالہ رباب اور ۱۷ سالہ نایاب۔ رباب بچپن ہی میں اپنے چچا زاد عامر سے منسوب کر دی گئی تھی، جو اس وقت اپنی طب کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد ہاؤس جاب کے دوسرے سال میں تھا اور اگلے ساون سے پہلے ان کا رباب کی رخصتی کا منصوبہ تھا۔ حاجی رزاق کے بقول، جس وقت وہ اس حویلی میں داخل ہوئے تھے، وہ عصر کا وقت تھا اور شام کی چائے انہوں نے نوکروں سے کہہ کر باہر دالان ہی میں لگوائی تھی، کیوں کہ اندر کمروں میں ابھی جھاڑ پونچھ جاری تھی۔ لڑکیاں حویلی کے دالان میں چہل قدمی کرتی رہیں اور اسی اثناء میں مغرب کا وقت بھی ہو گیا۔ انہیں خیال ہی نہیں رہا کہ چھوٹی نایاب تو ماں کے ساتھ اندر کی آرائش دیکھنے کے لیے جا چکی ہے اور وہ خود آخری سامان لانے والے ٹرک کے ڈرائیور اور منشی کے ساتھ بھاؤ تاؤ میں مصروف رہے مگر...... جب فراغت کے بعد پلٹ کر اندر جانے لگے تو نظر بڑی بیٹی رباب پر پڑی، جو کچھ عجیب سے انداز میں دالان میں کھڑی ہو کر پیپل کے پیڑ کو دیکھ رہی تھی۔ باپ نے آواز دی تو وہ چونک کر پلٹی اور کھوئے کھوئے انداز میں اندر کی جانب بڑھ گئی، لیکن اس کے بعد سے آج تک کسی نے اس لڑکی کو اپنے آپے میں نہیں دیکھا۔ رفتہ رفتہ اس کی حالت بگڑتی گئی اور اب تو وہ باقاعدہ راتوں کو اٹھ کر اس درخت کے پاس آ جاتی ہے اور باقاعدہ اس سے باتیں کرتی رہتی ہے۔ مستقل بخار کی کیفیت نے اسے اس قدر چڑچڑا کر دیا ہے کہ اب تو اس

نے اپنے منگیتر عامر سے بھی بات چیت بالکل بند کردی ہے۔ حالانکہ ایک وہ وقت بھی تھا جب وہ پہروں بیٹھ کر عامر کا شام کی چائے پر انتظار کیا کرتی تھی۔ حاجی رزاق بیٹیوں کی ایک خاص حد تک آزادی کے قائل تھے اور عامر تو ان کے اپنے بھائی کا بیٹا تھا۔ وہ خود بھی چاہتے تھے کہ رخصتی سے پہلے لڑکا لڑکی ایک دوسرے کے مزاج سے آشنا ہو جائیں۔ لیکن اب تو رباب عامر کا نام سن کر ہی غصے سے کانپنے لگتی تھی۔ اگر عامر، رباب سے شدید محبت نہ کرتا ہوتا تو یہ رشتہ کب کا ٹوٹ چکا ہوتا۔ وہ خود بھی رباب کی اس حالت سے بے حد پریشان تھا اور میڈیکل کی اصطلاح میں جو کچھ بھی علاج ممکن تھا، اپنے سینئر ڈاکٹروں کے مشورے سے آزما چکا تھا، لیکن سب بے سود ہی رہا۔ رباب کی حالت روز بروز بگڑتی ہی گئی۔ حاجی صاحب کی بیگم دبے لفظوں میں کئی باران سے کہہ چکی تھیں کہ انہیں یہ کوئی آسیب وغیرہ کا چکر لگتا ہے، لیکن عامر کو ان توہمات سے شدید چڑ تھی۔ پھر بھی رباب کی ماں نے سب سے چھپ کر ایک بہت ''پہنچی ہوئی'' پیرنی کو اپنی کراماتی دھونی دینے کے لیے حویلی میں بلا بھیجا۔ لیکن جیسے ہی اسے چند لمحے کے لیے خود اسی کے کہنے پر رباب کے ساتھ اکیلے کمرے میں چھوڑا گیا تو کچھ ہی دیر بعد وہ چیختی چلاتی ہوئی بدحواسی سے کچھ ایسی تیزی سے وہاں سے بھاگی کہ اپنی پیری فقیری کے سارے کراماتی لوازمات بھی اٹھانا بھول گئی۔

عامر کو شام کو جب اس بات کا پتا چلا کہ اس کی چچی نے رباب کا ''آسیب'' اتارنے کے لیے کسی عورت کو بلوایا تھا تو وہ بے حد ناراض ہوا اور اس نے صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ اب اگر کسی نے بھی ایسے کسی تجربے کو دہرانے کی کوشش کی تو اچھا نہیں ہوگا۔ عامر غصے کا بے حد تیز تھا اور حاجی رزاق تو دونوں طرف سے پس رہے تھے۔ ایک طرف بیٹی ہاتھ سے نکلی جا رہی تھی تو دوسری طرف داماد رخصتی سے پہلے ہی پھسلا جا رہا تھا۔ لیکن جب میڈیکل نے پوری طرح جواب دے دیا تو انہوں نے بیٹی کی زندگی کے لیے داماد کی ناراضی کا خطرہ مول لینے کا فیصلہ کر ہی لیا اور مولوی خضر کے ہاتھ پیغام بھیج کر سلطان بابا کو اپنے ہاں بلوا لیا، البتہ عامر اس بات سے ابھی تک بے خبر تھا۔ ابھی حاجی رزاق کی بات ختم نہیں ہوئی تھی کہ اچانک بوندا باندی نے تیز بارش کا روپ دھار لیا اور ہم جس شیشے کے کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے، اس کی دیواروں سے ٹکرا کر بارش کے موتی ایک عجیب سا جل ترنگ بجانے لگے۔ یہ بارشیں چاہے دنیا کے کسی خطے کی بھی ہوں...... ہوتی بالکل ایک جیسی ہیں۔ کچھ دیر کے لیے مبہوت کر دینے والی...... دلوں کے زنگ دھو دینے والی...... ابھی ہم شیشے کی دیوار سے ٹکرا کر فنا ہونے والی بوندوں کی سرگم سن ہی رہے تھے کہ اندر سے کالے لباس اور کالی چادر میں ملبوس ایک حسین لڑکی ہاتھ میں پانی کا فوارہ اٹھائے نکلی اور اس برستی بارش میں بھی پیپل کے پیڑ کو پانی دینے لگی۔ اسے اپنے بھیگنے کا کوئی ہوش نہیں تھا اور اس کے چہرے کی پیلاہٹ اور زردی، میں یہاں اتنی دور بیٹھے ہوئے بھی دیکھ سکتا تھا۔ حاجی رزاق نے ایک ٹھنڈی آہ بھری اور اس کی جانب اشارہ کیا۔

''یہی میری بیٹی رباب ہے...... اس کی ابتر حالت کا اندازہ آپ خود کر سکتے ہیں۔'' دفعتہً رباب کی نظر اٹھی اور اس نے شدید غصے اور بے چینی سے ادھر ادھر دیکھا اور پھر اس کی نظر تیر کی طرح ایک سیدھ میں شیشے کی اس دیوار سے پرے بیٹھے ہم لوگوں پر گڑ گئی، حالانکہ پیڑ اور اس برآمدے کا فاصلہ اتنا زیادہ تھا کہ بارش میں ہمارے ہیولے تک باہر سے گزرتے کسی شخص کو واضح نظر نہیں آ سکتے تھے، لیکن رباب نے سینکڑوں گز دور سے ہمارے جانب یوں دیکھا جیسے ہم اس کے بالکل سامنے ہی بیٹھے ہوں۔ اس نے ہاتھ میں پکڑے فوارے کو زور سے ایک جانب پٹخا اور غصے میں پھنکارتی ہوئی، تیز بارش کی لپٹوں سی الجھتی ہوئی ہماری جانب بڑھی۔ طوفانی ہوا نے اس کے سر سے چادر ڈھلکا دی اور جس وقت اس نے شیشے کے دروازے کو توڑ دینے

والے انداز میں دھکا دیا، تب تک اس کا کانچ سے بنا کومل وجود ایسے ڈھل چکا تھا جیسے ابھی ابھی کوئی موتی سمندر کی تہہ سے باہر نکالا گیا ہو۔ اس کا بھیگا گلابی حسن غصے سے سرخ ہو رہا تھا۔ گھنی لٹیں بھیگ کر چہرے سے یوں لپٹی جا رہی تھیں، جیسے بے نقاب فتنے پر حجاب کا پردہ ڈالنا چاہتی ہوں۔ رباب کچھ دیر تک دروازے میں کھڑی غصے سے ہم سب کی جانب دیکھتی رہی اور پھر اس کی نظریں سلطان بابا پر ٹک گئیں جیسے اسے ان کا وجود سخت ناگوار گزرا ہو۔ رزاق صاحب بالکل ہی بوکھلا سے گئے...... "آؤ بیٹا آؤ...... یہ سلطان بابا ہیں...... بہت دور سے تم سے ملنے آئے ہیں اور یہ......" رباب نے باپ کی پوری بات سنے بغیر ہی درمیان میں کاٹ دی۔ "کیوں آئے ہو یہاں......؟" وہ براہ راست سلطان بابا سے مخاطب تھی۔ اب تک اس نے اپنے باپ، یا میری جانب دیکھنے کی زحمت بھی نہیں کی تھی۔ حاجی رزاق نے اسے ڈانٹا۔ "رباب...... یہ کون سا طریقہ ہے مہمانوں سے بات کرنے کا......" رباب نے پلٹ کر ایک نگاہ غلط پہلے حاجی رزاق اور پھر مجھ پر ڈالی اور پھر سلطان بابا کو اسی طرح کھا جانے والی نظروں سے گھورتی ہوئی پلٹ کر وہاں سے چل دی۔ حاجی رزاق نے بے بسی سے ہماری جانب دیکھا۔ "معافی چاہتا ہوں...... لیکن میں خود بھی بے بس ہوں۔" سلطان بابا نے، جو رباب کو دیکھنے کے بعد کسی گہری سوچ میں گم ہو چکے تھے، حاجی رزاق کو تسلی دی کہ اللہ بہتر کرے گا۔

بارش کا زور تو کسی طور کم ہونے میں نہیں آ رہا تھا، لہٰذا سلطان بابا کی فرمائش پر حاجی رزاق نے چند چھتریوں کی پناہ تلے ہی ہمیں پوری حویلی کا دورہ کروایا۔ سلطان بابا نے بطور خاص حاجی رزاق سے دریافت کیا کہ اس مکان کی بیرونی چار دیواری کے حساب سے حویلی کو کل کتنے کونوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے؟ گھر کی اندرونی ساخت کے مطابق حویلی کے کل سات کونے بنتے تھے۔ سلطان بابا نے اسی وقت قریب کھڑے نوکروں میں سے ایک کو بازار بھیج کر پانچ پانچ لمبی لوہے کی سات کیلیں لانے کا کہا۔ سب اپنی دھن میں مگن تھے، لیکن نہ جانے مجھے کیوں مسلسل ایک عجیب سی بے چینی اور الجھن کا احساس ہو رہا تھا، جیسے کوئی اس سارے عمل کی نگرانی کر رہا ہو اور پھر جب ہم حویلی کے پچھلے حصے میں باغ کی جانب والے کونوں میں سلطان بابا کی پڑھی ہوئی کیلیں ایک ایک کونے میں گاڑھ رہے تھے تو اچانک ہی میری نظر رہائشی کمروں کی ان کھڑکیوں کی جانب اٹھ گئی، جو یہاں پچھلے باغ کی جانب کھلتی تھیں، تب میں نے ان میں سے ایک کھڑکی میں رباب کو اپنی آنکھوں میں خون لیے گھورتے ہوئے دیکھا۔ اس وقت وہ غصے میں چوٹ کھائی ہوئی کسی ناگن کی طرح بل کھا رہی تھی۔ چند لمحے کے لیے ہماری نظریں ٹکرائیں تو مجھے اپنی ریڑھ کی ہڈی میں ایک سرد سی لہر اترتی ہوئی محسوس ہوئی۔ وہ نظر کچھ اور ہی تھی...... اپنے اندر ایک پیغام...... ایک دھمکی لیے ہوئے...... ایک جانی دشمن کی نظر...... ابھی میں اس ماہ رخ کی نظر کے پیچ ہی میں الجھا ہوا تھا کہ اچانک گیٹ کی جانب سے کسی کار کی اسکریچ کی آواز سنائی دی اور چند لمحوں بعد ہی ایک وجیہہ نوجوان غصے میں دندناتا ہوا ہماری جانب بڑھا چلا آیا۔ میں اس کے پہلے جملے ہی سے سمجھ گیا کہ وہ رباب کا منگیتر عامر ہے۔ اس نے چھوٹتے ہی کہا "رزاق چچا...... یہ میں کیا سن رہا ہوں...... آپ نے پھر کسی ڈھونگی کو رباب کے علاج کے لیے بلوا لیا ہے...... میرے لاکھ منع کرنے کے باوجود۔" حاجی رزاق گڑبڑا سے گئے۔ "آؤ عامر بیٹا...... ان سے ملو...... یہ سلطان بابا ہیں...... میں نے انہیں......" عامر غصے سے دھاڑا "آئی ڈیم کیئر کہ یہ کون سے بابا ہیں...... میں یہ پوچھ رہا ہوں کہ یہ یہاں کیا کر رہے ہیں......؟" حاجی رزاق کی صورت حال کچھ عجیب سے ہو گئی۔ ان کے داماد نے آتے ہی ان کے مہمانوں کو ڈھونگی قرار دے دیا تھا۔ ایسے میں سلطان بابا نے حاجی صاحب کی مشکل آسان کی اور بولے۔ "کسی کے سچ، یا ڈھونگ کا فیصلہ کرنے کے لیے تم نے

بہت کم وقت لیا نوجوان......ہمیں حاجی صاحب نے نہیں بلایا......ہم دو دن کے مسافر ہیں......خود ہی آئے ہیں، کچھ دیر ستا کر آگے بڑھ جائیں گے......ہمیں کسی سے کچھ لینا دینا نہیں ہے۔'' عامر براہ راست سلطان بابا کی بات سن کر کچھ مخمصے میں پڑ گیا، لیکن تب تک حاجی رزاق سنبھل چکے تھے۔ انہوں نے ذرا سخت لہجے میں جواب دیا۔ ''تم سے ہمیں یہ توقع نہیں تھی عامر میاں......کچھ بھی ہو، مگر میں کسی کو بھی اپنے گھر میں تہذیب کا دامن ہاتھ سے چھوڑنے نہیں دوں گا۔'' عامر غصے سے پلٹا اور زور زور سے پاؤں پٹختا ہوا وہاں سے چلا گیا۔

وہ پورا دن سلطان بابا نے حویلی کے محل وقوع اور اندرونی جائزے میں گزار دیا۔ شام کی چائے پر حاجی رزاق کی بیگم اور ان کی چھوٹی بیٹی نایاب سے بھی ملاقات ہوئی۔ دونوں بیٹیاں شاید ماں ہی کا عکس تھیں۔ نایاب بھی اپنی بہن کی طرح لاکھوں میں ایک تھی، لیکن اس وقت بہن کی پریشانی کی وجہ سے خود بھی کملائی سی تھی، البتہ رباب سے ہمارا دوبارہ سامنا نہیں ہوا۔ رات کو تنہائی میسر ہوئی تو میں نے سلطان بابا سے استفسار کی۔ انہوں نے ایک گہری سی سانس لی۔ ''بڑی آزمائش پڑنے والی ہے ساحر میاں......دعا کرنا کہ خدا ہمیں ثابت قدم رکھے۔'' میں نے الجھن آمیز لہجے میں پوچھا۔ ''کیسی آزمائش......اس لڑکی کے ساتھ آخر مسئلہ کیا ہے......؟'' سلطان بابا نے اپنی تسبیح گھماتے ہوئے جواب دیا۔ ''شاید تمہیں مولوی خضر نے بتایا ہو کہ بظاہر ہماری آنکھوں کے سامنے موجود، اس دنیا کے علاوہ بھی اور بھی بہت سی دنیائیں موجود ہیں......لیکن ہم اپنی آنکھوں اور اپنے ذہن اور عقل کو عطا کی جانے والی محدود بصارت کی وجہ سے اس متوازی اور بالکل ہماری دنیا کے ساتھ جیتی جاگتی اس دنیا کو دیکھنے سے قاصر رہتے ہیں۔ بس، یوں سمجھ لو کہ یہ بھی ایک ایسی ہی متوازی دنیا کے کسی مکین کا ہماری دنیا میں دخل دینے کا معاملہ ہے......اور یاد رہے کہ اس پوری کائنات کا نظام، اس بنیاد اور اصول پر قائم ہے کہ ہر ذی روح اپنے مقرر کردہ دائرے میں سفر کرے اور دوسری دنیا کے محور میں دخل اندازی نہ کرے۔ اسی اصول کی بنیاد پر یہ لاکھوں کہکشائیں، چاند، ستارے اور سیارے گردش کر رہے ہیں اور اس گردش کی ذرا سی بھی غیر قدرتی تبدیلی، یا تغیر کو قیامت سے تشبیہ دی جاتی ہے، کیونکہ اس اصول سے بال برابر انحراف بھی اس قدر تباہی و بربادی کا باعث بن سکتا ہے جو کسی قیامت سے کم نہیں ہوگا۔'' مجھے پوری بات سمجھ میں نہیں آئی۔ ''میں اب بھی آپ کا مطلب نہیں سمجھا......یہاں اس گھر میں کون سی دوسری دنیا کے مکین مداخلت کر رہے ہیں......؟'' سلطان بابا نے تسبیح ختم کر کے خود پر اور مجھ پر پھونکا۔ ''جنات......اس حویلی پر واقعی کسی آسیب کا سایہ ہے۔'' میری حیرت سے وہ سمجھ گئے کہ میں اس ترقی یافتہ دور کی بھاگتی دوڑتی سیٹلائٹ ایج میں اس حقیقت کو ہضم نہیں کر پا رہا ہوں۔ انہوں نے مسکرا کر میری جانب دیکھا۔ ''جنات پر یقین تو رکھتے ہونا......قرآن میں باقاعدہ ان کا کئی جگہ ذکر موجود ہے......اور ان کا مسکن بھی یہی ہماری دنیا ہے......بس فرق صرف اتنا ہے کہ وہ ہم سے مخفی ہیں اور ان کا دائرہ حیات اور معاشرہ ہمارے محور کے بہت قریب ہوتے ہوئے بھی ہم سے یک سر جدا ہے اور عام حالات میں وہ کبھی ہمارے معاملات میں دخل دینے کی کوشش نہیں کرتے۔ البتہ مجھے اس بات پر شدید حیرت ہے کہ اس گھر پر آسیب کا بھاری سایہ ہونے کے باوجود مجھے ابھی تک یہاں کسی شر کا شائبہ تک نہیں ہوا، کیونکہ معاملہ اگر بدی، یا شرارت کا ہوتا تو اب تک وہ مخلوق آسمان سر پر اٹھا چکی ہوتی، حتیٰ کہ اس نے اس وقت بھی کسی طرح کی دخل اندازی نہیں کی، جب میں نے اس کی امکانی بندش کا بندوبست کرنے کا سامان کیا تھا۔ عام حالات میں وہ ایسے موقع پر پلٹ کر جوابی وار ضرور کرتی ہے۔ آگ کے خمیر سے اٹھی اس مخلوق کا برتاؤ بھی کسی نار کی طرح ہی بھڑکیلا، گرم اور جلا دینے والا ہوتا ہے۔ لیکن خلاف توقع اس بار اس کا رویہ بالکل

مختلف ہے اور دھیان رہے، اس بار تمہاری تربیت کا یہ سب سے نازک اور مشکل مرحلہ ہے۔ ہر گزرتا دن تمہیں اس متوازی دنیا کی مزید جہتیں بتا کر جائے گا۔ شرط صرف خود کو سنبھالے رکھنے کی ہے۔ اب تک ہم جس متوازی دنیا کے اسراروں کا صرف تذکرہ ہی کرتے آئے ہیں، ان میں سے ایک متوازی دنیا اپنی مخلوق سمیت خود اس گھر میں موجود ہے......" جانے سلطان بابا کی اس تنبیہ میں ایسا کیا تھا کہ مجھے خود اپنے رونگٹے کھڑے ہوتے ہوئے محسوس ہوئے۔ رات دیر تک بستر پر کروٹیں بدلنے کے باوجود نیند میری آنکھوں سے کوسوں دور تھی۔ اب مجھے سمجھ آنے لگا تھا سکندر اور نائلہ سے ملاقات بھی دراصل میری تربیت ہی کا ایک حصہ تھی، لیکن کیسے؟ دفعتہً میرے ذہن میں ایک ساتھ بہت سے جھماکے ہوئے۔ مولوی خضر نے بہت تفصیل کے ساتھ مجھے زندگی اور موت کا فلسفہ سمجھایا تھا کہ ہم خوامخواہ اپنی جان کی حفاظت کے لیے ہلکان ہوئے جاتے ہیں کہ موت تو خود زندگی کی تب تک حفاظت کرتی ہے، جب تک اس کے نزول کا وقت نہیں آجاتا اور موت زندگی کو خود وہاں کھینچ لاتی ہے، جہاں پر انسان کی آخری سانس لکھی ہوتی ہے۔ مجھے مولوی خضر کا حضرت سلیمان علیہ السلام کے دور کا سنایا ہوا قصہ بھی یاد آیا کہ کیسے جنات خود مرنے والے کی فرمائش پر اسے ہزاروں میل دور وہاں چھوڑ آئے تھے، جہاں وہ اپنی دانست میں موت سے بھاگ کر جانا چاہتا تھا، لیکن ملک الموت کو اسی مقام پر اس کی سانسیں ضبط کرنے کا حکم ملا ہوا تھا۔ تبھی میرے ذہن میں ایک اور بجلی کوندی، تو گویا رحیم پور کی سینٹرل جیل کے اس پھانسی گھاٹ پر کسی اور کی قضا ٹلے تھی، جس کے لیے قدرت نے سکندر کا اتنا لمبا اسکرپٹ لکھ ڈالا تھا۔ سکندر کی سانسیں تو کب کی گنی جا چکی تھیں۔ اس کی موت تو بڑی واضح اور طے شدہ تھی، لیکن نائلہ جو اس پھانسی گھاٹ سے ہزاروں میل دور ایک اجنبی دیس میں بیٹھی ہوئی تھی، اگر وہ واپس اپنے ملک کی فلائٹ لے کر وہاں نہ پہنچتی اور وقت پر پہلے رحیم پور اور پھر جیل تک نہ پہنچ پاتی تو بظاہر اس کی موت کا کوئی امکان بھی نہیں تھا۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ نائلہ کی فلائٹ کیوں مس نہیں ہوئی۔ ٹرین لیٹ کیوں نہیں ہوئی اور وہ اس برستے طوفان سے چند لمحے پہلے رحیم پور تک کیسے آن پہنچی تھی، جب کہ اس کے آنے کے چند لمحے بعد ہی رحیم پور کا واحد پل بھی برساتی ریلے میں بہہ گیا تھا۔ وہ پل نائلہ کی ٹیکسی گزرنے سے پہلے کیوں نہیں بہا؟ گویا سب کچھ پہلے ہی سے طے شدہ تھا۔ نائلہ کو اپنے شوہر کے قاتل کی پھانسی دیکھنے کے بہانے اس پھانسی گھاٹ تک پہنچنا ہی تھا، جہاں اس کی آخری سانس لکھی ہوئی تھی اور اوپر والے کا اسکرپٹ تو دیکھیے کس غضب کا تھا، دنیا کو مرنے والی کی موت کا بہانہ بھی فراہم کرنا تھا قدرت کو۔ لہٰذا اس بہانے کا بھی پورا اہتمام کر لیا گیا تھا۔ سکندر کے ہاتھوں خود اسی کی محبت کے شوہر کو قتل کروا کر اس کی پھانسی کا بندوبست کیا گیا اور پھر انتقام کی آگ میں جلتی نائلہ کو قاتل کے سامنے لا کھڑا کیا، تاکہ پہلے تو وہ اسے پہچان کر معاف کر دے اور پھر خود بھی اس کی موت کے جھٹکے کے ساتھ ہی اپنی سانسیں بھی جاں آفریں کے سپرد کر دے۔ اب پتا نہیں رباب کی اس حویلی میں مجھ پر کون سا بھید اور اسرار کھلنے والا تھا۔ اس متوازی دنیا کی وہ کون سی پرت تھی، جس کا میرے اس کمزور وجود پر انکشاف ہونا تھا۔ میں تو سکندر اور نائلہ کے اس پہلے تجربے ہی سے روح کے آخری ریشے تک نڈھال ہو چکا تھا۔ اچانک ہی مجھے لاعلمی کے سکون پر رشک اور آگہی کے عذاب سے شدید خوف محسوس ہونے لگا۔ مجھے عام لوگوں کی زندگی ایک نعمت لگنے لگی، لیکن آگہی کا یہ راستہ اور دوسری دنیاؤں کے اسرار و رموز کا یہ راستہ بھی تو میں نے خود ہی چنا تھا۔ کیا اس طرح بیچ راہ میں حوصلہ ہار دینا ٹھیک ہوگا؟ میں انہی سوچوں میں گم تھا کہ ایک کھٹکے نے چونکا دیا۔ رات کا تیسرا پہر شروع ہو چکا تھا اور بارش نہ جانے کس وقت تھم چکی تھی۔ پہلے تو میں اسے واہمہ ہی سمجھا، لیکن پھر دوبارہ ویسی ہی آواز پیدا ہوئی، شاید باہر

دالان میں کوئی تھا۔ میرے اور سلطان بابا کے کمرے علیحدہ علیحدہ تھے۔ پہلے میں نے سوچا کہ انہیں بھی جگا دوں، لیکن پھر یہ سوچ کر کہ پچھلی کئی راتوں سے انہوں نے مکمل آرام نہیں کیا، تنہا ہی باہر جانے کا فیصلہ کر لیا۔ جیسے ہی میں نے انیکسی کے شیشے سے بند برآمدے کا دروازہ کھولا تو تیز اور سرد ہوا کے بھیگے جھونکے نے پورے وجود کو جھرجھرا سا دیا اور تبھی وہ گھنگھروؤں کی جھنکار جیسی تیز سرگوشی پہلی مرتبہ واضح طور پر میرے کانوں سے ٹکرائی۔ مجھے یوں لگا جیسے کسی نے میرے کان کے بہت قریب اور دھیرے سے کہا "یاقوط" ہاں...... یہی لفظ تھا۔ سرگوشی کا لب و لہجہ عربی اور انتہائی نستعلیق نہ ہوتا تو شاید میں بھی اردو والے یاقوت اور اس لفظ یاقوط میں فرق نہ کر پاتا۔ لیکن آخری حرف "ط" کی گردان اتنی صاف اور واضح تھی کہ میں نے گھبرا کر پلٹ کر دیکھا، لیکن وہاں دور دور تک میرے سوا کوئی نہیں تھا۔ البتہ سرگوشی اتنے قریب سے کی گئی تھی کہ مجھے ابھی تک اپنے کان کی لو کسی کی گرم سانس کی حدت سے پگھلتی ہوئی سی محسوس ہو رہی تھی۔ میں ابھی اس مخمصے کا شکار تھا کہ دفعتہً میری نظر دور دالان میں چلتے ہوئے کسی سائے پر پڑی ارے...... یہ تو رباب تھی۔ لیکن اندھیری رات اور سناٹے میں وہ اس وقت ننگے سر، بال کھولے کیا کر رہی تھی؟ وہ اس وقت بھی اسی کالے جوڑے میں ملبوس تھی اور اس کا مہتاب چہرہ اس وقت بھی کسی چاند کی طرح چمک رہا تھا۔ میں برآمدے کے سامنے راہداری کے ستون کی اوٹ لے کر اسے دیکھتا رہا۔ رباب کسی معمول کی طرح چلتی ہوئی پیپل کے پیڑ کے سامنے آ کر کھڑی ہو گئی۔ اس کی ہیولے کی غیر واضح حرکتیں یہ ظاہر کر رہی تھیں کہ وہ وہاں کسی سے محو گفتگو تھی۔ میں ستون کی اوٹ سے نکل کر دھیرے دھیرے چلتے ہوئے درخت کے بالکل قریب پہنچ گیا۔ مجھے یہاں سے دھند اور کہر میں لپٹی رباب کا چہرہ تو واضح نظر نہیں آ رہا تھا، لیکن اس کی آواز بالکل واضح سنائی دے رہی تھی۔ وہ کسی سے مخاطب تھی۔ "نہیں...... بہت انتظار کر لیا میں نے...... اب مجھ سے مزید صبر نہیں ہوتا۔ تم ہی بتاؤ کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ تم تو مجھے دیکھ سکو...... جب بھی تمہارا دل چاہے، مجھے اپنی نظر سے نہار سکو...... لیکن میرا من تمہیں دیکھنے کے لیے یونہی ترسا رہے، تڑپتا رہے...... میں بھی تمہیں دیکھنا چاہتی ہوں یاقوط...... میں بھی تمہاری ایک جھلک پانے کے لیے ترس رہی ہوں...... پل پل مر رہی ہو...... میرے صبر کو اور مت آزماؤ...... ورنہ اب میں واقعی تم سے روٹھ جاؤں گی......" یہ رباب کس سے باتیں کر رہی تھی؟ جواب میں کسی نے کچھ کہا، یا نہیں، یہ میں سن نہیں پایا، کیوں کہ اچانک ہی مخالف سمت کی بہت تیز ہوا چل پڑی تھی اور جب ہوا کی لہر رکی تو میں نے بے چینی سے پہلو بدل کر کچھ سننے کی کوشش کی، لیکن اب پھر رباب بول رہی تھی۔ "نہیں...... اور کتنا چھپو گے مجھ سے...... بس، اب اور نہیں سہا جاتا مجھ سے یہ آنکھ مچولی کا کھیل...... دیکھو...... کیا حالت ہو گئی ہے میری...... میں اتنی سخت جان نہیں ہوں یاقوط...... میں مر جاؤں گی...... رحم کرو مجھ پر......" رباب کی حالت بالکل بھکاریوں جیسی ہو رہی تھی۔ آخر یہ کون سی ہستی تھی، جس کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے وہ پری زاد یوں گڑگڑا رہی تھی۔ اب تو میرے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہو چلا تھا۔ میں نے چند لمحے سوچا اور پھر ایک جھٹکے سے درخت کی آڑ سے نکل کر رباب کے سامنے آ گیا۔ وہ کھٹکے سے گھبرا کر پلٹی اور مجھ پر نظر پڑتے ہی اس کے چہرے کی تمام ملامت اور نرمی ایک پل میں غائب ہو گئی۔ وہ بری طرح چلا کر بولی۔ "تم......؟ تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس وقت یہاں آنے کی......"

❀......❀

# آسیب محبت

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

اس ماہ رخ کا چہرہ غصے سے سرخ ہو رہا تھا، لیکن میری ساری توجہ اس ہستی کی جانب تھی، جس کی طرف دیکھ کر رباب بات کر رہی تھی۔ لیکن یہ کیا، سامنے تو کوئی بھی نہیں تھا۔ صرف پیپل کا پیڑ اسی شان سے کھڑا تھا، جس کی اوٹ میں چھپ کر میں نے رباب کی ساری باتیں سنی تھیں۔ وہ پھر زور سے چلائی۔ ”میں پوچھتی ہوں کس کی اجازت سے تم یہاں آئے ہو...... چلے جاؤ یہاں سے...... نکل جاؤ میرے گھر سے...... نکل جاؤ۔“ رباب کی چیخیں بلند ہونے لگیں۔ اتنے میں اندر سے اس کے ماں باپ، بہن اور کچھ نوکر دوڑتے ہوئے باہر نکل آئے۔ دوسری جانب مہمان خانے سے سلطان بابا بھی شور سن کر باہر نکل آئے۔ رباب تب تک بالکل ہی نڈھال ہو کر زمین پر گر چکی تھی۔ اسے فوراً اندر منتقل کر دیا گیا۔ سلطان بابا نے حاجی صاحب کے اصرار کے باوجود انہیں واپس حویلی بھیج دیا کہ وہ جا کر اپنی بیٹی کی خبر گیری کریں۔ میں نے سلطان بابا کو وہیں کھڑے کھڑے ساری بات بتا دی۔ وہ کچھ دیر گہری سوچ میں گم اس پیڑ کی جانب دیکھتے رہے، پھر اچانک بلند آواز سے بولے۔ ”میں جانتا ہوں تمہارا بسیرا یہیں ہے...... اس سے پہلے کہ میں کوئی حتمی قدم اٹھاؤں میں آخری بار تم سے درخواست کرتا ہوں کہ اس لڑکی کو اپنے اثر سے آزاد کر دو...... اگر ان لوگوں سے کوئی بھول چوک ہوئی ہے، یا انجانے میں ان سے تمہیں کوئی تکلیف پہنچی ہے تو انہیں معاف کر دو...... میں تمہیں تمہارا بسیرا چھوڑنے کو نہیں کہتا، تم چاہو تو خود اکیلے، یا پھر اگر دوسرے ساتھی بھی تمہارے ساتھ ہیں تو ان سمیت ہمیشہ یہیں رہ سکتے ہو، لیکن شرط صرف یہی ہے کہ اب تم ان بھلے لوگوں کے ساتھ کوئی چھیڑ چھاڑ نہیں کرو گے...... میں تمہیں بارہ گھنٹے کی مہلت دیتا ہوں...... فیصلہ تمہارے ہاتھ میں ہے......“ سلطان بابا اپنی بات ختم کر کے پلٹے اور مہمان خانے کی جانب چل پڑے۔ میں وہیں حیرت کے سمندر میں گنگ کھڑا، اس بے جان درخت کو دیکھتا رہا کہ وہ اتنی دیر تک کس نادیدہ ہستی سے باتیں کرتے رہے۔ یہاں تو دور دور تک کسی ذی روح کا سایہ تک نظر نہیں آ رہا تھا۔ جب میں واپس کمرے میں پہنچا تو وہ کسی گہری سوچ میں گم بیٹھے تھے۔ اچانک مجھے کمرے میں ایک مانوس سی خوشبو کا احساس ہوا۔ شاید ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں مجھے یاد آیا کہ ٹھیک یہی خوشبو مجھے تب بھی محسوس ہوئی تھی جب سلطان بابا کے ہمراہ پہلی مرتبہ اس حویلی میں قدم رکھا تھا۔ میں نے سلطان بابا سے اس بات کا ذکر کیا تو انہوں نے خشمگیں نگاہوں سے میری جانب دیکھا۔ ”لڑکے...... اپنی آنکھیں اور کان کھلے رکھا کرو، بعض مرتبہ ہلکی سی چوک کا بھی بہت بھاری خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے۔ ہاں! یہ وہی خوشبو ہے اور تم نے شاید غور نہیں کیا کہ یہ خوشبو اس وقت پیپل کے اس پیڑ سے بھی ابھر رہی تھی، جب لڑکی وہاں موجود تھی اور جب میں اس سے باتیں کر رہا تھا، لیکن تمہارے حواس کو منظر نے منتشر کیے رکھا۔ تم جس راہ پر چل رہے ہو، وہاں سارا کھیل ہی حسیات کا ہے۔ حسیات پر عبور حاصل کرو گے تب ہی وجدان تک پہنچو گے......“ میری تربیت کے دوران یہ پہلی سرزنش تھی جو سلطان بابا نے مجھے کی تھی لیکن میری سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ آخر اتنے بہت سے لوگوں نے مجھ سے اتنی بڑی بڑی توقعات کیوں وابستہ کر لی تھیں؟ میں تو ایک بہت معمولی سا انسان تھا، جس کا چند ہفتے پہلے تک

مذہب سے دور دور تک کوئی واسطہ، رابطہ ہی نہ تھا اور پھر ماضی کی کیا بات کروں میں تو حال کے ان دنوں میں بھی اکثر کھانے سے پہلے ''بسم اللہ'' تک کہنا بھول جاتا تھا۔ اگر سلطان بابا میرے ساتھ کھانے میں شریک نہ ہوتے اور وہ زور سے بسم اللہ نہ پڑھتے تو مجھ سے ایسی روزمرہ کی نیکی بھی چھوٹ جاتی تھی۔ تو پھر جب میرے نسیان کی یہ حالت تھی تو ایسے میں عبداللہ، مولوی خضر اور سلطان بابا جیسی بڑی ہستیاں مجھ سے کسی غیر معمولی برتاؤ کی امید کیوں لگائے بیٹھے تھے؟ میں اپنی سوچوں میں گم، بستر پر پڑا کروٹیں بدلتا رہا۔ کہتے ہیں نیند سب سے بڑی چور ہوتی ہے۔ وہ انسان کی آدھی عمر چرا لیتی ہے۔ لیکن مجھے ایسا لگتا تھا کہ مجھ سے یہ چورنی بھی روٹھی ہوئی تھی۔ میں یونہی کروٹیں بدلتا رہا اور نہ جانے کس وقت سلطان بابا نے فجر کی نماز کے لیے میرے کمرے کا دروازہ کھٹکھٹا دیا۔ سلطان بابا نے اس نادیدہ ہستی کو جس وقت بارہ گھنٹے کی مہلت دی تھی، اس وقت رات کے تقریباً ساڑھے تین بجنے کو تھے، مطلب یہ کہ آج سہ پہر تک وہ مہلت ختم ہو جاتی تھی لیکن تیزی سے ڈھلنے کے باوجود ابھی تک کوئی غیر معمولی بات وقوع پذیر ہوتی دکھائی نہیں دے رہی تھی۔ رباب ایک آدھ بار دالان کی طرف آئی، لیکن اس نے ہماری جانب نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ بالآخر عصر کی نماز بھی ہو گئی۔ سلطان بابا نے سلام پھیر کر میری جانب دیکھا۔ ''کیوں میاں...... کیا اب بھی وہ خوشبو محسوس ہو رہی ہے؟'' میں نے حیرت سے ان کے انداز کو ٹٹولا۔ آخر انہیں مجھ سے تصدیق کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ خوشبو تو اس طرح چار سو پھیلی ہوئی تھی۔ میں نے اثبات میں سر ہلایا تو جائے نماز اٹھاتے ہوئے بولے ''چلو تصدیق ہو گئی۔ یاد رکھو...... مشورہ کر لینا بہتر ہوتا ہے۔ حواس خمسہ بھی کبھی کبھار دھوکا دے جاتے ہیں۔'' مطلب یہ کہ یہ خاص خوشبو، جو ہمیں محسوس ہو رہی تھی، اس کا تعلق اس نادیدہ ہستی کی موجودگی سے تھا۔ گویا اس ہستی نے سلطان بابا کی مہلت کا نوٹس نہیں لیا تھا۔ سلطان بابا نے اپنے کمرے کی جانب جاتے ہوئے مجھ سے کہا کہ وہ اپنے کمرے میں کسی خاص دعا میں مشغول رہیں گے اور میں ان کے دروازے کے باہر بیٹھ جاؤں، تب تک کسی کو اس کمرے کے اندر نہ آنے دوں، جب تک وہ خود باہر نہ آجائیں۔ انہوں نے مجھے سختی سے تلقین کی کہ میں نماز بھی وہیں برآمدے ہی میں کمرے کے باہر ادا کروں اور کسی کو بھی انہیں پریشان کرنے سے روکوں۔ میں نے ان کی ہدایت کے مطابق دروازے ہی پر ڈیرا ڈال لیا اور پھر اس دوران پہلے مغرب اور پھر عشاء کی نماز کا وقت بھی ہو کر گزر گیا اور پھر رات ڈھلنے لگی۔ میں گزشتہ رات بھی نہیں سو پایا تھا، اگرچہ یہ جگ رات اب میرے لیے معمول کی بات تھے، لیکن نہ جانے وہ اندھیری رات میری پلکوں پر اس قدر بھاری کیوں ثابت ہو رہی تھی۔ بارہ بجے کے قریب تو مجھے ایسا لگنے لگا کہ اگر میں نے مزید اپنی آنکھیں کھلی رکھنے کی کوشش کی تو میری روح آنکھوں کی پتلیوں سے ہو کر باہر نکل جائے گی۔ جانے کتنی بار میرا سر ڈھلکا اور کتنی بار میں اپنی جھونک میں لڑکھڑا کر پھر سے سنبھل کر بیٹھا۔ ایسی ہی جان لیوا غنودگی کا جانے وہ کون سا لمحہ تھا کہ اچانک کسی نے شیشے والے برآمدے کا دروازہ کچھ اس زور سے دھڑ دھڑایا کہ کمزور سی چٹخنی علیحدہ ہو کر ایک جانب ڈھلک گئی اور دروازے کے دونوں پٹ ایک دھماکے سے جا کھلے۔ میں بوکھلا کر کھڑا ہو گیا۔ دروازے کے بیچوں بیچ وہی حسن بے حجاب اپنی آنکھوں میں خون اتارے کھڑا مجھے گھور رہا تھا۔ رباب کا آنچل ڈھلکا ہوا تھا اور بال کھلے ہوئے۔ ہم دونوں کچھ دیر تک ایک دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے دیکھتے رہے، پھر اس کی سرسراتی سی آواز ابھری۔ ''وہ کہاں ہیں......؟'' غالباً اس کا اشارہ سلطان بابا کی جانب تھا۔ میں نے کمرے کے بند دروازے کی جانب دیکھا ''وہ اس وقت کسی سے نہیں مل سکتے۔ مجھے یہی حکم ہے۔'' اس بار وہ باقاعدہ غرائی ''کیوں نہیں مل سکتے۔ بلایا ہے تو ملنا بھی پڑے گا'' اس نے قدم آگے بڑھائے اور میں باقاعدہ دروازے

کے سامنے کھڑا ہوگیا۔ مجھے اپنی راہ میں مزاحم کھڑا دیکھ کر اس کا غصہ آسمان کو چھونے لگا۔ ''ہٹ جاؤ میرے راستے سے ورنہ.....'' ابھی اس کی بات آدھی منہ میں تھی کہ اندر کا دروازہ کھل گیا اور مجھے اپنی پشت سے سلطان بابا کی آواز سنائی دی۔ ''اسے اندر آنے دو عبداللہ میاں.....ہم اسی کا انتظار کر رہے تھے۔'' میں الجھن آمیز حیرت لیے سامنے سے ہٹ گیا۔ وہ تنتناتی ہوئی اندر چلی گئی۔ میں نے بھی اس کے پیچھے قدم بڑھا دیئے۔ وہ سلطان بابا کے بالکل سامنے جاکر دوزانوں ہوکر بیٹھ گئی اور ان کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولی۔ ''آپ ہمیں کیوں تنگ کر رہے ہیں؟'' میں نے حیرت سے اسے دیکھا۔ اس نے جمع کا صیغہ استعمال کیا تھا، جب کہ وہاں وہ فرد واحد تھی۔ سلطان بابا نے غور سے اس کی جانب دیکھا۔ ''میں نے پہلے ہی تمہیں خبردار کر دیا تھا کہ بارہ گھنٹے کی مہلت کے بعد مزید مہلت نہیں ملے گی۔ تم میرا سامنا کرنے سے کیوں کتراتے ہو۔ اس معصوم کا سہارا کیوں لے رہے ہو.....؟''

مجھے کچھ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ ان دونوں کے درمیان یہ کس قسم کی گفتگو جاری تھی۔ یہ سوال کس سے کیے جا رہے تھے اور جواب کون دے رہا تھا۔ رباب نے بے بسی سے سر پٹخا اور ادھر ادھر نظر دوڑائی۔ کمرے کے وسط میں پڑی چھوٹی سی تپائی کے نچلے حصے میں ایک قلم اور کاپی رکھے ہوئے تھے۔ اس نے ہاتھ بڑھا کر دونوں چیزیں اٹھالیں اور جلدی سے چند حرف گھسیٹ کر کاغذ پھاڑا اور سلطان بابا کے حوالے کر دیا۔ بابا نے غالباً مجھے سنانے کے لیے بلند آواز میں تحریر پڑھی۔ ''میں آپ سے الجھنا نہیں چاہتا، نہ ہی میں رباب کے نازک اور کومل وجود پر طاری ہوکر اور اسے اذیت دے کر آپ سے دوبدو بات کرنا چاہتا ہوں، آپ کو سلیمان علیہ السلام کا واسطہ..... آپ ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دیں۔'' سلطان بابا نے کاغذ ایک جانب رکھا۔ ''میں بھی تو یہی چاہتا ہوں کہ تم اس لڑکی کو اس کے حال پر چھوڑ دو.....تم نے اب تک اسے، یا اس کے گھر والوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا۔ یہی تمہاری شرافت کی دلیل ہے..... لیکن تمہارا سحر بھی اس بنت آدم کے کومل وجود پر بے حد گراں ہے۔ دیکھتے نہیں، کیا حالت ہوگئی ہے اس کی.....؟ اس کے حال پر رحم کرو..... بخش دو اسے.....'' رباب نے جھلاہٹ میں جلدی سے مزید چند لائنیں صفحے پر گھسیٹیں اور پھر کاغذ سلطان بابا کو تھما دیا۔ لکھا تھا ''میں اس کا دشمن نہیں ہوں۔ ہم ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں..... آپ ہمارے درمیان نہ آئیں..... میں آپ سے مقابلہ نہیں کرنا چاہتا.....'' اس بار سلطان بابا کی آواز میں ایسی سختی تھی، جو میں نے پہلے کبھی محسوس نہیں کی تھی۔ ''یہ محبت نہیں سحر ہے.....تم ناری ہو اور یہ خاکی ہے.....اس کی روح پر قابض ہوکر اسے اپنے بس میں کرنے کو تم محبت کہتے ہو..... تمہیں تو اس کی زبان بولنے کے لیے بھی خود کو اس کے قلب پر طاری کرنا پڑتا ہے۔ دیکھو، میں نے اب تک حتیٰ الامکان سختی سے گریز کیا ہے۔ مجھے مجبور مت کرو کہ میں آخری حد تک بڑھ جاؤں۔'' تحریری جواب آیا۔ ''میں آپ کی حد جانتا ہوں، اس لیے ملتجی ہوں کہ مجھے میری حد تک نہ دھکیلیں..... ناری اور خاکی کا سوال تو تب اٹھتا، جب بات جسم کے ملاپ کی ہوتی، یہ روح سے روح کے ملن کا مقدمہ ہے..... آپ ٹھیک کہتے ہیں یہ بولی، یہ لفظ بھی میرے نہیں ہیں، لیکن لفظ تو بس رابطے کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ مجھے اس کی دنیا سے رابطے کے لیے یہ ذریعہ بھی اپنانا پڑا تو میں اپنا لوں گا۔ آپ جو شرط بھی لگائیں گے مجھے قبول ہوگی، بس مجھے یہاں سے بے دخل نہ کریں..... مجھے یہیں ایک کونے میں پڑا رہنے دیں۔ میری ذات سے کبھی کسی کو کوئی تکلیف نہیں ہوگی.....'' اس مرتبہ سلطان بابا باقاعدہ گرجے۔ ''بس..... بہت ہوگیا۔ یہ فطرت کے قانون کا معاملہ ہے۔ تمہیں اس لڑکی کی روح پر سے اپنا قبضہ اٹھانا ہوگا، ورنہ.....'' لیکن سلطان بابا کی بات ختم ہونے سے پہلے ہی رباب وہاں سے اٹھ کر واپس چل دی۔

میں نے سائنس کی اصطلاح میں ہپناٹزم کے بارے میں پڑھ ضرور رکھا تھا، لیکن اپنی زندگی میں پہلی مرتبہ کسی کو اس ہپناٹزم کے زیر اثر دیکھا تھا۔ اگر یہ سارا عمل میری آنکھوں کے سامنے نہ ہوا ہوتا تو میں ضرور اسے کسی ایسے ہی ٹرانس کا کرشمہ سمجھتا، لیکن سائنس کی اب تک کی حد انسانی ذہن کی مقرر کردہ ہے، جب کہ عبداللہ لقب پانے کے بعد جس متوازی دنیا کا میں مسافر بننے جا رہا تھا، اس کی سرحد ہی شاید وہاں سے شروع ہوتی تھی، جہاں آ کر سائنس کی حدیں دم توڑ دیتی تھیں۔ یہ کیسا عجیب واقعہ تھا، جو میری آنکھوں کے سامنے وقوع پذیر تھا۔ آسیب کے قصے تو میں بھی بچپن ہی سے سنتا آیا تھا اور بچپن میں تو ہم باقاعدہ ایک دوسرے کو ''الٹے پیروں والی چڑیلوں'' کے قصے سنا سنا کر ڈرایا بھی کرتے تھے۔ شاید رات اور اندھیرے کے خوف سے جو ایک براہ راست تعلق ہوتا ہے ایسے قصوں کو جنم دینے میں اس کا بھی بڑا ہاتھ ہوتا ہے، لیکن یہاں تو آسیب، ایک گل رخ کی محبت میں نہ صرف خود گرفتار تھا، بلکہ اسے اس دل ربا کے محبوب ہونے کا دعویٰ بھی تھا۔ کیا واقعی جن وانس کے درمیان ایسی کسی محبت کا گمان بھی پایا جاسکتا ہے؟ مجھے ایک مرتبہ پھر سے ''محبت'' نامی اس عفریت کی بے پناہ قوت کا اندازہ ہوا۔ یاقوط نامی یہ نادیدہ ہستی، جو عام حالات میں شاید اپنی ایک پھونک سے اس پوری حویلی کو تہس نہس کر سکتی تھی، جو شر اور بگاڑ پیدا کرنے پر آ جاتی تو شاید اسے روکنا بھی ہم کمزور انسانوں کے بس میں نہ ہوتا، لیکن ایک نازک سی لڑکی نے اسے اس قدر مجبور و بے بس کر ڈالا تھا کہ وہ خود سوالی بن کر ہم انسانوں کے آگے ہاتھ باندھ کھڑی تھی۔ بظاہر یہی محسوس ہو رہا تھا کہ یاقوط نے سلطان بابا کی تنبیہ کا اثر نہیں لیا تھا۔ خود سلطان بابا کے ذہن میں بھی یہ بات کہیں نہ کہیں ضرور موجود ہوگی کہ زیادہ سختی لڑکی کے لیے کسی مصیبت کا باعث بھی بن سکتی ہے، کیوں کہ اس حویلی نے اب تک یاقوط کا ایک ہی رخ دیکھا تھا۔ ہم میں سے ہر ایک اپنے اندر بیک وقت صحرا اور ساون ہوتا ہے۔ البتہ ہمارے اندر کا ساون ہمارے اردگرد موجود کسی ایک آدھ خوش نصیب کے اوپر ہی برستا ہے، باقی اپنے تو ساری عمر ہمارے اندر کے صحرا کی تپش ہی جھیلتے رہتے ہیں۔ یاقوط کے اندر کا ساون بھی صرف رباب کی حد تک ہی تھا اور ڈھلتی ہوئی وہ بھیگی رات مجھے ہر پل یہ کہتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی کہ اگلے چند گھنٹوں میں اس کے صحرا کی پیاس ہمارے حلق میں کانٹے چبھو جائے گی۔

فجر کی نماز پڑھتے ہی سلطان بابا نے چند پڑھی ہوئی میخیں اٹھائیں اور میرے ہاتھوں انہیں ٹھیک پیپل کی جڑوں کے قریب گاڑھ دیا اور شاید ٹھیک اسی وقت رباب کی حالت بگڑنے لگی تھی۔ سورج نکلنے تک اس کی وحشت اس قدر بڑھ چکی تھی کہ اسے قابو میں رکھنے کے لیے اس کی ماں اور بہن کو باقاعدہ جکڑنا پڑ رہا تھا۔ شاید گھر کے کسی نوکر نے عامر کو بھی خبر کر دی تھی اور صبح ساڑھے نو بجے کے قریب وہ اپنے سینئر ڈاکٹر اور نفسیات کے ایک پروفیسر کے ساتھ حویلی آ پہنچا۔ ہمیں اپنی منگیتر کے پاس دیکھ کر اس کی تیوری چڑھ گئی۔ ''آپ لوگ ابھی تک یہیں ہیں۔ پلیز آپ لوگوں کو جو چاہیے۔ وہ لے کر یہاں سے چلتے بنئے۔ میں اپنے سینئر کولیگز کو لے کر آیا ہوں۔ یہ سیدھا سادہ ہسٹریا کا کیس ہے۔ آپ اس میں کچھ نہیں کر سکتے، لہٰذا دخل اندازی نہ کریں تو بہتر ہوگا۔'' رباب خشمگیں نگاہوں سے ہماری طرف دیکھ رہی تھی۔ نفسیات کے پروفیسر نے اپنی عینک درست کی۔ ''جی جی ...... بالکل ...... دراصل بچی کے لاشعور میں بچپن کا کوئی خوف دوبارہ گیا ہے، جو اس گھر میں آ کر پھر سے اپنی پوری طاقت سے اس پر حملہ آور ہو گیا ہے۔ ہمیں اس کے دل سے یہ ڈر نکالنا ہوگا۔'' سینئر ڈاکٹر نے بھی ہاں میں ہاں ملائی۔ ہسٹریا کی بہت سے اقسام ہوتی ہیں، لیکن ان سب کا علاج ممکن ہے۔ بس ہمیں مریض کے آرام ......'' لیکن اس کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی رباب زور سے چلائی۔ ''چلے جاؤ ...... نکل جاؤ تم سب یہاں

سے......'' حاجی رزاق اور ان کی بیگم لاچار سے کھڑے یہ سارا تماشا دیکھ رہے تھے۔ سلطان بابا نے سکون سے ڈاکٹروں کی ساری بات سنی اور پھر دھیرے سے بولے۔ ''آپ کا مریض آپ کے سامنے ہے۔ آپ جیسے مناسب سمجھیں، اس کی دوا کر سکتے ہیں۔ مجھے بس اس کے لیے دعا کرنے دیں...... کیا مجھے دعا کی اجازت بھی نہیں دیں گے آپ لوگ؟'' سلطان بابا کی بات نے وقتی طور پر انہیں لاجواب کر دیا اور ڈاکٹر صاحبان نے اپنے بکس کھولے اور انجکشن وغیرہ تیار کرنے میں مشغول ہو گئے۔ سلطان بابا مجھے لیے کمرے سے باہر نکل آئے۔

میں بہت دیر اسی پیپل کے نیچے بیٹھا یہ سوچتا رہا کہ سائنس اور روحانیت کا یہ جھگڑا آخر کب تک چلے گا۔ اس بحث سے قطع نظر کہ دنیا میں سائنس پہلے وارد ہوئی تھی، یا روحانیت۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ دونوں علم اپنے اندر ہر سوال کے جواب کی وسعت رکھتے تھے۔ اگر میں نے رباب کو رات کو اس روپ میں نہ دیکھا ہوتا تو مجھے بھی ان ڈاکٹرز کی بات پر یقین کرنے میں کچھ تامل نہ ہوتا، لیکن سائنس تو صرف جسم کے زخموں کو مندمل کرنا جانتی ہے...... اور اگر کسی کی روح گھائل ہو تو وہ کہاں جائے......؟ ہماری زندگی میں دعا کی کیا اہمیت ہے؟ دعا کو عبادت کا مغز کیوں کہا گیا ہے؟ معجزہ کسے کہتے ہیں؟ معجزات اور دعاؤں کا آپس میں کیا رشتہ ہوتا ہے۔ دفعتہً مجھے یوں محسوس ہونے لگا کہ جس متوازی دنیا کے اسرار جاننے کے لیے میں گھر سے نکلا تھا، اس دنیا کے زخموں کی پہلی سائنس ہی ''دعا'' تھی اور اس دنیا کی بیماری اور روگ سحر اور جادو تھا۔ میرے ذہن میں ایک اور عجیب بات بھی آئی کہ جب سائنس نہیں تھی، تب ایسے روگوں کی دوا کیا ہوتی ہوگی؟ میرے خیالوں کا تسلسل اندر سے بلند ہوتی رباب کی چیخوں نے توڑ دیا۔ میں گھبرا کر کھڑا ہو گیا۔ سلطان بابا جانے کب کے مہمان خانے کی طرف جا چکے تھے۔ رباب کے کمرے کی کھلی کھڑکی سے میں نے اسے ڈاکٹروں کے نرغے میں درد اور بے چینی سے تڑپتے ہوئے، زور لگا کر چھوٹنے کی کوشش کرتے ہوئے اور کرب سے چلاتے ہوئے دیکھا۔ سلطان بابا نے مجھے پہلے خبردار کر دیا تھا کہ انہوں نے پیپل کے پیڑ کے گرد یاقوط کے لیے آخری بندش لگا دی ہے اور اب اگلے چند گھنٹے نہایت سخت گزریں گے، کیوں کہ اب وہ نادیدہ ہستی بے ٹھکانہ ہو چکی ہے۔ گویا دوسرے لفظوں میں اب کھلی جنگ کا طبل بج چکا تھا اور سلطان بابا کی پیش قدمی کے بعد اب ہمیں یاقوط کی جوابی کارروائی کا منتظر رہنا چاہیے تھا۔ لیکن رباب اتنی بے چین کیوں تھی؟ کیا یہ کرب اور تکلیف واقعی ایک محبوب پر لگائی گئی پابندیوں کا نتیجہ تھا، یا پھر سینئر ڈاکٹر کے بقول، یہ اسی ہسٹریا اور خوف کی کیفیت تھی جو رباب کے لاشعور میں بہت پہلے سے کہیں چھپا بیٹھا تھا اور روپ بدل بدل کر اس کے سامنے آ کھڑا ہوتا تھا۔ میں انہی سوچوں میں گم اس نازک سی لڑکی کو بے قرار سا تڑپتے ہوئے دیکھ رہا تھا کہ اچانک اس کی نظر مجھ پر پڑ گئی۔ میں کھڑکی سے باہر کافی فاصلے پر، بالکل سیدھ میں پیپل کے پیڑ کے نیچے کھڑا ہوا تھا۔ جانے اس ایک نظر میں کیا کچھ تھا، بے بسی، لاچاری، غصہ، رحم کی فریاد، شکایت اور گلہ۔ مجھے یوں لگا کہ وہ نظر صرف نظر نہیں، کسی گھائل کی آخری آہ ہے۔ جو زہر میں بجھے ایک تیر کی طرح عین میرے دل کے وسط میں پیوست ہو کر رہ گئی ہے۔ میں گھبرا کر کھڑکی کے سامنے سے ہٹ گیا، لیکن اس کے بعد پورا دن ایک عجیب سی بے چینی میرے سارے رگ و پے میں دوڑتی رہی۔ کئی بار جی میں آیا کہ سلطان بابا سے اس بدنصیب کے لیے رحم کی اپیل کر دوں۔ آخر ہمیں کیا حق حاصل تھا، کسی کے خوابوں کی سلطنت کو یوں تخت و تاراج کرنے کا۔ اگر یاقوط نامی کوئی ہیولا رباب کے خوابوں کا مرکز بن چکا تھا اور چاہے وہ صرف ایک سپنا ہی تھا اور رباب کے انتہائی طاقت ور تخیل نے اس خواب کو اس کے سامنے ایک حقیقت کے روپ میں لا کھڑا کیا تھا، تب بھی ہم کون ہوتے ہیں کسی کے خوابوں پر ڈاکا ڈالنے والے؟ اور پھر اس کا منگیتر اور باقی ڈاکٹر اپنی

سی کوشش تو کر ہی رہے تھے، کم از کم ہمیں اس لڑکی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا چاہئے تھا۔ جانے اس لمحے مجھے ایک بات کا شدت سے احساس کیوں ہوا کہ کبھی کبھی یہ دنیا بروں کی وجہ سے اتنی بری جگہ نہیں بنتی، جتنا برا اسے ہم جیسے ''اچھے'' بنا دیتے ہیں۔ رباب کی اس بے کل نظر کے بعد میں خود بھی سارا دن بہت بے چین سا پھرتا رہا۔ سلطان بابا اپنے وظیفے میں مشغول تھے، لہٰذا ان سے اپنی یہ بے کلی بانٹنے کا موقع بھی نہیں مل سکا۔

شام کو پھر وہی ڈاکٹروں کی ٹیم آئی اور پھر سے وہی سارا سلسلہ دوبارہ دہرایا گیا۔ جب وہ لوگ حویلی کے پورچ سے نکل رہے تھے، تب میں وہیں دالان ہی میں موجود تھا۔ سینئر ڈاکٹر، عامر سے کچھ بات کر رہا تھا کہ ''آج کل ڈائی پولر تھیوری آف گریے ویٹیشن (Dipolar Gravitatior Theory) کا بہت چرچا ہے۔ عامر تم انٹرنیٹ پر ضرور اس صفحے کی تفصیلات پڑھنا۔ انسان کا لاشعور اس سے کیسے کیسے کھیل کھیلتا ہے۔ اس کا ہم اندازہ بھی نہیں کر سکتے اور بھئی مغرب تو یہ بات ثابت کرنے پر تلا ہوا ہے کہ ہم بذات خود ایک واہمہ ہیں، ایک حقیقی دنیا کا ساتواں عکس ہیں۔ ایسے میں اگر رباب کسی متوازی دنیا کے خواب کو حقیقت سمجھ بیٹھی ہے تو یہ کوئی انہونی بات نہیں ہے۔ بس ایک ذرا سا سرا مل جائے اس گتھی کا، ہم یہ کیس ضرور حل کر لیں گے۔ یوجسٹ ڈونٹ وری ڈیئر، یہ صرف اور صرف خواب در خواب کی بیماری ہے۔ ہمیں سب سے پہلے رباب کو اس کے آخری خواب سے باہر لانا ہوگا۔ پھر آخر سے پہلا اور پھر دوسرا۔ دراصل وہ خواب میں بھی خواب دیکھ رہی ہے۔ کام مشکل ضرور ہے، لیکن ناممکن نہیں...... لیکن یاد رہے...... بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اگر ہم سے ذرا سی بھی کوتاہی ہوئی اور ہم نے رباب کے خواب در خواب کے تسلسل کو اسی طرح سے توڑا کہ ہم نے اس کے آخری خواب سے پہلے کے کسی خواب کو راستے میں چھیڑ دیا تو پھر ہمارے ہاتھوں سے اس بھول بھلیوں کا یہ راستہ ہمیشہ کے لیے کھو جائے گا اور رباب یونہی ساری عمر کے لیے بھٹکتی رہ جائے گی......'' وہ سارے کافی دیر تک وہیں سر جوڑے رباب کی بیماری پر بحث کرتے رہے۔ تو گویا نفسیات کی اصطلاح میں رباب پیاز کی تہوں کی طرح تخیل کے جال میں پھنس گئی ہے اور اب اسے اس خوابوں کی دنیا سے نکالنے کے لیے پیاز کی آخری تہ سب سے پہلے کھولنی ہوگی اور پھر ترتیب وار اسے اس تخیل کے جالے سے نکالنا ہوگا اور اس سارے عمل میں اگر کہیں غلطی سے بھی کوئی غلط تہ کھل گئی تو رباب ہمیشہ کے لیے اپنے اسی خواب کی تہہ کی قیدی بن جائے گی۔

اچانک ہی مجھے یوں محسوس ہونے لگا کہ کہیں میں خود بھی تو کسی ایسے ہی خوابوں کے جالے میں پھنسا وقت کا شکار تو نہیں ہوں۔ خود مجھے بھی تو ایسے ہی منظر دکھائی دیتے رہتے ہیں۔ میرے ذہن میں بھی چند لمحوں کے بعد مستقبل کے جھماکے ہوتے رہتے ہیں، کہیں درگاہ میں داخلے کے وقت سے لے کر اب تک میں خود بھی کسی خواب در خواب سلسلے کا شکار تو نہیں ہوتا گیا تھا؟ یا خدا...... یہ کیسے بھید، کیسے راز تھے؟ میں اسی الجھن کے تانے بانے بنتا اور ادھیڑتا رہا۔ جانے کب رات ڈھلی اور کب حویلی میں سناٹے نے اپنا راج پھیلایا، مجھے اندازہ ہی نہیں ہوا۔ سلطان بابا تو ویسے بھی عشاء کی نماز کے بعد اپنے کمرے میں جا چکے تھے اور جاتے وقت وہ خاص طور پر مجھے تاکید کر کے گئے تھے کہ انہوں نے یاقوط کے غیر مرئی وجود کے لیے پوری حویلی ہی کو بندش لگا کر جائے ممنوعہ میں تبدیل تو کر دیا ہے، لیکن وہ اتنی آسانی سے ہتھیار ڈالنے والوں میں سے نہیں ہے، لہٰذا اسے جہاں سے بھی ایک ذرا سی بھی درز، یا کوئی ایسی جھری ملی کہ جس سے وہ پھر سے خود کو اس ماحول میں تحلیل کر سکے تو وہ ایک لمحے کی تاخیر کے بنا، اپنی پوری طاقت سے اس موقعے کا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرے گا۔ اس لیے میں اگر ذرا سی بھی کوئی خلاف معمول حرکت، یا بات محسوس کروں تو فوراً انہیں مطلع

کردوں۔ میں اسی فکر میں اپنے ذہن کے ریشے ادھیڑتا رہا اور رات بھیگتی گئی۔ شاید ساڑھے تین کے آس پاس کا کوئی وقت ہوگا کہ اچانک ہی میرے سارے جسم کے رونگٹے کھڑے ہونا شروع ہو گئے۔ وہی مخصوص سی خوشبو مجھے اپنے اطراف تیرتی ہوئی محسوس ہوئی۔ میں نے کئی بار سر جھٹک کر خود کو یہ یقین دلانے کی کوشش کی یہ میرا وہم ہے۔ سلطان بابا نے پوری حویلی کے گرد ایک غیر مرئی آہنی دیوار اٹھا رکھی تھی، جس میں کوئی چھید، کوئی نقب لگانا ناممکن تھا تو پھر یہ خوشبو کیسی......؟ اچانک باہر دالان میں کوئی کھٹکا سا ہوا۔ میں بوکھلا کر کھڑا ہو گیا۔ آواز پیپل کے پیڑ کی جانب ہی سے آئی تھی۔ میں نے چند لمحے سلطان بابا کے کمرے کی جانب سے کسی حرکت کی توقع میں انتظار کیا، لیکن اسی اثناء میں دوسرا کھٹکا ہوا اور میرے قدم میکانکی انداز میں باہر کی جانب اٹھ گئے۔ میں نے برآمدے کا دروازہ کھولا تو سرد بھیگی ہوا کے ایک جھونکے نے میری سوئی ہوئی روح تک کو پہلی سلامی دے کر جگا دیا۔ باہر دالان میں بھی وہی خوشبو پھیلی ہوئی تھی اور اس کی مہک کی شدت اندر برآمدے سے کہیں زیادہ تھی۔ میں جلدی سے ننگے پاؤں ہی باہر نکل آیا تھا۔ گھاس پر جمی شبنم کے قطرے کسی تیز برچھی کی نوک کی طرح میرے تلووں میں پیوست ہو کر میرے وجود کو چھیدتے ہوئے میری آنکھوں سے بہہ نکلے۔ مجھے لگا کہ جیسے وہ خوشبو مجھ سے کہہ رہی ہے۔

تیری ہر چاپ سے جلتے ہیں خیالوں میں چراغ
جب بھی تو آئے...... جگاتا ہوا جادو آئے
تجھ کو چھو لوں تو پھر اے جانِ تمنا
مجھ کو دیر تک اپنے بدن سے تیری خوشبو آئے

پیپل کے پیڑ کی جانب سے ایک آہٹ بلند ہوئی۔ میں چونک کر پلٹا، کسی کا نازک وجود فضا میں پھیلی دھند اور کہرے پر تیرتا ہوا سا میری جانب بڑھ رہا تھا۔ میں نے اپنی پوری بصارت کو اپنی دو آنکھوں میں سمو کر کہرے کی اس سفید چادر کو چیرنے کی کوشش کی۔ سیاہ لباس میں ملبوس اس نازنین کا آنچل ڈھلکا اور میرے وجود میں روشنی کے کئی مینار پھوٹ پڑے۔ میرے سامنے زہرا بے نقاب کھڑی تھی۔ ہاں...... وہی...... میری اپنی...... زہرا۔

# صلیب عشق

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

ہاں وہ زہرا ہی تھی اور وہی اس کا روح کے اندر تک جذب ہو جانے والا حسن تھا لیکن وہ یہاں سینکڑوں میل دور، رات کے اس سناٹے میں کیا کر رہی تھی۔ وہ مجھے یونہی ایک ٹک دیکھتی رہی۔ دفعتہً مجھے یوں محسوس ہوا کہ میرا وجود ایک پل میں ہی کئی من بھاری ہو گیا ہے۔ میرے کاندھوں میں اس اچانک بوجھ کی وجہ سے شدید درد اٹھا لیکن شاید میں زہرا کو اپنے سامنے پا کر یہ سب بھول ہی گیا۔ میں لپک کر اس کے پاس پہنچا۔ "آپ یہاں......؟ اس وقت......لیکن کیسے......؟" زہرا اپنی مخصوص سی دھیمی مسکراہٹ اپنے کومل ہونٹوں میں دبا کر بولی۔ "کیوں...... میں یہاں نہیں آ سکتی......؟ کیا سبھی کرامات صرف آپ کے لیے ہی مخصوص ہیں......؟......" میں لاجواب سا ہو گیا لیکن میری الجھن فزوں تر ہوتی گئی...... "لیکن پھر بھی...... میرا مطلب ہے......؟" اس نے اپنے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر مجھے خاموش رہنے کا اشارہ کیا۔

"بس اور کچھ نہ کہو...... جانے کتنی صدیوں سے تمہاری ایک جھلک دیکھنے کے لیے میری یہ پیاسی آنکھیں، خشک اور بنجر پڑے ہیں۔ خاموش رہو اور میرے من پر اپنی شبیہ کا ساون برسنے دو......" میں نے چونک کر زہرا کو دیکھا۔ اس نے آج تک کبھی مجھے "تم" کہہ کر مخاطب نہیں کیا تھا لیکن اس کی محویت اور بے خودی کا یہ عالم تھا کہ اس وقت وہ دنیا و مافیہا سے بے خبر دکھائی دے رہی تھی۔ اس نے میرا ہاتھ تھاما اور ہم پیپل کے پیڑ کی اوٹ میں آمنے سامنے بیٹھ گئے۔ جو لوگ زندگی میں اس صلیب عشق پر اپنا وجود وار چکے ہیں وہ ضرور جانتے ہوں گے کہ خاموشی اور تنہائی کے ایسے چند لمحے جب ہونٹ خاموش ہوتے ہیں اور صرف سانسیں بولتی ہیں۔ یہ لمحے سات جنم میں بھی صرف ایک آدھ بار ہی کسی نصیب والے کا مقدر بنتے ہیں۔ لیکن کچھ منظر ایسے ہوتے ہیں کہ ہماری روح ان سے کبھی سیراب نہیں ہوتی، جن سے ہماری آنکھیں کبھی نہیں تھکتیں۔ جن کو نہارنے کے دوران ہمیں اپنی پلکیں موندھنے کا وقفہ بھی صدیوں جیسا لمبا اور اذیت ناک لگتا ہے کہ جس مقام پر پہنچ کر ہمیں دنیا میں آنے کا مقصد حاصل ہو جاتا ہے اور جس کے بعد اپنی پہلے گزری اور بعد میں بسر ہونے والی ساری زندگی صرف اور صرف وقت کا ضیاع ہی لگتی ہے۔ وہ لمحہ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ نہ جانے ہم دونوں کتنی دیر تک یونہی چپ چاپ بیٹھے رہے۔ مجھے یوں لگ رہا تھا کہ کچھ دیر کے لیے میرا تمام حافظہ میرے ذہن کی سلیٹ سے مٹ سا گیا ہے۔ صبح کی سپیدی پھیلنے سے کچھ دیر قبل وہ کھڑی ہوئی۔ "اب میں چلتی ہوں......کل پھر اسی وقت یہیں ملاقات ہوگی لیکن دھیان رہے...... میرے یہاں آنے کی خبر کسی کو نہیں ہونی چاہئے...... ورنہ میرا یہاں آنا مشکل ہو جائے گا......" میری زبان سلب ہی رہی اور وہ دھیرے دھیرے دھند کی چادر میں بہتی ہوئی اندھیرے کا حصہ بن گئی۔ میرا جسم تپ رہا تھا۔ میں لڑکھڑاتے ہوئے قدموں سے آ کر اپنے بستر پر گر گیا اور صبح جب میں فجر کی نماز قضا ہو جانے کے باوجود سلطان بابا کے کمرے میں نہیں گیا تو روشنی ہونے کے بعد وہ میرے کمرے میں آئے اور میرا جسم چھوتے ہی انہیں میرے شدید بخار کا پتا چل گیا۔ حاجی رزاق تو بالکل ہی بوکھلا گئے اور میں نیم بے ہوشی کی حالت میں بھی اپنے ماتھے پر ٹھنڈی پٹیوں کی سرد لہر محسوس کرتا رہا جو شاید

حاجی رزاق کا نوکر وقفے وقفے سے میرے ماتھے پر رکھ رہا تھا۔ عصر تک میری جان میں کچھ جان آئی۔ آنکھیں کھولیں تو سلطان بابا کو اپنے سرہانے متفکر سا بیٹھا دیکھ کر میں نے جلدی سے اٹھنے کی کوشش کی تو انہوں نے مجھے دوبارہ لٹا دیا۔ ''لیٹے رہو میاں...... یہ بخار اچانک کہاں سے پال لیا......؟'' میں نے انہیں رات کا واقعہ بتانے کی کوشش کی لیکن میرے لفظ کھو سے گئے تھے۔ شدید تھکن اور نقاہت کے مارے میرے منہ سے صرف ''ہوں، آں'' کے علاوہ کچھ نہیں نکل پایا۔ میں نے اشارے سے انہیں بتایا کہ میں گھٹن محسوس کر رہا ہوں، لہٰذا مجھے باہر کھلی فضا میں لے جائیں۔ باہر شام کی ٹھنڈی ہوا نے میرے حواس کافی حد تک بحال کر دیے۔ باہر اس وقت سب کچھ معمول کے مطابق تھا۔ ہاں البتہ ایک بات ضرور خلاف معمول تھی۔ آج رباب بالکل پرسکون دکھائی دے رہی تھی۔ میری کرسی دالان میں جہاں ڈالی گئی تھی وہاں سے میں عامر اور اس کے ڈاکٹروں کی ٹیم کو اپنی پہلی کامیابی پر خوشی مناتے ہوئے بخوبی دیکھ سکتا تھا۔ عامر اپنے سسر کو یقین دلا رہا تھا۔ ''میں نے آپ سے کہا تھا نا کہ یہ خاص نفسیات کا مسئلہ ہے۔ آپ نے دیکھا، ڈاکٹر ذاکر کے کل کے پہلے ہی ڈوز نے کتنا اثر ڈالا ہے اور آج رباب کس قدر پرسکون ہے......؟ آپ خواہ مخواہ ہی وسوسوں میں پڑے ہوئے تھے، دنیا کی ایسی کوئی بیماری نہیں ہے جس کا علاج سائنس کے پاس نہ ہو۔'' حاجی رزاق کے چہرے پر بھی اطمینان کے آثار دکھائی دے رہے تھے۔ کچھ لمحوں کے لیے رباب دالان کی طرف نکلی تو میری نظر دور سے اس کے شانت وجود پر پڑی۔ اچانک وہ پلٹی اور اس کی نظر میری نظر سے ملی۔ مجھے یوں محسوس ہوا جیسے کئی گز دور ہونے کے باوجود اس کی وہ دو بڑی کالی اور سلگتی ہوئی سی آنکھیں بالکل میری گھائل آنکھوں کی پلک سے پلک جوڑے مجھے گھور رہی ہیں۔ وہ چند لمحے مجھے یونہی دیکھتی رہی اور پھر پلٹ کر اندر چلی گئی۔ اور میرا جسم پھر سے اسی بے پناہ بوجھ تلے دبتا گیا لیکن میں پھر چاہ کر بھی سلطان بابا کو کچھ نہیں بتا پایا۔ وہ میری بیماری کی وجہ سے پہلے ہی کافی پریشان تھے اور میں ان کے چہرے پر مستقل ایک بے چینی اور تفکر کا سایہ دیکھ رہا تھا۔ جب بھی میری ان سے نظر ملتی وہ مجھے میرے چہرے پر کچھ ڈھونڈتے سے ہوئے نظر آتے۔ سچ تو یہ ہے کہ میں کچھ ہی دیر بعد ان کی کھوجتی نظر سے کچھ خوف سا محسوس کرنے لگا تھا۔ لہٰذا مغرب کے قریب میں سرد ہوا کا بہانہ کر کے وہاں سے اندر اپنے کمرے میں اٹھ آیا۔ میرا رواں رواں اس وقت آدھی رات کا وقت جلد از جلد ہونے کے انتظار میں جلا جا رہا تھا لیکن یہ ستم گر وقت تھا کہ لمحوں کو صدیوں میں تبدیل کر کے کٹ رہا تھا۔ اوپر سے سلطان بابا کی وہ کڑکتی نظر، جو مجھے اپنے وجود کے اندر گڑھتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی۔ خدا خدا کر کے عشاء کی نماز کے بعد وہ اپنے کمرے میں چلے گئے اور میں نے سکون کی سانس لی لیکن وقت ٹالنے کا جان لیوا مرحلہ اب بھی ویسے ہی درپیش تھا۔ میں دھیرے دھیرے سے اٹھ کر برآمدے میں آ کر بیٹھ گیا اور اپنی نظروں میں سات جنموں کا انتظار لے کر اس جانب دیکھنے لگا جہاں سے کل رات زہرا آئی تھی اور پھر وہی گھڑی کی ٹک ٹک اور وہی میری پلکوں کی سوئیاں...... شاید میری قضا سے کچھ لمحے پہلے وہی آہٹ ابھری اور میں یوں لپک کر باہر نکلا کہ جیسے شدید پیاس میں دم توڑنے والے کسی زخمی کے لب پانی کے آخری بچے ہوئے قطرے کے لیے کھلتے ہیں۔ باہر وہی خوشبو پھیلی ہوئی تھی۔ میں تیز قدموں سے پیپل کے پیڑ کے عقب میں پہنچ گیا۔ کچھ ہی لمحوں میں میری سماعتوں کو نئی زندگی بخشنے والی قدموں کی چاپ ابھری جو ہمیشہ ہی میرے دل کی دھڑکنوں کو اتھل پتھل کر دیتی تھی۔ زہرا اسی جانب سے چلتی ہوئی آئی اور آ کر میرے مقابل کھڑی ہو گئی اور گزشتہ رات ہی کی طرح میں پھر سے وہ سارے سوال بھول کر مبہوت سا کھڑا اسے دیکھتا رہا۔ جتنی مرتبہ زہرا میرے سامنے آئی تھی، چاہے درگاہ میں، یا چاہے کہیں اور...... ہر بار میری یہی حالت ہوئی تھی۔ اس کے یاقوتی لب

ملے اور میرے کان میں جیسے پھر سے وہی انجان سرگوشی سی ہوئی۔ وہ دھیرے سے مسکرائی اور بولی" یاقوط.....تم آ گئے.....کتنا انتظار کرواتے ہو....." میں چونکا لیکن اس کی وہ جان فزا مسکراہٹ مجھے کب کچھ سوچنے دیتی تھی۔ وہ دو قدم بڑھا کر میرے اور قریب آ گئی اور اس کی مہکتی ہوئی سانسیں میری شہ رگ کو چھو کر میری رگ جان میں ایک نئی زندگی بھر گئیں۔ جانے لوگوں نے زندگی کو صرف سانس لینے سے کیوں متصل کر رکھا ہے۔ زندگی تو کچھ اور شے ہے۔ سانس لینے اور جینے سے بہت بڑھ کر، بہت سوا ہے، جیسے زہرا کے میرے قریب آنے کا وہ لمحہ۔ لیکن اس سے پہلے کہ میں زندگی کی وہ لہر اپنی روح میں سینچتا، ایک چنگھاڑتی ہوئی دھاڑ سنائی دی۔ "عبداللہ....." میں گھبرا کر پلٹا اور سلطان بابا کو اپنے پیچھے غصے میں تنتناتے ہوئے آتے دیکھا۔ زہرا نے ڈر کر میرا ہاتھ پکڑ لیا اور بولی۔ "یہ شخص ہمیں جدا کرنے آ رہا ہے یاقوط..... مجھے اس سے بچالو..... بچالو مجھے۔" میں نے بھی زہرا کو بچانے کی خاطر خود کو اس کی ڈھال بنا لیا۔ سلطان بابا کی آنکھوں سے غصے کے مارے چنگاریاں سی نکل رہی تھیں۔ وہ میرے قریب آئے اور بنا کچھ کہے ان کا ہاتھ اٹھا اور پوری قوت سے گھوم کر میرے چہرے پر ایک زوردار چانٹے کا نشان چھوڑ گیا۔ تھپڑ تھا، یا کوئی بجلی کا جھٹکا، ایک ہی لمحے میں میرا سر کچھ اس طرح چکرایا کہ مجھے ساری دنیا ہی گھومتی ہوئی محسوس ہوئی۔ زمین پر گرنے سے پہلے میری بند ہوتی آنکھوں نے پلٹ کر زہرا کی طرف دیکھنے کی کوشش کی لیکن وہاں رباب کو کھڑے دیکھ کر میرے رہے سہے حواس نے بھی میرا ساتھ چھوڑ دیا اور میرا ذہن مکمل تاریکی میں ڈوب گیا۔

جب مجھے ہوش آیا تو دن کا اجالا پھیل چکا تھا۔ میں اپنے کمرے میں اپنے بستر پر ہی موجود تھا لیکن میرا سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ آنکھوں میں جیسے بیک وقت کسی نے سینکڑوں سوئیاں پرو دی تھیں۔ سلطان بابا میرے سرہانے ہی آنکھیں موندھے بیٹھے ہوئے تھے۔ آہٹ ہونے پر انہوں نے بھی آنکھیں کھول دیں۔ "اب کیسی طبیعت ہے میاں.....؟" میں کچھ بول نہیں پایا۔ مجھے صرف اتنا ہی یاد تھا کہ رات کو میں زہرا کے قریب کھڑا تھا اور پھر بے ہوش ہو گیا تھا۔ لیکن رباب وہاں کہاں سے آ پہنچی تھی۔ سلطان بابا نے میری آنکھوں میں ابھرتے سوال پڑھ لیے اور گہری سی سانس لے کر بولے۔ "شکست انسان کا مقدر تب بنتی ہے جب وہ اپنے قلعے کی ہر درز، ہر روشن دان، ہر دروازے پر پہرے بٹھا کر مطمئن ہو کر بیٹھ جائے، بنا یہ جانے کہ وہ جن پہرے داروں کو پہرے پر چھوڑ آیا ہے دشمن انہی میں سے اپنا راستہ تلاش کرنے کی دھن میں ہے۔ اس نے تمہی پر کمند ڈال کر میرے قلعے میں نقب لگائی ہے میاں..... بڑی بھول ہوگئی مجھ سے..... سبھی جگہوں پر بندش لگا دی لیکن تمہیں بھلا دیا۔ سچ ہے، انسان خطا اور نسیان کا پتلا ہے....." میں نے حیرت سے ان کی جانب دیکھا۔ اتنے میں باہر سے رباب کی چیخیں بلند ہونے کی آوازیں آنے لگیں اور پتا چلا کہ اس کی حالت پھر سے بری طرح بگڑ چکی ہے۔ سلطان بابا کی باتیں سن کر میرے تو ہوش ہی اڑ گئے۔ انہوں نے بتایا کہ شاید جس وقت میں رباب کی کھڑکی کے سامنے کھڑا اسے ڈاکٹروں کے نرغے میں تڑپتا ہوا دیکھ رہا تھا اور کچھ لمحوں کے لیے میرا دل رباب اور یاقوط کی ماورائی سی محبت کے لیے نرم پڑ رہا تھا، شاید اسی وقت اس نادیدہ ہستی نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ اسے سلطان بابا کے آہنی حصار میں کہاں سے نقب لگانی ہے اور اسی رات اس نے میرے وجود پر اپنا قبضہ مضبوط کر لیا تھا۔ ساتھ ہی ساتھ رباب جو جانے کب سے یاقوط کو کسی سانچے، کسی روپ میں دیکھنے کی خواہش میں فنا ہوئی جا رہی تھی اسے بھی اپنے محبوب کو کسی انسانی صورت میں اپنی آنکھوں سے نہارنے کا موقع مل گیا۔ میرے حواس کو اس زور آور ہستی نے کچھ اس طرح سے جکڑا کہ خود مجھے بھی رباب نہیں، زہرا ہی دکھائی دی۔ بقول سلطان بابا وہ مجھے وہی کچھ دکھا رہا تھا جو میں دیکھنا چاہتا تھا۔ میرے من میں بنے عکس کو ہی اس نے

رباب کے وجود کے آئینے سے بدل کر رباب کو زہرا کی صورت میں مجھے دکھایا۔ جس وقت سلطان بابا میرے ساتھ ہوئی اس ''واردات'' کی خبر مجھے سنا رہے تھے اس وقت بھی میرا پورا بدن بخار سے تپ رہا تھا۔ یہ جذبے کیا اتنے طاقت ور بھی ہو سکتے ہیں کہ وہ ہمارے جسم میں، ہماری رگوں میں داخل ہو کر اور ہماری نسوں میں خون بن کر اس طرح دوڑ سکتے ہیں کہ وہ ہمارے اندر کی ساری فزیالوجی بدل سکتے ہیں؟ بظاہر اس کے علاوہ مجھے اپنے بخار کی اور کوئی وجہ سمجھ نہیں آ رہی تھی۔ میں سلطان بابا سے بھی شرمندگی سی محسوس کر رہا تھا کیوں کہ ان کی ساری محنت صرف میرے اس کمزور وجود کی وجہ سے مٹی میں مل گئی تھی۔ دوسری طرف باہر دالان میں عامر اور باقی سارے ڈاکٹروں کی ٹیم اس بات کی کھوج میں اپنا سر پیٹ رہی تھی کہ آخر ۲۴ گھنٹے میں ہی ایسی کیا کایا پلٹ ہوگئی کہ سب کچھ تلپٹ ہو کر رہ گیا تھا اور رباب ایک بار پھر سے ہتھے سے اکھڑ گئی تھی۔ جیسے جیسے شام ڈھلتی گئی میرے اندر بے چینی کی سوئیاں پیوست ہوتی گئیں اور مکمل اندھیرا ہونے تک میں خود آگ سے بنا ایک آتش فشاں بن چکا تھا۔ میرے وجود کا قابض اپنے خونخوار پنجے میری روح میں دھیرے دھیرے گاڑھ رہا تھا اور کرب اور بے چینی سے میں اپنا سر ادھر ادھر پٹخ رہا تھا۔ وہاں رباب کی بھی یہی حالت تھی۔ سلطان بابا دو قدم میرے دروازے میں رکتے تو اگلے ہی لمحے حاجی صاحب کے بلاوے پر انہیں اندر زنانے کی طرف دوڑ لگانا پڑتی تھی۔ مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے میرے وجود کے اندر قطرہ قطرہ کر کے کوئی سیاہ سیال مادہ ٹپکایا جا رہا ہے جو میرے سرخ خون میں شامل ہو کر میرے وجود کے اندر تاریکی بھر رہا ہے۔ میری سانسیں غراہٹ میں تبدیل ہوتی جا رہی تھیں اور میرا دل چاہ رہا تھا کہ میں سب کچھ تہس نہس کر دوں۔ میری حالت دیکھتے ہوئے سلطان بابا نے نوکروں کو میرے کمرے کا دروازے باہر سے بند کرنے کی ہدایت کر دی۔ کیوں کہ انہیں خود رباب کی حالت کے پیش نظر زنانے کی طرف بھی توجہ دینا پڑ رہی تھی۔ آخر کار آدھی رات ٹھیک اس لمحے جب میں گزشتہ رات رباب سے ملنے کے لیے دالان کی طرف گیا تھا، میری آواز بھی میرے لیے اجنبی ہو چکی تھی۔ مجھے یوں لگا کہ خود میرے اندر سے اس غراہٹ بھری آواز میں کوئی اور بول رہا ہے۔ میں زور سے چلایا ''سلطان بابا۔۔۔۔۔'' کچھ ہی دیر میں بابا کمرے میں داخل ہوئے تو گھبرائے ہوئے سے حاجی رزاق بھی ان کے ساتھ ہی تھے۔ میں نے تڑپ کر اٹھنے کی کوشش کی لیکن تب مجھے پتا چلا کہ جانے میری غنودگی کے کس لمحے میں حاجی صاحب کے نوکر سلطان بابا ہی کی ہدایت پر میرے ہاتھ میری پشت پر پلنگ کی لوہے والی جالی کے ساتھ باندھ چکے ہیں۔ میں نے زور سے خود کو جھٹکا دیا اور بولا، لیکن وہ لفظ میرے تھے اور نہ ہی وہ لہجہ۔۔۔۔۔ ''آپ اپنی سی ہر کوشش کر کے دیکھ چکے ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے کہ چند لمحوں کی یہ عارضی قید مجھے میری راہ سے ہٹا پائے گی۔۔۔۔۔؟ ۔۔۔۔۔ میں ہر قید توڑ کر اپنی منزل تک پہنچوں گا۔ اب یہ میرا آپ سے وعدہ ہے۔۔۔۔۔ آپ مجھے روک سکیں تو روک لیں۔۔۔۔۔''

سلطان بابا غصے سے گرجے۔ ''مجھے سختی پر مجبور نہ کرو۔ اب یہ کھیل زیادہ عرصہ نہیں چلنے دوں گا میں۔۔۔۔۔'' میں زور سے ہنسا۔ ''اچھا۔۔۔۔۔؟ تو پھر کیا کریں گے۔۔۔۔۔ اپنے اس پیارے شاگرد کو مار ڈالیں گے۔۔۔۔۔؟ یاد رکھئے اب میں اس کے جسم سے کہیں نہیں جانے والا۔۔۔۔۔ مجھے اس کے جسم سے نکالنے کے لیے آپ کو اپنے اس عزیز کے جسم نازک کو اتنی اذیت دینا ہوگی کہ اس کی سانسیں ہی بند ہو جائیں۔ صرف اس کا مردہ جسم ہی میرے اخراج کا باعث بن سکتا ہے۔ تو پھر کہیں۔۔۔۔۔؟ ہے ہمت اپنے شاگرد کو قربان کرنے کی۔۔۔۔۔؟'' سلطان بابا نے غصے اور بے بسی سے اپنے ہونٹ کاٹے اور میں دیوانہ وار قہقہے لگاتے لگاتے درد اور بے چینی سے بے سدھ ہوتا چلا گیا۔ جانے یہ نیند بھی کیسی راحت لکھی ہے قدرت نے ہمارے نصیب

میں۔ درد چاہے کتنا ہی شدید اور مار دینے والا کیوں نہ ہو، یہ ایک مہربان ماں کی طرح اپنی گود میں تھپک تھپک کر ہمیں سلا ہی دیتی ہے اور کچھ وقت کے لیے ہی سہی لیکن ہم اپنا ہر غم، ہر دکھ، درد بھلا کر کسی معصوم بچے کی طرح اس بے رحم دنیا کی گھاتوں سے پیچھا چھڑانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ کاش ہم ساری زندگی ہی یونہی سو کر گزار سکتے تو اپنے دامن پر لگے ان گنت داغوں کی کالک سے تو بچ جاتے۔ لیکن افسوس ہر اچھی چیز کی طرح یہ کم بخت نیند بھی ہم سے دامن چھڑا ہی لیتی ہے۔ سو مجھ سے بھی وہ بے وفا اپنی آنکھیں چرا گئی اور میری آنکھ کھلی تو کمزوری اور نقاہت سے میری پلکیں اٹھانا بھی میرے لیے دو بھر ہو چکا تھا۔ میرے قریب ہی وہ بزرگ پریشان، میرے ہمدم، سلطان بابا چپ چاپ سے بیٹھے ہوئے تھے۔ مجھے اپنی کلائیوں میں جلن اور سوزش کا احساس ہوا۔ میں نے دیکھا تو کٹنے جیسے گہرے سرخ نشان پڑے ہوئے تھے جن میں سے ہلکا ہلکا سا خون رس رہا تھا۔ سلطان بابا نے میرے ہاتھ تھام لیے۔ ''مجھے معاف کر دو ساحر میاں۔ کل رات تمہاری حالت کے پیش نظر میں نے ہی تمہیں باندھنے کا حکم دیا تھا ان لوگوں کو۔'' میں نے تڑپ کر ان کے مہربان ہاتھ سختی سے جکڑ لیے۔ ''یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ میرا یہ بوسیدہ جسم اگر آپ کی راہ کی رکاوٹ بن رہا ہے تو آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ اسے جلا کر ہمیشہ کے لیے فنا کر دیں...... لیکن پھر کبھی ایسی بات منہ سے نہ نکالیے گا۔'' ان کی آنکھیں شاید زندگی میں پہلی مرتبہ میں نے بھیگی ہوئی دیکھیں۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ اندھیرا ہونے کے ساتھ ہی میرے وجود پر اس عفریت کا سایہ قابض ہو جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ فجر سے لے کر مغرب سے کچھ پہلے تک میں اپنے آپ میں رہتا تھا اور پھر میرا یہ جسم میرے لیے پرایا ہو جاتا تھا۔ میرے ذہن میں سوال ابھرا ''تو پھر اس وقت میں خود کہاں ہوتا ہوں؟ کیا خود اپنے ہی ذہن کے کسی پوشیدہ اور خوابیدہ گوشے میں میرا شعور جا چھپتا ہے اور میں خود بھی خواب کی کیفیت میں چلا جاتا ہوں؟'' مجھے خود سے زیادہ سلطان بابا کی فکر تھی۔ وہ تو رباب کو اس سائے سے بچانے کے لیے آئے تھے اور یہاں خود ان کا اپنا شاگرد بھی ان کے لیے عذاب بنتا جا رہا تھا۔ مجھے خود پر شدید غصہ آ رہا تھا اور میرا بس نہیں چل رہا تھا کہ میں خود کو کس طرح سے ان کی راہ کا پتھر بننے سے روکوں۔ میں جانتا تھا کہ وہ میرے اس وجود کی وجہ سے ہی یاقوط سے شکست کھا رہے تھے کیونکہ میرا جسم ان کی راہ میں حائل تھا۔ وہ مجھے اذیت نہیں دینا چاہتے تھے ورنہ اب تک جانے وہ کیا کچھ کر گزرے ہوتے اور یاقوط کو میرے جسم سے نکالنے کا واحد ذریعہ اب شدید اذیت ہی رہ گیا تھا۔ لیکن میں انہیں اس طرح ہارتے ہوئے نہیں دیکھ سکتا تھا۔ میں نے ان کی ہتھیلیاں اپنی آنکھوں سے مس کیں۔ ''میری ایک بات مانیں گے بابا......'' انہوں نے سوالیہ نظر سے میری جانب دیکھا۔ میں نے ان کی بھیگی پلکوں پر ٹھہرے موتیوں کو دیکھا۔ ''آپ مجھے مار ڈالیں۔ ختم کر دیں مجھے...... اگر یہی ایک ذریعہ ہے اسے میری روح کے اندر سے نچوڑنے کا۔ تو آج میں اسی وقت آپ کو اپنا خون معاف کرتا ہوں لیکن دیر نہ کریں۔ آپ کا مقصد نیک ہے اور بلا جھجک اپنا فرض ادا کریں۔'' انہوں نے میرا سر اپنے کاندھے سے لگا لیا۔ ''میں جانتا ہوں...... تم میرے لیے کسی حد تک بھی جا سکتے ہو لیکن بات صرف فتح اور شکست کی نہیں ہے۔ کچھ جنگیں صرف فتح پانے کی غرض سے نہیں لڑی جاتیں اوروں کا بھی بہت کچھ لگا ہوا ہے اس داؤ پر بس اتنا یاد رہے کہ ابھی ہم دونوں کو بہت اذیت جھیلنی ہے لیکن ہم آخری سانس تک مقابلہ کریں گے......'' وہ میرا سر تھپکتے رہے اور میرے بے بس آنسو ان کے شانے کو بھگوتے رہے۔ میں نے فیصلہ کر لیا تھا کہ میں خود اپنے ہاتھوں اپنی سانسیں روکنے کا کوئی بندوبست کر لوں گا۔ لیکن اب انہیں مزید پریشان نہیں کروں گا۔ مجھے رباب کا خیال آیا اور میرے من میں عجیب سی سوچ آئی۔

تم ہو اوروں کی محفل میں مصروف
یہاں میں ہوں اور عالم تنہائی
اب لوگ مجھے تیرے نام سے جانتے ہیں
جانے یہ میری شہرت ہے یا رسوائی؟

وقت ڈھلتا رہا اور پھر سے وہی قاتل رات میرے سامنے اپنے خون آشام جبڑے کھولے آ کھڑی ہوئی۔ میری رگوں میں وہی بے رحم، سفاک اور جلا دینے والی آگ، انگارے بھرتی گئی۔ میری سانس بھرتی گئی اور کچھ ہی دیر میں میری نس نس سے چنگاریاں سی نکلنے لگیں۔ آج میرے جنون کا یہ عالم تھا کہ بان کی بنی ہوئی وہ موٹی رسی بھی میری راہ کی رکاوٹ بننے میں ناکام ہو رہی تھی لہٰذا ایک نوکر کہیں سے ایک موٹی سی فولادی زنجیر اٹھا لایا اور آٹھ دس بندوں نے مجھے جکڑ کر میرے پیروں میں اس زنجیر کی بیڑی ڈال دی۔ جنوں، قفس اور آہنی بیڑیاں...... یہ تو اس بے رحم قدرت کا پسندیدہ کھیل تھا جو وہ ازل سے ہم بے بس اور لاچار انسانوں کے ساتھ کھیلتی آ رہی تھی اور شاید ابد تک یہ بے رحم تماشا جاری رہنے والا تھا۔ میری حالت دیکھ کر خود حاجی رزاق بھی رو پڑے اور انہوں نے کسی کے ذریعے عامر کو خبر کروا دی کہ وہ بھی آ کر میری دیوانگی کا یہ نظارہ دیکھ لے اور اگر اس کی سائنس میں اس جنوں کی بھی کوئی توضیح موجود تھی تو وہ بھی بیان کر جائے۔ لیکن ناصح بھلا کیا جانے کہ زخم کے بھرنے سے پہلے ہی ہم جیسے دیوانوں کے ناخن ہمیشہ بڑھ آتے ہیں۔ عامر نے میری حالت دیکھی تو اسے بھی ایک چپ سی لگ گئی۔ سلطان بابا میرے قریب ہی بیٹھے بار بار کچھ پڑھ کر مجھ پر پھونک رہے تھے۔ ان کی ہر پھونک سے چند لمحوں کے لیے میرے جلتے ہوئے وجود پر ایک ٹھنڈی پھوار سی تو ضرور پڑ جاتی تھی لیکن اگلے ہی لمحے وہ روح کے ریشے تک جلا دینے والی تپش پھر سے میرے جسم کو گھیر لیتی تھی۔ میرے اندر کی بے چینی مستقل مجھے رباب کے کمرے کی جانب کھینچ رہی تھی۔ میرے اندر سے طاقت کا ایک لاوا سا ابلنے کے لیے جیسے اپنا پورا زور لگا رہا تھا لیکن میرے اپنے جسم کی لاچاری، کمزوری اور بوسیدگی اس طاقت کا ٹھیک استعمال نہیں کر پا رہی تھی۔ ورنہ میں کب کا اس زنجیر کے ٹکڑے کر کے وہاں سے نکل چکا ہوتا۔ عامر حیرت کے عالم میں گنگ کھڑا یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا سلطان بابا کی بھیگی آنکھیں دیکھ کر وہ بھی بے چین سا ہو گیا۔ ''آپ اسے کھول دیں ورنہ یہ خود کو کوئی نقصان پہنچا کر ہی دم لے گا۔'' سلطان بابا نے غور سے عامر کی جانب دیکھا۔ ''عبداللہ کا انسانی جسم یہ عذاب زیادہ دیر تک جھیل نہیں پائے گا۔ کیونکہ ہمارے اس فانی جسم کے برداشت کی اپنی کچھ حدیں ہیں اور چونکہ اس وقت وہ عبداللہ کے جسم کی حدوں کا محتاج ہے اس لیے وہ کوشش کر رہا ہے کہ کسی طرح اسی جسم کی آڑ میں رباب تک پہنچ سکے۔ لیکن اگر اس نے زیادہ زور لگایا تو لوہے کی یہ بیڑیاں عبداللہ کے جسم کے ریشوں میں سے گزر کر اس کی ہڈیوں کو چیر کر رکھ دیں گی۔ مگر تم فکر نہ کرو...... جب تک میرے اس پیارے کے جسم میں زندگی کی ایک بھی رمق باقی ہے میں تمہاری منگیتر تک اسے نہیں پہنچنے دوں گا۔ تم بس اپنے رشتے کو کمزور نہ پڑنے دینا......'' عامر نے زور سے سر ہلایا۔ ''مجھے یقین نہیں آ رہا...... لیکن...... لیکن یہ بھی تو پاگل پن ہے...... نہیں...... میں ایسا نہیں ہونے دوں گا۔'' عامر کو یکایک نہ جانے کیا ہوا وہ بھاگتا ہوا مہمان خانے سے نکل گیا اور کچھ دیر بعد ہی میری جلتی ہوئی روح پر کسی نے جیسے ٹھنڈے پانی کی آبشار بہا دی۔ عامر رباب کا ہاتھ پکڑے ہوئے مہمان خانے میں داخل ہوا۔ رباب کے بال بکھرے ہوئے تھے اور وہ نہایت لاغر اور کمزور لگ رہی تھی۔ اس نے رباب کو ایک

زور کا جھٹکا دیا اور وہ میرے قدموں کے قریب ہی ڈھے گئی۔ عامر زور سے چلایا۔ ''یہ لو...... میں نے تمہاری خواہش پوری کر دی ہے۔ اب خدا کے لیے ہمیں بخش دو۔ مار ڈالو اسے اور یہ کھیل ہمیشہ کے لیے ختم کر دو۔'' رباب کے پیچھے ہی اس کی ماں اور بہن بھی دوڑتی ہوئی چلی آئی تھیں اور اس وقت حاجی رزاق سمیت وہ سب دم سادھے یہ سب کچھ دیکھ رہے تھے۔ ان کے سامنے سائنس کی طاقت کو حتمی علاج ماننے والے ایک انسان کے عقیدے نے اپنا کانچ کا بھرم توڑ ڈالا تھا۔ جیسے ہی میری رباب پر نظر پڑی میری ساری بے چینی، ساری تپش، ساری آگ پل بھر میں سرد ہو گئی تھی۔ وہ بھی بنا پلک جھپکائے میری جانب دیکھتی رہی۔ میرے لب ہلے۔ میں نے سلطان بابا کی جانب نظر اٹھائی۔ ''انسانوں کی سنگ دلی کے قصے تو بہت سنے تھے۔ ان کی بے رحمی اور مکاری کے افسانے بھی عام ہیں لیکن آج دیکھ بھی لیا۔ میں نے پہلے بھی کہا تھا کہ میری محبت جسم کی حدوں سے بہت آگے کی ہے۔ یہ روح سے روح کا مقدمہ ہے۔ لیکن آپ نے اپنے علم کی دھاک بٹھانے کے لیے خود اپنے عزیز شاگرد کو بھی داؤ پر لگانے سے گریز نہیں کیا۔ آپ جانتے ہیں کہ اس کا یہ نازک اور کمزور انسانی جسم زیادہ عرصے تک میرا وجود نہیں جھیل پائے گا لیکن پھر بھی آپ اپنی ضد سے باز نہیں آئے۔ اب بھی وقت ہے مجھے آزاد کر دیں۔ میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ میری محبت میں خیر ہے...... اسے شر میں بدلنے کی کوشش نہ کریں...... اب تو اس کا سب سے بڑا دعویٰ دار بھی اس کے حق سے دست بردار ہو گیا ہے......''

سلطان بابا کچھ دیر تک چپ چاپ بیٹھے میری جانب دیکھتے رہے پھر جیسے کسی حتمی فیصلے پر پہنچ کر انہوں نے اپنا سر اٹھایا۔

''ٹھیک ہے...... میں اس لڑکی کی روح پر ہمیشہ کے لیے تمہارا تسلط برداشت کرنے کے لیے تیار ہوں...... میں، یا کوئی بھی اور، کبھی بھی تمہارے راستے کی رکاوٹ نہیں بنے گا لیکن میری بھی ایک شرط ہے......''

ہم سب نے ہی چونک کر سلطان بابا کی جانب دیکھا۔ حاجی رزاق اور ان کے پورے خاندان کا عامر سمیت پریشانی کے مارے رنگ ہی اڑ گیا۔ حاجی صاحب ہکلائے۔

''یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں قبلہ...... اس طرح تو......''

سلطان بابا نے ہاتھ اٹھا کر حاجی رزاق کو روک دیا اور میری جانب متوجہ ہوئے۔

''ہاں...... تو بولو...... منظور ہے یہ سودا......''

❀......❀

# ابھی کچھ دیر باقی ہے

سلطان بابا نے ایک بار پھر اپنی بات دہرائی۔ "بولو...... ہمت ہے ایک انسان کی کسوٹی پر پورا اترنے کی۔ ابھی کچھ دیر پہلے تم نے ہم انسانوں کی مکاری اور ہمارے ظالم اور جابر ہونے کے بارے میں کہا تھا، لیکن اب ان میں سے ہی ایک انسان تم سے تمہارا وعدہ مانگ رہا ہے۔ شرط صرف اتنی سی ہے کہ تم جیتے تو رباب تمہاری اور اگر میں جیتا تو تمہیں یہ بسیرا ہمیشہ کے لیے چھوڑ کر جانا ہوگا اور یاد رہے، میرے اور تمہارے درمیان ضامن صرف وہی ہوگا جو ہم دونوں کا پروردگار ہے...... یعنی میرا اور تمہارا اللہ......"

کچھ دیر تک کمرے میں گھمبیر سی خاموشی طاری رہی۔ پھر میرے لب ہلے۔ "ٹھیک ہے مجھے آپ کی شرط منظور ہے...... بتائیے مجھے کیا کرنا ہوگا۔"

سلطان بابا نے ایک لمبی سے سانس لی۔ "تم اس لڑکی سے محبت کا دعویٰ کرتے ہو اور تمہارے بقول یہ خود بھی تمہاری محبت میں شدید طور سے مبتلا ہے۔ تمہیں یہی بات ہم سب پر ثابت کرنا ہوگی۔ اگر میری بات سچ نکلی اور یہ تمہارے سحر کے زیر اثر ہوئی تو تمہارا دعویٰ خود بخود غلط ثابت ہو جائے گا۔ تمہیں ایک بار اسے مکمل آزاد کر کے کسی بھی روپ میں اس کے سامنے آنا ہوگا۔ اگر رباب یاقوط کے عشق میں مبتلا ہوئی تو اسے تمہیں قبول کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیئے۔ لیکن یاد رہے، اس وقت اس کے ذہن اور دل پر تمہارا کوئی اثر باقی نہیں ہونا چاہیئے۔ بولو...... منظور ہے یہ کسوٹی......"

میں نے الجھن آمیز انداز میں سر پٹخا۔ "لیکن یہ کیسے ہوسکتا ہے؟ آپ جانتے ہیں میں اپنی ظاہری شکل وصورت میں اس کے سامنے نہیں آسکتا۔ یہ ڈر جائے گی اور پھر آپ لوگ میری بات کیوں نہیں سمجھ لیتے کہ یہ صرف روح سے روح کے تعلق کا معاملہ ہے۔ میری روح کے دھاگے اس کی روح کی ڈور سے الجھے ہوئے ہیں۔ آپ ہماری محبت کو جسم اور ظاہری شکل وصورت کی بندشوں میں قید کیوں کرنا چاہتے ہیں؟" سلطان بابا بولے "میں نے اسی لیے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ تم جس صورت میں بھی چاہو، اس کے سامنے آسکتے ہو۔ مجھے اس سے کوئی غرض نہیں ہے۔ تم حسین سے حسین تر روپ دھار سکتے ہو۔ تمہارا دعویٰ تو روح سے روح کے ملاپ اور رشتے کا ہی ہے نا...... تو پھر اس کی روح تمہاری روح کو پہچاننے میں کوئی غلطی نہیں کرے گی اور اگر تب بھی رباب کے من نے تمہیں پہچان کر قبول کر لیا تو ہمیں بھی کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ بات اس بار یہاں بھی چہرے اور جسم کی شناخت کی نہیں ہے...... دل سے دل کے رشتے کی پہچان کی ہے...... اگر تمہاری محبت سچی ہے اور تمہارا دعویٰ اٹل ہے تو پھر اسے اپنے تسلط سے آزاد کرنے میں خوف کیسا......؟ ...... ایک بار تم نے اسے اپنی جانب خود کھینچا تھا، اب ایک بار خود اسے اپنی جانب بڑھنے دو...... ورنہ یہ مان لو کہ تم تسلط کے ذریعے اس کی محبت کو پانا چاہتے ہو۔"

کمرے میں ایسی خاموشی چھائی ہوئی تھی کہ ہمیں اپنے مساموں سے پھوٹ کر جسم سے بہنے والے پسینے کی آہٹ محسوس ہو رہی تھی۔ کچھ

دیر تک میرے اندر چپ کا سناٹا رہا۔ پھر جیسے میں نے خود بھی اپنے اندر ہتھیار ڈالنے کی جھنکار سی سنی اور میرے لب ہلے۔ ''ٹھیک ہے...... یہی آپ کی ضد ہے تو مجھے آپ کی یہ شرط بھی منظور ہے۔ میں یہیں اس گھر میں رباب سے ملاقات کروں گا۔ مجھے امید ہے اس کے بعد آپ سب اپنے وعدوں کی پاسداری کریں گے...... بس مجھے دو دن کی مہلت دے دیں...... میں نہیں چاہتا کہ رباب اس نڈھال اور مضمحل حالت میں مجھ سے ملے...... یہ اڑتالیس گھنٹے میں اس کی خاطر مانگ رہا ہوں۔ لیکن آپ کو بھی مجھ سے وعدہ کرنا ہوگا کہ ان دو دنوں میں کوئی بھی رباب کے کسی بھی فیصلے، یا طور طریقے پر کسی بھی طرح اثر انداز نہیں ہوگا۔ کوئی رشتہ بھی اس کی آزادی میں مخل نہیں ہوگا۔'' غالباً یہ اشارہ عامر کی جانب تھا، یا پھر ایک ہاری ہوئی ماں سے کوئی خطرہ محسوس کر کے یہ ذیلی شرط لگائی گئی تھی؟ بہر حال سلطان بابا نے ایک لمبا سا ہنکارا بھرا ''ہوں...... بے فکر رہو...... رباب پر کسی بھی طرف سے اور کسی بھی رشتے کا کوئی دباؤ نہیں ہوگا۔ یہ سلطان کا تم سے وعدہ ہے۔'' اس کے بعد کمرے میں خاموشی چھا گئی اور پھر میری آنکھ دوسرے روز دن چڑھے ہی کھل پائی۔ میری زنجیر کھولی جا چکی تھی۔ لیکن سلطان بابا کے چہرے پر ابھی تک تفکر کی پرچھائیاں واضح تھیں۔ مجھے اٹھتے دیکھ کر انہوں نے پوچھا ''اب کیسی طبیعت ہے میاں...... کچھ دیر اور آرام کر لیتے تو بہتر ہوتا۔'' میں نے انہیں بتایا کہ مجھے سوائے نقاہت کے اور کوئی تکلیف نہیں ہے۔ ایک عجیب بات یہ تھی کہ حالانکہ یاقوط کے لفظ میری زبان سے ادا ہوتے تھے اور اسی کی بولی میری باتوں کے ذریعے باقی سب تک پہنچتی تھی لیکن خود مجھے یوں محسوس ہوتا تھا کہ صبح اٹھتے ہی میرے حافظے کی سلیٹ بالکل صاف ہو جاتی ہے اور مجھے کچھ یاد نہیں رہتا تھا کہ میں نے رات کو کیا پیغام پہنچایا تھا۔ لہٰذا مجھے ایک بار پھر سے سلطان بابا سے کرید کرید کر ہر بات پوچھنا پڑتی تھی۔ میں نے پوری بات سن کر حیرت سے سلطان بابا کی جانب دیکھا۔ ''لیکن آپ اس کی بات پر اس قدر اعتبار کیوں کر رہے ہیں؟ اگر یہ جنون ہے تو جنون کسی اصول کو بھی نہیں مانتا۔ جنون تو نام ہی اصولوں سے ہٹ جانے کا ہے......'' سلطان بابا نے چونک کر میری جانب دیکھا۔ ''واہ میاں...... بڑی بات کہہ دی آج تم نے۔ واقعی...... جنوں کو کسی اصول، کسی شرط، کسی وعدے کا پابند نہیں کیا جا سکتا...... لیکن ہمارے پاس اور کوئی چارہ بھی تو نہیں ہے...... مجھے اس کی شرط مان کر اس پر سے اپنا پہرہ آج شام سے پہلے اٹھانا ہی ہوگا اور بدلے میں اس کے وعدے پر اعتبار کرنا ہی ہوگا کہ وہ وقتی طور پر رباب کو اپنے سحر سے آزاد کر دے گا۔ ہمیں یہ جوا کھیلنا ہی ہوگا۔'' میں نے سلطان بابا کے چہرے پر کسی انجانے خطرے کے آثار ان کے لاکھ چھپانے کے باوجود بھی محسوس کر لیے اور اسی لمحے میں نے اپنے دل میں پکا عہد کر لیا تھا کہ اگر اس مرتبہ یاقوط نے میرے جسم کے ذریعے انہیں ہرانے کی کوشش کی تو میں خود اسی لمحے اپنی جان لے لوں گا۔ لیکن کیسے......؟ ...... بس یہی طے کرنا باقی رہ گیا تھا۔

اس روز نرم دھوپ تلے کرسی ڈالے میں بہت دیر تک اپنی درگاہ میں آنے کے بعد سے لے کر آج تک کی زندگی پر غور کرتا رہا۔ مجھے اس متوازی دنیا کے دروازے پر ہی بتا دیا گیا تھا کہ اس کے اسرار اور رموز ہر ذی روح کا مقدر نہیں بنتے۔ آج مجھے اس راز داری کی وجہ بھی سمجھ میں آ گئی تھی۔ یہ اسرار کبھی کبھی اتنے ہی جان لیوا بھی ثابت ہو سکتے تھے اور انسان کو ایسی جان کنی کی حالت تک بھی پہنچا سکتے تھے جس سے میں خود اس وقت دو چار تھا۔ کچھ دیر بعد عامر کے سینئر ڈاکٹروں کی وہی ٹیم بھی وارد ہو گئی جس میں ایک مشہور ماہر نفسیات بھی شامل تھا۔ وہ سبھی دالان میں بیٹھے عامر کو یہ بات سمجھانے کی کوشش کرنے لگے کہ یہ صرف میٹافزکس (Metaphysics) کے کھیل ہیں۔ انہی میں سے پھر کسی نے اسی ڈائی پولر تھیوری آف

گرے وی ٹیشن (Dipolar Theory of Gravitation) کا بھی ذکر کیا۔ عامر ان سب کے سوالوں اور بحث کے جواب میں انہیں لے کر میری طرف آ گیا اور میری طرف اشارہ کر کے بولا۔ ''میں اب بھی میٹا فزکس کے کرشموں پر یقین رکھتا ہوں اور سائنس کی ہر تھیوری آج بھی اسی طرح مجھ پر واضح ہے۔ سائیکالوجی اور پیراسائیکالوجی کے تماشے بھی اپنی جگہ موجود ہیں اور ان پر میرا اعتقاد بھی...... لیکن کل رات جو میری نظروں کے سامنے وقوع پذیر ہوا ہے میں اسے کیسے جھٹلا دوں۔ رباب کے چہرے پر آج صبح سے چھائی ہوئی سرخی اور اس کی برسوں پرانی وہ مسکان بھی میرے سامنے سوالیہ نشان بنی کھڑی ہے...... آج اس کے جسم میں پھر سے بہتے خون کی حرارت محسوس کی ہے میں نے...... اور یہ جولڑ کا آپ کے سامنے اس وقت خاموش بیٹھا ہے، کل رات میں نے اسکے اندر خود وہ عفریت بپھرا ہوا دیکھا ہے جو سب کچھ ختم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اب آپ ہی بتائیں کہ میں سائنس پر یقین کروں، یا اپنی آنکھوں پر......؟ ...... کیا اب آپ لوگ یہ کہیں گے کہ یہ پورا گھر ہی کسی خواب کا حصہ ہے......؟ کوئی تہہ در تہہ خوابی بھول بھلیاں اسے گھیرے ہوئے ہے؟ یا پھر اس وقت بھی ہم کسی خواب کی کیفیت میں ہیں؟ ڈاکٹر لاجواب ہو کر ایک دوسرے کی جانب دیکھنے لگے۔ پھر ماہر نفسیات نے میری جانب قدم بڑھائے۔ ''کیا میں تم سے کچھ پوچھ سکتا ہوں؟ کیا تم میری بات سمجھ رہے ہو۔ میرا مطلب ہے تم اپنی کل رات کی کیفیت کو بیان کر سکتے ہو؟ کیا تمہارے ساتھ ایسا پہلے بھی کبھی ہوا ہے؟ کیا تمہیں بچپن میں بہت سخت مذہبی سختیوں کا سامنا کرنا پڑا تھا......؟ ...... کیا تمہیں رباب میں کوئی ذاتی دل چسپی محسوس ہوئی ہے کبھی......'' تو گویا وہ حضرت اب بھی اسے انسانی ذہن کا کوئی شعبدہ سمجھ رہے تھے۔ میرے ظاہری حلیے کی وجہ سے وہ مجھے کوئی مذہب سے متاثرہ ان پڑھ سمجھ بیٹھے تھے اور ان کا گمان یہ تھا کہ میں رباب کے ظاہری حسن سے متاثر ہو کر یہ سارا اسٹیج تیار کر رہا تھا تا کہ آخر کار اسے پا سکوں۔ چند لمحے کے لیے تو میرا ذہن غصے سے ابل سا ہی گیا۔ پھر مجھے ان کے انداز پر ہنسی آ گئی۔

''کیوں جناب؟ کیا آپ کی میٹا فزکس کی ابتدا ہی مذہب پر شک کرنے سے ہوتی ہے......؟ مذہب نے تو کبھی بھی آپ کی فزکس، میٹا فزکس، سائیکالوجی، پیراسائیکالوجی، یا کسی بھی قسم کی سائنس پر کوئی اعتراض نہیں کیا...... تو پھر آپ کا یہ شکوہ کچھ بے جا معلوم ہوتا ہے۔ میرا تفصیلی جواب سن کر عامر سمیت ان سب کے چہرے حیرت کا اشتہار بن گئے۔

پھر عامر کے منہ سے صرف اتنا نکلا ''کیا......؟ ...... کیا تم پڑھے لکھے ہو......؟'' مجھے یاد آیا کبھی یہی سوال میں نے عبداللہ سے بھی کیا تھا۔ میرا جواب بھی وہی تھا جو عبداللہ نے مجھے دیا تھا۔ ''ہاں...... یہاں آنے سے پہلے کچھ صفحے کالے کیے تھے، لیکن سب بے فائدہ ہی رہا......'' اب ان کی ساری توجہ میری جانب مبذول ہو چکی تھی۔ بڑے ڈاکٹر نے مجھ سے پوچھا ''ابھی کچھ دیر پہلے تم میٹا فزکس کے بارے میں بات کر رہے تھے۔ کیا تم نے سائنس پڑھی ہے؟'' ''پڑھی ہے لیکن اتنی ہی جتنا ایک طالب علم انٹر کے امتحان تک پڑھتا ہے۔ اس کے بعد تو بس کالج اور یونیورسٹی میں صرف وقت ہی ضائع کیا۔ لیکن یہاں معاملہ بہت سیدھا سادہ ہے۔ ہم نہ جانے ہمیشہ سائنس اور مذہب کو ایک دوسرے کے مدمقابل لا کر کیوں کھڑا کر دیتے ہیں؟ مذہب اس لیے تو وارد نہیں ہوا تھا کہ وہ سائنس کو رد کرے...... مذہب تو خود علم کے راستوں پر چلنے کی تلقین کرتا ہے اور سائنس بھی تو ایک علم ہے...... اور کیا ضروری ہے کہ سائنس مذہب کی ہر بات کی تصدیق کرے؟ یاد رکھئے مذہب سائنس سے بہت پہلے آیا تھا، لیکن مذہب نے کبھی سائنس کا راستہ روکنے کی کوشش نہیں کی تو پھر آپ سائنس کو کیوں مذہب کے راستے کی دیوار بنانا چاہتے ہیں؟ اور بھلا یہ کیا فارمولا ہوا کہ سائنس

مذہب کی جس پیشین گوئی کو ثابت کر دے وہ تو سچ اور باقی سب غلط...... یہ کہاں کا انصاف ہے؟ کیا سائنس کی بھی اپنی کچھ حدیں نہیں ہیں؟ تو پھر ہر سوال کے جواب کی توقع صرف سائنس کے علم سے ہی کرنا سراسر نادانی نہیں ہے، کیونکہ سائنس بھی تو صرف ایک علم ہی ہے...... ان ہزاروں دیگر علوم کی طرح جو انسان ازل سے کھوج رہا ہے۔ تو پھر صرف سائنس کے علم کے فارمولے پر ساری کائنات کو پرکھنا کہاں کی عقل مندی ہے......؟'' میں شاید جذبات کی رو میں کچھ زیادہ ہی بول گیا اور میری آواز بھی معمول سے کچھ بلند ہو گئی تھی لہٰذا مجھے معذرت کر کے اپنی بات ختم کرنا پڑی۔ لیکن عامر سے رہا نہ گیا۔ ''نہیں...... شاید تم ٹھیک کہہ رہے ہو لیکن ہم نے کبھی اس نظریئے سے سوچا ہی نہیں...... اور پھر ذہن بھلا کہاں تسلیم کرتا ہے ایسی توجیہات...... جو چیز عقل میں نہ سمائے اور آنکھ بھی اسے دیکھ نہ سکے اس پر یقین ذرا مشکل سے ہی آتا ہے اور پھر تم تو باقاعدہ ایک پوری متوازی دنیا کی بات کر رہے ہو، اسے ہضم کرنا تو ہم جیسوں کے لیے واقعی بڑا مشکل ہے۔'' میں نے ان چاروں کی جانب غور سے دیکھا۔

''ٹھیک ہے تو پھر آپ سائنس سے کہیں کہ روح کی توجیہہ بیان کر دے...... ہمارے اندر ایسی کیا چیز پائی جاتی ہے جو نہ ہمیں نظر آتی ہے نہ ہی عقل کی حد اسے چھو سکتی ہے لیکن اس کے نکل جانے سے ایک پل میں ہم بے جان مٹی کے پتلے کی طرح ڈھے جاتے ہیں۔ وہ جب تک ہمارے جسم کے اندر رہتی ہے، رگوں میں خون کو رواں رکھتی ہے اور جسم چھوڑ جائے تو ہر عضو اپنے آپ مر جاتا ہے۔ کیوں......؟ کیا آپ نے اس روح کو کبھی دیکھا ہے......؟ سائنس سے کہیئے کہ وہ روح کو ثابت کر دے، یا پھر اس کی نفی ہی کر دے...... اور روح کی حقیقت تو میں نے بہت بڑی مثال دے دی ہے...... آپ صرف سائنسی طور پر مجھے اس بات کی وضاحت ہی کہیں سے لا دیں کہ ہم مسلمان اگر مردے کو دفناتے وقت زمین سے یہ کہہ دیں کہ یہ جسم امانتاً دفن کیا جا رہا ہے تو سالوں بعد بھی اس میت کی منتقلی کے وقت جب زمین کھودی جاتی ہے تو وہ مرا ہوا جسم تازہ کیوں ہوتا ہے......؟ جب کہ سائنس کے اصولوں کے مطابق تو اس جسم کو گل سڑ جانا چاہئے۔ وہ کون سی چیز ہے جو زمین کو اسے کھانے سے روکتی ہے......؟ جواب دیں...... یہ تو بہت عام اور روزمرہ کی بات ہے۔'' وہ چاروں لاجواب ہو کر ایک دوسرے کو دیکھنے لگے۔ میں نے بات جاری رکھی۔ ''میرا مقصد آپ لوگوں کو لاجواب کرنا نہیں ہے، لیکن یہ سب باتیں یہ ظاہر کرتی ہیں کہ اس دنیا سے پرے بھی کچھ دنیائیں موجود ہیں۔ ہم ایلینز (Aliens) کے وجود کو تو اڑن طشتریوں کے ذریعے ثابت کرتے اور مانتے ہیں لیکن جنات کی ہمارے آس پاس موجودگی سے انکاری رہتے ہیں۔ فون، یا ایس ایم ایس کے ذریعے ایک پل میں دنیا کے دوسرے کونے تک پیغام پہنچانے کے کمال کے تو معترف ہیں، لیکن ایک ماں کے دل سے نکلی ایک پکار پر ہزاروں میل دور بیٹھے اس کے بچے کے دل کی اچانک تیز دھڑکن کے جواز ڈھونڈتے رہتے ہیں۔ چھوٹی سی ٹی وی اسکرین پر لہروں کے ذریعے پہنچی زندہ تصویروں، یا لائیو ٹیلی کاسٹ پر تو یقین کرتے ہیں لیکن بند آنکھوں اور من کے اندر لگی اسکرین جو دل سے دل کے تار جڑنے پر روشن ہوتی ہے اسے کبھی قابل بھروسا نہیں سمجھتے۔ ٹیلی پیتھی کے ذریعے دوسرے دل کا حال جاننے کو معتبر جانتے ہیں لیکن جب کوئی مذہب کے ذریعے حال دل بیان کرنے لگے تو اسے دھتکار دیتے ہیں۔ ہاتھ سے نکلتی لہروں اور ریکی کے علاج کے لیے تو گھنٹوں قطار میں بیٹھ کر انتظار کر لیتے ہیں لیکن دوسری جانب اگر کوئی ہاتھ تھام کر اس پر دم کر کے پھونک دے تو ہم شک میں پڑ جاتے ہیں۔ مریخ پر زندگی ہے ہم اس کی کھوج میں تو دن رات ایک کیے رکھتے ہیں، لیکن ہمارے آس پاس جو بے پناہ زندگی بکھری پڑی ہے اس سے ہمیشہ غافل رہتے ہیں۔ یاد رکھیے، نیل آرمسٹرانگ کے چاند پر جانے

سے پہلے بھی چاند موجود تھا لیکن تب تک سائنس ہمارے شق القمر کے عقیدہ کو شک کی نگاہ ہی سے دیکھتی رہی۔ یہ سب باتیں کیا ظاہر کرتی ہیں؟ صرف یہی کہ ہماری متوازی ایک روحانی دنیا بھی ازل سے موجود ہے اور اس دنیا کو جاننے کے لیے بھی ایک سائنس موجود ہے جسے ہم روحانیت کہتے ہیں۔ اس دنیا کی سائنس میں جو کمال حاصل کر لے اسے سائنس دان کہا جاتا ہے اور اس دنیا کا سائنٹسٹ ''صوفی'' کہلاتا ہے۔ جیسے یہاں کی سائنس ظاہری جسم کے درد کو دور کرنے کے لیے ڈسپرین، یا دوسرا پین کلر (Painkiller) دیتی ہے ویسے ہی وہاں کی سائنس روح کے درد کے لیے دعا، دم اور ورد کی شکل میں درد کو مارنے کی دوا تجویز کرتی ہے۔ جس طرح ہماری اس ظاہری دنیا کی بیماریاں اور ان کا علاج موجود ہے، اسی طرح اس روحانی دنیا میں بھی ہم بیمار پڑتے ہیں اور ٹھیک بھی ہوتے رہتے ہیں۔ رباب بھی ایک ایسی ہی روحانی بیماری کا شکار ہے اور اس کی اس بیماری کا تعلق بھی ہماری متوازی دنیا کی ایک مخلوق کے اثر سے ہے۔ آپ لوگ بھی بس یہی دعا کریں کہ وہ ٹھیک ہو جائے اور اس دنیا کے آخری مرحلے کے کینسر کی طرح اس کی روح کا ناسور لا علاج نہ ہو چکا ہو...... سلطان بابا صرف اس ناسور کو بڑھنے سے روکنے کی کوشش میں مصروف ہیں۔ لیکن ایسے میں اگر آپ ہی ان کا ساتھ نہیں دیں گے تو پھر ان کے لیے مشکلات بہت بڑھ جائیں گی......'' بولتے بولتے میری آواز بیٹھ سی گئی۔ مجھے پتا ہی نہیں چلا سلطان بابا نہ جانے کب سے میرے عقب میں کھڑے میری یہ ساری تقریر سن رہے تھے۔ وہ آگے بڑھے اور پھر اچانک ہی مجھے گلے لگا لیا۔ عامر اور اس کی ٹیم کی آنکھوں سے بھی شک وشبہ کی پرچھائیاں مٹ چکی تھیں اور اس بار جب انہوں نے سلطان بابا سے ہاتھ ملایا تو ان سب کی نگاہیں احترام سے جھکی ہوئی تھیں۔ چلتے چلتے عامر دو لمحے کے لیے رکا اور مجھ سے بولا ''آج تم نے ہمیں زندگی گزارنے کا ایک ایسا نیا نظریہ دیا ہے جو ہمیشہ سے ہمارے آس پاس ہی کہیں موجود تو تھا لیکن ہماری نظروں سے اوجھل رہا۔ آج کے بعد میں ہر مریض کو دوا کی پرچی دیتے وقت ایک مشورہ اور بھی دوں گا کہ دوا کے ساتھ دعا بھی کرتے رہنا۔ دوا تو خون کے خلیوں میں جذب ہو کر اپنا کام کرے گی ہی لیکن دعا تمہاری روح کے خلیوں میں جذب ہو کر تمہاری بیماری دور کرے گی۔'' ان کے جانے کے بعد سلطان بابا نے مسکرا کر میری جانب دیکھا۔ ''ساحر میاں...... لگتا ہے مولوں خضر نے پوری تربیت کے بعد ہی تمہیں میرے سپرد کیا ہے۔ جیتے رہو......'' میں نے مسکرا کر بات ٹال دی لیکن یہی سچ بھی تھا۔ یہ ساری باتیں جو میں نے آج عامر اور اس کی ٹیم کو قائل کرنے کے لیے کی تھیں ان سب پر میں خود مولوی خضر سے گھنٹوں بحث کر چکا تھا اور انہوں نے ہر بات قرینے سے کی تھی کہ میرے سب تشنہ سوال جواب پاتے گئے۔ رفتہ رفتہ شام بھی ڈھل گئی لیکن میری رگوں میں بھر جانے والی اس آگ کا آج دور دور تک پتا نہیں تھا۔ گویا یاقوط فی الحال اپنے وعدے کی پاسداری کر رہا تھا۔ اندر زنانے سے آنے والی اطلاعات کے مطابق رباب بھی بہت حد تک نارمل ہو چکی تھی اور آج ہفتوں بعد اس نے اپنے گھر والوں کے ساتھ ایک دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا بھی کھایا تھا۔ دھیرے دھیرے رات ڈھلنے لگی اور وہی اداسی حویلی کی دیواروں اور درزوں سے جھانکنے لگی۔ جو یہاں کا خاصہ تھی۔ سلطان بابا احتیاطاً کئی بار میرے کمرے میں جھانک چکے تھے لیکن آج میں اپنے جسم پر کسی قسم کا بوجھ بھی محسوس نہیں کر رہا تھا۔ میری نظر رات بھر بار بار دالان میں اسی شان سے ایستادہ پیپل کے پیڑ کی جانب اٹھ جاتی تھی اور میرے من میں عجیب وغریب قسم کے سوال آتے رہے۔ وہ اس وقت کیا سوچ رہا ہوگا......؟ ...... اس کی دنیا میں انتظار کیسا ہوتا ہوگا اور اس کے انتظار کے لمحے کیسے کٹتے ہوں گے؟ کیا وہ بھی ہم انسانوں کی طرح سجدے میں گر کر اپنے پروردگار سے اس نازنین کی ایک جھلک، ایک لمحے کا ساتھ مانگتا ہوگا؟ اس کی دعا کیسی ہوتی ہوگی۔

اس کے جسم اور اس کی روح پر انتظار کے یہ کرب ناک لمحے کیسی کیفیت پیدا کرتے ہوں گے......؟ کیا وہ بھی محبوب کی جدائی میں روتا ہوگا......؟ کیا اس کے آنسو بھی ہم بے بس انسانوں کی طرح صرف نمکین پانی کہلاتے ہوں گے؟ کیا اس کا دل بھی ہوتا ہوگا......؟ کیا وہ بھی آہیں بھرتا ہوگا......؟ انہی سوالوں کے جھرمٹ میں صبح ہوگئی فجر کی نماز کے بعد میں خود سلطان بابا کے کمرے میں چلا آیا۔ وہ بھی شاید رات بھر سو نہیں پائے تھے۔ آج شام ۴۸ گھنٹے پورے ہونے کے بعد رباب کی اور شاید ہماری بھی قسمت کا فیصلہ جو ہونے والا تھا۔ میں نے ان سے یونہی پوچھ لیا۔ ”بابا......ہم مذہب سے اس طرح مطمئن کیوں نہیں ہو پاتے جس کاملیت سے سائنس، یا کوئی اور علم ہمیں مطمئن کر جاتا ہے؟“ وہ ہلکے سے مسکائے۔ شاید وہ خود بھی مجھ سے ایسے کسی سوال کی توقع کر رہے تھے۔ ”وہ اس لیے کہ ہم نے صرف کلمے نماز اور روزے کو مذہب کی تکمیل سمجھ لیا ہے۔ جب کہ یہ بنیادی رکن تو صرف مذہب کی ابتدا ہیں......اصل آغاز مذہب تو اس کے بعد ہے......اور پھر انتہا کی تو بات ہی کیا ہے۔ وہاں تک تو شاید کئی پیغمبر بھی نہیں پہنچ پائے۔ تو پھر ہم جیسے معمولی انسان بھلا مذہب کی انتہا کو کیا پائیں گے......؟ جس دن ہم یہ بات سمجھ گئے کہ فی الحال ہم صرف اسلام لائے ہیں......ایمان لانا ابھی باقی ہے اس روز سارے مسئلے حل ہو جائیں گے......لیکن شاید ابھی وہ منزل کچھ دور ہے......بہر حال ہمارا سفر تو جاری ہے اور اسے جاری رہنا چاہیے۔“

اتنے میں حاجی رزاق صاحب نے آ کر بتایا کہ رباب کئی مرتبہ عامر کا پوچھ چکی ہے اسے کیا جواب دیا جائے۔ سلطان بابا نے انہیں سمجھایا کہ معاہدے کی رو سے فی الحال عامر کا رباب کے سامنے آنا، یا اس سے ملنا ممکن نہیں ہے۔ مبادا یاقوط اسے خلاف ورزی سمجھ کر بپھر ہی نہ جائے۔ بہتر یہی ہوگا کہ عامر کی غیر موجودگی کا کوئی مناسب بہانہ بنا دیا جائے، کیونکہ اب تو بات صرف چند گھنٹوں کی ہی رہ گئی تھی۔ ایسے میں ہمیں کوئی بھی ایسی خلاف معمول حرکت نہیں کرنی چاہیے جو سارے کئے کرائے پر پانی پھیر دے۔ حاجی صاحب نے یہ بھی بتایا کہ ان کی بیگم اور چھوٹی بیٹی نایاب بھی بے حد پریشان ہیں اور وہ کسی صورت رباب کو کھونا نہیں چاہتے۔ سلطان بابا نے پھر وہی بات کی کہ وہ سب دعا کریں۔ خدا بہتر کرے گا۔ سچی بات تو یہ ہے کہ میں خود اندر سے بے حد خوف زدہ اور پریشان تھا اگر یاقوط نے سلطان بابا کی شرط مانی تھی اور اپنی محبت کو اس کڑی کسوٹی پر ثابت کرنے کی ہامی بھری تھی تو اس کا دعویٰ بھی کچھ وزن تو رکھتا ہوگا اور پھر میں تو خود اس محبت نامی اژدھے کا نگلا ہوا شکار تھا۔ میری رگوں میں بھی تو یہ بہتا ہوا زہر اسی جذبے کی دین تھا۔ ہاں......وہی محبت جو انسان پر ابتدا میں تو صبح کی نرم اور لطیف دھوپ کی طرح اترتی ہے لیکن دھیرے دھیرے وہ تپتے صحرا کی اس دوپہر کی شکل اختیار کر لیتی ہے جہاں میلوں دور تک مجھ جیسے بے بس انسانوں کے لیے کوئی نخلستان، کوئی سایہ میسر نہیں ہوتا۔ اس کی روح تک کو جھلسا دینے والی گرم کرنیں ہمارے نازک بدن کے مسام چیر کر ہمارے اندر پیوست ہوتی رہتی ہیں۔ ہمارے حلق میں کانٹوں کا جنگل اگ جاتا ہے اور دھیرے دھیرے اور قطرہ قطرہ کر کے ہماری جان اسی محبت کے دہکتے سورج تلے نکل جاتی ہے۔ جذبوں اور خواہشوں کی گلابی تتلیاں بے بسی سے ہمیں تڑپتا اور دم توڑتا ہوا دیکھتی رہتی ہیں اور کچھ ہی دیر میں خود ان کے سنہری پر بھی جل جاتے ہیں۔ ہاں......ایسی ہی بے درد اور ظالم ہوتی ہے یہ محبت......

آخر کار وہ پہر بھی آ ہی گیا جب شرط کے مطابق ہمیں رباب کو اس کے کمرے میں اکیلا چھوڑ آنا تھا۔ حاجی رزاق جب عامر اور بیگم و بیٹی کے ہمراہ کسی بہانے سے نکل کر مہمان خانے کی جانب آ رہے تھے تو ان کی چال سے صاف ظاہر تھا کہ یہ اس جواری کی چال ہے جو اپنی زندگی کا سب سے بڑا جوا کھیل کر آ رہا ہو۔ ستم یہ تھا کہ بازی تو کھیلی جا چکی تھی لیکن جیت، یا مات کا فیصلہ ابھی باقی تھا۔ باقی گھر والوں کے رنگ بھی اڑے ہوئے

تھے۔ہم سب دم سادھے مہمان خانے کے شیشے کے برآمدے سے باہر حویلی کے اس حصے کی جانب دیکھ رہے تھے جہاں رباب کا کمرہ واقع تھا۔رفتہ رفتہ ہماری تشویش بے چینی میں بدلنے لگی کیوں کہ پندرہ منٹ سے زیادہ کا وقت گزر چکا تھا۔میں اسی شش و پنج میں مبتلا تھا کہ جانے یاقوط کس روپ میں رباب کے سامنے آئے گا اور کس طرح سے اسے اپنی محبت کا یقین دلائے گا؟اور اگر اس کے دعویٰ کے مطابق رباب بھی اس کی محبت میں اس کی طرح مبتلا تھی تو کیا ہم رباب کو دوبارہ دیکھ بھی پائیں گے، یا نہیں......اور اگر یاقوط اپنے وعدوں سے پھر گیا تو......؟اور اگر کہیں یہ اس کی ہمیں رباب سے چند لمحوں کے لیے دور رکھنے کی سازش ہوئی تو......؟......ایسے نہ جانے کتنے سوال میرے ذہن میں سوئیاں چبھو رہے تھے کہ اچانک اندر سے رباب کی چیخ بلند ہوئی اور ساتھ ہی اس نے چلا کر کہا......''عامر......'' ہم سب بری طرح اچھلے اور میرے ذہن میں اچانک ہی جھما کا سا ہوا۔اوہ میرے خدا...... یہ بات میرے، یا سلطان بابا کے ذہن میں پہلے کیوں نہیں آئی۔یاقوط کو ہم نے خود کوئی بھی روپ بدلنے کی اجازت دینے سے پہلے یہ کیوں نہیں سوچا کہ وہ عامر کا بہروپ بھی تو بھر سکتا ہے اور اب اگر وہ ایسا کر بھی چکا ہے تو اس نے معاہدے کی کسی بھی طور خلاف ورزی نہیں کیونکہ ہم نے ایسی کوئی پابندی اس پر لگائی ہی نہیں تھی۔ہم سب رباب کی پہلی چیخ کے بعد جیسے سکتے کے عالم میں کھڑے تھے اور پھر جب چند ہی لمحوں کے بعد رباب کی چیخیں ایک تسلسل اور جنونی انداز میں شروع ہوئیں تو ہم سب ہی اس کے کمرے کی طرف دوڑ پڑے۔ہمارے پہنچنے سے پہلے ہی رباب بے ہوش ہو کر فرش پر گر چکی تھی اور اس کے کمرے میں دوسرا کوئی نہیں تھا۔سلطان بابا نے فوراً رباب کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر چند آیتیں زیرِ لب پڑھیں اور پانی کے ایک گلاس پر کوئی سورۃ پڑھ کر دم کیا اور رباب کی ماں کو قطرہ قطرہ کر کے وہ پانی رباب کے حلق میں ٹپکانے کا کہہ کر ہم سارے مرد کمرے سے نکل آئے۔وہ ساری رات ہم سب نے رباب سمیت کانٹوں پر گزاری کیوں کہ ہمیں اب بھی اس امتحان کے نتیجے کا پتا نہیں تھا۔سب کچھ رباب کے ہوش میں آنے کے بعد ہی واضح ہونا تھا اور رباب نے ہوش میں آنے کے لیے پورے چودہ گھنٹے لیے۔ہوش میں آنے کے بعد کچھ دیر تک وہ ہم سب کو اجنبی اور پھٹی پھٹی نظروں سے دیکھتی رہی اور پھر روتے ہوئے اپنی ماں سے لپٹ گئی۔سلطان بابا نے اسے تسلی دی کہ اب ہم سب اس کی حفاظت کے لیے وہاں موجود ہیں لہٰذا وہ اطمینان رکھے اور ہمیں گزشتہ رات کا پورا واقعہ سنائے۔بڑی مشکل سے رباب نے اپنے حواس یک جا کیے اور ٹوٹے پھوٹے لفظوں میں وہ ہمیں صرف اتنا بتا پائی کہ کل رات کو وہ کافی دیر تک عامر کا موبائل نمبر ملانے کی کوشش کرتی رہی لیکن فون بند پا کر اس نے جھنجھلاہٹ میں عامر کو SMS کر دیا کہ اگر اس نے فوراً ہی رباب سے رابطہ نہ کیا تو وہ عمر بھر اس سے بات نہیں کرے گی۔اسی اثناء میں باہر آہٹ ہوئی تو رباب نے پکار کر پوچھا کہ کون ہے؟تبھی اسے عامر کی جھلک دکھائی دی۔جو شاید اسے ستانے کی خاطر چھپنے کی کوشش کر رہا تھا۔رباب لپک کر اس کے قریب پہنچی تو عامر نے اسے اس اندھیرے کونے کا بلب جلا کر روشنی کرنے سے منع کر دیا کہ گھر والے چونک جائیں گے اور خود اس نے رباب کا ہاتھ تھام لیا۔رباب کے بقول اس وقت عامر کا ہاتھ برف کی طرح سرد تھا اور خلافِ معمول عامر نے اسے ایک بار اقرارِ محبت کی تجدید پھر سے اپنے لفظوں میں کرنے کا کہا۔رباب الجھ سی گئی کیوں کہ اس نے آج تک عامر کا ایسا برتاؤ کبھی نہیں دیکھا تھا۔وہ تو گھر میں گھستے ہی آسمان سر پر اٹھا لینے کا قائل تھا اور محبت کی تجدید تو دور وہ رباب کی اس کے اس ''کتابی عشق'' پر اس قدر ٹوکتا اور تنگ کرتا تھا کہ کبھی کبھار تو رباب تھک کر رو پڑتی تھی اور عامر کو اس طرح کے اظہارِ محبت سے تو سدا کی چڑ تھی۔وہ نایاب کو اپنے ساتھ ملا کر رباب کی ایسی نقلیں اتارتا کہ رباب پھر ہفتوں اس سے بات نہیں کرتی تھی اور آج وہی عامر جب اس تاریک گوشے میں رباب کے ہونٹوں سے محبت کے دو لفظ ادا ہو جانے کے انتظار میں اپنا سب کچھ

لٹا دینے کا دعویٰ کر رہا تھا تو رباب کا چونکنا لازمی تھا اور پھر عامر کے پرفیوم کی خوشبو بھی تو خلاف معمول کچھ عجیب سی تھی اور اس کی وہ گرم سانسیں جو رباب کا رُواں رُواں جلانے کا باعث بن رہی تھی۔ رباب نے ہنس کر اسے یقین دلایا کہ وہ تو سدا سے اس کی محبت میں پاگل ہے۔ لیکن عامر نے جب رباب سے تیسری مرتبہ یہ بات پوچھی کہ کیا اسے واقعی عامر سے محبت ہے اور کہیں وہ دوسروں کے سامنے اس بات سے مکر تو نہیں جائے گی تب رباب کا ماتھا ٹھنکا اور اسے پہلی بار یہ ہڈیوں کے گودے کو جما دینے والا سرد احساس ہوا کہ اس کے پاس کھڑا یہ شخص عامر نہیں کوئی اور ہے اور جیسے ہی اس کے حلق سے پہلی چیخ بلند ہوئی تب کسی نے جیسے اس کے تمام حواس یک بارہی بیدار کر دیئے۔ وہ جان چکی تھی کہ اجنبی ہاتھوں کا یہ لمس اور مہکتے وجود کی یہ خوشبو کسی نامحرم ہستی کی ہے۔ بس پھر کیا تھا رباب کی چیخوں نے آسمان سر پر اٹھا لیا اور کچھ ہی دیر بعد وہ ہوش کھو بیٹھی اور شاید یہ وہی لمحہ تھا جب ہم سب کمرے میں داخل ہوئے تھے۔ یاقوط شرط ہار چکا تھا۔ رباب اس کی انجان محبت کو شناخت نہیں کر پائی اور شاید یہ پہلی محبت کی ہار تھی جس پر وہاں موجود ہر شخص خوش تھا۔ لیکن شاید وہاں کوئی اور بھی تھا جو اپنی محبت کے یوں سر بازار لٹ جانے پر ماتم کناں تھا۔ میں نے کھڑکی سے باہر کھڑے پیپل کے پیڑ پر نظر ڈالی۔ باہر ہلکی بارش شروع ہو چکی تھی اور پیڑ کے پتوں سے پانی کی بوندیں آنسو بن کر ٹپک رہی تھی۔ قدرت نے جب ہم خود غرض انسانوں کو کسی کی محبت کی ہار کا جشن مناتے ہوئے دیکھا تو شاید اس سے رہا نہ گیا اور اس نے اس ہار کے غم میں خود آنسو بہانے کا فیصلہ کر لیا تھا۔ تبھی یہ برستی بارش لحہ بہ لحہ تیز ہوتی جا رہی تھی۔ وہ ہمارے لیے اجنبی تھا۔ دوسری دنیا کا تھا لیکن قدرت کا تو اپنا تھا...... اتنا ہی اپنا، جتنا ہم خود کو سمجھتے ہیں۔ اتنا ہی قریب جتنی قربت کا دعویٰ ہماری یہ انسانی مخلوق کرتی ہے۔

اگلے دو روز حاجی رزاق اور گھر والے اسی فکر میں گھلتے رہے کہ کہیں وہ واپس نہ آ جائے لیکن سلطان بابا نے انہیں اطمینان دلایا کہ یہ ایک انسان کا وعدہ نہیں کہ کچے دھاگے کی طرح ٹوٹ جائے۔ اب وہ عمر بھر اپنے عہد کی پاسداری میں رباب کے قریب بھی نہیں پھٹکے گا۔ اسی لمحے نہ جانے مجھے ایک عجیب سا احساس کیوں ہوا۔ سلطان بابا نے بات کرتے وقت غیر ارادی طور پر دو مرتبہ پیپل کے پیڑ کی جانب نظر ڈالی اور مجھے یوں لگا جیسے سلطان بابا نے اس سیاہ نصیب کو کم از کم اس پیڑ پر بسیرے کی اجازت دے دی ہے، لیکن گھر والوں کے اطمینان کے لیے وہ اس راز کو افشا نہیں کرنا چاہتے۔ آخر کار ہمارے رخصت ہونے کا وقت بھی آ گیا۔ حاجی رزاق کے تمام گھر والوں کی آنکھیں اس پل نم تھیں۔ سلطان بابا نے خاص طور پر رباب اور عامر کے سر پر ہاتھ رکھ کر انہیں دعا دی۔ ٹھیک اسی لمحے میں پیپل کے پیڑ کی جانب دیکھ رہا تھا۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا ''کیا ہوا؟'' میں خاموش رہا اور پھر دھیرے سے ان کے کان میں کہہ ہی ڈالا۔ ''ایک دل جلے کو آخری سلامی پیش کر رہا تھا۔'' ان کے ہونٹوں پر ہلکا سا تبسم لہرا کر غائب ہو گیا۔ پھر نہ جانے کیا سوچ کر ان کی آنکھیں نم ہو گئیں۔ حاجی رزاق کے خاندان کو ہم آخری سلام کر کے باہر نکلنے لگے تو ایک لمحے کو رکے اور مجھے سامنے کھڑا کر کے بولے۔ ''ساحر میاں...... آج سے تمہارا ساحر سے عبداللہ تک کا سفر ختم ہوا۔ تم ہر امتحان پر پورے اترے ہو اور مجھے یقین ہے کہ اب چاہے تم کہیں بھی رہو، تمہارا اس متوازی دنیا کا یہ سفر جاری رہے گا اور اب تم اپنی دنیا خود کھوج سکتے ہو...... جاؤ...... گھر لوٹ جاؤ۔ زہرا تمہارا انتظار کرتی ہوگی...... مجھے ابھی بہت سے کام کرنے ہیں...... بڑا لمبا سفر طے کرنا ہے...... میرے ساتھ کا حق تم پہلے ہی ادا کر چکے ہو...... اب میرا فرض ہے کہ میں تمہارا حق ادا کر دوں...... خوش رہو ہمیشہ'' انہوں نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی۔ میں ان کی بات سن کر تڑپ ہی تو گیا۔ ''کیا آپ مجھ سے اکتا گئے ہیں......؟ کیوں دور کرنا چاہتے ہیں مجھ کو خود سے؟ زہرا نے کہا تھا کہ وہ قیامت تک ہماری روحوں کے ملاپ کا انتظار کرے گی، لیکن

آپ آج ابھی سے مجھ پر یہ قیامت کیوں ڈھانا چاہتے ہیں......؟ ہاں البتہ آپ کے اگلے سفر میں میں آپ پر بوجھ بن رہا ہوں، یا میری وجہ سے آپ کی راہ کھوٹی ہو رہی ہے تو پھر جیسے آپ کا حکم......؟؟ انہوں نے جلدی سے میری بات کاٹ دی۔ ''تم ہرگز مجھ پر بوجھ نہیں ہو......تم تو وہ ہم سفر ہو جس کی تمنا کوئی بھی راہی کر سکتا ہے......'' وہ کچھ دیر کے لیے کسی گہری سوچ میں گم ہو گئے پھر انہوں نے جیسے کوئی حتمی فیصلہ کر کے سر اٹھایا۔ ''ٹھیک ہے......تم یہ سفر جاری رکھنا چاہتے ہو تو پھر یونہی سہی......لیکن یہاں سے ہماری راہیں عارضی طور پر جدا ہوتی ہیں۔ ہم دونوں یہاں سے ریلوے اسٹیشن سے مشرق اور مغرب کی طرف جانے والی الگ الگ گاڑیوں میں روانہ ہوں گے۔ تمہاری گاڑی جو مغرب کی طرف جائے گی وہ تمہیں جبل پور کے اسٹیشن تک پہنچائے گی اور میں مشرق کی راہ لوں گا۔ لیکن دھیان رہے جبل پور کی درگاہ بذاتِ خود ایک بہت بڑا امتحان ہے اور اب تمہیں تنہا ہی اس امتحان سے گزرنا ہوگا۔ تمہاری جان بھی جا سکتی ہے۔'' میں نے سر جھکا دیا۔ ''آپ مجھے ہمیشہ ثابت قدم پائیں گے۔'' انہوں نے میرا کاندھا تھپتھپایا اور آگے بڑھ گئے۔ حویلی کے بڑے پھاٹک سے نکلتے وقت نہ جانے میری نظر خود بخود پلٹ کر اس پیپل کے پیڑ کی جانب کیوں اٹھ گئی جو اپنی شاخیں کسی ماتم زدہ بیوہ کے انداز میں کھولے، کھڑا ہوا ہمیں جاتے دیکھ رہا تھا۔ مجھے یوں لگا جیسے وہ سوگوار پیڑ کسی سے یہ کہہ رہا ہو......

ابھی کچھ دیر باقی ہے
خزاں کے بیت جانے میں
گلوں کے مسکرانے میں
خوشی کے گیت گانے میں
بہاروں کے زمانے میں
ابھی کچھ دیر باقی ہے......
نہ تم کو یاد آؤں گا
میں تم سے دور رہ کر بھی
تمہیں جی کر دکھاؤں گا
تمہیں معلوم ہے لیکن
یہ سب میں کر نہ پاؤں گا
کہ تم کو بھول جانے میں
ابھی کچھ دیر باقی ہے......
ابھی......کچھ دیر باقی ہے




# دامن اور چنگاری

کہتے ہیں ''زندگی میں کتنے پل ملے......'' یہ سوچ کر جینے سے بہتر ہے کہ ''ہر پل میں کتنی زندگی ملی......'' اس بات کو جینے کا پیمانہ بنایا جائے۔لیکن سلطان بابا سے جدا ہونے کے بعد جانے کیوں مجھے کچھ ایسا محسوس ہونے لگا تھا کہ میرے حصے کے پل اپنی زندگی گنوا بیٹھے ہیں۔ٹرین کو اسٹیشن چھوڑے اب گھنٹہ بھر سے زائد ہو چکا تھا لیکن میرا ذہن ابھی تک وہیں اسٹیشن پر سلطان بابا سے ہوئے الوداع میں اٹکا ہوا تھا۔جانے میری منزل کہاں تھی؟ سلطان بابا نے تو صرف جبل پور اسٹیشن کا ٹکٹ میرے حوالے کر کے مجھے اس ٹرین پر چڑھا دیا تھا لیکن جبل پور نامی قصبے میں مجھے کہاں جانا تھا؟ کس سے ملنا تھا......؟ یہ سارے سوال میرے سامنے منہ کھولے کھڑے تھے۔لیکن اب تک تو مجھے ان حالات کا عادی ہو جانا چاہیے تھا...... میں کیوں بار بار ان بے معنی سوالوں میں خود کو الجھا لیتا تھا۔میری گھر سے نکلنے اور درگاہ سے یہاں اس ٹرین کا اکانومی کلاس کے ڈبے تک کے سفر میں جانے ایسے کتنے الجھے سوال میری زندگی میں آ کر اپنا حل پا چکے تھے۔ایک سوال اور سہی...... میں نے تھک کر اپنی آنکھیں موندھنے کی کوشش کی اور اپنا سر ادھڑی ہوئی سخت نشست کی ٹیک پر ٹکانے کی کوشش کی لیکن ٹرین کے جھٹکے بھلا میرا توازن کہاں برقرار رہنے دیتے......؟ تنگ آ کر میں نے آنکھیں کھول دیں اور سیدھا ہو کر بیٹھ گیا۔سامنے ایک ماں اپنے بچے کو یہ سمجھانے کی کوشش کر رہی تھی کہ ٹرین کی گڑگڑاہٹ سے ڈرنے کی ضرورت نہیں...... یہ تو سارے ڈبے مل کر اللہ ہو...... اللہ ہو کا ورد کر رہے ہیں۔ماں نے بچے کے دل سے ڈر نکالنے کے لیے خود ہی ٹرین کے دوڑنے کی آواز اور ڈبوں کے آپس میں ٹکرانے اور ٹھکا ٹھک جیسی آواز کو ایک سر میں ڈھال کر اسے اللہ ہو کی شکل دے دی اور اپنے بچے کو تھپکنے لگی۔کچھ ہی دیر میں اس کا بچہ بھی اس گڑگڑاہٹ کی آواز کے ساتھ اللہ ہو کا ورد کرنے لگا۔دوسری جانب کچھ تبلیغی حضرات بیٹھے اس بات پر بحث کر رہے تھے کہ عصر کی نماز ٹرین میں ہی ادا کر لی جائے، یا پھر کسی چھوٹے اسٹیشن پر دو چار منٹ کا وقفہ لے کر باقاعدہ جماعت کروالی جائے۔ان سے ذرا پرے ایک ادھیڑ عمر کے مولانا اپنی بیوی کو بار بار اپنے برقعے کا نقاب ٹھیک طرح سے گرانے کی تلقین کیے جا رہے تھے۔ان کی بیگم کا شاید اتنے بھاری نقاب کے اندر دم گھٹ رہا تھا اور اسی لیے وہ ہر پانچ سات منٹ کے وقفے کے بعد اپنا نقاب ذرا الٹ دیتی تھیں اور جلدی جلدی چار چھ لمبی سانسیں لے کر اپنا دم بحال کرنے کی کوشش کرتیں۔لیکن تبھی مولانا صاحب کی خشمگیں نگاہیں اور ان کا دھیرے مگر کڑے تیوروں کے ساتھ ''زلیخا'' بولنا ہی ان کی بیگم کے لیے کافی ہوتا اور وہ بے چاری جلدی سے اپنا نقاب دوبارہ گرا دیتی تھیں۔دراصل مولانا صاحب کا بھی قصور نہیں تھا۔سامنے ہی بوگی میں دو نشستیں چھوڑ کر کالج کے تین لا ابالی سے لڑکوں کا ایک گروپ بیٹھا ہوا تھا جو ذرا ذرا سی دیر میں ریڈیو پر بجتے کسی گیت کی تال میں تال ملا کر اپنا اپنا راگ الاپنا شروع کر دیتے تھے اور ایسے میں ان تینوں کی نظر زیادہ تر اگلے حصے میں بیٹھی ان دو نازک سی لڑکیوں پر ہوتی تھی جو اپنے چھوٹے بھائی اور ماں کے ساتھ شاید کسی تقریب میں شرکت کے لیے اپنے گھر سے نکلی تھیں۔لڑکیاں شوخ تھیں اور ذرا ذرا سی بات پر کھل کر ہنس رہی تھیں اور اپنی ماں سے کسی بات پر بحث

میں مصروف تھیں۔ جب کہ لڑکیوں کے ماں باپ شادی پر دی جانے والی سلامی اور خرچے کے رونے رو رہے تھے۔ کالج کے لڑکے گاہے بگاہے پاس سے گزرنے والے پھیری والوں سے کبھی گرم بھنے ہوئے نمکین چنے، کبھی گزک تو کبھی لمکا اور فالسے کی بوتلیں خرید خرید کر لڑکیوں کے بھائی کو بھی اس دعوت عام میں شریک کر لیتے تھے اور ان کی زیادہ تر خواہش یہی ہوتی تھی کہ یہ نیمبو اور مرچ لگا بھٹا، گرم مونگ پھلیاں اور نرم ریوڑیاں بھائی سمیت اس کی دونوں بہنوں تک بھی ترسیل ہوتی رہیں۔ مولانا صاحب دل پر پتھر رکھے یہ سارا ماجرا دیکھ رہے تھے اور بار بار زیر لب ''لاحول ولا قوۃ'' کا ورد بھی جاری رکھے ہوئے تھے۔ ان سے دو نشست پیچھے دو صاحبان بڑی شدومد سے ایک دوسرے کے پتے اور ٹیلی فون نمبروں کے تبادلے میں مصروف تھے، حالانکہ وہ دونوں ہی جانتے تھے کہ اگلے اسٹیشن پر اترتے ہی وہ یوں اپنی اپنی راہ لیں گے کہ پھر کبھی پلٹ کر بھی ایک دوسرے کی جانب نہیں دیکھیں گے۔ لیکن بہر حال، وقت تو کسی طور کاٹنا ہی تھا۔ مجھ سے پچھلی نشستوں پر سگریٹ اور بیڑی کے دھوئیں کے بادل تیر رہے تھے اور ان نیلگوں ماحول میں چار حضرات بیٹھے تاش کھیلنے میں یوں مگن تھے جیسے انہیں زندگی میں اس ٹرین سے اترنے کے بعد دوبارہ کبھی تاش کھیلنے کا موقع نہیں ملے گا۔ وہ اب تک جانے کتنی بازیاں کھیل چکے تھے لیکن کسی پر بھی بازی جیتنے کی خوشی، یا داؤ ہار جانے کے دکھ کے آثار نمایاں نظر نہیں آ رہے تھے۔ ہر بازی کے اختتام پر چند نعرے بلند ہوتے اور پھر سے وہ چاروں نئی بازی کے پھیرے میں الجھ جاتے، جانے یہ کیسی سعی لاحاصل تھی......؟

اچانک ٹرین کی رفتار کم پڑنے لگی۔ اوپر برتھ پر لیٹے ہوئے ایک حضرت نے جو اس سے پہلے بھی کئی مرتبہ اپنے چہرے پر ڈلی ہوئی چادر ہٹا کر درجنوں بار تفتیشی انداز میں دولت پور کے اسٹیشن کا پوچھ چکے تھے انہوں نے ایک بار پھر جلدی سے چادر ہٹائی اور وہیں سے آواز لگائی۔ ''کیوں میاں...... دولت پور کا اسٹیشن تو نہیں آ گیا۔'' اور پھر حسب معمول کسی کا جواب نہ پا کر دوبارہ اپنے چہرے پر اپنا کھیس پھیلا کر خراٹے لینے لگ گئے۔ ٹرین نے چند زوردار جھٹکے لیے اور پھر ایک لمبی سی اسکریچ کی آواز کے ساتھ آخری ہچکی لے کر رک گئی۔ کوئی چھوٹا سا اسٹیشن تھا جس کے پلیٹ فارم کے سروں پر جڑے تختوں پر لکھا نام تک ماہ و سال کی گردش کی تاب نہ لاتے ہوئے مٹ چکا تھا۔ تاش کی بازی والوں میں سے کوئی ایک چلایا۔ ''چل بے سلو...... اسٹیشن آ گیا۔ اب شرط کے مطابق بھاگ کر گرم گرم پکوڑے اور چٹنی پکڑ لا...... اور دیکھ پکوڑوں پر چاٹ مصالحہ ڈلوانا نہ بھول جائیو......'' سلو نے حکم کی تعمیل میں فوراً پلیٹ فارم پر جمپ لگائی اور پکوڑے والے کے ٹھیلے کی جانب دوڑ لگا دی۔ مولانا کی بیگم نے بھی شاید گرم پکوڑوں کے تذکرے کو سن کر اپنے میاں کے کان میں کچھ کھسر پھسر کی۔ مولانا بادل نخواستہ کراہتے ہوئے کھڑے ہو گئے اور ڈبے سے نکلنے سے پہلے انہوں نے ایک بار پھر اپنی بیگم کو نقاب تانے رکھنے کی ہدایت کی۔ میرے قریب سے گزرتے ہوئے نہ جانے انہیں کیا ہوا کہ دھیرے سے کھنکار کر رکے اور آہستہ سے بولے ''میاں...... میں ذرا نیچے سے کچھ سامان پکڑ لاؤں آپ زنانے کا دھیان رکھیے گا۔'' میں نے چونک کر حیرت سے ان کی جانب دیکھا لیکن وہ آگے بڑھ چکے تھے۔ پورے ڈبے میں انہیں میں ہی قابل اعتبار کیوں دکھائی دیا......؟ پھر خود ہی میری توجہ اپنے حلیے کی جانب چلی گئی۔ اوہ...... تو ایک بار پھر میرا یہ ظاہری حلیہ ہی میرا تعارف ثابت ہوا تھا۔ جانے ہم انسانوں نے کسی کی ظاہری وضع قطع کو ہی شرافت و نجابت کا معیار کیوں سمجھ رکھا ہے؟ یا پھر شاید ہم ظاہر پرستوں کے پاس اس وقتی پیمانے کی علاوہ اور کوئی چارہ ہو بھی نہیں سکتا تھا......؟ تبھی تو وہ مولانا اپنی پوری ''زلیخا'' میرے حوالے کر کے اطمینان سے پلیٹ فارم پر اتر چکے تھے۔ لیکن ان کی سیدھی سادی بیگم نے شوہر کے اٹھتے ہی اپنا نقاب کچھ اس طرح سے کس کر لپیٹا اور

یوں سکڑ سمٹ کر بیٹھ گئیں کہ چاہ کر بھی کسی کی نظر ان کی جانب اٹھ نہیں سکتی تھی۔ جانے کیوں مجھے اس وقت بہت شدت سے اس بات کا احساس ہوا کہ پردہ ہی عورت کی سب سے بڑی ڈھال ہے اور مرد کی غیر موجودگی میں یہ پردہ ہی عورت کا سب سے بڑا تعارف بھی بن جاتا ہے۔ مولانا کی بیگم کو جب تک میاں کی ڈھال میسر تھی وہ گاہے بگاہے خود کو بے نقاب بھی کر لیتی تھیں لیکن جیسے ہی ان کی یہ آڑ چند لمحوں کے لیے ان سے کچھ دور ہوئی تو فوراً انہوں نے اپنی ڈھال یعنی اپنے پردے کو اپنی حفاظت کا ذریعہ بنالیا۔ مجھے اس پل ایک اور انجانا اور بہت عجیب سا ادراک بھی ہوا کہ مرد کی نظر اور عورت کی حیا میں دامن اور چنگاری کا تعلق ہے۔ مرد کی نظر چنگاری ہے تو عورت کی حیا ایک نازک دامن ہے۔ کبھی چنگاری دامن کی طرف لپکتی ہے تو کبھی دامن اس چنگاری کو ہوا دے کر بھڑکا دیتا ہے اور نتیجہ دونوں صورتوں میں صرف اور صرف آگ بن کر ہی وارد ہوتا ہے۔ یہ دامن اور چنگاری کا کھیل ازل سے جاری ہے اور ابد تک جاری رہے گا۔

ٹرین کو اس اسٹیشن پر رکے ہوئے پانچ منٹ سے زیادہ ہوئے تو کچھ لوگ معلومات کے لیے پلیٹ فارم پر اتر گئے۔ پتا چلا کہ چند لمحوں میں ہی کوئی کراسنگ ہونے والی ہے لہٰذا سگنل ملنے تک انتظار کرنا ہوگا۔ تبلیغی جماعت کے حضرات کو بھی موقع مل گیا کہ تب تک جلدی سے جماعت ہی کروا لی جائے۔ نیچے اترتے اترتے ان میں سے کسی صاحب نے مجھے بھی دعوت دی اور میں بھی ان کے ساتھ ہی نیچے پلیٹ فارم پر اتر آیا لیکن جماعت کھڑی ہونے سے پہلے ایک عجیب سی صورت حال آن کھڑی ہوئی۔ جن صاحب نے امامت کروانی تھی وہ اچانک پلٹے اور ان کی نظر مجھ پر پڑی اور مجھ سے بولے۔ حضرت...... آیئے آپ جماعت کی امامت کیجیے......'' کچھ دیر تو مجھے سمجھ ہی نہیں آیا لیکن جب انہوں نے میرا ہاتھ تھام کر مجھے آگے کھڑا کرنا چاہا تب میں بالکل ہی بوکھلا گیا اور میں نے بڑی مشکل سے پوری جماعت کو یقین دلایا کہ میں اس اعزاز کے قابل نہیں سمجھتا خود کو...... لیکن سبھی نمازیوں نے امام صاحب کی ہاں میں ہاں ملانا شروع کر دی تھی۔ اب میں انہیں کیا بتاتا کہ جناب ابھی تو میری زبان تکبیر تک دیتے ہوئے لڑکھڑا سی جاتی ہے تو پھر بھلا میں کہاں اور امامت کہاں؟ درگاہ کی مسجد میں بھی مولوی خضر کے شدید اصرار کے باوجود میں صف میں بالکل ان کے پیچھے نہیں کھڑا ہوتا تھا تا کہ مجھے تکبیر نہ کہنی پڑے۔ پتا نہیں میں خود کو اپنے اس داغ دار دامن کے ساتھ ان اعزازات اور ان رتبوں کے قابل نہیں سمجھتا تھا۔ بڑی مشکل سے میں نے پلیٹ فارم پر صورت حال کو ان سب نمازیوں پر واضح کیا اور جماعت کے لیے انہی صاحب کو راضی کیا جو اصل پیش امام تھے۔ جماعت ختم ہونے سے پہلے ٹرین دو بار سیٹی بجا چکی تھی، لہٰذا ہم سب سلام پھیر کر جلدی جلدی اپنی اپنی نشستوں پر آ بیٹھے اور اگلے لمحے ہی ٹرین نے کسی بوڑھے کے غرارے کرنے جیسی آواز کے ساتھ دو چار جھٹکے لیے اور پھر دھیرے دھیرے اپنی منزل کی جانب روانہ ہوگئی۔ نوجوان طالب علموں کا گروپ اب اپنی جگہ تبدیل کر کے میرے بالکل سامنے والی نشست اور میرے مقابل اپنی جگہ سنبھال چکا تھا جس کی وجہ شاید وہ یہی جوڑا تھا جو ابھی کچھ دیر پہلے ہی نہ جانے کس دوسری بوگی سے ہمارے ڈبے میں آ کر بیٹھا تھا۔ مرد کی بھوری مونچھیں حد سے زیادہ پھیلی ہوئی تھیں اور چہرے پر ہفتے بھر سے زیادہ کی شیو کے ساتھ تھکن کے آثار بھی نمایاں تھے جب کہ لڑکی کے بال سنہرے تھے جسے اس نے دو چوٹیوں کی صورت میں اپنے دھول سے اٹے لیکن گلابی چہرے پر شانوں کی سمت جھلا رکھا تھا۔ لڑکوں کی ساری توجہ اسی میم کی جانب تھی اور وہ سب ٹوٹی پھوٹی انگریزی میں اس یہی جوڑے کا حدود اربعہ معلوم کرنے کی کوشش کر رہے تھے اور انہیں اپنے مکمل ''تعاون'' کا یقین دلا رہے تھے۔ جب کہ بوگی کے تمام بزرگ

انہیں اس حرکت پر گھور گھور کر باز رہنے کی تلقین میں کوشاں تھے۔ لڑکوں نے مجھے دیکھا تو بوگی کے لوگوں کا دھیان بٹانے کے لیے ان میں سے ایک نے بات جوڑی۔

''سلام مولانا جی...... میرا ایک سوال ہے آپ سے...... دراصل مجھے دعائے قنوت پوری یاد نہیں ہوتی...... تو کیا میں عشاء کی نماز کے وتروں میں دعائے قنوت کی جگہ تین بار قل ہواللہ پڑھ لیا کروں......؟ لڑکے کے سوال کے خاتمے تک اس کے باقی ساتھیوں کے چہرے پر مسکراہٹ نمودار ہو چکی تھی۔ میں جانتا تھا کہ وہ صرف وقت گزاری اور لوگوں کی نظر کی برچھیوں کو ٹالنے کے لیے یہ موضوع چھیڑ رہے تھے تا کہ انہیں اس گوری میم کے قریب بیٹھنے کا مزید کچھ وقت اور موقع مل سکے۔ میرے ہونٹوں پر بھی اس کا سوال سن کر مسکان آ گئی۔

''میں کیا کہہ سکتا ہوں...... میں تو خود ابھی تک تین بار قل ہواللہ سے ہی کام چلا رہا ہوں۔'' میری بات سن کر آس پاس بیٹھے سبھی لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ ابھر آئی۔ سارے لڑکے بھی کھل کھلا کر ہنس پڑے۔ ان میں سے ایک نے میرے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔ ''ارے یار تم تو بالکل ہم جیسے ہو۔ پھر اتنی دیر سے یوں سنجیدہ سی صورت بنا کر کیوں بیٹھے ہوئے ہو......؟'' چند لمحوں میں وہ تینوں مجھ سے یوں گھل مل چکے تھے کہ جیسے میں بھی ان کا کالج فیلو، یا ہم جماعت ہوں۔ حتیٰ کہ کچھ ہی دیر میں ان میں سے ایک نے مجھ سے یہ سوال بھی کر ڈالا کہ ''حافظ جی! آپ نے کبھی کسی سے محبت کی ہے......؟'' اب میں انہیں کیا بتاتا کہ میں جو آج ان کے ساتھ اس ٹرین میں بیٹھا ہوا یہ سفر کر رہا تھا، یہ راستے منزلیں...... میرا ابھی کچھ اس ایک محبت کی دین ہی تو تھا۔ پتا نہیں ہم محبت جیسے جذبے کو بھی حلیے کی بنیاد پر کیوں پرکھتے تھے۔ کیا شرعی لباس پہننے سے، یا چہرے پر چند ہفتوں کی داڑھی بڑھ آنے سے انسان ان لازوال روحانی جذبوں کا حق رکھنے سے بھی محروم ہو جاتا ہے؟ میں نے اسے جواب دیا کہ فی الحال تو میں محبت کی کھوج میں ہوں...... ہاں البتہ اگر کبھی اس کھوج میں مجھے کامیابی ہوئی تو اسے ضرور مطلع کر دوں گا۔ سبھی لڑکے چلائے کہ ''مولانا آپ ہمیں اپنی شادی میں ضرور مدعو کیجیے گا۔'' سبھی بوگی والے ہنس پڑے۔ اچانک ہی مجھے بہت ٹوٹ کر زہرا کی یاد آ ئی۔ کیا ہم کبھی واقعی مل پائیں گے؟ کیا یہ دنیاوی ملن جسے لوگ یہاں شادی کے بندھن کا نام دیتے ہیں، کیا یہی بندھن ہی صرف ایسی زمینی محبتوں کی معراج ہوتا ہے؟ کیا صرف ایک رسم کے ادا ہو جانے سے اور ایک بندھن میں بندھ جانے سے ہماری محبت کی تکمیل ہو جاتی ہے؟ پر مجھے تو جانے کیوں یہ جسمانی ملاپ ہمیشہ سے ہی اُس گلابی اور اُن چھوئے احساس کی فنا جیسا لگتا تھا جسے ہم صرف دل سے دل اور روح سے روح کا ملاپ، یا محبت کہتے ہیں۔ مجھے ہر بار یہی محسوس ہوا کہ جیسے ہم اس بندھن کے سودے میں کچھ نہ کچھ کھو ضرور دیتے ہیں۔ لاحاصل کی کسک اور دسترس سے دوری کی تڑپ کا بھی تو اپنا ہی ایک نشہ ہوتا ہے جس کا خمار ملکیت مل جانے کا احساس مٹا دیتا ہے۔ تبھی کچھ لوگ جس لمحے اس بندھ کی گانٹھ باندھ رہے ہوتے ہیں ٹھیک اسی پل وہ اپنے رومان کے انمول سنہری جال کی گرہیں سدا کے لیے کھول بیٹھتے ہیں۔ انہیں اپنی محبت کا جسم تو مل جاتا ہے لیکن وہ اپنے رومان کی روح کو ہمیشہ کے لیے کھو دیتے ہیں۔

میں جانے کتنی دیر عشق اور رومان کی یہ الجھی گتھیاں سلجھاتا رہا۔ گاڑی کافی دیر سے کمال آباد نامی شہر کے جنکشن پر کھڑی تھی۔ اچانک میری نظر باہر پلیٹ فارم پر پڑی اور کچھ دیر کے لیے تو مجھے یوں لگا کہ اب میں واقعی جاگتی آنکھوں سے بھی سپنے دیکھنے لگا ہوں۔ مجھے یوں لگا جیسے میں نے زہرا کو کسی درمیانی عمر کی عورت کے ساتھ پلیٹ فارم سے باہر نکلتے ہوئے دیکھا ہو۔ ہاں...... بالکل...... وہ زہرا ہی تو تھی لیکن نقاب کے بغیر اور عورت بھی

میرے لیے انجانی تھی، لیکن زہرا......؟ یہاں......؟ کمال آباد کے اس ریلوے پلیٹ فارم پر؟ اگلے ہی لمحے میں لپک کر اٹھا اور تقریباً دوڑتے ہوئے پلیٹ فارم پر اتر آیا۔ اسٹیشن کافی بڑا تھا اور یہاں بھیڑ بھاڑ بھی کافی تھی لیکن ابھی تک میں دور جاتی اس عورت کی سفید بڑی سی چادر دیکھ سکتا تھا جسے میں نے زہرا کی اس شبیہ کے ساتھ جاتے ہوئے دیکھا تھا۔ لیکن جب تک میں پلیٹ فارم کے خارجی دروازے تک پہنچا تب تک وہ اسٹیشن سے نکلتی بھیڑ میں گم ہو چکی تھیں۔ میں نے لپک کر باہر دیکھا لیکن سڑک پر تانگوں، سائیکل رکشوں اور موٹر گاڑیوں کے اس ہجوم میں مجھے ان دونوں کی کوئی جھلک دکھائی نہیں دی۔ اتنے میں گاڑی نے تیسری سیٹی بھی بجا دی اور جب تک میں بھاگتا ہوا اپنے ڈبے تک پہنچا، ٹرین تقریباً پلیٹ فارم چھوڑ چکی تھی۔

اپنی نشست پر بیٹھ کر بھی میں کافی دیر تک اس ادھیڑ بن میں ہی الجھا رہا۔ کیا یہ میری نظر کا دھوکا تو نہیں تھا۔ زہرا اتنی بھیڑ میں بنا نقاب کیسے گھوم سکتی ہے؟ اور پھر وہ اجنبی عورت اس کے ساتھ کون تھی؟ لیکن روپ تو بالکل زہرا کا ہی تھا، وہی خیرہ کن اور مبہوت کر دینے والی شبیہ...... مگر وہ یہاں اس دور دراز شہر میں کس غرض سے آ سکتی ہے؟ ایک بار تو جی میں آیا یہیں کمال آباد کے مضافات سے گزرتی ٹرین کی زنجیر کھینچ کر اتر جاؤں اور واپس شہر جا کر اسے تلاش کروں لیکن کہاں......؟ میرے لیے تو وہ شہر بھی اتنا ہی اجنبی تھا جتنا کہ خود میرا یہ وجود ٹھیک اس لمحے میرے اپنے لیے ہو چکا تھا۔ کبھی کبھی ہم یک لخت اپنے آپ ہی سے بیگانے اور اجنبی بھی ہو جاتے ہیں۔ ہمیں اپنا وجود اور اپنی ہر کھوج اور کوشش بے معنی اور لاحاصل سی لگنے لگتی ہے۔

میں بھی نا امیدی اور مایوسی کے ایسے ہی گردابوں میں پھنسا ہوا تھا کہ ان لڑکوں کی منزل آ گئی اور مغرب سے پانچ منٹ پہلے ایک درمیانے درجے کے اسٹیشن پر وہ تینوں مجھ سے گلے مل کر اتر گئے۔ اترنے سے پہلے ان میں سے ایک نے شاید اپنا پتا، یا ٹیلی فون نمبر لکھ کر ان دو بہنوں میں سے ایک کی جانب اچھالا لیکن چائے والے لڑکے کے درمیان میں آ جانے کی وجہ سے وہ درمیان میں ہی کہیں گر گیا۔ تب تک لڑکیوں کے باپ کی توجہ ان کی جانب ہو چکی تھی لہٰذا وہ مایوسی کے عالم میں مجھ سے گلے ملتے ہوئے دھیرے سے میرے کان میں بولا ''اپنی قسمت خراب ہے حافظ جی...... ہو سکے تو اترنے سے پہلے بڑی والی کو ارشد کا سلام کہیئے گا۔ اس کا نام ناہید بتایا ہے اس کے بھائی نے......'' فوراً ہی ٹرین نے جھٹکا لیا اور اسٹیشن ہماری نظروں سے اوجھل ہونے لگا۔ تینوں میری جانب ہاتھ ہلاتے ہوئے مغرب کے وقت کے اندھیرے کا حصہ بنتے گئے۔ حسب معمول مغرب کے وقت کے عجیب سے اثر نے میرے ارد گرد اداسی کے سائے لمبے کر دیئے۔ میں نہ جانے کیوں اس زوال کے وقت اس قدر نڈھال سا ہو جاتا تھا۔ سارے دن کی تنہائی ایک ہی لمحے میں میرے اندر بسیرا کر لیتی تھی۔ اچانک ہی میرے ارد گرد چنبیلی کے تیل جیسی عجیب سے خوشبو بکھر گئی۔ میں نے چونک کر سامنے والی برتھ پر نظر ڈالی تو ایک چھوٹے قد کا منحنی سا شخص جس کے بال شاید اس تیل میں چپڑے ہوئے تھے اور پیچھے کی جانب چپکا کر بنائے گئے تھے، اپنی چھوٹی چھوٹی، لیکن نیزے کی نوک جیسی چبھتی نظروں سے مجھے گھورتا ہوا دکھائی دیا۔ مجھے حیرت ہوئی کیوں کہ مجھے اس کی آمد اور برتھ پر چڑھنے کی بالکل بھی خبر نہیں ہو سکی تھی۔ شاید وہ اس وقت برتھ پر آ چڑھا ہو جب میں چلتی ٹرین میں ہی بیٹھے بیٹھے مغرب کی نماز ادا کر رہا تھا۔ مجھے اس کی چبھتی نظروں سے الجھن سی ہونے لگ گئی تھی۔ جانے یہ جبل پور کا اسٹیشن کب آئے گا۔ اس نے شاید میرے اندر کی بے چینی بھانپ لی اور وہیں سے بولا ''کہاں جانا ہے......؟'' میں سٹ پٹا سا گیا ''جی...... جبل پور......'' ''ہونہہ...... جبل پور میں کس کے پاس جاؤ گے......؟ مجھے بھی وہیں اترنا ہے......'' میں نے بات بنائی ''وہ مجھے لینے خود ہی اسٹیشن پر آ جائیں گے......'' اب میں اسے کیا بتاتا کہ خود مجھے ابھی تک پتا نہیں تھا کہ مجھے

جبل پور میں کس کے پاس جانا ہے۔ میں تو سلطان بابا کے حکم کی تعمیل میں اس ٹرین میں آ بیٹھا تھا اور مجھے اتنا ہی بتایا گیا تھا کہ مجھے جبل پور کے اسٹیشن پر اتر جانا ہے۔ لیکن شاید اس کی تشفی نہیں ہوئی۔ وہ اب بھی لگا تار اسی طرح مجھے گھورے جا رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں مجھے یوں لگا کہ اس کی نظر کی یہ دھار میرے وجود کے آر پار ہو جائے گی۔ وہ تو بھلا ہو سامنے بیٹھے ہوئے دیہاتی نما ایک مسافر کا جس نے اپنے کھانے کا ڈبہ کھولا اور سبھی مسافروں کو کھانے کی پیش کش کرنے لگا۔ حالانکہ اس کے ٹفن میں بمشکل اتنا کھانا تھا کہ صرف ایک انسان کا ہی پیٹ بھر پاتا لیکن شاید کسی نے سچ ہی کہا ہے کہ رزق کی برکت اور فراوانی، نیت کی فراوانی سے متصل ہوتی ہے۔ اس شخص کے کھانے کا ڈبہ بھلے ہی خالی تھا لیکن اس کی نیت بھری ہوئی تھی اور باقاعدہ چھلک رہی تھی...... اور اس چھلکاہٹ کا نور اور اطمینان اس کے چہرے سے بھی صاف عیاں تھا۔ اس نے لجاجت سے مجھ سے بھی کہا...... بیٹا ایک لقمہ تو لے لو...... میری خوشی کی خاطر......'' میں نے مسکرا کر ایک نوالہ توڑا اور سالن میں بھگو کر منہ میں رکھ لیا۔ سچ ہے کہ خلوص اور محبت کا اپنا ہی ایک ذائقہ ہوتا ہے جسے اگر زبان کے ذائقے کے غدود نہ بھی محسوس کر سکیں پر روح اس ذائقے سے بخوبی آشنا ہوتی ہے۔ اس سارے ہنگامے میں کچھ پل کے لیے ہی سہی، پر کم از کم مجھے اس عجیب الخلقت شخص کی گھورتی نگاہوں کے احساس سے نجات مل گئی۔ کچھ دیر بعد جب میں نے اوپر برتھ کی جانب نگاہ ڈالی تو وہ سر تک چادر تانے لیٹ چکا تھا۔ اگلے حصے میں بیٹھی بہنوں میں سے بڑی والی، جس کا نام ارشد نے ناہید بتایا تھا، نے اپنے ریڈیو کی سوئی گھمائی اور چند سرسراہٹوں کے بعد کسی نغمے کے بول فضا میں گونجے۔

''مالک نے بنایا...... انسان کو۔

انسان محبت کر بیٹھا......

وہ اوپر بیٹھا...... کیا جانے......؟

انسانوں پہ کیا گزری ہے...... گزری ہے......

دیوانوں سے یہ مت پوچھو...... دیوانوں پہ کیا گزری ہے......

تبلیغی جماعت میں سے ایک بزرگ جو میرے قریب ہی بیٹھے تھے ان کے چہرے پر ناگواری کے آثار نمایاں ہو گئے اور وہ دھیرے سے بڑبڑائے ''لاحول ولا...... یہ شاعر حضرات بھی کیا کیا اول فول بکتے رہتے ہیں یہ تو نرا کفر ہے...... بھلا یہ بھی کوئی بات ہوئی کہ اسے اوپر بیٹھے کچھ خبر ہی نہیں...... نعوذ باللہ......''

ساری تبلیغی جماعت نے ان کی بات سن کر اپنا سر دھنا۔ شاید بغاوت اور شکوہ ہم انسانوں کے خمیر کے ساتھ ہی گوندھا گیا ہوگا۔ تبھی ہم اپنے شعروں میں، اپنی دہائیوں میں اور اپنی شکایتوں میں اوپر والے سے اپنے حال سے بے خبر ہونے کی فریاد کرتے رہتے ہیں اور شاید اسی لیے وہ شعر اور غزلیں بھی زیادہ مشہور ہوتی ہیں جن میں خدا سے شکوہ کیا گیا ہو۔ کچھ بزدل جو خود اپنے دل کی بات براہ راست خدا سے کہہ نہیں پاتے اور ایسے شعر اور غزلیں پڑھ کر ہی خوش ہو جاتے ہیں جس میں خدا کے سامنے اس کی دی ہوئی تقدیر کی وجہ سے بربادی کے فسانے بیان کیے گئے ہوں۔ شاید اسی لیے انسان کو ازل سے ''ناشکرے پن'' کے طعنے کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ جہاں شکوہ نہ کرنے والوں کا گروہ خود کو خدا سے

زیادہ قریب تر اور پسندیدہ ہونے کا حق دار سمجھتا تھا، وہیں یہ سارے شاعر، ادیب اور ان جیسے دوسرے شکوہ گر بھی خود کو خدا کا سب سے زیادہ لاڈلہ بتاتے تھے۔ اب یہ تو خدا ہی جانتا تھا کہ ان میں سے زیادہ سچا کون تھا۔ بجوم ''شکوہ کناں'' یا ''شکوہ گریزاں''......؟

اگلے اسٹیشن پر یہ دونوں شوخ بہنیں بھی اپنے بھائی اور ماں باپ سمیت اتر گئیں۔ جاتے ہوئے بڑی بہن کی نظر میری نظر سے ٹکرائی۔ مجھے ارشد کی کہی ہوئی بات یاد آ گئی اور میرے ہونٹوں پہ خود بخود ایک دھیمی سی مسکان ابھر آئی۔ ہمارے اردگرد نہ جانے ایسی کتنی کہانیاں بننے سے پہلے ہی دم توڑ دیتی ہیں۔ بعض مرتبہ تو خود ہمیں بھی پتا نہیں چلتا کہ ہمارے مقدر کی کون سی نظر ہم سے چوک گئی ہے۔ محبت کی جانے کتنی داستانیں بننے سے پہلے ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ اگر ارشد کا پھینکا ہوا پرچہ ناہید کے قریب گرتا اور وہ اسے پڑھ لیتی تو کیا ہوتا......؟...... کیا تقدیر صرف اسی قدر لکھے کا نام ہے جو ہمارے ساتھ پیش آتا ہے؟ اور جو ہمارے ساتھ پیش آتے آتے پیش نہیں آتا۔ اس کی حقیقت کیا ہے؟ اگر ارشد کے پھینکے ہوئے پرچے کے درمیان میں اس شخص کا کاندھا نہ آتا اور وہ رقعہ ناہید کے پیروں میں جا گرتا تو کیا ان کی اس مختصر سی محبت کی کہانی کا انجام کچھ اور نہ ہوتا......؟ کہیں ہماری بیک وقت دو تقدیریں تو نہیں لکھی گئی ہوتیں......؟...... کہیں ہم ہر بار انجانے میں اپنی اصل تقدیر سے چوک تو نہیں رہے ہوتے......؟...... کہیں خدا نے بندے کو یہ اختیار تو نہیں دے رکھا ہوتا کہ وہ اپنی ہمت اور محنت اور ذرا سی جستجو سے اپنی تقدیر کو بدل سکے......؟...... افسوس میرے پاس سوال تو بہت تھے لیکن جواب ایک بھی نہیں تھا......

میں نے ایسے ہی کچھ سوال ٹرین سے اترتی ہوئی ناہید کی آنکھوں میں بھی دیکھے۔ شاید وہ بھی اترتے وقت مجھ سے یہی گلہ کر رہی تھی کہ میں نے ارشد سے اس کا مکمل پتا خود ہی پوچھ کر اسے کیوں نہیں بتا دیا......؟...... اب وہ کبھی زندگی بھر اسے دیکھ نہیں پائے گی۔ کسی سے بیاہ کر پہلے بیوی، پھر ماں پھر نانی، دادی بن جائے گی لیکن جاڑے کی خشک رات کی طرح یہ انجانی خلش تاعمر اس کے دل میں کپکپی سی پیدا کرتی رہے گی۔ ایک چہرہ وقت کی دھول میں دھندلا کر مٹنے کے باوجود اس کے کورے دل کے آئینے میں اپنا ہیولہ چھوڑ جائے گا۔ نہ جانے کیوں پل میں مجھے ایسے لگا جیسے کسی نے میرا دل اپنی مٹھی میں لے کر مسل دیا ہو۔ مجھے یوں لگا جیسے ناہید اور ارشد کے انجان مقدر کی پرچی کسی اور سے نہیں، خود مجھ سے ہی کہیں گم ہو گئی ہو۔ ناہید کے اتر جانے کے بعد میں خود بھی نہ جانے کتنی دیر یونہی گم صم سا بیٹھا رہا۔ تاوقتیکہ کوئی زور سے چلایا۔ ''جبل پور آ گیا...... جبل پور......''

میں نے چونک کر سر اٹھایا تو ٹرین رک چکی تھی۔ میں اپنا مختصر بیگ لے کر اندھیرے اور ویران سے پلیٹ فارم پر اتر گیا۔ اسٹیشن سنسنان پڑا تھا۔ رات گہری ہو چکی تھی اور ٹرین کے جانے کے بعد صرف میں ہی وہاں تنہا کھڑا رہ گیا۔ اچانک مجھے اس سناٹے میں پھر سے اپنی دو آنکھوں کی چبھن کا احساس ہوا۔ میں چونک کر پلٹا تو دور اندھیرے میں وہی عجیب الخلقت جسامت والا کمزور سا شخص ایک کیمپ پوسٹ کی مریل سی پیلی روشنی کے دائرے میں کھڑا مجھے گھور رہا تھا۔ نہ جانے کیوں پل بھر میں ہی مجھے اپنی ریڑھ کی ہڈی میں ایک عجیب سی سنسناہٹ کا احساس ہوا۔ آخر یہ شخص مجھ سے کیا چاہتا تھا......؟

❀......❀

# سود وزیاں

ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ آگے بڑھ کر اس شخص سے اس آنکھ مچولی کا مقصد پوچھوں کہ اچانک مجھے اپنے عقب میں ایک کرخت سی آواز سنائی دی۔ ''کیا آپ کا نام عبداللہ ہے؟'' میں اس قدر محو تھا کہ اچھل ہی تو پڑا۔ میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا۔ ایک دیہاتی سا شخص عام مزدوروں کے حلیے میں کھڑا نظر آیا۔ اس نے اپنا صافہ سر پر خوب کس کر باندھ رکھا تھا اور پرانے بوسیدہ گرم کوٹ کو آخری بٹن تک خوب کس کر سینے پر باندھ رکھا تھا۔

''جی...... میں عبداللہ ہوں......'' اس نے میرا جواب سنتے ہی لپک کر میرا بیگ اٹھا لیا اور آگے بڑھتے ہوئے بولا۔ ''مجھے کریم خان صاحب نے بھیجا ہے۔ میرے پیچھے چلے آئیں......'' میں اس سے یہ بھی نہیں پوچھ پایا کہ یہ کریم خان صاحب کون ہیں جنہوں نے آدھی رات کو اسے مجھے اسٹیشن سے لانے کے لیے بھیجا ہے۔ شاید اس کے انداز میں ہی اتنی بے ساختگی تھی کہ میں نے بھی اس کے پیچھے قدم بڑھا دیئے۔ اچانک مجھے اس لیمپ پوسٹ کے نیچے کھڑے شخص کا خیال آیا اور میں نے پلٹ کر دیکھا اور پھر میرے قدم جم سے گئے۔ لیمپ پوسٹ خالی پڑی تھی۔ وہاں اب دور دور تک کوئی بھی نظر نہیں آرہا تھا۔ میں حیرت سے آنکھیں پھاڑے اندھیرے کی چادر کو چیرنے کی کوشش میں مصروف تھا کہ پھر سے میرے رہبر کی آواز گونجی۔ ''بابو جی چلیں...... ہمیں بہت دور جانا ہے......'' میں چونک کر پلٹا لیکن پلیٹ فارم نکلتے نکلتے بھی میں نے کئی بار مڑ کر دوبارہ اُسے تلاش کرنے کی کوشش کی اُسے تو نہ جانے زمین کھا گئی تھی، یا آسمان نگل چکا تھا۔ مجھے زیادہ حیرت اس لیے ہوئی کہ اسٹیشن سے باہر نکلنے کا واحد راستہ صرف وہی بڑا سا آہنی دروازہ تھا جس کے قریب ہم کھڑے تھے، پھر وہ کہاں چلا گیا......؟

میں اسٹیشن سے باہر نکلا تو رات کے گہرے اور سفید بادلوں جیسی دھند میں میں نے کریم خان کے بھیجے ہوئے بندے کو ایک تانگے میں کوچوان کی جگہ بیٹھے دیکھا۔ میں بنا کچھ کہے پچھلی نشست پر بیٹھ گیا اور اس نے تانگے کو اینٹوں سے بنی سڑک پر ڈال دیا۔ کچھ دیر بعد کوچوان نے اپنی جیب سے ایک بیڑی نکال کر سلگائی اور مجھ سے پوچھا ''بابو جی...... بیڑی پئیں گے......؟'' ''نہیں...... میں بیڑی نہیں پیتا......'' وہ اتنی دیر میں پہلی بار مسکرایا۔ ''اچھی بات ہے...... یہاں کی بیڑی ویسے بھی کچھ خاص ذائقہ دار نہیں ہوتی۔ بیڑی تو اصلی جبل پور کی ہوتی ہے...... وہی بارڈر پار والا جبل پور...... سنا ہے کہ وہاں بیڑی کے بڑے بڑے کارخانے ہوتے تھے۔ جہاں سے ساری دنیا کو بیڑی بھیجی جاتی تھی...... پھر وہاں سے کچھ مزدور سرحد سے اس پار اس گاؤں میں آ کر بس گئے اور انہوں نے یہاں بھی بیڑیوں میں دیسی تمبا کو بھرنا شروع کر دیا تو اس علاقے کا نام بھی سرحد پار والے جبل پور کے نام پر پڑ گیا۔ پر جناب، اصل جبل پور تو اسی طرف والا ہے۔ ہمارا والا تو اس کی نقل بھی نہیں...... کیا بات ہے اس طرف کی بیڑیوں کی...... ایک کش میں ہی روح تازہ ہو جاتی ہے...... پر جی میری گھر والی کہتی ہے کہ بیڑی پینا بری لت ہے...... بندے کو آخری عمر میں ٹی بی ہو جاتی ہے...... پر جناب بیڑی نہ پی کر لمبی عمر جینے سے تو یہی بہتر ہے کہ بندہ بیڑی پی کر جلدی مر جائے......'' وہ لگاتار اور بنا رکے بولے جا رہا تھا۔ شاید اسے بہت دنوں سے کوئی اچھا سا

مع میسر نہیں آیا تھا۔ اس کا نام بشیر تھا جو اب بشیرا ہو چکا تھا۔ یہ تانگا اس کے باپ کے دور کی جاگیر تھا جو ترکے میں اس کے حصے میں آیا تھا اور یہی وہ واحد تانگا تھا جو گاؤں بھر کی سواریوں کو اسٹیشن چھوڑنے اور وہاں سے گاؤں کے لیے اٹھانے کے کام آتا تھا۔ سردی کی وجہ سے دھند بڑھتی جا رہی تھی اور ہم اب ایک کچی سڑک پر مڑ چکے تھے۔ کوئی دور سے ہمیں دیکھتا تو ہم اسے شاید بادلوں میں تیرتے ہوئے ہی نظر آتے۔ گھوڑا اب تیزی سے ہانپ رہا تھا اور اس کے نتھنوں سے گرم بھاپ وقفے وقفے سے بھاری آواز کے ساتھ یوں چھوٹ رہی تھی جیسے کوئی پرانا اسٹیم انجن دوڑا جا رہا ہو۔ بشیرے نے تانگے کے بانسوں کے اگلے سرے پر لگے گیس کے دونوں ہنڈولے جلا رکھے تھے اور ان سے پھیلتی دھندلی سی روشنی میں ہم کہرے کی اس چادر کو چیر رہے تھے جس کی وجہ سے ہم گز بھر دور پڑی چیز کو بھی دیکھ نہیں پا رہے تھے۔ آخر خدا خدا کر کے کسی آبادی کے آثار شروع ہوئے اور حسب معمول پہلا استقبال گلیوں کے آوارہ کتوں نے کیا۔ کچھ چیزیں، کچھ باتیں شاید دنیا کے کسی خطے میں تبدیل نہیں ہوتیں۔ رات کا فسوں ہر جگہ اور ہمیشہ ایک سا ہی رہتا ہے۔ کچھ ڈرانے والا، کچھ چھپانے والا......اور بہت سے عیبوں پر پردہ ڈالنے والا۔

تانگا ایک بڑی سی کچی حویلی کے پھاٹک نما لکڑی کے دروازے کے قریب جا کر رک گیا۔ بشیرے نے آواز لگائی۔ ''اوئے کرمواوئے......مہمان آئے ہیں......بوا کھول دے......'' اندر سے کسی بوڑھے کے کھنکارنے کی آواز سنائی دی۔ ''آیا......'' کچھ ہی دیر میں پھاٹک کھل گیا اور بشیرے نے تانگا اندر وسیع صحن میں ہی ہنکا دیا۔ صحن کچھ اینٹوں سے چنا گیا تھا۔ لیکن مجھے یوں محسوس ہوا کہ جیسے یہ حویلی کا بیرونی صحن ہوگا۔ کیونکہ صحن کے چاروں طرف مہمان خانے کے طرز پر کمرے بنے ہوئے تھے اور سامنے ہی ایک اور ڈیوڑھی نظر آ رہی تھی جس کے اندر ایک دوسرا لکڑی کا دروازہ نظر آ رہا تھا جو اندر والے صحن کی جانب کھلتا تھا۔ بوڑھا کرمو اپنے ہاتھ میں ایک سال خوردہ سی لالٹین اٹھائے ہماری جانب بڑھا اور اس نے جلدی سے مجھے سلام کیا اور میرا بیگ تھام لیا۔ بشیرے نے اسے ہدایات جاری کیں۔

''مہمان کو روٹی ٹکر کھلا کر نئے والے مہمان خانے میں سلا دینا۔ خان صاحب اب صبح ہی ملاقات کریں گے......کیا سمجھا......؟'' کرمو نے سر ہلایا۔ بشیرا مجھ سے رخصت ہو کر چلا گیا اور کرم دین نے مجھے پرانے طرز کی ایک بیٹھک میں پہنچا دیا جو وہیں صحن کے دائیں طرف بنی ہوئی تھی۔ کمرہ کافی کشادہ تھا اور کھڑکی اس صحن کی جانب کھلتی تھی جہاں ابھی کچھ دیر پہلے بشیرے نے مجھے چھوڑا تھا۔ پلنگ کیساتھ ایک ڈوری لگی ہوئی تھی جس کا دوسرا سرا چھت پر لگے ایک کنڈے سے ہوتا ہوا ایک بڑے سے کپڑے کے بنے ہوئے ہتھ پنکھے سے جڑا ہوا تھا۔ لیکن آج کل سردی کا موسم ہونے کی وجہ سے ڈوری کو لپیٹ کر پلنگ کی پائنتی سے باندھ دیا گیا تھا۔ بائیں طرف دیوار کے اندر ہی ایک بڑی سی انگیٹھی بنی ہوئی تھی جس میں کچھ ہی دیر میں کرم دین نے دہکتے ہوئے انگاروں کی پوری پرات الٹ دی اور کمرہ کچھ ہی دیر میں خنک سے خوشگوار حدت اختیار کر گیا۔ کرم دین عرف کرمو کے اصرار پر میں نے چند لقمے حلق سے نیچے اتارے اور رات ڈھلنے کا انتظار کرنے لگ گیا۔ نیند کا تو کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ میری یہ سہیلی تو ویسے ہی عام حالات میں بھی مجھ سے روٹھی رہتی تھی تو انجان منزل پر بھلا کب میری پلکوں تلے ڈیرہ جمانے والی تھی۔ سو یونہی پلکیں جھپکاتے صبح کی اذانیں سنائی دینے لگیں۔ نماز پڑھنے کے بعد میں باہر صحن میں نکل آیا۔ یہ پرانے طرز کی بڑی سی لیکن کچی دیواروں اور کچے دالان والی حویلی تھی۔ کرم دین جو وہیں بیرونی ڈیوڑھی کے پاس ایک چھوٹی سی لوہے کی انگیٹھی سلگائے ہوئے بیٹھا تھا اس نے جلدی سے ایک پیڑھا میرے بیٹھنے

کے لیے اسی انگیٹھی کے پاس رکھ دیا اور خود جلدی سے اپنی کوٹھڑی سے سلور کی ایک بڑی سی چینک اٹھا کر لے آیا اور مٹی کے پیالے میں گرما گرم چائے انڈیل کر اس نے میرے ہاتھ میں تھما دی۔ ہماری زندگیوں میں کچھ تعلق کس قدر مضبوط اور لازم وملزوم بن جاتے ہیں جیسے صبح سویرے اور چائے کے کپ کا تعلق...... مگر جب چائے ایجاد نہیں ہوئی ہوگی تب لوگوں کی صبح کیسے ہوتی ہوگی؟ میں گرم پیالے کے کناروں سے نکلتی بھاپ کے عقب میں کرم دین کے جھریوں بھرے چہرے کو دیکھتے ہوئے نہ جانے کتنی دیر انہی سوچوں میں گم بیٹھا رہا۔ ہمارے شہروں میں صبح ہمیشہ ایک چھم سے کود کر اور ایک چیختے چنگھاڑتے شور کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے جب کہ یہ دور دراز کے گاؤں اور علاقے ہر روز صبح کو ایک مہربان اور نرم اجالے کی طرح خود پر وارد ہوتا محسوس کرتے ہیں۔ جس کی ابتدا عموماً مرغ کی بانگ، چرخے کی کوک اور پن گھٹ پر لگے ہینڈ پمپ کی چوں چوں سے ہوتی ہے۔ مویشی اور ڈھور ڈنگر چونک کر سر اٹھاتے ہیں اور بیل کے گلے میں بندھی گھنٹی ٹن ٹن بج اٹھتی ہے۔ رات بھر جاگنے کے بعد کھیت کی رکھوالی کرنے والے رات کھے لمبی لمبی جمائیاں لیتے ہوئے منہ اندھیرے گھر کو لوٹتے ہیں تو ان کے قہقہے راہوں میں گونجنے لگتے ہیں۔ کچھ ہی دیر میں پن چکی کی سیٹی بھی بلند ہوتی ہے۔ گھروں کے آنگن میں دودھ اور لسی بلونے کی رڑک گونجنے لگتی ہے۔ بڑے بوڑھے اور بزرگ کھنکار کھنکار کر جوانوں کی مست نیند میں رخنہ ڈالنے لگتے ہیں اور پھر کچھ ہی دیر میں مشرق کی جانب سے ایک گلابی آگ فلک کو دہکانے لگتی ہے جو دھیرے دھیرے سنہری آتشیں رنگت دھار لیتی ہے اور یوں نہ جانے کتنے مرحلوں کے بعد سورج اپنا دمکتا مکھڑا دھیرے دھیرے سرکاتا ہوا گاؤں کی ایک روشن صبح کو مکمل کرتا ہے۔ اتنی خوب صورت صبحوں کے چشم دید گواہ یہ گاؤں والے تبھی تو اتنے اجلے چہروں اور پاک من کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ صبح میری زندگی کی ان چند صبحوں میں سے ایک تھی جسے میں نے گھونٹ گھونٹ جیا تھا۔ بالکل اس گرم بھاپ اڑاتی چائے کے پیالے کی طرح...... جو اس وقت میرے ہاتھوں میں تھما تھا۔ میں نے آخری گھونٹ لیا ہی تھا کہ اندرونی پھاٹک کھلا اور اس میں لمبے قد کا ایک رعب دار شخص اپنے سراپے کو گرم کھیس میں لپیٹے اندر سے برآمد ہوا۔ دو نوکر اس کے دائیں بائیں اس کا حقہ اور تمبا کو وغیرہ اٹھائے ہوئے تیزی سے چلے آ رہے تھے۔ اس نے آتے ہی مجھے زور سے بھینچ کر گلے لگا لیا۔

''معاف کرنا جی...... رات کو مجھے ذرا تپ چڑھ گئی تھی۔ دوا پی تو اونگھ آ گئی اور میں آپ کا استقبال نہیں کر سکا۔ میرا نام کریم خان ہے...... سلطان بابا نے آپ کے آنے کی خبر کر دی تھی۔ پر آپ تو بالکل نوجوان ہو جی...... میں سمجھا تھا کہ سلطان بابا نے پہاڑی والی درگاہ کی خدمت کے لیے کسی بزرگ کو بھیجا ہوگا......''

اوہ...... تو میری ڈیوٹی جبل پور میں لگائی گئی تھی۔ یہ تو مجھے اسی وقت سمجھ جانا چاہئے تھا جب سلطان بابا نے مجھے ٹکٹ دے کر جبل پور کے لیے روانہ ہونے کو کہا تھا۔ لیکن اتنی دور...... ملک کے اس دوسرے کونے میں بھیجنے کی کوئی خاص وجہ ہی ہوگی۔ صرف درگاہ کی خدمت ہی کرنی ہوتی تو سلطان بابا یہیں جبل پور کے آس پاس سے کسی خدمت گار کو ہی بھجوا دیتے۔ کریم خان نے مجھے بتایا کہ سلطان بابا سال چھ مہینے میں یہاں کا چکر ضرور لگاتے ہیں۔ گاؤں سے پرے پہاڑی کی چوٹی پر بنی درگاہ میں مدفون بزرگ بھی کریم خان کے آباؤ اجداد سے ہی تعلق رکھتے تھے جن کے بارے میں مشہور تھا کہ حضرت مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے سپاہیوں میں شامل تھے اور دین کی حفاظت کرتے ہوئے انہی سپاہیوں کے ساتھ شہید ہو گئے تھے جنہوں نے اس عظیم مقصد کے لیے اپنی جانیں، جاں آفریں کے سپرد کی تھیں۔ تب سے لے کر اب تک اس درگاہ پر جلتا دیا کبھی بجھنے نہیں دیا گیا تھا اور

اسے ایک نور کے استعارے کے طور پر لیا جاتا تھا۔ جو اس دنیا میں ظلم اور کفر کے اندھیرے کو مٹانے کی نشانی کے طور پر روشن رکھا گیا تھا۔ کبھی کبھی سوچتا تھا کہ اللہ کے وہ سارے نیک بندے جو ایسی درگاہوں اور مقبروں میں مدفون تھے جنہوں نے خدا کی وحدت اور اس کے کلمے کی خاطر اپنی جان دی، یا اپنی ساری زندگی لوگوں کو یہ سمجھانے میں بتا دی کہ اللہ ایک ہے اور کوئی اس کا شریک نہیں ہے، انہیں اپنے مزاروں پر شرک جیسی بدعات دیکھ کر کس قدر اذیت ہوتی ہوگی۔ جب وہ یہ دیکھتے ہوں گے کہ لوگ انہیں وسیلہ بنا کر خدا سے مانگنے کے بجائے خود انہی سے آس لگائے بیٹھے ہیں تو ان کی روح کو کس قدر تکلیف ہوتی ہوگی۔ کریم خان صاحب نے بڑی محبت سے مجھے دوپہر کے کھانے تک حویلی میں ہی رکنے کی درخواست کی اور پھر سہ پہر کو جب بشیرا اپنا تانگا حویلی کے بیرونی صحن میں لگا چکا تو وہ کپڑے کی چند پوٹلیاں سنبھالے مجھے تانگے پر سوار کرانے آ پہنچے۔ ان پوٹلیوں میں گڑ، چنے، اخروٹ اور بادام اور ایسی ہی چند اور چیزیں تھیں۔ جو خان صاحب بطور خاص میرے لیے لے کر آئے تھے۔ میں نے ان کے خلوص کو تکلف کا زنگ لگا کر داغ دار کرنا مناسب نہیں سمجھا اور خوشی سے ساری پوٹلیاں تانگے کی پچھلی نشست پر رکھوا دیں۔ انہوں نے مجھے یہ بھی بتایا کہ درگاہ کے گودام میں ابھی مہینے بھر سے کچھ زیادہ کا ہی راشن پڑا ہوگا پھر بھی اگر کسی بھی چیز کی ضرورت ہوئی تو میں بلا جھجک ان سے کہلوا دوں۔ بشیرا ہر جمعرات کی شام کو دیئے کا تیل بدلنے کے لیے درگاہ جاتا تھا۔ اسی کو میرے اور خان صاحب کے درمیان پیغامبر کے فرائض سرانجام دینا تھے۔ بشیرے نے تانگا موڑا ہم حویلی کا پھاٹک کراس کر کے نکلے ہی تھے کہ اچانک خان صاحب کو جیسے کوئی ضروری بات یاد آ گئی۔ وہ جلدی سے میری جانب بڑھے۔ ''ہاں عبداللہ بیٹا...... ایک بات تو میں تمہیں بتانا بھول ہی گیا تھا۔ آج کل درگاہ میں کوئی سائل آ کر ٹھہرا ہوا ہے۔ بڑا پریشان اور مجبور لگتا ہے۔ اپنی کسی منت کے پورے ہونے کی آس میں اپنا گھر بار اور آرام تیاگ کر اس ویرانے میں پڑا ہوا ہے۔ تمہیں کچھ دن تک اسے بھی اپنے ساتھ ہی رکھنا ہوگا۔ بہت پریشان ہے بے چارہ......'' ''آپ بے فکر رہیں...... میری جانب سے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔'' بشیرے نے گھوڑے کی لگام ڈھیلی کر دیں او ر کچھ ہی دیر میں تانگا گاؤں سے باہر جاتی اسی سڑک پر دوڑ رہا تھا جو بہت دور جا کر محبوب کی کمر کی طرح اچانک ہی خم کھا گئی تھی۔ سڑک کے ساتھ ساتھ ٹھنڈے اور صاف شفاف تازہ پانی کی ایک نالی بہہ رہی تھی جس میں بہتے پانی کی گھنگھروؤں جیسی سرگم اور تانگے کی ٹپ ٹاپ ٹپ ٹاپ مل کر ایک مدھر سی موسیقی پیدا کر رہے تھے۔ ہماری زندگی میں باتیں تو ہمیشہ ہی بولتی ہیں لیکن ایسا بہت کم ہوتا ہے کہ سناٹا ہم سے بات کرے۔ گاؤں کی نارنجی خزاں رسیدہ پتوں سے ڈھکی اس سڑک کے سناٹے اور اس کے کنارے دوڑتے پانی کے اس نالے کی ترنم نے بھی اس دن مجھ سے بہت سی باتیں کیں۔ بشیرے کو جب سے پتا چلا تھا کہ میں درگاہ کا نیا مجاور ہوں تب سے اس کا انداز کافی عقیدت مندانہ سا ہو گیا تھا۔ حویلی میں ہی وہ کئی بار مجھ سے یہ درخواست کر چکا تھا کہ میں اس کے لیے اولادِ نرینہ کی ''منت'' ضرور مانگوں بدلے میں بیٹا ہونے پر وہ مجھے پورے ایک سو اکیاون روپے اور گڑ کی پوری ایک بوری نذر کرے گا۔ میں نے اس سے کہا کہ ''ایک سو اکیاون روپے میں وہ پورا بیٹا مانگ رہے ہو، کم از کم پورے دو سو ایک روپے کی منت تو ہونی چاہئے۔'' بشیرے نے چونک کر پیچھے میری طرف پلٹ کر دیکھا اور پھر میری آنکھوں میں شرارت کی تحریر پڑھ کر وہ بھی زور سے ہنس پڑا۔ ''واہ جی...... جی خوش کر دیا آپ نے بشیرے کا...... اب مجھے پورا یقین ہے کہ بشیرے کی دعا بھی ضرور پوری ہوگی......'' میں نے اس سے پوچھا کہ وہ اس یقین کے ساتھ خود خدا سے دعا کیوں نہیں کرتا کہ اللہ اسے بیٹا عطا کرے۔ جواب میں اس نے جلدی سے کانوں کو ہاتھ لگائے۔ ''نا جی نا...... بھلا یہ گناہ گار بشیرا اس

قابل کدھر کہ خود اللہ میاں سے کچھ مانگ سکے...... اور پھر بشیرے کا مانگنا تو صرف مانگنا ہوگا نا جناب...... لیکن آپ لوگ تو اللہ جی سے ضد بھی کر سکتے ہو...... یہ کام صرف مانگنے سے نہیں ہوتا جی...... یہ تو ضد والا معاملہ ہے...... صرف دعا سے ہی بیٹا ملنا ہوتا تو میری گھر والی پچھلے سات سال سے سجدے میں نہ گری ہوتی......'' میں نے چونک کر بشیرے کی جانب دیکھا۔ اس سیدھے سادھے سے دیہاتی نے دعا کا کتنا بڑا کلیہ بتا دیا تھا مجھے۔ لیکن کیا واقعی ہم اللہ سے ضد بھی کر سکتے تھے؟ اور اپنی خواہشیں اور دعائیں ضد کر کے بھی اس سے منوا سکتے ہیں؟ جب کبھی بہت لاڈلہ بچہ اپنی پسند کا کھلونا نہ ملنے پر گھر کے صحن میں پیر پٹخ پٹخ کر آسمان سر پر اٹھا لیتا ہے تب یا تو اسے اپنی ماں سے مار پڑتی ہے، یا پھر ممتا کی ماری ماں کسی بھی طرح مانگ تانگ کر اسے وہ کھلونا دلوا ہی دیتی ہے۔ تو کیا یہی کلیہ اس ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرنے والے کے ہاں بھی چل جاتا ہوگا؟ وہاں تو مار پڑنے کا بھی امکان نہیں تھا تو پھر ہم انسان اپنے خدا سے ضد کیوں نہیں کرتے......؟ کہیں یہ ہمارے عقیدے کی کمزوری تو نہیں؟ کہیں ہم طلب اور دعا کے اصل اصول سے ناواقف تو نہیں......؟

تانگا اب اس دو رویہ ایستادہ درختوں والی سڑک سے آگے بڑھ کر ایک کھلے میدان والی سڑک پر دوڑ رہا تھا اور دور پہاڑی پر واقع ایک چھوٹی سی درگاہ کے آثار اب دھیرے دھیرے نمایاں ہونے لگے تھے۔ آخر ہم اس مقام پر بھی پہنچ گئے جہاں سے آگے تانگے کے راستے کی حد ختم ہو جاتی تھی۔ بشیرے نے بہت اصرار کیا کہ وہ میرے ساتھ ہی میرا سامان اٹھا کر اوپر پہاڑی تک جانا چاہتا ہے لیکن میں نے وہیں سے اسے رخصت کر دیا۔ جاتے جاتے میں نے اسے ایک بار پھر چھیڑا ''یہ تو بتاتے جاؤ کہ اگر اس بار واقعی بیٹا ہوا تو اس کا نام کیا رکھو گے...... کچھ سوچا ہوا ہے پہلے سے کہ نہیں......'' بشیرا جو تانگے پر بیٹھ کر اپنا چھانٹا پکڑ چکا تھا دھیرے سے مسکرایا اور اس نے میری جانب غور سے دیکھا...... پہلے تو نہیں سوچا تھا جی...... پر اب سوچ لیا ہے...... میں اس کا نام ''عبداللہ'' رکھوں گا......'' بشیرا زور سے ہنسا اور تانگا کچی سڑک پر ٹپ ٹپ کی دھن پر دوڑنے لگا۔ میں کچھ دیر تک اپنے اس نئے بنتے رشتے کو دیکھتا رہا۔ ہم انسان کس قدر بھولے اور نازک ہوتے ہیں۔ کتنی جلدی رشتوں کے کول دھاگے اپنی روح کے ریشوں سے جوڑ لیتے ہیں۔ شاید اسی لیے ہم پل پل ٹوٹتے اور جڑتے رہتے ہیں۔ خدا نے ہمارے اندر احساس نام کا یہ جو جذبہ رکھا ہے یہ ہمیں کسی کروٹ چین نہیں لینے دیتا۔ ایک آس ٹوٹتی ہے تو دوسری جنم لیتی ہے۔ بشیرا بھی ایک نئی آس لیے واپس جا رہا تھا۔

جب میں اپنا سامان لیے اوپر چوٹی پر بنی درگاہ کے کچے صحن میں پہنچا تو بری طرح ہانپ رہا تھا۔ دسمبر کی کچی دھوپ میں بھی میرا ماتھا پسینے سے بھیگ چکا تھا اور اسی پسینے نے میرے ماتھے سے ٹپک کر درگاہ کی سرزمین کو اپنا پہلا سجدہ پیش کیا۔ میں کچھ دیر وہیں صحن میں بیٹھ کر سستاتا رہا۔ میرے ارد گرد درجنوں کبوتر اور چڑیاں دانہ چگ رہی تھیں۔ شاید کوئی کچھ دیر پہلے ہی انہیں دانہ ڈال گیا تھا۔ درگاہ کے صحن کے وسط میں مضبوط ٹین کی چادروں والی چھپر کے نیچے ایک قبر بنی ہوئی تھی جس کے اوپر سبز چادر اور کچھ پھول بکھرے ہوئے تھے۔ پھولوں کی خشک پتیاں تیز ہوا سے بکھر کر صحن میں پھیل رہی تھی۔ اچانک میرے پیچھے آہٹ ہوئی۔ میں چونک کر پلٹا تو ایک پکی عمر کا مرد شانوں پر کمبل ڈالے اور ہاتھ میں جلانے والی لکڑی کے چند گٹھے لیے اپنی جانب آتا نظر آیا۔ میں نے کھڑے ہو کر اس کا استقبال کیا۔ وہ قریب آ گیا اور میری جانب ہاتھ بڑھا کر بولا ''اوہ...... تو تم ہو عبداللہ...... مجھے خان صاحب نے تمہاری آمد کے بارے میں بتایا تھا۔ میرا نام اصغر ہے...... اصغر احمد...... میں اپنی ایک منت کے سلسلے میں کچھ دن کے لیے یہاں ٹھہرا ہوا ہوں...... اچھا ہوا تم آ گئے...... کبھی کبھی بہت تنہائی کا احساس ہوتا تھا یہاں......؟''

میں چاہتے ہوئے بھی ان سے یہ نہیں پوچھ سکا کہ وہ کون سی منت تھی جس کی خاطر وہ اس ویرانے میں پڑے ہوئے تھے۔ کیوں کہ بظاہر اپنے حلیے سے وہ صاحب کافی متمول خاندان سے دکھائی دیتے تھے۔ ہاتھ میں انتہائی قیمتی گھڑی، گلے میں سونے کی چین، انگلیوں میں ہیرے کی تین تین انگوٹھیاں اور چہرے پر دولت کی وہ خاص چمک جو اس درگاہ کے غریبانہ سے ماحول میں بھی اپنا جلوہ دکھا رہی تھی۔ میں نے ان کا بڑھا ہوا ہاتھ تھام لیا۔

''خوشی ہوئی آپ سے مل کر...... چلیں اگر تنہائی صرف ایک سے دو ہونے سے ختم ہو سکتی ہے تو پھر وہ نفری تو میری آمد نے پوری کر دی ہے...... امید ہے ہمارا وقت اچھا گزرے گا۔''

کچھ ہی دیر میں عصر کی نماز کا وقت ہو گیا۔ میں نے اصغر صاحب کو نماز کی دعوت دی لیکن مجھے ان کا جواب سن کر ذرا سی حیرت ہوئی۔

''نہیں عبداللہ میاں...... میں اپنی نمازیں تنہائی میں ہی ادا کرتا ہوں...... دراصل اس کا تعلق بھی میری منت سے ہی ہے۔ امید ہے تم برا نہیں مانو گے......''

''نہیں نہیں...... اس میں برا ماننے کی کیا بات ہے...... نماز آپ کا اور خدا کا ذاتی معاملہ ہے۔ آپ اپنی نماز ادا کریں، میں اپنی نماز پڑھ لوں گا......'' وہ اٹھ کر درگاہ کے صحن میں بنے ہوئے کچے کمروں میں سے ایک کی جانب بڑھ گئے۔ میرے رہنے کا انتظام بھی انہی کمروں میں سے ایک میں کیا گیا تھا لیکن میں نے وہیں صحن میں بچھے جائے نماز پر عصر پڑھ لی۔ حسب معمول نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہی مجھے اسی ازلی بے چینی اور مختلف وسوسوں اور خیالات نے آ گھیرا جو ہمیشہ سے میرے اور میری نماز کے درمیان حائل تھے۔ لشتم پشتم نماز پڑھ کر میں نے سلام پھیرا اور یوں ہانپنے لگا جیسے میلوں دور سے دوڑ کر آ رہا ہوں۔ مولوی خضر نے مجھے بتایا تھا کہ ایسی نمازیں جو صرف زمین پر ماتھا ٹکانے کی حد تک ادا کی جاتی ہوں، وہ پلٹ کر واپس نمازی کے چہرے پر ماردی جاتی ہیں۔ شاید تبھی اپنی ہر نماز کے بعد مجھے اپنے چہرے پر ایک ان دیکھے طمانچے کا احساس ہوتا تھا۔ اس دن بھی میں نے اپنی نماز کو فلک چھوئے بنا ہی واپس پلٹتے ہوئے محسوس کیا اور اسی بے چین دل کے ساتھ درگاہ کی کچی دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ سامنے چھت کی منڈیر سے سرکتی دھوپ مجھے یہ احساس دلا رہی تھی کہ میری زندگی کا ایک اور قیمتی دن ضائع ہو کر گزر گیا ہے...... آج بھی میں نے روز کی طرح صرف اپنا وقت ہی کھویا تھا...... بدلے میں کچھ پا نہیں سکا۔

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

# درد اور مسیحا

اگلے روز صبح سویرے نیچے گھاٹی میں جبل پور کے ڈاکیے کی سائیکل کی مخصوص گھنٹی سنائی دی۔ اصغر صاحب بھی اپنے کمرے سے نکل آئے۔ میں درگاہ کے صحن میں نکلا تو ڈاکیا اپنا خاکی تھیلا لٹکائے سڑھیاں چڑھ کر اوپر آتا نظر آیا۔ مجھے پہلا خیال یہی آیا کہ شاید اصغر صاحب کے لیے کوئی خط آیا ہوگا۔ ڈاکیا مجھے عبداللہ کے نام سے جانتا تھا لیکن اس کی بات سن کر میں زور سے چونک پڑا۔

''جناب یہاں کوئی ساحر صاحب بھی ٹھہرے ہوئے ہیں کیا......؟......''

اب میں اسے کیا بتاتا کہ میں خود ساحر ہوں۔ ''کیوں؟......خیر تو ہے......''

''جی سب خیر ہے......اس کے نام کا ایک خط آیا ہے۔ پتا اسی درگاہ کا ہے لیکن عجیب بات یہ ہے کہ ساحر کے نام کے سامنے چھوٹے حاشیے میں آپ کا نام لکھا ہوا ہے۔''

میں نے ڈاکئے سے خط لے لیا اور خط پر لکھی تحریر دیکھتے ہی میری سانسیں جیسے رکنے لگیں۔ وہ زہرا کی تحریر تھی۔ ہاں......اسی کے کول ہاتھوں کی انگلیوں کے شاہکار لفافے پر جگمگا رہے تھے۔

میں زہرا کی تحریر لاکھوں میں پہچان سکتا تھا۔ یہ حرف بھی تو ہم انسانوں جیسی ہی پہچان رکھتے ہیں ان میں سے ہر حرف اپنا ایک چہرہ رکھتا ہے اور میں زہرا کے ہاتھ سے بنے ان سیاہ خاکوں کو خوب پہچانتا تھا۔ میں نے لرزتے ہاتھوں سے لفافہ کھولا اور میری نظر سفید کاغذ پر بکھرے ان موتیوں پر پھیلنے لگی۔

''آداب......

مجھے ہر پل یہ احساس کیوں ستاتا ہے کہ آپ کو اس راہ پر دھکیلنے کے بعد میں خود ہی بار بار آپ کی راہ کا کانٹا بن جاتی ہوں۔ میں اور اماں اس وقت کمال آباد میں ہیں۔ زندگی کی کروٹ کسی جانب سر ٹکانے نہیں دیتی۔ ابا کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ آپ کا پتا پرانی درگاہ سے ملا۔ اس تحریر میں پوری بات کا احاطہ ممکن نہیں ہے۔ ہو سکے تو جلد از جلد کمال آباد میں نیچے دیئے گئے پتے پر پہنچ جائیں۔ میں آپ کو پریشان نہیں کرنا چاہتی تھی لیکن اماں کی ضد ہے کہ آپ کو ضرور خبر کر دی جائے۔ شاید وہ بھی میری طرح بالکل ٹوٹ گئی ہیں۔ یاد رہے کہ ہمارے پاس وقت بہت کم ہے۔

......زہرا''

خط کیا تھا، ایک معمہ تھا۔ اصغر صاحب غور سے میرے سامنے کھڑے میرے چہرے کے بدلتے تاثرات دیکھ رہے تھے۔ میں نے مختصر لفظوں میں انہیں بتایا کہ کوئی بہت خاص ہے جسے اس وقت میری ضرورت ہے وہ خوش دلی سے مسکرا کر بولے کہ ''میاں! کچھ خاص لوگ ہی ہوتے

ہیں جنہیں کسی ضرورت، یا مصیبت میں پکارا جاتا ہے۔ تم بے فکر ہو کر وہاں سے ہو آؤ یہاں کا دھیان رکھنے کے لیے میں موجود ہوں۔''

کمال آباد جنکشن جبل پور سے تقریباً دو گھنٹے ٹرین کی مسافت پر تھا۔ میں شام کی گاڑی لے کر کمال آباد پہنچا تو اندھیرا ہو چکا تھا۔ سارے راستے میرے ذہن میں یہی بات گردش کرتی رہی کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ کمال آباد کے اسٹیشن پر میں نے جس لڑکی کو دیکھا تھا وہ زہرا ہی تھی؟ لیکن زہرا تو پردے کا بے حد اہتمام کر کے گھر سے نکلتی ہے پھر یوں بے نقاب......؟؟ میں جتنا سوچتا گیا الجھن بڑھتی گئی۔ زہرا نے خط میں جس ''کاسنی حویلی'' کا پتا لکھا تھا وہاں تک پہنچنے میں مجھے کوئی دشواری نہیں ہوئی اور جب میں سائیکل رکشہ سے حویلی کے مرکزی لیکن بوسیدہ سے پھاٹک پر اترا تو مجھے حویلی کے نام کی وجہ تسمیہ بھی پتا چل گئی ساری حویلی کاسنی رنگ کے پھولوں سے ڈھکی ہوئی تھی۔ باہر کوئی دربان موجود نہیں تھا اور آدھا ٹوٹا، لٹکتا ہوا پھاٹک تیز ہوا میں جھول رہا تھا۔ باہر سے گزرتا کوئی بھی راہ گیر ایک ہی نظر میں در و دیوار کی شکستہ حالی سے اندر مکینوں کا حال جان سکتا تھا۔ سالہا سال سے بن قلعی کے در و بام سے عجیب سی وحشت ٹپک رہی تھی۔ میں اس شش و پنج میں حویلی کے پھاٹک سے چند قدم اندر تو بڑھ آیا تھا لیکن اب کاسنی پھولوں کی کیاریوں سے متصل روش پر کھڑا یہ سوچ رہا تھا کہ اندر والوں کو اپنے آنے کی خبر کیسے کی جائے؟

اچانک اندر کی جانب سے ایک آہٹ ہوئی کسی عورت کے ہلکے سے کھنکارنے کی آواز سنائی دی۔ میں اسے دیکھ کر زور سے چونکا۔ یہ وہی عورت تھی جو اس دن ریلوے اسٹیشن پر مجھے زہرا کے ساتھ دکھائی دی تھی۔ میرے سلام کا جواب دینے کے بعد اس کا اگلا سوال میرے لیے ایک اور حیرت لے کر آیا۔ ''کیا تم عبداللہ ہو؟'' جواب میں میں صرف اثبات میں سر ہی ہلا سکا۔ وہ مجھے اپنے پیچھے اندر آنے کا اشارہ کر کے پلٹ گئی۔ میں نیم اندھیری سنسان اور شکستہ سی راہداریوں میں سے ہوتے ہوئے اس کے پیچھے پیچھے چل پڑا۔ حویلی اگرچہ کھنڈر ہو چکی تھی لیکن اس کے آثار اب بھی اس کے گزشتہ مکینوں کی شان و شوکت کا پتا دیتے تھے۔ اچانک ہی مجھے اس عورت کے پیچھے چلتے چلتے ان اندھیری غلام گردشوں سے ایک انجانے سے خوف کا احساس ہوا۔ جانے وہ کون تھی اور مجھے کہاں لے جا رہی تھی۔ آخر کار وہ ایک بڑے لیکن شکستہ حال کمرے کا دروازہ کھول کر اندر داخل ہو گئی۔ اس وقت مجھے ادراک ہوا کہ حویلی کی بجلی کٹی ہوئی تھی اور چند کمزور موم بتیوں اور دیوں کی نامکمل روشنی کی وجہ سے وہ ماحول اور بھی پراسرار ہو گیا تھا۔ اندر کمرے میں حیرت کا دوسرا شدید جھٹکا میرا منتظر تھا۔ اندر داخل ہوتے ہی پہلی نظر میں اس ملگجے چراغوں کے اجالے میں وہ مجھے زہرا ہی دکھائی دی اور میں اپنی جگہ جم کر رہ گیا۔ قریب تھا کہ میں اسے زہرا کے نام سے ہی پکار لیتا لیکن اس نے بوکھلائے ہوئے انداز میں جب مجھے سلام کیا تب میں ٹھٹک کر رک گیا۔ وہ آواز زہرا کی نہیں تھی۔ ہاں...... وہ زہرا نہیں تھی اور قریب سے دیکھنے پر اس کی زہرا سے اچھی خاصی مشابہت کے باوجود چند واضح فرق محسوس کیے جا سکتے تھے۔ اس کا چہرہ ڈھکا ہوا نہیں تھا اور وہ قد میں زہرا سے کچھ کم تھی اور اس کی آنکھیں بھی گہری کالی کی بجائے نیلگوں سی تھیں اور شاید نیند، یا خوراک کی کمی کی وجہ سے آنکھوں کے گرد ہلکے سے پڑے ہوئے تھے۔ میں نے بھی ہڑبڑا کر اسے جواب دیا۔ ''وعلیکم السلام۔'' وہ لڑکی کمرے سے نکل گئی۔ عورت بولی۔ ''یہ میری بیٹی ہے زریاب...... یہ نام اس کے والد کو بہت پسند تھا۔ انہوں نے بڑے چاؤ سے رکھا تھا۔'' میں نے کچھ نہ سمجھتے ہوئے اس عورت کی جانب دیکھا۔ دراصل مجھے زہرا مقبول نے یہاں آنے کی لئے......'' اس نے میری بات درمیان میں ہی کاٹ دی۔ ''ہاں...... میں جانتی ہوں...... زریاب کا پورا نام زریاب مقبول ہے...... وہ زہرا کی سوتیلی بہن ہے......'' یہ تیسرا جھٹکا اس قدر شدید تھا کہ میں

اپنی جگہ سے کھڑا ہو گیا۔ ''جی...... یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں۔'' ''ہاں...... میں حاجی مقبول حسین کی پہلی لیکن مطلقہ بیوی ہوں...... مجھے طلاق دینے کے بعد ہی انہوں نے زہرا کی ماں سے شادی کی تھی۔ تمہاری آمد کی اطلاع مجھے زہرانے ہی کی تھی۔'' میں نے بے چینی سے ادھر اُدھر نظر دوڑائی۔ ''لیکن زہرا کہاں ہیں......؟'' ''تم نے آنے میں کچھ دیر کردی۔ وہ لوگ ابھی آدھا گھنٹہ پہلے اپنے شہر کی گاڑی پکڑنے کے لیے نکل چکے ہیں۔ تمہارے لیے زہرانے یہ لفافہ دیا ہے۔ دراصل مقبول صاحب کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ انہیں دل کا دورہ پڑا ہے۔ بس خدا اپنا رحم کرے۔'' میرے اندر جیسے بجلیاں سی بھر گئیں۔ ''اگر وہ لوگ صرف آدھا گھنٹہ قبل یہاں سے نکلے ہیں تو شاید میں انہیں ریلوے اسٹیشن پر آخری لمحات میں مل پاؤں گا......؟'' مجھ سے ایک پل بھی مزید وہاں نہیں ٹھہرا گیا۔ وہ مجھے روکتی ہی رہ گئیں کہ میں کم از کم ایک پیالی چائے تو پیتا جاؤں لیکن میں ان سے دوبارہ آنے کا کہہ کر تیزی سے باہر کسی سواری کی تلاش میں لپکا۔

میں نے ٹرین کی پہلی سیٹی کی آواز اس وقت سنی جب میں اپنی دھونکنی جیسی پھولتی سانس کے ساتھ دوڑتے ہوئے پلیٹ فارم کے مرکزی دروازے سے اسٹیشن کے اندر داخل ہوا۔ میں نہیں جانتا کہ انسانی نظر ایک پل میں کتنے مناظر اپنی بصارت میں سمیٹ سکتی ہے لیکن اس ایک لمحے میں میری آنکھوں نے پوری گاڑی کا یوں جائزہ لیا جیسے میری بصارتیں ہزار گنا بڑھ گئی ہوں لیکن وہ کہاں تھی جسے نہارے بنا میری دو آنکھوں کا یہ نور بس اس نعمت کا ایک زیاں ہی تو تھا۔ گاڑی نے دوسری سیٹی بجائی اور میری حالت اس وحشی کی طرح ہونے لگی جو اپنے جنوں میں قفس کی سنگلاخ دیواروں سے سر ٹکرانے کے لیے اپنی زنجیریں تڑوانے کی کوشش کرتا ہے۔ جانے پل بھر میں ہی کیوں مجھے وہ گاڑی ٹین اور لوہے کا جوڑ نہیں بلکہ ایک عفریت نظر آنے لگی جو کچھ ہی پل میں میری آخری سانس بھی مجھ سے چھین کر لے جائے گا۔ میں نے دیوانوں کی طرح ایک سمت قدم بڑھائے۔ ٹرین کو پہلا جھٹکا لگا۔ جب تک میں خود اپنی مرضی سے زہرا سے دور تھا تب تک میرے دل کو ایک انجانی سی ڈھارس تھی کہ وہ دور سہی پر قریب ہے، لیکن آج جب وہ میرے وجود کے اتنے نزدیک ہو کر بھی میری آنکھوں سے اوجھل تھی تو مجھے یوں محسوس ہو رہا تھا جیسے کوئی کسی کند چھری سے میرا سینہ چیر کر اسے میرے دل میں پیوست کرنے کی کوشش کر رہا ہو۔ میرا سارا صبر، تمام چین و قرار ایک پل میں ہی لٹ گیا تھا۔ یہ جلاد دل بھی ہم معصوم انسانوں کے ساتھ کیسے کیسے کھیل کھیلتا ہے۔ مجھے یوں لگ رہا تھا کہ میں چند گھڑیوں میں ہی وہی پرانا ساحر بن گیا ہوں جو ساحلی درگاہ پر ایک کار ریس جیتنے کے بعد چند لمحوں بعد ہی زہرا کی پہلی نظر کا شکار ہو کر وہیں اپنا سب کچھ ہار گیا تھا۔ اچانک میرے ذہن میں ایک کوندا سا لپکا۔ ایئر کنڈیشنڈ سلیپر، ہاں...... اس نازک اندام کو تو وہیں ہونا چاہئے۔ میں تیزی سے پلٹا۔ گاڑی نے دھیرے دھیرے سرکنا شروع کر دیا تھا۔ سامنے ہی اے سی والی بوگی تھی۔ دفعتاً میری سماعتوں کو دھوکا سا ہوا۔ ''ساحر......'' یہ تو وہی روح میں اتر جانے والی آواز تھی۔ میں تڑپ کر پلٹا۔ ہاں...... وہ زہرا کی ہی آواز تھی۔ اے سی سلیپر بوگی کی ایک ادھ کھلی کھڑکی سے میری سدا گردش میں رہنے والی تقدیر کا واحد روشن تارہ جھلک رہا تھا۔ میں اپنی جگہ منجمد ہو گیا۔ اس کا ڈبہ چیونٹی کی رفتار سے میری نظروں کے سامنے سے گزرا۔ وہ بے چینی سے پھر بولی۔ ''ساحر...... گاڑی چھوٹ رہی ہے......'' مجھے ایک جھٹکا سا لگا۔ اس کی بوگی مجھ سے چند قدم آگے بڑھ چکی تھی۔ میں کھڑکی سے جھانکتی زہرا کی جانب لپکا ٹرین کی رفتار تیز ہو رہی تھی۔ میں نے کچھ بولنے کی کوشش کی لیکن میرے حلق سے آواز نہیں نکل پائی۔ میرے شکستہ قدم لڑکھڑا رہے تھے۔ میری پلکیں بھیگنے لگیں۔ وہ تڑپ کر بولی ''خود کو سنبھالیں ساحر، میں نے سب کچھ خط

میں لکھ دیا ہے۔ پڑھ لیجئے گا......اور اپنا خیال رکھیئے گا......'' گاڑی نے مزید رفتار پکڑ لی۔ میری نظر زہرا کی نگاہ میں گڑھ کر رہ گئی تھی۔ میری بصارت کیلئے دیگر ہر منظر جیسے دھندلا سا گیا تھا۔ وہ ٹرین، پلیٹ فارم، سیٹی بجاتا ٹی ٹی، وہاں پھرتے دیگر لوگ، وینڈنگ کنٹریکٹر، سارے قلی، کہرے میں لپٹی شام، گیس کے ہنڈولوں کی ملگجی پیلی روشنی کے دائروں میں ڈوبا وہ اسٹیشن، سب کچھ پل بھر کے لیے اوجھل سا ہو گیا۔ صرف میں اور وہ رہ گئے۔ میری آنکھ سے ایک آنسو ٹپکا۔ میرے گھائل قدم کسی چیز میں الجھ کر لڑکھڑائے اور میں گرتے گرتے بچا۔ زہرا نے بے قرار ہو کر بے اختیار اپنا ہاتھ یوں بڑھایا جیسے مجھے گرنے سے بچانا چاہتی ہو۔ لیکن لوہے کی پڑی سے جڑے فاصلے تیزی سے اسے مجھ سیاہ نصیب سے دور لے جا رہے تھے۔ اس کا ہاتھ یونہی فضا میں اٹھا رہ گیا۔ جانے کیوں مجھے احساس ہوا کہ اس کی پلکیں بھی نم ہو رہی تھیں۔ اس کے لب ہلے، لیکن پہیوں کی گڑگڑاہٹ نے میرے نصیب کے لفظ بھی میری سماعتوں سے چھین لئے۔ جانے اس نے کیا کہا تھا؟ شاید ''الوداع''......لب تو میرے بھی ہلے تھے لیکن اپنے حرف تو میں خود بھی نہیں سن سکا تو بھلا اس نازِ خراماں کو کیا سنائی دیتے......؟......کچھ ہی پل میں ہمارے درمیان وہی زمینی فاصلے حائل ہو گئے جو ہمیشہ سے اس نصیب جلی محبت کا مقدر ہوتے ہیں۔ ٹرین پلیٹ فارم سے باہر نکل کر کافی آگے بڑھ چکی تھی اور اب دھیرے دھیرے اس کہر آلود اندھیرے کا حصہ بنتی جا رہی تھی۔ تیزی سے دوڑتی گاڑی کی جانب سے میری طرف بڑھتے سرد ہوا کے ایک آوارہ جھونکے نے میرے گالوں تک پہنچے دو آنسوؤں کو مخالف سمت میں دھکیل کر اس فضا کا ایک حصہ بنا دیا۔ نہ جانے پانی کی وہ دو نمکین بوندیں کس بدنصیب کے دل کی زمین پر جا کر گری ہوں گی۔ لیکن جہاں بھی گری ہوں مجھے یقین تھا کہ سب کچھ جلا کر بھسم کر گئی ہوں گی۔

میں نے جیب سے زہرا کا خط نکال کر وہیں پلیٹ فارم کے ایک بنچ پر بیٹھے بیٹھے پڑھ لیا۔ زہرا کی سوتیلی ماں کا نام نگار تھا اور انہیں اور زریاب کو میری جس مدد کی ضرورت تھی، وہ فوری نوعیت کی نہ ہونے کے باوجود اہم تھی۔ میں نے وہیں اسٹیشن کے تار گھر سے ہی پاپا اور اپنے دوست کاشف کو تار بھیجے اور خط کے بکسے میں خط بھی ڈال دیئے اور کاسنی حویلی کے نام ایک خط لکھ دیا کہ وہ مطمئن رہیں میں نے حکام بالا کو اطلاع کروا دی ہے اور جلد ہی دوبارہ ان سے آ کر ملوں گا۔

اس تمام مصروفیت سے فارغ ہو کر میں رات کی آخری گاڑی لے کر جب جبل پور واپس پہنچا تو صبح کا سپیدہ نمودار ہو رہا تھا۔

میں درگاہ پہنچا تو اصغر صاحب کی طبیعت پہلے سے اب کافی بہتر لگ رہی تھی۔ انہیں سارا احوال بتا کر میں درگاہ کے پچھلے ایک ہفتے کے ترک شدہ معمولات میں جٹ گیا۔ لیکن سارا وقت میرے ذہن میں نگار اور زریاب سے متعلق زہرا کے لکھے ہوئے خط کے الفاظ ٹکراتے رہے۔

اگلی صبح میں گاڑی پکڑ کر کمال آباد بھی ہو آیا۔ میری توقع کے مطابق پاپا اور کاشف نے تمام متعلقہ حکام کو کاسنی حویلی کے مسئلے کے بارے میں آگاہ کر دیا تھا۔ درگاہ میں میرے لیے کاشف کا ایک خط بھی موجود تھا جس میں اس نے بتایا تھا کہ کمال آباد میں حالیہ تعینات اے ایس پی ہمارا ہی ہم جماعت خالد تھا جو سی ایس ایس کرنے کے بعد پولیس جوائن کر چکا تھا۔ خالد مجھ سے مل کر بے حد خوش ہوا اور اس نے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔

زہرا کے خط سے مجھے یہ تو پتا چل ہی چکا تھا کہ اس کی بھی اپنی ماں سمیت زریاب اور نگار سے یہ پہلی ملاقات تھی۔ لیکن کہانی آج سے نہیں

بلکہ بائیس سال پہلے شروع ہوتی تھی جب زہرا کے والد مقبول خان اپنی گریجوایشن کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے دوسرے شہر پہنچے تھے۔ والدین کی اکلوتی اولاد اور بے پناہ دولت کی وجہ سے شاہانہ مزاج اور شہزادوں جیسی عادات تو شروع سے ہی تھیں، رہی سہی کسر جوانی نے پوری کر دی تھی اور شاید انہی چیزوں کے امتزاج کی بدولت انہی کی یونیورسٹی کی ایک جونیئر طالبہ نگار چند دنوں بعد ہی اپنا دل ان کے قدموں میں ہار بیٹھی۔ مقبول بھی زیادہ عرصہ مزاحمت نہ کر سکے اور دونوں یک جان دو قالب کی تفسیر بن گئے۔ مقبول کو اتنا اندازہ ضرور تھا کہ ان کے والدین بیچ تعلیم انہیں کسی بندھن میں بندھنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ لہٰذا فیصلہ یہی طے ہوا کہ فی الحال گھر والوں سے چھپ کر نگار سے شادی کر لی جائے اور کچھ عرصہ اس رشتے کو مخفی رکھا جائے۔ اس وقت مقبول کا ارادہ یہی تھا کہ کسی مناسب موقع پر یہ راز والدین کے سامنے کھول دیں گے لیکن وہ مناسب موقع کبھی نہ آیا۔ اگلے سال نتیجہ آنے سے پہلے ان کے والد کی طبیعت کچھ یوں بگڑی کہ مقبول کو سب چھوڑ چھاڑ کر گھر بھاگنا پڑا جہاں مقبول کے والد نے پہلے ہی سے اپنے بھائی کی بیٹی سے ان کا رشتہ جوڑنے کا انتظام مکمل کر رکھا تھا۔ مقبول کے والد کی حالت کے پیش نظر انکار کی کوئی گنجائش ہی نہیں تھی اور شادی کے ٹھیک تیسرے دن والد اگلے جہاں سدھار گئے اور ٹھیک اسی دن زریاب تین ماہ کی ہوئی۔ چالیسویں کے بعد جب مقبول نے تنہائی میں اپنی ماں کو نگار اور اپنی بچی کے بارے میں بتایا تو وہ بھی صدمے سے بے حال ہو کر بستر پر پڑ گئیں اور پھر انہوں نے قسم ہی کھالی کہ جب تک مقبول اس چھوٹے گھر کی لڑکی نگار سے ہر رشتہ توڑ نہیں لیتے تب تک وہ انہیں اپنا حق نہیں بخشیں گی اور یوں ایک عورت نے اپنے حق کی بخشش کی جنگ میں ہمیشہ کی طرح دوسری عورت کے حق پر ڈاکہ ڈال دیا۔ نگار کو جب طلاق کا پروانہ ملا تو وہ نیم پاگل سی ہو گئی۔ حالانکہ مقبول نے اپنی کمال آباد والی کوٹھی اور ماں اور بچی کی تربیت اور گزارے کے لیے بہت معقول انتظامات کر دیئے تھے لیکن ہوش میں آنے کے بعد نگار نے اس بے وفا کی دی ہوئی ہر سہولت اور آسائش کو ٹھکرا دیا۔ کئی سال بیت گئے اور زریاب کے ساتھ اس کی چھوٹی بہن زہرا بھی جوان ہو گئی لیکن مقبول کی دوسری شادی اور طلاق کا راز راز ہی رہا۔ لیکن پچھلے ہفتے جب حاجی مقبول کو تیسرا دل کا دورہ پڑا تو انہیں اپنی ماضی کی غلطیاں یاد آئیں اور انہوں نے اس جان لیوا بیماری کے بستر پر ہی زہرا کی ماں کے سامنے اپنا دل کھول کر رکھ دیا۔ زہرا کی ماں تو کھل کر اپنے اندر ہوئی ٹوٹ پھوٹ اور کرچیوں کے شور کو بھی باہر نہیں نکال پائیں کیوں کہ ان کے سہاگ کی حالت ہی اس وقت کچھ ایسی تھی کہ انہیں اپنے پھٹتے ہوئے دل کی آخری سسکی کو بھی پی جانا پڑا۔ ہاں البتہ ماں نے تنہائی میں زہرا کے سامنے اپنے دل کے سارے سیلاب بہا دیئے۔ حاجی مقبول کی خواہش پر ہی زہرا اور اس کی ماں کمال آباد آئے تھے تاکہ نگار سے مقبول کی خواہش کے پیش نظر اس کی زیادتی کو در گزر کرنے کی درخواست کر سکیں۔ خود حاجی مقبول تو بستر سے کچھ ایسے لگے پھر دن بدن ان کی حالت بگڑتی ہی گئی۔ نگار نے وہی کیا جو کوئی اعلیٰ ظرف کر سکتا ہے لیکن اس نے زہرا کی ماں کے ساتھ شہر جانے سے انکار کر دیا۔ وہ پھر سے پرانے زخم ہرے نہیں کرنا چاہتی تھیں اور ویسے بھی وہ خود بہت سی الجھنوں میں گھری ہوئی تھیں۔ یہ کاسنی حویلی پہلے ان کے دادا اور پھر باپ کی واحد اور آخری جاگیر تھی۔ لیکن دو سال پہلے زریاب کے نانا کے انتقال کے بعد اب زمانے کے گدھ ان کی اس پشتینی جائیداد اور بیٹی پر نظریں گاڑھے بیٹھے اور وہ کسی بھی حال میں اپنے اس آخری خزانے کی حفاظت سے غافل نہیں رہ سکتی تھیں۔ ان کی حالت کے پیش نظر ہی زہرا کی امی نے اسے مجھے خط لکھنے پر مجبور کیا تھا۔ زریاب اور اس کی ماں کی زندگی کا سب سے بڑا کانٹا شہر کا مشہور غنڈہ جگن تھا۔ جو بیک وقت کومل زریاب اور کمال آباد کے وسط میں کھڑی اس کی جائیداد کو ہتھیانے

کے درپے تھا اور جگن اس سلسلے میں ہر ہتھکنڈا پہلے ہی آزما چکا تھا۔ میں نے زریاب اور نگار کو اطمینان دلایا کہ مجھ سے جو ممکن ہوا، ضرور کروں گا۔ فی الحال اطمینان کی بات یہ تھی کہ جگن کو علاقہ پولیس نے نقص امن کے خدشے میں مہینہ بھر کے لیے شہر بدر کیا ہوا تھا اور فی الحال اس کی طرف سے ماں بیٹی کو کوئی خطرہ نہیں تھا۔ اس رات میں نے پاپا اور کاشف کو جو تار اور خط بھیجے تھے وہ اسی مسئلے سے متعلق تھے کہ کمال آباد میں پولیس کی اعلیٰ قیادت کو کاسنی حویلی کی حفاظت کرنے کی درخواست کی جائے۔ میں جانتا تھا کہ کاشف تب تک ٹک کر نہیں بیٹھے گا جب تک سارا انتظام مکمل نہیں کر لے گا اور پاپا کا تو آئی جی پولیس کو ایک فون ہی کافی تھا۔ کہتے ہیں انسان ہی انسان کا سب سے بڑا درد اور انسان ہی اس کا درماں ہے۔ لیکن فی الحال جگن کاسنی حویلی کا درد ثابت ہو رہا تھا۔ تیسرے دن ہی مجھے نگار کا پیغام ملا کہ جگن کمال آباد واپس پہنچ گیا ہے۔ اے ایس پی خالد نے اسے تھانے بلوا کر پہلے ہی سرزنش کر تو دی ہے کہ وہ دوبارہ کاسنی حویلی کی طرف آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے لیکن وہ اب بھی بے حد فکر مند تھیں اور زریاب کا تو اب جگن کا نام سنتے ہی رنگ پیلا پڑ جاتا تھا۔ میں دو دن پہلے سلطان بابا کے لیے بذریعہ تار پیغام بھجوا چکا تھا کہ مجھے کمال آباد میں ان کی اشد ضرورت ہے لہٰذا وہ کسی بھی طرح کمال آباد پہنچیں۔ نہ جانے پرانی درگاہ پر بھیجے گئے تار کا پیغام ان تک پہنچا تھا، یا نہیں لیکن اب میرے لیے مزید دیر کرنا ممکن نہیں تھا لہٰذا میں تمام ذمہ داریاں اصغر صاحب کے حوالے کر کے کمال آباد کی گاڑی پکڑنے نکل پڑا۔

''کاسنی حویلی'' پر وہی سدا پرانی یاسیت طاری تھی۔ اس شام عصر کے وقت جب میں وہاں پہنچا تو مجھے پوری حویلی میں پھولوں سے بھری کیاریوں اور ان کی نہایت سلیقے سے کی گئی تراش خراش کے پیچھے چھپے ہنرمند ہاتھوں کا بھی پتا چل گیا۔ زریاب نہایت انہماک سے بڑا سا قینچہ ہاتھ میں لیے پھاٹک سے متصل کیاری کی کاسنی پھولوں کی بیل سے بے جان ڈالیاں اور خشک پتیاں اور ٹہنیاں تراش رہی تھی۔ شاید یہی اس پژمردہ سے ماحول میں اس نازنین کا واحد بہلاوہ تھا۔ تبھی وہ اس کام میں اس قدر مگن تھی کہ اسے میری آمد کی خبر تک نہیں ہوئی۔ کچھ لمحوں بعد میں نے ہلکے سے کھنکار کر اسے اپنی جانب متوجہ کیا۔ وہ گھبرا کر یوں پلٹی کہ اس کے چہرے کا رنگ بھی انہیں پھولوں کی طرح کاسنی سا ہو گیا۔ وہ جلدی سے مجھے سلام کر کے اندر چلی گئی اور چند لمحوں بعد نگار اندر سے برآمد ہوئیں۔ وہ کافی گھبرائی ہوئی لگ رہی تھیں۔ پتا چلا کہ جگن نے خود تو پہرے کی وجہ سے حویلی کا رخ نہیں کیا لیکن اس نے اپنے ہرکاروں کے ذریعے نگار کو یہ واضح پیغام بھیجا ہے کہ وہ کسی طور پر زریاب سے دست بردار نہیں ہو گا اور یہ چند روزہ پہرہ اس کے راستے کی دیوار نہیں بن سکتا۔ زریاب جہاں بھی جائے گی وہ سائے کی طرح اس کے ساتھ ہی لگا رہے گا۔ مجھے نگار کے چہرے سے ہی معاملے کی سنگینی کا احساس ہو گیا تھا۔ یہ معاملہ پولیس، یا پہرے داری سے کہیں بڑھ کر تھا اور پھر پولیس کے سادہ لباس والے اہلکار بھی کب تک یوں کاسنی حویلی کے پھاٹک پر ٹنگے رہتے، یا پھر نگار اور زریاب کے پیچھے پیچھے بازار اور دیگر روزمرہ کے آنے جانے کی جگہوں پر دم چھلا بنے پھرتے رہتے......؟ معاملہ عورتوں کا تھا اور عورت کا پہرہ بذات خود ہمارے معاشرے میں ہزار سوالوں کو جنم دے ڈالتا ہے۔ کیوں کہ ہم عورت کو پچاس فیصد قصوروار تو ازل سے ہی تسلیم کرتے چلے آ رہے ہیں۔ باقی کسر شک کا پانچ، یا دس فیصد پورا کر دیتا ہے اور معاشرہ اس کے خلاف اپنا فیصلہ سنا دیتا ہے۔ نگار اور زریاب اور پولیس کے پہرے کی یہ ہمراہی بھی تو ایک طرح سے جگن ہی کے اس مقصد کی تکمیل تھی جو وہ زریاب کو بدنام کر کے حاصل کرنا چاہتا تھا۔ شرفا تو ویسے بھی اس در سے سو قدم دور چلتے ہیں جہاں ان وردی والوں کا پہرہ ہو اور اس پہرے میں اگر وہ دونوں باہر بھی نکلتیں تو یہ مزید

جگ ہنسائی اور لوگوں کو باتیں بنانے کا موقع دینے کے مترادف ہوتا اور پولیس جگن پر اس وقت تک ہاتھ بھی نہیں ڈال سکتی تھی جب تک وہ کوئی باقاعدہ جرم نہ کرتا۔ وہ پہلے ہی علاقہ بدری کی سزا کاٹ کر آیا تھا اور اے ایس پی خالد اگر اسے کسی بہانے سے دوبارہ جیل بھجواتا، یا پھر سے علاقہ چھوڑنے کا حکم دے بھی دیتا تو اس کی میعاد کیا ہوتی؟ اور پھر کسی بھی دسرے درجے کے وکیل کے ذریعے مجسٹریٹ صاحب کی عدالت سے پولیس کے اس حکم کے خلاف امتناعی پرچہ لیا جا سکتا تھا۔ کیوں کہ بہر حال عدالت کسی بھی شخص کو صرف اس وجہ سے سزا نہیں دے سکتی تھی کہ اس کی ذات سے دو کمزور اور معصوم عورتیں خوف زدہ ہیں۔ دھمکی ثابت کرنے کے لیے نگار کو عدالت کے پھیرے کاٹنے پڑتے اور زریاب کا دامن بھی الجھنے سے بچ نہ پاتا۔ جب کہ یہ سارا بکھیڑا ہی زریاب کے اجلے دامن کو کسی بھی ایسے داغ سے بچانے کے لیے ہی کھڑا کیا گیا تھا۔ بات اگر کسی عفت مآب دوشیزہ کی ہو تو یہ معاشرہ ہر طرف سے ایک دلدل ہی تو ہے۔ چھری خربوزے پر گرے یا خربوزہ چھری کی زد میں آئے، نتیجہ تو ایک ہی تھا۔ دفعتہً مجھے محسوس ہونے لگا کہ جگن کے معاملے میں پولیس کو ڈال کر ہم سے بہت بڑی بھول ہوگئی ہے۔ اب یہ معاملہ پسند، یا لالچ سے بڑھ کر ضد اور انا کی سولی بن چکا تھا جس پر جگن، یا زریاب میں سے کسی ایک کو لٹکنا ہی تھا۔ ایک بار جی میں آیا کہ نگار سے کہوں کہ وہ اپنا اور زریاب کا چھوٹا موٹا سامان باندھیں اور میرے ساتھ اسی وقت جبل پور کے لیے نکل چلیں۔ ابھی روشنی باقی تھی اور ہم رات کا اندھیرا ہونے سے پہلے جبل پور پہنچ سکتے تھے۔ اگر جگن نے ہمارے راستے میں آنے کی کوشش کی تو پھر دیکھا جائے گا اور پھر جبل پور میں خان صاحب کی پوری حویلی موجود تھی ان دو مظلوم عورتوں کے سر پر سایہ کرنے کے لیے۔ لیکن اگر کاسنی حویلی سے دست برداری ہی اس مسئلے کا حل ہوتا تو نگار خود بہت پہلے ایسا کوئی قدم اٹھا چکی ہوتیں۔ میں کافی دیر وہیں کھڑا اس معاملے کے پیچ و خم پر غور کرتا رہا۔ اچانک میں نے نگار کے چہرے کا رنگ تبدیل ہو کر سفید ہوتے ہوئے دیکھا میں نے چونک کر اس کی نظروں کے تعاقب میں پیچھے حویلی کے پھاٹک کی جانب دیکھا۔ ایک بھاری تن و توش اور گہرے سانولے رنگ کا ایک شخص سر پر ترچھی قراقلی پہنے، ہونٹوں میں بیڑی اور کلوں میں پان دبائے ہوئے تانگا حویلی کے پھاٹک پر رکوائے ہمیں گھور رہا تھا۔ نگار کے منہ سے سرسراتی ہوئی آواز میں صرف اتنا نکلا...... جگن......"

وہ شخص کچھ دیر تک ہمیں یونہی گھورتا رہا۔ پھر اس نے تانگے والے کو اشارہ کیا اور تانگا آگے بڑھ گیا اور پھر ایک دوسری لیکن انتہائی خوشگوار حیرت اسی لمحے کے جلو میں میری مایوسیوں اور ناامیدیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے نمودار ہوگئی۔ تانگا بڑھتے ہی میں نے اس کے عقب میں ایک سائیکل رکشہ کو رکتے اور اس میں سلطان بابا کو اترتے ہوئے دیکھا۔ چند لمحے تو مجھے یقین ہی نہیں آیا کہ وہ کمال آباد اور پھر کاسنی حویلی پہنچ چکے ہیں اور اس وقت عین میرے سامنے کھڑے میرے چہرے سے بے اختیار بہہ نکلنے والے آنسوؤں کو پونچھ رہے ہیں۔ نگار اور زریاب سلطان بابا کے لیے چائے وغیرہ کے انتظامات میں لگ چکی تھیں۔ میں نے سلطان بابا کو چند لمحوں میں ہی ساری کہانی "الف" سے لے کر "ی" تک سنا ڈالی، جسے سن کر وہ کافی دیر کسی گہری سوچ میں ڈوبے رہے۔ پھر بہت دیر بعد سر اٹھا کر بولے "کمال آباد کے آئی جی صاحب سے پرانی یاد اللہ ہے مجھے ان سے ملنا ہوگا......" میں نے چونک کر انہیں دیکھا۔ میرا دل چاہا کہ میں انہیں اس بات سے منع کر دوں یہ پولیس، یا قانون کا معاملہ نہیں تھا۔ مانا کہ آئی جی صاحب سارے ضلع کی کوتوالی جگن کے دروازے پر لا بٹھائیں گے لیکن اس سے بھی کیا ہوگا۔ وہ بھی جگن کو عمر بھر کے لیے تو قید نہیں کر پائیں گے نا...... یہ تو اس کے دل میں پلتے کینے کو مزید بڑھاوا دینے کے مترادف ہوگا۔ لیکن چاہ کر بھی میں سلطان بابا کو یہ سب نہیں کہہ پایا اور سلطان بابا کے

ساتھ اگلی صبح آئی جی صاحب کے دفتر جا پہنچا۔ ملاقات کا وقت صبح گیارہ سے بارہ بجے کا تھا اور ملاقاتیوں کی بھیڑ دیکھ کر کم از کم اگلے تین دن تک اپنا نمبر آتا دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ بہر حال میں نے قاعدے کے مطابق کاغذ کی ایک چٹ پر سلطان بابا کا نام لکھ کر استقبالیہ کلرک کو دے دیا جو دس پندرہ منٹ کے وقفے سے جمع شدہ ناموں کی پرچیاں اندر آئی جی صاحب کے پی اے کو بھجوا رہا تھا۔ پھر اچانک ہی ایک عجیب بات رونما ہوئی۔ اندر سے پکی عمر کے ایک صاحب جلد بازی میں برآمد ہوئے ان کی وردی پر لگے فیتوں سے زیادہ ان کی شخصیت شاندار تھی۔ ان کے پیچھے ہی باوردی اسٹاف، پولیس والے گارڈ اور چند اور عملے کے آدمی ہڑبڑاتے ہوئے تقریباً بھاگتے ہوئے کمرے سے نکل آئے۔ جس راہ داری میں ہم بیٹھے ہوئے تھے وہاں بھی کھلبلی سی مچ گئی۔ پتا چلا کہ یہی صاحب آئی جی نصیر احمد ہیں۔ وہ سبھی لوگوں سے لاتعلق تیر کی طرح ہماری جانب بڑھے اور گرم جوشی سے سلطان بابا کے گلے لگ گئے اور انہیں بڑی عزت اور محبت سے اندر اپنے کمرے میں لے گئے۔ میں حیرت سے ان کی یہ ساری گرم جوشی دیکھتا رہا۔ دونوں نہ جانے کن کن زمانوں کی پرانی یادوں کو کافی دیر تک کریدتے رہے۔ نصیر صاحب کو بہت دیر بعد میرا خیال آیا اور انہوں نے مجھ سے معذرت کی کہ ان کی سلطان بابا سے بہت مدت بعد ملاقات ہوئی ہے لہٰذا جذبات کی رو میں وہ میرا تعارف لینا بھول ہی گئے۔ ابتدائی تکلفات سے فارغ ہونے کے بعد اب مدعا کی باری آ چکی تھی لیکن میں سلطان بابا کی فرمائش سن کر کچھ حیران ہوا۔ انہوں نے آئی جی صاحب سے جگن کو ان کے آفس طلب کرنے کی فرمائش کی۔ نصیر صاحب نے چونک کر سلطان بابا کو دیکھا۔ ''کوئی خاص شخصیت......؟...... جہاں تک میری معلومات ہیں، اس نام کا اس شہر میں ایک بدنام زمانہ اچکا اور لفنگا رہتا ہے...... سب ٹھیک تو ہے نا......؟ ......سلطان بابا مسکرائے۔ ''سب ٹھیک ہے نصیر صاحب...... بس یہ دھیان رہے کہ آپ کے عملے میں سے جو بھی جائے، اسے میرے مہمان کی حیثیت سے یہاں تک لے کر آئے......'' اس مرتبہ نصیر صاحب کے ساتھ ساتھ میری بھی چونکنے کی باری تھی۔ آئی جی صاحب نے سلطان بابا سے مزید کوئی سوال نہیں کیا اور فون پر کسی کو ہدایات جاری کر دیں کہ جگن کو عزت کے ساتھ ان کے دفتر پہنچا دیا جائے۔ میں ایک بار پھر کچھ کہتے کہتے چپ ہو گیا۔ کچھ ہی دیر میں پی اے نے انٹر کام پر بتایا کہ جگن کو لایا جا چکا ہے۔ آئی جی صاحب نے اسے وہیں آفس میں بھیجنے کی ہدایت کر دی۔ کچھ ہی دیر میں جگن کمرے میں داخل ہوا۔ جگن جیسے غنڈے کے لیے آئی جی آفس میں طلب کیا جانا بذاتِ خود اس کے لیے ایک بہت بڑا دھچکا تھا۔ اسے آج تک حوالدار سے لے کر سب انسپکٹر تک ہی بھگتتے آ رہے تھے، جو کہیں نہ کہیں خود بھی جگن سے مرعوب ہی رہتے تھے۔ کوئی بڑا کیس ہو گیا تو انسپکٹر، یا ایس ایچ او آفس میں پیشی ہو جاتی تھی جہاں چھوٹے اہلکاروں کی خوشامد اور بڑے اہلکاروں کی ڈانٹ ڈپٹ اور گالی گلوچ کا وہ عادی تھا اور وہاں کے بلاوے اس کے لیے اب صرف تفریح کا باعث ہوتے تھے۔ لیکن ایک دن اسے یوں آئی جی آفس میں طلب کیا جائے گا یہ اس کے وہم و گمان میں بھی نہیں تھا۔ سچ تو یہ ہے کہ اس قماش کے لوگ اسے اپنے لیے ایک اعزاز سے کم نہیں سمجھتے تھے اور آئندہ ان کے ''دھندے'' میں یہ بلاوہ ان کی ساکھ بڑھانے میں کافی معاون ثابت ہو سکتا تھا۔ لیکن بہر حال آئی جی کا بلاوہ اور پھر نصیر صاحب کی شخصیت اور ان کے دفتر کا وہ رعب دار ماحول...... یہ سب مل کر کسی بھی غلط انسان کے حواس کچھ دیر کے لیے معطل کرنے کا باعث بن سکتا تھا۔ اس دن میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ بعض مرتبہ عہدے سے بڑھ کر انسان کا سراپا بولتا ہے۔ نصیر صاحب کی بھاری بھرکم شخصیت اور ان کے اندر تک اتر جانے والی وہ گہری نظر کسی بھی چھوٹے موٹے مجرم کا پتا پانی کر سکتی تھی۔ لیکن جگن بہر حال علاقے کا دادا اور ایک گھاگ شخص تھا

جسے کئی بار جیل یاترا کے بعد قانون کی اتنی سمجھ تو آ ہی چکی تھی کہ فی الحال اس نے ایسا کوئی جرم نہیں کیا جس کی بنیاد پر اسے کوئی سزا دی جائے اور اپنے بلاوے سے لے کر آئی جی آفس پہنچنے تک وہ اپنے حواس پر کافی حد تک قابو پا چکا تھا۔ لیکن پھر بھی اتنے سرد موسم کے باوجود دفتر میں داخل ہونے سے لے کر اب تک کے مختصر عرصے میں وہ دو تین بار اپنے ماتھے سے پسینہ پونچھ چکا تھا۔ نصیر صاحب نے سر سے پیر تک ایک بھرپور نگاہ اس پر ڈالی ''ہوں...... تو تم ہو جگن......؟ ماں باپ نے کیا نام رکھا تھا؟'' وہ کچھ ہڑبڑا سا گیا۔ ''جی...... جہانگیر...... سے ہوتے ہوئے جگن پڑ گیا...... صاحب...... میرے کو یہاں......؟'' نصیر صاحب نے اس کا سوال منقطع کرتے ہوئے سلطان بابا کی جانب اشارہ کیا۔ ''یہ سلطان بابا ہیں...... میرے خاص مہمان...... یہ تم سے ملنا چاہتے تھے......'' سلطان بابا نے آئی جی صاحب سے درخواست کی کہ اگر انہیں کوئی اعتراض نہ ہو تو ہم ان کے کمرے کے ساتھ ملحقہ ملاقاتی کمرے میں جگن سے بات کر لیں...... ویسے بھی ہماری وجہ سے ان کے دفتر کے معمولات میں پہلے ہی کافی خلل پڑ چکا تھا۔ نصیر صاحب نے خوش دلی سے سر ہلایا اور چند لمحوں بعد ہم جگن کے سامنے ایک علیحدہ کمرے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حالانکہ گزشتہ روز جگن کی مجھ پر کاسنی حویلی کے دالان میں کھڑے ایک اچٹتی سے نگاہ تو پڑ چکی تھی لیکن اس کے تاثرات بتا رہے تھے کہ مجھے پہچان نہیں پایا۔ اب اس کا چہرہ باقاعدہ ایک سوالیہ نشان بن چکا تھا لیکن جانے یہ سلطان بابا کا ٹھہرا ہوا لہجہ تھا، یا پھر اس ماحول کا اثر کہ وہ چاہ کر بھی ہم سے کوئی سوال نہیں کر سکا۔ سلطان بابا نے شاید جان بوجھ کر کچھ زیادہ وقت لیا اور پھر دھیرے سے کھنکار کر بولے۔ ''معافی چاہتا ہوں جہانگیر میاں...... تمہیں اس طرح یہاں بلوا کر زحمت دی۔ اگرچہ پیاسے کو کنویں کے پاس جانا چاہئے، لیکن تمہارے پتے ٹھکانے سے آگاہ نہ ہونے کی وجہ سے کنویں کو پاس بلانا پڑا...... حالانکہ غرض ہماری ہی تھی......'' جگن جو پہلے ہی سلطان بابا کے منہ سے اپنا اصل نام سن کر ہڑبڑایا سا ہوا تھا، ان کی بات سن کر بالکل ہی بوکھلا سا گیا۔ ''نہیں نہیں بابا جی...... آپ کام بولو......'' سلطان بابا کچھ دیر جیسے سوچ میں پڑ گئے پھر سر اٹھا کر بولے ''نہیں...... یہاں کچھ مناسب معلوم نہیں ہوتا...... تم اپنا پتا دے دو...... میں اپنی درخواست لے کر وہیں حاضر ہو جاؤں گا......'' میں نے حیرت سے بابا کی طرف دیکھا، یہ کیا بات ہوئی......؟ بھلا اس شہر میں جگن جیسے بدنام زمانہ کا پتا ڈھونڈنا کون سی مشکل بات تھی......؟ اور پھر اگر ہمیں اس کے گھر جا کر ہی بات کرنی تھی تو پھر اسے یہاں آئی جی آفس بلوانے کے لیے اس قدر اہتمام کی کیا ضرورت تھی......؟ خود جگن کے لیے بھی سلطان بابا کی یہ بات کسی اچانک پھٹنے والے پٹاخے سے کم نہیں تھی۔ انتظار بھی تو ایک طرح سے اعصاب کا امتحان ہوتا ہے اور وہ دوبارہ اس پل صراط سے نہیں گزرنا چاہتا تھا۔ لہٰذا اس نے سٹ پٹائے ہوئے انداز میں اپنی سی ہر ممکن کوشش کر دیکھی کہ سلطان بابا اپنی بات وہیں کہہ ڈالیں لیکن سلطان بابا بھی شاید اس کے گھر کی زیارت کا تہیہ کر کے ہی یہاں تک آئے تھے۔ سو آخر کار جگن کو ہی ہار ماننا پڑی اور بے دلی سے اس نے مجھے اپنے گھر کا پتا لکھوا دیا۔ نصیر صاحب کے دفتر سے نکلنے سے پہلے انہوں نے چلتے چلتے ان سے کوئی بات کہی جسے میں آگے نکل جانے کی وجہ سے ٹھیک طرح سے نہیں سن پایا۔ راستے بھر سلطان بابا خاموش رہے اور کاسنی حویلی پہنچ کر بھی میں نے حسب معمول ان سے کوئی سوال نہیں کیا۔ میں جانتا تھا کہ جو بھی بھید ہے وہ جلد ہی کھل جائے گا۔ شام چار بجے حویلی کے پھاٹک سے باہر کسی گاڑی کا ہارن بجا تو انہوں نے اپنے ہاتھ میں پھرتی لمبی سی تسبیح سمیٹی اور اٹھ کھڑے ہوئے۔ ''چلو میاں...... ذرا جہانگیر کے ہاں ہو آئیں۔'' انہوں نے جب سے جگن کا اصلی نام سنا تھا وہ اس کے تذکرے میں وہی نام لے رہے تھے۔ جب ہم حویلی سے باہر نکلے تو میں باہر آئی جی

صاحب کی سرکاری موٹر کار کھڑی دیکھ کر زور سے چونکا۔ گاڑی کے ساتھ ہی باوردی شوفر اور چاق و چوبند محافظ کو دیکھ کر میری حیرت دو چند ہو گئی۔ آخر اس کروفر سے جگن جیسے غنڈے کے گھر جانے کی کیا ضرورت تھی؟ اور پھر سلطان بابا تو ایسے دکھاوؤں سے ہمیشہ ہی اجتناب برتتے تھے پھر آج یہ سب کچھ کیوں......؟ میں انہی سوچوں میں گم تھا جب گاڑی نے ایک لمبا سا موڑ کاٹا اور ہم ایک پس ماندہ سے علاقے میں داخل ہو گئے جہاں کچی گلیوں کی مٹی میں اٹے بچوں نے کچھ دیر تک ہماری گاڑی کا پیچھا کیا اور پھر تھک کر حسرت بھری نگاہوں سے دھول اڑاتی گرد کا حصہ بنتے گئے۔ مجھے یوں محسوس ہوا کہ ڈرائیور کو ہماری منزل کا بخوبی اندازہ تھا کیوں کہ اس نے راستے میں ایک بار بھی ہم سے کوئی تصدیق نہیں چاہی اور گاڑی سیدھی جگن کے بتائے ہوئے پتے پر ہی جا کر روکی۔ تب تک گلی کے تمام لوگ چونکنے ہو کر حیرت اور کچھ خوف سے آئی جی صاحب کے محافظ کو ہمارے لیے دروازے کھولتا دیکھ رہے تھے۔ ان کے لیے بھی یہ جگن کی طرح ایک انہونی تھی کیونکہ آج تک انہوں نے زیادہ سے زیادہ کسی سب انسپکٹر، یا ایس ایچ او کو جگن کے دروازے پر مغلظات بکتے، یا کاغذ کے چند ٹکڑے مٹھی میں دبائے نظریں چرا کر جاتے ہوئے دیکھا تھا لیکن اس طرح لمبی چوڑی سرکاری گاڑی میں سے ایک بزرگ درویش اترتا وہ پہلی مرتبہ دیکھ رہے تھے جو جگن کے سر پر ہاتھ پھیر کر اسے دعائیں بھی دے رہا تھا۔ خود جگن کی اپنی سیٹی گم لگ رہی تھی اور اسے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ ہمارا استقبال کیسے کرے۔ آئی جی صاحب کا ہمارے ساتھ پرتپاک سلوک وہ دیکھ چکا تھا اور اب ہمیں ان کی گاڑی سے اترتا دیکھ کر تو جیسے اس کے اوسان ہی خطا ہو گئے تھے۔ اس نے آج تک لوگوں کو خود سے ڈر کر نفرت سے بھاگتے ہوئے ہی دیکھا تھا۔ یہ اس کے لیے بھی ایک بالکل نیا تجربہ تھا کہ کوئی خود اس کا مہمان بننے کے لیے اس کے گھر کی دہلیز پار کر کے اس کے کچے اور بوسیدہ صحن سے گزر رہا ہے۔ گھر میں دوسرا کوئی نہیں تھا۔ جگن کے چند ہرکارے کچھ ہی دیر میں لپک کر کسی قریبی بیکری سے چائے کے کچھ لوازمات پکڑ لائے اور ان کی الجھن اور حیرت آمیز نگاہوں کے درمیان ہمیں چائے بھی پیش کر دی گئی۔

خود میں بھی نہایت اچنبھے سے سلطان بابا کو یوں مزے سے چائے پیتا دیکھ رہا تھا جیسے ہمارا واحد مقصد ہی یہاں آ کر جگن کی گلی کے نکڑ والے ہوٹل کی تیز چینی والی چائے پینا ہو۔ کچھ ہی دیر میں وہ جگن کے خاندان کی ساری تاریخ معلوم کر چکے تھے۔ جگن بچپن سے ہی یتیم خانے میں پلا بڑھا تھا اور پھر چودہ سال کی عمر میں اس نے وہ سرکاری یتیم خانہ بھی چھوڑ دیا اور تب سے مہینے کا ایک آدھ ہفتہ وہ کسی نہ کسی جرم کی پاداش میں جیل میں گزارنے لگا۔ رفتہ رفتہ علاقے میں اس کی دھاک بیٹھتی گئی اور چھوٹے موٹے چور اچکے اس کے گروہ میں شامل ہوتے گئے اور وہ علاقے کا سب سے بڑا دادا بنتا گیا۔ چائے ختم کرنے کے بعد سلطان بابا نے پیالہ میز پر رکھا اور براہ راست جگن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولے۔ ''جہانگیر میاں...... تمہاری اتنی شہرت سنی تھی، تبھی اپنی ایک قیمتی چیز تمہارے پاس بطور امانت رکھنے چلا آیا ہوں اور یاد رہے...... یہ کام پولیس، یا کوتوالی کے بس سے باہر کا ہے۔ امید ہے مایوس نہیں کرو گے۔'' جگن گڑبڑا سا گیا۔ ''لیکن آپ تو خود...... میرا مطلب ہے...... اچھا آپ بولو تو سہی...... میرے بس میں ہوا تو ضرور...... کیوں نہیں......''

سلطان بابا کی نظریں اب بھی جگن پر ہی گڑی ہوئی تھیں۔ ''کاسنی حویلی کی ایک مینا ہے...... اپنی بٹیا جیسی ہے...... زریاب...... اسے بطور امانت تمہاری تحویل میں سونپنا ہے...... بولو...... کر سکو گے اس کی حفاظت......؟؟؟......'' مجھے یوں محسوس ہوا کہ گھمبیر سناٹے میں کسی نے کوئی کان

پھاڑ دینے والا دھماکا کر دیا ہو۔ جگن تو بوکھلا کر کھڑا ہو ہی چکا تھا۔ خود میرے کان بھی سائیں سائیں کر رہے تھے۔ اب مجھے سمجھ آ رہا تھا کہ سلطان بابا نے جگن سے براہ راست بات کرنے کے بجائے اتنا لمبا راستہ کیوں اختیار کیا تھا۔ اگر یہ درخواست وہ سیدھے راستے آ کر جگن کے سامنے پیش کرتے تو یقیناً وہ ہماری التجا کو بھی اسی طرح ہنسی میں اُڑا دیتا جیسے ہر کمزور کی فریاد کا انجام ہوتا آیا ہے۔ سلطان بابا نے صبح ہی جگن کو یہ باور کروا دیا تھا کہ ان کی ڈوری کہاں کہاں بندھی ہوئی ہے۔ پھر انہوں نے شام تک کا وقت لے کر جگن کو خود کو اور انہیں مزید تولنے کا موقع بھی فراہم کر دیا اور پھر اب شام کو پولیس کے سب سے اعلیٰ عہدے دار کی گاڑی میں پوری شان و شوکت کے ساتھ جگن کے دروازے پر اتر کر انہوں نے جگن کے حوصلوں پر آخری کاری ضرب بھی لگا دی تھی اور اس ساری تمہید کا مقصد جگن کو صرف اتنا ہی احساس دلانا تھا کہ اس کے مقابل اتنا وزن رکھتے ہیں کہ اگر چاہیں تو وقت پڑنے پر ساری حکومتی مشینری اپنے حق میں استعمال کر سکتے ہیں لیکن ان کی آخری بات اور عاجزانہ درخواست نے جگن پر یہ بھی ظاہر کر دیا تھا کہ آنے والوں کے ظرف کا پیمانہ اس کے اندازوں سے کہیں زیادہ گہرا اور وسیع ہے اور وہ اس کی دہلیز پار کرنے سے پہلے ہی اپنے ہتھیار باہر میدان میں پھینک آئے ہیں، حالانکہ وہ چاہتے تو ان ہتھیاروں کی بدولت وہ یہ جنگ جیت بھی سکتے تھے۔ لیکن سلطان بابا کا مقصد جنگ کبھی تھا ہی نہیں...... وہ تو بس عاجزی ہی جانتے تھے۔ لہٰذا انہوں نے جگن کو در پردہ یہ احساس بھی دلا دیا کہ اگر وہ اپنے شر انگیز ارادوں سے باز نہ آیا تو بدلے میں ان کے پاس زریاب کو کاسنی حویلی سے کہیں دور لے جانے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہے گا کیوں کہ معاملہ ایک پردہ نشین کی حرمت کا ہے اور یہ وہ دو دھاری تلوار تھی کہ جس کا شکار ہر حال میں وہ پری وش ہی تھی۔ سلطان بابا اپنی بات ختم کر کے چپ ہو چکے تھے اور جگن کے چہرے سے صاف پتا چل رہا تھا کہ اس کے دل و دماغ میں اس وقت نہ جانے کتنے طوفان اور آندھیوں کے جھکڑ اپنی چیخوں سے اتھل پتھل مچا رہے تھے۔ وہ اسی طرح گم صم سا اپنی جگہ پر کھڑا رہ گیا تھا اور آس پاس منڈلاتے اس کے ہرکارے بھی دم سادھے اپنی جگہ جمے ہوئے تھے۔ کچھ دیر تک ماحول پر وہ اعصاب شکن خاموشی طاری رہی۔ سلطان بابا نے اٹھ کر جگن کے کاندھے پر ہاتھ رکھا۔ ''اگر میری مانگ بہت بڑی ہے تو میں معافی چاہتا ہوں میاں......'' جگن کا جسم ذرا دیر کے لیے لرز سا گیا۔ میں بھی گھبرا کر اٹھ کھڑا ہوا اور پھر وہ ہوا جو یہاں کے باسیوں کے لیے دیکھ پانا کبھی ممکن نہ تھا۔ جگن کو آج تک کسی نے زندگی بھر کبھی اتنی عزت اور پیار سے نہیں پکارا تھا۔ عزت تو دور کی بات کسی صاحب اختیار نے اس سے سیدھے منہ بات کرنا بھی گوارہ نہیں کیا تھا۔ سلطان بابا نے اس کے لرزتے شانوں پر ہاتھ کیا رکھے کہ اس کے اندر کا دس بارہ سالہ وہ یتیم بچہ کود کر باہر نکل آیا جسے آخری بار اسی محلے کی مسجد کے پیش امام نے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دی تھی جگن کے فولادی جسم نے دو چار ہچکیاں لیں اور پھر وہ جامد برف کا پہاڑ کچھ یوں ٹوٹ کر پگھلا کہ آس پاس سب ہی جل تھل ہو گیا۔ اس کے کارندے اپنے استاد کو یوں بچوں کی طرح آنسو بہاتے دیکھ کر پہلے تو اس کی جانب دوڑے اور چاہا کہ لپک کر اسے سنبھال لیں لیکن اب اس بپھرے دریا کے آگے بند باندھنا ان میں سے کسی کے بس کی بات نہیں رہ گئی تھی۔ نتیجتاً کچھ دیر بعد خود ان میں سے بھی چند اپنی آنکھیں پونچھتے نظر آئے۔ سچ ہے کہ شاید ''آنسو بہترین کفارہ ہے۔'' سلطان بابا کو مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑی اور جس وقت جگن ہمیں رخصت کرنے کے لیے اپنی گلی میں آیا تب تک اس کا اپنے آنسوؤں سے دھلا ہوا چہرہ یہ صاف بتا رہا تھا کہ اب کمال آباد میں کاسنی حویلی کا اگر کوئی سب سے بڑا محافظ ہو گا تو وہ خود جگن ہی ہو گا۔ اب یہ ظرف سے ظرف کا سودا بن چکا تھا اور آج تک اس برے انسان کے اندر کے ظرف کو تولنے کے لیے کسی نے اپنا ترازو یوں پیش ہی نہیں کیا تھا اور آج جب کسی صاحب ذوق نے اسے خود کو اس کانٹے پر پرکھنے کا موقع فراہم کیا تو اس کے من کے اندر چھپی کان

کا سارا سونا اس زنگ آلود آہن کے نیچے سے جھلک آیا تھا۔

اگلے روز جب ہم کاسنی حویلی سے رخصت ہوئے تو نگار اور زریاب کی آنکھوں میں بھی آنسو تھے۔ میں اور سلطان بابا پھر سے کچھ نئے رشتے بنا کر اپنی اپنی راہ کے لیے نکل پڑے تھے۔ اسٹیشن پر جگن کا پورا ٹولا ہمیں رخصت کرنے کے لیے موجود تھا۔ میں جبل پور کے اسٹیشن پر اترنے سے پہلے سلطان بابا سے جلد وہاں کا پھیرا لگانے کا وعدہ لینا نہیں بھولا میں نے جبل پور اسٹیشن پر ہی زہرا کو ساری صورت حال ایک خط میں لکھ کر بھیج دی اور درگاہ کی جانب چل پڑا۔

❁......❁

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com

or

send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش

## لاریب

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

یونہی رات ہوئی اور پھر دن نکل آیا۔ میں نے ایک عجیب سی بات محسوس کی کہ اصغر صاحب کے چہرے پر ایک عجیب سی الجھن اور تناؤ کے آثار ہمہ وقت موجود رہتے ہیں۔ خاص طور پر نماز کے اوقات میں وہ عجیب بے چین سے نظر آنے لگتے تھے۔ لیکن میں مذہب کو ہمیشہ سے ایک خاص حد کے اندر انسان کا بے حد ذاتی معاملہ سمجھتا ہوں۔ لہٰذا میں نے کبھی بھی ان کے معاملات میں دخل دینے کی کوشش کی نہ ہی اس کی ضرورت محسوس کی۔ یونہی چار دن گزر گئے اور جمعرات کا دن آ پہنچا جب بشیرے نے دیوں کا تیل بدلنے کے لیے آنا تھا۔ میں نے دور چوٹی سے نیچے گھاٹی میں بشیرے کا تانگا آتے ہوئے دیکھا لیکن آج تانگے کی پچھلی نشست خلاف معمول ایک جالی دار پردے سے ڈھکی ہوئی تھی۔ پھر کچھ زنانہ سواریاں بھی تانگے سے اتریں۔ کچھ دیر میں سب سے پہلے بشیرا درگاہ کے صحن میں وارد ہوا اور جلدی جلدی تیل کی کپی سے تازہ تیل ہر دیئے کی کنوری میں انڈیلنے لگا۔ ساتھ ساتھ اس کی زبان بھی چلتی رہی۔ ''خان صاحب کی حویلی کی زنانیاں آئی ہیں دعا کرنے، کرم دین بھی ساتھ ہے۔ لاریب بی بی آتی ہیں ہر مہینے کی پہلی جمعرات کو یہاں...... اپنے خان صاحب کی چھوٹی بیٹی ہیں۔ بڑی والی امینہ تو دو سال پہلے ہی بیاہ کر رحمان گڑھ کے چوہدری اجمل کے ہاں چلی گئی تھی......'' پھر جیسے بشیرے کو کچھ یاد آیا اور وہ میرے قریب آ کر رازدارانہ انداز میں بولا۔ امینہ اور چھوٹی بی بی کی سگی ماں کا بہت سال پہلے انتقال ہو گیا تھا۔ اب جو وہ بیگم صاحب لاریب بی بی کے ساتھ اوپر آ رہی ہیں وہ اُن کی سوتیلی ماں ہے...... خان صاحب نے بیٹیوں کے لیے دوسری شادی رچالی تھی......''

اتنے میں وہ دونوں درگاہ کے صحن تک آ پہنچیں اور بشیرے کے رواں تبصرے کو جیسے بریک سی لگ گئی۔ آنے والیوں میں سے ایک بردبادار سنجیدہ طبع تھی اور دوسری جو عمر میں چھوٹی تھی کافی شوخ و شنگ سی دکھائی دے رہی تھی۔ اگر بشیرے کی زبانی مجھے اس ماں بیٹی کے رشتے کا پتا نہ چلتا تو میں انہیں کبھی ماں بیٹی نہ سمجھتا، کیونکہ دونوں کی عمر میں کچھ زیادہ فرق نہیں تھا۔ شاید خان صاحب کی دوسری بیگم کی نوعمری میں ہی شادی ہو گئی تھی کیوں کہ وہ لاریب کی بڑی بہن ہی لگ رہی تھی۔ دونوں نے احاطے میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے فاتحہ پڑھی اور قبر پر پھول چڑھائے۔ میں جب کبھی ان قبروں پر لوگوں کو از راہ عقیدت پھول چڑھاتے، یا اگر بتیاں جلاتے اور خوشبو بکھیرتے ہوئے دیکھتا تھا تو جانے کیوں مجھے ایک عجیب سی بے چینی اور الجھن کا احساس ہوتا تھا جیسے ہم بیک وقت ان پھولوں کی نازک پنکھڑیوں اور اس قبر کی بے حرمتی سی کر رہے ہوں۔ اصغر صاحب نہ جانے صبح سویرے ہی کہاں نکل گئے تھے۔ میں احاطے کی کچی دیوار کے ساتھ ساتھ پھیلی ہوئی انگور کی بیلوں کی جانب بڑھ گیا جس کے پتے سردی کی وجہ سے زرد آتشیں رنگ کے ہو کر زمین پر یوں بکھرے رہتے تھے جیسے کوئی مصور سبز، دھانی اور زرد رنگوں کے چھینٹے کینوس پر گراتا چلا گیا ہو۔ انہی بیلوں کے نیچے شفاف پانی کی وہ کشادہ نالی بھی بہتی تھی جس کا منبع درگاہ سے باہر کسی اونچی چوٹی سے نکلتا ہوا ٹھنڈے میٹھے پانی کا وہ چشمہ تھا جس کا دھارا اسی درگاہ کے صحن سے اس

نالے کی صورت ہو کر گزرتا تھا۔ اس بہتے جھرنے اور اس نالے کی رم جھم جیسی ٹھنڈی میٹھی آواز نے درگاہ کے اس سکوت کو اور بھی مقدس بنا رکھا تھا۔ دو تین دن سے رات کو چونکہ سردی کی شدت میں اضافہ ہو جاتا تھا لہٰذا اس بہتے پانی پر شفاف سی برف کی شیشے نما تہہ سی بن جاتی تھی، جو دن نکلنے اور دھوپ چڑھنے پر دھیرے دھیرے پگھل کر پھر سے اسی رواں پانی کا حصہ بن جاتی تھی۔ اس وقت بھی شیشے جیسی برف کی وہ پتلی سی تہہ درمیان سے ٹوٹ کر پانی بن چکی تھی اور کناروں پر بچی اس کی باقیات قطرہ قطرہ پگھل رہی تھیں۔ میں نہ جانے کتنی دیر سے برف اور پانی کا یہ کھیل دیکھ رہا تھا کہ اچانک میرے قریب بشیرے کے کھنکارنے کی آواز نے مجھے چونکا دیا۔ وہ اور اس کی بڑی مالکن نہ جانے کب سے وہاں کھڑے تھے۔ شاید مالکن نے مجھ سے کوئی سوال بھی کیا تھا لیکن میں اپنی محویت کی وجہ سے اسے سن نہیں پایا۔ میں نے جلدی سے معذرت پیش کی۔ وہ دھیرے سے مسکرائیں۔

''تو تم ہو اس درگاہ کے نئے مجاور...... لیکن تم تو ابھی کم عمر ہو...... کیا جدی پشتی مجاور ہو......؟ نام کیا ہے تمہارا......؟''

''عبداللہ......'' میں نے ان کے سوال کے پہلے حصے کا جواب دینے سے گریز کیا۔ انہوں نے بھی دوبارہ اصرار نہیں کیا اور بولیں۔ ''اچھا عبداللہ...... تمہیں کچھ خدمت سرانجام دینا ہوگی۔ ہمارا ہر جمعرات کو یہاں آنا ممکن نہیں، لہٰذا پچھلے خدمت گار کی طرح اب تمہی کو ہر جمعرات یہاں نیاز بانٹنے کا انتظام کرنا ہوگا۔ بشیر تمہیں ساری تفصیل بتا دے گا۔ کوئی مشکل ہو تو پوچھ لینا۔''

''جی بہتر......'' وہ پلٹ کر جانے لگیں پھر انہیں جیسے کچھ یاد آیا۔ اتنے میں دور کھڑی کبوتروں کو دانہ ڈالتی لاریب بھی ہاتھ جھاڑ کر ہماری جانب بڑھ آئی۔ بڑی مالکن نے مجھ سے پوچھا۔

''تمہارے گھر والے کہاں ہیں...... شادی ہوئی ہے تمہاری......؟''

''نہیں...... میں یہاں اکیلا ہوں...... ماں باپ دور کسی شہر میں رہتے ہیں۔ میں اکلوتا ہوں۔'' اب لاریب کی باری تھی۔ میرا جواب سن کر وہ چونکی اور کچھ تیز لہجے میں بولی۔

''ارے۔ تو انہیں بھی ساتھ لے کر آنا چاہئے تھا...... وہ بے چارے اکیلے وہاں کیسے گزراہ کرتے ہوں گے...... ان کے لیے کسی چیز کی ضرورت ہو تو بلا جھجک بتا دینا۔ بلکہ میں تو کہتی ہوں ان کو بھی یہیں بلوا لو...... پچھلے مجاور کا تو پورا خاندان اسی درگاہ میں رہتا تھا۔''

مجھے لاریب کی بات سن کر مما کا جملہ یاد آ گیا کہ جہاں کہیں بسیرا کرو ہمیں بھی وہیں بلوا لینا اور جانے کیوں یہ سوچتے ہی میرے ہونٹوں پر خود بخود ہلکی سی مسکراہٹ آ گئی کہ مما اور پاپا بھی میرے ساتھ ہی اس درگاہ کے کبوتروں کو دانہ ڈال رہے ہوں گے اور پتا نہیں کیسے میرے منہ سے نکل پڑا۔

''پہلے میں خود تو اس دنیا کے طور طریقے اور رہن سہن سیکھ لوں...... پھر انہیں بھی یہیں بلوا لوں گا......''

لاریب اور بڑی مالکن نے چونک کر میری جانب دیکھا۔ لیکن تیر کمان سے نکل چکا تھا۔ جب سے میں نے درگاہ کی زندگی اختیار کی تھی میری حتیٰ الامکان کوشش یہی ہوتی تھی کہ میں اپنے الفاظ، برتاؤ، یا کسی بھی اور طور طریقے سے دوسروں پر کوئی ایسی بات ظاہر نہ ہونے دوں جس سے انہیں میرے ماضی، یا میرے رشتوں کے بارے میں کوئی بھی اندازہ ہو سکے۔ دراصل میں جس راستے کا مسافر تھا اس کی منزل نمایاں ہونے سے نہیں بلکہ غیر نمایاں ہو کر ہی نظر آ سکتی تھی۔ اسی لیے میں ہمیشہ بھیڑ اور ہجوم میں کھوئے رہنے کو ترجیح دیتا تھا لیکن آج بے حد احتیاط کے باوجود شاید مجھ سے

الفاظ کے چناؤ میں کوتاہی ہو ہی گئی تھی اور نتیجہ میں اپنے سامنے کھڑی لاریب کی بڑی بڑی کالی آنکھوں سے جھانکتی ہوئی حیرت سے اخذ کرسکتا تھا۔ وہ کچھ دیر تک غور سے میری جانب دیکھتی رہی۔ سورج کی ایک کرن اس کی نازک سی ناک میں پڑے کوکے سے منعکس ہو کر اس کے گلابی چہرے پر نور کا ایک سنہری ہالہ سا بنا رہی تھی۔ کچھ لوگوں کا حسن پہلی نگاہ میں ہماری نظر کو خیرہ نہیں کرتا، بلکہ دھیرے دھیرے کچھ الگ زاویوں سے ہم پر کھلتا ہے۔ لاریب کا چہرہ بھی کچھ ایسا ہی تھا۔ پرت در پرت کھلنے والا۔ اس کی بڑی بڑی سی آنکھیوں میں ہر وقت شرارت سی بھری رہتی تھی اور اسے ہمہ وقت اپنے نچلے ہونٹ کو دانتوں میں دبانے کی عادت تھی جب کہ اس کے چہرے پر بائیں گال پر ایک ہلکا سا گلابی گڑھا پڑ جاتا تھا۔ خاص طور پر جب وہ مسکراتی تھی، تب......اور اس وقت یہ تمام کیفیات پوری طرح اس کے چہرے پر واضح تھیں جب اس نے میری بات کے جواب میں شرارتاً کہا۔

''انہیں بھی یہیں بلوا لو......ویسے بھی کافی کمرے خالی پڑے ہیں......کچھ رونق ہی رہے گی۔''

بڑی مالکن نے کڑی نظروں سے لاریب کو گھورا۔ جواباً وہ منہ میں اپنی کالی چادر کا پلو دبا کر زور سے ہنس پڑی۔ اس کی ہنسی کی آواز بالکل اس جھرنے سے مشابہ تھی جو درگاہ سے اوپر والی چوٹی سے نکل کر بہہ رہا تھا۔ بڑی مالکن نے جانے سے پہلے مجھے دعا دی۔ ''کسی اچھے گھر کے لگتے ہو...... جیتے رہو......'' وہ دونوں پلٹ کر چل دیں۔ بشیرے نے جاتے جاتے مجھے یاد دلانا ضروری سمجھا کہ مجھے اسکی منت کے پورا ہونے کی دعا کرتے رہنا ہے۔ کرم دین ہانپتا کانپتا اپنی لکڑی کی بڑی سی ڈانگ سنبھالے حویلی کی بیبیوں کے آگے تیز تیز دوڑا چلا جا رہا تھا۔ نیچے اتر کر وہ تانگے پر بیٹھیں اور تانگا آگے چل پڑا۔ اسی اثنا میں اصغر صاحب بھی پسینے میں شرابور درگاہ کے احاطے میں داخل ہوئے۔ یوں لگتا تھا جیسے بہت دور سے پیدل چل کر آ رہے ہوں۔ میں نے جلدی سے انگور کی بیلوں کے نیچے رکھے گھڑوں میں سے ایک گلاس پانی بھر کر انہیں پیش کیا جسے وہ ایک ہی سانس میں انڈیل گئے۔ ''خوش رہو میاں......میں دراصل کسی کام سے نیچے گاؤں کے بازار تک گیا تھا، کچھ لونگ اور لوبان وغیرہ چاہیے تھا۔ واپسی پر چھوٹے رستے کی لالچ میں زیادہ چڑھائی چڑھ گیا۔ کم بخت اب عمر بھی تو نہیں رہی نا......'' اصغر صاحب حسب معمول بات کرتے وقت اپنے گلے میں پڑے اس سرخ دھاگا نما تعویذ سے کھیلتے رہے جو میں پہلے دن سے ان کے گلے میں مضبوطی سے کسا ہوا دیکھ رہا تھا۔ کبھی کبھی تو اس دھاگے کی سختی اور ان کے گلے میں پڑے سرخ نشانات دیکھ کر مجھے الجھن سی ہونے لگتی تھی کہ آخر اتنا کس کر دھاگا گلے میں باندھنے کی کیا ضرورت تھی؟ کہ خواہ مخواہ ہی انسان خود کو اذیت میں ڈالے رکھے، لیکن میں ایک بار پھر ان سے کچھ پوچھتے پوچھتے رہ گیا۔ شاید یہ دھاگا بھی ان کی اسی منت کا ہی کوئی تسلسل تھا۔ مجھے گہری سوچ میں پڑا دیکھ کر وہ ہلکے سے مسکرائے۔ ''میں جانتا ہوں تمہارے ذہن میں ہمہ وقت میرے متعلق بہت سارے سوالات مچلتے رہتے ہیں لیکن تمہاری یہی عادت مجھے سب سے زیادہ اچھی لگتی ہے کہ تم کبھی چاہ کر بھی اپنے دائرے سے باہر نہیں نکلتے اور ہمیشہ غیر ضروری سوالات سے اجتناب کرتے ہو اور یہی تمہارے گہرے اور اعلیٰ ظرف کی نشانی ہے۔

میں نے غور سے ان کی جانب دیکھا۔ ''پتا نہیں کیوں مجھے ایسا لگتا ہے کہ آپ کسی شدید درد کا شکار ہیں۔ جب کبھی آپ کو ایسا لگے کہ میں آپ کے کسی کام آ سکتا ہوں تو مجھے ضرور کہیئے گا۔'' اصغر صاحب نے چونک کر میری جانب دیکھا اور پھر مسکراتے ہوئے میرا کاندھا تھپتھپا کر اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئے۔

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

جبل پور ایک چھوٹا سا قصبہ نما گاؤں تھا جو چاروں جانب سے اونچی پہاڑیوں سے گھرا ہوا تھا۔ جن کی چوٹیوں کو شام ڈھلے عموماً بادلوں کی

دھند ڈھک لیتی تھی اور پھر رات گئے، یا صبح سویرے کچھ دیر کے لیے ہلکی بارش ضرور ہوتی تھی۔ گاؤں کا واحد بازار قصبے کے وسط میں واقع تھا، جہاں ٹین کی چھتوں اور لکڑی کے بڑے بڑے پرانے دروازوں والی چند دکانیں بٹوارے سے پہلے سے ایستادہ تھیں جن میں گندم، جو، گڑ، تیل اور دیگر راشن لیے بیٹھے دکان دار حیرت زدہ سی نگاہوں سے کسی اجنبی کو وہاں سے گزرتے ہوئے دیکھتے رہتے تھے۔ بازار کا لین دین زیادہ تر موسمی فصل کی بوائی اور کٹائی پر منحصر ہوتا تھا اور انہی دنوں میں لوگ اپنے پرانے ادھار اتارنے اور ایک نیا قرض سر پر اناج کی بوریوں سمیت اٹھائے چلے آتے۔ پھر بھی یہ سب لوگ خوش باش رہتے تھے اور ان کی ہنسی میں ہنسی اور آنسوؤں میں آنسوؤں کا ذائقہ ابھی خالص تھا۔ سچ ہے کہ زندگی الگ چیز ہے۔ زندہ رہنا الگ بات ہے۔ میں نے جبل پور کے لوگوں کو زندہ محسوس کیا تھا۔ ان کی نیند پرسکون تھی اور صبح ان کے لیے دھوپ کی صورت میں سورج کا خنجر لیے وارد نہیں ہوتی تھی۔ قصبے کا واحد مال دار اور متمول گھرانا کریم خان کا تھا جن کی حویلی پورے گاؤں کی واحد اور باعث تکریم نشانی تھی۔ خود کریم خان کا دل بھی ان کے نام کی طرح بڑا تھا اور گاؤں کے نہ جانے کتنے گھرانے در پردہ ان کی اعانت سے ہی چل رہے تھے۔ بیوی کی موت کے بعد ان کی زندگی کا محور ان کی دو بیٹیاں ہی رہ گئیں تھیں۔ وہ بچیوں کو دل کا چھالا بنا کر رکھتے تھے اور ان پر سوتیلی ماں لانے کے بے حد خلاف تھے لیکن سال بھر میں ہی انہیں اندازہ ہو گیا کہ لڑکیوں کی تربیت میں ایک خاص عنصر ان کی ماں کا بھی ہوتا ہے جو ایک عورت کی موجودگی سے ہی پورا ہو سکتا تھا۔ لیکن ایسی عورت کہاں سے ملتی جوان کی بیٹیوں کو ماں نہیں، ایک سہیلی بن کر پالتی۔ آخر کار بزرگوں کی نظر کریم خان کی مرحومہ بیوی کی چھوٹی بہن صائمہ پر پڑی جس نے ابھی تازہ تازہ بارھویں جماعت کا امتحان دیا تھا اور وہ درحقیقت کریم خان کی دونوں بیٹیوں کی پسندیدہ خالہ بھی تھی۔ تب کریم خان کی بڑی بیٹی امینہ ساتویں جماعت میں تھی اور سکینہ نے ابھی چوتھی جماعت میں قدم رکھا تھا۔ یوں صائمہ اگلے مہینے ہی دو کپڑوں میں بیاہ کر کریم خان کی حویلی میں چھوٹی مالکن سے بڑی مالکن کی گدی سنبھال چکی تھی۔ ایسے وقت میں کریم خان کے سسرال والوں کے ایثار اور سمجھ داری نے بھی بڑا کردار ادا کیا ورنہ صائمہ کی ماں کا دل تو اپنی پھولوں جیسی بیٹی کو یوں رخصت کرتے وقت کٹا جا رہا تھا۔ لیکن دوسری جانب بھی تو ان کے اپنے جگر ہی کے دو ٹکڑے تھے جن کے لیے انہیں یہ قربانی دینا ہی تھی۔ صائمہ بیاہ کر کریم خان کے گھر آ گئی اور پھر اس نے ماں کے نام کے ساتھ لگا یہ "سوتیلی" کے لاحقے کو کچھ اس طرح سے مٹایا کہ لوگ سوتیلی لفظ کو ہی بھول گئے صائمہ نے دونوں بیٹیوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی اور بڑی کو تب تک رخصت نہیں کیا جب تک وہ قریبی کالج سے بی اے کی فرسٹ ڈویژن کی ڈگری لے کر گھر واپس نہیں آ گئی۔ اسی طرح وہ آج کل اسی تن دہی سے لاریب کو اس کی گریجویشن کی تیاری کروا رہی تھی۔ کریم خان کو لگتا تھا کہ خدا نے اس کے بھی اچھے اعمال کا بدلہ اسی دنیا میں صائمہ کی صورت میں اسے دے دیا تھا۔ دونوں بیٹیوں نے بھی ماں کو ماں سے زیادہ اپنی سہیلی اور سہیلی سے بڑھ کر ماں سمجھا اور اسے وہی مان دیا جو وہ اپنی سگی ماں کو دے سکتی تھیں۔ لاریب تو ویسے بھی صائمہ سے بہت قریب تھی اور دونوں ہی یک جان دو قالب کی تشریح بنی اس اونچی حویلی میں اپنے جیون بیتا رہی تھیں۔ لاریب کو کتابوں سے بے حد شغف تھا اور کریم خان نے بیٹی کی سہولت کے لیے حویلی میں ہی ایک چھوٹی سی لائبریری بنا رکھی تھی جہاں ہر ہفتہ پندرہ دن کے وقفے کے بعد شہر سے چند نئی کتابیں ضرور شامل ذخیرہ کتب ہو جاتی تھیں۔ لاریب کو اپنے بی اے کے رزلٹ کا انتظار تھا جس کے بعد وہ شہر کی بڑی یونیورسٹی میں داخلہ لے کر آگے پڑھنا چاہتی تھی لیکن فی الحال کریم خان اس کے حق میں نہیں تھے مگر لاریب کو یقین تھا کہ اپنی ہر ضد کی طرح وہ اس بات کو بھی اپنی لاڈلی ماں کے توسط سے منوا لے گی۔ ویسے بھی وہ تھی ہی اتنی شوخ و شنگ کہ اس کے ناز کے سامنے اس کے باپ کا غصہ کچھ کم ہی ٹھہر پاتا تھا۔ سارا دن

حویلی میں اس کی ہنسی اور قہقہوں کا جل ترنگ بجتا رہتا تھا اور وہ پورا دن کسی کو بھی ٹک کر نہیں بیٹھنے دیتی تھی۔ صبح سویرے دھوپ نکلتے ہی رضائیاں اور الگنیاں دھوپ میں ڈالی جارہی ہیں تو گیارہ بجے گرم پکوڑے اور سموسے تلے جارہے ہیں۔ ابھی اندر کا ہنگامہ ختم ہوا نہیں کہ سہ پہر سے پہلے آسمان پر بادلوں کی گھٹا دیکھتے ہی حویلی سے ملحقہ باغ میں جھولے ڈلوائے جارہے ہیں۔ ابھی پہلی بوند گرتی نہیں کہ بارش کے پکوان باغ کے جھولوں تلے بننا شروع۔ ابھی نوکر باغ میں تیل کی کڑائیاں پہنچا کر اپنی کمر سیدھی بھی نہیں کر پائے ہوتے کہ شام کی چائے کا غلغلہ شروع، ساتھ ہی ساتھ دوپٹوں کی رنگائی اور ساون کے لیے نئے کپڑوں کی بنائی، درزی تو سال بھر جیسے حویلی کے دروازے سے ہی ٹنگا رہتا تھا اور پھر مغرب ڈھلی نہیں کہ حویلی کے سب سے بڑے کمرے میں انگیٹھیاں جلوانے کی دوڑ دھوپ شروع، خشک میوے کی پراتیں فٹافٹ وہاں پہنچادی جاتیں اور پھر رات کے کھانے کے فوراً بعد گرم قہوہ، سبز، یا کشمیری چائے بڑے بڑے فنجانوں میں وہاں کمرے میں پہنچادی جاتی اور پھر جب کریم خان باہر کے بکھیڑوں سے فارغ ہو کر اپنی چہیتی بیٹی کے پاس آتے تو پھر رات گئے تک ماں باپ دونوں ہی بیٹی کی باتوں کی سرگم سے محظوظ ہوتے رہتے، وہ تھی بھی کچھ ایسی ہی، چند لمحوں میں ہی سب کو اپنا بنا لینے والی۔ حویلی کے سبھی نوکر بھاگ بھاگ کر اس کے کام یوں کرتے تھے جیسے ان سے ذرا سی بھی تاخیر ہوگئی تو ان کی لاڈلی مالکن کہیں ان کے حصے کا کام کسی اور کے حوالے کردے گی اور وہ تو دن بھر اس آس میں اپنے کان اپنی چھوٹی مالکن کی پکار پر لگائے رکھتے تھے کہ کب اس کے میٹھے لبوں سے ان میں سے کسی کا نام نکلے اور وہ دوڑتا، یا دوڑتی ہوئی اپنی ہر دل عزیز مالکن کے پاس پہنچ جائیں۔ تبھی تو کریم خان کا دل نہیں مانتا تھا کہ اپنی اس بولتی مینا کو ایک بار پھر سے یونیورسٹی ہوسٹل کی بھول بھلیوں میں بھجوا دے۔ ابھی دو ماہ پہلے ہی تو وہ شہر کے کالج سے امتحان دے کر لوٹی تھی۔ اب وہ کسی طور بھی اپنی لاڈلی کو خود سے جدا نہیں کرنا چاہتے تھے۔ لیکن بابل جانے پیار پالتے ہوئے ہمیشہ یہ کیوں بھول جاتا ہے کہ بیٹیاں تو سدا سے پرایا دھن ہوتی ہیں۔ صائمہ بھی ہمیشہ شوہر کو یہی سمجھاتی رہتی تھی کہ بیٹی سے اتنا زیادہ پیار اور لگاؤ بعد میں بہت تڑپاتا ہے۔ لیکن ان جذبوں پر انسان کا قابو ہوتا تو پھر زندگی میں رونا ہی کس بات کا تھا اور پھر کچھ لوگوں میں کچھ ایسی ہی بات بھی تو ہوتی ہے، دل میں کھب جانے والی...... وہ بھی ایسی ہی تھی...... چند لمحوں میں ہی آنکھوں کے راستے دل میں اتر کر خون سے تحلیل ہو جانے والی...... اور اس کی یہ شوخ طبیعت اور قہقہے اب واقعی حویلی کے در و دیوار میں تحلیل ہی تو ہو چکے تھے۔

یہ ساری باتیں مجھے آتے جاتے بشرے اور کسی حد تک کرم دین سے پتا چلتی رہیں۔ دن گزرتے جا رہے تھے۔ مما کی تاکید کے مطابق میں انہیں ہر ہفتے تاکید سے خط لکھ دیتا تھا اور ہر پندرھواڑے میسر آنے پر فون بھی کر لیتا تھا۔ اس دن بھی جب میں گاؤں کے واحد تار گھر سے مما سے فون پر بات کر کے واپس درگاہ آیا تو بے حد اداس تھا مما کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں تھی۔ انہوں نے خود تو نہیں بتایا لیکن پاپا سے جب بات ہوئی تو انہوں نے دبے لفظوں میں ان کی طبیعت کا ذکر کر دیا تھا۔ میں سوچ رہا تھا کہ سلطان بابا کا کہیں اتا پتا ملے تو میں ان سے ایک ہفتے کی چھٹی لیکر گھر ہو آؤں۔ لیکن شام ڈھلنے سے پہلے ہی اصغر صاحب کو شدید بخار نے آ گھیرا۔ سردی کی شدت کافی بڑھ چکی تھی اور وہ نہ جانے دن بھر کہاں بھٹکتے رہتے تھے۔ شاید اسی آوارہ گردی کے دوران انہیں سردی لگ گئی تھی۔ رات ہوتے ہوتے وہ بالکل ہی بے سدھ ہو گئے اور مجبوراً مجھے انہیں کمرے میں اٹھا کر لانا پڑا۔ ان کی بے ہوشی کے وقفے گہرے ہوتے جا رہے تھے اور درمیان میں تھوڑا بہت ہوش آتا بھی تو بے سدھ سے پڑے رہتے۔ وہ ہذیان میں کچھ عجیب سی باتوں کی گردان بھی کر رہے تھے۔ ''توڑ دوں گا...... میں اس دھاگے کو توڑ دوں گا۔ مجھے آزاد کر دو......'' مجھے سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ میں

انہیں کیسے سنبھالوں کیونکہ مجھے ایسی کسی تیمارداری کا پہلے سے کوئی تجربہ نہیں تھا اور میرے پاس یہاں درگاہ میں ایسی کوئی خاص دوا بھی نہیں تھی جو اس بیماری میں میں انہیں پلا سکتا۔ مجھے یہ بھی تشویش تھی کہ انہوں نے آج تک کبھی اپنے کسی اتے پتے سے بھی مجھے آگاہ نہیں کیا تھا، نہ ہی مجھے ان کے کسی اور رشتے دار وغیرہ کا پتا تھا۔ آدھی رات تک مجھ سے جو بھی بن پڑا وہ میں نے کیا لیکن ان کی حالت سدھرنے کی بجائے مزید بگڑتی ہی گئی اور آخر کار مجھے فیصلہ کرنا ہی پڑا کہ مجھے نیچے گاؤں جا کر کسی مدد کا انتظام کرنا ہی پڑے گا۔ لیکن یوں آدھی رات کو میں کس کے گھر کا دروازہ کھٹکھٹاتا۔ مجھے تو وہاں نیچے کسی حکیم، یا طبیب کا بھی پتا نہیں تھا۔ لہٰذا اس نیم شب میں جب سردی رگوں کو اندر سے کاٹ رہی تھی اور گاؤں بھر میں کسی بھی ذی روح کا نشان تک ڈھونڈے سے نہ ملتا تھا، میں نے بڑی حویلی کے پھاٹک پر دستک دی اور پھر جانے کتنی دیر بعد کسی دربان کے کھانسنے کی آواز سنائی دی۔ دروازہ کھولنے والا اکرم دین نہیں تھا، کوئی دوسرا پکی عمر کا مرد تھا جو یوں آدھی رات کو اپنی نیند خراب کیے جانے پر کافی حد تک برہم بھی نظر آ رہا تھا۔ اس نے پھاٹک کھلتے ہی درشت لہجے میں پوچھا۔

''کیا بات ہے......؟''

میں نے اس کے لہجے کو نظر انداز کر دیا۔

''میرا نام عبداللہ ہے...... میں پہاڑی والی درگاہ کا مجاور ہوں...... میں......'' اس نے میری بات پوری ہونے سے قبل ہی کاٹ دی۔

''صبح آنا...... اس وقت سب سو رہے ہیں......'' اس نے بڑبڑاتے ہوئے دروازہ بند کرنے کی ٹھانی اور زیر لب کہا۔ ''نہ دن دیکھتے ہیں نہ رات...... یہ بھی کوئی وقت ہے مانگنے کا......'' وہ مجھے کوئی بھکاری سمجھ رہا تھا۔ ویسے ٹھیک بھی تھا، ہر طلب گار بھکاری ہی تو ہوتا ہے۔ میں نے جلدی سے اسے روکا۔

''مجھے اپنے لیے کچھ نہیں چاہیے...... دراصل اوپر درگاہ میں ایک مریض کی حالت بہت بری ہے...... مجھے اس کے لیے کچھ دوائیں چاہئیں...... آپ اگر خان صاحب سے جا کر......''

اس نے ایک بار پھر میری بات کاٹ دی۔ ''نہیں نہیں...... خان صاحب اس وقت کسی سے نہیں ملتے...... اور اب اس آدھی رات کو میں کہاں سے دوا دارو کا انتظام کروں......؟ ...... تم اگر واپس نہیں جا سکتے تو یہیں حویلی کی ڈیوڑھی میں ایک طرف پڑے رہو، خان صاحب صبح کی نماز کے لیے اٹھیں گے تو تمہاری بات کروا دوں گا...... اب جاؤ اور مجھے بھی سونے دو......''

اس نے ایک بار پھر مجھے دھتکار کر پھاٹک بند کرنے کی ٹھانی۔ مجھے سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ اسے کس طرح سے صورت حال کی نزاکت سمجھاؤں۔ میں نے بھی مجبوراً واپسی کی ٹھانی۔ اتنے میں اندر والی ڈیوڑھی کے اندھیرے سے کسی عورت آواز ابھری۔

''دروازے پر کون ہے جمالے......''

کتاب گھر کی پیشکش

# دوسرا مسیحا

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

حویلی کا دربان چونک کر پلٹا۔ ڈیوڑھی کے اندھیرے سے بڑی مالکن اور لاریب آگے بڑھ کر دیوار کے ساتھ لگی جلتی مشعل کی روشنی میں آگئیں۔ وہ دونوں جانے کب دروازے پر بات چیت اور بحث کی آوازیں سن کر ڈیوڑھی میں چلی آئی تھیں۔ دربان گھبرا سا گیا۔

''پتا نہیں کون بھکاری ہے جی...... آدھی رات کو خان صاحب کو جگانے کا کہہ رہا تھا۔ میں نے کہہ دیا کہ ہم اس وقت ان کی نیند خراب نہیں کر سکتے...... جو بھی چاہیے، صبح آ کر لے جائے، بڑی مالکن......'' انہوں نے جمالے کی بات پر دھیان نہیں دیا اور آواز دے کر بولیں۔

''کون ہے دروازے پر...... سامنے آؤ......''

میں نے پھاٹک سے اندر قدم رکھ کر انہیں سلام کیا۔ وہ مجھے دیکھ کر چونکیں۔ لاریب بھی حیران سی تھی۔ ''عبداللہ...... تم...... خیریت تو ہے......''

میں نے انہیں اصغر صاحب کی بیماری سے لے کر حویلی کا در کھٹکھٹانے تک کا تمام ماجرا سنا دیا۔ انہوں نے فوراً لاریب کو اندر سے میڈیکل بکس لانے کا کہا اور جمالے کو ٹھیک ٹھاک جھاڑ پلائی کہ اسے کتنی بار منع کیا ہے کہ کسی بھی سائل کو یوں دروازے سے واپس نہ لوٹایا کرے۔ وہ تو اچھا ہوا کہ وہ کرم دین کی گھر والی، جو حویلی کے احاطے میں ہی اپنی کوٹھڑی میں بیمار پڑی تھی، کی دوا بنا کر اسے دینے کے لیے جا رہی تھیں کیونکہ طبیب نے اسے ہر چھ گھنٹے کے بعد ایک تازہ دوا کی خوراک دینے کی تاکید کی تھی اور لاریب کی ضد تھی کہ وہ خود ہی انہیں دوا کھلائے گی کیونکہ کرم دین کو شک تھا کہ اس کی گھر والی ان کڑوی کسیلی دواؤں سے تنگ آ کر اب انہیں آنکھ بچا کر بہا دیتی ہے۔ لہٰذا اب دوا کی تمام خوراکیں لاریب کی نگرانی میں پلائی جاتی تھیں اور پھر جب لاریب جاگ رہی ہو تو بھلا وہ اپنی سہیلی اپنی پیاری ماں کو کہاں سونے دے سکتی تھی اور یہی جگ راتا انہیں رات کے اس پہر دروازے تک لے آیا۔ ورنہ شاید مجھے پوری رات وہیں حویلی کی ڈیوڑھی میں انتظار کرنا پڑتا۔ لاریب کچھ ہی دیر میں میڈیکل بکس لے آئی جس میں بخار کی انگریزی دوائیں بھری پڑی تھیں۔ بڑی مالکن نے وہ بکس میرے حوالے کیا اور مجھے دوا پلانے کے بارے میں کچھ ہدایات جاری کر کے واپس درگاہ جانے کا کہا جب کہ جمالے کو حکم دیا گیا کہ وہ فوراً جا کر حکیم صاحب کو جگائے اور انہیں لے کر اوپر درگاہ مریض کے پاس پہنچے۔ ویسے تو گاؤں میں ایک سرکاری ڈسپنسری بھی تھی لیکن اس کا پچھلا سرکاری ڈاکٹر سفارش کروا کر کسی بڑے ضلع میں اپنا تبادلہ کروا چکا تھا اور پچھلے ڈیڑھ سال سے کسی نئے ڈاکٹر کی تعیناتی کھٹائی میں پڑی ہوئی تھی کیوں کہ جس کو بھی اس دور دراز علاقے میں تعینات کیا جاتا وہ آنے سے پہلے دوڑ دھوپ کر کے اپنا تبادلہ رکوا لیتا تھا۔

میں دواؤں کا بکس لے کر پلٹنے لگا تو بڑی مالکن نے مجھے آواز دی۔

''سنو عبداللہ......'' میں ٹھٹک کر پلٹا تو وہ غور سے میری جانب دیکھ رہی تھیں۔

جمالے کی باتوں کا برا نہ ماننا......تم کوئی مانگنے والے نہیں......اس گاؤں بھر کے مہمان ہو......لیکن تمہارے ساتھ آج جو برتاؤ اس حویلی کے دروازے پر ہوا ہے اس کے لیے میں بہت شرمندہ ہوں......خان صاحب کو پتا چلے گا تو وہ اس جمالے کی خوب خبر لیں گے......"

میں نے جلدی سے ان کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی "نہیں نہیں......ایسی کوئی بات نہیں ہے......میرا حلیہ ہی شاید ایسا ہے کہ جمالے کی جگہ کوئی اور بھی ہوتا تو دھوکا کھا جاتا آپ خان صاحب کو اس ساری تفصیل سے آگاہ نہ کیجئے گا۔ یہ میری آپ سے گزارش ہے۔ معاف کرنے میں بڑائی ہے......آپ بھی جمالے کو معاف کر دیجئے......"

ان کے منہ سے بے اختیار نکلا۔"جیتے رہو......" لاریب نے کچھ کہنے کے لیے منہ کھولا لیکن تب تک میں وہاں سے پلٹ چکا تھا۔ میں اوپر درگاہ میں پہنچا تو اصغر صاحب بالکل ہی بے سدھ پڑے تھے۔ بڑی مشکل سے ان کے حلق میں دوا انڈیلی۔ کچھ ہی دیر میں جمالا بھی حکیم صاحب کو لے کر پہنچ گیا اور حکیم نے بڑی جانفشانی سے دن چڑھے تک اصغر صاحب کی کچھ ایسی دیکھ بھال کی کہ دوپہر تک وہ بمشکل آنکھیں کھولنے کے قابل ہو سکے۔ حکیم صاحب ابھی وہیں موجود تھے جب خان صاحب بھی تیمارداری کے لیے درگاہ آ پہنچے اور کافی دیر وہیں اصغر صاحب کے سرہانے بیٹھے رہے۔ انہوں نے بہت چاہا کہ اصغر صاحب کچھ دن کے لیے نیچے ان کی حویلی کے مہمان خانے میں منتقل ہو جائیں لیکن وہ نہیں مانے۔ پتا نہیں کیوں اصغر صاحب ایک رات بھی درگاہ سے باہر نہیں گزارنا چاہتے تھے۔ شاید یہ بھی ان کی مانی ہوئی منت کی کوئی مجبوری تھی؟ خان صاحب نے جاتے جاتے وقت حکیم کو تاکید کی وہ اصغر صاحب کے ٹھیک ہونے تک دن میں ایک مرتبہ درگاہ کا پھیرا ضرور ڈال جایا کریں کیوں کہ خان صاحب اصغر صاحب کو بھی اپنا مہمان سمجھتے تھے اور مہمان کی تیمارداری اور علاج میں وہ کوئی غفلت برداشت نہیں کر سکتے تھے۔ طبیب کے جانے کے بعد اصغر صاحب بہت دیر ممنونیت بھرے لہجے میں میرا شکریہ ادا کرتے رہے کہ میں نے ان کے لیے بڑی زحمت برداشت کی۔ بڑی مشکل سے میں نے انہیں موضوع بدلنے پر آمادہ کیا اور ادھر ادھر کی باتیں کر کے ان کا دھیان بٹایا۔ اس دن میں نے ان سے احتیاطاً ان کا پتا اور چند حوالے پوچھ کر ایک کاغذ پر لکھ لیے تاکہ آئندہ کسی ایسی ہنگامی صورت میں کام آ سکیں۔ انہوں نے بے دلی سے مجھے اپنا پتا نوٹ تو کروا دیا لیکن ساتھ ہی ساتھ خاص طور پر یہ تاکید بھی کی کہ میں حتیٰ الامکان کوشش کروں کہ یہ پتا راز ہی رہے اور صرف ان کی موت کی صورت میں ہی ان کے گھر والوں سے کوئی رابطہ کیا جائے۔ میں نے جب چونک کر ان کی جانب دیکھا تو وہ مجھے ایک بے حد ٹوٹے ہوئے انسان دکھائی دیئے۔ "لمبی کہانی ہے میاں......پر تمہیں سناؤں گا ضرور......تم نے میرا دل جیت لیا ہے بس ذرا میری طبیعت سنبھل جانے دو......" میں نے انہیں دماغ پر زیادہ زور ڈالنے سے منع کیا اور انہیں نیند کی گولی دے کر باہر صحن میں چلا آیا۔ سفید بادلوں کے چند آوارہ ٹکڑے نیلے آسمان پر آنکھ مچولی کھیل رہے تھے۔ ان میں سے کوئی ایک کسی پہاڑی کی چوٹی کے پیچھے جا چھپتا اور پھر باقی سب اسے ڈھونڈنے کے لیے ہوا کے دوش پر اس کے پیچھے بھاگ جاتے۔ پھر ان میں سے کوئی ایک اسے جا پکڑتا اور ان کے پیچھے باقی لگ جاتے۔ میں نہ جانے کتنی دیر تک ہوا، آسمان اور بادلوں کا یہ لافانی کھیل دیکھتا رہا۔ تبھی نرم چمکیلی دھوپ نے درگاہ کی منڈیروں کو چوم چوم کر انہیں الوداع کہنے کا سلسلہ شروع کر دیا۔ ساتھ ہی ساتھ وہ ان سے یہ وعدہ بھی کرتی جاتی کہ کل صبح وہ پھر ان سے ملنے آئے گی، لہٰذا وہ اداس نہ ہوں۔ لیکن شام ڈھلنے کے ساتھ ساتھ میری اداسی تو بڑھتی ہی تھی، مجھے یہاں اس دھوپ جیسا کوئی دوست میسر نہیں تھا جو اس شرط پر مجھ سے الوداع ہوتا کہ "کل پھر ملیں گے......" مغرب کی اذان کا وقت ہو چلا

تھا، میں منڈیر پر رکھے دیئے جلانے کے لیے اٹھا ہی تھا کہ نیچے گھاٹی میں بشرے کے تانگہ کی مخصوص گھنگھروؤں بھری ٹاپ اور اس کے سل خوردہ بھونپو کی آواز سنائی دی۔ میں نے باہر نکل کر نیچے جانے والے رستے سے جھانکا تو وہ نیچے سے ہی چلایا۔ ''او عبداللہ باؤ جی...... آپ کو خان صاحب نے ابھی بلایا ہے۔ جلدی سے نیچے آ جاؤ'' خان صاحب کے بلاوے کا سن کر میں سوچ میں پڑ گیا۔ کہیں بڑی مالکن، یا لاریب نے انہیں رات والے واقعے کا تو نہیں بتا دیا؟ اگر ایسا ہوا تو خواہ مخواہ جمالے کی شامت آ جائے گی۔ میں اسی سوچ میں گھرا نیچے اترا تو بشرا تانگ موڑ کر بالکل تیار کھڑا ملا۔ میں نے اس سے معاملہ پوچھا تو بولا۔ ''پتا نہیں جی...... خان صاحب سے ملنے کچھ مہمان بڑی سی گاڑی میں آئے ہیں کہیں دور شہر سے...... اس کے بعد خان صاحب نے مجھے یہاں بھیج دیا...... معاملہ تو اب آپ انہی سے پوچھنا۔'' میں الجھن میں پڑ گیا کہ خان صاحب نے اپنے مہمانوں کی آمد کے بعد بھی اگر مجھے بلاوا بھیجا ہے تو اس کا کیا مقصد ہو سکتا ہے۔ اس ادھیڑ بن میں ہم حویلی پہنچ گئے۔ مجھے کوئی گاڑی حویلی کے باہر کھڑی دکھائی نہیں دی۔ شاید اسے حویلی کے اندرونی احاطے کے پیچھے والے گیراج میں پارک کر دیا گیا تھا جہاں خان صاحب کی اپنی گاڑیاں پارک ہوتی تھیں۔ حالانکہ میں نے کبھی گاؤں میں آتے جاتے انہیں اپنی کوئی گاڑی استعمال کرتے نہیں دیکھا تھا۔ شاید وہ گاڑیاں صرف شہر آنے جانے کے لیے استعمال میں آتی تھیں۔ کرم دین میرے پہنچتے ہی جلدی سے اندرونی ڈیوڑھی سے برآمد ہوا اور مجھے حویلی کے اندر والے بڑے کمرے کی طرف چلنے کا کہہ کر حسب معمول بنا میرا جواب سنے آگے بڑھ گیا۔ میں نے جھجکتے ہوئے اندر کی جانب قدم بڑھا دیئے۔ میں اب تک جتنی بار بھی حویلی آیا تھا میرا تعلق صرف اس بیرونی مہمان خانے والے حصے تک ہی رہا تھا۔ آج پہلی بار مجھے اس اندرونی ڈیوڑھی سے گزر کر اصل حویلی میں قدم دھرنے کا اتفاق ہوا تو کچھ عجیب سی ہچکچاہٹ محسوس کر رہا تھا۔ جانے وہ کون سے خاص مہمان تھے جن سے ملوانے کے لیے خان صاحب نے مجھے اپنی حویلی کے زنان خانے کی سرحد بھی پار کروا دی تھی۔ بڑے کمرے سے زور زور سے باتیں کرنے کی آوازیں آ رہی تھیں اور جب میں نے بڑی سی چک اٹھا کر اندر کمرے میں قدم رکھا تو میرے پاؤں جیسے زمین میں ہی گڑ کر رہ گئے۔ میرے بالکل سامنے والے صوفے پر مما بیٹھی ہوئی تھیں اور ان کے سامنے خان صاحب کے ساتھ پپا بیٹھے سگار پی رہے تھے اور زور و شور سے کوئی بحث جاری تھی۔ مما نے مجھے یوں جے دیکھا تو تو خود ہی لپک کر مجھ تک پہنچیں اور انہوں نے مجھے زور سے بھینچ کر گلے لگا لیا۔ پپا بھی اٹھ کر ہماری جانب چلے آئے۔ مما کی آنکھوں سے جیسے برسوں کا رکا سیلاب بہہ نکلا۔ پپا بھی ہم دونوں کو چپ کرواتے کرواتے اپنی آنکھیں بھگو بیٹھے اور ان دونوں کو دلاسا اور تسلی دیتے دیتے میرے اپنے آنسو میرے گالوں سے ٹپکتے ہوئے مما کے دامن کو بھگونے لگے۔ ابھی دو دن پہلے ہی تو میں نے پپا سے فون پر بات کی تھی اور انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ مما کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے اور وہ میرے لیے بے حد اداس ہیں۔ اگر کل اصغر صاحب بیمار نہ پڑتے تو میں خود ان سے ملنے کا پروگرام بنا چکا تھا۔ لیکن میرے فون کے بعد مما سے رہا نہیں گیا اور وہ سینکڑوں میل کا سفر طے کر کے پپا سمیت یہاں آ پہنچی تھیں۔ مجھے مما پپا کی طرف سے یہ سختی سے تاکید تھی کہ میں جہاں بھی بسیرا کروں، اپنے مکمل پتے سے سب سے پہلے انہیں آگاہ کروں۔ اس لیے مجھ تک پہنچنے میں انہیں کوئی دقت نہیں ہوئی اور جبل پور میں جب اتنی بڑی گاڑی داخل ہوئی تو سبھی نے یہی سمجھا کہ ہو نہ ہو یہ ان کے خان صاحب کے ہی مہمان ہوں گے، لہٰذا جس پہلے راہ گیر سے راستہ پوچھا گیا وہ انہیں درگاہ کے بجائے سیدھا خان صاحب کی حویلی تک لے آئی۔ نتیجتاً اس وقت مما پپا دونوں میرے سامنے بیٹھے ہوئے تھے...... مما کی آنکھیں اب بھی بار بار چھلکی جاتی تھیں اور میں نے محسوس کیا کہ ہم تینوں کو یوں روتا دیکھ کر خود خان

صاحب کی آنکھیں بھی نم ہو چلی تھیں۔ بڑی مشکل سے میں نے مما اور پپا کو سنبھالا۔ ماحول کی اداسی کچھ کم ہوئی تو خان صاحب نے شکوہ کر ہی ڈالا۔ ''تو عبداللہ میاں...... تم عبداللہ نہیں ساحر ہو...... لیکن میاں تم نے ہمارے ساتھ بڑی زیادتی کر دی...... اب جبل پور والے اس زیادتی کا قرض کیسے اتاریں گے......؟''

''یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں، میں اب عبداللہ ہی ہوں۔ ہاں اس سے پہلے ساحر تھا لیکن آپ سے میرا تعارف عبداللہ ہی کی حیثیت سے ہوا تھا۔ براہ کرم ساحر کے تعارف کی دیوار کو ہمارے رشتے میں حائل نہ کیجئے اور آپ نے ہمیشہ مجھ سے بے حد مہربانی کا سلوک روا رکھا ہے جس کے لیے میں ہمیشہ آپ کا احسان مند رہوں گا......''

خان صاحب ابھی تک حیرت کے عالم سے باہر نہیں نکل پائے تھے۔ ''مجھے ابھی تک پوری طرح یقین نہیں آ رہا کہ کوئی اپنا محل اور شہزادوں جیسی زندگی چھوڑ کر، صرف ایک کھوج کے لیے یوں کٹیا کی زندگی اختیار کر سکتا ہے اور وہ بھی اس دور میں جب ظاہری شان و شوکت اور بے انتہا دولت ہی لوگوں کی زندگی کا مقصد اور معیار بن چکی ہو...... یہ معجزہ نہیں تو اور کیا ہے......؟'' اتنے میں اندر زنان خانے سے مما کے لیے بڑی مالکن کا پیغام آ گیا کہ وہ کھانے میں ان کی پسند کا پوچھ رہی ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ رات کے کھانے کی تیاری تک وہ اندر زنان خانے میں رہیں تو انہیں بہت خوشی ہو گی۔ میں جانتا تھا کہ مما کا دل میرے پاس سے اٹھ کر جانے کو نہیں چاہ رہا ہو گا لیکن وہ دنیا کے بھرم اور تقاضے نبھانے بھی خوب جانتی تھیں۔ لہٰذا فوراً اٹھ کر اندر چلی گئیں۔ پپا میرا ہاتھ پکڑے وہیں صوفے پر بیٹھے خان صاحب کے ساتھ گپیں ہانکتے رہے مگر خان صاحب کی نظر بار بار پھسل کر مجھ پر پڑتی رہی۔ کبھی کبھی انسان کا رتبہ اور دنیاوی مقام بھی اسے ایک عجوبہ ہی بنا دیتا ہے۔ شاید اس وقت میری حیثیت بھی وہی تھی۔ مجھے اوپر درگاہ میں پڑے اصغر صاحب کی فکر بھی ستا رہی تھی لیکن خان صاحب نے بتا کر میری تسلی کر دی کہ انہوں نے کرم دین اور جمالے دونوں کو ہی اصغر صاحب کی تیمارداری کیلئے اوپر بھجوا دیا ہے اور میری درگاہ واپسی تک وہ لوگ وہیں رہیں گے۔ رات کا کھانا بھی مما نے اندر زنان خانے میں ہی کھایا۔ پپا نے کھانے کے بعد خان صاحب سے واپسی کی اجازت چاہی کہ وہ مجھے دو چار دن کے لیے اپنے ساتھ لے کر گھر جانا چاہتے ہیں تو خان صاحب باقاعدہ ناراض ہو گئے کہ یوں رات گئے کیا وہ اپنے مہمانوں کو جانے دیں گے۔ میں نے بھی پپا کو اصغر صاحب کی بیماری اور اپنی مجبوری کے بارے میں بتایا کہ سلطان بابا نے خصوصی طور پر مجھے یہاں بھیجا ہے لہٰذا ان کو بتائے بنا یوں درگاہ کو چھوڑ جانا میرے لیے بہت مشکل ہو گا۔ دوسری طرف خان صاحب مصر تھے کہ برسوں بعد انہیں کوئی اپنے مزاج کا آشنا ملا ہے لہٰذا شطرنج کی چند بازیاں کھیلے بنا اگر انہوں نے پپا کو واپس جانے دیا تو یہ ''گناہ عظیم'' ہو گا۔ آخر کار گھنٹوں کی بحث اور مباحثے کے بعد یہ طے پایا کہ جو دو چار دن مما اور پپا میرے ساتھ گھر میں گزارنا چاہتے تھے اب یہیں خان صاحب کی حویلی میں ہی گزاریں گے۔ مجھے البتہ اتنی چھوٹ دے دی گئی کہ روزانہ صبح و شام درگاہ کا چکر لگا آیا کروں۔ ہمارے رہنے کے لیے دو کمرے پہلے ہی کھلوا دیئے گئے تھے مگر وہ ساری رات مما اور پپا نے میرے کمرے میں مجھ سے باتیں کرتے ہی گزار دی۔ مجھ سے ملنے کے بعد مما واقعی بہت خوش نظر آ رہی تھیں اور ان کی بیماری بھی کہیں ''اڑن چھو'' ہو گئی تھی۔ میرے کمرے کا دروازہ حویلی کے بائیں باغ کی طرف نکلتا تھا اور پپا نے بھی میرے ہی کمرے میں رات گزارنے کا فیصلہ کیا تھا کیوں کہ بہرحال خود انہیں حویلی کے پردے کا خیال رکھنا تھا حالانکہ خان صاحب نے ان کا

اور مما کا کمرہ اندر زنان خانے میں ہی لگوایا تھا۔ مما تو اگلے ہی دن بڑی مالکن کے قصے یوں سنانے لگ گئیں تھیں جیسے وہ ان کی کوئی برسوں پرانی سہیلی ہوں۔ انہیں لاریب نے بھی بہت متاثر کیا تھا اور اس لڑکی کی زندہ دلی نے تو جیسے ان کا دل ہی جیت لیا تھا۔ لیکن پتا نہیں کیوں جب سے مما اور پپا نے حویلی آ کر میرا ساحر ہونے کا راز کھولا تھا تب سے مجھے بڑی مالکن کے سامنے جانے کا سوچ کر ہی ایک عجیب سی جھجک گھیر لیتی تھی۔ لیکن میں زیادہ دیر تک ان کا سامنا کرنے سے بچ نہیں پایا۔ اگلی شام جب میں اصغر صاحب کو دوا پلا کر درگاہ سے واپس حویلی لوٹا تو کرم دین نے بتایا کہ خان صاحب پپا کو اپنی زمینیں دکھانے کے لیے اپنے علاقے کی جانب نکل چکے ہیں اور میرے لیے مما کا یہ پیغام ہے کہ وہ چائے پر باغ میں میرا انتظار کر رہی ہیں۔ میں نے اپنے جھجکتے قدم حویلی کے باغ کی جانب بڑھا دیئے۔ باغ میں ایک جانب حویلی کے نوکر مالٹے کے درختوں کے نیچے چائے کے لوازمات وغیرہ بڑی ٹرالی پر سجانے میں مصروف تھے، لیکن مما مجھے کہیں آس پاس دکھائی نہیں دیں۔ میں پلٹا ہی تھا کہ میں نے اپنے بالکل سامنے لاریب کو کھڑے پایا۔ اس کے ہاتھ میں بھی چائے کے ساتھ پروسے جانے والے ناشتے کی ایک ٹرے تھی۔ میں نے سلام کر کے جلدی سے وہاں سے آگے بڑھ جانا چاہا لیکن وہ تو جیسے میرے ہی انتظار میں تھی۔ اس کی آواز نے میرے قدم جکڑ لیے۔ ''سنیں......'' میں نے اس کی جانب دیکھا۔ ''وہ دراصل...... مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا کہ میں آپ سے کیسے معذرت کروں......'' اس کی پریشانی اس کے ماتھے پر چمکتی پسینے کی چند ننھی بوندوں سے واضح تھی۔ میں نے اسے دلاسا دیا۔ ''معذرت کیسی......؟ آپ نے تو ایسا کچھ بھی نہیں کہا جس کے لیے آپ معذرت خواہ ہوں......'' اس نے غور سے میری جانب دیکھا۔ ''یہ آپ کی اعلیٰ ظرفی ہے...... ورنہ اس رات جمالے نے دروازے پر آپ کے ساتھ جو سلوک کیا وہ......'' میں نے اس کی بات کاٹ دی۔ ''جمالے نے وہی کیا جو اسے کرنا چاہئے تھا...... دربان کا کام اجنبیوں کو روکنا ہی تو ہوتا ہے...... اور پھر اتنی رات گئے اگر جمالے کی جگہ میں بھی ہوتا تو وہی کرتا جو اس نے کیا۔ آپ دل میں کوئی بوجھ نہ لیں......'' وہ جلدی سے بولی جیسے اسے میرے آگے بڑھ جانے کا خدشہ ہو۔ ''بوجھ تو میرے دل پر اور بھی بہت سے ہیں، خود میرا رویہ بھی آپ سے کچھ نامناسب ہی رہا ہے...... میرے ذہن میں ان گنت سوال ہیں لیکن فی الحال میں خود انہیں ترتیب نہیں دے پا رہی...... میں بہت الجھن میں ہوں...... آپ...... یہ سب...... کیسے......؟'' واقعی شاید اسے خود بھی سمجھ نہیں آ رہی تھی کہ وہ اپنی بات کہاں سے شروع کرے۔ ایک دلچسپ بات یہ بھی تھی کہ لوگ ''آپ'' سے ''تم'' تک آتے ہیں۔ میرے معاملے میں وہ ''تم'' سے ''آپ'' تک آئی تھی۔ کیا ہم انسانوں کے یہ سبھی آداب والقابات صرف ہماری دنیاوی حیثیت اور رتبے کا بدلہ ہوتے ہیں؟ کیا میں ''عبداللہ'' کی حیثیت میں ''آپ'' کہلائے جانے کا حق دار نہیں تھا۔ بہرحال میں نے اس شیشے جیسی نازک لڑکی سے یہ سوالات کر کے اسے مزید پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ اسی اثنا میں اندر سے مما اور بڑی مالکن بھی نکل آئیں۔ میں نے انہیں سلام کیا تو بڑی مالکن نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی ''جیتے رہو......'' پھر نہ جانے کیوں ان کی آنکھیں بھر آئیں۔ ''خدا تمہیں تمہارے مقصد میں کامیاب کرے...... تمہاری امی نے بتایا ہے کہ تم کتنے اچھے بیٹے ہو......'' جس بات کا مجھے خدشہ تھا، وہی بار بار سامنے آ رہی تھی۔ مجھے اب درگاہ کے مجاور کے طور پر نہیں بلکہ ملک کے ایک مشہور صنعت کار کے بیٹے کے طور پر برتا جا رہا تھا۔ جانے اس لمحے مجھے ایسا کیوں محسوس ہونے لگا تھا کہ میرے آنے والے دن اور درگاہ کی وہ سادہ سی زندگی بہت زیادہ تکلفات میں گھرنے والی ہے۔ میں نے بڑی مشکل سے اپنی چائے ختم کی اور وہاں سے اٹھنے کی ٹھانی تو بڑی مالکن، جو لاریب کے ساتھ بیٹھیں

،مما سے باتیں کر رہی تھیں، انہوں نے مجھے بیٹھے رہنے کا اشارہ کیا اور اندر سے ایک نیا سویٹر منگا کر میرے حوالے کیا۔

''انکار مت کرنا.....اس میں میری خوشی چھپی ہے.....''

میں نے ان کا شکریہ ادا کیا۔ مما شاید میری اندورنی جھجک کو جان گئیں تھیں۔ لہٰذا انہوں نے مجھے اندر کمرے میں جانے کی اجازت دے دی۔ اگلے دو دن میں نے حتیٰ الامکان کوشش کی کہ دوبارہ میرا سامنا بڑی مالکن، یا لاریب سے نہ ہونے پائے شاید میں ان دونوں کی آنکھوں میں مچلتے سوالات کی یلغار سے بچنا چاہتا تھا۔ لیکن کچھ ایسے ہی سوالات کا سامنا مجھے خان صاحب کی نظروں سے بھی تھا۔ بہر حال وہ ایک وضع دار شخص تھے اور میری ہچکچاہٹ کی وجہ سے جان چکے تھے کہ میں اس موضوع سے کتراتا ہوں۔ لہٰذا انہوں نے دوبارہ مجھے کسی امتحان میں ڈالنے سے گریز ہی کیا۔ چوتھے دن پپا نے خان صاحب سے اجازت چاہی تو بات پھر گلوں شکوؤں سے ہوتی ہوئی مزید تین دن رکنے تک چلی گئی اور یوں ساتویں دن بمشکل مما پپا کو خان صاحب اور بڑی مالکن سے واپسی کی اجازت ملی۔ وہ بھی اس شرط پر کہ اب وہ لوگ یہاں آتے جاتے رہیں گے۔ میں نے پہلے ہی مما پپا سے وعدہ لے لیا تھا کہ وہ لوگ وقت رخصت اپنی آنکھیں نہیں بھگوئیں گے اور خوشی خوشی الوداع کہہ کر جائیں گے، لیکن یہ کم بخت الوداع ہمیشہ سے ہی خود میرا اپنا اندر کاٹ کر رکھ دیتا ہے۔ سو اس مرتبہ اگر مما اور پپا نے خود پر قابو پائے رکھا تو خود میری آنکھیں مما سے گلے ملتے ہی نم ہو گئیں۔ بس پھر کیا تھا مما تو پہلے ہی تیار بیٹھی تھیں، اور ماں کی آنکھ کا ساون تو سدا ہی جاری رہتا ہے، پھر چاہے وہ آنکھ کے سوتوں سے باہر کو برسے، یا پھر دل کے اندر کی زمین کو دھوتا رہے۔ مما کو سنبھالتے سنبھالتے پپا بھی نڈھال سے ہو گئے اور پھر بڑی مالکن، لاریب اور آخر میں خان صاحب بھی اپنی آنکھیں پونچھتے نظر آئے۔ ہم سب اس وقت حویلی کے بیرونی مہمان خانے والے حصے میں جمع تھے۔ جہاں پپا کا ڈرائیور پہلے ہی سے ہمارا انتظار کر رہا تھا۔ مما نے حسب معمول جدا ہوتے وقت تب تک اپنی نصیحتوں کا سلسلہ جاری رکھا جب تک پپا نے مسکراتے ہوئے ڈرائیور کو گاڑی آگے بڑھانے کا اشارہ نہیں کر دیا گاڑی چلنے کے دوران بھی مما کی سدا بہار ہدایات کا پروگرام جاری رہا اور میں تب تک ہاتھ ہلاتا رہا جب تک ان کی گاڑی دھول اڑاتی ہوئی گاؤں کی واحد کچی سڑک پر اوجھل نہیں ہو گئی۔ میں نے پلٹ کر خان صاحب سے بھی اجازت چاہی۔ پچھلے چھ دن سے میں مما پپا کی وجہ سے اپنے فرائض پر مکمل دھیان نہیں دے پا رہا تھا اس لیے جلد از جلد درگاہ پہنچ کر اپنے معمولات کی طرف دھیان دینا چاہتا تھا۔ خان صاحب نے رات کے کھانے تک رکنے کا کہا لیکن میں نے طریقے سے معذرت کر لی۔ بڑی مالکن اور لاریب بھی ان کے پیچھے ہی کھڑی مجھے تک رہی تھیں۔ میری معذرت پر بڑی مالکن نے شرط لگا دی۔

''ٹھیک ہے.....لیکن تمہیں اس شرط پر رخصت ملے گی کہ اب گاہے بگاہے یہاں آتے رہو گے..... یہ اب تمہارا بھی گھر ہے..... خبر دار جو کبھی کوئی غیریت برتی.....''

میں نے مسکرا کر انہیں یقین دلایا کہ ''میں یہاں آپ کی حویلی سے اپنے پن کی ایسی سوغات لے کر جا رہا ہوں جو اب غیریت کی ایسی کسی دیوار کو کبھی ہمارے رشتوں کے درمیان حائل نہیں ہونے دے گی۔'' لاریب جو ان کے ساتھ کھڑی غور سے مجھے دیکھ رہی تھی اس کی آنکھوں میں شرارت کی ایک چمک سی لہرائی اور وہ بے اختیار بول پڑی۔ ''انسان کے پاس لفظوں کا اتنا خوب صورت ذخیرہ ہو تو اسے استعمال کرنے میں اتنی کنجوسی نہیں کرنی چاہیے۔'' لاریب کی بات سن کر ہم سبھی ہنس پڑے اور میں نے ڈیوڑھی سے باہر قدم رکھتے وقت ان دل ربا چہروں کی طرف دیکھ کر ہاتھ

بلایااور باہر کھڑے بشیرے کے تانگے کی جانب بڑھ گیا۔

جب میں درگاہ پہنچا تو مغرب کا وقت ہو ہی چلا تھا۔ اصغر صاحب کا کہیں اتا پتا نہیں تھا۔ میں پریشان ہو گیا کہ ابھی خدا خدا کر کے تو ان کی ذرا طبیعت سنبھلی تھی پھر اچانک کہاں نکل گئے۔ میں اس شش و پنج میں مبتلا تھا کہ اچانک درگاہ کی بیرونی دیوار کی پرلی جانب کسی دو اشخاص کی سرگوشیوں کی آواز سنائی دی۔ میں چونکا کہ اس زوال کے وقت یہاں کون ہو سکتا ہے۔ میں نے دیوار کے اوپر سے جھانکا اور اصغر صاحب کے ساتھ سرگوشیاں کرتے دوسرے شخص کو دیکھ کر میرے ذہن میں بیک وقت کئی جھماکے ہونے لگے یہ وہی شخص تھا جو پلیٹ فارم پر مجھے دکھائی دینے کے بعد ایک دم غائب ہو گیا تھا۔

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# فاصلے ساتھ چلتے ہیں

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

وہ شخص پہلے مجھے ٹرین کی برتھ پر اور پھر پلیٹ فارم پر دکھائی دیا تھا۔ مجھے اُس کی وہ رُوح کو چیر دینے والی دو چھوٹی چھوٹی جگنوؤں کی طرح چمکتی ہوئی آنکھیں کیسے بھول سکتی تھیں اور پھر وہ اُس کا عجیب سا بے چین متحرک اور ہر لمحہ کسی کرب جیسی کیفیت میں رہنے والا منحنی اور لاغر سا وجود......

لیکن وہ شخص اس وقت یہاں درگاہ کے باہر کیا کر رہا تھا؟ تو کیا وہ اصغر صاحب سے ملنے کے لیے جبل پور آ رہا تھا؟ لیکن اگر اُسے اصغر صاحب سے ملنا بھی تھا تو وہ درگاہ کے باہر یوں چوروں کی طرح کیوں اُن سے مل رہا تھا؟ کچھ ہی دیر میں اصغر صاحب بات ختم کر کے جب واپس اندر آئے تب بھی میں وہیں درگاہ کے صحن میں ہی کھڑا تھا۔ وہ مجھے وہاں کھڑا دیکھ کر کچھ ٹھٹھک سے گئے۔ اُن کا ملاقاتی اندھیرے میں کہیں تحلیل ہو چکا تھا۔ وہ سر جھٹک کے آگے بڑھے ''ارے عبداللہ میاں......تم......؟......تم کب واپس آئے۔ تمہارے امی ابا واپس چلے گئے کیا......؟'' جی وہ آج واپس لوٹ گئے ہیں ......لیکن آپ بستر سے کیوں اُٹھ آئے......؟......اور یہ کون شخص تھا جس سے آپ وہاں اندھیرے میں کھڑے باتیں کر رہے تھے......؟''

میرا سوال سن کر جانے مجھے کیوں لگا کہ جیسے وہ کچھ گھبرا سے گئے ہوں۔ ''ہاں وہ......کوئی نہیں بس یونہی کوئی سائل تھا......کسی منت کی تفصیلات پوچھنے آیا تھا......'' پھر جیسے وہ اچانک ہی چونک سے گئے۔ ''تو کیا تمہیں وہ نظر آیا تھا......؟ میرا مطلب ہے کہ......باہر تو بہت اندھیرا تھا۔'' میں نے حیرت سے اُن کی جانب دیکھا کیوں کہ ابھی تو صرف شام کا جھٹپٹا ہی چھایا تھا اور ایسا اندھیرا ابھی نہیں تھا کہ چہرے بھی پہچانے نہ جا سکیں۔ ''ہاں میں نے اُسے اس سے پہلے بھی دیکھا تھا......جب میں جبل پور آ رہا تھا تب......پہلے ٹرین اور پھر پلیٹ فارم پر......لیکن پھر نہ جانے یہ شخص کہاں غائب ہو گیا۔ اُس دن کے بعد آج دکھائی دیا ہے......'' اصغر صاحب میری بات سن کر نہ جانے پریشان سے کیوں ہو گئے۔ ''اوہ......اس کا مطلب ہے تم نے اُسے پہلے بھی دیکھا ہے......لیکن......؟ اچھا چلو خیر......ہوگا کوئی......تم اپنی سناؤ......ماں باپ سے مل کر اچھا تو لگا ہوگا......؟'' میں سمجھ گیا کہ وہ بات ٹالنا چاہتے ہیں۔ میں نے بھی اصرار نہیں کیا اور انہیں حویلی میں پیش آنے والے واقعات بتاتا رہا۔ لیکن نہ جانے کیوں میرے ذہن میں اُن کے ملاقاتی کا چہرہ جیسے چپک کر ہی رہ گیا تھا۔ اصغر صاحب کی شخصیت روز بروز پُراسرار سے پُراسرار تر ہوتی جا رہی تھی۔ وہ ساری رات میں نے کروٹیں بدلتے ہوئے گزاری۔ اس لیے صبح ہی سے میرا سر کچھ بھاری سا تھا۔ اگلے دن جمعرات تھی اور حسبِ معمول ہر جمعرات کی طرح زیارت پر صبح ہی سے زائرین کی چہل پہل شروع ہو چکی تھی۔ کبھی کبھی میرے من میں یہ سوال بھی اُٹھتا تھا کہ جمعرات کے دن میں، یا شام میں ایسی کیا خاصیت ہے کہ ان درگاہوں پر خاص اسی دن لوگوں کا تانتا بندھا رہتا ہے۔ مذہبی حوالے سے تو جمعہ کا دن اہم ہوتا ہے لیکن بعض جگہوں کے علاوہ جمعہ کے دن ان دُور دراز کی زیارتوں اور درگاہوں پر سناٹا ہی چھایا رہتا ہے۔ تو کیا یہ روایت مذہب سے کچھ سوا تو نہیں......؟

شام تک تمام معمولات نبھاتے نبھاتے میں تھکن سے چور ہو چکا تھا اور پھر رات سے سر میں دھماکے کرتا وہ عجیب سا درد......نتیجتاً مغرب کا وقت ہوتے ہوتے میرا جسم بخار میں پھنک رہا تھا۔ ایک عجیب سی بے چینی میرے رگ و رُوپ میں جیسے سرایت کرتی جا رہی تھی۔ وہی ایک عجیب سا

احساس...... جیسے کچھ ہونے والا ہو۔ مغرب سے ذرا پہلے بشیرا کرم دین کے ساتھ حویلی سے جمعرات کی شام کی مخصوص نیاز کی دیگیں لے کر اُوپر درگاہ پہنچا اور مختلف زائرین اور سائلوں کو کھانا کھلانے کے دوران اُس کا ہاتھ جب اتفاقاً میرے ہاتھ سے چھو گیا تو وہ اُچھل ہی پڑا۔ ''او جی یہ کیا...... آپ کو تو شدید تپ چڑھ رہا ہے عبداللہ باؤ...... اور آپ پھر بھی کام کر رہے ہیں۔'' اور پھر میرے لاکھ منع کرنے کے باوجود زبردستی مجھے درگاہ کی بیرونی دیوار کے ساتھ بچھی دریوں کے قریب بٹھا کر جھٹ پٹ کرم دین کے ساتھ کھانا بانٹ کر نیچے گاؤں سے دوا لینے چلا گیا۔ میں نے اُسے سختی سے تاکید کی کہ اس بات کا حویلی والوں کو پتا نہیں چلنا چاہیے۔ اصغر صاحب حسب معمول پورا دن کہیں غائب رہے۔ میں نے محسوس کیا تھا کہ وہ جمعرات کے روز خاص طور پر کہیں ٹل جاتے ہیں اور درگاہ پر آیا ہوا نیاز کا کھانا، یا گوشت تو خاص طور پر چکھتے تک نہیں۔ اس روز بھی وہ آخری سائل کے جانے کے بعد ہی درگاہ واپس لوٹے۔ لیکن میری حالت دیکھ کر وہ بھی پریشان ہو گئے اور فوراً ہی انہوں نے ٹھنڈے پانی میں بھیگی پٹیاں بنا کر میرے ماتھے پر رکھنا شروع کر دیں۔ کچھ دیر میں میں خاصا بہتر محسوس کرنے لگا۔ وہ ساتھ ساتھ مجھ سے باتیں بھی کرتے رہے۔ ''میں آج نیچے بازار گیا تو تمہارے گھر والوں کے بارے میں پتا چلا۔ بھئی تمہارے والد تو بہت بڑے صنعت کار ہیں۔ سچ پوچھو تو میں اب تک شدید حیرت کے جھٹکے میں ہوں کہ اتنے بڑے گھرانے کا لڑکا اور وہ بھی اس عمر میں اس راہ پر چل نکلا ہے...... اور وہ بھی یوں بے سروسامان...... یہ کیسا جنون ہے......؟ یہ کیسی تلاش ہے......؟ میں اب تک سمجھ نہیں پایا......؟''

مجھ سے رہا نہیں گیا اور میں بول پڑا ''آپ بھی تو کسی ایسے ہی جنوں کے اثر میں یہاں تک پہنچے ہیں...... ہو سکتا ہے ہماری کہانی مختلف ہو لیکن ہمارے حالات مختلف نہیں ہو سکتے......'' انہوں نے جلدی سے مجھے ٹوکا ''خدا نہ کرے عبداللہ میاں...... کہ ہمارے حالات کبھی ایک جیسے ہوں۔ خدا تمہیں ایسی ہر آزمائش سے بچائے جس سے گزر کر میں یہاں تک پہنچا ہوں...... انگاروں بھری وہ راہ خدا کسی دشمن کے حصے میں بھی نہ بچھائے......'' میں نے چونک کر اُن کی جانب دیکھا لیکن اُن کو ٹوکنا مناسب نہیں سمجھا۔ وہ اپنی رو میں بولے جا رہے تھے۔ ''میں اُسی دن سمجھ گیا تھا کہ تمہارا واسطہ ضرور خدا کے کچھ خاص بندوں کے ساتھ رہا ہے جس دن تم نے اس درگاہ میں قدم رکھا تھا اور پھر کل جب تمہیں مجھ سے باتیں کرتا وہ شخص بھی دکھائی دے گیا تو میرا یقین اور بھی پختہ ہو گیا۔ واقعی تم باقیوں سے مختلف ہو، کچھ خاص ہو......''

''آپ نے کل بھی اُس شخص کا ذکر کچھ عجیب سے الفاظ میں کیا تھا۔ ایسی کون سی بات ہے......؟ آخر کیا بھید ہے اُس شخص کی پہچان میں...... آپ بتا کیوں نہیں دیتے......؟''

اصغر صاحب نے ایک لمبا سا سانس لیا۔ ''سوچتا ہوں بتا ہی دوں۔ حالانکہ مجھے یقین ہے کہ میری کہانی سن کر تمہارے پاس میرے لیے سوائے نفرت اور حقارت کے اور کچھ نہیں بچے گا۔ لیکن شاید یہی نفرت، یہی بربادی اور یہی حقارت میرا مقدر ہے، سدا کے لیے...... اپنا ایمان بیچنے والا شخص کسی ایسے ہی، یا شاید اس سے بھی بدتر سلوک کا حق دار ہوتا ہے......'' میں چپ رہا، کیوں کہ میں جانتا تھا کہ آخر کار وہ گرہ کھلنے ہی والی ہے جس نے اصغر صاحب کی شخصیت کو اتنا پُراسرار بنا رکھا ہے۔ ہم دونوں درگاہ کے صحن میں نکل آئے جہاں سردی سے بچنے کے لیے زائرین نے جنگل کی لکڑیوں کو جلا کر شام سے ایک بڑا سا الاؤ روشن کر رکھا تھا۔ اب صحن بالکل خالی ہو چکا تھا لیکن اصغر صاحب نے ایک شاخ کی مدد سے لکڑیوں کی راکھ کو کریدا اور چند مزید تختے اس انگاروں بھری راکھ میں پھینکے تو پھر سے آگ بھڑک اُٹھی اور ہم دونوں بھی اسی الاؤ کے گرد بیٹھ گئے۔ اصغر صاحب نے اپنی یادوں کی راکھ

کو بھی اپنی سوچ کی کسی لمبی چھڑی سے کریدا اور پھر دھیرے دھیرے اُن کے ماضی کی سلگتی آگ بھی اُن کی سوچ کی لکڑیوں کو چٹخانے لگی۔

''میری کہانی آج سے ٹھیک ایک سال پہلے، دسمبر کے اسی مہینے سے شروع ہوتی ہے۔ اس سے پہلے میری زندگی میں کوئی فسانہ، کوئی کہانی نہیں تھی۔ میں ایک عام سینئر کلرک کی بوسیدہ اور پھٹیچر سی زندگی گزار رہا تھا۔ ایک بہت بڑے شہر کے ایک چھوٹے سے دو کمروں کے فلیٹ میں اپنی لڑاکا بیوی اور چار بدتمیز بچوں کے ساتھ رہائش پذیر تھا۔ میرے دو بیٹے اور دو بیٹیاں ہیں اور تم خود اندازہ کر سکتے ہو کہ بڑے شہروں کے ان ڈربہ نما فلیٹوں میں ہم چھ بندے کس طرح گزارہ کرتے ہوں گے۔ میرے دونوں بیٹے ماں کے لاڈ پیار کی وجہ سے کسی کام کے نہیں رہے تھے۔ بڑا کئی سال کی مسلسل کوشش کے بعد گریجوایشن تو پاس کر چکا تھا مگر کم نمبروں کی وجہ سے شہر بھر میں جوتے چٹخاتا پھرتا تھا اور چھوٹے نے تو بی اے میں ایک مرتبہ فیل ہونے کے بعد کتابوں سے ناطہ ہی توڑ لیا تھا۔ دونوں بیٹیاں بھی دن بھر سوائے فیشن میگزین پڑھنے، یا کیبل پر فلمیں دیکھنے کے علاوہ اور کچھ خاص نہیں کرتی تھیں۔ بڑی بیٹی نے البتہ یونیورسٹی کے بعد کسی پرائیویٹ اسکول میں نوکری کر لی تھی جب کہ چھوٹی بارھویں کا امتحان پاس کرتے ہی کسی شہزادے کے انتظار میں دن بھر میک اپ کورسز پر اپنا دھیان لگائے رکھتی تھی۔ دراصل بچے ہمیشہ ماں میں اپنا آئیڈیل ڈھونڈنے کی کوشش کرتے ہیں اور ماں کو ہی فالو (Follow) کرتے ہیں اور میرے بچوں نے ہمیشہ اپنی ماں کو اپنے باپ کے ساتھ لڑتے جھگڑتے، طعنے دیتے اور گلے شکوے کرتے ہی دیکھا تھا۔ لہٰذا قدرتی طور پر اُن کے دل سے میری عزت جاتی رہی تھی۔ اور رفتہ رفتہ وہ دکھاوے کے لحاظ اور شرم و حیا سے بھی رہ چکے تھے۔ اور اب ترکی بہ ترکی مجھے جواب دینے لگے تھے۔ شاید اس میں میری بیوی کا بھی اتنا قصور نہیں تھا۔ میں زندگی میں کبھی کوئی بھی آسائش انہیں مہیا نہیں کر پایا تھا۔ ایک سینئر کلرک کی تنخواہ ہوتی ہی کتنی ہے اور پھر اُوپر سے مہنگائی کا یہ طوفان...... تنخواہ سے زیادہ تو بجلی اور گیس کے بل ہر ماہ سینے پر مونگ دلنے کے لیے آ پہنچتے تھے۔ ایسے میں ننگا نہائے کیا اور نچوڑے کیا؟ میں کبھی ضرورت کے مطابق بھی پیسے گھر نہیں لا پایا تھا تو پھر تفریح، پکنک، یا سینما کی تو بات کرنا ہی فضول تھا۔ میرے بچے اور بیوی ساری عمر پیٹ بھر کھانے کو ہی ترستے رہے۔ بیٹی نے نوکری کی تو بیوی کا ہاتھ کچھ کھلا لیکن یہ بھی میرے لیے مزید ایک طعنے کا سبب بن گیا کہ ''ہاں بھئی...... اب تو بیٹی کی کمائی کا ہی آسرا ہے......'' اپنی ساری نوکری میں مجھے کلرکی کے لیے شعبے بھی کچھ ایسے ہی دیئے جاتے رہے جہاں رشوت لینے کے مواقع بھی کبھی مجھے میسر نہیں رہے۔ سچ تو یہ ہے کہ مجھے ٹھیک طرح سے رشوت لینا بھی نہیں آتی تھی۔ ایک آدھ مرتبہ کسی سے کہلوا کر کسی کمائی والے سیکشن میں تبادلہ کروا بھی لیا تھا لیکن کسی نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ رشوت لینا بھی ایک فن ہے اور میں اس فن سے قطعی نابلد تھا۔ میرے تو ہاتھ پاؤں ہی پھولنے لگتے تھے اور ذرا سی رقم پکڑتے وقت بھی پورا جسم لرزنا شروع کر دیتا تھا۔ لوگ نہ جانے کیسے اتنی بڑی بڑی رقموں کو بنا ڈکار لیے جیب میں ڈال کر ہضم بھی کر لیتے تھے۔ شاید میں شروع سے ہی بزدل تھا اور رشوت لینا، یا دینا مجھ جیسے بزدلوں کے بس کی بات نہیں تھی۔ اس لیے وہ دو چار ہفتوں میں ہی اس کمائی والے محکمے کے راشی افسر نے میرے آگے ہاتھ پاؤں جوڑنا شروع کر دیتے تھے کہ ''بس بہت ہو گیا میاں۔ اب یہاں سے چلتے بنو۔'' دراصل میری وجہ سے اُوپر والوں کا لین دین بھی بگڑتا تھا کیوں کہ بہت سی جگہوں پر مجھ جیسے کلرک ہی ایسے کالے دھندوں کا پہلا دروازہ ہوتے ہیں۔ یوں میرے دن قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہی گزر رہے تھے۔ میری صبح کا آغاز میرے سرہانے رکھے الارم کلاک کی چیخ سے ہوتا تھا جسے میری بیوی بدمزگی سے بند کروا کر دوسری کروٹ دوبارہ یہ بڑبڑاتے ہوئے سو جاتی کہ ''نہ خود سوتے ہیں نہ دوسروں کو سونے دیتے ہیں۔'' میں کچی اور بے آرام نیند سے تھکا ہارا جاگتا تو پورے گھر میں کوئی مجھے ایک پیالی چائے کا پوچھنے والا بھی نہ ہوتا۔ بیوی کو

تو ویسے ہی اپنے آرام میں خلل پسند نہیں تھا۔ بڑی بیٹی کو اپنی نوکری پر جانے کی جلدی ہوتی، چھوٹی بیٹی بھی خوش قسمتی سے جاگتی ہوئی مل بھی جاتی تو وہ خود اس انتظار میں ہوتی کہ کوئی باورچی خانے میں جائے تو اُس کے لیے بھی ایک کپ چائے بنا دے اور بیٹے تو ویسے ہی دن چڑھے جاگنے کے عادی تھے۔ مجھے ہر صبح ساڑھے چھ بجے والی ٹرام پکڑنی ہوتی تھی کیونکہ اسی صورت میں میں دو بسیں بدل کر ساڑھے آٹھ بجے دفتر پہنچ سکتا تھا۔ یہ تو شکر ہے کہ سرکاری دفتروں میں کلرک بادشاہ ہوتے ہیں اور انہیں ایک آدھ گھنٹہ لیٹ پہنچنے پر کوئی کچھ کہتا نہیں ورنہ دفتر کا اصل وقت تو صبح آٹھ بجے ہی تھا۔

دن بھر دفتر میں جھک مارنے کے بعد اور مانگے کی چائے پینے کے بعد شام چار بجے جب میں وہاں سے فارغ ہوتا تو مجھے ایک اور پرائیویٹ دفتر میں چار سے سات کی عارضی نوکری بھی بھگتانی ہوتی تھی جو میں نے اپنے قرضے اُتارنے کے لیے کر رکھی تھی۔ کچھ ڈسپیچ کا کام ہوتا تھا، یا پھر چند دفتری خط ٹائپ کرنا ہوتے تھے لیکن اس پرائیویٹ دفتر کا باس عظیم ایک نمبر کا ''کھڑوس'' شخص تھا۔ مجال ہے جو پل بھر کی دیر بھی برداشت کر جائے اور شومئی قسمت میں ہمیشہ دس پندرہ منٹ لیٹ ہو ہی جاتا تھا کیوں کہ اپنے سرکاری دفتر سے نکل کر مجھے پیدل ہی دو بلاک چل کر اُس نجی آفس تک آنا ہوتا تھا اور یوں دیر سے آنے پر روز ہی عظیم مجھے اپنی خوب صورت لیڈی سیکرٹری شبانہ کے سامنے جی بھر کر بے عزت کرتا تھا۔ مجھے اس بے عزتی کی بھی خاص پرواہ نہیں تھی کیوں کہ یہ نوکری میری انتہائی مجبوری تھی لیکن اس بے عزتی کے دوران مجھے شبانہ کی موجودگی بے حد کھلتی تھی۔ کیوں کہ وہ میری بے عزتی کے دوران مستقل اپنا نچلا ہونٹ اپنے دانتوں تلے دابے ایک طنزیہ ہنسی ہنستی رہتی تھی اور مجھے یوں لگتا تھا کہ کوئی مجھے سر بازار ننگا کر رہا ہو۔ جانے عظیم کو اس طرح ایک عورت کے سامنے مجھے بے عزت کر کے کیا ملتا تھا۔ شاید اس تحریک کے پیچھے بھی عظیم کا کوئی انتقام ہی چھپا ہوا تھا کیوں کہ میں نے ایک دن غلطی سے کسی خط کی تصحیح کے لیے بنا دستک دیئے عظیم کے دفتر کا دروازہ کھول لیا تھا اور ٹھیک اُسی وقت عظیم اپنی سیکرٹری کو اپنے بہت ہی قریب بٹھائے کوئی ڈکٹیشن (Dictation) دے رہا تھا۔ دروازہ کھلنے پر شبانہ تو بوکھلا کر باس کی گود سے اُتر گئی لیکن عظیم کا چڑھا ہوا پارہ پھر کبھی نہیں اُترا۔

اُس دن اُس نے مجھے جی بھر کے ذلیل کیا کہ دراصل میں اُس کی جاسوسی کرتا پھرتا ہوں اور مجھے اتنے بڑے دفتر میں کام کرنے کے آداب بھی نہیں آتے اور یہ کہ اگر میں نے باہر جا کر دفتر کے دوسرے لوگوں کے سامنے اس واقعے کا ذکر کرنے کی کوشش بھی کی تو وہ مجھے دھکے مار کر یہاں سے باہر نکال دے گا۔ ویسے اُسے اس وقت بھی ایسا کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا تھا لیکن فی الحال اُس نے شاید یہ سوچ کر اپنے دل پر پتھر رکھ لیا تھا کہ میں یوں فوراً دفتر سے بے دخل کر دیئے جانے پر اُس کے خلاف انتقامی کارروائی کے طور پر اس واقعے کی دفتر میں اور باہر تشہیر ضرور کروں گا۔ حالانکہ سچ تو یہ ہے کہ میرے اندر اتنی سکت بھی نہیں تھی۔ بہرحال اُس دن کے بعد سے عظیم کا غصہ کبھی کم نہیں ہوا اور مجھے روزانہ کسی نہ کسی بہانے سے شبانہ کے سامنے بے عزت ضرور کیا جاتا رہا۔ میں جتنی بھی دیر سے اپنے دوسرے دفتر پہنچتا، اتنے ہی وقت کے لیے مجھے دفتر کے اوقات کے بعد اوور ٹائم لگا کر اپنا کام ختم کرنا پڑتا تھا، کیوں کہ عظیم آج کا کام کل پر چھوڑنے کا بالکل قائل نہیں تھا۔ لہٰذا مجھ سے عام طور پر شام ساڑھے سات بجے والی آخری بس بھی چھوٹ جاتی تھی جس کے بعد پیدل مارچ کر کے رات گئے گھر پہنچنا میری مجبوری بن جاتی تھی اور رات دیر سے گھر پہنچنے کے بعد پھر سے وہی بیوی کے طعنے اور بچوں کی کڑوی کسیلی باتیں کہ ''دن بھر گھر سے غائب رہتے ہو...... بیوی بچوں کا بھی کچھ خیال ہے، یا نہیں...... یا بس تمہارا فرض جنم دینے کی حد تک ہی تھا۔ اب پڑے سڑتے رہیں...... جانے کہاں دن بھر آوارہ گردی کرتے رہتے ہیں۔ بھئی ہم نے تو ایسا دفتر کبھی دیکھا نہ سنا......''

کبھی کبھی تو میرا دل چاہتا تھا کہ کہیں سے زہر کی چار پڑیاں لا کر گھر والوں کے کھانے میں ملا دوں تا کہ یہ روز روز کا جھگڑا ہی نمٹ جائے لیکن یہاں

بھی میری وہی ازلی بزدلی آڑے آجاتی تھی اور میں چپ چاپ کان لپیٹ کر کسی کونے میں پڑ کر سو رہتا۔ ایک اگلے اور نئے دن کے کانٹوں بھرے آغاز اور دوبارہ اسی ذلت بھری زندگی کی گاڑی کھینچنے کے لیے......''

اصغر صاحب بولتے بولتے چند لمحوں کے لیے خاموش ہوئے تو مجھے پتا چلا کہ میں اُن کی کہانی میں اس قدر کھو سا گیا تھا کہ مجھے رات کے ڈھلنے کا احساس بھی نہیں ہوا۔ ابھی میں نے عشاء کی نماز بھی ادا کرنی تھی اور اپنے اور اصغر صاحب کے لیے کچھ کھانے پینے کا انتظام بھی کرنا تھا۔ وہ تو اچھا ہوا کہ شام کو کرم دین کی لائی ہوئی دیگوں میں سے کچھ بچ گیا تھا لہٰذا میں نے جلدی سے وہی چاول گرم کر کے اصغر صاحب کے سامنے رکھے اور خود عشاء کی نماز ادا کرنے کے لیے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔

نماز پڑھ کر میں باہر نکلا تو اصغر صاحب ایک مرتبہ پھر سے لکڑیوں کے الاؤ کو دہکا چکے تھے۔ اُن کے چہرے پر آگ کی لپٹوں سے پڑتی روشنی میں میں صاف دیکھ سکتا تھا کہ وہ اپنی کہانی دہراتے وقت کس اذیت سے گزر رہے ہیں۔ میں چپ چاپ دوبارہ اُن کے سامنے جا کر بیٹھ گیا۔ انہوں نے بات وہیں سے جوڑی۔

''ہاں تو عبداللہ میاں...... میں تمہیں بتا رہا تھا کہ میں اس ذلت بھری زندگی کا عادی ہو چکا تھا اور اپنے دن کسی کولھو کے بیل کی طرح کاٹ رہا تھا۔ پھر ایک دن ایک اور غضب ہوا کہ میں نے بس پر چڑھتے ہوئے گھر واپسی کے وقت اپنی بڑی بیٹی لبنیٰ کو کسی پکی عمر کے مرد کے ساتھ گاڑی میں بیٹھے دیکھ لیا اور گھر آ کر میں نے باز پرس کی تو بس میرا بات کرنا ہی غضب ہو گیا۔ سارے گھر والے مجھ پر یوں برس پڑے جیسے خود مجھ سے کوئی گناہ عظیم سرزد ہو گیا ہو۔ پتا یہ چلا کہ وہ صاحب اُسی اسکول کے مالک ہیں جہاں لبنیٰ نوکری کرتی تھی اور اُن کا تو اب یہ معمول ہی بن چکا تھا کہ وہ چھٹی کے بعد واپسی پر لبنیٰ کو گھر ڈراپ کرنے آتے تھے۔ اُلٹا بیوی نے مجھے طعنہ دے دیا کہ تم کبھی سر شام گھر واپس لوٹو تو تمہیں کچھ پتا بھی ہو......؟ بیٹوں نے سیدھی سادھی دھمکی دے دی کہ وہ اپنی بہن کی زندگی کا فیصلہ خود کریں گے۔ لہٰذا مجھے اس میں دخل اندازی کی ضرورت نہیں۔ دراصل وہ شخص پورے گھرانے کو تحفے تحائف اور اپنے پیسے کے جال میں کچھ یوں پھانس چکا تھا کہ اب میرے گھر کا کوئی فرد بھی اُس کے خلاف ایک لفظ بھی سننے کو تیار نہیں تھا۔ مجبوراً ایک بار پھر مجھے ہی چپ سادھنا پڑی۔ لیکن اُس دن سے میرے وجود کے اندر خود اپنے لیے ہی ایک عجیب سی نفرت پلنا شروع ہو گئی کہ آخر میں کس مرض کی دوا ہوں......؟ میرا اس دنیا میں آنے کا مقصد کیا ہے......؟ کیا میں یونہی عمر بھر خود اپنوں اور غیروں کے ہاتھوں ذلیل ہوتا رہوں گا۔ اُس دن زندگی میں پہلی مرتبہ میں نے خودکشی کے بارے میں سوچنا شروع کر دیا کیوں کہ مجھ جیسے ناکارہ انسان اور نالی کے کیڑے جیسی زندگی گزارنے والے شخص کو مر ہی جانا چاہیے تھا۔ لیکن کیسے......؟ خودکشی بھی تو ہمت مانگتی ہے نا...... لیکن میں نے یہ طے کر لیا تھا کہ اب اپنی اس بوسیدہ اور ذلت بھری زندگی کا خاتمہ کر کے ہی رہوں گا۔ کب اور کیسے......؟ بس یہ طے کرنا باقی رہ گیا تھا۔

کہاں قاتل بدلتے ہیں، فقط چہرے بدلتے ہیں
عجب اپنا سفر ہے، فاصلے بھی ساتھ چلتے ہیں

❀......❀

# چھلاوہ

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

اصغر صاحب نے پانی کا ایک لمبا سا گھونٹ بھرا اور اپنی داستان جاری رکھی۔ رات خوب بھیگ چکی تھی اور سرد اور خنک ہوا ہمارے جسموں کو چیر کر گزر رہی تھی لیکن ہم دونوں ابھی تک اُسی الاؤ کے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔

''تو عبداللہ میاں...... میں نے وہ رات کس طرح کانٹوں پر گزاری یہ میں ہی جانتا ہوں۔ اگلی صبح پھر وہی بیوی کی چخ چخ۔ پہلے سرکاری دفتر دیر سے پہنچا اور پھر حسب معمول وہاں افسروں کی ڈانٹ سنتے ہوئے اور اپنا کام لیٹ ختم کر کے دوسرے دفتر بھاگم بھاگ پہنچا تو پورے پندرہ منٹ لیٹ تھا۔ دفتر میں میرے واحد دوست رؤف نے مجھے دفتر میں گھستے ہی بتا دیا کہ باس عظیم تین مرتبہ میرا پوچھ چکا ہے۔ میں دل میں ہزار خدشے لیے اُس کے کمرے میں پہنچا تو حسب توقع شبانہ وہیں موجود تھی اور عظیم کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھی۔ مجھے دیکھتے ہی عظیم نے طنز کیا۔

''آ گئے نواب صاحب...... اس وقت آنے کی زحمت بھی کیوں کی جناب نے...... آپ حکم تو کرتے...... ہم فائلز آپ کے گھر ہی بھجوا دیتے......''

میں ہکلایا...... وہ سر...... میں وہ...... دراصل۔''

عظیم دھاڑا ''کیا میں میں کی رٹ لگا رکھی ہے...... یہ وقت ہے دفتر آنے کا...... آخر تم کب سدھرو گے...... تنخواہ لینے والوں کی قطار میں تم سب سے آگے کھڑے ہوتے ہو...... اور کام کے لیے آتے ہوئے موت آتی ہے تم کو......''

شاید اُس دن عظیم نے میری بے عزتی کرنے کی ہر حد کو پار کرنے کا سوچ رکھا تھا۔ شبانہ اُسی طرح لگاتار مجھے مسکراتے ہوئے دیکھ رہی تھی اور میرے تن من میں جیسے آگ سی بھرتی جا رہی تھی۔ اُس دن مجھے پتا چلا کہ قاتلوں سے قتل کس لمحے میں سرزد ہوتے ہوں گے۔ اُس وقت میرے جسم میں اتنی جان ہوتی، یا میرے پاس کوئی چاقو یا پسٹل ہوتا تو میں ضرور اُن دونوں کا وہیں خون کر دیتا۔ مجھے عظیم نے یہ حکم نامہ بھی صادر کیا کہ میں آج پچھلے پورے ہفتے کی فائلز اور خط نکال کر ہی گھر واپس جاؤں گا ورنہ اگلے دن مجھے دفتر آنے کی ضرورت نہیں اور ان پندرہ دنوں کی تنخواہ میرے گھر پہنچا دی جائے گی۔ میں بکتا جھکتا اس جلاد کے کمرے سے نکلا اور اپنی میز پر جا کر فائلوں کے انبار میں کھو گیا۔ جب تک میں نے کام ختم کیا، شام کے سوا سات بج چکے تھے۔ دسمبر کی شامیں ویسے بھی گہری راتوں میں بدلنے میں زیادہ دیر نہیں لگاتیں۔ میں دفتر سے نکل کر نیچے بس اسٹاپ پر پہنچا تو حسب توقع آخری بس بھی نکل چکی تھی۔ میں نے جیب میں ہاتھ ڈالا تو صرف ۲۵ روپے اور پانچ روپے کا ایک سکہ نکلا، مطلب رکشے، یا ٹیکسی کی عیاشی تو ناممکن تھی۔ لہٰذا میں نے عظیم کو دل ہی دل میں گندی گالیاں نکالتے ہوئے پیدل ہی گھر جانے کی ٹھانی۔ پیدل مختصر راستے اختیار کرنے کے باوجود میرے گھر کا فاصلہ دفتر سے دو گھنٹے کا تھا۔ میں تنگ اندھیری گلیوں اور ویران سڑکوں سے ہوتا ہوا گھر کی جانب روانہ تھا۔ میرے شہر کے حالات بھی

کچھ ایسے تھے کہ ایسے راستوں پر دن میں بھی چلتے ہوئے لوگ خوف محسوس کرتے تھے۔ یہ تو پھر رات تھی۔ لہٰذا ذرا سی آہٹ پر میرے رونگٹے کھڑے ہو جاتے تھے۔ راستے میں ایک ویران سا پارک بھی پڑتا تھا جسے میں نے پہلے اپنی راہ گزر کے لیے منتخب نہ کرنے کا سوچا کیوں کہ اس پارک کے متعلق عجیب وغریب قسم کی باتیں مشہور تھیں لیکن پھر جب میں نے اس لمبے راستے کا سوچا جو پارک کے اندر سے نہ گزرنے کی صورت میں مجھے طے کرنا پڑتا تو خود بخود میرے تھکے ہوئے قدم اس پارک کی ٹوٹی ہوئی دیوار کی جانب بڑھ گئے جسے راہ گیروں نے اپنی سہولت کے لیے پارک کراس کرنے کے لیے توڑ رکھا تھا۔ پارک اُس وقت بالکل سنسان پڑا ہوا تھا۔ گھاس کے خشک میدان کے بیچوں بیچ ایک بوڑھا برگد کا پیڑ اپنی ہزاروں جڑیں زمین میں گاڑھے اور میدان کے اوپر پر پھیلائے یوں کھڑا تھا جیسے کوئی بزرگ اپنی ساری آل اولاد کو اپنے دامن میں سمیٹے کھڑا ہو۔ پیڑ کے نیچے ایک ٹوٹا ہوا پتھر کا بنچ پڑا ہوا تھا۔ جانے کیوں ایک دم ہی مجھے شدید تھکن کا احساس ہوا اور میں نے کچھ پل اُسی بنچ پر بیٹھ کر ستانے کا فیصلہ کر لیا۔ میں نے بنچ پر بیٹھ کر چند گہری سانسیں لیں تو کچھ سکون کا احساس ہوا۔ میں نے سر پیچھے ٹکا کر چند لمحوں کے لیے اپنی جلتی آنکھیں موندھ لیں لیکن آنکھیں بند کرتے ہی ایک لمحے کے ہزارویں حصے میں مجھے یوں محسوس ہوا جیسے اس برگد کے پیڑ کے اُوپر کوئی بیٹھا ہوا مجھے اپنی دو سرخ انگارہ آنکھوں سے گھور رہا ہو۔ میں نے گھبرا کر جلدی سے آنکھیں کھول دیں لیکن پیڑ کی شاخیں ویسے ہی سنسان پڑی تھیں۔ میں نے سر جھٹک کر دوبارہ آنکھیں موندھیں تو پھر وہی احساس چھم سے میری بند آنکھوں کے پردے پر اُتر آیا، لیکن اس بار آنکھیں کھولنے سے پہلے ایک آواز بھی میرے ذہن کے پردے سے ٹکرائی۔

''کیسے ہو اصغر......؟'' میری تو مانو جیسے جان ہی نکل گئی اور میں نے دوبارہ جلدی سے آنکھیں کھول دیں لیکن پیڑ اب بھی ویسے ہی تنہا کھڑا تھا۔ میرے مساموں سے اتنی سردی کے باوجود خوف کے مارے پسینہ نکل آیا اور میں نے وہاں سے بھاگ اُٹھنے کی ٹھان لی۔ لیکن ابھی میں نے اپنا بوجھ اپنے دوشل بازوؤں پر ڈالا ہی تھا اور میرا جسم ابھی پوری طرح اُٹھنے بھی نہیں پایا تھا کہ پھر سے وہی سرگوشی میرے کانوں سے ٹکرائی۔ ''ڈرو نہیں اصغر...... میں تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ مجھے اپنا دوست ہی سمجھو......''

میں نے خوف کے مارے ادھر اُدھر دیکھا ''لیکن تم ہو کون...... اور مجھے کھلی آنکھوں سے نظر کیوں نہیں آ رہے......''

میرے کانوں میں پھر سے آواز گونجی ''میں بند آنکھوں سے بھی صرف اُنہی کو نظر آتا ہوں جنہیں آنا چاہتا ہوں...... اگر تم زیادہ خوف زدہ نہیں ہو تو میں تمہیں کھلی آنکھوں سے نظر آ سکتا ہوں۔ تمہیں بس اپنے حواس قابو میں رکھنے ہوں گے......''

ایک بار تو میرے جی میں آیا کہ میں وہاں سے سرپٹ دوڑ لگا دوں لیکن پھر نہ جانے میرے اندر اتنی ہمت کہاں سے آ گئی اور میں نے ہکلاتے ہوئے اُسے اجازت دے دی۔

''ٹھیک...... ہے...... لیکن مجھے زیادہ ڈرانا نہیں۔ میں دل کا کمزور واقع ہوا ہوں۔'' میں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر درخت کی شاخوں کو دیکھنے لگا کیوں کہ میرے خیال میں اُسے وہیں کہیں سے کودنا چاہیے تھا لیکن میں اپنے پیچھے سے اُس کی آواز سن کر بنچ سے گرتے گرتے بچا۔

''اب تم مجھے دیکھ سکتے ہو......''

میں نے ڈرتے ڈرتے لرزتے دل کے ساتھ پیچھے نظر ڈالی تو کچھ دیر کے لیے میرے اُوپر کا سانس اُوپر ہی رہ گیا۔ ایک نہایت کالا بھجنگ

شخص جس کی آنکھیں دو دہکتے انگاروں جیسی چمک رہی تھیں اور جس کی جلد کا رنگ ایسا تھا جس کی رات کی سیاہی میں جانچ، یا دیکھ پانا تقریباً ناممکن ہی تھا۔ میں نے فوراً خوف کے مارے اپنی آنکھیں بند کر لیں۔ اچانک کسی کی کرخت آواز فضا میں گونجی "او بابا...... تم اس اندھیرے میں کیا کرتا ہے......؟ میری تو چیخ نکلتے نکلتے رہ گئی۔ میں نے ڈر کر جھٹ سے آنکھیں کھولیں تو سامنے پارک کا پٹھان چوکیدار حیران سا کھڑا مجھے گھور رہا تھا۔ میں نے فوراً پلٹ کر اُس کی جانب دیکھا جہاں ایک لمحہ پہلے وہ شخص کھڑا تھا لیکن اب وہاں کوئی نہیں تھا۔ میں نے حیرت سے اپنی آنکھیں پھاڑ کر اندھیرے میں ٹٹولا لیکن وہ شخص غائب ہو چکا تھا۔ چوکیدار ابھی تک میرے سر پر کھڑا شاید مجھے کوئی مخبوط الحواس سمجھ رہا تھا۔ وہ پھر ڈانٹنے کے انداز میں بولا۔ "او بھائی تم کون ہے...... ایسے رات کو درختوں کے نیچے نہیں بیٹھنا چاہیے...... خو چہ یہ اچھا نہیں ہوتا مڑاں......" اب میں اُس کو کیا بتاتا کہ میری آدھی رُوح تو پہلے ہی نکل چکی ہے۔ میں نے ڈرتے ڈرتے اُس سے پوچھا "کیا تم نے ابھی یہاں کسی اور شخص کو نہیں دیکھا...... وہ یہاں میرے قریب ہی کھڑا تھا۔" چوکیدار نے حیرت سے اِدھر اُدھر نظریں دوڑائیں۔ "کون...... اِدھر تو کوئی نہیں تھا۔ خو چہ ہم اسی لیے بولتا ہے کہ ایسے رات کے وقت اِدھر اکیلا مت بیٹھو...... تم اِدھر اکیلا بیٹھا تھا اور جب ہم اِدھر آیا تو تم اپنے آپ کے ساتھ بولتا پڑا تھا......" گویا میں خود کلامی میں مشغول تھا۔ یہ مجھے کیا ہوتا جا رہا تھا۔ میں نے اپنا سر جھٹکا۔ شاید کام کے دباؤ نے میرے دل و دماغ پر بھی گہرا اثر چھوڑا تھا اور اب میں جاگتی آنکھوں سے بھی خواب دیکھنے لگا تھا۔ میں یہی سوچتا ہوا وہاں سے اُٹھا اور کسی طرح گرتے پڑتے رات گئے گھر تک پہنچ گیا۔ شکر ہے کہ سب لوگ سو چکے تھے۔ میں اس وقت اُن کے ساتھ کسی بحث میں نہیں پڑنا چاہتا تھا۔ میرے دماغ میں دھماکے ہو رہے تھے اور سر درد سے پھٹا جا رہا تھا۔ میں چپ چاپ جا کر اپنے بستر پر لیٹ گیا اور آج کے تمام واقعات پھر سے میرے ذہن میں چلنے لگے۔ کیا واقعی وہ سب صرف میرا واہمہ تھا، یا......؟ ...... انہی سوچوں میں جانے کب مجھے نیند نے آ گھیرا لیکن ابھی شاید میری آنکھ لگے ہوئے چند لمحے ہی ہوئے تھے کہ اچانک مجھے محسوس ہوا کہ پھر سے وہی دو انگارہ آنکھیں مجھے گھور رہی ہیں، خود میرے ہی کمرے میں موجود دیوار میں لگی الماری جو چھت سے ذرا پہلے اپنی لمبائی ختم کرتی تھی، اُسی الماری پر وہ شخص بیٹھا مجھے گھور رہا ہے۔ ایک جھٹکے سے میری نیند ٹوٹی تو میں پسینے میں شرابور تھا لیکن الماری کے اُوپر کوئی بھی نہیں بیٹھا تھا۔ میرے خدا...... یہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ یہ کون سی بلا میرے پیچھے پڑ گئی تھی اور پھر اس جدید دور میں میں اگر کسی کو یہ سب بتاتا بھی تو وہ میرا مذاق ہی اُڑاتا۔ میری بیوی ساتھ والے بستر پر پڑی خراٹے لے رہی تھی لیکن پھر میں دوبارہ سو نہیں پایا۔ ساری رات یہی آنکھ مچولی جاری رہی۔ میں جیسے ہی آنکھ بند کرتا، میری بند آنکھوں کے پردے پر وہ ہولناک شبیہ اُتر آتی۔ خدا خدا کر کے صبح ہوئی اور میں منہ اندھیرے ہی گھر والوں کو سوتا چھوڑ کر دفتر جا پہنچا۔ ابھی تک خاکروب نے پوری طرح دفتر کو جھاڑ دبھی نہیں لگایا تھا اور چپڑاسی نے بھی اتنی صبح مجھے دفتر میں داخل ہوتے دیکھ کر حیرت سے اپنے کاندھے اُچکائے۔ لیکن اس وقت میری سمجھ میں اور کچھ نہیں آ رہا تھا۔ میں وہیں اپنی میز پر بیٹھا اپنے گھٹیا برانڈ کے سگریٹ پھونکتا رہا۔ دھیرے دھیرے لوگ دفتر آنا شروع ہو گئے اور جب میرا یار مرزا دفتر میں داخل ہوا تو مجھے اپنے سے پہلے دفتر میں پا کر وہ تو خوشی اور حیرت سے اُچھل ہی پڑا۔ "ابے یار اصغر...... تو...... آج سورج کس طرف سے نکلا تھا...... میں نے تو غور ہی نہیں کیا......" میں نے فوراً مرزا کا ہاتھ پکڑا اور اُس کو ایک جانب لے جا کر کل شام کی ساری رُوداد سنا دی۔ کچھ دیر تو وہ حیرت سے میری جانب دیکھتا رہا۔ پھر یکایک اُس پر جیسے ہنسی کا دورہ ہی پڑ گیا ہو۔ بڑی مشکل سے وہ چپ ہوا "میں نے تو سنا تھا کہ انسان ساٹھ کے بعد

سٹپٹاتا ہے......تو تو چالیس کے بعد ہی......'' وہ پھر ہنسنے لگا۔ میں ناراض ہو کر پلٹ کر واپس جانے لگا تو اُس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔ ''ابے یار...... ناراض کیوں ہوتا ہے......دراصل لوگوں کا دماغ دو شادیاں کر کے خراب ہوتا ہے۔......لیکن تجھے تیری دو نوکریوں نے پاگل کر دیا ہے......یہ صرف ذہنی دباؤ اور ہر وقت کی سوچ کے کرشمے ہیں۔ میری جان......میں تو کہتا ہوں لعنت بھیج اس دوسری نوکری پر......جس دن سے تو نے اس خبیث عظیم کے دفتر میں نوکری کی ہے تیری پریشانیاں گھٹنے کے بجائے بڑھتی ہی جا رہی ہیں......کیوں اپنی زندگی کو اتنے عذابوں میں ڈال رکھا ہے......جس گھر اور اولاد کے لیے تو قرض پر قرض لیتا رہتا ہے انہوں نے تو کبھی آج تک تجھے گھاس بھی نہیں ڈالی۔ پھر اپنے اُوپر ظلم کیوں کر رہا ہے۔'' مرزا کہہ تو ٹھیک ہی رہا تھا۔ ان دو نوکریوں اور قرض کے چکر میں میں خود گھن چکر بنتا چلا جا رہا تھا۔ لیکن کیا وہ سب جو میرے ساتھ بیتا صرف ایک خواب ہی تھا؟ اور کیا کوئی خواب اتنے لمبے تسلسل سے بھی دیکھا جا سکتا ہے؟ میرا دل اُسے ایک خواب ماننے پر راضی نہیں ہو پا رہا تھا۔ اسی ادھیڑ بن میں سرکاری دفتر کا وقت ختم ہوا اور مجھے پھر سے اُسی اذیت گاہ کی جانب قدم بڑھانا پڑے جہاں روزانہ میری رُوح کا قتل ہوتا تھا۔ لیکن اُس دن اتفاق سے وہ جلاد عظیم دفتر کچھ دیر سے پہنچا اور آتے ہی اُسے کسی ضروری کام کے سلسلے میں دوبارہ باہر جانا پڑ گیا۔ میں اپنے اندر سرِ شام ہی ایک عجیب سی بے چینی محسوس کر رہا تھا۔ لہٰذا عظیم کے دفتر سے نکلنے کے بعد مجھ سے بھی دفتر میں نہیں بیٹھا گیا۔ میں دفتر سے نکلا اور میرے قدم خود بخود اُسی پارک کی جانب بڑھ گئے۔ مغرب کا وقت قریب ہی تھا اور بادلوں کی وجہ سے آج سرِ شام ہی اندھیرا سا چھانے لگا تھا۔ پتا نہیں میں اُس پارک کی جانب کیوں بڑھا چلا جا رہا تھا۔ شاید میں اُس اُلجھن اور اُس اذیت کو ختم کرنا چاہتا تھا جو اس خواب اور حقیقت کا سچ جاننے کے لیے میرا اندر اس وقت جھیل رہا تھا۔ جب میں پارک پہنچا تو ابھی وہاں اکا دکا لوگ موجود تھے جو شام ڈھلنے سے پہلے گھر واپسی کی تیاری کر رہے تھے۔ میں چپ چاپ جا کر اُسی بنچ پر بیٹھ گیا۔ میں نے ادھر اُدھر دیکھا اور پھر چوکیدار کو آس پاس نہ پا کر میں نے اپنی آنکھیں موندھ لیں۔ لیکن کچھ نہیں ہوا......میں نے آنکھیں کھول کر پھر اطمینان کیا اور ایک بار پھر سر ٹکا کر آنکھیں بند کر لیں۔ لیکن اس بار بھی کوئی جھماکا نہیں ہوا۔ تو کیا واقعی وہ سب میرا واہمہ ہی تھا۔ میں نے تھک کر آنکھیں کھول دیں۔ پھر اچانک میرے ذہن میں ایک اور خیال آیا۔ کل جب میں یہاں آیا تو مغرب کے بعد کا اندھیرا چھا چکا تھا۔ جب کہ اس وقت اچھی خاصی روشنی باقی تھی۔ میں نے اُٹھتے اُٹھتے گھر واپسی کا ارادہ ترک کر دیا۔ جب یہاں تک آ ہی گیا ہوں تو آج اپنا شک پوری طرح دُور کر کے ہی واپس جاؤں گا۔ میں نے ٹہل کر پارک کا ایک چکر لگایا اور شاید وہ میرا تیسرا چکر تھا جب مغرب کی اذانیں شروع ہو چکی تھیں۔ میں چکر ختم کر کے واپس اپنے بنچ پر آ کر بیٹھ گیا۔ جانے میرا دل اتنے زور زور سے کیوں دھڑک رہا تھا۔ میں نے دل ہی دل میں ایک دو تین کہا اور آنکھیں بند کر لیں اور پوری طرح ذہنی طور پر تیار ہونے کے باوجود میں ایک بار پھر اُچھل پڑا۔ ہاں......وہی دو سلگتی آنکھیں......میرے ذہن میں آواز گونجی ''مجھے یقین تھا تم ضرور آؤ گے۔'' میں نے گھبرا کر آنکھیں کھول دیں اور پھر ڈرتے ڈرتے بند کیں اور زیرِ لب جیسے اپنے آپ سے ہی پوچھا ''تم کون ہو......؟ اور آخر میرے پیچھے ہی کیوں پڑے ہو......اور تم کسی اور کو کیوں نظر نہیں آتے۔'' وہ آنکھیں ہنس دیں۔ ''میں صرف اُسی کو نظر آتا ہوں جس کو نظر آنا چاہتا ہوں......ورنہ تم انسانوں میں ایسے جنونی اور پاگل بھی موجود ہیں جو میری ایک جھلک دیکھنے کے لیے اور مجھے پانے کے لیے برسوں جانے کتنی تپیا اور کتنے جاپ کرتے ہیں......دن رات، صبح و شام اپنا جیون جلاتے ہیں۔ قبرستانوں میں، دریاؤں میں، صحراؤں میں ایک ٹانگ پر کھڑے ہو کر سالوں جنتر منتر

پڑھتے ہیں۔قبروں سے مردے نکال کر اُن کی ہڈیوں کا سرمہ بنا کر اپنی آنکھوں میں اس اُمید پر لگاتے ہیں کہ شاید وہ مجھے دیکھ پائیں گے لیکن جواب میں صرف اپنی بینائی ہی کھوتے ہیں عمر بھر کے لیے......کئی تو ایسے بھی ہیں جو اپنے جیسے دوسرے انسانوں کا خون کرنے سے بھی نہیں چوکتے صرف اس اُمید پر کہ شاید وہ کبھی میری ایک جھلک ہی پالیں گے لیکن میں اُن پر کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔میرا احسان مانو کہ میں کسی پریشانی، یا امتحان کے بغیر تم سے آج محوِ کلام ہوں......"

مجھے اُس کی باتوں سے اُلجھن سی ہونے لگی تھی لہٰذا میں اپنی تلخی چھپا نہیں پایا۔"اچھا......تو اب مجھ پر اس مہربانی کی وجہ بھی بتا ہی دو؟"

"وجہ کچھ خاص نہیں ہے......بس تم مجھے اچھے لگ گئے ہو......مجھ سے دوستی کرو گے......؟""دوستی......؟تم سے......لیکن تم ہو کیا بلا......میرا مطلب ہے تم کون سی مخلوق ہو......؟"وہ میری بات سن کر ہنس پڑا۔"میں جس سے بگڑ جاؤں اُس کے لیے واقعی ایک بلا ہوں لیکن جس پر مہربان ہو جاؤں اُس کی دنیا بدل دیتا ہوں۔تمہاری دنیا والے مجھے 'چھلاوہ' کہتے ہیں۔"میں اُس کی بات سن کر اُچھل پڑا......"چھلاوہ......تو کیا تم کوئی جن بھوت وغیرہ ہو۔"وہ پھر ہنسا۔"تم چاہو تو بھوت ہی سمجھ لو......لیکن کیا تم نے آج تک کوئی بھوت دیکھا بھی ہے؟جنات کا وجود تو پھر بھی ثابت ہے، ورنہ تم انسان ہی خود سب سے بڑے بھوت ہو......"میں ابھی تک اُلجھن میں تھا۔"کیا تم سامنے آ کر مجھ سے بات نہیں کر سکتے......؟مجھے یوں بند آنکھوں سے بات کرنے سے اُلجھن ہونے لگی ہے۔""ٹھیک ہے لیکن یاد رہے کہ میں صرف تم پر ہی خود کو واضح کر رہا ہوں۔دوسروں کے لیے میں اب بھی اوجھل ہوں۔اب تم چاہو تو آنکھیں کھول سکتے ہو۔"میں نے جھٹ سے آنکھیں کھول دیں۔وہ بالکل میرے سامنے پنجوں کے بل بیٹھا ہوا تھا۔میں نے جلدی سے ڈر کر اپنے پیر سکیڑ لیے۔اُس کے بیٹھنے کا انداز بھی عجیب تھا جیسے کوئی بلی کوئی اُونچی چھلانگ لگانے سے پہلے اپنے پیروں پر اپنا پورا بوجھ ڈالتی ہے اور اگلے پنجوں کو زمین پر ٹکا کر اپنا جسم تولتی ہے۔وہ بھی یوں ہی زمین پر اپنا پورا وزن اپنے پیروں پر اور دونوں ہاتھ زمین پر ٹکا کر اور ہاتھوں کے پنجے کھولے ہوئے یوں بیٹھا تھا جیسے ابھی اگلے ہی پل کسی پھرتیلے چیتے کی طرح کوئی اُونچی زقند لگا کر درخت کی کسی اُونچی شاخ پر جا بیٹھے گا۔اُس کے وجود میں جیسے کوئی پارا سا بھرا ہوا تھا، اور نس نس سے بے چینی ٹپک رہی تھی۔اُس نے غور سے میری طرف دیکھا لیکن نہ جانے کیوں میں اُس کی جانب دیکھ بھی نہیں پا رہا تھا۔"تم نے میرے سوال کا جواب نہیں دیا کہ تم مجھ سے دوستی کرو گے، یا نہیں......؟لیکن کوئی بھی جواب دینے سے پہلے میں تمہیں یہ بتانا ضروری سمجھتا ہوں کہ میری دوستی اتنی آسان نہیں ہے۔کچھ شرائط پر پورا اُترنا پڑتا ہے۔ہاں البتہ اس کے بعد جب تم میرے دوست بن جاؤ گے تو دنیا کی ہر آسائش وہ سب کچھ جس کا تصور تم شاید اپنے آخری خواب میں بھی نہیں کر سکتے، وہ سب تمہارے قدموں میں ہوگا۔بس صرف تمہاری خواہش دل سے ہونٹوں پر آنے کی دیر ہوگی اور اس جہاں کی ہر نعمت تمہارے اختیار میں ہوگی......"

"اچھا......؟......تو اب لگے ہاتھوں وہ شرائط بھی بتا دو جو تم سے دوستی کرنے کے لیے مجھے پوری کرنا ہوگی۔"

"شرط کوئی خاص بڑی نہیں ہے......بس تمہیں اپنا، ایمان، مجھے سونپنا ہوگا۔"

میں اُس کی بات سن کر اُچھل ہی تو پڑا۔"کیا مطلب......؟......تم کہنا کیا چاہتے ہو......؟"اُس نے غور سے میری جانب دیکھا۔"تم سمجھے نہیں، یا پھر سمجھنا نہیں چاہتے......میں نے کوئی اتنی مشکل بات تو نہیں کہی؟بس تمہیں اپنا مذہب ترک کرنا ہوگا۔تم مسلمان ہونے کے باوجود اپنے

مذہب کا کوئی بھی فرض رُکن ادا نہیں کرو گے۔کبھی مسجد میں قدم نہیں رکھو گے۔کلمہ،نماز،روزہ یہ سب تمہارے لیے میری دوستی کے بعد اجنبی ہو جائیں گے۔بس اتنی سی شرط ہے تمہیں کوئی اعتراض تو نہیں......''

غصے میں میرے تن بدن میں آگ لگ گئی۔''واہ......کیا شرط ہے......؟تم کیا سمجھتے ہو میں تمہاری باتوں میں آ کر اپنا مذہب ترک کر دوں گا......کبھی نہیں......میں لعنت بھیجتا ہوں ایسی دوستی پر......دوبارہ کبھی میرے راستے میں نہ آنا۔'' وہ زور سے ہنسا''تم اتنا بھڑک کیوں رہے ہو......میں نے جو عمل تمہیں ترک کرنے کے لیے کہا ہے تم خود نہ جانے کب کا وہ سب کچھ چھوڑ چکے ہو......ذرا غور تو کرو......تم نے آخری نماز کب پڑھی تھی......؟تمہیں روزہ رکھے ہوئے کتنے سال ہو چکے ہیں......؟اور آخری بار تم نے کسی مسجد کا دروازہ کب پار کیا تھا......؟تم اور تمہارا پورا گھرانا تو عید کے دن بھی سورج چڑھے نیند سے جاگتا ہے......تمہاری مذہبی کتاب پچھلے سات آٹھ سالوں سے تمہارے گھر کے طاق میں پڑی پڑی مٹی سے اٹ چکی ہے......میں نے ایسی کون سی انہونی کہہ دی ہے جو تم یوں مجھ سے اُلجھ رہے ہو......؟'' میں اُس کی باتیں سن کر مزید غصے اور خجالت کا شکار ہو گیا۔بہر حال اُس نے کہا سب سچ ہی تھا۔''تمہیں یہ سب کس نے بتایا؟اور کان کھول کر سن لو کہ نماز پڑھنا نا پڑھنا میرا ذاتی معاملہ ہے۔لیکن اس کا یہ مطلب بھی نہیں کہ میں اپنا ایمان ہی تمہاری دوستی کے عوض بیچ ڈالوں۔''

وہ ایک لمحہ پہلے مجھے زمین پر دکھائی دیا لیکن اب اگلے ہی لمحے وہ درخت کی پہلی شاخ سے ٹنگا ہوا دکھائی دیا۔وہ مسلسل بات چیت کے دوران ہر لمحہ اپنی جگہ بدلتا ہی رہتا تھا۔جیسے اُسے کسی کروٹ بھی چین نہ ہو۔میری بات سن کر وہ غصے میں آ گیا۔''کسی نے سچ ہی کہا تھا......تم انسان ہو ہی سدا کے ناشکرے۔ٹھیک ہے جاؤ مرو اُسی ذلت کی زندگی میں۔جہاں صبح سے شام تک تمہیں صرف بے عزتی ہی ملتی ہے......جس سے کل تک تم اتنے بے زار آ چکے تھے کہ یہیں اس پیڑ کے نیچے بیٹھ کر مرنے کے طریقے سوچ رہے تھے۔تم جیسوں کو مر ہی جانا چاہیے۔میں تمہیں آج جانے دے رہا ہوں،لیکن یاد رہے کہ اب اس طرف کا رُخ تبھی کرنا جب تم میری دوستی قبول کرنے کا فیصلہ کر لو،ورنہ اگر تمہیں میں نے دوبارہ تمہارے اس برائے نام ایمان کے ساتھ اپنے اس ٹھکانے کے آس پاس بھی بھٹکتے ہوئے دیکھا تو میں خود تمہاری جان لے لوں گا۔تم نے ابھی تک میری دوستی دیکھی ہے......میرا جان لیوا روپ نہیں دیکھا......جاؤ اب یہاں سے......'' وہ پل بھر میں جانے کہاں غائب ہو چکا تھا لیکن اُس کے لہجے نے واقعی مجھے ڈرا دیا تھا۔میں نے چونک کر سامنے دیکھا تو چوکیدار دُور سے لمبے لمبے ڈگ بھرتا مجھے اپنی جانب آتا دکھائی دیا۔میں اُس کے سوالات سے بچنے کے لیے جلدی سے وہاں سے اُٹھا اور مخالف سمت چلتا ہوا پارک سے باہر نکل گیا۔

❀......❀

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

# ایمان فروش

اصغر صاحب کی داستان ابھی یہیں تک پہنچی تھی کہ صبح کی اذانیں شروع ہوگئیں۔ میں کچھ اس طرح سے اُن کی کہانی میں مگن ہوگیا تھا کہ وقت گزرنے کا ذرا بھی احساس نہیں ہوا۔ ہمیں وقفہ لینا پڑا۔ حالانکہ یہ خاصا مشکل کام تھا۔ میں نے اصغر صاحب کو کچھ آرام کرنے کا کہا لیکن خود میرا پورا دن اُن کی کہانی کے تانوں بانوں میں اُلجھا رہا۔ خدا خدا کر کے دن ڈھلا اور رات کو پھر ہمیں تنہائی میسر آئی تو اصغر صاحب نے پھر سے اپنی کہانی کا سرا وہیں سے جوڑا جہاں سے ٹوٹا تھا۔

''عبداللہ میاں...... انسان بڑا کمزور ہے۔ وہ ارادے باندھتا ہے اور پھر توڑ دیتا ہے۔ میرے ارادوں کے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوا...... میں اُس روز چھلاوے کو دھتکار تو آیا لیکن اگلے ہی روز صبح ہی سے میری پریشانیوں کا وہی پرانا نہ ختم ہونے والا سلسلہ پھر سے شروع ہوگیا۔ وہی سرکاری دفتر اور وہی افسروں کی چخ چخ صبح سویرے ہی سب سے پہلے بیوی نے فلیٹ کے کرائے کا رونا شروع کر دیا کہ مالک کئی مہینوں سے کرایہ بڑھانا چاہتا ہے اور کل شام کو اُس نے فائنل نوٹس بھی دے دیا ہے کہ کرائے میں ساڑھے تین ہزار کا اضافہ کرو ورنہ فلیٹ چھوڑو...... اور ہمارے پاس وقت بھی صرف دو ہفتوں کا ہی بچا تھا۔ بیوی سے لڑ کر اور جان چھڑا کر دفتر پہنچا تو وہاں بھی افسر اُکھڑے ہوئے تھے کہ ہفتوں پرانی فائلز ابھی تک میری میز پر کیوں پڑی ہیں......؟ وہاں سے ڈانٹ کھا کر عظیم کے دفتر پہنچا تو وہ پہلے ہی گزشتہ دن میرے دفتر سے جلدی اُٹھ جانے کا پتا چل جانے پر غصے میں آگ بگولہ میرا انتظار کر رہا تھا۔ اُس نے مجھے کچھ بولنے کا موقع ہی نہیں دیا اور فائل اُٹھا کر میرے منہ پر دے ماری اور مجھے آفس سے نکل جانے کا حکم دے دیا۔ مطلب یہ نوکری بھی میرے ہاتھ سے جا چکی تھی۔ دفتر سے باہر نکلا تو گھر واپسی کا سوچ کر ہی میرا دل اُلٹنے لگا کہ جب میری بیوی کو پتا چلے گا کہ میں کرائے کا انتظام کرنے کے بجائے اُلٹا اپنی لگی بندھی نوکری بھی گنوا آیا ہوں تو وہ تو آسمان سر پر اُٹھا لے گی۔ میں نے پی سی او سے دو چار دوستوں کو فون کیا کہ شاید کچھ قرض کا انتظام ہو جائے مگر میں پہلے ہی سب سے اتنا قرض لے چکا تھا کہ اب تو کئی دوست میری آواز سن کر ہی فون بند کر دیتے تھے۔ چھلاوے نے ٹھیک ہی کہا تھا مجھ جیسوں کو تو مر ہی جانا چاہیے تھا۔ میں نے کچھ سوچا اور قدم بڑھا دیئے اور جب میں اپنے خیالات کی یلغار سے چونکا تو میں پھر وہی اُسی پارک میں اُسی درخت کے نیچے کھڑا تھا اور شام کا ملگجا اندھیرا میری قسمت کی کالک کی طرح آس پاس پھیل چکا تھا۔ کچھ ہی دیر میں اُس نے درخت کے پیچھے سے جھانکا۔

''تم پھر آگئے...... میں نے تمہیں خبردار بھی کیا تھا کہ......''

''ہاں...... میں چاہتا ہوں کہ تم مجھے مار ڈالو...... مجھ میں خود کو مارنے کی ہمت نہیں ہے۔'' وہ ہنسا۔ ''بڑے بزدل ہو...... خود مر بھی نہیں سکتے ...... اور مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جاؤ گے......؟''

میں نے بے بسی سے سر جھٹکا ''ٹھیک ہے۔۔۔۔۔تم بھی اُڑا لو مذاق۔۔۔۔۔میری اپنی دنیا والے بھی یہی کرتے ہیں۔۔۔۔۔''

''میری پیش کش اب بھی قائم ہے۔۔۔۔۔جس مذہب سے تم پہلے ہی میلوں دُور ہو۔۔۔۔۔اُسے میری خاطر ترک کرنے میں آخر تمہیں اعتراض ہی کیا ہے؟ اچھا چلو۔۔۔۔۔میں تمہاری خاطر اپنی شرط میں کچھ نرمی پیدا کر دیتا ہوں لیکن صرف تمہارے لیے۔۔۔۔۔کیا سمجھے۔۔۔۔۔تم چاہو تو صرف ایک سال کے لیے آزمائشی طور پر اپنا ایمان میرے پاس گروی رکھوا سکتے ہو۔ اگر سال کے بعد تمہیں لگے کہ تمہاری پرانی زندگی ہی بہتر تھی تو تم واپس لوٹ جانا۔ لیکن خیال رہے کہ اس ایک سالہ معاہدے میں ہم دونوں کو ایک دوسرے کی ہر بات ماننا ہوگی۔ جو تم کہو گے وہ میں کروں گا اور جس چیز سے میں تمہیں منع کروں گا تمہیں اُس سے پلٹنا ہوگا۔ بولو منظور ہے۔'' میں ابھی تک اُسی ہچکچاہٹ کا شکار تھا۔ ''لیکن۔۔۔۔۔میرا مطلب ہے کہ اگر کسی غلطی، یا مجبوری کی وجہ سے میں نے مذہب کا کوئی ایسا رُکن اختیار کر لیا تو کیا ہوگا۔۔۔۔۔کیا اُس کے بعد۔۔۔۔۔'' اُس نے میری بات کاٹ دی ''اس کی تم فکر نہ کرو۔۔۔۔۔جب تم ایک بار سچے دل سے اپنا ایمان میرے پاس گروی رکھوا دو گے تو پھر سال بھر تمہارے دل میں ایسی کوئی بات اول تو پیدا ہو گی نہیں۔۔۔۔۔اور پھر اگر تمہارا دل 'بھٹکا' بھی تو میرے پاس اس کا انتظام بھی موجود ہے۔ تم یہ سرخ دھاگا اپنے گلے میں باندھ لو۔۔۔۔۔یہ پورے ایک سال تک تمہارے گلے میں موجود رہے گا اور تمہیں ہر اس بات سے بچائے گا جو مجھے پسند نہیں ہے، یا جس سے ہماری دوستی کی کسی بھی شرط پر کوئی بھی آنچ آ سکتی ہو۔ یوں سمجھ لو کہ یہی سرخ دھاگا میرے اور تمہارے رابطے اور معاہدے کا ضامن ہوگا۔'' میں نے سر جھٹک کر دیکھا تو دھاگا اب اُس کے ہاتھ سے میرے ہاتھ میں منتقل ہو چکا تھا۔ میں شدید ہچکچاہٹ اور کش مکش کا شکار تھا۔ اُس نے مجھے اُکسایا۔ ''سوچو مت۔۔۔۔۔ایسے موقعے زندگی میں بار بار نہیں ملتے۔۔۔۔۔تمہیں کون سا دین، یا دنیا میں سے کوئی ایک بھی میسر ہے۔۔۔۔۔دین کی طرف تم گئے نہیں اور دنیا تم سے بھاگتی رہی۔۔۔۔۔اب ایک موقع ملا ہے تو کم از کم اس زندگی کو ہی جی جاؤ۔۔۔۔۔صرف ایک سال ہی کی تو بات ہے۔ پھر عمر پڑی ہے دین کو جینے کے لیے۔۔۔۔۔باندھ لو دھاگا۔۔۔۔۔لوگ ایسی زندگی کا ایک پل جینے کے لیے عمر بھر ایڑیاں رگڑتے ہیں۔۔۔۔۔اور میں تمہیں پورا ایک سال دے رہا ہوں۔۔۔۔۔باندھ لو یہ دھاگا۔۔۔۔۔دیر مت کرو۔۔۔۔۔''

میرے ذہن میں جیسے اک ساتھ کئی جھکڑ چل رہے تھے۔ میں نے ایک گہری سانس لی، آنکھیں بند کیں اور دھاگا گلے میں ڈال کر اس کی ڈور کس لی۔ دفعتاً ایک زوردار آندھی چلی۔ مجھے یوں لگا یہ ہوا اس درخت کی شاخیں مجھ پر گرا کر ہی دم لے گی۔ گرد کا ایک طوفان اُٹھا، مجھے ایک تیز چکر آیا اور میں لہرا کر وہیں زمین پر گر گیا۔

دوبارہ مجھے تب ہوش آیا جب کوئی دھیرے دھیرے پیار سے میرا کاندھا ہلا کر مجھے جگانے کی کوشش کر رہا تھا۔ ''اُٹھ جائیں نا۔۔۔۔۔دیکھیں کتنی دیر ہو گئی ہے۔۔۔۔۔آج دفتر نہیں جانا کیا۔۔۔۔۔؟'' میں نے گھبرا کر آنکھیں کھول دیں۔ میری جھگڑالو اور لڑاکا بیوی نہایت تمیز اور پیار سے مجھے جگا رہی تھی اور اُس کے ہاتھ میں گرم چائے کا ایک کپ بھی تھا۔۔۔۔۔اوہ، بیڈ ٹی (Bed Tea)۔۔۔۔۔میں نے جلدی جلدی زور سے اپنی آنکھوں کو رگڑا۔۔۔۔۔میں نے پہلے کوئی خواب دیکھا تھا، یا ابھی اس وقت کوئی سپنا دیکھ رہا تھا۔ میں حیرت سے اُس کی طرف دیکھتا رہا۔ اُس نے پیار سے میرے بال سہلائے اور تکیہ سیدھا کر کے مجھے بٹھایا اور چائے کا کپ میرے ہونٹوں سے لگا دیا ''آپ کس سوچ میں پڑے ہیں۔۔۔۔۔جلدی کریں۔۔۔۔۔میں آپ کے کپڑے استری کر کے باتھ روم میں لٹکا دیتی ہوں۔ جلدی سے چائے پی کر نہا لیں۔ پانی گرم کروا دیا ہے۔۔۔۔۔'' میری بیوی کمرے سے مسکراتی ہوئی

نکل گئی۔ اُس کی یہ مسکراہٹ میں نے آج سے ٹھیک ۲۵ سال پہلے دیکھی تھی جب ہماری تازہ تازہ شادی ہوئی تھی۔ تب سے لے کر آج تک میں اُس کی مسکراہٹ تو دُور، اُس کے دو میٹھے بولوں کو بھی ترس گیا تھا۔ بیوی کے نکلتے وقت میری نظر ڈریسنگ ٹیبل کے آئینے پر پڑی تو اس میں مجھے پیچھے اپنی الماری کے اُوپر وہ بیٹھا مسکراتا ہوا نظر آیا۔ میں نے جلدی سے پلٹ کر دیکھا تو کوئی نہیں تھا۔ میں نے ایک خواب کے سے عالم میں چائے ختم کی اور کمرے سے باہر نکلا تو میری بیٹی تولیہ اور صابن اور دوسری بیٹی ہاتھ میں میرے استری شدہ کپڑے پکڑی نظر آئی "ابا آپ جلدی سے نہا لیں...... پھر ہم سب اکٹھے ناشتا کریں گے۔ آج عظمیٰ نے اپنے ہاتھوں سے آپ کے لیے پراٹھے بنائے ہیں۔" عظمیٰ میری چھوٹی بیٹی کا نام تھا۔ میں حیرت سے وہیں گر پڑنے کے قریب تھا۔ اسی کیفیت میں غسل کر کے باہر نکلا تو میرا بڑا بیٹا وقار میرے جوتے پالش کر چکنے کے بعد انہیں کپڑے سے چمکا رہا تھا۔ جب کہ چھوٹا میرے لیے خشک سلیپر لیے پہلے سے میرے انتظار میں غسل خانے کے باہر کھڑا تھا۔ میری تو جیسے زبان ہی گنگ ہو چلی تھی۔ میری بیوی اور بیٹیوں نے جس پیار سے مجھے ناشتا کروایا اور بیٹوں نے جس محبت سے لنچ بکس کا ٹفن کیریئر میرے حوالے کر کے مجھے دفتر کے لیے رُخصت کیا ویسا میں نے خواب میں بھی تصور نہیں کیا تھا۔ فلیٹ سے نکل کر بس اسٹاپ پر پہنچا تو جیسے بس میرے انتظار میں ہی کھڑی تھی اور میری پسندیدہ تین نمبر کی کھڑکی والی سیٹ بھی خالی تھی، جہاں بیٹھ کر میں ڈرائیور سے کہہ کر اپنی پسندیدہ کیسٹ بھی سن سکتا تھا۔ آج خلاف توقع کنڈیکٹر کا رویہ بھی میرے ساتھ بہت اچھا تھا اور جانے کیوں مجھے یہ بھی محسوس ہوا پل بھر کے لیے کہ میں نے ڈرائیور کے سامنے لگے ہوئے بیک ویو مرر میں اپنے اُسی مہربان کی ایک جھلک بھی دیکھی ہے لیکن جب میں نے پلٹ کر دیکھا تو پچھلی سیٹ پر کوئی اور بیٹھا ہوا تھا۔

دفتر پہنچا تو چپڑاسی نے نہایت ادب سے سلام کیا اور بتایا کہ توصیف صاحب دو تین بار میرا پوچھ چکے ہیں۔ توصیف صاحب ہمارے سیکشن آفیسر تھے اور اُصولوں اور وقت کے نہایت پابند۔ میں نے جھجکتے ہوئے اُن کے کمرے میں قدم رکھا تو مجھے دیکھتے ہی بولے "آیئے آیئے اصغر صاحب...... بھئی مبارک ہو...... آپ کو سپرنٹنڈنٹ پروموٹ کر دیا گیا ہے اور وہ جو ہاؤس لون (House Loan) کے لیے آپ نے درخواست دے رکھی تھی، وہ قرضہ بھی منظور ہو گیا ہے۔ کیشیئر سے اپنا چیک لیتے جایئے گا......" حیرت اور خوشی کے مارے میری آواز بند ہو گئی۔ میری پروموشن کا کیس پچھلے پانچ سالوں سے اٹکا ہوا تھا۔ کیوں کہ میری اے سی آرز (ACRs) ٹھیک نہیں تھیں اور یہ گھر کے لیے اس قرضے کی درخواست تو میں نے بھرتی کے دوسرے سال سے دے رکھی تھی اور اب تو میں اُسے بھول بھی چکا تھا۔ میں شادی مرگ کی کیفیت میں توصیف صاحب کے کمرے سے نکلا تو وہ مجھے میری میز کے اُوپر اکڑوں بیٹھا نظر آیا۔ "کیوں...... اب تو خوش ہو......" "خوش......؟ ہاں مگر یہ سب......؟ کیسے......؟" "میں نے تم سے کہا تھا نا کہ جو تم سوچو گے وہ ہو جائے گا...... صبح سے اب تک صرف وہی ہو رہا ہے جس کے بارے میں تم برسوں سے سوچتے آ رہے ہو...... تم نے آج تک ہمیشہ یہی سوچا تھا نا کہ تمہارے گھر میں تمہاری عزت ہو، آرام اور سکون ہو...... اور تمہاری وہ سب چھوٹی چھوٹی سی خواہشیں پوری ہوں جن کے لیے تم برسوں سے ترس رہے ہو......؟ تو بس میں نے صرف تمہاری آج تک کی اُن خواہشوں کو ہی پایہ تکمیل پہنچایا ہے...... ویسے تم انسان بھی بڑے عجیب ہوتے ہو...... تم نے ان معمولی اور گھٹیا سی خواہشوں کے پیچھے بھاگتے بھاگتے اپنی ساری عمر گنوا دی...... یہ معمولی سا ہاؤس لون اور اس سپرنٹنڈنٹ کی یہ بڑے کلرکوں والی نوکری...... بس یہی پہنچ تھی تمہاری آج تک کی ہر سوچ ہر جذبے کی...... سچ پوچھو تو مجھے افسوس ہو رہا ہے تمہارے معیار پر......"

میں حیرت سے بیٹھا اُس کی باتیں سنتا رہا۔اس وقت دفتر میں کچھ زیادہ چہل پہل نہیں تھی کیوں کہ باقی سارے لوگ کانفرنس ہال میں تھے۔میں نے اپنی آنکھیں پٹ پٹائیں۔''مطلب یہ کہ میں جو بھی سوچوں گا،تم میرے لیے ویسا ہی کر دکھاؤ گے......؟......کچھ بھی......جو بھی میرے دل میں آئے؟'' وہ مسکرایا''آزمائش شرط ہے......''اور پھر میں نے آزمانے کا فیصلہ کرلیا۔شام کو جب میں عظیم کے دفتر پہنچا تو میرے دل نے کہا ''عظیم میرے لیے دروازہ کھولے......''اور پھر دروازہ کھلا تو عظیم میرے سامنے فائلیں لیے کھڑا تھا۔اُس نے خوشامد بھرے لہجے میں کہا''آئیں سر پلیز......ہم آپ کا ہی انتظار کررہے تھے......''شبانہ بھی اُس کے پہلو میں کھڑی مسکرارہی تھی۔میں شدید خواہش کے باوجود کچھ ڈگمگا سا گیا۔اُس نے میرے ذہن کو دھیرے سے کھٹکھٹایا۔''گھبرانے کی ضرورت نہیں......اس وقت یہ تمہارا نہیں......تم اس کے باس ہو......جو دل میں بھڑاس بھری ہے ......سب نکال دو......''میں پھر سے خود اعتماد ہوگیا اور عظیم کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے میں نے اُس سے کام کے بارے میں پوچھا۔شبانہ میری کرسی کے پیچھے ہی کھڑی تھی،بالکل ویسے ہی جیسے وہ عظیم کے ساتھ کھڑی ہوتی تھی۔عظیم نے جلدی سے فائل میرے سامنے پیش کی۔میں نے دو صفحے پلٹے اور پھر فائل اٹھا کر پوری قوت سے عظیم کے منہ پر دے ماری۔''یہ کام کرتے ہو تم......آج تک تمہیں ٹھیک طرح سے ڈرافٹنگ کرنا بھی نہیں آئی۔بوڑھے گدھے ہوگئے ہو اور ابھی تک غلطیاں کرتے رہتے ہو۔''عظیم کے ماتھے سے ویسے ہی پسینہ ٹپ رہا تھا جیسے روزانہ میرے ماتھے سے ٹپکتا تھا۔شبانہ ویسی ہی مسکراہٹ لبوں پر سجائے ہوئے کھڑی طنز سے عظیم کی جانب دیکھ رہی تھی۔میں پھر عظیم پر دھاڑا''چلو اٹھاؤ یہ فائل اور اپنی منحوس صورت میری نظروں کے سامنے سے دُور لے جاؤ۔دوبارہ اس طرح کا ڈرافٹ میرے سامنے لے کر آئے تو میں فائل سمیت تم کو بھی اس کھڑکی سے باہر پھینک دوں گا۔دفع ہوجاؤ......''عظیم خجالت اور شرمندگی سے کانپتا ہوا کمرے سے نکل گیا۔شبانہ مسکراتی ہوئی میری آغوش کی جانب بڑھی لیکن اب اُس کی باری تھی۔میں زور سے چیخا۔''اور یہ تم کیا ہر وقت اپنے ہونٹوں پر طوائفوں جیسی نمائشی مسکراہٹ سجائے میرے آگے پیچھے پھرتی رہتی ہو۔مجھے اپنے دفتر میں کام چاہیے......بازار نہیں......تم بھی دفع ہوجاؤ یہاں سے ورنہ میں تمہیں بھی ابھی اسی وقت دھکے مار کر دفتر سے نکلوا دوں گا۔شبانہ کا رنگ ہی جیسے اُڑ گیا اور وہ چند لمحے حیرت اور صدمے میں گنگ سی کھڑی رہ گئی اور پھر روتے ہوئے دوڑ کر دروازہ کھول کر باہر بھاگ گئی۔میرے اندر برسوں کے اُبلتے ہوئے لاوے پر جیسے کسی نے پورا ٹھنڈا دریا اُنڈیل دیا ہو۔اتنا سکون میں نے اپنی پوری زندگی میں کبھی محسوس نہیں کیا تھا۔میں عظیم کے کمرے سے باہر نکلا تو سارے دفتر کے لوگ حیرت میں شاک زدہ سے کھڑے تھے اور یہ سارا ماجرا انہوں نے خود اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا۔یہ وہی سب لوگ تھے جن کے سامنے میں برسوں سے ذلیل ہورہا تھا اور آج انہوں نے مجھے اپنے اندر کا لاوا اُن لوگوں پر اُبلتے ہوئے دیکھ لیا تھا جن سے وہ اندر ہی اندر شاید خود بھی شدید نفرت کرتے تھے لیکن خوف اور مجبوری کی وجہ سے کچھ بول نہیں سکتے تھے۔میں نے ہال سے نکلتے ہوئے سب کو الوداعی سلام کیا تو سب سے پہلے رؤف کے ہاتھ تالی بجانے کے لیے اُٹھے اور پھر دھیرے دھیرے اُن سب کی تالیوں سے ہال گونجنے لگا۔میں مسکراتے ہوئے دفتر سے باہر نکلا تو میں نے دھیرے سے خود سے سرگوشی کی''تم نے یہ سب کیسے کیا......؟ میرا مطلب ہے عظیم میرے سامنے یوں بھیگی بلی بنا کیسے کھڑا تھا؟ آخر وہ ہے تو میرا باس ہی......''

وہ مسکرایا''تم ان باتوں میں اپنا ذہن مت اُلجھاؤ......یہ میرے بائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔بہرحال فی الحال تم نئے نئے میرے دوست بنے

ہوتو یوں سمجھ لو کہ یہ سب نظر بندی کا کھیل تھا۔ عظیم نے تمہیں اپنے ہی کسی بڑے افسر کے روپ میں دیکھا۔ تمہارے دفتر سے نکلنے کے بعد اُسے رفتہ رفتہ یہ احساس ہوگا کہ اُسے ذلیل کرنے والے خود تم تھے۔ بہر حال اب تم کچھ بڑا سوچو...... پورا دن گزر گیا یہ چوہے بلی کا کھیل کھیلتے ہوئے......'' میں نے حیرت سے اُس کی طرف دیکھا ''بڑا سوچوں......؟ ...... کیا مطلب ......'' ''مطلب یہ کہ سب سے پہلے تمہیں اس پھٹیچر فلیٹ سے نکال کر تمہارے لیے اپنے دوست کے ہم منصب زندگی کا سوچنا ہوگا۔ آخر اب تم میرے دوست ہو، کوئی معمولی انسان نہیں...... لیکن تم انسانوں کی مجبوریاں بھی دھیان میں رکھنا پڑتی ہیں۔ بہر حال یہ سب تم مجھ پر چھوڑ دو......''

اور پھر میں نے واقعی سب اُسی پر چھوڑ دیا۔ اگلے تین دن کے اندر نہ جانے میرے برسوں پرانے خریدے گئے چند پرائز بانڈز اور حال ہی میں خریدا گیا لاٹری کا ایک ٹکٹ یکے بعد دیگرے یوں نکلے کہ اگلے ایک مہینے کے اندر میں پہلے لکھ پتی اور پھر اگلے چند مہینوں میں کروڑ پتی ہو چکا تھا۔ دولت مجھ پر یوں برس رہی تھی جیسے میں نے کوئی پارس پا لیا ہو اور میں جس چیز کو بھی ہاتھ لگاتا وہ سونے کی بن جاتی۔ چھ مہینے کے اندر اندر میری زندگی یکسر بدل چکی تھی اور ان چھ مہینوں میں اس چھلاوے نے خود مجھ سے کوئی خاص کام بھی نہیں لیا تھا سوائے ایک آدھ بار کسی ویرانے سے چند جلے ہوئے بال اُٹھا کر کسی گھر کے آنگن میں ڈال آنے کے، یا پھر کسی جانور کا گوشت کسی ایک جگہ سے اُٹھا کر کسی دوسری جگہ پھینک آنا، وغیرہ وغیرہ۔ سچ پوچھو تو مجھے وہ سب کام انتہائی بچگانہ سے بھی لگتے تھے۔ لیکن میں نے سوچا کہ ہوگا کوئی جادو ٹونے کا چکر لہٰذا میں نے کبھی پس و پیش نہیں کیا۔ ہاں البتہ اس تمام عرصے میں، میں دین سے بالکل دُور رہا اور خود دین رفتہ رفتہ میرے گھر سے دُور ہوتا گیا۔ اس کا اندازہ پہلی بار مجھے چھ مہینے کے بعد اُس وقت ہوا جب ایک شام میں تھکا ہارا اپنے آفس سے گھر پہنچا۔ میرا کاروبار اتنا وسیع ہو چکا تھا کہ مجھے اپنے اور اپنے دو بیٹوں کے الگ الگ تین عظیم الشان دفاتر قائم کرنا پڑے تھے۔ ہم نے اپنے کاروبار کے لیے ایک بڑی عمارت خرید لی تھی۔ اور میں، میرے بیٹے اور اُن کا سارا اسٹاف اسی عمارت میں بیٹھتا تھا۔ ہمارا زمینوں کی خرید و فروخت کا کاروبار تھا اور ہم شہر کے سب سے بڑے بلڈر کہلاتے تھے۔ ہم تینوں اپنی اپنی بڑی گاڑیوں میں صبح گھر سے نکلتے اور شام تک ہم آدھا شہر فتح کر کے گھر واپس لوٹتے تو عام طور پر گھر سنسان ملتا تھا اور نوکروں سے پتا چلتا کہ بیگم صاحبہ کسی تقریب پر گئی ہوئی ہیں اور چھوٹی بیبیاں اپنی سہیلیوں کے ساتھ گھومنے کے لیے گئی ہوئی ہیں۔ البتہ اُس شام میں گھر پہنچا تو میں نے ایک عجیب ہی منظر دیکھا۔ میری بیوی کی کلب والی تمام نئی سہلیاں میرے گھر کے ڈرائنگ روم میں موجود تھیں اور اُن کے سامنے میز پر تاش کے پتوں اور پیسوں کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ فلیش چل رہا تھا اور کمرہ سگریٹ کے دھویں سے بھرا ہوا تھا۔ مجھے اُس دن پتا چلا کہ میری بیوی نے سگریٹ پینا بھی شروع کر دیا ہے۔ ابھی میں حیرت کے اس پہلے جھٹکے سے سنبھل نہیں پایا تھا کہ میں نے کھڑکی سے باہر چھوٹی عظمیٰ کو شہر کے ایک مشہور لوفر امیر زادے کی گاڑی سے اُترتے ہوئے دیکھا اور جس انداز میں وہ اُس سے گلے مل کر رُخصت ہوئی وہ مجھے شرم سے پانی پانی کرنے کے لیے کافی تھا۔ میں نے اُس وقت تو کسی نہ کسی طرح خود پر قابو پائے رکھا لیکن رات کو جب میں نے بیوی سے گھر کو جوا خانہ بنانے اور بیٹی کی آزاد خیالی پر استفسار کیا تو اُس نے لاپرواہی سے اٹھلا کر کہا ''اوہ کم آن اصغر...... کیا ہو گیا ہے آپ کو...... آپ محلوں تک پہنچنے کے باوجود ابھی تک ذہنی طور پر اُسی دو کمرے کے فلیٹ میں زندگی گزار رہے ہیں۔ اس سوسائٹی میں موو (Move) کرنے کے لیے یہ سبھی طور طریقے اپنانے پڑتے ہیں۔ اور رہی بات عظمیٰ اور شہزادی کی تو اس کی آپ فکر نہ کریں۔ لڑکے کے گھر والے چند روز میں عظمیٰ کا رشتہ لینے آ رہے ہیں۔'' میں نے تلملا کر کہا ''بات رشتہ لینے دینے تک پہنچ چکی ہے اور مجھے خبر تک نہیں ہوئی۔ تم جانتی بھی ہو

اس لڑکے کو...... ایک نمبر کا غنڈہ ہے...... امیر زادہ ہوا تو کیا ہوا۔'' میری بیوی نے مجھے یوں دیکھا جیسے میں کسی اور دنیا کی مخلوق ہوں۔ ''کیا ہو گیا ہے آپ کو...... اس معاشرے میں لڑکی کا رشتہ دیتے وقت صرف لڑکے کی حیثیت اور بینک بیلنس دیکھا جاتا ہے۔ چلیں اب سو جائیں۔ خواہ مخواہ پریشان نہ ہوں۔'' میری بیوی تو کروٹ بدل کر چند لمحوں میں خراٹے بھرنے لگی لیکن میری نیندیں اُسی روز حرام ہو چکی تھیں۔ میں نے چھلاوے سے اس بارے میں شکایت کی تو وہ بھی طنزیہ ہنسی ہنس دیا۔ ''تمہاری بیوی ٹھیک ہی کہتی ہے۔ تم کبھی بڑے آدمی نہیں بن سکتے۔ ہمیشہ چھوٹے چھوٹے مسئلوں میں اُلجھے رہتے ہو۔ یہی جوا اگر تمہاری بیوی شہر کے کسی بڑے جم خانے، یا آفیسر کلب نما جگہ پر کھیلتی تو تم اسے نئی تہذیب میں شمار کرتے اور اگر وہی تاش کے پتے گھر میں کھل گئے تو وہ جوا ہو گیا؟ اور شکر کرو تمہاری بیٹی نے اُس لڑکے کو گھر رشتہ لانے کا کہا ہے۔ ورنہ جس ماحول میں وہ پل بڑھ رہی ہے وہاں لڑکیاں یا تو بھاگ کر شادی کرتی ہیں، یا پھر باہر شادی رچا کر گھر واپس آتی ہیں۔ تم یہ کیوں بھول جاتے ہو کہ ایک دم اور آسانی سے بے تحاشا پیسہ مل جانے کے اپنے بھی کچھ اثرات ہوتے ہیں...... اور پھر تم انسان ایک اور پابندی بھی تو خود پر لگائے رکھتے ہو فضول سی۔ وہ کیا کہتے ہیں اُسے، ہاں...... حلال اور حرام...... تو اصغر صاحب تمہارے گھر میں پانی کی طرح بہتا پیسہ بھی تو تمہارے انسانی معیار کے مطابق حرام کا ہے۔ ہو سکتا ہے یہ سارے کمالات اسی حرام کے پیسے سے کھائی ہوئی روٹی کے ہوں......؟'' میں نے چونک کر اُس کی جانب دیکھا۔ اُس کی باتیں تلخ اور کڑوی تو کونین سے بھی زیادہ ہوتی تھیں، لیکن سچ ہوتی تھیں۔ اگلے دن ایک اور بُری خبر میری منتظر تھی۔ میرا چھوٹا بیٹا کرکٹ پر کروڑوں کا سٹہ کھیلتے ہوئے پکڑا گیا۔ گوروں کی کوئی ٹیم آئی تھی خاص اُسے پکڑنے کے لیے۔ چھلاوے کی مدد نہ ہوتی تو عمر بھر باہر کی جیلوں میں سڑتا رہتا۔ ابھی اس پریشانی سے باہر نہیں نکل پایا تھا کہ بڑی بیٹی نے نشے میں دُھت تیز رفتاری سے گاڑی چلاتے ہوئے کسی راہ گیر کو کچل دیا۔ بیٹی کی ایف آئی آر میں میں نے جب پڑھا کہ اُس کے میڈیکل ٹیسٹ میں شراب کا نتیجہ مثبت آیا ہے تو میں بالکل ہی ڈھے گیا۔ آسانی سے ملا ہوا بے تحاشا اور حرام کا پیسہ واقعی اپنا اثر دکھا رہا تھا۔ میں ایک شام اسی غم میں اداس سا اپنے دفتر میں بیٹھا ساحل کی طرف کھلتی کھڑکی سے دُور لنگر انداز جہازوں کو دیکھ رہا تھا کہ اُس کی آواز میرے من میں گونجی...... ''کیا بات ہے...... بہت اداس ہو...... اب تو زندگی کی ہر نعمت تمہارے پاس ہے...... اب اس اداسی کی وجہ کیا ہے...... میرے ہوتے ہوئے بھی میرا کوئی دوست اداس اور پریشان ہو تو پھر میرا کیا فائدہ......'' میں نے ٹھنڈی سی آہ بھری ''پتا نہیں...... میرا دل اب ان سب چیزوں سے اُوب سا گیا ہے۔ اب مجھے احساس ہو رہا ہے کہ غربت کے اپنے مسائل اور امارت کی اپنی پریشانیاں ہوتی ہیں۔ لیکن دونوں صورتوں میں انسان کا مقدر صرف بے چینی ہی ہے...... سکون کہیں بھی میسر نہیں آتا۔'' اُس نے میرا دل بہلانے کی کوشش کی۔ ''اچھا چھوڑو یہ مایوسی کی باتیں۔ یہ بتاؤ کبھی کوئی عشق وغیرہ کیا ہے زندگی میں......'' ''عشق......؟...... کیوں دل جلاتے ہو...... تمہارے آنے سے پہلے کھانے کے بھی لالے پڑے ہوئے تھے...... ایسے میں عشق کیسے سوجھ سکتا ہے؟'' اُس نے اصرار کیا ''پھر بھی...... شادی سے پہلے کبھی تو کوئی اچھی لگی ہو گی......؟ کیا تمہارے پاس کوئی بھی سنہری یاد نہیں ہے......؟'' میں ماضی کے دریچوں میں کھو گیا۔ ''ہاں کبھی تھی کوئی...... لیکن پھر وہی امارت اور غربت کی دیوار...... ہم یونیورسٹی فیلو تھے...... وہ بہت چاہتی تھی مجھے۔ لیکن جب اُس کے سیٹھ باپ کو پتا چلا تو اُس نے اپنے کارندوں کے ذریعے میری وہ خبر لی کہ یاد رہے اور مجھے دھمکی بھی دی کہ اگر میں اُس کی بیٹی کے آس پاس بھی پھٹکا تو میری خیر نہیں۔ بعد میں سنا ہے اُس کی کسی بڑے صنعت کار کے ساتھ شادی ہو گئی تھی...... اب تو نہ جانے وہ کہاں ہو گی......'' اُس وقت تو چھلاوہ چپ رہا لیکن صبح میرے دفتر کے دروازے پر کسی نے ہلکی سی دستک دی۔ میرے اسٹاف میں سے کسی

میں جرأت نہیں تھی کہ یوں ''ڈونٹ ڈسٹرب'' کا بورڈ لگا دیکھ کر بھی میرے آفس کا دروازہ کھٹکھٹا سکے...... میں نے چونک کر سر اُٹھایا تو دروازے میں وہی کھڑی تھی۔ ہاں...... وہ سعدیہ ہی تھی...... میری پہلی محبت...... وہ ذرا بھی تو نہیں بدلی تھی...... بلکہ اُس کا سوگوار سا حسن اور بھی کچھ نکھر گیا تھا۔ میرے ہاتھ سے پین چھوٹ گیا۔ ''سعدیہ......؟ تم......؟ یہاں......؟'' وہ جھجکتی ہوئی اندر آ گئی اور پھر اُس نے جو بتایا وہ میرے ہوش اُڑانے کے لیے کافی تھا۔ اُس نے بتایا کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ چھ مہینے پہلے تک ایک خوش حال زندگی گزار رہی تھی کہ اچانک ایک دن اُس کا باپ ایک ایکسیڈنٹ میں مارا گیا۔ باپ کی دولت اور جائیداد شوہر کے قبضے میں آئی تو اُس نے نہ جانے کن اللے تللوں میں اُڑا دی اور رفتہ رفتہ اُس کا رویہ سعدیہ سے بھی بد سے بدتر ہوتا گیا۔ باپ کی موت سے ٹھیک دو ماہ بعد اُسے طلاق کا تحفہ دے کر گھر سے نکال دیا گیا اور پچھلے ہفتے ہی وہ اپنی عدت ختم کر کے نوکری کی تلاش میں نکلی تو اُسے میرا پتا چلا اور آج وہ میرے سامنے بیٹھی تھی۔ اُس نے اپنے باپ کے ایکسیڈنٹ کی جو تاریخ بتائی تھی وہ ٹھیک اُس سے اگلا دن تھا جب میں نے اپنے گلے میں یہ سرخ دھاگا باندھا تھا۔ میں نے مشکوک نظروں سے اُس کے پیچھے صوفے پر اکڑوں بیٹھے اُس شیطان کے چیلے کو دیکھا جس نے اپنے کاندھے اُچکائے اور میرے دل کی جانب اشارہ کیا۔ یہ سچ ہے کہ جب سے سعدیہ مجھ سے بچھڑی تھی تب سے لے کر آج تک میرے دل میں اُس کے ظالم اور امیر باپ کے لیے شدید نفرت بھری ہوئی تھی اور دن میں کئی مرتبہ خیال آنے پر میں اُس کا قتل بھی کرتا تھا لیکن اس کا یہ مطلب تو نہیں تھا کہ وہ اُس بے چاری کی زندگی ہی تباہ کر ڈالے۔ میں نے سعدیہ کو تو فوراً نوکری پر رکھ لیا اور اُس کی نظروں میں پڑا ایک پرانی چاہت کے پھر سے جاگ اُٹھنے کا پیغام بھی پڑھ لیا۔ لیکن اُس کے کمرے سے نکلتے ہی میں چھلاوے پر برس پڑا۔ وہ کچھ دیر اطمینان سے میری کڑوی کسیلی باتیں سنتا رہا۔ پھر اطمینان سے بولا۔ ''بڑے ناشکرے ہو یار...... کیا یہ بھی تمہارے اپنے دل کی ایک چھپی ہوئی حسرت نہیں تھی کہ وہ ایک بار پھر سے کسی پکے ہوئے پھل کی طرح تمہاری آغوش میں آ گرے...... ساری زندگی اُس کے لیے آہیں بھرتے رہتے۔ وہ ٹھیک تھا، یا یہ بہتر ہے کہ اب وہ چوبیس گھنٹے تمہارے آس پاس رہے گی...... اب بننے کی کوشش مت کرو...... میں نے دیکھا تھا تم کس طرح بھوکی نظروں سے اُس کی طرف دیکھ رہے تھے۔ میں لاجواب سا ہو گیا۔ ''ہاں مگر...... اس طرح...... میرا مطلب ہے اُس کی زندگی برباد کر کے......'' وہ ہنسا ''ایک بات یاد رکھو...... اس دنیا میں تمہاری آبادی تبھی ممکن ہے جب تم دوسروں کی بربادی کی فکر چھوڑ دو...... جاؤ اب اُس کے ساتھ عیش کرو۔'' میں نے غصے سے اُس کی جانب دیکھا ''کیا مطلب ہے تمہارا...... وہ عیش کرنے کی چیز نہیں ہے۔ تم جانتے ہو میں اُس سے سچی محبت کرتا ہوں۔'' وہ پھر زور سے ہنسا ''اُف...... یہ تم انسانوں کے چونچلے، محبت سچی ہو جھوٹی...... تم لوگوں کی ہر محبت کا انجام آخر کار ہوس ہی ہوتا ہے...... تم چاہو تو سچی محبت کے نام پر اپنا مقصد حاصل کر لو...... مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے...... ہونا آخر میں وہی ہے جو ہم دونوں ہی جانتے ہیں۔'' میں نے لاجواب ہو کر سر پٹخا۔ اُس شیطانی دماغ سے لڑنا میرے بس کی بات نہیں تھی۔ بہر حال کچھ دن کے لیے ہی سہی، لیکن میری زندگی میں ایک خوشگوار تبدیلی آنے لگی تھی...... سعدیہ نے آتے ہی میرے دفتر اور میرے دل کا سارا انظام یوں سنبھالا کہ کچھ پل کے لیے میری اس ویران زندگی میں بھی بہار آ ہی گئی۔ چھلاوے کے ساتھ میرے معاہدے کو چھ مہینے گزر چکے تھے اور ابھی چھ مہینے مزید باقی تھے۔

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# تیسری رات

کتاب گھر کی پیشکش کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

اصغر صاحب کی داستان ابھی جاری تھی لیکن ہماری دوسری رات بھی اسی داستان گوئی میں صبح کے سپیدے میں تبدیل ہو رہی تھی۔ مجبوراً ایک بار پھر ہمیں باتوں کا سلسلہ روکنا پڑا۔ میں نماز پڑھنے کے لیے اُٹھ کھڑا ہوا اور اصغر صاحب اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئے۔ میں چاہتے ہوئے بھی اُن سے یہ نہیں پوچھ سکا کہ آخر اب اس درگاہ پر اُن کی موجودگی کی وجہ کیا ہے؟ میں جانتا تھا کہ وقت آنے پر یہ راز بھی خود ہی کھل جائے گا اور ہو سکتا ہے کہ وہ وقت آج کی تیسری رات کا ہی ہو۔ کیوں کہ مجھے اصغر صاحب کی داستان اپنے منطقی انجام کی جانب بڑھتی ہوئی دکھائی دے رہی تھی۔ اگر میں خود آج سے چھ ماہ پہلے والا ساحر ہوتا تو میں کبھی بھی اُن کی اس ساری کہانی پر یقین نہ کرتا۔ کیوں کہ اس جدید سائنسی دور میں ایسی منفی غیبی قوتوں کا موجود ہونا از خود ایک بہت بڑا سوال ہے۔ لیکن پھر مجھے یاد آیا کہ سلطان بابا ہمیشہ کہا کرتے تھے کہ دنیا میں ازل سے لے کر ابد تک نیکی اور بدی کی جنگ جاری تھی اور جاری رہے گی۔ اور پھر خود ہمارا نفس بھی تو ایک چھلاوہ ہی ہے۔ ہم سے چھل کرنے والا، ہمیں فریب اور دھوکے میں رکھنے والا۔ کیا ایسا بھی ممکن ہو سکتا ہے کہ خود ہمارا نفس ہمارے سامنے کبھی اسی چھلاوے کی صورت آ کھڑا ہو جاتا ہو جیسے اصغر صاحب والا چھلاوہ اُن کے لیے ہزاروں نفسانی ترغیبات لے کر آ کھڑا ہوا تھا؟

پتا نہیں ایسے اور نہ جانے کتنے سوالات تھے جو میرے ذہن میں ایک عجیب سی اُتھل پتھل مچائے ہوئے تھے۔ اب مجھے دھیرے دھیرے اصغر صاحب کے پُر اسرار رویے اور نماز کے وقت اُن کے غائب ہو جانے کی وجہ بھی سمجھ میں آ رہی تھی۔ انہوں نے بتایا تھا کہ چھلاوہ پچھلے سال دسمبر میں اُن پر واضح ہوا تھا اور یہ مہینہ بھی دسمبر کا ہی تھا۔ مطلب یہ کہ ابھی اُن کے معاہدے کے کچھ دن باقی تھے؟؟

اصغر صاحب رات بھر کے جگ راتے کے بعد سوئے ہوئے تھے۔ میں نے دن گیارہ بجے کے قریب درگاہ کا پانی وغیرہ بھرا اور ابھی میں گھڑوں اور صراحیوں کو انگور کی بیلوں کے نیچے رکھ کر کھڑا ہوا ہی تھا کہ کرم دین اپنی لمبی سی ڈانگ لیے بڑے بڑے ڈگ بھرتا ہوا درگاہ میں داخل ہوا "سلام عبداللہ باؤ...... بڑی اور چھوٹی مالکن آئی ہیں......" میں چونکا...... "بڑی مالکن اور لاریب، یوں اچانک......؟ ...... خیر تو ہے۔" لیکن کرم دین کے جواب سے پہلے ہی وہ دونوں بھی درگاہ کے احاطے تک پہنچ چکی تھیں۔ میں نے انہیں سلام کیا اور اُن کے ساتھ ہی کھڑے ہو کر دعا پڑھ لی اور خود کچھ دُور جا کر کھڑا ہو گیا تا کہ وہ اپنے ساتھ لائی ہوئی چادر وغیرہ چڑھا سکیں۔ ان معمولات سے فارغ ہو کر بڑی مالکن میری جانب پلٹیں۔

"بھئی یہ تو بڑی وعدہ خلافی ہوئی۔ تم نے وعدہ کیا تھا کہ حویلی کا چکر ضرور لگاؤ گے۔ لیکن لگتا ہے تمہیں حویلی کے مکینوں سے کچھ خاص لگاؤ نہیں ہے......"

میں کچھ ہڑبڑا سا گیا۔ "نہیں نہیں...... ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ آپ جانتی ہیں یہاں درگاہ میں میرے علاوہ ایک مریض بھی موجود

ہے۔اُس کی وجہ سے بھی پاؤں کچھ بندھے ہوئے ہیں۔اور پھر سچ تو یہ ہے کہ مجھے یہاں تنہائی میں بڑا سکون ملتا ہے۔البتہ مجھے اپنا وعدہ اچھی طرح یاد ہے اور بہت جلد وفا بھی ہوگا۔بس آپ کسی خاص مدت کی شرط نہ لگائیں۔یہ میری آپ سے التجا ہے.....'' وہ میری لمبی تمہید سن کر مسکرادیں۔''اپنا دفاع کرنا خوب جانتے ہو.....'' اتنے میں کرم دین نے انہیں بتایا کہ وہ پرندوں کا دانہ اور چوری تانگے سے اُتروالایا ہے۔بڑی مالکن نے اُسے ساری چیزیں صحن میں لانے کا کہا اور میرے سر پر ہاتھ پھیر کر دعا دے کر آگے بڑھ گئیں۔لاریب جو اُن سے دوقدم پیچھے کھڑی ہماری گفتگو سن رہی تھی، آگے بڑھ آئی۔میں نے اُس سے پوچھا'' آپ کیسی ہیں.....؟.....آگے تعلیم جاری رکھنے کی اجازت ملی، یا نہیں آپ کو.....'' وہ مسکرائی''ابھی مقدمہ جاری ہے۔لیکن مجھے اُمید ہے کہ خان جی مان جائیں گے.....'' وہ خان صاحب کو خان جی کہتی تھی۔''جی مجھے بھی یہی اُمید ہے.....اور سنا ہے کہ آپ کو اپنی بات منوانے کے بہت سے گر بھی آتے ہیں.....'' میری بات سن کر وہ زور سے ہنس پڑی۔وہی کچی زمین سے تازہ جھرنے کے پھوٹنے جیسی آواز.....''سچ پوچھیں تو آپ سے مل کر ایک نئی تازگی کا احساس ہوا ہے مجھے۔میں اس سے پہلے مذہب میں اتنی طاقت اور کشش کی قائل نہیں تھی۔لیکن آپ کو دیکھ کر لگتا ہے کہ ابھی کھوج کرنے والے باقی ہیں۔'' پھر یکا یک وہ سنجیدہ ہوگئی۔''مجھے آپ سے بہت سے سوال کرنے ہیں۔ساحر سے عبداللہ تک کے اس سفر کے بارے میں۔آپ کی امی سے زہرا کے بارے میں بھی بہت کچھ سنا ہے اور میں اُس خوش نصیب کی ایک جھلک ضرور دیکھنا چاہوں گی جس کے رُخ سے منعکس ہوتی دھوپ نے پل بھر میں آپ کی کایا پلٹ دی۔کیا دنیا میں اب بھی ایسے مقدر والے ہوتے ہیں جو اپنے جلوے میں ایسے معجزے لیے پھرتے ہیں؟لیکن میرے سارے سوال ہمیشہ تشنہ رہ جاتے ہیں۔کیا آپ کے اندر کا مذہب آپ کو ان سوالوں کے جواب دینے سے روکتا ہے، یا پھر آپ بھی مرد عورت کی تقسیم میں پڑے رہتے ہیں.....؟''

اُسے الفاظ برتنے کا ہنر خوب آتا تھا۔تو گویا اُس شوخ ادا اور چنچل ہنسی کے پیچھے ایک نہایت حساس ذہن اور گہری سوچ بھی موجود تھی۔

''نہیں.....میرا مذہب مجھے کسی سوال کے جواب سے نہیں روکتا، نہ ہی میں عورت اور مرد کی کسی تقسیم میں ذہنی طور پر بٹا ہوا ہوں۔سچ صرف اتنا ہے کہ میں تو ابھی تک خود سراپا سوال ہوں۔جواب دینے کے لیے جس کاملیت کی ضرورت ہے میں اُسی سے کوسوں دُور ہوں ابھی۔اور شاید یہ مختصر زندگی سوالوں میں ہی گزر جائے۔پھر بھی اگر میرے پاس آپ کے لیے کوئی جواب ہوا تو میں اسے آپ کے ساتھ بانٹنے میں بخل سے کام نہیں لوں گا۔''

وہ میری بات سن کر کسی چھوٹے بچے کی طرح خوش ہوگئی''تو پھر میں کب تک توقع رکھوں اپنے سوال پیش کرنے اور آپ کے جوابات ملنے کی.....یاد رہے کہ آپ نے ابھی خود زندگی کے مختصر ہونے کی پابندی بھی بیان کر دی ہے.....'' مجھے اُس کی بات سن کر ہنسی آگئی۔''ہاں واقعی.....یہ کلہاڑی تو میں نے خود ہی چند لمحوں پہلے اپنے پیروں پر ماری ہے۔لہٰذا اب آپ وقت کا تعین خود ہی کر دیں تو بہتر ہوگا۔میں حاضر ہوں ہر طرح سے۔'' اُس نے اپنی فتح کا اعلان کر دیا۔''تو پھر ٹھیک ہے کل رات کا کھانا آپ ہمارے ساتھ ہی کھائیں گے۔میں خان جی کو بھی آج ہی آپ کی آمد کا بتا دوں گی۔وہ خود بھی کئی بار آپ کا پوچھ چکے ہیں۔'' میں نے غور سے اُس کی جانب دیکھا۔''کیا آپ کے سوال اُن کی موجودگی میں اپنے اصل لفظ و معنی اختیار کر سکیں گے.....اور کیا خود میں اُن کی موجودگی میں آپ کو جواب دینے کے قابل ہوں۔'' وہ کچھ سوچ میں پڑ گئی۔''ہاں.....مجھے آپ کی مجبوری کا اندازہ ہے.....آپ خان جی کے سامنے بندھے رہیں گے۔چلیں یہ مسئلہ آپ مجھ پر چھوڑ دیں اور اس بات کا یقین لے کر ہمارے گھر آیئے

گا کہ میں آپ کو کسی امتحان میں نہیں ڈالوں گی......'' کچھ ہی دیر میں بڑی مالکن بھی اپنی مصروفیت سے فارغ ہو گئیں اور رُخصت ہونے سے پہلے انہوں نے ایک بار پھر مجھے یقین یاد دلایا کہ اب وہ اور اُن کے گھرانے والے مجھے غیروں میں شمار نہیں کرتے۔ لہٰذا میں بھی اپنے دل و دماغ میں کوئی گرہ باقی نہ رکھوں۔ وہ لاریب کو مجھ سے باتیں کرتا ہوا دیکھ چکی تھیں اس لیے اُس کی جانب دیکھ کر مسکرائیں اور مجھ سے بولیں ''تم نے میرے بلاوے کو تو بڑی خوب صورتی سے ٹال دیا پر لاریب کی دعوت رد کرو تو جانوں......اسے بھی تمہاری طرح لفظوں سے کھیلنے کا ہنر خوب آتا ہے۔'' وہ ہنستی ہوئی آگے بڑھ گئیں۔ مطلب انہیں پتا تھا کہ لاریب مجھے کل رات حویلی مدعو کرے گی؟؟ بہرحال اب تو میں ہاں کہہ چکا تھا، لہٰذا اس مدعے پر زیادہ سوچ بچار سے کوئی نتیجہ حاصل نہیں ہو سکتا تھا۔ اِسی بھاگ دوڑ میں شام بھی ہو گئی اور پھر اصغر صاحب نے بھی مغرب سے ذرا پہلے اپنے ''حجرے'' سے باہر جھانکا۔ مجھے عجیب بے چینی سی ہو رہی تھی کہ کب میں ان روزمرہ کے معمولات سے فارغ ہو کر اُن کے سامنے جا کر بیٹھوں گا اور کب وہ اپنی داستان مکمل کریں گے۔ حیرت ناک بات یہ تھی کہ یہ تیسری رات آ رہی تھی جب میں پورے چوبیس گھنٹوں میں صرف دو تین گھنٹوں کی نیند لے پا رہا تھا لیکن پھر بھی تھکاوٹ اور نیند کے کچھ خاص آثار میرے دماغ اور جسم پر طاری نہیں ہو پائے تھے۔ خدا خدا کر کے رات ڈھلی اور عشاء کی نماز کے بعد میں اُن کے سامنے اس بچے کی طرح آ بیٹھا جس کی کہانی پچھلی رات آدھی رہ گئی ہو اور اُس نے پورا دن اِسی رات کی آس میں گزار دیا ہو کہ آنے والی رات اُسے پھر سے خوابوں کے اُسی پرانے دیس میں لے جائے گی۔ اصغر صاحب نے ایک گہری سانس لی اور سلسلہ داستان پھر سے جوڑا۔

''ہاں تو عبداللہ میاں......میں تمہیں بتا رہا تھا کہ سعدیہ کے آنے سے زندگی میں ایک خوش گوار تبدیلی تو آئی لیکن ایک اور عجیب بات بھی میں نے محسوس کی۔ جس سعدیہ کو میں اُس کی شادی سے پہلے جانتا تھا اور جس کی محبت میری زندگی کا پہلا عشق اور پہلا جنون تھا، جس کے لیے کبھی میں ماہی بے آب کی طرح تڑپا کرتا تھا، جس کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے میں گھنٹوں کڑی دھوپ میں، برستی بارشوں میں صبح و شام اُس کی کلاس اور گھر کے چکر لگایا کرتا تھا، جس کے منہ سے باتیں نہیں موتی جھڑتے تھے اور جس کے چند بول سننے کے لیے میری سماعتیں ترستی تھیں، آج بھی اُس کی دل کشی میں کوئی فرق نہیں آیا تھا۔ لیکن نہ جانے کیوں اب وہ گھنٹوں بولتی رہتی تھی تب بھی میرے اندر وہ حلاوت نہیں گھول پاتی تھی جو پہلے صرف اُس کے منہ سے ''اصغر'' کا لفظ سنتے ہی میری سماعت سے میر رُوح کے آخری ریشے تک گھل جاتی تھی۔ اب وہ زیادہ تر اپنے گزشتہ شوہر اور اُس کی بُری عادتوں کا ذکر کرتی رہتی تھی۔ وہ اُسے کتنا ستاتا تھا۔ وہ اُس کا کتنا خیال رکھتی تھی۔ اُس نے اپنے شوہر کی خاطر کتنی قربانیاں دیں لیکن وہ کس قدر بے وفا نکلا، وغیرہ وغیرہ۔ نہ جانے اُس کی ساری خوب صورت باتیں کہاں کھو گئیں تھیں۔ وہ میر کی رباعی، وہ خیام کی غزل، وہ تصور جاناں کی باتیں......وہ گرتی پھوار اور وہ رِم جھم جیسی بوندوں والی باتیں۔ جانے یہ عورتوں کو گزرتی عمر کے ساتھ ساتھ کیسی کیسی نفسیاتی اُلجھنیں گھیر لیتی تھیں کہ اُن کے اندر صرف ایک عورت ہی باقی رہ جاتی ہے......محبوبہ نہ جانے کہاں کھو جاتی ہے۔ سعدیہ کے اندر سے بھی میری وہ دل بر، وہ لیلیٰ نہ جانے کہاں چلی گئی تھی اور صرف سعدیہ کا جسم ہی باقی چھوڑ گئی تھی۔ تب مجھے ایک اور بھی عجیب سا ادراک ہوا کہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہماری محبت کے تقاضے بھی بدلتے جاتے ہیں۔ اور یہ کہ انسان ایک بار اپنی جس چاہت کو برسوں پہلے کھو چکا ہو، اگر قدرت خوش نصیبی سے اُسے زندگی میں دوبارہ کبھی پانے کا موقع فراہم بھی کرے تو عقل مند وہی ہے جو اس محبت کو بس دُور ہی سے سلام کر کے آگے بڑھ جائے، کیوں کہ ہو سکتا ہے وہ حال میں اپنی محبت پانے

کے چکر میں اپنی ماضی کی چاہت، اپنا جنوں بھی گنوا دے۔ وہ ایک احساس بھی کھو دے جس کے بھروسے اور جس کے سہارے وہ آج تک جیتا آیا ہو۔ میرے ساتھ بھی شاید کچھ ایسا ہی ماجرا چل رہا تھا۔ کبھی کبھی تو میں یہ بھی سوچنے لگتا کہ اگر سعدیہ اُس وقت مجھے مل بھی گئی ہوتی تو شاید آج ۲۵ سال بعد وہ ایسی ہی ہوتی۔ لیکن تب شاید میں اُس کے ساتھ زندگی اور وقت گزارنے کی وجہ سے اُس کی ان جان لیوا تبدیلیوں کو محسوس نہ کر پاتا جو اس لمبی جُدائی کی وجہ سے میں اب محسوس کر سکتا تھا۔ ہو سکتا ہے خود میرے اندر بھی کئی ایسی تبدیلیاں آ گئی ہوں جیسی میں سعدیہ کے اندر محسوس کر رہا تھا؟ گویا محبت وہی اچھی جو وقت پر حاصل ہو جائے۔ شاید محبت کے معاملے میں "دیر آید درست آید" والا مقولہ درست نہیں تھا۔ پتا نہیں مجھے ایسا کیوں لگنے لگا تھا کہ آخری محبت وہی رہتی ہے جو لا حاصل ہو۔ جو حاصل ہو جائے وہ محبت تو ہو سکتی ہے، آخری محبت نہیں۔ میرے اندر سے رفتہ رفتہ وہ جنوں، وہ تڑپ اور کسک ختم ہوتی جا رہی تھی جو کسی بھی محبت نامی جذبے کا حاصل ہوتی ہے۔ کیا وہ سبھی جوڑے جنہیں اپنی محبت مل جاتی ہے وہ بھی اسی تجربے سے گزرتے ہوں گے جس سے میں اِن دنوں گزر رہا تھا؟ کیا محبت دھیرے دھیرے یوں چیخ کر ٹوٹ بھی جاتی ہے جیسے خشک اور کمزور شاخیں......؟

لیکن وہ میری محبت کو یوں چٹختے اور تڑختے ہوئے دیکھ کر خوب قہقہے لگاتا اور مجھے طعنے دیتا کہ "کیوں...... میں نہ کہتا تھا کہ تم انسان کہیں تک کر نہیں بیٹھ سکتے...... نہ تمہارے جذبے لافانی ہیں اور نہ تمہارا پیار...... نہ تمہاری محبت سچی ہے نہ تم لوگوں کو آج تک نفرت کرنے کا صحیح ڈھنگ آیا...... تم انسان صرف اور صرف جذباتی پتلے ہو...... بس جس طرف کی ہوا دیکھی اُسی طرف کے ہو لیے...... تمہاری ہر محبت ہوس کا نتیجہ ہے اور تمہاری ہر نفرت تمہاری ذاتی انا کا شاخسانہ ہوتی ہے۔" ایک دن وہ میری آفس کی الماری پر بیٹھا مجھے اسی طرح کے طنز کے تیروں سے چھلنی کر رہا تھا کہ میں بھی آخر کار بھڑک اُٹھا "تم ہمیشہ ہم انسانوں کی غلطیاں گنواتے رہتے ہو...... ہمیں اس کائنات کی ارزاں ترین مخلوق ثابت کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہو کبھی اپنے دامن میں بھی جھانک کر دیکھا ہے......؟ تمہارے جدِ امجد کی ایک غلطی نے آسمان سے زمین پر لا پھینکا تمہیں...... اور اب ابد تک تمہارا کام صرف مجھ جیسوں کو شکار بنانا ہے...... لیکن اگر میں نے تمہاری دوستی قبول کی ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ باقی سارے کے سارے بھی مجھ جتنے کمزور اور لاعقیدہ ہیں۔ ہم میں کچھ ایسے بھی ہیں جن پر تمہارا جادو ذرا سا بھی نہیں چل پاتا۔"

میری بات سنتے ہی وہ غصے سے آگ بگولا ہو گیا۔

"غلط فہمی ہے تمہاری...... تمہاری اس لاغر اور بے ایمان مخلوق میں کوئی بھی ایسا نہیں جس پر میرا سحر نہ چل پائے...... تم سب موم کی وہ ناک ہو جسے میں جب چاہوں موڑ کر رکھ دوں...... مجھے کبھی آزمانے کی بے وقوفی مت کرنا...... ہار جاؤ گے......"

مجھے بھی غصہ آ گیا "نہیں...... غلط فہمی مجھے نہیں...... تمہیں ہے...... تم کیا سمجھتے ہو کہ دولت کے انبار لگا کر اور ہم جیسوں کو عیش و عشرت میں ڈال کر تم نے پوری بازی جیت لی ہے...... نہیں...... کچھ لوگوں کی منزل یہ دولت، یہ عیش نہیں...... کچھ اور ہے......"

اُس نے غصے میں میری میز پر پڑی سب ہی چیزیں اُلٹ دیں "دولت......؟ عیش و عشرت......؟ تم کم ظرفوں کی تان ہمیشہ انہی دو چیزوں پر آ کر کیوں ٹوٹتی ہے؟ اور تم انسان جانتے کیا ہو دولت اور عیش کے بارے میں......؟ کہاں آتا ہے تم لوگوں کو دولت کو برتنا اور عیش کرنا......؟ تم لوگوں کو جب بھی ذرا مال میسر آیا تو کیا کیا؟ دو چار جام لنڈھا کر اُلٹے پڑ گئے، یا پھر چار بازیاں کھیل لیں اور اپنی پسند کا کوئی ایک جسم

منتخب کر کے رات بیتا دی۔ کیا ہے تم لوگوں کی عیاشی، شراب، جوا اور عورت.....بس......؟ یہی عیاشی ہے تم لوگوں کے نزدیک......''

آج تک اُس نے مجھے خوب زخم لگائے تھے۔ اپنے طنز کے تیروں سے مجھے خوب چھلنی کیا تھا لیکن آج جب میں نے اُسے اپنی ایک ضرب سے یوں تڑپتے ہوئے دیکھا تو مجھے بہت مزہ آیا۔ وہ مسلسل چیخ رہا تھا۔ ''تم لوگوں نے تو اپنی جنت کا تصور بھی انہی چند آسائشوں سے وابستہ کر رکھا ہے۔ شراب، عورت، ہیرے، موتی اور جواہر......کم ظرف کہیں کے......پھر بھی تم لوگ خود کو جنت کا حق دار سمجھتے ہو......اور تم لوگوں میں سے کچھ دو غلے وہاں یہ سب کچھ پانے کے لیے چند دن یہاں کی زندگی میں ان چیزوں سے دُور بھاگتے رہتے ہیں۔ مجھے یہ بتاؤ کہ یہ چیزیں یہاں میسر ہوں، یا وہاں......مقصد تو ایک ہی ہوا نا......پھر یہ نیک اور زاہد بننے کا ڈرامہ کیسا......؟......اور یہ جو تمہارے اندر کچھ لوگ برائے نام اپنے رب کی اطاعت کا ڈھکوسلا کرتے رہتے ہیں، انہوں نے اپنے رب کو جانا ہی کب ہے......؟......تم سب کسی ایک کی رحمت کے صدقے جی رہے ہو......دنیا بھی پا رہے ہو اور دین کے ٹھیکے دار بھی بنے پھرتے ہو......پتا نہیں خدا نے کیا سوچ کر تم جیسے تھڑدلوں کو اس دنیا کی خلافت سونپ دی۔ جب کہ سچ تو یہ ہے کہ انسان جیسا کم ہمت، بزدل، احسان فراموش، جھوٹا، دھوکے باز، مکار اور فریبی اس پوری کائنات میں، اس روئے زمین پر اور کوئی نہیں ہے......''

میں نے اُس کی چبھن سے لطف لیتے ہوئے کہا'' بولتے رہو......تمہیں یوں، حقیر انسانوں، کی طرح تڑپتے اور گلے شکوے کرتے دیکھ کر مجھے بہت اچھا لگ رہا ہے......'' اُس نے چونک کر میری جانب دیکھا اور پھر سمجھ گیا کہ آج میں اُس کے ساتھ کھیل رہا ہوں۔ وہ جھلا سا گیا۔ ''لعنت ہو تم پر......واقعی تم انسان بڑے چالباز ہوتے ہو، آج تم نے مجھے بھی اپنے رنگ میں رنگ لیا۔ چلو آج میں تمہیں اصل عیاشی کی ایک ہلکی سی جھلک دکھلاتا ہوں۔ کیا یاد کرو گے کبھی زندگی میں ایک اصل دوست سے بھی واسطہ پڑا تھا تمہارا......''

میں نے حیرت سے اُس کی جانب دیکھا۔ ''اصل عیاشی......میں کچھ سمجھا نہیں......؟'' اُس نے طنز سے میری طرف دیکھا۔ ''ہاں......ایسی عیاشی جو تم جیسوں کے خواب وخیال میں بھی نہ ہوگی۔ تم لوگ عورت کو ہی دنیا کی سب سے ناقابل حصول مخلوق سمجھتے ہو نا......اور عمر بھر اُسی کے حصول کے لیے بے ایمانیاں کرتے اور ایک دوسرے کا گلا کاٹتے رہتے ہو......اور بدلے میں پاتے کیا ہو......صرف ایک آدھ جسم......اور پھر اُس سے بھی دو چار سال کے اندر اُوب جاتے ہو......ساری محبت، سارا عشق خشک مٹی کی طرح جھڑ جاتا ہے اور پھر باقی ساری عمر دوسری عورتوں کو، دیکھ دیکھ کر ہونٹوں پر زبان پھیرتے رہتے ہو......کبھی کسی فلم ایکٹریس پر فدا ہوتے ہو اور کبھی کسی ماڈل کے تصور میں ہی زندگی گزار دیتے ہو۔ آج میں تمہیں ایک موقع دے رہا ہوں۔ تمہیں آج تک زندگی میں ایسی جتنی عورتیں یاد ہیں جن کو تم کبھی بھی حاصل کرنا چاہتے تھے اُن سب کی اپنے ذہن میں ایک فہرست بنا لو۔ اگلے چند گھنٹوں میں تم اُن سب کے ساتھ کچھ وقت گزارو گے۔ چاہے وہ ملک، یا دنیا کے کسی بھی کونے میں رہتی ہو......کہیں کی بھی فلم اسٹار ہو، ماڈل ہو، کتنی ہی مشہور اور ناقابل حصول کیوں نہ ہو......یا پھر چاہے کتنے ہی ہزار پردوں میں کیوں نہ چھپی بیٹھی ہو۔ آج وہ تمہاری دسترس میں ہوگی......'' میں اُس کی بات سن کر کچھ جھینپ سا گیا۔ ''یہ تم کیا کہہ رہے ہو۔ میرا مطلب ہے میں شادی شدہ اور بیٹیوں کا باپ ہوں......اب ایسی حرکتیں مجھے زیب نہیں دیتیں۔'' اُس نے میری بات سن کر اپنا سر پیٹ لیا۔ ''اُف یہ انسان......چاہے دل میں لڈو ہی کیوں نہ پھوٹ رہے ہوں......ہونٹوں پر تصنع اور بناوٹ کا انکار ہی رہتا ہے......اچھا چلو تمہارے اطمینان کے لیے یہ بتا دوں کہ ہوگی اصل میں تمہاری بیوی ہی......

یعنی ذہنی طور پر تم کسی بھی عورت کو برتو...... جسمانی طور پر وہ ہوگی تمہاری اپنی ہی عورت...... لہٰذا اب خواہ مخواہ اپنے ضمیر نامی اس فضول احساس کو تکلیف دینے کی ضرورت نہیں، جو تمہیں گناہ سے روک تو نہیں پاتا، ہاں البتہ اس کا مزہ ضرور کرکرا کر دیتا ہے...... لہٰذا مزہ کرکرا کرنے کی ضرورت نہیں۔ اپنے ذہن کو آزاد چھوڑ دو تاکہ میری گرفت اس پر مضبوط سے مضبوط تر ہو سکے اور اپنے گھر چلو...... میں ایسے تماشے ہر کسی کو نہیں دکھاتا......''

میں اسی کشمکش و پیچ میں گاڑی میں بیٹھا اپنے گھر کی جانب روانہ تھا۔ میں نے ایسی عورتوں کی اپنے ذہن میں فہرست بنانے کی کوشش کی جو زندگی کے کسی بھی دور میں کسی بھی طرح میرے لیے باعث کشش رہی ہوں لیکن اس مقام پر بھی مجھے چھلاوے کے سامنے شرمندگی ہی اُٹھانی پڑی۔ اُس دن خود مجھ پر بھی انکشاف ہوا کہ میں نے آج تک کس قدر بے رنگ زندگی گزاری تھی۔ سوائے ایک آدھ فلم ایکٹریس کے مجھے اور کوئی عورت یاد ہی نہ آئی اور اس شیطان کے چیلے نے میری ''بے ذوقی'' پر اپنا سر پیٹ لیا۔ اِسی خجالت میں میں نے گھر میں قدم رکھا تو استقبال کرنے والی پہلی وہی فلم ایکٹریس تھی۔ میں پوری طرح ہوشیار ہونے کے باوجود اُسے اتنے اپنے قریب پا کر حیرت کے جھٹکے سے گرتے گرتے بچا۔ پھر جب اُس نے میرا ہاتھ تھاما اور میری خواب گاہ کا دروازہ بند کر کے پلٹی تو وہ سعدیہ تھی اور پھر جس نے مجھے پہلا جام پیش کیا وہ میری سہاگ رات والی میری بیوی تھی۔ لیکن جس نے میری ٹائی کھولی اور کوٹ اُتار کر کھونٹی پر ٹانگا وہ شبانہ تھی۔ پھر جس نے پیار سے میرے بال سہلائے اور میرا سر اپنی گود میں رکھا وہ مشہور ماڈل تھی جس کے بل بورڈز میں ہمیشہ پہلے دفتر سے واپسی پر بس کی کھڑکی سے دیکھا کرتا تھا۔ پھر جس نے میرا لباس تبدیل کروایا وہ کوئی اور تھی اور جس نے خواب گاہ کی بتیاں مدھم کیں وہ کوئی اور...... یوں وہ رات میری زندگی کی ایسی رات تھی جب خود مجھے بھی زندگی میں پہلی مرتبہ اپنے دل میں دبی اور چھپی ہوئی بے شمار اور بے پناہ چاہتوں کے بارے میں پتا چلا...... کیسی رنگین اور کتنی سنگین رات تھی وہ......

اور پھر مجھے ایک اور حقیقت کا ادراک بھی انہی دنوں ہوا کہ عیاشی صرف ہمارے ذہن کی ایک اختراع ہے۔ ہمارے جسم کے اندر اُمڈتے مختلف ہارمون اور ان مادوں کی کارستانی ہے جنہیں ہمارا ذہن کنٹرول کرتا ہے۔ گویا ہم اپنے ذہن پر قابو پانا سیکھ لیں تو ہر عیاشی خود ہمارے در کی دربان بن سکتی ہے۔ شرابی کو جام کا نشہ، جواری کو اپنی بازی کی لت اور عورت کی تلاش میں بھٹکنے والوں کے لیے جسم کی لذت کا سرور...... یہ سارا کھیل ہی ذہن کا ہوتا ہے اور اگر ذہن یک سو نہ ہو تو ان سب کی عیاشیوں کی انتہا بھی اُسے ایک ذرہ برابر بھی لذت نہیں دے سکتی۔ لیکن عبداللہ میاں...... اس انسانی فطرت کا کیا کریں...... کہ ہر چیز کی زیادتی اور اس کا آسان حصول ہی ہمارے دل کو اس نعمت سے اُچاٹ کرنے کا باعث بن جاتی ہے۔ سو میں بھی اُوبنے لگا اور پھر انہی دنوں ایک اور مصیبت طوفان کی طرح میرے گھر میں داخل ہوئی اور اس کے در و دیوار کو لرزا گئی۔ میری چھوٹی بیٹی عظمیٰ نے ضد کر کے اُسی لوفر سے شادی کر لی اور میرا داماد میرے بڑے بیٹے کے ساتھ اُس کے کاروبار میں شریک بن گیا۔ دونوں مل کر زمین کی خرید و فروخت کا دھندا کرنے لگے اور پھر اُن کی نظر شہر کے سب سے اہم مرکز میں ایک قیمتی پلاٹ پر پڑ گئی۔ انہوں نے اپنی ہر ممکن اور سر توڑ کوشش کر لی لیکن اس پلاٹ کا مالک اپنی زمین بیچنے پر راضی نہ ہوا۔ دراصل اُسے دولت کی کوئی کمی نہیں تھی اور وہ اُس زمین پر بچوں کے لیے پارک بنانا چاہتا تھا لیکن اِن دولت کے پجاریوں کو یہ کہاں قبول تھا کہ وہ سونے جیسی زمین کسی پارک کی تعمیر کے لیے چھوڑ کر ضائع کر دی جائے۔ سو میرے بیٹے اور داماد دونوں نے اس پلاٹ کے مالک سے آخری بار بات کرنے کا فیصلہ کیا اور اُس کے گھر پہنچ گئے۔ کافی بحث و تمحیص کے بعد بھی وہ شخص اپنی بات پر اڑا رہا۔ بحث گرما گرمی میں تبدیل ہوگئی اور میرے داماد نے مشتعل ہو کر اپنے کوٹ کی جیب سے پسٹل نکالا اور چھ کی چھ گولیاں اُس بے گناہ کے سینے میں

داغ دیں۔ مالک زمین وہیں ٹھنڈا ہو گیا اور میرا داماد اور میرا بیٹا دونوں فرار ہو گئے لیکن کب تک چھپتے؟ مقتول کے ورثاء بھی بہت اثر و رسوخ والے تھے اور انہوں نے عدالت سے میرے داماد اور بیٹے کو پھانسی پر لٹکانے کا فیصلہ لے کر ہی دم لیا۔ میری بیوی یہ سنتے ہی ایسی بستر پر گری کہ پھر فالج کے اثر سے نکل ہی نہیں پائی۔ میرا سارا گھر یوں بکھر گیا کہ پھر کبھی سمٹ نہ پایا۔ میں نے پھر اپنے اُسی دوست کی طرف مدد کے لیے دیکھا جو شاید کہیں نہ کہیں خود ہی میری اس ساری بربادی کا ذمہ دار تھا۔ تب اُس نے یہ کہہ کر میرے ہوش اُڑا دیئے کہ وہ اپنی سی ایک کوشش تو کر دیکھے گا لیکن اگر میرے بیٹے اور داماد کی سانسیں اس دنیا میں اتنی ہی لکھی ہیں تو پھر وہ بھی کچھ نہیں کر پائے گا کیوں کہ وہ کسی کی جان قبل از وقت لے تو سکتا ہے لیکن کسی کی سانسیں بڑھا نہیں سکتا۔ کیوں کہ کچھ چیزیں قدرت نے صرف اپنے اختیار میں ہی رکھی ہیں۔ میں اُس پر بہت برسا کہ اُس نے پہلے مجھے یہ سب کیوں نہیں بتایا، لیکن اب کیا ہو سکتا تھا۔ آخر کار وہ دن بھی آ پہنچا جب بیٹے اور داماد دونوں کی لاشیں وصول کرنے کے لیے میں سنٹرل جیل کے باہر کھڑا تھا۔ میں نیم پاگل ہو چکا تھا اور میرے گھر میں موت کا وہ ماتم اور سناٹا چھایا کہ پھر ہم میں سے کوئی بھی مسکرا نہ سکا۔ بڑی بیٹی نے چند دن صبر کیا اور پھر وہ بھی اپنے کسی بوائے فرینڈ کے ساتھ نہ جانے کہاں نکل گئی۔ میری دولت میں جس تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا اس سے کہیں تیزی سے میں اپنے سارے رشتے ایک ایک کر کے کھوتا گیا۔ مجھے اس دولت، اس عیش و عشرت کی زندگی اور خود اپنے وجود سے نفرت سی ہو گئی۔ مجھے چھلاوے کی شکل بھی اب ایک آنکھ بھی نہیں بھاتی تھی لیکن میں اس معاہدے کی وجہ سے معذور تھا اور پھر آخر کار اُس نے بھی اپنا رنگ دکھانا شروع کر دیا۔ اب وہ ہر وقت مجھ سے اُکھڑا اُکھڑا سا رہتا تھا کہ ہمارا معاہدہ ختم ہونے میں صرف دو ماہ ہی باقی رہ گئے ہیں لیکن میں نے اب تک ایک بھی ڈھنگ کا کام نہیں کیا اُس کے لیے۔ لہٰذا اب یا تو میں معاہدے میں ایک سال کی توسیع کر لوں، یا پھر اس کا کم از کم ایک بڑا کام ضرور سرانجام دوں۔ میں نے اُس کو صاف بتا دیا کہ میں اب اس معاہدے سے بیزار ہو چکا ہوں لہٰذا وہ اپنا کام بتائے تا کہ میں اُسے انجام دے کر اس دھاگے کو کاٹ دوں اور عمر بھر کے لیے اس عذاب سے اپنی گلوخلاصی کر لوں۔ اُس نے پھر مجھے احسان فراموش ہونے کا طعنہ دیا لیکن میں اپنی ضد پر اڑا رہا۔ آخر کار اُس نے وہ کام مجھے بتا دیا اور مجھے اس درگاہ پر وہ عمل سرانجام دینے کے لیے بھیج دیا جس کے بعد میں ہمیشہ کے لیے آزاد ہو جاؤں گا۔ تب سے لے کر میں اب تک یہیں اس درگاہ پر پڑا ہوں۔ دیکھو کہ اب کب مجھے اُس کی جانب سے آخری حکم ملتا ہے اور کب میری آزادی کا پروانہ میرے ہاتھ میں آتا ہے۔ ویسے بھی میری آزادی میں اب صرف ۲۹ دن ہی باقی رہ گئے ہیں۔''

اصغر صاحب نے اپنی داستان ختم کر کے اس طرح ایک لمبا سا سانس لیا جیسے اُن کے دل پر رکھا منوں بوجھ اُتر گیا ہو۔ صبح کی سپیدی کے آثار نظر آ رہے تھے اور دُور نیچے گاؤں کی مسجد سے صبح کی اذان کی گونج سنائی دے رہی تھی۔ میں نے بے چینی سے پہلو بدل کر اصغر صاحب سے پوچھا

''لیکن وہ آخری حکم کیا ہے، جس کے لیے آپ کو اس درگاہ میں بھیجا گیا ہے...... آپ کو کیا کرنا ہے یہاں......؟......''

''قتل......'' اصغر صاحب نے دُور خلا میں گھورتے ہوئے کہا ''مجھے یہاں ایک قتل کرنے کے لیے بھیجا گیا ہے......''

http://kitaabghar.com

# معصوم قاتل

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

اصغر صاحب کی بات سن کر میں اُچھل پڑا۔ ''قتل...... لیکن کس کا......؟'' انہوں نے لمبی سی سانس بھری ''یہ تو میں بھی نہیں جانتا۔ اُس نے کہا ہے کہ وقت آنے پر مجھے خود پتا چل جائے گا۔ تمہیں میں نے اپنی ساری کہانی من وعن اس لیے سنا دی ہے کہ اس دنیا میں صرف تم ہی وہ واحد شخص ہو جس نے میرے علاوہ اس چھلاوے کا کوئی روپ دیکھا ہے......'' یہ پے در پے حیرت کا دوسرا جان لیوا جھٹکا تھا میرے لیے...... ''میں نے چھلاوے کو دیکھا ہے؟...... کب......؟ کہاں......؟......'' میں نے انہیں جھنجھوڑ ہی توڈالا......

''جس شخص کو پہلے تم نے ٹرین میں اور پھر یہاں درگاہ کی چار دیواری کے باہر اندھیرے میں میرے ساتھ کھڑے دیکھا تھا وہی چھلاوہ ہے...... آج کل وہ مجھ سے اسی روپ میں ملتا ہے...... اُسے اس قسم کی شعبدہ بازیاں کرنے میں بہت مزہ آتا ہے...... کچھ دن تک وہ خود میرے ہی دفتر میں چائے والا بن کر بھی آتا رہا، کبھی بس کنڈکٹر، کبھی میرا شوفر، کبھی کوئی دلال، کبھی کوئی سادھو...... جانے کس کس روپ میں وہ میری راہ کاٹتا رہا ہے۔''

اصغر صاحب کی بات سن کر میں سن سا رہ گیا۔ تبھی وہ پارے جیسی صفت رکھنے والا شخص مجھے اس قدر بے چین کر گیا تھا کہ میں کئی راتوں تک ٹھیک سے سو بھی نہیں پایا۔ یا خدا...... یہ کیسی دنیا تھی، کیسے اسرار تھے۔ ابھی یاقوط کا فسوں ختم بھی نہیں ہونے پایا تھا کہ یہ چھلاوہ میرے کالے نصیب کی تاریکی بڑھانے کے لیے چلا آیا تھا۔ اور پھر وہ آخر کس کے قتل کا حکم دے گا اصغر صاحب کو؟ اسی اُدھیڑ بن میں سارا دن گزر گیا اور شام سر پر آ گئی۔ مغرب کے فوراً بعد نیچے کھائی میں بشیرے کے تانگے کا مخصوص بھونپو بجا۔ وہ ٹھیک وقت پر مجھے لینے کے لیے آ پہنچا تھا میں حویلی پہنچا تو خان صاحب نے بیرونی ڈیوڑھی کے باہر میرا استقبال کیا اور بڑی محبت سے مجھے اندر والے دیوان خانے میں لے گئے جہاں میں نے پہلی مرتبہ مما پپا کو بیٹھے دیکھا تھا۔ وہاں پہلے سے بڑی مالکن اور لاریب موجود تھیں۔ گویا خان صاحب نے صرف زبانی طور پر ہی مجھے گھر کا فرد اور اپنا بیٹا نہیں کہا تھا بلکہ آج انہوں نے یوں مجھے اپنی حویلی کے زنانے میں بلوا کر اور یہ عزت دے کر عملی طور پر بھی یہ ثابت کر دیا تھا۔ بڑی مالکن اور لاریب نے ویسے تو پہلے بھی کبھی مجھ سے پردہ نہیں کیا تھا لیکن آج میں ایک مہمان کی حیثیت سے اُن کے گھر کی خواتین کے درمیان موجود تھا جو ان علاقوں میں بہت بڑی عزت اور بڑے مان کی بات سمجھی جاتی تھی۔ لیکن مجھے بہت جھجک محسوس ہو رہی تھی۔ یہ عزت اور یہ مان بھی تو انسان کو کہیں نہ کہیں باندھ کر رکھ دیتا ہے، اُسے بے بس کر دیتا ہے۔ کہتے ہیں سانپ کے زہر سے زیادہ اثر دار زہریلا نمک کا زہر ہوتا ہے۔ سانپ کا زہر تو پھر بھی کبھی نہ کبھی اپنا اثر کھو ہی بیٹھتا ہے لیکن کسی کے کھائے ہوئے نمک کے زہر کا اثر ظرف والوں کے خون سے کبھی بھی ختم نہیں ہوتا ہے۔ شاید خان صاحب کے اندر بھی کوئی ایسا ہی بھرم تھا میری ذات کے لیے...... میرے ظرف کے بارے میں...... تبھی انہوں نے آج مجھے یہ مان لیا تھا۔ کچھ دیر اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں اور پھر لاریب اور بڑی مالکن کھانے کا انتظام کرنے کے لیے اُٹھ گئیں۔ خان صاحب کی گفتگو جاری رہی۔ وہ مما اور پپا سے بہت متاثر ہوئے تھے۔ خاص طور پر مما جنہوں

نے مجھے اس راستے پر چلنے کی اجازت دی تھی اور پپا کی سادگی نے تو اُن کا دل ہی موہ لیا تھا کہ اتنا بڑا صنعت کار ہونے کے باوجود اُن میں دکھاوا اور خود پسندی نام کو بھی نہیں تھی۔

اتنے میں لاریب نے آ کر بتایا کہ کھانا لگ گیا ہے اندر زنانے میں ایک آدھ خادمہ کے علاوہ اور کوئی لاریب اور بڑی مالکن کی مدد کے لیے موجود نہیں تھا، یا پھر بڑی مالکن نے خصوصی طور پر مجھے اپنا سمجھتے ہوئے کسی نوکر کو کھانے کی میز کے گرد نہیں آنے دیا اور خود اپنے ہاتھوں سے میرے لیے نہ صرف کھانا پروسا بلکہ ہر چیز ضد کر کے بلکہ حکم دے کر مجھے چکھائی بھی۔ سبھی کچھ بہت اچھا بنا ہوا تھا۔ آدھی سے زیادہ چیزیں لاریب کے ہاتھ کی بنی ہوئی تھیں اور پورے کھانے کے دوران اُسے یہی فکر کھائے رہی کہ کوئی چیز بدذائقہ، یا بُری تو نہیں بنی۔ جب بھی میں کوئی نیا خوان چکھتا وہ تب تک میرے چہرے کے تاثرات کا جائزہ لیتی رہتی جب تک میں وہ لقمہ نگل نہیں لیتا تھا۔ اُس کی اس ''پہرے داری'' پر مجھے ہنسی آ گئی اور آخر کار مجھے اُسے کہنا پڑا ''آپ یقین کریں آپ کے ہاتھ کی بنی ہوئی تمام چیزیں معیار سے کہیں بڑھ کر اور نہایت لذیذ ہیں۔ لیکن اگر آپ اسی طرح میرے چہرے پر ہر نئی ڈش کا ذائقہ تلاش کرتی رہیں تو مجھ سے بالکل نہیں کھایا جائے گا'' میری بات سن کر سبھی ہنس پڑے۔ خان صاحب نے مسکراتے ہوئے کہا ''یہ جب بھی کوئی نیا تجربہ کرتی ہے، اس کا انداز میرے ساتھ بھی کچھ ایسا ہی ہوتا ہے۔ بھئی میں تو اِسے کہہ دیتا ہوں کہ یہ تو زبردستی تعریف کروانے کا طریقہ ہے۔'' یوں ہی ہنستے مسکراتے کھانا ختم ہوا اور پھر ہم نے بڑے کمرے میں بیٹھ کر کشمیری چائے بھی پی لی۔ میں نے خان صاحب سے اجازت چاہی تو لاریب نے جو بڑے کمرے میں ہی چائے کے برتن سمیٹ رہی تھی بڑے اعتماد سے مجھ سے جاتے جاتے کہا ''ابھی رُکیے...... میرے سوال ابھی باقی ہیں......'' میں نے چونک کر لاریب کی جانب دیکھا کیا خان صاحب اور بڑی مالکن سے اُس نے پہلے ہی اجازت لے رکھی ہے؟ خان صاحب میری اندرونی کش مکش کو شاید میرے چہرے سے بھانپ چکے تھے وہ اُٹھتے ہوئے بولے ''لاریب تم سے کچھ پوچھنا چاہتی ہے عبداللہ میاں ...... لیکن ضروری نہیں کہ تم اس کے ہر سوال کا جواب دینا چاہو......'' مجھے اُس نے بتایا کہ تمہاری روایتی جھجک شاید تمہیں میرے سامنے کھل کر بات کرنے سے روکے...... تم اطمینان سے بات کرو۔ میں ذرا اپنا حقہ تازہ کروا آؤں اور زیادہ گھبرانے کی ضرورت نہیں...... اِس کے تابڑ توڑ سوالوں کی بوچھاڑ سے بچانے کے لیے اِس کی ماں تمہاری مدد کے لیے یہیں موجود ہے......'' وہ مسکراتے ہوئے چلے گئے۔ اور میرے دل سے جیسے ایک بہت بڑا بوجھ سا ہٹ گیا۔ لاریب نے خان صاحب اور اپنی ماں کو اعتماد میں لے کر مجھے ایک بہت بڑے امتحان سے بچا لیا تھا۔ میں جانتا تھا کہ اس شیشے کی بنی ہوئی لڑکی کا من کانچ سے بھی زیادہ صاف اور آئینے کی طرح شفاف تھا لیکن داغ ہمیشہ ایسے ہی کورے کانچ پر جلدی لگتا ہے۔ اور میں خان صاحب، یا بڑی مالکن کے کورے من پر اپنی جانب سے ذرا سی بھی کھرونچ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔ یہ بہت مختلف اور بہت اعلیٰ انسانوں سے برتنے کا معاملہ تھا اور میں انہیں اُن کے معیار جیسا ہی برتنا چاہتا تھا۔

لاریب جلد ہی چائے کے برتن رکھوا کر خادمہ کے ہاتھ خشک میوے کی پراتیں اُٹھائے چلی آئی۔ تب تک بڑی مالکن مجھ سے میری تعلیم اور دیگر مشاغل کے بارے میں پوچھتی رہیں۔ انہوں نے اپنے بارے میں بھی مجھے بتایا کہ انہیں انٹر تک شاعری سے کافی لگاؤ پیدا ہو چکا تھا اور اب بھی کبھی کبھار وہ اپنی بیاض میں کچھ لکھ لیتی ہیں۔ لاریب نے خادمہ کو پراتیں رکھ کر جانے کا کہا اور پھر وہ بھی بڑی مالکن کے ساتھ ہی سامنے والے

صوفے پر براجمان ہوگئی۔ ’’ہاں تو اب سب سے پہلے یہ بتائیں کہ میں آپ کو ساحر کے نام سے پکاروں، یا عبداللہ کہہ کر...... ویسے کیا یہ نام بدلنے کی رسم ادا کرنا ضروری تھا...... مذہب کی، یا ایسی کسی اور راہ پر چلنے کے لیے اپنی شناخت بدلنا ضروری ہے کیا؟‘‘ میرا امتحان شروع ہو چکا تھا۔ ممتحن نے پہلا سوال پوچھ کر جواب کے انتظار میں اپنی آنکھیں مجھ پر گاڑھ دیں۔ ’’آپ مجھے ساحر کے نام سے بھی پکار سکتی ہیں۔ نام صرف شناخت کا ذریعہ ہی تو ہوتے ہیں۔ یہ اب پکارنے والے پر منحصر ہے کہ اُسے کس نام کی شناخت پسند ہے۔ اور رہی بات نام بدلنے کی رسم کی تو شاید جس وقت میں اپنے کسی اور جنون میں اپنا گھر چھوڑ کر اس درگاہ پر بسیرا کرنے کے لیے آیا تھا تب میری گزشتہ شناخت مجھ پر شدید طاری اور زیادہ حاوی تھی ایسے میں مجھے اس نئے ماحول سے جوڑنے کے لیے مجھے ایسی ہی کسی نئی شناخت کی ضرورت تھی اور ایسے ہی عبداللہ نام کی اس بدلی ہوئی پہچان نے مجھے بڑا سہارا دیا اور شاید یہی میرا نام بدلنے والوں کا مقصد بھی تھا۔‘‘

وہ مطمئن سی ہوگئی۔ ’’آپ نے میری اُلجھن تو ختم کر دی۔ اور سچ پوچھیں تو یہ بہت بڑی اُلجھن تھی کیوں کہ بہر حال مجھ جیسوں کے لیے اپنا بچپن کا نام ہی بہت بڑی شناخت ہوتی ہے اور اپنا جنم نام یوں ایک جھٹکے سے بدل دینا بھی بڑی ہمت والوں کا ہی کام ہے...... پھر آپ سے دوسرا سوال یہ ہے کہ آپ نے اپنی دنیاوی چاہت کے لیے یہ بھیس بدلا تھا۔ پھر دھیرے دھیرے آپ کی چاہت نے اس راستے کو پا ہی لیا جس پر چلنے کے لیے آپ کے قدم درگاہ کی جانب پہلی بار بڑھے تھے۔ اس سفر میں زہرا نے بھی آپ کی محبت کی طاقت کے سامنے ہتھیار ڈال ہی دیے۔ آپ وہ تمغہ بھی سینے پر سجائے اس راہ پر آگے بڑھتے گئے۔ آپ جسموں کو نہیں رُوح کو فتح کرنے کے لیے اس رُوحانی راہ گزر کے راہی بن گئے...... لیکن یہ سفر آخر ختم کہاں ہوگا۔ کیا آپ کو نہیں لگتا کہ اس طرح گھر بار چھوڑ کر اور زہرا کو اپنا منتظر چھوڑ کر آپ ایک فرض کی ادائیگی کے لیے نکل آئے لیکن آپ نے اپنے پیچھے بہت سے فرض اُدھورے چھوڑ دیے ہیں......؟‘‘

بڑی مالکن نے سرزنش بھری نظر سے لاریب کی جانب دیکھا جیسے انہیں لاریب کے سوالات کچھ چبھ رہے ہوں۔ لاریب نے جلدی سے وضاحت پیش کی۔ ’’اگر میں الفاظ کے چناؤ میں کچھ بے احتیاطی کر رہی ہوں تو پلیز آپ......‘‘ میں نے اُس کی بات پوری ہونے نہیں دی۔ ’’نہیں ......آپ کا پیرایہ اور الفاظ کا چناؤ بالکل درست ہے۔ نمک کو نمک اور تھور کو تھور ہی کہا جا سکتا ہے...... قند کہہ دینے سے اس کی تاثیر میں حلاوت شامل نہیں ہو جاتی۔ شاید یہ وہ سوالات ہیں جن کا سامنا مجھے عمر بھر کرنا ہے۔ لہجہ چاہے تلخ ہو، یا آپ جیسا شیریں...... سوالوں کا مدعا تو یہی رہے گا۔ اور میرے پاس بہر حال اپنے ہر عمل کا جواب موجود ہونا ہی چاہیے......‘‘

وہ دونوں دم بخود سی بیٹھیں میری بات مکمل ہونے کا انتظار کر رہی تھی۔

’’آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں۔ میں نے اپنی دنیاوی چاہت کے لیے ہی یہ بھیس بدلا تھا۔ اور سچ پوچھیں تو فی الحال میں صرف بھیس بدلنے کی حد تک ہی کامیاب ہو پایا ہوں۔ آپ کا یہ کہنا بھی درست ہے کہ خدا کو پانے کے لیے یوں بھیس بدل کر اپنا گھر بار چھوڑنے کی بھی قطعاً ضرورت نہیں ......اُسے تو اپنی شہ رگ سے بھی قریب کہیں آس پاس تلاش کرنا چاہیے۔ لیکن آپ کو ایسا نہیں لگتا کہ ہمیں ہمارا ضمیر ہمیشہ اس شعبے، یا اس راستے کی طرف بڑھنے پر مجبور کرتا ہے، جس مٹی سے اُسے اُٹھایا گیا ہوتا ہے۔ مصور کو اگر آپ بڑھئی لگا دیں اور بڑھئی کو مصور کا کام سونپ دیں تو کیا ہوتا ہے؟ کسی

موسیقار کو اینٹ گارا ڈھلائی کرنے والا مزدور بنوا دیں اور کسی مزدور کو کسی نازک پیانو پر لا بٹھائیں تو کیا ہوگا؟...... بات کسی بھی راہ، یا حلیے کے اعلیٰ یا ادنیٰ ہونے کی اور اُسے کسی فرض کو ترک کر کے اختیار کرنے کی نہیں ہے۔ بات رُوح کے قرض کی ہے۔ مجھے ایسا لگا کہ میری رُوح کو اس کام کے لیے جنم دیا گیا ہے اور مجھے اسی میں اپنا سکون، اپنی کاملیت دکھائی دی اور میں اس طرف چل پڑا۔ ٹھیک اُسی طرح جیسے اگر مجھے ڈاکٹر، انجینئر، یا پائلٹ وغیرہ بننے کا جنون ہوتا اور میں اپنے والدین کی مجھے بزنس مین بنانے کی خواہش کو رد کر کے ایسا کوئی شعبہ اختیار کر لیتا تو شاید دنیا کو اتنا عجیب نہ لگتا۔ تب شاید مجھے کچھ طرف سے داد و تحسین بھی ملتی کہ میں نے اپنا اتنا بڑا کاروبار چھوڑ کر اپنے دل کی مانتے ہوئے وہ شعبہ اختیار کیا جس میں میری خوشی تھی اور میری مثالیں دی جاتیں کہ اپنے فن اور شعبے کے لیے قربانی ہو تو ایسی ہو۔ تو کیا مذہب، یا رُوحانیت وہ شعبہ اور وہ فن نہیں ہوسکتا جس کی راہ کا طالب علم بننا میری خوشی ہے......؟ ......بس تو میں نے اپنی خوشی سے ایک شعبہ ہی تو اختیار کیا ہے۔ اور کیا اگر میں ڈاکٹریٹ، یا بزنس مینجمنٹ کے لیے ملک سے باہر جاتا اور چار پانچ سال لگا کر واپس آتا تو کیا تب میں اتنا عرصہ ان رشتوں اور ان سے وابستہ فرائض سے دُور نہ رہتا؟ لیکن تب شاید یہ بھی میرے تمغوں میں مزید ایک تمغے کا اضافہ ثابت ہوتا کہ اپنے شعبے کی تکمیل کے فرض کی خاطر میں نے خونی رشتوں سے دُوری کی قربانی دینے سے بھی اجتناب نہ کیا۔ واپسی پر میرے گلے میں پھولوں کے ہار ڈالے جاتے اور میری سند کو جلی حروف میں میرے نام کی تختی پر کندہ کیا جاتا۔ تو پھر صرف اس راہ پر چلنے والوں پر فرائض سے بھاگنے کا الزام کیوں لگایا جاتا ہے۔ صرف اس لیے کہ شاید اس شعبے میں روپیہ پیسہ کمانے کا کوئی راستہ نہیں...... کیا صرف جس شعبے سے انسان کو لگی بندھی تنخواہ مل سکتی ہو صرف وہی انسان کی کامیابی کی دلیل ہوتا ہے۔ رہی بات حلیے کی تو ہر شعبے کا اپنا ایک یونیفارم بھی ہوتا ہے۔ جس طرح ڈاکٹر سفید کوٹ پہنتے ہیں، انجینئر سائٹ پر جاتے وقت سر پر آہنی ہیلمٹ پہن لیتے ہیں، پائلٹ کاندھے پر پھول سجاتا ہے، اِسی طرح اس شعبے کا بھی اپنا ہی ایک یونیفارم پہلے سے طے ہے۔ آپ سوچیں کہ میں تھری پیس سوٹ میں مزار کا مجاور بنا کیسے لگوں گا......؟ ......بالکل اتنا ہی مضحکہ خیز جتنا اگر میں کسی بزنس ایمپائر کا مینجنگ ڈائریکٹر ہوتے ہوئے سفید کرتے پاجامے میں صبح اُٹھ کر اپنے دفتر جا پہنچوں......؟ یہ سادہ لباس ہی میرے شعبہ کا تقاضہ اور اس پر جچتا ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ صرف سادہ لباس ہی انسان کی رُوحانیت کی تکمیل کا باعث ہے۔ یہ تو ابتدا سے بھی پہلے کے چند لوازمات ہیں تبھی میں نے آپ کو شروع میں ہی بتا دیا تھا کہ فی الحال میں صرف لباس کی تبدیلی تک ہی پہنچ پایا ہوں۔ اب رہا آپ کا آخری سوال کہ رُوحانیت کے اس سفر میں زہرا کی رُوح کو فتح کرنے کا مرحلہ کب آئے گا تو یہ فیصلہ تو میں نے اُسی پر چھوڑ دیا تھا۔ میری رُوح تو پہلے روز ہی اُس کی اسیر ہوگئی تھی۔ یہ فیصلہ اب زہرا کے ہاتھ میں ہے کہ وہ اپنی رُوح کو کب میرے تصرف میں دینے پر خود کو آمادہ کرتی ہے۔ اور یہ زمینی فاصلے کبھی بھی اُس سے دُوری کا احساس نہیں دلا پائے۔ وہ ہر پل میرے ساتھ ہی تو ہوتی ہے۔ یہ طویل تنہائیاں اور یہ جگ راتے میں نے اُس سے باتیں کر کے ہی تو گزارے ہیں۔ ہمارا مسئلہ کبھی جسم کی قربت تو تھا نہیں...... مجھے یقین ہے کہ میری رُوح کی کی ہوئی باتیں اُس تک بھی ضرور پہنچتی ہوں گی......''

میں اپنی بات ختم کر کے چپ ہوگیا۔ لاریب اور بڑی مالکن بھی بہت دیر تک اپنے لفظ جوڑنے کی کوشش کرتی رہیں اور پھر آخر کار میں نے ہی انہیں سہارا دیا۔ ''مجھے اُمید ہے کہ آپ کے سبھی سوالوں کے جواب میں نے دے دیئے ہیں۔ پھر بھی آپ کے دل میں اگر مزید کوئی خلش ہو تو

آپ پوچھ سکتی ہیں۔'' لاریب کچھ کھوئی کھوئی سی تھی۔ ''نہیں...... مجھے اپنی زندگی میں اپنے کسی بھی سوال کے اتنے تسلی بخش جواب نہیں ملے...... آپ نے کوئی تشنگی چھوڑی ہی نہیں میرے واسطے...... لیکن کبھی کبھی اتنی سیرابی بھی ہم جیسوں کے لیے باعث شادی مرگ بن جاتی ہے...... میں شاید اسی وجہ سے اپنے الفاظ کھو چکی ہوں......''

ایسے میں بڑی مالکن نے لاریب کو سہارا دیا۔ حالانکہ مجھے نہ جانے کیوں محسوس ہوا کہ وہ کچھ دیر مزید خاموش رہنا چاہتی تھیں۔ ''تم ایک مختلف نوجوان ہو عبداللہ...... تمہاری راہ بھی مختلف ہے لیکن آج تم نے اپنی راہ کی ہر سچائی کو جس طرح کھول کر بیان کیا ہے اس نے تمہاری قدر ہمارے دلوں میں فزوں تر کر دی ہے...... تم ہمیشہ اپنے اندر اتنی حیرتیں بیک وقت کیسے چھپائے پھرتے ہو۔'' اتنے میں خان صاحب کی بروقت آمد نے مجھے اس مشکل سوال کے جواب سے بچا لیا۔ وہ مصر تھے کہ رات بہت ڈھل چکی ہے لہٰذا آج رات میں یہیں حویلی کے مہمان خانے میں قیام کر لوں لیکن میں نے انہیں اصغر صاحب کی طبیعت کی مجبوری بتائی تو بادل نخواستہ انہیں مجھے اجازت دینی ہی پڑی۔ بشیرا اپنے تانگے سمیت ڈیوڑھی میں ہی موجود تھا کیوں کہ شاید اُسے پہلے ہی وہاں رکے رہنے کا حکم دے دیا گیا تھا۔ میں اُن سب سے رُخصت ہو کر تانگے میں بیٹھا تو لاریب تب بھی کچھ کھوئی کھوئی سی تھی۔ مجھے الوداع کہتے وقت بھی اُس کی نظریں میرے چہرے پر جانے کیا ٹٹول رہی تھیں۔ جیسے اُس کے اندر کوئی بات اُدھوری رہ گئی ہے۔

تانگہ پہاڑی کے پاس آ کر رُکا تو بشیرے نے مجھے پیش کش کی کہ وہ میرے ساتھ درگاہ تک جانا چاہتا ہے کیونکہ سناٹا اور اندھیرا بہت گہرا تھا۔ ''عبداللہ باؤ...... سنا ہے اس پہاڑی کے دوسری پار جنات رہتے ہیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ میں آپ کے ساتھ اُوپر تک آتا ہوں۔ آخر آپ ہمارے خاص مہمان ہو......''

مجھے اس کی بات پر ہنسی آ گئی ''کیوں تم کیا جنات کے داماد لگتے ہو جو وہ تمہیں کچھ نہیں کہتے...... اور پھر اُوپر پہنچنے کے بعد تمہیں بھی تو تنہا ہی نیچے آنا پڑے گا نا...... تو پھر تمہیں چھوڑنے کے لیے کون آئے گا؟...... اس طرح تو ہم ایک دوسرے کو ہی چھوڑنے کے لیے پہاڑی اُترتے چڑھتے رہیں گے اور اسی بھاگ دوڑ میں صبح ہو جائے گی......''

بشیرا بھی میری بات سن کر ہنس پڑا۔ ''واقعی...... اکیلے اُترتے ہوئے تو مجھے بھی ڈر لگے گا۔ چلو پھر اللہ بیلی......'' بشیرے نے تانگہ موڑا اور میں اُس کی جلد بازی پر مسکراتا ہوا پہاڑی کی اُوپر جاتی پگ ڈنڈی پر چڑھنے لگا۔ رات واقعی بہت سرد اور تاریک تھی۔ ان پہاڑی علاقوں میں ایک پہاڑ پر اگر موسلا دھار بارش برس رہی ہو تو اگلی پہاڑی پر دھوپ چمک رہی ہوتی ہے۔ اِسی طرح رات کے وقت بھی دُور کسی پہاڑ پر بار بار بجلی چمک کر اُسے کیمرے کی فلیش کی طرح نیلی روشنی کے جھماکوں سے منور کر رہی تھی جو اس بات کی غماز تھی کہ دوسرے پہاڑ کے جانب بارش برس رہی ہے۔ کبھی کبھی ہوا کے دوش پر بادلوں کے گرجنے کی آواز بھی کان میں پڑ جاتی تھی۔ میں لاریب کے سوالوں پر غور کرتا ہوا اُوپر چڑھا جا رہا تھا۔ کچھ ہی دیر میں سردی کی شدت اور میرے تیز ہانپنے جیسے سانس کی وجہ سے میرے منہ سے بھاپ نکلنے لگی جیسے میں ہر سانس کے ساتھ سگریٹ کا بہت سا لگا ہوا دھواں اُگل رہا ہوں۔ جیسے جیسے درگاہ قریب آتی جا رہی تھی ویسے ویسے کہر ابڑھتا جا رہا تھا۔ اچانک عقب میں ایک آہٹ سی ہوئی۔ میرے بڑھتے قدم رُک گئے اور میں نے پلٹ کر دیکھا لیکن پیچھے کوئی نہیں تھا۔ میں نے پھر قدم اُٹھائے اور پھر وہی آہٹ ہوئی۔ میں پھر رُکا اور میں نے صاف محسوس کیا کہ کوئی میرے

ساتھ ہی رُک گیا ہے۔لیکن کون......؟ کیوں کہ وہاں تو دُور دور تک صرف اندھیرے کا راج تھا۔ میں نے پھر سر جھٹک کر چلنا شروع کیا اور اس بار مجھے اپنی دھونکی جیسی چلتی سانس کے ساتھ کسی اور کے سانس لینے کی آواز بھی سنائی دینے لگی۔ دفعتہً بجلی کا دُور کہیں ایک اور جھما کا ہوا اور دائیں جانب والی چٹان کے اُوپر مجھے کسی اکڑوں بیٹھے ہوئے شخص کا ہیولہ سا دکھائی دیا جس کی سرخ انگارہ آنکھیں دُور چمکتی بجلی کی منعکس روشنی میں پل بھر کو چمکیں اور پھر دوبارہ گھٹا ٹوپ اندھیرا چھا گیا۔ میرے ماتھے سے پسینہ پھوٹا اور پل بھر میں میری کن پٹی سے ہوتا ہوا کان کے پیچھے سے لو تک پہنچ گیا۔ میں نے اندھیرے میں آنکھیں پھاڑ کر دیکھا لیکن چٹان خالی پڑی تھی۔ وہ میرا واہمہ تھا، یا وہ وہی تھا؟ میں نے کچھ دیر وہیں رُک کر سانس بحال کی اور پھر لمبے لمبے ڈگ بھرتا ہوا درگاہ کے احاطے تک پہنچ گیا۔ اصغر صاحب کے کمرے کی لالٹین جل رہی تھی اور روشنی ملگجے شیشوں سے باہر صحن میں جھلک رہی تھی۔ میں نے پہلے آگے بڑھ جانے کا ارادہ کیا لیکن پھر یہ سوچ کر کہ نہ جانے اتنی رات کو وہ کیوں بیدار ہیں، اُن کے کمرے کی جانب بڑھ گیا۔ میں نے دروازے پر ہلکی سی دستک دی۔ اُن کی آواز اُبھری "آجاؤ عبداللہ میاں......دروازہ کھلا ہے......" میں اندر داخل ہو گیا۔

"آپ ابھی تک سوئے نہیں......؟......اور آپ کو کیسے پتا چلا کہ باہر دروازے پر میں ہی ہوں۔" وہ ہلکے سے مسکرائے "یہاں اور کون آئے گا بھلا اس آدھی رات کے وقت؟......وہ شیطان کا چیلا تو اس احاطے میں آنہیں سکتا کیونکہ بقول اُس کے یہاں مدفون نیک بزرگ کی وجہ سے اُس کی احاطے میں بندش ہے۔ لہٰذا میں نے سوچا تم ہی ہو سکتے ہو۔ کیسی رہی تمہاری دعوت؟ بھئی یہ کریم خان صاحب کی حویلی والے تو تم پر بہت مہربان لگتے ہیں۔ ذرا دھیان رکھنا، کہیں تمہارے لیے کوئی بیڑیاں نہ تیار کر رکھی ہوں......"

میں اُن کا اشارہ سمجھ کر ہنس دیا "نہیں ایسی کوئی بات نہیں......وہ جانتے ہیں میں پہلے ہی اپنا آپ بندھوا کر یہاں تک پہنچا ہوں۔" پھر میں نے انہیں راستے میں ہوئے ماجرے اور اُن جلتی انگارہ آنکھوں کا سارا حال بھی سنا ڈالا۔ اصغر صاحب میری بات سن کر بے حد متفکر ہو گئے۔

"یہ ضرور وہی ہو گا......لیکن وہ تمہارے پیچھے کیوں پڑ گیا ہے......؟ عبداللہ میاں تمہیں بہت احتیاط کی ضرورت ہے......وہ بہت خطرناک مخلوق ہے......" میں نے کچھ سوچ کر کہا "لیکن آپ نے اپنی پوری داستان مجھے سنائی ہے......اس سے یہ کہیں ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ خواہ مخواہ کسی کو نقصان پہنچاتا ہو۔ آپ سے بھی دوستی کے لیے اُس نے پہلے آپ سے اجازت لی۔ خود کو آپ پر طاری کرنے کی کوشش نہیں کی......اور پھر اگر اُسے مجھے نقصان ہی پہنچانا ہوتا تو وہ میرے جبل پور کے سفر کے دوران ٹرین میں میری بے خبری میں بھی مجھ پر وار کر کے مجھے پہنچا سکتا تھا۔ پھر اُس کے لیے اس قدر انتظار کیوں......؟"

"ہاں......یہی بات تو سمجھ نہیں آ رہی۔ بہرحال مجھے نہ جانے کیوں ایک دم ہی بہت فکر ہونے لگی ہے تمہاری۔" میں نے انہیں تسلی دی کہ میں محتاط رہوں گا لیکن نہ جانے کیوں میں خود اندر سے بہت بے چین تھا۔ میرے لبوں پر وہ سوال آ ہی گیا جو میں اصغر صاحب سے چاہتے ہوئے بھی نہیں پوچھ رہا تھا۔ "لیکن آپ نے کیا یہ سوچا ہے کہ وہ آپ کو کس آگ میں جھونکنے جا رہا ہے۔ کسی انسان کا قتل معمولی بات تو نہیں......پوری انسانیت کا قتل ہے......کیا آپ یہ بھیانک جرم کر پائیں گے۔" اصغر صاحب نے میری بات سن کر لمبا سا سانس لیا۔ "ٹھیک کہتے ہو......لیکن جب انسان خود ہر پل مر رہا ہو، اذیت سے اپنا آپ قتل ہوتا ہوا محسوس کرتا ہو تو پھر ایسے میں ایسا ایک قتل اُسے بہت آسان لگنے لگتا ہے۔ میں یہ آخری جرم کرنے کے

بعد جس عذاب سے نجات پالوں گا اس کا اندازہ لگانا بھی محال ہے۔ مجھے اُس لامتناہی عذاب کے سلسلے کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے لیے اس آخری عذاب سے گزرنا ہی ہوگا۔ کیونکہ میرے پاس اور کوئی چارہ نہیں۔ یہی میرے معاہدے کی آخری شق اور آخری شرط ہے۔''

میں اصغر صاحب کو اُسی سوچ میں چھوڑ کر اپنے کمرے میں چلا آیا۔ رات ڈھلنے ہی والی تھی۔ لہٰذا میں نے سونے کا ارادہ ترک کر دیا۔ اور یونہی بستر پر لیٹ کر کروٹیں لینے لگا اور پھر تبھی میرے ذہن میں ایک جھماکا سا ہوا'' کہیں ایسا تو نہیں کہ چھلاوے کے اختیارات اُس کی حد بھی مقرر ہو اور اُسے بھی اپنی کچھ خواہشات سرانجام دینے کے لیے کسی انسانی جسم کی ضرورت پڑتی ہو۔ تبھی وہ اصغر صاحب سے یہ قتل کروانا چاہتا ہے؟......لیکن کس کا قتل......'' اور پھر تبھی میرے ذہن میں اس جان لیوا خیال کا دوسرا جھماکا ہوا۔

''کہیں وہ مستقبل کا مجوزہ مقتول میں خود ہی تو نہیں ......؟ ......اصغر صاحب کو کہیں وہ چھلاوہ میرے ہی قتل کا حکم تو نہیں دینے والا ......؟ ......اور کیا پتا حکم دیا بھی جا چکا ہو اور اب صرف صحیح وقت پر عمل پیرا ہونا ہی باقی نہ رہ گیا ہو......؟

❁......❁

# پھر وہی محبت

جانے وہ کیسا خیال تھا کہ اُس نے میرے ذہن میں کچھ یوں جڑ پکڑی کہ میں پھر دن چڑھے تک اُسی سوچ کے تانے بانوں میں اُلجھا رہا۔ کئی بار جی میں آیا کہ اس قدر جی جلانے کی کیا ضرورت ہے۔ سیدھے جا کر اصغر صاحب سے ہی پوچھ لینا چاہیے کہ اگر میں ہی اُس چھلاوے کا مرکوزِ نظر ہوں تو پھر دیر کیسی؟...... لیکن نہ جانے کیوں ہر بار پوچھتے پوچھتے رُک جاتا۔ دو دن اسی اُدھیڑ بن میں ہی گزر گئے۔ تیسرے دن اصغر صاحب صبح کی کوسی دھوپ سینکنے کے لیے انگور کی بیلوں کے سامنے دریوں پر دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھے نہ جانے کن سوچوں میں گم تھے، میں دُور کھڑا پرندوں کو دانہ ڈالتے ہوئے کن اکھیوں سے انہیں دیکھ رہا تھا کہ انسان کو قسمت کیا کیا روپ بدلنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ میں نے زندگی میں قاتل تو بہت دیکھے تھے لیکن ایسا شخص کبھی نہیں دیکھا تھا جو اگلے چند روز میں قاتل بننے جا رہا ہو۔ اتنے میں نیچے گھاٹی میں بشیرے کے تانگے کا مخصوص بھونپو بجا۔ میں چونکا کیوں کہ آج نہ تو جمعرات تھی اور نہ ہی حویلی میں سے کسی مکین کے آنے کا کوئی امکان تھا۔ میں نے درگاہ کی دیوار سے نیچے دیکھا تو لاریب اپنے وجود کو بڑی سی کالی چادر میں لپیٹے تانگے سے اُترتی دکھائی دی۔ کرم دین حسب معمول اپنی بڑی سی ڈانگ سنبھالے اپنی چھوٹی بی بی کے آگے آگے بھاگا چلا آ رہا تھا۔ لاریب......؟ آج......؟ یہاں......؟ اور اس طرح اچانک......؟ ...... مجھے کچھ سمجھ نہیں آیا۔ وہ کچھ ہی دیر میں درگاہ کے احاطے تک پہنچ گئی اور اُس نے صحن میں کھڑے کھڑے ہی دعا کر کے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا اور میری جانب چلی آئی۔ دھوپ اور اُونچائی پر چڑھنے کی وجہ سے اُس کا گلابی چہرہ سرخ ہو رہا تھا اور اُس کے ناک کا لونگ کسی سرخ یاقوت میں جڑا کوئی نگ لگ رہا تھا۔ پسینے کی چند ننھی منھی سی بوندیں اُس کی روشن جبیں پر موتیوں کی طرح چمک رہی تھیں اور اُس کی سیاہ آنکھوں میں بیک وقت کچھ اُلجھن، کچھ بے چینی اور کچھ حیا کا عنصر دکھائی دے رہا تھا۔ مجھے یوں لگا کہ وہ یہاں تک آ تو گئی ہے لیکن اپنے سارے لفظ نیچے گھاٹی میں چھوڑ آئی ہے۔ میں نے اُس کی مشکل آسان کر دی۔ "کیوں لاریب بی بی کوئی سوال رہ گیا تھا کیا......"

وہ بھی مسکرا دی۔ "نہیں...... یہ تو میں نے اُسی دن بتا دیا تھا کہ آپ نے میرے سوالوں کی سرزمین کو کچھ ایسا سیراب کیا ہے کہ ہر تشنگی مٹا دی ہے۔ لیکن نہ جانے کیوں اُس رات کے بعد میں خود ایک سوال بنتی جا رہی ہوں۔ ایک عجیب سی کسک، ایک ان چاہی سی بے چینی ہے۔ میری رُوح مجھے کسی طرف ٹک کر بیٹھنے نہیں دے رہی۔ ایسے لگتا ہے جیسے میرے جسم کے پنجر میں پھڑ پھڑا رہی ہے۔ اس کی اُڑان جانے کس سمت کی ہے۔ آج بہت بے چین ہوئی تو یہاں درگاہ پر تنہا ہی دعا کے لیے چلی آئی۔ امی کو میں نے خود اپنے ساتھ آنے سے منع کر دیا۔ ویسے بھی رات سے اُن کی طبیعت کچھ بھاری سی تھی، لیکن نہ جانے کیوں میں تنہا ہی یہاں آنا چاہتی تھی۔ حالانکہ خان جی کو میرا یوں کہیں تنہا آنا جانا پسند نہیں ہے۔ لیکن میں نے اُن سے بھی کسی طور اجازت لے ہی لی۔ پر اب یہاں آ کر میں پھر اُسی شش و پنج میں ہوں کہ میں یہاں کھڑی کیا کر رہی ہوں......؟ آپ ہی بتائیں میں کیا

کروں؟''میں نے غور سے اُس کی جانب دیکھا وہ اپنی بات پوری کرتے کرتے ہانپنے لگ گئی تھی۔ جیسے اپنے اندر چلتی کش مکش کو جلد از جلد مجھ پر عیاں کرنا چاہتی ہو۔

''ایسا ہم سب کے ساتھ اکثر ہوتا ہے۔ یہ کوئی انہونی تو نہیں ہے۔ آپ نے ابھی اپنی تعلیم مکمل کر کے اپنی آئندہ زندگی کے لیے کوئی راہ چننی ہے...... کبھی کبھی ہم سبھی اس درمیانی دور میں یہ خالی پن محسوس کرتے ہیں۔ منزل کا نشان ملنے تک ایسے دور زندگی میں آتے ہی رہتے ہیں۔ آپ کے اندر کی کھوج آپ کو بے چین رکھتی ہے اور بظاہر سامنے کوئی سنگ میل تک نظر نہ آنے کی وجہ سے ہم اُکتانے لگتے ہیں مجھے اُمید ہے کہ باقی سب کی طرح آپ کا بھی یہ دور عارضی اور چند روزہ ہوگا۔'' وہ کچھ دیر میری جانب دیکھتی رہی۔ ''خدا کرے ایسا ہی ہو۔ آپ حویلی جلد چکر لگا یئے گا۔ خان جی اور امی آپ کو بہت یاد کرتے ہیں۔''

وہ مجھ سے رُخصت ہو کر پلٹ کر چل دی۔ اُس کے جانے کے بعد اصغر صاحب اُٹھ کر میری جانب آ گئے۔ انہوں نے لاریب کو درگاہ کے احاطے سے نکلتے دیکھ کر کہا ''یہ کریم خان صاحب کی بیٹی تھی نا...... کیا کہہ رہی تھی۔''

''کچھ نہیں...... بس دعا مانگنے کے لیے آئی تھی۔''

اصغر صاحب نے میری جانب غور سے دیکھا ''کیا تم نے کچھ محسوس نہیں کیا، یا جان بوجھ کر انجان بننا چاہ رہے ہو۔''

میں نے حیرت سے اُن کی طرف دیکھا ''میں کچھ سمجھا نہیں...... میں نے کیا محسوس نہیں کیا......؟'' اصغر صاحب نے لاریب کی راہ گزر پر یوں نظر ڈالی جیسے وہ ابھی تک درگاہ میں ہی موجود ہو، حالانکہ اُسے نکلے دیر ہو چکی تھی۔ ''یہ لڑکی تم سے محبت کرنے لگی ہے عبداللہ میاں...... حیرت ہے تمہیں اس بات کا اندازہ کیوں نہیں ہوا۔ حالانکہ کوئی اندھا بھی اس کی حالت دیکھ کر یہ سمجھ سکتا ہے کہ اُس کے دل میں تیر گڑھ چکا ہے...... تمہاری محبت کا اندھا تیر......''

میں اصغر صاحب کی بات سن کر یوں ڈر کر ایک قدم پیچھے ہٹ گیا جیسے اُنہوں نے زبان سے بات نہیں، اپنی پٹاری سے کوئی سنپولیا نکال کر میری جانب اُچھال دیا ہو۔

''یہ آپ کیا کہہ رہے...... ایسا نہیں ہو سکتا...... وہ اچھی طرح جانتی ہے کہ میں کسی اور سے محبت کرتا ہوں۔''

اصغر صاحب میری بات سن کر یوں مسکرائے جیسے کوئی کسی بچے کے منہ سے کوئی معصومانہ سی بات سن کر مسکراتا ہے۔ ''تو اس سے کیا فرق پڑتا ہے......؟ تم کسی اور سے محبت کرتے ہو، اس بات سے اُس کے دل میں جنم لینے والے کسی جذبے کا کیا تعلق ہے؟ یاد رکھو...... محبت ہم بے بس انسانوں کا کچھ اِسی طرح پیچھا کرتی رہتی ہے جیسے کسی گھنے اندھیرے جنگل میں چلایا ہوا کسی ظالم شکاری کا اندھا تیر اپنی زد میں آئے ہوئے کسی معصوم غزال کا پیچھا کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ہم بھولے بھالے انسان بھی اُسی سیدھ میں بھاگنے کی کوشش کرتے جس طرح وہ بڑی بڑی حیرت زدہ آنکھوں والا غزال بنا دائیں بائیں مڑے، بس سیدھا ہی بھاگ اُٹھتا ہے، لیکن تیر کی رفتار سے جیت نہیں پاتا اور آخر کار اپنی شہ رگ میں وہ تیز خنجر جیسا تیر پیوست کروا کر وہیں کسی گہری کھائی میں گر کر دم توڑ دیتا ہے۔ مرنے سے کچھ لمحے پہلے خون کا آخری تیز فوارہ اُس کی شہ رگ سے چھوٹتا ہے اور وہ غزال اپنی رُوح نکلنے کی

تڑپ میں اپنے پیر پتھریلی چٹان پر بے تابی سے رگڑتا ہے۔ ٹھیک اُسی طرح آج یہ لڑکی بھی اپنی ایڑھیاں رگڑنے اس پتھریلی درگاہ پر آئی تھی۔ اُس کی شہ رگ سے گرم خون کا آخری فوارہ جاری ہو چکا ہے۔ اور اُس کی رُوح دھیرے دھیرے نکل رہی ہے...... اب دیکھو کب......''

میں نے چلا کر اُن کی بات کاٹ دی۔ ''یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں...... وہ بہت معصوم ہے...... میں ہرگز نہیں چاہوں گا کہ میری وجہ سے ایسی کوئی بھی اذیت کبھی بھی اُسے پہنچے...... آپ کو ضرور کوئی غلط فہمی ہوئی ہے...... وہ جان بوجھ کر اس آگ میں نہیں کود سکتی......''

لیکن اصغر صاحب کا سفاک لہجہ اُسی طرح میری سماعت میں برچھیاں گھونپتا رہا۔

''میں نے کہا نا، اس میں تمہارا، یا اُس معصوم لڑکی کا کوئی قصور نہیں...... خطاوار تو صرف محبت ہے...... ہاں...... وہی محبت کا اندھا تیر...... جس کو چلانے والے ہاتھ اور کمان سے شست باندھنے والی آنکھ اس بے رحم تقدیر کی ہوتی ہے جس پر ہمارا اختیار بھی نہیں چلتا......''

میں اب بھی اُلجھن میں تھا۔

''لیکن...... لیکن آپ یہ سب اتنے یقین سے کیسے کہہ سکتے ہیں......''

''کچھ باتیں جاننے کے لیے کسی خاص تجربے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ لیکن میں اس لیے بھی پُریقین ہوں کہ پچھلے ایک سال میں میں نے چہرے پڑھنا خوب اچھی طرح سیکھا ہے۔ اس لڑکی کا چہرہ تو ویسے بھی ایک کھلی کتاب کی طرح ہے۔ تم شاید اپنی آنکھوں پر اس خاندان کے احترام کی بندھی پٹی کی وجہ سے اُس کا چہرہ پڑھ نہیں سکے، یا پھر تم نے شاید یہ سمجھ لیا ہے کہ چونکہ وہ تمہاری کہانی سے آگاہ ہے لہٰذا اُس کا دل تمہاری جانب مائل نہیں ہوگا۔ عبداللہ میاں...... یہ لڑکیاں من کی بالکل کچی گریاں ہوتی ہیں۔ ذرا سے دباؤ سے چٹخ جانے والی اور پھر کبھی نہ جڑنے والی گریاں...... اس لڑکی کا کومل من بھی کہیں نہ کہیں سے چٹخ گیا ہے...... اب اس کے دل کی نازک اور کچی گری کو سوکھنے اور برباد ہونے سے کوئی نہیں روک سکتا...... وہ خود بھی نہیں......''

اصغر صاحب میرے اُوپر بجلیاں گرا کر واپس اندر اپنے کمرے کی جانب پلٹ گئے۔ لیکن مجھے نہ باہر کا چھوڑ گئے اور نہ ہی میں اپنے اندر چھپنے کی کوئی جگہ پا رہا تھا۔ کاش انہوں نے جو کچھ بھی کہا وہ صرف اور صرف اُن کا ایک اندازہ ہو اور ایسا کوئی بھی طوفان لاریب کے اندر نہ پنپ رہا ہو۔ اُس کی ہنسی سے تو اُس کی حویلی ہی کیا پورا جبل پور ہی سدا روشن رہتا تھا۔ وہ اور اُس کی معصوم شرارتیں تو اُس کے ماں باپ کی سانسیں بڑھانے کا باعث تھیں۔ اپنی اس چھوٹی مالکن کی مسکراہٹ اور کلکاریاں ہی تو حویلی کے سبھی نوکروں کا خون بڑھاتی تھیں۔ ایسی زندہ لڑکی کو محبت کا منحوس گہن لگ جائے...... نہیں نہیں...... اس سے پہلے خود مجھے اپنا وجود لے کر یہاں سے کہیں دُور چلا جانا چاہیے...... لیکن...... میں جاؤں بھی تو کہاں...... یہ سلطان بابا بھی مجھے یہاں بھیج کر جیسے بھول ہی گئے ہیں۔ میں نے اُسی شام ساحل والی درگاہ کے نئے عبداللہ یعنی نعمان کو ایک تفصیلی خط لکھ ڈالا کہ جیسے بھی ہو وہ سلطان بابا تک میرا یہ پیغام پہنچا دے کہ میں اُن کا بے حد بے چینی سے یہاں جبل پور والی درگاہ پر انتظار کر رہا ہوں۔ میں وہ خط شام ہی کو نیچے گاؤں میں پوسٹ ماسٹر صاحب کے حوالے کر آیا کہ اُسے کل کی ڈاک میں ضرور نکال دیں۔ رات بھر اسی بے کلی میں بستر کی شکنیں بڑھاتا رہا لیکن اس سے کہیں زیادہ شکنیں میری منہ زور سوچ میرے ماتھے پر ڈالتی رہی۔

کہتے ہیں خدشے اور وسوسے حد سے زیادہ بڑھ جائیں تو رفتہ رفتہ حقیقت کا روپ دھارنے لگ جاتے ہیں۔ اگلے دن خان صاحب نے

بشیرے کے ہاتھ پیغام بھجوا دیا کہ درگاہ کی سالانہ زکوٰۃ بٹائی کا وقت ہو چلا ہے لہٰذا میں سہ پہر تک آ کر اُن سے سارے پیسے، مستحقین کی فہرست اور پتے اور تقسیم کا طریقہ کار وغیرہ جمع کرتا جاؤں تا کہ اگلے دن سے یہ کام شروع کیا جا سکے۔ میں سہ پہر کو وہاں پہنچا اور ہم شام پانچ بجے تک سارا طریقہ کار طے کر چکے تھے۔ خان صاحب کے کچھ مہمان بھی آ گئے تھے لہٰذا میں اُن سے اجازت لے کر واپسی کے لیے باہر نکل آیا۔ بشیرے کو میں نے تانگہ نکالنے کا کہا۔ آج میں مردانے میں خان صاحب کے ساتھ بیرونی ڈیوڑھی کے مہمان خانے میں ہی بیٹھا رہا تھا۔ لہٰذا ایک بار جی میں آیا کہ کرم دین سے کہلوا کر اندر بڑی مالکن کو سلام بھجوا دوں۔ لیکن پھر نہ جانے کیا سوچ کر میں نے خود کو روک لیا اور پلٹ کر تانگے کی طرف چل دیا۔ لیکن ابھی میرا ایک پاؤں تانگے کی پچھلی سیٹ کے پائیدان پر ہی تھا کہ لاریب نہایت عجلت میں اندر سے نکل کر ہماری جانب آتی ہوئی نظر آئی۔ وہ اتنی بدحواس سی تھی کہ ٹھیک طرح سے میرے سلام کا جواب بھی نہیں دے پائی۔ ''آپ جا رہے ہیں......؟ امی سے نہیں ملیں گے......؟ میرا مطلب ہے یوں اچانک......؟ میں تو سمجھ رہی تھی کہ آپ حویلی آئے ہیں تو سب سے مل کر جائیں گے......''

''جی خان صاحب نے کچھ کام دیئے ہیں سوچا پہلے اُن کو نپٹا لوں تو پھر بڑی مالکن کی خدمت میں بھی سلام عرض کرنے آ جاؤں گا...... بہر حال آپ میری جانب سے اُنہیں آداب ضرور کہہ دیجیے گا۔''

وہ کچھ بے چین سی تھی۔ ''آپ پھر کب آئیں گے......؟ میرا مطلب ہے مجھے آپ سے بہت سی باتیں کرنی ہیں...... لیکن نہ جانے جب کبھی موقع ملتا ہے تو ذہن میں سب کچھ اُتھل پتھل سا کیوں ہو جاتا ہے اور پھر آپ کے جانے کے بعد خود کو کوستی رہتی ہوں کہ آپ سے ٹھیک طرح بات کیوں نہیں کر پائی۔ اُس روز اتنی دُور چل کر درگاہ بھی آئی لیکن وہاں بھی بات اُدھوری ہی رہی......''

لاریب جب بے چین سی، بار بار اپنے سر پر دوپٹہ ٹھیک کرتی اور اپنی نازک سی کلائی میں پڑا ہوا وہ سنہری کڑا ابار بار گھما رہی تھی تو نہ جانے مجھے اس میں وہ پہلی ملاقات والی لاریب کہیں بھی جھلکتی نظر نہیں آئی۔ یہ تو کوئی اور لاریب تھی جس کی ہنسی کی جڑوں میں محبت کا دیمک اپنا اثر دکھانے لگا تھا۔ اُس کی گلابی رنگت میں محبت کا نیلا زہر دھیرے دھیرے شامل ہوتا جا رہا تھا اور اُس کی نسوں میں بہتے سرخ خون میں عشق نامی زہریلے مادے کی سورج مکھی جیسی زرد رنگت کی ملاوٹ اب اُس لڑکی کے چہرے سے جھلکنے لگی تھی۔ میرا دل چاہا کہ میں اُس کا ہاتھ پکڑ کر اُسے اپنے ساتھ تانگے کی پچھلی نشست پر بیٹھا لوں اور اُسے شہتوت کے درختوں والی اس جھرنا بہتی سڑک کے کسی پُرسکون کنارے لے جا کر اُس سے صرف اتنا کہوں کہ ''دیکھو...... یہ زندگی ہے...... یہ تم ہو...... اپنے اندر کی اس پُرشور بہتے جھرنے جیسی زندگی کو کسی بھی ایسے جذبے کے نام گروی مت رکھ دینا کہ تمہارے اندر بہتی جیتی جاگتی زندگی کے سوتے ہی خشک ہو جائیں۔'' لیکن میں اُسے یہ سب کہہ نہ سکا اور میری زبان سے صرف اتنا ہی نکل سکا۔ ''آپ جب بھی چاہیں مجھے طلب کر سکتی ہیں۔ درگاہ اتنی دُور تو نہیں...... اور پھر میں کم از کم آپ سے ہمیشہ یہی توقع رکھتا ہوں کہ آپ اپنی کسی بھی ذہنی اُلجھن کو دل میں دبائے نہیں رکھیں گی...... اور جب بھی آپ کا من چاہے گا آپ اُسے بانٹ لیں گی...... یا ابھی تک آپ نے مجھے صرف مہمانوں کی فہرست میں ہی سجا رکھا ہے......؟''

میری بات سن کر اُس کے چہرے پر چھائے فکر کے بادل کچھ حد تک چھٹ گئے اور وہ ہلکے سے مسکرا دی۔ مجھے یوں لگا جیسے کچھ دیر کے لیے

گھنی بدلیوں کی اوٹ سے سورج نے جھلک دکھلائی ہو۔ ’’نہیں...... مہمانوں کی فہرست سے تو میں کب کا آپ کو نکال چکی۔ آپ سے کچھ پوچھنا تھا۔ کیا میری کبھی زہرا سے ملاقات ہو سکتی ہے؟ میں انہیں دیکھنا چاہتی ہوں۔ جانے وہ کیسی ہوں گی......؟ جن کی ایک جھلک نے ہی آپ کی زندگی بدل دی...... میں دیکھنا چاہتی ہوں کہ کیا کوئی اپنے اندر ایسا اثر بھی رکھتا ہے کہ پل بھر میں کایا پلٹ دے...... کیا آپ اُن سے مجھے ملوائیں گے......‘‘

مجھے اُس کے بھولے پن پر ہنسی آ گئی۔ ’’ضرور ملواؤں گا...... اور ایک بات یاد رکھیے گا کہ ہم میں سے ہر ایک کے مقدر میں ایسی ایک نظر ضرور ہوتی ہے جو ہماری کایا پلٹ کر رکھ دے۔ اب یہ ہماری اپنی کوتاہ نظری ہے اگر ہم اپنے نصیب کی اس ایک نظر کو بھی برت نہ سکیں۔ اور یہ بھی سچ ہے کہ خود ہماری اپنی نظر بھی کسی نہ کسی اور کے لیے ویسی ہی تاثیر رکھتی ہے۔ کون جانے ہم خود کس لمحے کس کی زندگی بدل رہے ہوتے ہیں۔ لیکن ہمیں خود بھی اس کی خبر نہیں ہو پاتی...... شاید نظر کا یہ سارا کھیل ہی آنکھ مچولی کا ہے۔‘‘

وہ غور سے میری بات سنتی رہی۔ جانے وہ میرے لفظوں کے در پردہ معنی تک پہنچ سکی، یا نہیں لیکن اتنے میں اندر سے بڑی مالکن کا لاریب کے لیے بلاوا آ گیا۔ خود مجھے بھی اُس کا یوں اتنی دیر تک بیرونی ڈیوڑھی میں کھڑے رہنا کچھ بہتر نہیں لگ رہا تھا۔ وہ واپسی کے لیے پلٹنے سے قبل چند لمحوں کے لیے رُکی ’’آپ ٹھیک کہتے ہیں...... لیکن یہ بھی ہماری بدنصیبی نہیں ہوتی کہ نظر کے اس پورے کھیل میں قدرت سارے کے سارے پتے اپنے پاس ہی رکھتی ہے...... اور خود ہم نظر کو سہنے، یا نظر ڈالنے والوں کی حیثیت صرف ایک تماشائی کی سی ہوتی ہے...... نہ تو اپنے مقدر کی نظر کو برتنا ہمارے اپنے اختیار میں ہوتا ہے اور نہ ہی کسی اور کے نصیب میں لکھی ہماری اپنی نظر کو ہم روک سکتے ہیں...... ہمیں ہوش تب آتا ہے جب ہم اپنا سب کچھ لٹا چکے ہوتے ہیں، یا پھر خود کسی کے مقدر کے قزاق بن کر اُسے لوٹ لیتے ہیں...... آپ کے پاس پھر کبھی وقت ہوا تو ہم اس موضوع پر دوبارہ بات ضرور کریں گے......‘‘ وہ خدا حافظ کہہ کر پلٹ کر چل دی۔ بشیرے نے بھی تانگے کو ایڑھ لگا دی اور دُور ہوتی حویلی کے اُونچے بُرج بھی رفتہ رفتہ دُھندلے پڑنے لگے لیکن مجھے اصغر صاحب کی کہی باتیں یاد آنے لگیں۔ مجھے اِن جذبوں کی طاقت سے ڈر لگنے لگا تھا۔ کیا یہ جذبے اتنے منہ زور بھی ہو سکتے ہیں کہ ہمارے خون میں شامل ہو کر ہمارے اندر کو بھی تہس نہس کر دیں؟ ہمارے اندر کی طبعی حالت کو ہی بدل کر رکھ دیں؟ ہماری شخصیت کے رُخ پلٹ دیں؟ کیا ان جذبوں کی اپنی بھی کوئی کیمیائی تاثیر ہوتی ہے جو پل بھر میں ہمیں بخار میں پھنکا دیتی ہے اور سخت گرمی میں ہم سرد ہو کر لرزنے لگتے ہیں؟

اگلے دو دن اِسی کش مکش میں گزر گئے۔ تیسرے دن صبح سویرے ڈاکیے کی سائیکل کی مخصوص گھنٹی نیچے بجتی سنائی دی۔ مجھے خوشگوار سی حیرت ہوئی کیوں کہ ابھی دو دن پہلے ہی میں نے عبداللہ میاں کو تفصیلی خط لکھا تھا لیکن اس کا جواب دو ہفتے سے پہلے ملنے کی اُمید نہیں تھی کیوں کہ اس دُور دراز علاقے میں ڈاک کا نظام اس قدر تیز رفتار نہیں تھا کہ کوریئر سروس کی طرح دوسرے ہی دن ڈاک ملک کے کسی بھی کونے میں پہنچا دے۔ تو پھر یہ خط کس کا آیا ہوگا۔ کچھ ہی دیر میں ڈاک بابو اُوپر آ پہنچا۔ خط میرا ہی تھا اور مجھ سے پہلے والے عبداللہ کی جانب سے تھا۔ اُس نے اپنی اور سلطان بابا کی خیریت سے آگاہ کیا تھا اور میرے لیے خوش خبری یہ تھی کہ سلطان بابا کا کچھ دنوں میں جبل پور آنے کا ارادہ تھا۔ مطلب یہ کہ میں نے نعمان کو خط لکھ کر جس خواہش کا اظہار کیا تھا قدرت نے ساحلی درگاہ پر میرا خط پہنچنے سے پہلے ہی وہ دعا قبول کر لی تھی۔ میں نے سوچ لیا تھا کہ سلطان بابا کے آتے ہی اُن سے اجازت لے کر جبل پور سے کہیں آگے نکل جاؤں گا۔ اس سے پہلے کہ لاریب کے اندر کی بے چینی کوئی واضح رُخ اختیار کرے۔ مجھے اُس کی

نظروں سے اوجھل ہو جانا ہی بہتر لگ رہا تھا۔ جانے کیوں اس لمحے مجھے زہرا بہت ٹوٹ کر یاد آئی اور مجھے لمبے سفر میں شدید تھکن کا احساس ہونے لگا۔ دراصل مجھے اب ڈر لگنے لگا تھا۔ سنٹرل جیل میں سکندر کی پھانسی سے لے کر یاقوط کے ہتھیار ڈالنے تک میں نے اس محبت نامی جذبے کی تباہ کاریاں خود اپنی آنکھوں سے دیکھی تھیں اور پھر میں تو خود اس منہ زور جذبے کی اندھی طاقت کا ایک چلتا پھرتا ثبوت تھا۔ لیکن میں اب یہ ہرگز نہیں چاہتا تھا کہ کوئی اور معصوم اس آتشی جذبے کے تیزاب کی زد میں آکر اپنا آپ جھلسا ڈالے۔ لیکن بات اگر صرف ہمارے چاہنے اور نہ چاہنے کی ہی ہوتی تو پھر بات ہی کیا تھی۔ یہاں تو ہر فیصلہ پہلے ہی سے طے شدہ اور ایک لفافے میں مہر بند ہمیں ملتا تھا۔

اصغر صاحب اس روز صبح سویرے ہی اُٹھ کر کہیں نکل چکے تھے۔ جب ڈاکیے نے مجھے خط دیا تو اُس وقت میں درگاہ میں اکیلا ہی تھا۔ لیکن آج میں نے طے کیا تھا کہ اصغر صاحب کی واپسی پر اُن سے اُن کی اس ''پُراسرار'' آوارہ گردی کا راز ضرور پوچھوں گا۔ انہوں نے مجھے بتایا تھا کہ چھلاوہ اُن سے دن کی روشنی میں کم ہی ملتا ہے اور زیادہ تر وہ شام کے بعد ہی اُن پر واضح ہوتا ہے۔ لہٰذا اُن کی اس یاترا کا مقصد کچھ اور ہی ہو سکتا ہے۔

لیکن اس روز وہ نہ جانے کہاں نکل گئے تھے کہ پہلے دوپہر اور پھر عصر کا وقت بھی گزر گیا لیکن اُن کی واپسی نہ ہوئی۔ عصر کے بعد آسمان پر اُڑتے بادلوں نے گلے ملنا شروع کر دیا اور کچھ ہی پلوں میں سب ہی کے درمیان سازش ہونے لگی کہ کس غریب کی کچی چھت پر برس کر اُسے ستایا جائے۔ بادلوں کے درمیان ہوتی سرگوشیاں آہستہ آہستہ بلند آواز بحث میں تبدیل ہونے لگیں اور اس گڑگڑاہٹ کی آواز نیچے ہم زمین والوں تک بھی پہنچنے لگی۔ موسم کے تیور کچھ اچھے نہیں لگ رہے تھے اور فی الحال اصغر صاحب کا دُور دُور تک کچھ پتا نہیں تھا۔ ذرا سی دیر میں ہلکی ہلکی بوندا باندی اور تیز ہوا کے جھکڑوں نے درگاہ کے صحن میں پڑے پتوں کی چادر کو اس طرح لہرانا شروع کیا جیسے کوئی کابلی پٹھان اپنی گٹھڑی میں سے رنگین کپڑوں کے تھان کھول کھول کر نمائش کے لیے ہوا میں لہرا رہا ہو۔ میں نے درگاہ کی منڈیر سے نیچے گھاٹی میں جھانکا۔ گاؤں کی طرف سے آتی سڑک سنسان پڑی تھی۔ لیکن پھر دُور ہی سے کسی تانگے کے گھنگروؤں کی جھنکار سنائی دینے لگی اور کچھ لمحوں میں ہی سواری کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ یہ بشیرے کا تانگہ نہیں تھا۔ میں نے سنا تھا کہ گاؤں سے ذرا پرے ایک اور بستی میں بھی چند تانگے سواریاں لاتے لے جاتے رہتے تھے یہ شاید اُن ہی میں سے کوئی ایک تانگا ہوگا۔ میں نے یہ سوچ کر اطمینان کی ایک ٹھنڈی سانس بھری کہ ضرور اصغر صاحب اسی تانگے میں آ رہے ہوں گے۔ چلو اچھا ہے۔ شام ڈھلنے سے پہلے اور اندھیرا ہونے سے پہلے وہ اپنے ٹھکانے پر لوٹ آئے تھے۔ نہ جانے چند ہی دنوں میں اُن کے ساتھ کیسا عجیب سا رشتہ بن گیا تھا۔ حالانکہ وہ خود مجھے بتا چکے تھے کہ وہ کتنے خطرناک ارادے سے اس درگاہ پر قیام پذیر تھے لیکن پھر بھی پتا نہیں کیوں مجھے اُن سے کبھی بھی خوف محسوس نہیں ہوا حالانکہ اُن کے اس جان لیوا ارادے کا شکار میں خود بھی ہو سکتا تھا۔ لیکن میرا اطمینان عارضی ہی ثابت ہوا۔ تانگے سے کوئی اور شخص اُترا اور پھر تانگے والے سے راہ پوچھ کر اُوپر درگاہ کی پتھریلی ڈگر پر چڑھنے لگا۔ میں شش و پنج میں وہیں منڈیر پر کھڑے ہو کر اُسے دیکھنے لگا۔ سرد ہوا کے تھپیڑے اپنے ساتھ ٹھنڈی برچھیوں جیسی بوندوں کی سوغات لیے اُس کا استقبال کرنے کے لیے لپکے چلے آ رہے تھے۔ کچھ دیر میں وہ اُوپر پہنچ گیا۔ اُس نے دُور ہی سے مجھے سلام کیا اور قریب آ کر بولا۔

''جناب میرا نام حوالدار اکرم ہے۔ جبل پور پولیس تھانہ کا محرر بھی میں ہی ہوں۔''

''جی فرمایئے میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں۔'' مجھے اُلجھن سی ہو رہی تھی۔ پولیس کا اس درگاہ پر بھلا کیا کام؟ اُس نے اپنی بیلٹ کسی۔

''آپ کا نام ہی عبداللہ ہے۔''

''جی...... میں عبداللہ ہوں۔''

''آپ کو میرے ساتھ ذرا تھانے تک چلنا ہوگا، نیچے کوئی خون ہوگیا ہے۔''

خون......؟؟ اچانک ہی مجھے یوں لگنے لگا جیسے ساری درگاہ ہی گھوم رہی ہو۔ اچانک ہی مجھے اصغر صاحب کی لمبی غیر حاضری اور اُن کے آخری جرم کے ارتکاب کے خیال نے آگھیرا۔

کہیں چھلاوے کا آخری حکم حقیقت کا روپ تو نہیں دھار چکا تھا۔

پاک سوسائٹی ڈاٹ کام

# پہلی رہائی

کتاب گھر کی پیشکش
http://kitaabghar.com

میں نے گھبرا کر حوالدار سے پوچھا ''خون...... لیکن کس کا......؟ اور آپ کو میرے پاس کس نے بھیجا ہے۔'' ''پتا نہیں جناب...... تھانے دار صاحب نے بھیجا ہے۔ جبل پور سے پچھلے اسٹیشن پر ایک لاش ملی ہے کسی پکی عمر کے شخص کی۔ یہاں گاؤں میں تو کوئی شناخت نہیں کر پایا تو تھانے دار نے یہاں بھجوا دیا کہ آپ کو بھی بلا لاؤں...... شاید آپ کی شناخت کا ہو وہ بندہ......؟''

پکی عمر کے شخص کی لاش...... یا میرے خدا...... میں نے جلدی سے اپنے کمرے میں پڑی اپنی شال اپنے کاندھوں پر ڈالی اور حوالدار کے ساتھ چل پڑا۔ سارے راستے میرے ذہن و دل میں عجیب عجیب سے وسوسے جنم لیتے رہے اور میں خدا سے اپنے خدشات کو حقیقت میں نہ بدلنے کی التجا کرتا رہا۔ ہم جبل پور گاؤں کے باہر ہی سے آگے بڑھ گئے۔ جبل پور سے پہلے قادر پور کا ریلوے اسٹیشن آتا تھا جو جبل پور سے صرف چار کلومیٹر کے فاصلے پر تھا۔ آدھے راستے میں ہی موسلا دھار بارش نے ہمیں آ گھیرا اور ہم نیم پختہ سڑک پر دوڑتے اور کیچڑ کے چھینٹے اُڑاتے تانگے کی پچھلی نشست پر بیٹھے بارش کی بوچھاڑ سہتے ہوئے جب اسٹیشن پر پہنچے تو مغرب کا اندھیرا چھا چکا تھا۔ پلیٹ فارم پر پیٹرومیکس کے بڑے بڑے لیمپ روشن کر دیئے گئے تھے جن کی پیلی روشنی میں برستی بارش کے قطرے یوں محسوس ہو رہے تھے جیسے آتش بازی والے کسی انار کو اندھیرے میں چلانے کے بعد اُس میں سے چنگاریاں پھوٹتی ہیں۔

ایک جانب کچھ پولیس والوں اور گاؤں کے چند بڑے بوڑھوں کا ہجوم سا لگا ہوا تھا۔ پولیس والے لمبے لمبے خاکی گرم اوور کوٹوں میں ملبوس تھے اور ایک سپاہی کسی افسر کے لیے چھتری تانے کھڑا تھا۔ شاید یہی قادر پور کا تھانے دار تھا۔ ہم دونوں بھی اُسی کی جانب بڑھ گئے۔ ہمیں اپنی جانب آتے دیکھ کر بھیڑ یوں چھٹی جیسے چیونٹیوں کا کوئی جم گھٹا پانی کی تیز لہر اپنے درمیان سے گزرتے پا کر چاروں جانب چھٹ جاتا ہے۔ نیچے پلیٹ فارم کی زمین پر کسی لاش پر کپڑا ڈال کر اُس کا بدن چھپا دیا گیا تھا۔ چہرہ بھی ڈھکا ہوا تھا۔ تھانے دار نے مجھ سے ہاتھ ملایا ''تو تم ہو جبل پور کی درگاہ کے نئے مجاور...... لیکن تم تو کافی کم عمر ہو......؟ خان صاحب سے ایک بار تمہارا ذکر سنا تھا۔ اس برستے موسم میں تمہیں اس لیے زحمت دی ہے کہ آج صبح منہ اندھیرے یہاں ایک لاش ملی ہے۔ زخم گہرا ہے اور میرا تجربہ کہتا ہے کہ یہ کوئی ڈکیتی کی واردات ہے۔ ڈاکو اسے لوٹنے کی نیت سے آیا ہوگا اور مزاحمت پر چھرا گھونپ کر مال لوٹ کر لے گیا۔ لیکن اس شخص کی شناخت مشکل ہو گئی ہے۔ یہاں لوگ ایک دوسرے کو تین چار نسلوں سے جانتے ہیں لہٰذا یہ بات تو پکی ہے کہ مقتول اس علاقے کا نہیں ہے۔ ہم نے پنچ نامہ تو کر لیا ہے لیکن لاش اُٹھانے سے پہلے سوچا کہ ایک بار تم سے بھی شناخت کروالیں کیونکہ بہت سے لوگ درگاہ کی زیارت کے لیے دُور دراز علاقوں سے بھی آتے ہیں جو سیدھے درگاہ جاتے ہیں منت مانگتے ہیں اور پھر دوسری گاڑی پکڑ کر واپس اپنے علاقے کو پلٹ جاتے ہیں۔ ہو سکتا ہے تم نے اسے پہلے درگاہ پر دیکھا ہو...... اس کا باقی سامان تو لوٹ لیا گیا ہے

صرف اس کے پاس یہ پھولوں کے چند ہار ملے ہیں۔ میں نے تھانے دار کے ہاتھ کے اشارے کی جانب نظر ڈالی تو چند کملائے باسی پھولوں کا ایک چھوٹا سا ڈھیر پلیٹ فارم پر لگی لکڑی کے بنچ کے پاس پڑا ہوا تھا۔ جانے کیوں میرے اندر ایک لمحے کے ہزارویں حصے میں کچھ چھن سے ٹوٹ سا گیا۔ جانے وہ بدقسمت پھول کس کی لحد پر بچھنے کی قسمت لے کر چلے تھے۔ کیا خریدنے والے کو یہ پتا تھا کہ یہ پھولوں کی چادر آخر کار اُسی کا نصیب ہوگی؟ لیکن پتا نہیں کیوں میں لاش کے چہرے پر سے چادر ہٹانے میں شدید ہچکچاہٹ محسوس کر رہا تھا۔ تھانے دار نے میری مشکل آسان کر دی اور حوالدار کو اشارہ کیا جس نے آگے بڑھ کر چادر کھینچ لی۔ میں نے پلکیں موندھ لیں اور پھر ایک گہری سانس لے کر آنکھیں کھول دیں۔ مرنے والا واقعی درگاہ کا ایک پرانا زائر ہی تھا اور میں نے بھی ایک آدھ جمعرات کو اُسے وہاں آتے دیکھا تھا۔ میں نے سر ہلا کر تھانے دار کو تصدیق کر دی اور اپنا بیان بھی ریکارڈ کروا دیا۔ اس شخص نے درگاہ پر چندہ بھی دیا تھا اور اس کا نام پتا درگاہ کے رجسٹر میں درج تھا۔ تھانے دار نے حوالدار کو دوبارہ میرے ساتھ درگاہ تک جانے کا کہا اور ہاتھ ملا کر میرا شکریہ ادا کیا اور مجھ سے درخواست کی کہ اگر مجھے قتل کے بارے میں مزید کوئی بات پتا چلے تو نام اور پتے کے ساتھ وہ تفصیل بھی ایک کاغذ پر درج کر کے حوالدار کے حوالے کر دوں۔ میں اور حوالدار جب دوبارہ درگاہ پہنچے تو رات پوری طرح شام کی گردن میں اپنے تاریک پنجے گاڑھ چکی تھی۔ اندھیرے میں پہاڑی پگ ڈنڈی پر چلتے ہوئے پھر سے وہی کسی نادیدہ ہستی کے اپنے قدموں کے ساتھ قدم ملا کر چلنے کا احساس ہوا۔ لیکن میں حوالدار کی وجہ سے سر جھٹک کر اُوپر چڑھتا گیا۔ درگاہ کے احاطے میں داخل ہوتے ہی سب سے پہلے میری نظر اصغر صاحب کے کمرے کی جانب اُٹھی۔ اُن کے کمرے کی لالٹین جل رہی تھی۔ میں نے حوالدار کو تمام تفصیلات ایک کاغذ پر لکھ کر دے دیں اور اُسے رُخصت کر کے فوراً اصغر صاحب کے کمرے کی جانب لپکا۔

اصغر صاحب کافی نڈھال سے لگ رہے تھے۔ جیسے دن بھر کافی مشقت کاٹی ہو، انہوں نے۔ میں نے اُن سے شکایت کی ”کہاں چلے گئے تھے آپ یوں بنا بتائے......؟ ......آپ جانتے ہیں میں کس قدر پریشان ہو گیا تھا......“

اصغر صاحب مسکرائے ”معاف کرنا عبداللہ......بس اچانک کام ہی کچھ ایسا پڑ گیا تھا۔ اس لیے بنا بتائے صبح سویرے مجھے نکلنا پڑ گیا...... میں نے اتنی صبح تمہیں پریشان کرنا مناسب نہیں سمجھا۔“

”لیکن آپ گئے کہاں تھے۔“

اصغر صاحب نے بے دھیانی میں جواب دیا۔ ”کہیں نہیں......جبل پور سے آگے ایک اور اسٹیشن ہے......قادر پور......بس وہیں تک گیا تھا کسی شخص سے ملنا تھا پر وہ ملا نہیں......“

میں قادر پور کا نام سن کر زور سے چونکا۔ میرے چہرے کے بدلتے تاثرات اصغر صاحب نے بھی محسوس کر لیے۔ ”کیوں کیا ہوا......تم اتنے حیران اور ایک دم ہی پریشان کیوں ہو گئے ہو......؟ سب خیر تو ہے نا......“

میں نے مشکوک نظروں سے اُن کی جانب دیکھا۔ وہ صبح منہ اندھیرے قادر پور کے لیے نکلے تھے اور صبح سویرے ہی قادر پور کے ریلوے پلیٹ فارم پر ایک قتل ہو گیا......کہیں یہ قتل......؟ اس سے آگے میں کچھ سوچ نہیں سکا۔ اصغر صاحب نے مجھے جھنجھوڑ دیا۔ ”کیا ہوا......؟ بولتے کیوں نہیں......؟“

میں نے انہیں شام کی ساری داستان، حوالدار کے آنے سے لے کر میرے قادر پور جانے اور لاش کی شناخت تک کے تمام مراحل سنا دیئے۔ وہ بھی حیران رہ گئے۔

''اوہ...... یہ تو واقعی بڑے افسوس کی بات ہے...... جانے وہ بے چارہ کون تھا......'' وہ بولتے بولتے اچانک چپ سے ہو گئے۔ ''ٹھہرو...... کہیں تم یہ تو نہیں سمجھ رہے کہ یہ خون میں نے کیا ہے......؟...... یقین مانو اس جرم میں میرا کوئی عمل دخل نہیں...... میں تو اسٹیشن کی طرف گیا بھی نہیں......''

مجھے اُن کے لہجے میں سچائی کی جھلک محسوس ہوئی۔ ویسے بھی آج تک انہوں نے مجھ سے کوئی بات نہیں چھپائی تھی۔ پتا نہیں کیسے ٹھیک اُسی وقت میرے دل میں بہت دنوں کی چھپی بات میرے لبوں پر آ گئی۔ ''کیا آپ کو چھلاوے نے اُس شخص کا نام نہیں بتایا جس کو وہ آپ کے ہاتھوں کیفر کردار تک پہنچانا چاہتا ہے...... کہیں وہ میں تو نہیں......؟''

اب اُچھلنے کی باری اصغر صاحب کی تھی ''کیا......؟...... نہیں نہیں...... باخدا ایسا کچھ نہیں...... ویسے تو اُس نے مجھے اُس شخص کا نام نہیں بتایا۔ لیکن وہ جو کوئی بھی ہے اُس کا خاتمہ مجھے درگاہ سے باہر کسی مقام پر کرنا ہوگا۔ اُس کا ٹھکانہ یہ درگاہ نہیں ہوگی...... اور یقین کرو کہ اگر مجھے یہ پتا چلتا کہ مجھے اپنی آزادی کے لیے تمہاری جان لینی ہوگی تو میں اُسی پل خود اپنی جان لے لیتا۔ میں بہت بڑا گناہ گار صحیح...... لیکن کچھ گناہ......''

میں نے انہیں تسلی دی۔ ''آپ دل پر نہ لیں میرا مقصد آپ کا دل دُکھانا نہیں تھا، اگر کبھی میری اس لاحاصل زندگی سے آپ کی آزادی حاصل ہوتی نظر آئی تو آپ کو کہنے کی ضرورت بھی پیش نہیں آئے گی۔''

انہوں نے بڑھ کر مجھے گلے لگا لیا۔ ''میں جانتا ہوں...... لیکن تم فکر نہ کرو...... میری آزادی میں اب کم وقت رہ گیا ہے...... میں نے بہت عذاب ناک قید کاٹ لی...... اب بیڑیاں کھلنے کا وقت قریب ہے۔''

جانے اُس لمحے میں چاہ کر بھی اُن سے یہ کیوں نہیں کہہ سکا کہ کسی کے خون کے بدلے چھینی گئی آزادی بھلا انہیں کیا آزاد کر پائے گی؟ مجھے یوں لگا وہ ایک قید سے نکل کر کسی دوسرے اور بڑے زندان میں داخلے کی تیاری کر رہے ہوں۔

ساری رات ان ہی سوچوں میں گزر گئی۔ صبح میں نے اپنے کمرے سے نکل کر دیکھا تو رات بھر مینہ چھاجوں برسا تھا اور اس وقت بھی موسلا دھار بارش جاری تھی۔ اُوپر والی پہاڑی کی چوٹی سے بارش کا پانی بہت سے پرنالوں کی صورت میں نشیب کی جانب بہہ رہا تھا اور فضا میں صرف اس بہتے پانی کا ہی شور نمایاں تھا۔ شاید دنیا کی بہترین موسیقی اِسی شفاف پانی کے بہنے کی آواز میں کہیں مضمر ہوتی ہے۔ میں کچھ دیر وہیں صحن میں کھڑا پانی کی باتیں سنتا رہا۔ جو مجھے یہ سمجھانے کی کوشش کر رہی تھیں کہ دنیا میں سب کچھ خراب ہونے کے باوجود اب بھی کچھ ایسی چیزیں ہیں جو قدرت نے ہمارے لیے بچا کر رکھی ہیں۔ یہ آسمان، یہ بادل، یہ راستے، یہ ہوا...... اور یہ برستی بارش کی بوندیں...... بہت کچھ باقی ہے ابھی یہ بے زار جیون بتانے کے لیے......

درگاہ کے کچے صحن میں بارش کا پانی جمع ہونے لگا تھا۔ میں نے پاس رکھی ایک پرانی اخبار کی کشتی بنائی اور اس پانی میں چھوڑ دی۔ ایک پل میں ہی میں اپنے بچپن کے بارش کے پانی اور کاغذ کی کشتی کے کھیل کی یاد میں ایسا کھویا کہ تیز بارش کی بوندوں نے میرا وہ کاغذی سفینہ کب بھگو کر ڈبو دیا، مجھے اس کی بھی خبر نہ ہو سکی۔ باہر کسی آہٹ کی آواز نے جب تک مجھے چونکایا تب تک میری کشتی پوری طرح بھیگ کر کھل چکی تھی اور اب پانی میں

صرف اخبار کا ہی وہ ٹکڑا بہہ رہا تھا جس سے میں نے وہ کشتی بنائی تھی۔ کچھ بھی تو نہیں بدلا تھا۔ سب کچھ ویسا ہی تو تھا، حتیٰ کہ میرے وہ آنسو بھی جو بچپن میں یوں اپنی کشتی کو ڈوبتے دیکھ کر میری آنکھوں سے بہہ نکلتے تھے۔ کسی کے قدموں کی چاپ سن کر میں نے جلدی سے اپنی آنکھیں پونچھ ڈالیں۔ آنے والا بشیرا تھا، جو اُوپر آتے آتے پوری طرح بھیگ کر اب باقاعدہ کانپ رہا تھا۔ میں جلدی سے کھڑا ہو گیا۔

''خیر تو ہے بشیرے...... اتنی صبح...... ایسے......؟''

اتنے میں اصغر صاحب بھی اپنے کمرے سے نکل آئے۔ بشیرے نے جلدی سے میرے بڑھائے ہوئے خشک تولیے سے اپنا سر خشک کرنے کی ناکام کوشش کی۔ ''خیر نہیں ہے جناب...... کل شام سے لاریب بی بی کی طبیعت بہت خراب ہے۔ ساری رات شدید بخار میں تڑپتی رہی ہیں...... خان صاحب نے آج صدقے اور نیاز کی دیگیں چڑھانے کا فیصلہ کیا ہے اور آپ کو بھی دعا کے لیے بلوایا ہے۔ ظہر کی نماز کے بعد نیاز بانٹنی ہے۔ آپ اس سے پہلے ہی پہنچ جانا...... دعا آپ نے ہی کرنی ہے۔ خان صاحب کی گاڑی آپ کو لینے آ جائے گی۔ میں تب تک لکڑیاں اور مٹی کا تیل وغیرہ حویلی پہنچا آؤں۔ بس آپ تیار رہیے گا۔'' بشیرا جیسے چھپ چھپ کرتا آیا تھا ویسے ہی سڑ سڑ کرتا اور بھیگتا ہوا واپس چلا گیا۔ میں نے اُسے بہت کہا کہ درگاہ کی چھتری لیتا جائے لیکن اُس نے یہ کہہ کر مجھے لاجواب کر دیا کہ ''او باؤ...... ان بارش کے قطروں سے بچنا نہیں چاہیے...... یہ تو رب ہماری رُوح کو دھونے کے لیے آسمان سے برساتا ہے......''

اصغر صاحب چپ چاپ کھڑے ہماری ساری باتیں سنتے رہے۔ بشیرے کے جانے کے بعد انہوں نے مجھے کچھ ایسی نظروں سے دیکھا جیسے کہہ رہے ہوں کہ ''دیکھا...... میں نے کہا تھا نا......؟''

وہ نازک لڑکی محبت نامی اس زہریلے ناگ کا پہلا وار ہی برداشت نہیں کر پائی۔ زہر اس تیزی سے اُس کی کومل نسوں میں پھیل رہا تھا کہ وہ نڈھال ہو کر بستر سے لگ چکی تھی۔ اور کیسی ستم ظریفی تھی کہ اُس کے مندمل ہونے کی دعا کے لیے بھی اُسی کو طلب کیا جا رہا تھا جو خود اُن زخموں کا باعث تھا۔ گویا قاتل کو ہی مسیحائی کے لیے بلایا جا رہا تھا۔ ایک بار جی میں آیا کہ کوئی بھی بہانہ کر کے حویلی نہ جاؤں لیکن اصغر صاحب شاید میری سوچیں ہی پڑھ رہے تھے۔ وہ بول پڑے۔ ''تمہیں جانا چاہیے...... تمہی اُس کا زخم اور تمہی مرہم ہو...... نہیں جاؤ گے تو زخم اور گہرا ہو جائے گا۔ ہاں البتہ چلے جاؤ گے تو زخم تو لگے گا لیکن ساتھ ہی کچھ مرہم بھی دے آؤ گے...... سو میرا مشورہ یہی ہے کہ چلے جاؤ...... اور کوشش کرنا کہ زخم کے مقابلے میں مرہم زیادہ بانٹ پاؤ......''

''لیکن کیسے......؟'' میں چلا اُٹھا...... اس معصوم لڑکی کے ساتھ ایسا کیوں ہو رہا ہے......؟ ...... آخر اُس نے کسی کا کیا بگاڑا ہے؟ اُس کی ہنسی کیوں چھین لی گئی......؟ یہ زخم اُس کا مقدر کیوں بن گئے ہیں؟...... میں نے تو کبھی ایسا نہیں چاہا تھا......''

''جب تم پر تقدیر کا وار ہوا تھا تب تمہارا کیا قصور تھا؟ تم نے کسی کا کیا بگاڑا تھا؟ تمہارے مقدر میں ہی عشق کا وہ کاری وار کیوں لکھ دیا گیا تھا جس نے ایک پل میں ہی تمہاری دنیا بدل دی؟ ان سب سوالوں کے جواب ہیں تمہارے پاس......؟ ...... نہیں...... کسی کا کوئی قصور نہیں ہوتا، لیکن بعض سزائیں بنا کسی جرم کے بھی تو بھگتنا پڑتی ہیں۔ ہم تو اس دنیا میں آئے ہی بھگتنے کے لیے ہیں۔ سو جب تک ایک بھی سانس باقی ہے، بھگتتے ہی رہیں گے۔''

اصغر صاحب ٹھیک ہی کہہ رہے تھے۔ محبت کسی ناکردہ گناہ کی سزا ہی تو تھی۔ یہ سزا ملتی بھی دونوں کو تھی۔ جس نے محبت کی وہ تو خطاوار ٹھہرتا ہی ہے، یہاں تو اُسے بھی سولی پر لٹکنا پڑتا ہے جس سے دوسرے کو محبت ہو جاتی ہے...... محبت ہمیشہ دو ایسے لوگوں کے درمیان ہی کیوں وارد ہوتی ہے جن کا ملن دنیا کے ناممکنات میں سے ایک ہوتا ہے؟...... کیا صرف ''لا حاصل'' کا نام ہی عشق ہے؟ اور جو حاصل ہو جائے وہ محبت نہیں...... کیا ''حاصل'' کا درجہ عشق سے گر کر صرف ایک کامیابی کی طمانیت ہی رہ جاتا ہے......؟

میں ظہر سے پہلے ہی حویلی پہنچ گیا۔ بارش تھی کہ رُکنے کا نام ہی بھول چکی تھی۔ خان صاحب بیرونی ڈیوڑھی میں ہی چادر کی چھتوں والے سائبان کے نیچے اپنی نگرانی میں دس بارہ دیگیں پکوائی کے بعد انگاروں پر چڑھوا رہے تھے۔ مجھے گاڑی سے اُترتے دیکھ کر جلدی سے میری جانب لپکے۔ ''اچھا ہوا تم جلدی آ گئے عبداللہ میاں...... میری تو پریشانی میں مت ہی ماری گئی ہے۔ شہر سے ڈاکٹرنی بھی بلوا لی گئی ہے لیکن اُسے بھی بخار نہ اُترنے کی وجہ سمجھ نہیں آ رہی...... وہ میرے ہاتھ کا چھالا ہے...... میں اُسے اتنی اذیت میں نہیں دیکھ سکتا...... ساری رات وہ نیم بے ہوشی کی حالت میں پڑی ہذیان بولتی رہی ہے۔ کہیں یہ کوئی سائے وغیرہ کا چکر تو نہیں ہے......؟''

اب میں انہیں کیا بتاتا کہ محبت تو خود سب سے بڑا آسیب ہے۔ لیکن اس معصوم لڑکی کو تو شاید ابھی تک یہ بھی نہیں پتا تھا کہ اُس پر محبت نامی اس عفریت کا سایہ اپنے پنجے گاڑھ رہا ہے۔ اگر اصغر صاحب مجھے پہلے یہ خبردار نہ کر چکے ہوتے تو شاید مجھے خود بھی اس حقیقت کا ادراک بہت دیر میں ہوتا۔ حیرت ہے ان بڑے بڑے سائنس دانوں، حکیموں اور ڈاکٹروں نے صدیاں لگا کر ہر بیماری کا علاج دریافت کر لیا تھا۔ انسان ترقی کرتے کرتے اب چاند پر اپنی کالونیاں بنانے کا سوچ رہا ہے، لیکن محبت نامی اس بیماری کا کوئی علاج کیوں نہیں دریافت کر پائے تھے۔ کیوں ہمارے خون میں موجود ان زہریلے مادوں کا کوئی کھوج نہیں لگا پائے تھے جو ہماری اس پہلی نظر کے مرکب سے مل کر اس عشق نامی ناسور کا باعث بن جاتے تھے۔ ہاں...... یہ محبت ایک سرطان کی صورت میں تو ہمارے سارے جسم میں پھیل جاتی ہے۔ تو پھر جسم کے باقی سرطان کی طرح ہم ہسپتال جا کر اپنے جسم کے اس کینسر کو کیوں نہیں باہر نکلوا سکتے؟ کیوں باقی ناسوروں کی طرح کٹوا کر نہیں پھینک سکتے......؟

کچھ ہی دیر میں ساری دیگیں تیار ہو گئیں۔ حویلی کے بیرونی احاطے میں ہی شامیانے لگا کر اور ان کی چھتوں پر بڑی بڑی پلاسٹک کی شیٹس ڈال کر کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ اور دُور دراز کے علاقوں میں بھی نیاز بانٹنے کا بندوبست کیا گیا تھا۔ گاؤں کی مسجد کے امام نے دیگوں کے کھلنے پر ہر دیگ میں سے کچھ چاول اور زردہ وغیرہ لے کر اس پر دعا پڑھ کر دم کیا۔ خان صاحب نے خصوصی طور پر مجھ سے دعا کروائی اور پھر سب دیگیں گاؤں کے لوگوں اور دیگر غربا میں بانٹ دی گئیں۔ عصر کے وقت ہم اس فریضے سے مکمل طور پر فارغ ہو چکے تھے۔

اس اثناء میں اندر سے بڑی مالکن کا دو تین بار پیغام آ چکا تھا کہ میں ذرا فارغ ہو چکوں تو اُن سے اندر آ کر مل لوں۔ تیسری بار جب کرم دین اندر سے پیغام لے کر آیا تو خان صاحب نے میری جانب دیکھا اور ہلکے سے مسکائے۔

''عبداللہ میاں...... تم اندر مل آؤ، اُن سے...... ورنہ یہ پیغام آتے ہی رہیں گے۔ میں بھی بس ان سب کو نپٹا کر آتا ہوں...... چائے ہم بڑے کمرے میں ہی پئیں گے۔ جلدی نکلنے کی نہ کرنا۔''

میری کوشش یہی تھی کہ میں اور خان صاحب اکٹھے ہی اندر جائیں لیکن آخر کار مجھے اکیلے ہی حویلی کی دوسری ڈیوڑھی پار کرنا پڑی۔ بڑی مالکن سامنے والے برآمدے میں ہی موتیے کی باڑھ کے پیچھے والے حصے میں بے چینی سے ٹہل رہی تھیں۔ مجھے دیکھا تو تیزی سے میری جانب لپکیں۔ اُن سے پتا چلا کہ لاریب کا بخار اب بھی ویسا ہی ہے۔ پھر اُن کی آنکھوں میں نمی سی تیر گئی۔

''عبداللہ...... تم لاریب سے ملو گے نہیں...... دیکھو گے نہیں کہ میرا وہ پھول کیسے کملا سا گیا ہے...... میری وہ مینا اپنی ساری باتیں، اپنی تمام چہکار کیسے بھول گئی ہے...... مجھے یقین ہے کہ تمہارے پاس اُس کی تسلی کے لیے وہ لفظ موجود ہوں گے جو اُس کے جلتے وجود کو جلا بخش سکتے ہیں۔ اُسے تم ہی سمجھا سکتے ہو کہ...... کہ......''

بڑی مالکن بولتے بولتے خاموش ہو گئیں۔ شاید وہ اپنے الفاظ کھو بیٹھی تھیں۔ لیکن اُن کی اس خاموشی نے بھی سب کچھ کہہ ڈالا۔ میں نے چونک کر انہیں دیکھا گویا انہیں بھی کہیں نہ کہیں اور کسی نہ کسی طور پر اس فسانے کی خبر ہو چکی تھی، یا پھر یہ بھی ہو سکتا ہے کہ خود لاریب کے منہ سے ہذیانی کیفیت میں کچھ نکل گیا ہو۔ میں کچھ دیر تذبذب میں رہا۔ خود میرے لفظ بھی کہاں میرے اختیار میں تھے۔

''کیا آپ سمجھتی ہیں کہ میرا اُس سے ملنا ٹھیک ہوگا۔ میرا مطلب ہے میں...... آپ سمجھ رہی ہیں نا......''

''ہاں...... میں سمجھ رہی ہوں...... لیکن تمہارے علاوہ کوئی اور مسیحا بھی تو نہیں...... ابھی اُس کا گھاؤ بہت تازہ ہے اور اُسے شاید خود بھی اس جان لیوا جذبے کا پوری طرح ادراک نہیں ہے جو اُس کے اندر پل رہا ہے۔ خدا کے لیے اُسے روک دو۔ اُس کے معصوم اور چھوٹے جذبے کو بکھرنے سے پہلے ہی کسی طرح پلٹ دو...... یہ ہم سب پر تمہارا کتنا بڑا احسان ہوگا یہ تم نہیں جانتے......'' بولتے بولتے اُن کی آواز بھرا سی گئی اور وہ اپنے آنسوؤں پر قابو نہیں رکھ سکیں۔ میں سر جھکائے اُن کے سامنے کھڑا تھا۔ ''میں کوشش کروں گا کہ آپ کے اعتبار کے بھرم پر پورا اُتر سکوں۔ آپ کہیں تو میں آج ہی ہمیشہ کے لیے بنا کسی کو کچھ بتائے یہاں سے اتنی دُور چلا جاؤں گا جہاں کسی کو بھی میری کوئی خبر نہیں مل پائے گی...... کاش میں کبھی جبل پور نہ آتا...... میں آپ سے بے حد شرمندہ ہوں......''

انہوں نے آگے بڑھ کر میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ ''ایسا کہہ کر ہمیں شرمندہ نہ کرو...... میں جانتی ہوں کہ تم اندر سے کتنے شفاف ہو...... اور پھر تمہارے دُور جانے سے لاریب کے اندر جنم لیتا جذبہ بھی تو دُور نہیں چلا جائے گا۔ آج مجھے یہ کہنے میں بھی ذرا سی عار محسوس نہیں ہوتی کہ اگر تمہارا من پہلے ہی سے زہرا سے نہ بندھا ہوتا تو میں کسی بھی طرح تمہیں تم سے لاریب کے لیے مانگ لیتی۔ کیوں کہ وہ صرف میری بیٹی ہی نہیں میری سب سے عزیز از جان سہیلی بھی ہے۔ اور میں اپنی سہیلی کو ذرا سی تکلیف میں دیکھ کر تڑپ اُٹھتی ہوں۔ پل پل مرتی رہتی ہوں۔ اور مجھے اپنی دوست کی ہر پسند پر ہمیشہ فخر رہا ہے...... اور آج بھی مجھے اُس کے انتخاب پر رشک آ رہا ہے...... کاش یہ انتخاب ہی اُس کا مقدر بھی ہوتا...... لیکن کیا کریں کہ ہمارا زور نصیبوں کے لکھے پر چل نہیں پاتا......'' میں چپ رہا اور اُن کے نقشِ قدم پر چلتا ہوا لاریب کے کمرے میں داخل ہو گیا جہاں ایک خادمہ پہلے ہی اُس کے سرہانے بیٹھی اُس کا سر دبا رہی تھی۔ باہر بارش اور بادلوں کی وجہ سے کمرے میں ملگجا سا اندھیرا پھیلا ہوا تھا اور مجھے چاروں طرف کتابوں کے ریک اور شیلف بھرے پڑے نظر آئے۔ غالب، میر، درد، اقبال، فراز...... اوہ...... تو گویا اُس نے اپنی رُوح کے قتل کا بندوبست پہلے ہی کر رکھا تھا۔

یہ شاعری ہی تو اپنے اثر سے ہمارے اندر کے بند دروازے کھولتی جاتی ہے۔ اور پھر ہم خود ہی اپنے دل کے اندر گھس آنے والے درانداز جذبوں کی دہائی دیتے پھرتے ہیں۔

لاریب آنکھیں موندھے لیٹی ہوئی تھی۔ ایک گرم لحاف نے اُسے ڈھک رکھا تھا اور اُس کے چہرے پر برسوں کی پیلاہٹ اور زردی نمایاں تھی۔ لیکن پھر بھی اُس کے چہرے کے نور سے جو ایک ہالہ سا بنتا تھا وہ غیر مرئی ہالہ آج بھی اپنا سفید نور بکھیر رہا تھا۔ بڑی مالکن نے لاریب کے سر پر ہاتھ پھیرا۔ خادمہ اُٹھ کر باہر نکل چکی تھی۔ ''لایب...... دیکھو تم سے ملنے کون آیا ہے......''

آہٹ سن کر لاریب نے دھیرے دھیرے آنکھیں کھول دیں اور پھر مجھ پر نظر پڑتے ہی اُسے حیرت کا شدید جھٹکا سا لگا اور اُس نے جلدی سے اُٹھنے کی کوشش کی لیکن بڑی مالکن نے جلدی سے اُسے سہارا دے کر اُس کے لیے تکیے کا ٹیک بنا دیا۔ وہ اب بھی ہڑبڑائی ہوئی سی تھی۔ اُس نے جلدی سے اپنے بکھرے ہوئے بال باندھنے کی کوشش کی۔

''ارے آپ......؟...... یہاں؟...... کتنی خوشگوار حیرت ہو رہی ہے مجھے۔ میں بتا نہیں سکتی......'' وہ جو کچھ کہہ رہی تھی وہ اُس کے چہرے کی پیلاہٹ کے سرخی میں بدلنے سے بھی عیاں ہو رہا تھا۔ مجھے پھر ان جذبوں کی طاقت پر رشک آیا۔ سب سے بڑے حکیم اور سب سے بڑے طبیب تو خود ہمارے اندر ان جذبوں کی صورت میں پل رہے ہوتے ہیں، پھر نہ جانے کیوں ہم ان بیرونی ویدوں کے پیچھے دوڑے پھرتے ہیں؟

میں نے پاس پڑی کرسی کھینچ لی اور بیٹھتے ہوئے اُس سے پوچھا۔

''یہ کیا حال بنا رکھا ہے آپ نے...... اگر غالب کو پڑھتی ہیں تو پھر یہ بھی ذہن میں رکھنا چاہیے کہ اُس نے بیمار ہونے کے لیے کسی تیماردار کے نہ ہونے کی شرط بھی لگا رکھی ہے۔ جب کہ آپ تو یہاں پورا ایک میلہ سجائے بیٹھی ہیں اپنے تیمارداروں کا...... حتیٰ کہ مجھے بھی یہاں تک آنے پر مجبور کر ہی ڈالا۔''

میری بات سن کر وہ بے اختیار کھلکھلا کر ہنس پڑی۔ وہ جھرنا پھر سے پُر شور آواز کے ساتھ بہہ کر نکلا اور پوری حویلی کے در و دیوار پر چھا گیا۔ بڑی مالکن غور سے اپنی سہیلی کو دیکھتی رہیں اور اُن کی آنکھیں غیر محسوس طور پر بھیگتی رہیں جنہیں وہ کسی نہ کسی بہانے سے اب تک پونچھتی ہی آتیں تھیں۔ وہ ہنس کر بولی۔

''بس یہیں میں غالب سے اتفاق نہیں کرتی۔ بھلا ایسے بیمار پڑنے کا فائدہ ہی کیا کہ کوئی آس پاس تیمارداری اور نخرے اُٹھانے کے لیے موجود ہی نہ ہو۔ جناب ہم تو اپنے ساتھ ہی سبھی کو بیمار کرنے کے قائل ہیں یعنی پڑیئے گر بیمار...... تو سب ہوں آس پاس بیمار...... کیوں ٹھیک ہے نا......''

کچھ ہی دیر میں وہ اپنی بیماری بھول کر ہمارے ساتھ بحث کر رہی تھی۔ بڑی مالکن نے درمیان میں چائے کا انتظام کروانے کے لیے کچھ دیر کی مہلت مانگی اور میں اور لاریب کمرے میں تنہا رہ گئے۔ میں نے غور سے اُس پری کی جانب دیکھا۔

''آپ کے ماں باپ آپ سے بہت محبت کرتے ہیں۔ آپ کی ذرا سی تکلیف پر تڑپ اُٹھتے ہیں۔ آپ سے زیادہ بیمار پڑ جاتے ہیں۔ ایسے میں آپ کو بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ آپ کے اِرد گرد کانچ کے لوگ رہتے ہیں...... جن کی خاطر آپ کو خود اپنے اندر کا شیشہ بہت سنبھال کر

رکھنا ہوگا۔ ورنہ یقین جانیے آپ سے پہلے ان انمول رشتوں کو کچھ ہو جائے گا...... آپ کو اِس خزانے کی حفاظت بھی کرنی ہوگی......''

وہ میری بات سن کر چونک سی گئی۔

''آپ ٹھیک کہتے ہیں...... میں اپنی سی پوری کوشش بھی کرتی ہوں لیکن نہ جانے کچھ دن سے مجھے کیا ہوتا جا رہا ہے...... میرا خود اپنے اُوپر سے اختیار گھٹتا جا رہا ہے...... میں آپ سے چھپاؤں گی نہیں...... شاید آپ کو سن کر بُرا بھی لگے لیکن پتا نہیں کیوں جس دن سے آپ کی امی سے مجھے آپ کی کہانی کے بارے میں پتا چلا ہے میں تب سے نہ چاہتے ہوئے بھی ہر لمحہ آپ ہی کے بارے میں سوچتی رہتی ہوں۔ مجھے آپ کے جذبے کی طاقت اور سچائی پر رشک آتا ہے اور میں خود اپنے آپ کو بھی ایسے ہی کسی جذبے کے تحت بہتے ہوئے محسوس کرتی ہوں۔ میں آپ کی بے حد عزت کرتی ہوں اور یہ عزت ہر پل مجھے اپنے اندر پلتی اور بڑھتی محسوس ہوتی ہے۔ کبھی کبھی تو میں خود اپنے اندر ہوتی ان تبدیلیوں کا سوچ کر ہی خوف زدہ ہو جاتی ہوں۔ میں جانتی ہوں کہ آپ اپنی رُوح کے آخری ریشے تک کسی اور کی محبت میں مبتلا ہیں۔ اور میں اس بات سے ڈرتی ہوں کہ کہیں آپ، یا باقی دنیا میرے اندر پلتے اس الوہی جذبے کو کچھ غلط نہ سمجھ لیں۔ کسی عام رشتے کا نام نہ دے دیں۔''

وہ سر جھکائے بولتی رہی۔ میں نے چونک کر اُس کی جانب دیکھا۔ آج پہلی بار اُس نے اتنا کھل کر اپنا مدعا بیان کیا تھا۔ کمرے میں مکمل خاموشی طاری تھی اور باہر کھڑکی سے تیز بارش کی گرتی بوندوں کا شور میری اور اُس کی رُوح کے درمیان رابطے کا کام کر رہا تھا۔

❁......❁

## دوسری منت

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

پھر آخر کار میں نے ہی خاموشی توڑی۔

''آپ نے یہ کیسے سمجھ لیا کہ میں، یا آپ کے اِردگرد بسنے والا کوئی بھی ذی رُوح کبھی آپ کے کسی بھی جذبے کو غلط ہونے کا الزام دینے کا سوچ بھی سکتا ہے۔ہم سب آپ کے اندر کے شفاف اور کومل جذبوں کی اُتنی ہی قدر کرتے ہیں جس کے وہ حق دار ہیں۔اور آپ کی سچائی تو آپ کے اندر چلتی اُس جنگ سے اور بھی واضح ہوتی ہے جس کی شدت نے آپ کو یوں بستر پر لا پھینکا ہے۔یقین جانیئے ہم سب کے دلوں میں آپ کی عزت مزید بڑھ گئی ہے۔بس میری آپ سے اتنی درخواست ہے کہ ایسے ہر جذبے کو اپنی طاقت بنالیں۔اُسے اپنے اندر خود پر حاوی ہو کر آپ کو کمزور نہ کرنے دیں حالانکہ میں جانتا ہوں کہ میں جو کہہ رہا ہوں وہ بہت مشکل کام ہے لیکن آپ جیسی سچی، شفاف اور کومل من کی لڑکی سے میں ہر معجزے کی اُمید رکھتا ہوں......''

وہ غور سے میری جانب دیکھتی رہی۔''میں نے کہا تھا نا......آپ کو اپنے لفظوں پر خوب اختیار حاصل ہے......خوب چن کر یہ خزانہ استعمال کرتے ہیں آپ۔'' پھر نہ جانے کیا سوچ کر اُس کے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ آ گئی۔''چلیں......آج آپ سے یہ وعدہ بھی رہا کہ میں اپنے اندر کی اس جنگ پر قابو پانے کی کوشش ضرور کروں گی۔لیکن آپ خود بھی جانتے ہیں کہ ایسی جنگیں جیتنے کے لیے ہم کمزور انسانوں کے پاس کوئی ہتھیار، کوئی آلہ نہیں ہوتا۔تبھی عام طور پر ہماری شکست ہوتی ہے اور ان جذبوں کی جیت......آپ خود بھی تو ابتدا میں ایک ایسی ہی جنگ ہار چکے ہیں......دعا کیجیے گا کہ خدا مجھے بھی آپ جیسا ظرف عطا کرے......میں بھی اتنی ہی ثابت قدم اور چٹان جیسی مضبوط بن سکوں کہ میرے اندر چلتے طوفان میری ظاہری ہیئت کو بگاڑ نہ سکیں اور آس پاس کے لوگوں کو اس کی خبر نہ ہو سکے......بولیں......دعا کریں گے نا میرے لیے......؟''

''میری ہر دعا میں آپ تاعمر شامل رہیں گی۔''

اتنے میں دروازے کی جانب سے آہٹ بلند ہوئی اور خان صاحب بڑی مالکن کے ساتھ کھنکارتے ہوئے کمرے میں داخل ہو گئے۔کچھ ہی دیر میں خادمہ نے چائے بھی اُسی کمرے میں ٹرالی پر سجا دی۔میں نے چائے ختم کر کے خان صاحب سے اجازت چاہی۔بڑی مالکن نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر دعا دی۔میں نے لاریب کو خدا حافظ کہا اور خان صاحب کے ساتھ کمرے سے باہر نکل آیا۔مجھے رُخصت کرنے سے پہلے انہیں نہ جانے کیا ہوا کہ انہوں نے زور سے بھینچ کر مجھے اپنے گلے سے لگا لیا اور اُن کی آنکھیں بھیگ گئیں۔''آج نہ جانے کیوں تم جیسے ایک بیٹے کی کمی بہت شدت سے محسوس ہو رہی ہے......'' میں کچھ بوکھلا سا گیا۔''آپ ایسے کیوں کہہ رہے ہیں؟......کیا میں آپ کا بیٹا نہیں ہوں......؟'' انہوں نے اپنی نم پلکیں پونچھیں ''ہاں......واقعی آج تم نے ایک بیٹے سے زیادہ بڑھ کر بیٹے کا حق ادا کیا ہے۔ایک بیٹی کے باپ کو اس سے زیادہ بھلا اور کیا چاہیے

ہوگا.....'' میں نے حیرت سے اُن کی جانب دیکھا اور پھر وہ چھپا نہیں پائے کہ وہ میری اور لاریب کی ساری گفتگو سن چکے ہیں۔ دراصل باہر کھانا کھلانے سے فارغ ہو کر وہ واپس آئے تب انہوں نے لاریب کے کمرے کا رُخ کیا۔ ٹھیک اُسی وقت بڑی مالکن جو چائے کے لیے کمرے سے نکل چکی تھیں انہیں لاریب کے کمرے کی جانب بڑھتے دیکھ کر روک لیا۔ انہیں حیرت ہوئی کہ وہ کیا کہنا چاہتی ہیں لیکن پھر دروازے کے قریب ہونے کی وجہ سے خود اُن کے کان بھی ہماری باتوں کی جانب لگ گئے اور پھر ہر بات انہیں سمجھ میں آتی گئی۔ شاید بڑی مالکن اُس وقت کمرے سے جان بوجھ کر باہر نکلی تھیں تا کہ اُن کی دوست اُن کی سہیلی بنا کسی جھجک کے اپنے دل کی بات مجھ سے کر سکے۔ شاید یہ اُن کا مجھ پر حد سے گزرا ہوا مان بھی تھا اور اِسی مان کے آبگینے کا بھرم رکھنا میرا بھی فرض ہو گیا تھا۔ میں نے اُن کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر انہیں تسلی دی۔

''آپ بے فکر رہیں لاریب بہت جلد ٹھیک ہو جائے گی...... آپ بہت خوش قسمت ہیں خان صاحب کہ آپ کو خدا نے لاریب جیسی بیٹی دی ہے...... اور ایسے انمول تحفوں کی حفاظت دینے والا خود کرتا ہے...... اور ایک بات ہمیشہ یاد رکھیے گا کہ رشتے وہ ہوتے ہیں جو ہم خود اپنی مرضی سے بناتے اور چنتے ہیں...... جیسا کہ میرا آپ سے، بڑی مالکن سے اور لاریب سے رشتہ ہے...... جو ہم سب نے خود چنا ہے اور ہم سب ہی اس رشتے کی بے حد عزت کرتے ہیں...... اسے جان سے عزیز جانتے ہیں۔''

میں انہیں گلے لگا کر درگاہ کے لیے پلٹ گیا۔ وہ دیر تک وہیں ڈیوڑھی میں کھڑے گاڑی کو دُور جاتا دیکھتے رہے۔ میرا دل اُس وقت شدت سے بس یہی ایک دعا کر رہا تھا کہ ''اے میرے خدا اس مجبور باپ کے سامنے میری لاج رہ جائے اور وہ خود اپنی ذات کے سامنے سرخرو ہو جائیں۔ اُن کے اندر کا باپ کبھی کسی کے سامنے شرمندہ نہ ہو......''

قدرت نے دنیا میں جتنے بھی رشتے بنائے ہیں اُن میں سب سے مجبور رشتہ شاید باپ کا ہی بنایا گیا ہے، خاص طور پر اگر یہ رشتہ ایک بیٹی سے شدید محبت کرنے والے ایک وضع دار باپ کا ہو، تب اس مجبوری اور بے کسی کی حدیں لامحدود ہوتی ہیں۔

میں جب درگاہ پہنچا تو اصغر صاحب بے چینی سے میرا انتظار کر رہے تھے۔ مجھے دیکھتے ہی لپک کر میری جانب بڑھے۔

''کہاں رہ گئے تھے۔ بڑی دیر لگا دی۔''

میں نے حیرت سے اُن کی جانب دیکھا ''خیریت......؟''

''ہاں...... مجھے میرے مقتول کی اطلاع مل گئی ہے۔ اگلی جمعرات کو پچھلی پہاڑی کی طرف سے آتی ہوئی گاؤں کی کچی سڑک پر مجھے اُس کا ایک خاص مقام پر انتظار کرنا ہو گا اور اُسے وہیں ختم کر کے اپنے آزادی کا پروانہ حاصل کرنا ہو گا۔''

اصغر صاحب کی بات سن کر میرا دل جیسے ایک لمحے میں ہی ڈوب سا گیا۔ لیکن وہ اپنی دُھن میں ہی پُر جوش سے ساری تفصیلات بتاتے رہے کہ کیسے آج چھلاوے نے انہیں درگاہ کے باہر بلوا کر وہ ساری تفصیلات اُن کے حوالے کی تھیں۔ وہ بہت خوش تھے کہ آخر کار اُن کی آزادی کا دن بھی آ ہی گیا تھا۔ بس چند دن ہی تو رہ گئے تھے۔ لیکن تبھی میں نے بھی فیصلہ کر لیا کہ میں اُن کے ہاتھوں سے یہ گناہ کبیرہ سرزد ہونے نہیں دوں گا، چاہے مجھے اس کے لیے کچھ بھی کرنا پڑے۔ چاہے میری اپنی جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔ لیکن انہیں اس آخری جرم سے روکنا میری آخری

خواہش بنتی جا رہی تھی۔

کاش اس وقت سلطان بابا وہاں ہوتے تو میں خود کو اس قدر تنہا محسوس نہ کرتا۔ اس رات میں نے دو خط لکھے...... پہلا زہرا اور دوسرا عبداللہ کے نام اور صبح ہوتے ہی دونوں خط نیچے گاؤں کے پوسٹ ماسٹر کو مزید پیسوں اور اس درخواست اور تاکید کے ساتھ پکڑا آیا کہ اسے کسی بھی طرح شام سے پہلے کسی بڑے اسٹیشن سے فوری ڈاک، یا کوریئر کے حوالے کروا دیں کیوں کہ اگلی شام تک ان خطوط کا اپنی منزل تک پہنچنا بہت ضروری ہے۔ پوسٹ ماسٹر نے مجھے اطمینان دلایا کہ وہ اسی وقت صبح نو بجے والی گاڑی سے یہ دونوں خط شہر بھیج دیں گے جہاں سے انہیں اُن کا کوئی ماتحت، یا دوست کوریئر کر دے گا۔ میں نے پوسٹ آفس سے ہی زہرا کے گھر فون کرنے کی کوشش بھی کی لیکن دو دن سے برستی بارش نے ٹیلی فون کی سبھی لائنیں تہس نہس کر رکھی تھیں۔ میں اب صرف یہ دعا ہی کر سکتا تھا کہ میرے دونوں خطوط وقت پر اپنی منزل تک پہنچ جائیں۔ اُس دن بھی بارش نے رُکنے کا نام نہیں لیا اور شام تک بادل اپنا رونا روتے رہے۔ عصر کے بعد کرم دین اور بشیر آئے۔ بڑی مالکن نے اُن کے ہاتھ خاص اپنے ہاتھ کی بنی ہوئی ماش کی دال کی مٹھائی اور چنے کی دال کا حلوہ ناریل کی قاشوں میں بھر کر بھیجا تھا۔ اصغر صاحب اپنی مسکراتی اور معنی خیز نظروں سے میری جانب دیکھتے رہے۔ میں نے نظر بچا کر کرم دین کا ہاتھ پکڑا اور اُسے ذرا دُور لے جا کر اُس سے اُس کی چھوٹی مالکن کی طبیعت کے بارے میں پوچھا۔ کرم دین فوراً ہی اُداس ہو گیا۔ ”اُن کی حالت کچھ ٹھیک نہیں ہے جی...... شام تک طبیعت کچھ سنبھلی تھی پھر رات کو دوبارہ بخار چڑھ گیا۔ آپ دعا کریں جی کہ وہ جلد بھلی چنگی ہو جائیں...... ہم سب تو اُن کی ہنسی اور اُن کی ڈانٹ پر ہی زندہ ہیں......“ میں نے کرم دین کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اُسے تسلی دی ”فکر مت کرو...... جو لڑکی اتنے بہت سے لوگوں کی زندگی کا باعث ہو اُسے کچھ نہیں ہو سکتا۔“ بشیر اور کرم دین زیادہ دیر ٹھہرے نہیں اور چل دیئے۔ اُن کے جانے کے بعد اصغر صاحب نے شرارتی نظروں سے میری جانب دیکھا۔

”کیا بات ہے میاں......؟ بڑی آؤ بھگت ہو رہی ہے...... خوش نصیب ہو......“ میں بھی اُن کی اس شرارت پر مسکرا پڑا۔ ویسے بھی انہیں جب سے اپنی آزادی کی خبر ملی تھی تب سے وہ بہت خوش رہنے لگے تھے۔ سارا دن کچھ نہ کچھ گنگناتے رہتے تھے۔ اُنہوں نے غور سے میری جانب دیکھا۔

”کیسی ہے وہ......؟“

گویا انہیں خبر ہو گئی تھی کہ میں کرم دین سے کیا بات کر رہا تھا۔ ”وہ ٹھیک نہیں ہے...... ایک منت مانگی ہے میں نے بھی آپ کی طرح دعا کریں کہ اُس کے لیے مانگی گئی میری وہ منت بھی قبول ہو جائے......“

اور پھر خط بھیجنے کے تیسرے دن یعنی بدھ کی سہ پہر میری منت قبول ہو ہی گئی۔ اُس روز آسمان صبح سے صاف ہو چکا تھا اور چمکتی دھوپ میں ہر دُھلا منظر جگمگا رہا تھا۔ اِسی خیرہ کرتی دھوپ کی نرم کرنوں کے درمیان درگاہ کے احاطے میں میری قسمت کا سورج تب جگمگایا جب میں تھک کر مایوس ہونے کو تھا۔ اصغر صاحب بھی درگاہ کے صحن میں انگوروں کی بیل کی جانب چگتے پرندوں کو دانہ ڈال رہے تھے۔ پہلے اُنہی کی نظر درگاہ کے دروازے کی جانب اُٹھی اور پھر میں نے اُن کی حیران نظروں کے تعاقب میں دیکھا تو خود بھی سب کچھ بھول کر وہیں کھڑے کا کھڑا رہ گیا۔ ہاں...... وہ وہی تھی...... اپنی اُسی آب و تاب کے ساتھ، اُسی شاہانہ جلال کے ساتھ، اُسی کالے نقاب میں، اُسی طرح پانیوں پر تیرتی راج ہنسنی کی طرح چل کر آتے

ہوئے......ہاں وہ زہرا ہی تھی۔ مجھے دیکھ کر اُس کی آنکھوں میں چمک اور ہونٹوں پر ہلکی سی مسکراہٹ اُبھر آئی......میں نے خط لکھ کر اُسے بلا تو لیا تھا اور مجھے یقین بھی تھا کہ وہ میری پکار پر وہاں ہزاروں میل کا فاصلہ طے کر کے پہنچے گی بھی ضرور......لیکن اس کے باوجود بھی میں اُسے یوں اپنے سامنے پا کر اس طرح گم صم کھڑا تھا جیسے اب بھی وہ کوئی خواب ہی ہو......میرا سب سے حسین خواب......وہ میرے سامنے آ کر کھڑی ہوگئی۔ ''ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں......آپ نے ہی تو بلایا تھا......''

''ہاں......لیکن آپ یہاں تک پہنچ بھی گئی ہیں......مجھے اس کا یقین تو ہو جانے دیں......''

میری بات سن کر اُس کی آنکھوں میں شرارت کی لہر تیر گئی۔

''آپ کہیں اور ہم نہ آئیں......ایسے تو حالات نہیں......''

پھر اچانک ہی جیسے مجھے ہوش سا آ گیا۔ ''لیکن آپ یہاں تک اکیلے......میرا مطلب ہے......'' ''نہیں میں اکیلی بھلا یہاں تک کیسے پہنچتی، امی اور ڈرائیور نیچے گاڑی میں ہیں۔ امی کے گھٹنے اتنی چڑھائی کے متحمل نہیں ہو سکتے......'' میں جلدی سے اصغر صاحب سے اجازت لینے کے لیے اُن کی جانب بڑھا۔ وہ پہلے ہی سے حیران کھڑے تھے۔

''یہ پری کون ہے عبداللہ میاں۔''

''یہی ہے میری منت......میری دعا......اس کو مانگا تھا میں نے خدا سے لاریب کا درد کم کرنے کے لیے۔ زہرا کی اماں نیچے میرا انتظار کر رہی ہیں......میں انہیں حویلی چھوڑ کر جلد واپس آ جاؤں گا۔'' وہ یوں ہی حیرت زدہ کھڑے رہ گئے۔ میں زہرا کو لیے نیچے پہنچا تو اُس کی امی میرا انتظار کر رہی تھیں۔ جانے اس لمحے اُن پر اتنا پیار کیوں آ گیا کہ میں سلام کرتے ہی اُن کے گلے لگ گیا۔ وہ بھی بالکل میری امی جیسی ہی تو تھیں۔ اپنی اولاد کے لیے ہر وقت ہر مشکل میں ساتھ دینے کے لیے تیار، ہر خوشی ہر غم میں اُس کے ساتھ اور شریک سفر......آج بھی وہ میری ایک پکار پر زہرا کے ساتھ یہاں اتنی دُور آ پہنچیں تھیں۔ میں نے اُن کا شکریہ ادا کرنے کی کوشش کی تو انہوں نے ہلکے سے میرا سر تھپتھپا کر مجھے خاموش کروا دیا۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ اس بار با قاعدہ زہرا کے ابا سے اجازت لے کر اُسے یہاں تک لائی ہیں۔ وہ خود بھی مجھ سے ملنے کے لیے یہاں آنا چاہتے تھے۔ لیکن ڈاکٹر نے اُن کی بیماری کی وجہ سے انہیں کار کے اتنے لمبے سفر سے منع کر رکھا تھا۔ البتہ انہوں نے اپنی دعاؤں کے ساتھ اپنے خصوصی محافظ اور ڈرائیور کے ساتھ زہرا اور امی کو بھجوایا تھا۔

میں جب زہرا کی گاڑی میں حویلی پہنچا تو خان صاحب اور بڑی مالکن اتنی دُور سے آئے خاص مہمانوں کو اپنے درمیان پا کر نہال ہی تو ہو گئے۔ وہ سب غائبانہ طور پر زہرا کو پہلے ہی سے جانتے تھے اور اُسے یوں اچانک اپنے درمیان پا کر اُن کی خوشی کا کوئی ٹھکانہ نہیں تھا۔ میں نے خط لکھ کر زہرا کو لاریب کے بارے میں سبھی کچھ بتا دیا تھا اور یہ بھی کہ اس معصوم لڑکی کی مسیحائی کے لیے مجھے اُس کی شدید ضرورت ہے۔ میری اپنی ایک غرض بھی اس درخواست میں پنہاں تھی۔ میں جمعرات سے پہلے ایک بار زہرا سے ملنا چاہتا تھا کیوں کہ جمعرات کے دن میں نے اصغر کو اس بھیانک جرم سے روکنے کے لیے خود اس شکارگاہ میں پہنچنے کا فیصلہ کر لیا تھا جہاں انہیں اپنا آخری جرم سرانجام دینا تھا۔ میں نے اس متوقع مقتول کی جگہ خود لینے

کا ارادہ کیا تھا۔ میری کوشش یہی تھی کہ میں کسی بھی طرح اُن کو اس آخری گناہ سے روک سکوں۔ لیکن میں جانتا تھا کہ بات صرف اصغر صاحب کی نہیں ہے۔ میرا واسطہ وہاں اس انجانی مخلوق سے بھی پڑ سکتا تھا اور ضروری نہیں تھا کہ میں زندہ وہاں سے واپس آ پاتا۔ لیکن یہ جوا تو مجھے کھیلنا ہی تھا اور اس آخری بازی سے پہلے میں اپنی زندگی کے سرمائے سے آخری بار مل لینا چاہتا تھا۔ مما اور پپا کو میں نے اس لیے خبر نہیں کی تھی کہ میں آخری لمحوں میں کمزور نہیں پڑنا چاہتا تھا۔

البتہ زہرا کو میں نے اصغر صاحب، یا چھلاوے کی اس داستان کے بارے میں فی الحال کچھ نہیں بتایا تھا۔ اُسے بس لاریب کی بیماری کا ہی پتا تھا اور یہ کہ میں نے اُسے محبت کے گھاؤ کے آخری مرہم کے طور پر جبل پور بلوایا ہے۔ ساری عورتیں ذرا سی دیر میں ہی آپس میں یوں گھل مل چکی تھیں جیسے وہ برسوں سے ایک دوسرے کو جانتی ہوں۔ اندر زنانے کی جانب سے اُن سب کے ہنسنے اور بولنے کی آوازیں یہاں مردانے میں مجھ اور خان صاحب تک بھی آ رہی تھی۔ خان صاحب کو بھی شاید کچھ سمجھ آ رہا تھا کہ میں نے زہرا کو وہاں کیوں بلوایا ہے۔ انہوں نے میرا ہاتھ تھام لیا۔

''عبداللہ میاں......اور کتنے احسان کرو گے مجھ پر......؟......اُس دن تم نے مجھ سے کہا تھا کہ میں بہت خوش نصیب ہوں کہ لاریب جیسا ہیرا میرے پاس ہے۔ تو آج میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اس روئے زمین پر تم سے زیادہ خوش نصیب اور کوئی نہیں، جس کے پاس بیک وقت اتنے انمول رشتے موجود ہیں اور اُن میں زہرا جیسا نگینہ بھی شامل ہے۔

میں نے درگاہ واپسی سے پہلے زہرا کو کچھ دیر کے لیے اندرونی ڈیوڑھی میں بلوایا تھا تاکہ اُسے یہ بتا سکوں کہ شاید میں شام کو حویلی نہ آ سکوں کیوں کہ مجھے درگاہ کے چند ضروری کام نپٹانے ہیں۔ وہ کچھ ہی دیر میں وہاں آ گئی......وہ ابھی تک شرارت کے موڈ میں تھی۔

''کیوں بھئی ساحر صاحب......اور کہاں کہاں اپنا سحر بکھیرا ہے آپ نے۔ میں تو یہ سمجھتی تھی کہ آپ سلطان بابا کا ہاتھ بٹاتے ہوں گے لیکن یہاں تو ماجرا ہی کچھ اور ہے۔''

میں مسکرا دیا۔ ''یہ میرا سحر نہیں......بس آپ سے ہوئی ایک ملاقات کا اثر ہے۔'' میں نے جلدی جلدی اُسے ساری بات سمجھا دی۔ زہرا غور سے میری بات سنتی رہی۔

''آپ بے فکر رہیں......میں اپنی پوری کوشش کروں گی کہ آپ کے مجھ پر کیے گئے اعتماد کا بھرم رکھ سکوں......''

میں مسکرا کر جانے کے لیے پلٹا تو اُس نے مجھے پیچھے سے آواز دی۔

''ساحر......''

میں نے رُک کر اُس کی جانب دیکھا۔ وہ بھیگی پلکیں لیے کھڑی تھی۔

''مجھے آپ پر فخر ہے......آپ میرا مان ہیں......''

میں کچھ بھی تو نہیں بول پایا۔ بس اگلے ہی لمحے خود میری آنکھیں بھیگ چکی تھیں۔ مجھے پتا بھی نہیں چلا کہ کب دو آنسو میری آنکھوں سے نکلے اور پھسل کر میرے گالوں تک آ پہنچے۔ پل بھر میں ہی اس دل بر نے میرے سات جنموں کی ریاضت، میری ساری مشقت، ساری محنت کا معاوضہ

اپنے پنکھڑی لبوں سے دو لفظ بول کر ادا کر دیا تھا۔ کیا اس حقیر زندگی کو کسی دیوی کے چرنوں کی بھینٹ چڑھانے کے لیے اس سے بہتر کوئی اور پل ہو سکتا تھا۔ کیا اس لمحے کے بعد بھی جینے کی کوئی اور وجہ باقی رہ جاتی تھی......؟ ......ہم دونوں بھی کتنے عجیب تھے، زمانے میں بچھڑنے والے ایک دوسرے کو رو کر وداع کرتے ہیں...... جب کہ ہم دونوں کی آنکھوں میں اس لیے آنسو تھے کہ ہم ایک دوسرے کو رفتہ رفتہ پا رہے تھے۔ میری آنکھوں میں آنسو دیکھ کر وہ مزید ایک پل بھی وہاں رُک نہیں پائی اور جلدی سے اپنی پلکوں کی شبنم اپنی ہتھیلیوں میں سمیٹتی ہوئی وہاں سے اندر کی جانب بڑھ گئی۔

میں درگاہ پہنچا تو اصغر صاحب کو وہاں موجود نہ پا کر میرا دل دھک سے رہ گیا۔ کہیں اُن کا منصوبہ بدل تو نہیں گیا۔ انہوں نے جمعرات کا بتایا تھا مجھے۔ پر کہیں انہوں نے ایک دن پہلے ہی اپنا جرم سرانجام دینے کا فیصلہ تو نہیں کر لیا۔ خدا نے زہرا کو یہاں تک پہنچا کر میری ایک دعا تو پوری کر دی تھی لیکن دوسری دعا۔ میرا دوسرا خط میں نے عبداللہ کے نام لکھا تھا کہ کسی بھی طرح سلطان بابا کو جمعرات سے پہلے جبل پور والی درگاہ پہنچنے کا پیغام دے، پتا نہیں اس خط کا کیا بنا؟

میں کچھ دیر وہیں درگاہ میں اصغر صاحب کا انتظار کرتا رہا لیکن پھر بے چین ہو کر درگاہ سے باہر نکل آیا۔ مجھے اصغر صاحب نے پچھلے پہاڑ کی اس پگ ڈنڈی کا بتایا تھا جہاں بنی ہوئی ایک ٹوٹی پھوٹی متروک سی ایک عمارت کے کھنڈر اب بھی موجود تھے۔ جو شاید کسی زمانے میں کوئی مسافر خانہ، یا ستانے کے لیے کوئی قیام گاہ رہی ہوگی۔ اصغر صاحب نے اسی کھنڈر میں وہ خون کرنا تھا۔ میں بے قراری میں اُس مسافر خانے کے کھنڈر کی جانب ہی چل پڑا۔ حالانکہ میں جانتا تھا کہ وہ کھنڈر یہاں سے تقریباً تین گھنٹے کی مسافت پر ہے اور شام کا اندھیرا اتنی تیزی سے پھیل رہا تھا کہ رات ہونے سے پہلے میرا وہاں پہنچنا ناممکن تھا۔ لیکن میرے اندر کی بے قراری میرے قدم بڑھائے جا رہی تھی۔ پھر اچانک دو کوس کے فاصلے پر پہنچتے ہی ایک موڑ پر مجھے اصغر صاحب کا دُور گھاٹی میں ہیولہ سا دکھائی دیا۔ وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتے ہوئے درگاہ کی جانب ہی چلے آ رہے تھے۔ میں نے شکر ادا کر کے سکون کی ایک لمبی سی سانس لی۔ لیکن پل بھر میں ہی میری وہی سانس میرے حلق میں اٹک گئی۔ اصغر صاحب کے ہاتھ میں ایک بڑا سا چاقو تھا جسے وہ آس پاس کی چٹانوں پر تیز کرنے کے سے انداز میں رگڑتے چلے آ رہے تھے۔ تو کیا انہوں نے خون کر دیا تھا......

# خوابوں کا بیوپاری

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

اتنے میں اصغر صاحب کی نظر بھی مجھ پر پڑ چکی تھی، وہ کچھ ٹھٹک کر رُک گئے۔ میں بھاگتا ہوا اُن کے پاس پہنچ گیا۔ میرا سانس دھونکنی کی طرح چل رہا تھا۔ ''کہاں چلے گئے تھے آپ؟ میں تو پریشان ہی ہو گیا تھا۔'' وہ حیران سے تھے۔ ''بتایا تو تھا تمہیں کل جمعرات ہے نا۔ میں ذرا کھنڈر تک گیا تھا۔ کچھ ابتدائی انتظامات کرنا تھے..... لیکن تم اس ڈھلتی شام میں کہاں چل دیئے۔''

میں نے اطمینان کا گہرا سانس لیا۔ گویا میرا شک غلط تھا۔ میں نے انہیں ٹال دیا۔ ''کہیں نہیں..... بس آپ درگاہ میں نہیں تھے تو پریشان ہو کر باہر نکل آیا۔ چلیں واپس چلتے ہیں.....'' میں انہیں ساتھ لیے واپس درگاہ آ گیا۔ انہیں اگلی شام سے پہلے کھنڈر پہنچنا تھا اور کھنڈر میں اُس شخص کا انتظار کرنا تھا۔ اس لحاظ سے مجھے اُن سے بھی پہلے درگاہ سے نکل کر اس کھنڈر والے راستے پر کسی ایسی جگہ مورچہ لگانا تھا جہاں سے اُس آنے والے شخص پر بھی نگاہ رکھ سکتا اور اُسے وہاں سے پلٹا کر مجھے خود کھنڈر بھی پہنچنا تھا۔ ساری رات اِسی اُدھیڑ بن میں گزر گئی۔ صبح کرم دین خان صاحب کا پیغام لے کر آیا کہ انہوں نے دوپہر کے کھانے پر مجھے حویلی بلوایا ہے۔ اس کے ہاتھ میں زہرا کا لکھا ہوا ایک رُقعہ بھی تھا، جس پر اُس کی جاں فزا تحریر میں صرف دو سطریں تحریر تھیں کہ

''دل پر لگے وار کافی گہرے اور کاری ہوتے ہیں..... لیکن مطمئن رہیے آپ کا بھیجا ہوا مسیحا بھی کچھ کم مشاق نہیں..... وہ اپنا زخم آزمائیں ہم اپنا مرہم آزمائیں گے.....''

میرے ہونٹوں پر مسکراہٹ آ گئی اور میں نے اُسی رُقعے پر یہ شعر لکھ دیا۔

اُٹھتی رہتی ہے ایک گرد مجھ میں
کون پھرتا ہے دربدر مجھ میں
مجھ کو مجھ میں جگہ نہیں ملتی
وہ ہے موجود اس قدر مجھ میں

میں نے رُقعہ کرم دین کے حوالے کیا اور اُس سے کہا کہ آج میری جانب سے خان صاحب اور مہمانوں سے معذرت کر لے کیونکہ مجھے ایک بہت ضروری کام سے درگاہ سے باہر جانا ہے لہٰذا آج دیر ہو جائے گی۔ زندگی رہی تو فارغ ہوتے ہی خود حویلی حاضر ہو جاؤں گا۔ پتا نہیں سب کو فرداً فرداً سلام دیتے ہوئے میری آواز کیوں بھرا سی گئی۔ کرم دین پلٹ کر چل دیا۔ اصغر صاحب اپنے کمرے میں جانے کن تیاریوں میں لگے ہوئے تھے۔ اُس روز قدرت نے بھی میرے ساتھ کھیلنے کا منصوبہ بنا رکھا تھا۔ شاید دوپہر سے پہلے ہی گھنے بادلوں نے آسمان کو ڈھانپنا شروع کر دیا اور ظہر

سے پہلے وہی موسلا دھار جھڑی شروع ہو گئی جو پچھلے ایک ہفتے سے جبل پور کے پہاڑوں کو نہلا رہی تھی۔ میں نے اصغر صاحب سے بہانہ کیا کہ حویلی سے میرے لیے بلاوا آیا ہے لہٰذا میرا جانا ضروری ہے۔ البتہ شام ہونے سے پہلے واپس آنے کی کوشش کروں گا۔ وہ خوش دلی سے مسکرائے" جاؤ میاں جاؤ...... حویلی میں ایک نہیں دو دو پریاں جس شہزادے کا انتظار کر رہی ہوں اُس کا دل بھلا ہم بوڑھوں کے ساتھ کہاں لگے گا۔ جاؤ مل آؤ...... آج جب تم لوٹو گے تب تک میں بھی آزاد ہو چکا ہوں گا...... بس دعا کرنا کہ آخری لمحے میرے قدم لڑکھڑا نہ جائیں...... بڑی ہمت کی ضرورت ہے۔ میں کتنا بڑا گناہ گار ہی کیوں نہ سہی...... لیکن قتل پھر بھی مجھ سے آج تک سرزد نہیں ہوا......"

میں نے انہیں خدا حافظ کہتے ہوئے دل میں سوچا کہ اگر اللہ نے چاہا تو آج بھی میں انہیں قاتل نہیں بننے دوں گا۔ میں جب درگاہ سے باہر نکلا تو اس خیال سے کہ کہیں وہ مجھے جاتے ہوئے دیکھنے کے لیے باہر نہ نکل آئیں میں نے پہلے پہاڑی سے نیچے سیدھے سڑک کا ہی رُخ کیا۔ جب کہ کھنڈر تک پہنچنے کے لیے مجھے اُوپر کی جانب جانا چاہیے تھا کیونکہ کھنڈر سڑک سے بالکل مخالف سمت میں درگاہ کی پچھلی چوٹی کے پیچھے والی پگ ڈنڈی کی راہ اختیار کرنے سے آتا تھا۔ میرا ارادہ یہ تھا کہ میں کچھ دُور سڑک پر جا کر پہاڑی پر چڑھنے کے لیے ایسا راستہ اختیار کروں گا کہ اصغر صاحب کی نظر میں آئے بنا کھنڈر کی ڈگر تک پہنچ جاؤں لیکن بُرا ہو اس طوفانی بارش اور گھٹا ٹوپ اندھیرے کا جس نے دن کے وقت بھی گہری شام سی کر رکھی تھی۔ مجھ سے اندازے میں کچھ چوک ہو گئی اور جس وقت میں گرتے پڑتے دوبارہ پہاڑ کی چوٹی تک پہنچا اُس وقت عصر کا وقت گزر چکا تھا۔ میرے ہاتھ پاؤں پھولنے لگے تھے۔ سرد ہوا نے میرا وجود برف کر دیا تھا اور بارش کی بوندیں میرے جسم میں ہزاروں سوئیوں کی طرح چبھ رہی تھیں۔ دُور سے کھنڈر کے آثار نظر آئے تو میرے قدم مزید تیز ہو گئے۔ جانے وہ مسافر کہیں بارش سے چھپتے ہوئے مجھ سے پہلے ہی کھنڈر میں پناہ نہ لے چکا ہو......؟ ایسے میں اُسے میں کس طرح سمجھا پاؤں گا کہ اُس کا وہاں کھنڈر میں بیٹھ کر بارش رُکنے کا انتظار اُس کے لیے کس قدر خطرناک اور جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے...... یا خدا...... مجھے اُس سے پہلے کھنڈر پہنچا دے۔ میں جب کھنڈر میں داخل ہوا تب بھی یہی دعا میرے لبوں پر جاری تھی۔ لیکن شاید وہ دن میری دعائیں رد ہونے کا دن تھا۔ میں جب کھنڈر میں داخل ہوا تبھی مجھے گیلی لکڑیوں کے جلنے سے پیدا ہونے والے دُھویں نے کسی ذی رُوح کی موجودگی کا پتا دے دیا تھا۔ دُھویں کی چادر کے پار کوئی شخص گیلی لکڑیاں جمع کیے انہیں جلانے کی کوشش کر رہا تھا۔ کچھ لکڑیاں سلگ کر آگ پکڑ چکی تھیں لیکن گیلی اور نم ہونے کی وجہ سے بے حد دُھواں پھینک رہی تھیں۔ اس دُھویں کے نیلے مرغولوں کے جھنڈ میں سے اُس شخص نے سر اُٹھایا۔ میرے قدم وہیں جمے کے جمے رہ گئے۔ آسمان پر بجلی زور سے کڑکی اور مجھے یوں لگا کہ یہ بجلی قدرت نے براہ راست مجھ پر ہی گرائی ہے۔ میرے سامنے سلطان بابا بیٹھے ہوئے تھے۔ اُن کو وہاں بیٹھے دیکھ کر میری اُوپر کی سانس اُوپر ہی رہ گئی۔ وہ مجھے اپنے سامنے دیکھ کر خوشی سے نہال ہو گئے۔" واللہ ساحر میاں...... یہ تم ہی ہو نا...... میں ابھی تمہارے بارے میں ہی سوچ رہا تھا...... جیسے ہی تمہارا پیغام ملا میں چل پڑا تھا۔ لیکن راستے میں بس خراب ہو گئی۔ میں نے سوچا کہ رات بھر سے پہلے تو اب یہ بس ٹھیک ہو گی نہیں تو کیوں نہ پیدل ہی چلا جائے۔ لیکن بھلا قدرت اپنا زور دکھانے سے کب چوکتی ہے...... سو دیکھو...... راستے میں بوچھاڑ نے آگھیرا اور یہاں اس کھنڈر میں پناہ لینی پڑی......" پھر جیسے انہیں کچھ یاد آیا" لیکن تم یہاں کیسے ساحر میاں...... بھئی مان گئے تمہارے الہام کو......"

سلطان بابا مسکرائے۔ مجھے پل بھر کے لیے یوں لگا جیسے سلطان بابا سب کچھ جانتے ہوئے بھی انجان بن رہے ہیں۔ یہ قدرت میرے ساتھ کیسا کھیل کھیل رہی تھی۔ اصغر صاحب کو اس کھنڈر میں کسی ایک شخص کا قتل کرنا تھا اور ستم ظریفی دیکھئے کہ اس ممکنہ مقتول کو اپنا پیغام بھیج کر اس کھنڈر تک بلوانے والا کوئی اور نہیں، میں خود تھا...... اور میں نے بلایا بھی کس کو تھا......؟...... اپنے محسن، اپنے رہبر...... اپنے پیر کامل کو...... یہ مقدر کا میرے ساتھ ایک بھیانک مذاق نہیں تو اور کیا تھا......؟...... مجھے سمجھ نہیں آیا کہ سلطان بابا سے کیا کہوں۔ میرے منہ سے صرف اتنا نکلا۔ ''آپ یہاں سے چلے جائیں...... یہاں آپ کی جان کو شدید خطرہ ہے...... کوئی شخص آپ کی جان کے در پے ہے......''

''کیا کہہ رہے ہو میاں...... بھلا ہم درویشوں کی جان لے کر کسی کو کیا ملے گا......''

میں زچ سا ہو گیا۔ ''آپ میری بات سمجھنے کی کوشش کریں۔ میں یہاں آپ کے استقبال کے لیے نہیں آیا۔ مجھے تو یہ بھی پتا نہیں تھا کہ میرا پیغام آپ تک پہنچا بھی ہے کہ نہیں...... میں تو یہاں اس اجنبی شخص کو بچانے کے لیے آیا تھا جسے یہاں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔'' میں نے جلدی جلدی انہیں اپنے جبل پور آنے سے لے کر آج تک کی ہر بات بتا دی کہ کس طرح چھلاوہ اصغر صاحب کی آزادی کے بدلے اُن سے یہاں کسی کے قتل کا وعدہ لے بیٹھا ہے اور اصغر صاحب اب یہاں پہنچنے ہی والے ہوں گے۔ سلطان بابا نے اطمینان سے میری ساری بات سنی اور سکون سے بولے۔ ''ٹھیک ہے ساحر میاں...... اگر میری آخری سانس یہیں لکھی ہے تو پھر اس سے بھاگنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ آنے دو تم اپنے اس چھلاوے کو، میں بھی تو دیکھوں کہ......''

ابھی سلطان بابا کی بات اُن کے منہ میں ہی تھی کہ اچانک پیچھے سے کوئی زور سے چلایا ''عبداللہ......''

میں گھبرا کر پلٹا تو ڈھلتی شام کے سائے میں میں نے اصغر صاحب کو وحشت بھرے انداز میں ہاتھ میں وہی چاقو لیے کھڑے دیکھا۔ یہ اصغر صاحب اُس درگاہ والے نرم خو اصغر صاحب سے قطعی مختلف تھے اور اُن کی آنکھوں سے میں نے غصے کی چنگاریاں نکلتے ہوئے دیکھیں۔ وہ پھر سے گرجے۔

''تم یہاں کیا کر رہے ہو۔ کیا میں نے تمہیں بتایا نہیں تھا کہ یہ جگہ آج کسی کا مقتل بننے والی ہے۔ پھر بھی تم یہاں چلے آئے...... بڑی حماقت کی تم نے...... اب بھی وقت ہے، جاؤ چلے جاؤ یہاں سے......''

میں اُن کی جانب سے پلٹا۔ ''نہیں نہیں...... آپ غلط سمجھ رہے ہیں۔ یہ میرے سلطان بابا ہیں۔ انہیں میں نے ہی درگاہ آنے کی دعوت دی تھی۔ یہ وہ نہیں جس کا آپ کو انتظار ہے......'' اصغر صاحب کو جواب دینے کی مہلت نہیں ملی۔ اندھیرے میں بجلی زور سے چمکی اور کھنڈر کی منڈیر پر، میں نے ملگجے اندھیرے میں وہی دو آنکھیں چمکتی ہوئی دیکھیں۔ وہی شخص منڈیر پر اکڑوں بیٹھا ہوا تھا جسے میں اس سے پہلے ٹرین اور پھر درگاہ کے باہر دیکھ چکا تھا۔ وہ زور سے چلایا۔

''نہیں...... یہ وہی ہے جس کا آج خاتمہ ہونا اٹل ہے۔ دیر مت کرو اصغر...... تمہارا شکار تمہارے سامنے ہے۔ اس لڑکے کی پرواہ نہ کرو...... یہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا...... آگے بڑھ کر وار کرو...... تمہاری آزادی تم سے صرف چند قدم کے فاصلے پر ہے......'' میں جلدی سے آگے بڑھ کر

سلطان بابا کے سامنے کھڑا ہو گیا۔

''خبردار......ان کی جانب بڑھتی ہر چیز کو پہلے مجھے پار کرنا ہو گا۔''

وہ زور سے چلایا ''دیرمت کرو اصغر......اس لڑکے کو بھی راستے سے صاف کر دو......خس کم جہاں پاک......''

سلطان بابا سکون سے اپنی جگہ پر کھڑے اپنی مخصوص تسبیح گھما رہے تھے، وہ مجھے ہٹا کر میرے سامنے آ گئے اور ٹھہرے ہوئے لہجے میں بولے۔

''جس کی جان کا سودا طے کیا جا رہا ہے کوئی اُسے بھی تو بتائے کہ مول کیا لگا ہے؟ مجھے کیوں ختم کرنا چاہتے ہو۔ میں نے تمہارا کیا بگاڑا ہے؟''

چھلاوہ جواب کود کر دوسری منڈیر پر بیٹھا غصے سے ہمیں گھور رہا تھا، چلا کر نفرت سے بولا۔ ''زیادہ بھولے نہ بنو......تم خوب جانتے ہو کہ تمہاری اور میری دشمنی تو ازل سے ہے......صدیوں سے تم میرا راستہ کاٹتے آئے ہو۔ کبھی مذہب کی صورت میں، کبھی نیکی کی صورت میں، کبھی اچھائی کی صورت میں۔ آغاز سے ہی تم نے میرا ناطقہ بند کرنے کی کوشش کی ہے......لیکن آج میں تمہاری سانسیں بند کر کے یہ کھیل ہمیشہ کے لیے ختم کر دوں گا۔ آج میری وہ پہلی جیت ہو گی جس کا مجھے صدیوں سے انتظار تھا۔''

سلطان بابا کے لہجے میں اب بھی ٹھہراؤ تھا۔ ''تم صدیوں کی بات کر رہے ہو...... جب کہ میں تو ایک عام انسان ہوں جس کی عمر فقط چند سال ہے، پھر تم کس سے اب تک لڑتے آ رہے ہو۔ ضرور تمہارا دشمن کوئی اور ہو گا......''

چھلاوہ اب صحن میں کھڑے ایک جلے ہوئے درخت کی شاخ پر اٹکا ہوا تھا، اُس نے نفرت سے ہونٹ سکوڑے۔

''نہیں تم وہی ہو......بس تمہارے جسم بدلتے رہتے ہیں۔ لیکن مجھے تمہارے اس بوسیدہ جسم سے کیا لینا دینا......میں تو تمہاری اس رُوح کو ختم کرنا چاہتا......ہمیشہ کے لیے......اصغر تم وہاں کھڑے کیا تماشا دیکھ رہے ہو، آگے بڑھو ورنہ ہمیشہ کے لیے میرے غلام ہو کر رہ جاؤ گے۔ کیا تمہیں آزادی نہیں چاہیے......جلدی کرو میرے پاس زیادہ وقت نہیں ہے......یاد رکھو......اگر آج تم نے معاہدے کی خلاف ورزی کی تو جرمانے کے طور پر میں ساری زندگی تم پر مسلط رہوں گا......اور تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میری دشمنی کتنی بُری چیز ہے......ساری زندگی تڑپتے اور سسکتے ہوئے گزر جائے گی۔ تم موت مانگو گے لیکن تمہیں موت بھی نہیں ملے گی......''

اصغر صاحب شدید کشمکش میں ہاتھ میں چاقو لیے کھڑے تھے۔ وہ ہچکچا کر آگے بڑھنے لگے، میں زور سے چلایا۔ ''یہ آپ کیا کر رہے ہیں......رُک جائیں۔'' چھلاوے نے غصے اور نفرت بھری نگاہ مجھ پر ڈالی اور اگلے ہی لمحے مجھے یوں محسوس ہوا جیسے مجھے اُن آنکھوں کے سحر نے جکڑ لیا ہو۔ میں نے اصغر صاحب کے راستے کی رکاوٹ بننے کی کوشش کی لیکن میرے قدم جیسے زمین میں ہی جکڑے رہ گئے۔ سلطان بابا ویسے ہی استقامت سے اپنی جگہ کھڑے تھے۔ اس بار وہ اصغر صاحب سے مخاطب ہوئے۔

''کیا تمہیں پورا یقین ہے کہ میرا خاتمہ کرنے کے بعد یہ عفریت تمہارا پیچھا چھوڑ دے گا؟ اور پھر اگر یہ اسی قدر طاقت ور ہے کہ ساری زندگی تمہیں اپنا غلام بنا کر رکھ سکے تو پھر یہ خود آگے بڑھ کر میرا خاتمہ کیوں نہیں کر دیتا۔ اس قتل کے لیے اِسے تمہارے کمزور انسانی بازوؤں کی ضرورت کیوں پیش آ رہی ہے......کہیں ایسا تو نہیں کہ یہ آخری گناہ کروانے کے بہانے ہی پوری عمر کے لیے تمہاری رُوح پر قبضہ کرنا چاہتا ہے......

دو گھڑی رُک کر ذرا غور کرلو...... تھوڑا سوچ لو مجھے قتل کرنے کے لیے تو پوری رات پڑی ہے...... میں کہیں بھاگا نہیں جا رہا...... یہیں تمہارے سامنے ہی کھڑا ہوں۔''

اصغر صاحب ٹھٹھک کر اپنی جگہ کھڑے ہو گئے۔ چھلاوہ انہیں رُکتے دیکھ کر زور سے چیخا ''پاگل مت بنو اصغر...... اس شخص کی چکنی چپڑی باتوں میں مت آنا...... یہ جادوگر ہے...... تمہاری تباہی کے درپے ہے...... تم جانتے ہو اس پوری دنیا میں میں ہی تمہارا واحد دوست ہوں۔ میں نے آج تک تمہارے لیے کیا نہیں کیا؟...... جب کہ تمہارے سامنے کھڑا یہ شخص جو تمہیں نصیحتیں کرنے کی کوشش کر رہا ہے اس سے ملے تمہیں ابھی پورا ایک گھنٹہ بھی نہیں ہوا۔ اس پر اعتبار کر کے اپنے آپ کو ہمیشہ کے لیے خاک میں نہ ملاؤ...... جاؤ اس کے سینے میں یہ چاقو گھونپ دو...... اور ہمیشہ کے لیے نجات پالو...... ورنہ تمہارے گلے میں پڑا یہ سرخ دھاگا ہمیشہ کے لیے تمہاری غلامی کا طوق بن جائے گا...... چلو شاباش اب دیر نہ کرو۔''

سرخ دھاگے کا ذکر آتے ہی اصغر صاحب کا دھیان اپنے گلے کی جانب چلا گیا اور انہوں نے شاید اپنے ماضی کے گزرے اذیت ناک دن یاد کر کے ایک جھرجھری سی لی۔ مجھے لگا کہ چھلاوے کا یہ وار کام کر گیا ہے۔ اصغر صاحب نے یہ کہتے ہوئے سلطان بابا کی جانب قدم بڑھا دیئے کہ ''میری تم سے کوئی دشمنی نہیں ہے لیکن مجھے تمہیں ختم کرنا ہی ہوگا۔ اِسی میں میری نجات ہے۔'' چھلاوے کی آنکھوں میں اطمینان کی ایک لہری اُٹھی۔ اصغر صاحب سلطان بابا کے قریب پہنچ چکا تھا۔ میری آواز تک سلب ہو چکی تھی اور میں دم سادھے یہ سب کچھ اپنی آنکھوں کے سامنے ہوتے ہوئے دیکھ رہا تھا سلطان بابا نے کلمہ پڑھ لیا اور آخری بار بولے۔

''ٹھیک ہے...... میرے خاتمے سے تم نجات پا سکتے ہو تو یہ نجات تمہیں مبارک ہو...... لیکن اس عارضی دنیا کی نجات کیا معنی رکھتی ہے...... کیا اگلے جہاں میں تمہارا بھی اس عفریت کے ساتھ عمر بھر آگ میں جلنے کا ارادہ ہے...... یہی تو اس کا وہ ارادہ ہے جو اِسے تم جیسے معصوم انسانوں سے ایسے کبیرہ گناہ کروانے پر اُکساتا ہے۔'' اصغر صاحب معصوم کا لفظ سن کر تلخی سے ہنسے ''معصوم......؟ اور میں......؟...... تم شاید میرے ماضی سے واقف نہیں ورنہ اس لفظ کی حرمت خراب نہ کرتے...... دنیا کا کون سا گناہ ہے جو آج تک مجھ سے سرزد نہیں ہوا۔ اگلے جہاں کا تو میں نے سوچنا ہی چھوڑ دیا ہے۔ تمہاری جان لے کر شاید یہاں کی چند سالہ مزید زندگی ہی آرام سے کٹ جائے......''

سلطان بابا گرجے ''کتنا جی لوگے مزید تم...... اور کیا ضمانت ہے کہ وہ زندگی بھی سکون سے ہی کٹے گی؟...... اور ہاں...... ایک گناہ اب بھی ایسا ہے جو تم نے اب تک نہیں کیا...... قتل...... کیا کسی معصوم انسان کے قتل کا بوجھ اپنے سر پر لے کر تم واقعی سکون کی زندگی جی پاؤ گے؟...... کیا ضروری ہے کہ تم یہ آخری گناہ بھی اپنے کھاتے میں لکھوا کر ہی اُوپر جاؤ...... توبہ اور معافی کا در کبھی بند نہیں ہوتا۔ تمہارے گناہوں کا کوئی شمار کوئی حد ہو سکتی ہے لیکن اُس کی رحمت بے شمار اور لامحدود ہے...... اب بھی وقت ہے...... تمہاری سانسیں ابھی باقی ہیں...... ان کے ختم ہونے سے پہلے اُس کے دربار میں ہاتھ جوڑ کر اُس سے معافی مانگ لو...... مجھے یقین ہے وہ تمہیں معاف کر دے گا...... اور تمہارے پاس تو کفارہ ادا کرنے کا بھی موقع ہے...... سچے دل سے توبہ کر کے اس بدی کے ہرکارے کی بات ماننے سے انکار کر دو...... شاید تمہیں قدرت نے آج اِس مقام پر اِسی لیے پہنچا دیا ہے کہ تم اپنی گناہوں بھری زندگی کا خود خاتمہ کر لو۔''

بارش کی بوچھاڑ تیز ہو چکی تھی اور بجلی اب یوں کڑک کڑک کر اردگرد گر رہی تھی جیسے آج اُسے بھی اپنے کسی شکار کی تلاش ہو۔ اصغر صاحب کا اُٹھتا ہوا ہاتھ اُٹھتے اُٹھتے پھر درمیان میں رُک گیا۔ چھلاوہ زچ ہو کر غصے سے پاگل ہو چکا تھا اور سلطان بابا کی گفتگو کے دوران وہ درجنوں بار اپنی جگہ بدل چکا تھا۔ اب اُس کے صبر کا پیمانہ بالکل ہی لبریز ہو گیا تھا وہ چلا کر بولا۔

''بس بہت ہو چکا یہ کھیل اصغر تم اس کا خاتمہ کرتے ہو، یا میں اپنے اسی سرخ دھاگے کو تمہارے گلے کا پھندا بنا ڈالوں ہمیشہ کے لیے...... میں اب پل بھر بھی انتظار نہیں کروں گا واپس پلٹنے میں ...... مار ڈالو اسے ...... گھونپ ڈالو اس کے سینے میں یہ چاقو...... ابھی ...... میں کہتا ہوں ابھی......'' اصغر صاحب جو شاید اس قتل کے لیے خود کو ذہنی طور پر تیار کر چکے تھے۔ اُن کی آنکھوں میں تاسف تھا۔ اُنہوں نے چھلاوے کی دھاڑ سے ڈر کر چاقو والا ہاتھ یوں فضا میں بلند کیا جیسے وہ اس بحث کے دوران ہزار بار ٹوٹ کر بکھر چکے ہوں۔ سلطان بابا نے اپنی آنکھیں بند کر لیں اور اصغر صاحب کے ہاتھ میں پکڑے چاقو کا پھل دُور کہیں گرتی بجلی کی روشنی سے پل بھر کے لیے جگمگایا اور پھر فضا میں سلطان بابا کی آواز گونجی ''لا الہ الا اللہ......'' اصغر صاحب کا ہاتھ تیزی سے نیچے آیا میرے منہ سے ''نہیں'' کی چیخ نکل گئی۔ اصغر صاحب کے تیزی سے نیچے آتے چاقو کے پھل نے اُن کی گردن میں پڑے دھاگے کو اس طرح کاٹا کہ خود اُن کی گردن سے بھی خون کا ایک تیز فوارہ سا نکلا جس نے سامنے کھڑے سلطان بابا کو رنگ ڈالا۔ اصغر صاحب نے سلطان بابا کے سینے میں چاقو گھونپنے کے بجائے اپنے ہی گلے میں پڑے سرخ دھاگے کو کاٹ ڈالا تھا۔ اُن کا وار چھلتا ہوا پڑا اور چونکہ دھاگا گلے میں مضبوطی سے کسا ہوا تھا لہٰذا چاقو نے دھاگے کی کسی ہوئی ڈور تک پہنچنے سے پہلے اُن کے گلے کی جلد کو کاٹ ڈالا۔ دفعتہً بجلی زور سے کڑکی اور پھر فضا میں گھپ اندھیرا چھا گیا۔ اور میں نے اس گھپ اندھیرے میں برستی بوچھاڑ کے پس منظر میں اُن دو سرخ جلتی آنکھوں کو رفتہ رفتہ معدوم ہوتے ہوئے دیکھا۔ ایسے جیسے کوئی دو جلتے ہوئے شدید تیز انگاروں پر پانی کی ہلکی ہلکی بوندیں گرا کر انہیں دھیرے دھیرے بجھا دے۔ میں ابھی تک انہی آنکھوں کے سحر میں تھا کہ سلطان بابا کی زوردار آواز نے جیسے مجھے جھنجھوڑ ڈالا ''ساحر میاں ...... جلدی کرو...... ابھی جان باقی ہے...... اسے کسی ہسپتال تک پہنچانا ہوگا......'' میں ایک دم سے جیسے ہوش میں آ گیا۔ اصغر صاحب زمین پر اوندھے پڑے ہوئے تھے اور اُن کے گلے سے بھل بھل خون نکل کر پانی کے قطروں کے ساتھ مل کر نیچے کیچڑ میں مل رہا تھا۔ سلطان بابا نے جلدی سے اپنے کاندھے پر پڑی چادر کو پھاڑا اور ایک پٹی سی بنا کر اصغر صاحب کے زخم پر خوب کس کر مضبوطی سے باندھ دی۔ قریب ہی کیچڑ میں لت پت پڑے اُس سرخ دھاگے کو انہوں نے اس بجھتی ہوئی آگ میں پھینک دیا جو انہوں نے میرے پہنچنے سے پہلے کھنڈر میں روشن کر رکھی تھی۔ دھاگا جل کر یوں تڑخا جیسے کوئی جڑی بوٹی آگ میں جلی ہو۔ میں نے اصغر صاحب کو کاندھے پر ڈالا اور ہم دونوں تیزی سے کھنڈر سے نکل کر گاؤں کی طرف جاتی کچی سڑک کی جانب دوڑ پڑے۔ مجھے یوں لگا جیسے اصغر صاحب کے گلے سے ٹپکتے ہوئے خون کے قطرے مجھ سے کہہ رہے ہوں کہ

ہم خوابوں کے بیوپاری تھے
پر اس میں ہوا نقصان بڑا
کچھ بخت میں ڈھیروں کالک تھی
کچھ اب کے غضب کا کال پڑا

راکھ لیے جھولی میں
اور سر پر ساہوکار کھڑا
جب بستی صحرا صحرا تھی
ہم دریا دریا روئے تھے
جب ہاتھ کی ریکھائیں چپ تھیں
اور سُر سنگیت میں کھوئے تھے
تب ہم نے جیون کھیتی میں
کچھ خواب انوکھے بوئے تھے
جب فصل کٹی تو کیا دیکھا
کچھ زخمی خواب تھے آنکھوں میں
کچھ درد کے ٹوٹے گجرے تھے
ہم خوابوں کے بیوپاری تھے
پر اس میں ہوا نقصان بڑا

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# خواب مرتے نہیں

کتاب گھر کی پیشکش http://kitaabghar.com

آخر کار تیسرے دن اصغر صاحب کو ہوش آ ہی گیا۔ ہم اُس طوفانی رات میں انہیں کس طرح لے کر پہلے گاؤں کے ہسپتال اور پھر خان صاحب کی گاڑی میں قریبی ضلع کے بڑے ہسپتال تک پہنچے یہ ایک الگ اور لمبی داستان تھی۔ پہلے تو ڈاکٹروں نے بالکل ہی جواب دے دیا، لیکن پھر نہ جانے یہ اُن کے اندر کے جینے کی لگن تھی، یا پھر واقعی اُن کا کفارہ ساتویں آسمان پر قبولیت کا شرف پا گیا تھا۔ ہماری دعائیں رنگ لے آئیں اور اصغر صاحب نے آنکھیں کھول دیں۔ پہلے چند گھنٹے تو ہوش و حواس سے بالکل ہی عاری تھے۔ انہیں کچھ یاد ہی نہیں آ رہا تھا کہ وہ کون ہیں اور اس ہسپتال تک کیسے پہنچے۔ پھر دھیرے دھیرے انہیں اپنی پچھلی زندگی یاد آنے لگی۔ سلطان بابا نے اُن کی اس کیفیت کی ایک بہت حیرت انگیز سی وجہ بھی بیان کی کہ اگر ہوش میں آنے کے بعد اصغر صاحب کو چھلاوے کے ساتھ گزرا ایک سال صرف چند لمحوں کا خواب لگا، یا انہیں کچھ بھی یاد نہ آیا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ وہ ہمارے زمینی وقت کے محور سے باہر نکل چکے تھے۔ میں نے حیرت سے اُن کی طرف دیکھا ''زمینی وقت سے کیا مراد ہے آپ کی......؟ کیا مختلف زمانوں کے لیے وقت کے پیمانے بھی مختلف ہوتے ہیں؟'' سلطان بابا نے گہری سی سانس لی۔ ''فی الحال تو یہ صرف ایک پہیلی ہی ہے......اور سائنس بھی کہیں نہ کہیں اس پہیلی کی کھوج میں ہے۔ لیکن نوری سال (Light Year) اور وقت میں سفر کا تصور اس نظریے کو تقویت دیتا ہے کہ ہم زمین پر جس وقت کے پیمانے میں زندہ ہیں اس کے علاوہ وقت کے مزید پیمانے بھی ضرور موجود ہیں۔ اور یہ ضروری نہیں کہ ہماری گھڑی، پل، منٹ، گھنٹے اور سیکنڈز بھی ان زمانوں کے وقت کے پیمانوں سے مطابقت رکھتے ہوں۔ مثلاً ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ اصغر صاحب نے اُس مخلوق کے زیر اثر جو ایک سال گزارا وہ ہماری دنیا کا صرف ایک منٹ، یا چند سیکنڈ ہی ہوں۔ مثلاً ہم خواب میں اپنے بچپن سے لے کر بڑھاپے تک کی زندگی کے تمام مناظر دیکھ کر بھی جب اُٹھتے ہیں، تو ہماری پوری نیند میں اس دیکھے گئے خواب کا اصل دورانیہ چند منٹ سے زیادہ کا نہیں ہوتا۔ مطلب خواب میں وقت بہت تیزی سے گزرتا ہے اور سالوں کا سفر لمحوں میں طے کر لیتا ہے۔ گویا خواب کے وقت کا پیمانہ جاگتی حالت کے پیمانے سے یکسر مختلف ہے ......اسی طرح کسی زمانے کے وقت کا پیمانہ ہمارے زمانے کے بالکل اُلٹ بھی ہوسکتا ہے......یعنی ہم یہاں زمین پر جس وقت کو سالوں میں پورا کر پاتے ہیں، ہوسکتا ہے کہ وہ کسی زمانے کا ایک پل ہی ہو...... یہ سب کہیں نہ کہیں میٹا فزکس سے بھی تعلق رکھتا ہے۔ یہی سارے وہ اسرار ہیں جن کی کھوج کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔''

میری اُلجھن ابھی تک قائم تھی۔ ''لیکن اصغر صاحب کے معاملے میں صرف وہی تو اس وقت کے پیمانے میں شامل نہیں تھے، اُن کے ساتھ اُن کی بیوی، بچے، دوست، دشمن، باہر کی دنیا اور دفتر والے سینکڑوں لوگ شامل تھے، جن سے پورا سال اصغر صاحب کا تعلق اور واسطہ رہا ہے۔ ہم اگر یہ فرض کر بھی لیں کہ اصغر صاحب ایک خواب کی حالت میں اس چھلاوے کی دنیا کے وقت کے پیمانے کے زیر اثر اپنا پورا سال گزار کر یہاں

تک پہنچے ہیں تو پھر باقی لوگوں کی کیفیت کے بارے میں آپ کیا کہیں گے۔ اور پھر اُن کے آخری تیس دن تو خود میرے ساتھ درگاہ پر ہی گزرے ہیں اور آخری دن کے چند گھنٹے تو آپ بھی ہمارے ساتھ اس وقت کے پیمانے میں شامل تھے...... اس کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟" سلطان بابا ابھی تک اُسی گہری سوچ میں تھے۔ "اِسی لیے میں نے کہا تھا نا کہ ابھی تک یہ ایک پہیلی ہی ہے اور پھر تم بھول رہے ہو کہ انسان جب نیند میں چلتا ہے تو اُس کے اِرد گرد کا زمانہ جاگ ہی رہا ہوتا ہے اور پوری طرح اپنے حواس میں ہوتا ہے۔ اگر اصغر صاحب نیند میں تھے تو ہم بھی اُن کے خواب کے چند کردار بن کر اُن کے ساتھ چلتے رہے۔ اِس سے اُن کی خوابیدہ حالت کا کیا تعلق......؟" "چلیں مان لیا کہ اصغر صاحب خواب کی کیفیت میں ہی تھے ،لیکن پھر اس چھلاوے کی وہ شبیہ......؟ اُس کی وہ دو جلتی ہوئی آنکھیں......؟...... جو میں نے اور پھر آپ نے بھی خود دیکھیں ہیں...... اُس کی آپ کیا توجیہہ پیش کریں گے......؟"

سلطان بابا میری تکرار سن کر مسکرا دیے۔ انہوں نے توصیفی نظر سے میری جانب دیکھا "ہاں...... یہ البتہ مکمل سوال ہے۔ جس کی توجیہہ کی ضرورت ہے...... تمہیں یاد ہے کہ یاقوط نے رُباب کو تمہیں زہرا کے روپ میں دکھایا تھا؟...... یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس بار ہم دونوں ہی اُسی طرح کے کسی خواب کے زیرِ اثر رہے ہوں لیکن بہرحال یہ بات طے ہے کہ اصغر صاحب کا واسطہ واقعی ایک شیطانی مخلوق سے قائم تھا...... اس مخلوق کے اثرات اور اس کے وقت اور دیگر پیمانوں کا تو اب تب ہی پتا چلے گا جب اصغر صاحب کو مکمل ہوش آئے گا......"

اور پھر دھیرے دھیرے اصغر صاحب کو مکمل ہوش آ ہی گیا اور ساتھ ہی انہیں پچھلی ساری باتیں بھی یاد آ گئیں۔ انہیں واقعی اپنا پچھلا گزرا پورا سال ایک خواب ہی لگ رہا تھا لیکن وہ سب خواب نہیں تھا۔ انہوں نے جب ہسپتال کے نمبر سے اپنے نئے گھر کا نمبر ملایا تو وہاں سے واقعی اُن کے نوکر نے ہی فون اُٹھایا لیکن اُس نے یہ بتا کر حیران کر دیا کہ اصغر صاحب جانے سے پہلے اس قدر دیوالیہ ہو چکے تھے کہ اُن کے تمام کاروبار، گھر اور روپیہ پیسہ گروی ہو چکا تھا اور تین دن پہلے اس رہن کی معیاد ختم ہونے کے بعد بینک اور باقی سود خور جن سے قرضہ لیا گیا تھا، وہ ساری چیزیں اپنے قبضے میں لے چکے ہیں۔ حیرت کی بات یہ تھی کہ یہ ٹھیک وہی وقت تھا جب اصغر صاحب نے اپنے گلے میں پڑا دھاگا کاٹ ڈالا تھا۔ گویا عین اُس لمحے جب اصغر صاحب اپنا گروی رکھا ہوا ایمان واپس پا رہے تھے، ٹھیک اُسی وقت اُس رہن رکھے ایمان کے بدلے پائی ہوئی سلطنت کو وہ کھو رہے تھے۔ چھلاوہ اپنی دی ہوئی دنیاوی آسائشوں کو تخت و تاراج کر رہا تھا اور آج ٹھیک ایک سال بعد مالی طور پر اصغر صاحب وہیں کھڑے تھے جہاں سے انہوں نے یہ سفر شروع کیا تھا۔ البتہ رشتوں کے معاملے میں انہوں نے صرف اور صرف کھویا ہی تھا۔ اُن کا سارا خاندان برباد ہو چکا تھا اور اُس ایمان فروشی کی قیمت اپنے کھوئے ہوئے رشتوں کے بدلے انہیں ساری عمر چکانا تھی۔ اور کمال کی بات یہ تھی کہ بظاہر اُن کے اس عروج و زوال کی کہانی کا اسکرپٹ پوری طرح مکمل کر رکھا تھا اُس چھلاوے نے۔ عام لوگوں کے لیے یہ معاملہ بہت سیدھا سادھا تھا۔ ایک عام جونیئر کلرک جو اپنے دو کمروں کے چھوٹے فلیٹ میں عسرت زدہ زندگی گزار رہا تھا، ایک دن اُس کا پانچ کروڑ کا پرائز بانڈ نکل آتا ہے اور وہ راتوں رات کروڑ پتی بن جاتا ہے۔ پھر وہ اس پیسے کو اسٹیٹ اور پراپرٹی کے کاروبار میں لگاتا ہے۔ قسمت یہاں بھی اُس کا ساتھ دیتی ہے اور اُس کا زمین کے لین دین کا کاروبار دن دونی اور رات چوگنی ترقی کرتا ہے اور وہ ایک بہت بڑی بزنس ایمپائر کا مالک بن جاتا ہے۔ لیکن پھر ایک دن اُس کا بیٹا اور داماد قتل کے جرم میں گرفتار ہو کر

پھانسی تک جا پہنچتے ہیں اور یہاں سے اُس کا زوال شروع ہو جاتا ہے۔ بیوی، بیٹے کی موت کی خبر سن کر ہوش و حواس کھو بیٹھی ہے۔ بیٹی بیوہ ہو جاتی ہے۔ دوسری بیٹی کسی غنڈے کے ساتھ بھاگ جاتی ہے اور وہ کروڑ پتی بیٹے اور داماد کو پھانسی سے بچانے کے چکر میں اپنا سب کچھ لٹانے کے بعد اپنی ساری جائیداد گروی رکھ کر سود پر بازار سے قرضہ اُٹھاتا ہے۔ لیکن یہاں بھی مقدر اُس کا ساتھ نہیں دیتا۔ بیٹا پھانسی چڑھ جاتا ہے اور وہ شخص دیوالیہ ہو کر ایک دن دنیا کی نظروں میں گھر سے بھاگ کر کہیں چھپ جاتا ہے اور اِسی اثناء میں بینک اور سود پر پیسہ دینے والے مدت ختم ہونے کے بعد اُس کے گھر، جائیداد اور کاروبار پر قبضہ کر لیتے ہیں اور یوں وہ شخص پھر سے غربت کے اُسی گڑھے میں جا گرتا ہے۔ عام لوگوں کے لیے یہ بس اتنی ہی اور سیدھی سادھی سی کہانی تھی۔ آس پاس کے لوگ اصغر صاحب کی بدقسمتی پر کچھ دیر کے لیے بحث کر کے پھر سے اپنے روزمرہ کے کاموں میں مشغول ہو جائیں گے اور رفتہ رفتہ چند ہفتوں کے بعد یہ کہانی بھی اُن کے ذہنوں سے مٹ جائے گی۔ کوئی اس بات پر یقین نہیں کرے گا کہ اصغر صاحب کے اس عروج اور زوال کی داستان کے پیچھے ''چھلاوے'' نامی کسی مخلوق کا ہاتھ بھی ہو سکتا ہے۔ اس ماڈرن سائنسی دور میں کس کے پاس فرصت ہے ایسی طلسماتی داستانوں پر یقین کرنے کی؟...... میرے ذہن میں اچانک ہی ایک اور عجیب سا خیال آیا، ہمارے آس پاس جانے کتنے لکھ پتی کنگلے اور جانے کتنے کنگلے راتوں رات لکھ پتی بن جاتے ہیں...... کون جانے ان کامیابیوں اور بربادیوں کے پیچھے بھی کسی اَن دیکھے ''چھلاوے'' کا ہاتھ ہی نہ ہوتا ہو؟؟ ہم اپنی کامیابیوں کی راہ پر اپنی بے ایمانی اور ایمان فروشی کے ایسے ہی گھوڑے سرپٹ دوڑاتے جاتے ہیں اور اپنی ہر فتح کو اپنی حکمت اور اپنی منصوبہ بندی کا مرہونِ منت مان کر جیت کے نشے میں ہر سہرا اپنے سر باندھتے ہوئے یہ بالکل ہی بھول جاتے ہیں کہ کہیں یہ ''بے ایمان'' کامیابیاں، قدرت کی کسی ڈھیل کا نتیجہ تو نہیں......؟ کہیں کوئی ''چھلاوہ'' ہمارے اِردگرد اپنا جال تو نہیں بن رہا؟ ایک ایسا جال جس کی ڈوریاں خود ہماری ایمان فروشی کے دھاگوں سے بنی ہوئی ہیں اور جب بھی ذرا ہمارے اندر ایمان جاگا وہ چھلاوہ ہمارے قدموں تلے سے زمین کھینچ کر پھر سے ہمیں بے دست و پا کر دے گا......

ٹھیک اُسی طرح جیسے اُس نے آج پل بھر میں اصغر صاحب کو آسمان سے اُٹھا کر پھر سے اُسی زمین پر پٹخ دیا تھا جہاں سے وہ ترقی اور دولت کی خواہش لے کر اُٹھے تھے۔ پوری حالت سنبھلنے کے بعد انہوں نے مجھے اور سلطان بابا کو بتایا کہ جس وقت انہوں نے چاقو والا ہاتھ بلند کیا تھا اُس وقت تک اُن کا صرف اور واحد ارادہ وہ چاقو سلطان بابا کے عین سینے میں اُن کے دل کے اندر گاڑھ دینے کا ہی تھا، لیکن جیسے ہی اُن کا ہاتھ بلند ہوا اور سلطان بابا کے ہونٹوں سے غیر ارادی طور پر لا الہ الا اللہ کا کرشماتی کلمہ ادا ہوا تو پل بھر میں ہی جانے اُن کے اندر سب کچھ تلپٹ کیسے ہو گیا اور انہوں نے خود اپنی شہ رگ پر ہی وار کر دیا۔ بقول اُن کے اگر خنجر اُٹھانے سے پہلے ہی اُن کا ارادہ دھاگا کاٹ دینے کا ہوتا تو وہ ہاتھ کو سر سے بلند ہی نہ کرتے اور سیدھے اپنی گردن کی جانب لے جا کر دھاگا کاٹ ڈالتے۔ اور اس صورت میں شاید اُن کی گردن بھی اس قدر نہ کٹتی جتنی اس طرح اُوپر سے وار کرنے کی صورت میں کٹی۔ اپنی جانب سے تو وہ اپنا خاتمہ کر ہی چکے تھے، لیکن قدرت کو ابھی اُن کی زندگی، یا یوں کہہ لیں کہ اُن کا امتحان مزید مقصود تھا لہٰذا تین دن زندگی اور موت کی بازی کھیلنے کے بعد وہ پھر سے زندگی کی جانب پلٹ آئے۔ سلطان بابا نے اُن کی پوری بات سن کر سر اُٹھا کر خدا کا شکر ادا کیا اور دھیرے سے بولے ''بے شک! اللہ کے کلمے میں بڑی طاقت ہے۔ کاش ہم سب اس کلمے کی اصل طاقت اور اثر سے پوری طرح واقف ہوتے تو کسی اور 'اسمِ اعظم' کی

تلاش میں یوں دربدر نہ بھٹکتے۔ جو کچھ بھی ہے اسی کلمے میں پنہاں ہے......"

میں اصغر صاحب کی بے ہوشی کے وقفے میں تین دن تک سلطان بابا کے ساتھ ہی بنا پلک جھپکائے ہسپتال میں اصغر صاحب کے سرہانے بیٹھا رہا تھا۔ اُن کی طبیعت کچھ سنبھلی تو سلطان بابا نے اصرار کر کے مجھے حویلی کی خبر لینے کے لیے گاؤں بھیجا کہ زہرا اور اُس کی ماں صرف میرے بلاوے پر اتنی دُور آئے ہوئے تھے لہٰذا مجھے اُن کی دل جوئی کے لیے ہی سہی، پر حویلی کا ایک چکر ضرور لگا آنا چاہیے۔ حالانکہ جب ہم اصغر صاحب کو کریم خان صاحب کی موٹر میں ضلع کے بڑے ہسپتال کے لیے لے کر نکل رہے تھے تب میں نے بڑی مالکن کے ذریعے زہرا کو یہ پیغام بھجوا دیا تھا کہ "پریشانی کچھ ایسی ہے کہ مجھے دیر ہو سکتی ہے۔" اور مجھے یہ بھی یقین تھا کہ میں جن اعلیٰ ظرف لوگوں کے درمیان زہرا اور اُس کی ماں کو چھوڑے جا رہا تھا وہ اپنا سب کچھ لٹا دیں گے لیکن کبھی اپنے مہمانوں کے شیشہ دل پر کوئی بھی خراش نہیں آنے دیں گے۔ لیکن خود اُن کے اپنے گھر میں اُن کے اپنے دل کا ایک ٹکڑا ابھی تو مضمحل تھا، زخمی تھا، بے کل تھا...... جانے وہ اُس موم کے پروں والی پری کی اس آنچ سے حفاظت کیسے کر پائے ہوں گے؟ وہ تو اتنی نازک تھی کہ بادلوں سے چھنی ایک ہلکی سی کرن بھی اُس کا اندر پگھلا سکتی تھی۔ پھر جانے یہ تین دن کا سورج اُس پر کیسے برسا ہوگا؟ ہاں البتہ اتنا اطمینان مجھے ضرور تھا کہ میں زہرا نام کا جو ابر اُس نازنین کے پہرے کے لیے چھوڑ کر گیا تھا وہ خود اپنے وجود میں لاریب کے حصے کی ہر تپش برداشت کر لے گا لیکن اُس کا کومل من کبھی پگھلنے نہیں دے گا۔ انہی سوچوں میں گم جب میں ضلع سے صبح کی پہلی ٹرین لے کر دو گھنٹے کی مسافت طے کر کے جبل پور اسٹیشن پر اُترا اور حویلی پہنچا تو سارے گھر پر ایک عجیب سی خاموشی طاری تھی۔ بیرونی ڈیوڑھی میں کرم دین نے مجھے آتے دیکھا تو اندر اطلاع کرنے کے لیے دوڑ گیا۔ اور کچھ ہی پل میں اُلٹے قدموں لوٹا کہ مجھے اندر بلایا گیا ہے۔ حالانکہ میں درجنوں بار یہ ڈیوڑھی پار کر کے حویلی کے اندر جا چکا تھا لیکن آج بھی میرے قدموں میں وہی جھجک اور وہی ہچکچاہٹ تھی جو پہلی بار یہ دہلیز پار کرتے ہوئے موجود تھی۔

اندر زنانے والے حصے کے برآمدے کو بڑی بڑی چکوں سے ڈھانک دیا گیا تھا۔ شاید یہ اہتمام سخت گرمیوں کے موسم کے لیے کیا گیا ہو، تا کہ دوپہر کی تپتی دھوپ کی تپش کو روکا جا سکے۔ لیکن اس سرما کی نرم دھوپ والی سہ پہر میں بھی ان لکڑی کی کھلے تنکوں والی چکوں کا یوں ڈھلکا رہنا ضرور کسی خاص وجہ سے ہی ہو سکتا تھا۔ پھر اچانک مجھے خیال آیا کہ ضرور یہ اہتمام زہرا اور اُس کی امی کی وجہ سے کیا گیا ہوگا۔ کیوں کہ بہرحال وہ دونوں حویلی کے آبائی نوکروں کے سامنے بھی یوں آزادانہ پھرنے میں کچھ جھجک ضرور محسوس کرتی ہوں گی۔

باہر سے چھن کر آنے والی دھوپ چک کے تنکوں کے درمیان سے کچھ ایسے زاویے سے برآمدے کے چمکیلے سنگ مرمر کے فرش پر پڑ رہی تھی کہ نیچے فرش پر بھی دھوپ کے تنکوں کی ایک "چک" سی بچھ گئی تھی۔ ایک عجیب سا مٹیالا اُجالا پھیلا ہوا تھا اس طویل برآمدے میں۔ لہٰذا میری آنکھوں کو کچھ پل لگے اس ملگجی روشنی سے نظریں ملانے میں۔ برآمدے کے آخر میں موتیے کی لمبی لمبی بیلوں کے سامنے کوئی پیٹھ کیے کھڑا تھا۔ آہٹ سن کر وہ وجود پلٹا۔ میری آنکھیں تب تک اس مدہم روشنی سے مانوس ہو چکی تھی۔ وہ لاریب تھی، سفید کرتے پاجامے میں ملبوس اور سر پر دھانی رنگ کی اوڑھنی لیے ہوئے۔ وہ نور کا ایک ایسا ہالہ لگ رہی تھی جس کے اندر ذرا سی ہلدی کی آمیزش کر دی گئی ہو۔ شاید اس شدید بخار اور بیماری کا اثر تھا جو اُس کے ملیح چہرے پر پچھلے چند دنوں کے دوران اپنا رنگ چھوڑ گیا تھا۔ مجھے دیکھ کر اُس کی ستارہ آنکھوں میں ایک چمک سی لہرائی۔ میں نے سلام کے بعد

اُس سے باقی گھر والوں کے بارے میں پوچھنے سے پہلے اُس کی طبیعت کا پوچھا، وہ دھیرے سے مسکائی ''آپ نے طبیب ہی ایسا بھیجا تھا کہ بیماری کو نہ کہتے ہی بنی...... اتنے اچھے لوگ بیک وقت اپنے آس پاس کیسے جمع کیے رکھتے ہیں آپ......؟...... میں تو ہر بار کھو دیتی ہوں۔'' میں نے چونک کر اُس کی جانب دیکھا، جانے یہ بات اُس نے کس رو میں کہی تھی، یا واقعی وہ کچھ اور کہنا چاہتی تھی۔ لیکن یہ لڑکیاں اپنے چہرے کے تاثرات چھپانا بھی خوب جانتی ہیں۔ ہتھیلی پر نام لکھ لکھ کر پلکوں سے مٹاتی رہتی ہیں۔ لیکن آنکھ کے پردے تک وہ تحریر آنے نہیں دیتیں۔ میں نے باقی گھر والوں کے بارے میں پوچھا تو لاریب نے بتایا کہ ساتھ والے گاؤں میں کسی منگنی کی تقریب میں بڑی مالکن کو بطور لڑکی کی سرپرست دعوت تھی۔ لہٰذا وہ جاتے ہوئے اپنے ساتھ زہرا اور اُس کی ماں کو بھی تبدیلی کی غرض سے لے گئی تھیں۔ کچھ دیر کے لیے میں اور لاریب بالکل ہی خاموش کھڑے رہے۔ جیسے ہمارے پاس کرنے کو کوئی بات ہی نہ رہی ہو، یا ہم دونوں ہی جیسے اُس مقام پر پہنچ چکے ہوں جہاں خاموشی خود ہر بات کہہ دیتی ہے۔ اور زبان، لفظ اور باتیں سب بے معنی ہو جاتے ہیں۔ میں نے واپسی کا ارادہ ظاہر کیا تو وہ کچھ مضطرب سی ہوگئی۔ ''مجھے آپ سے معذرت کرنا تھی......'' میں چونک کر پلٹا ''معذرت...... لیکن کس بات کی......'' اُس نے اپنی پلکوں کی جھالر گرالی۔ ''میں انجانے میں آپ کو اپنے زخموں میں اُلجھا بیٹھی...... آپ تو خود شدید گھائل ہیں...... آپ کے تو اپنے زخموں سے ابھی خون رِسنا بند نہیں ہوا...... آپ کی امی نے آپ کی اور زہرا کی کہانی اتنی تفصیل سے نہیں سنائی تھی۔ اگر میری زہرا سے ملاقات نہ ہوتی تو شاید آپ کے داغوں پر پڑا یہ پردہ میرے سامنے کبھی اُٹھ نہ پاتا۔ آپ تو ہر حد سے گزر کر یہاں تک پہنچے ہیں۔ میں نے آج تک محبت کو جیتتے اور لوگوں کو محبت میں ہارتے ہوئے ہی دیکھا تھا...... لیکن آپ نے محبت کو جیت کر دکھا دیا...... زمانے کی ہر رسم، محبت کی ہر شرط، مجبوری کا ہر دعویٰ آپ کے سامنے فقط ریت کی ایک دیوار ہی تو ثابت ہوا۔ آپ نے دنیا کو بتا دیا کہ جو عشق میں جی نہیں سکتے وہ پہلے ہی سے مرے ہوتے ہیں۔'' وہ بولتے بولتے اچانک چپ ہوگئی، جیسے اُس کے پاس کہنے کے لیے اتنی زیادہ باتیں ہوں کہ وہ ذہن میں اُن کی ترتیب جوڑتے جوڑتے اپنے لفظ ہی بھلا بیٹھی ہو۔ لاریب نے اپنے دھونکنی جیسے چلتے سانس پر قابو پانے کی کوشش کی۔ جانے یہ جذبوں کی بھول بھلیاں ہم کمزور انسانوں کے ساتھ ایسے گھناؤنے کھیل کیوں کھیلتی ہیں کہ ہم کچھ کہتے ہیں تو رُسوا ہوتے ہیں اور خاموش رہتے ہیں تو لفظوں کے یہ ڈنگ ہمیں اندر ہی اندر ڈستے رہتے ہیں۔ اور آخر کار چپ کا یہ ناسور ہماری جان لے کر ہی رہتا ہے۔ کچھ ایسی ہی صورتحال سے اس وقت وہ کانچ کا پیکر بھی دوچار تھی۔ میں نے کھنکار کر اُسے حوصلہ دینے کی کوشش کی۔ ''اپنی اپنی تقدیر کی بات ہے...... میری ہمیشہ یہی دعا رہے گی کہ قدرت آپ کی راہ میں کانٹوں کی بچھی ہر راہ کو گلوں سے بھر دے......''

اُس نے اپنی پلکیں اُٹھائیں ''پھولوں کی خواہش تو میں نے بھی کبھی نہیں کی...... اور پھر ان راہوں کے چناؤ کا انتخاب خود ہمارے بس میں ہوتا ہی کب ہے کہ ہم کلیوں، یا کانٹوں کے فرق کو دھیان میں رکھتے ہوئے کسی راستے کو چن کر اپنا پہلا قدم وہاں رکھیں...... ہمیں تو پتا ہی تب چلتا ہے جب ہمارے پاؤں چھل چکے ہوتے ہیں......''

میں نے چونک کر اُسے دیکھا۔ وہ بھی پاؤں کے چھالوں کی دُہائی دے رہی تھی۔ میں اب اُس گل اندام کو یہ کیسے سمجھاتا کہ یہ تو وہ راہ ہے جہاں پیر کے چھالے گننے کی مہلت بھی نہیں ملتی۔ میرے مقدر میں تو خار ازل سے لکھ دیئے گئے تھے مگر وہ اپنی گلابوں جیسی کومل جلد لیے اس خارزار کی

طرف کیوں بڑھی چلی آ رہی تھی؟ اُس کے جگرنا تواں کے لیے تو یہاں کا صرف ایک زہریلا کانٹا ہی کافی تھا۔ میں سر جھکائے جانے ایسی کتنی سوچوں سے لڑتا رہا۔ پر شاید وہ بھی سوچ پڑھنے کا ہنر جانتی تھی۔ جس کا ثبوت اُس کے اگلے جملے نے دے دیا۔

''لیکن آپ اپنے دل پر کوئی بوجھ نہ رکھیئے گا۔ میں نے آپ ہی سے سیکھا ہے کہ یہ وہ بازی ہے جو ہار کر ہی جیتی جا سکتی ہے۔ یہ وہ ملن ہے جو جُدائی کے بنا مکمل نہیں۔ یہ وہ رشتہ ہے جو کھو کر ہی پایا جا سکتا ہے۔ یہ وہ بستی ہے جو اُجڑ کر ہی بستی ہے۔ یہ وہ جیون ہے جو خود کو مار کر ہی جیا جاتا ہے۔ اور یہ وہ سرد سکون ہے جس کی ٹھنڈک انگاروں پر چل کر ہی حاصل کی جا سکتی ہے...... تو میں نے بھی ان چند دنوں میں اُس عجائب خانے کو برتنے کا کچھ نہ کچھ ڈھنگ سیکھ لیا ہے جسے لوگ محبت کہتے ہیں۔ میں یہ دعویٰ تو نہیں کر سکتی کہ میں نے ہر درد پر عبور حاصل کر لیا ہے لیکن اتنا وعدہ آپ سے ضرور کرتی ہوں کہ میرے اندر اس جذبے سے جو بھی تبدیلی آئے گی، وہ اس اعزاز کی حرمت کی تحقیر کا باعث کبھی نہیں بنے گی۔ میں ہمیشہ سر اُٹھا کر جیوں گی تا کہ میری وجہ سے کبھی محبت کا سر جھکنے نہ پائے...... بس مجھے ہر قدم پر آپ کی دعاؤں کی ضرورت رہے گی کہ میں ابھی بہت کمزور ہوں اور میرے ظرف کا پیالہ بھی ابھی اتنا گہرا نہیں ہے۔ ابھی تو مجھے ٹھیک طرح سے ٹوٹنا بھی نہیں آتا جب کہ مجھ سے خود ہی اپنے ریزے سمیٹنے کی اُمید بھی باندھی جا چکی ہے۔ دعا کریں کہ میں ثابت قدم رہ سکوں......'' وہ چپ ہوئی تو مجھے یوں لگا جیسے میرے سارے لفظ بھی اُسی کے پاس رہ گئے ہیں۔ گویا قدرت نے ایک بار پھر کوہ کن کے ہاتھ ایک چھوٹا سا تیشہ تھما کر اُسے زندگی کے پتھریلے پہاڑ سے دودھ کی نہر نکالنے کی ذمہ داری سونپ دی تھی۔ میں اُس نازک سی لڑکی کے الفاظ اور اُن سے پیدا شدہ مد و جزر پر غور کرتا رہا۔ یہ محبت بھی کتنی بڑی اُستاد ہوتی ہے۔ نہ جانے چند دنوں میں ہی یہ ہم معصوم انسانوں کو اتنے سبق کیسے دے جاتی ہے؟ ہم خود بخود اتنی مشکل بولی کیسے بولنے لگ جاتے ہیں؟ کل تک ہر بات ہنسی مذاق میں اُڑا دینے والی اور ہر پل زندگی کا رس نچوڑنے والی لاریب کو بھی تو یہ بولی اُسی ''عشق'' نامی اتالیق کی ہی سکھائی ہوئی تھی۔ سچ کہ محبت صدیوں کا سفر لمحوں میں طے کرانے کی طاقت رکھتی ہے۔ یہ ایک پل میں جواں، رعنا اور حسین دلوں کی رگوں سے زندگی اور نسوں سے خون نچوڑ کر انہیں ضعیف تر کر دیتی ہے۔

میرے منہ سے بس اتنا ہی نکل سکا کہ ''میری دعائیں سدا آپ کے ساتھ ہیں۔'' پھر مجھ سے وہاں رُکا نہیں گیا۔ باہر جاتے وقت کرم دین سے یہ بھی پتا چلا کہ بڑی مالکن لوگ تو اب رات دیر سے ہی لوٹیں گے۔ میں درگاہ پہنچا تو ہماری چار روزہ غیر حاضری کے دوران درگاہ کا صحن خزاں رسیدہ پیلے اور زرد پتوں کی چادر سے ڈھک چکا تھا۔ انگور کی خشک بیلیں اُداس ہو کر میری راہ دیکھتے دیکھتے منڈیر تک بڑھ آئی تھیں اور چشمے کے یخ اور تازہ پانی کا جھرنا یونہی بہتے بہتے انہیں اپنی جھنکار سے تسلیاں دے رہا تھا۔ میں کچھ دیر کے لیے اس خاموشی اور سکوت سے مبہوت سا ہو گیا۔ کیا جنت کا سکوں اس ماحول سے کچھ سوا ہو گا؟

شام ڈھلے ایک اور خوش گوار حیرت سلطان بابا اور اصغر صاحب کے روپ میں درگاہ کی ویرانی کم کرنے کا سبب بن گئی۔ سلطان بابا نے بتایا کہ ڈاکٹر نے اصغر صاحب کے بے حد اصرار پر کہ وہ دوائیں اور آرام کا سلسلہ درگاہ پر بھی جاری رکھ سکتے ہیں انہیں جانے کی اجازت دے دی ہے لیکن صرف اس شرط اور وعدے پر کہ وہ اگلا ایک ہفتہ مسلسل آرام کریں گے اور زخم بھر جانے کے بعد ہی روزمرہ کے کاموں میں حصہ لے سکیں گے۔ اصغر صاحب کی نیت یہی تھی کہ اب وہ باقی ماندہ زندگی یہیں اِسی درگاہ میں لوگوں کی خدمت کرتے ہوئے کاٹ دیں لیکن سلطان بابا نے انہیں پھر سے

اپنے گھر لوٹ جانے کی تلقین کر رکھی تھی۔ وہ اصغر صاحب کو پہلے ہی چھ کلمے اور ایمان مفصل اور ایمان مجمل پڑھوا کر اُن کے ایمان کی تجدید کروا چکے تھے۔ سلطان بابا کے بقول اصغر صاحب کا اصل امتحان اور کفارہ جبل پور سے نکلنے کے بعد ہی شروع ہوگا۔ انہوں نے اصغر صاحب کو یہ بھی بتایا کہ شروع کے چند مہینے اُن پر بے حد سخت گزریں گے کیوں کہ منفی قوتیں اب انہیں چین سے جینے نہیں دیں گی۔ لیکن انہیں ہر حال میں ثابت قدم رہ کر سختی اور ہر مشکل کا سامنا کرنا ہوگا۔ اِسی میں اُن کی نجات ہے کہ وہ اب آخری سانس تک مذہب کا دامن سختی سے تھامے رہیں۔ اصغر صاحب نے انہیں یقین دلایا کہ اب ایسا ہی ہوگا۔

اگلی صبح چمکیلی اور خوشگوار تھی۔ ہفتے بھر کی جھڑی کے بعد سورج نکلا تو جیسے ہر چیز پر لگے گہن کو پھر سے چمکا گیا۔ روشن اور چمکیلی صبحیں بھی تو زندگی بڑھانے کا سبب ہوتی ہیں۔ میں بھی اس صبح کی چمکیلی کرنوں کو انگور کی بیلوں کے چھت سے چھن کر آتے اور نیچے بہتے نالے کے پانی سے آنکھ مچولی کھیلتے ہوئے دیکھ رہا تھا کہ نیچے گھاٹی میں بشیرے کے تانگے کا بھونپو بجا۔ اصغر صاحب اور سلطان بابا بھی اندر اپنے کمرے میں ہی تھے۔ پھر چند لمحوں بعد ہی وہ نسیم سحر کی طرح بہتی اور جیسے پانیوں پر چلتی ہوئی درگاہ کے احاطے میں داخل ہوئی۔ زہرا آج اکیلے ہی آئی تھی۔ ضرور اُسے لاریب نے میری درگاہ پر واپسی کی اطلاع دے دی ہوگی۔ وہ مجھے دیکھ کر ہلکے سے مسکرائی۔

''آپ کے گھائل کے زخم بھرنے تک میں خود ہی نڈھال ہو کر نہ گر پڑوں...... بہت بڑے امتحان میں ڈال گئے تھے آپ مجھے۔''

میں بھی مسکرا دیا۔''وار کاری تھا...... تو مسیحا بھی اُتنا ہی اعلیٰ ظرف چاہیے تھا جتنی زخم کی گہرائی تھی...... کہ اس بیماری کا مرہم بھی تو صرف ظرف کا پیمانہ ہی ہوتا ہے...... اور آپ نے خوب مسیحائی کی ہے...... جس کا اندازہ مجھے کل ہی اُس سے ملاقات میں ہو گیا تھا۔''

زہرا نے غور سے میری جانب دیکھا۔''میں نے تو کچھ بھی نہیں کیا۔ صرف اُسے اتنا ہی بتایا تھا کہ ہم تو خود ابھی تک ایک دوسرے کی کھوج میں ہی تھے۔ اور یہی سچ بھی ہے ساحر...... میں نے آپ کو ریزہ ریزہ چن کر اور پل پل میں پایا ہے...... اور ابھی تو میں صرف آپ کے وجود کی پرچھائی تک ہی پہنچی ہوں...... اور ابھی تک ہر نیا دن مجھے آپ کی رُوح کے ایک نئے رُخ، ایک نئے زاویے سے متعارف کروا رہا ہے۔ ہر روز میری رُوح ایک نئے ساحر سے ملتی ہے۔ اتنا عرصہ دُور رہنے کے باوجود بھی یہ ملاقات ہر لمحہ، ہر پل جاری رہتی تھی...... میں نے تو لاریب سے صرف اتنا ہی کہا کہ اگر وہ بھی میری اس کھوج میں میرے ساتھ شامل ہونا چاہے تو اسے اپنی خوش نصیبی سمجھوں گی...... کہ یہ تلاش ہی کچھ ایسی ہے کہ شاید تنہا میرا اس پر نہ تو حق ہے اور نہ ہی اختیار......''

میں نے چونک کر اُس کی جانب دیکھا۔ میں جانتا تھا کہ صرف زہرا ہی اعلیٰ ظرفی کا یہ جوا کھیلنے کی جرأت کر سکتی ہے۔

میں نے زہرا سے پوچھا''تو پھر لاریب نے کیا جواب دیا......؟''

''وہی جو ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ کو دے سکتا ہے۔ اُس نے کہا کہ وہ جذبوں پر اختیار کی ماہر تو نہیں، لیکن وہ اس کھوج پر صرف اور صرف میرا حق اور اختیار مانتی ہے۔ اُسے اس بات پر بھی بے حد شرمندگی تھی کہ اُس کے منہ زور جذبے کی بے پناہ طاقت نے اُس کی ظاہری حالت پر اس قدر اثر ڈالا کہ آپ تک اُس کی خبر پہنچ گئی اور آپ کو پریشانی میں مجھے یہاں بلوانا پڑا...... لیکن بقول لاریب کہ یہ اُس کی درپردہ شدید خواہش کی

تکمیل بھی تھی کہ میری اور اُس کی کبھی ملاقات ہو سکے......'' میں چپ چاپ اور دم سادھے اُس شہزادی کی کہانی سنتا رہا۔ ہاں زہرا اک شہزادی ہی تو تھی جس کا راج پاٹ میرے دل کی سلطنت پر چلتا تھا۔ یہ دل بھی تو ایک بادشاہ کی طرح ہی اپنی سلطنت کا قبضہ کسی ایک کو ہی دیتا ہے۔ خود ہی اپنا سوئمبر رچاتا ہے اور پھر جس کسی کے گلے میں یہ اپنے پیار کی مالا ڈال دیتا ہے اُسی کے ساتھ جنموں کے بندھن باندھ لیتا ہے۔ میری مالا بھی اُسی دن زہرا کے گلے میں ڈال گئی تھی جس دن میں نے پہلی بار اُسے درگاہ پر دیکھا تھا۔ لیکن اُس پہلے دن والی زہرا اور آج میرے سامنے کھڑی اس راج کماری کے دل میں کتنا فرق تھا۔ تب وہ سراپا سنگ تھی اور آج موم کی ایک گڑیا...... آج پہلی بار اُس نے یوں کھل کر خود اپنی رُوح پر میری سپردگی قبول کی تھی۔ کتنا لمبا سفر طے کر کے میں یہاں تک پہنچا تھا۔ کتنی بار میری رُوح نکلتے نکلتے رہ گئی۔ کتنی بار میرے قدموں نے لہولہان ہو کر راستے میں ہی سپر ڈالنے کی دہائی دے ڈالی۔ کتنے ہی خار میری کومل رُوح میں یوں چبھے کہ پھر اندر ہی ٹوٹ کر عمر بھر کا ناسور بن گئے...... کتنی بار اس شدید تپتے صحرا میں میں یوں جاں بلب ہو کر گھٹنوں کے بل گرا کہ سورج کی تپش اور چبھن سے میری جان میری جلتی آنکھوں کے راستے بہتے بہتے خشک ہو کر بے جان ہوگئی۔ لیکن میں چلتا ہی رہا...... ایک سراب کو اپنا نشانِ منزل بنائے...... اور آخر کار آج میں نے یہ صحرا پار کر ہی لیا تھا۔ میرے سامنے اب ایک وسیع سمندر تھا اور میری جان میرے کٹے پھٹے بوسیدہ جسم کے ساتھ میرے زخمی گھائل ہونٹوں پر آن اٹکی تھی۔ لیکن کیا اپنی جان اس جان آفرین کے سپرد کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی گھڑی ہو سکتی تھی......؟ میں نے آخر کار محبت کا وہ قلعہ فتح کر ہی لیا تھا جس کی فصیل تک پہنچنے کی آرزو میں ہی لاکھوں دم توڑ دیتے ہیں...... اور صدیوں کی ریاضت کے بعد کوئی ایک آدھ بھولا بھٹکا اگر اس قلعے کے آس پاس پہنچ بھی جائے تو عشق کا وہ عفریت، وہ دیو جو اس قلعے کی حفاظت پر معمور ہے، جس کی ہزار آنکھیں اور ہزاروں ہاتھ پاؤں ہیں، وہ پل بھر میں ہی اُس زخموں سے چور عاشق کو آگے بڑھ کر اپنے ایک ہی ڈنگ سے دو حصوں میں تقسیم کر کے اُس کی روح قبض کر لیتا ہے۔ لیکن ساحر نے آج عبداللہ کے روپ میں اُس محبت کے قلعے پر اپنا جھنڈا لہرا ہی دیا تھا اور اس قلعے میں قید پری آج میرے سامنے خود کو سپرد کرنے کے لیے نظریں جھکائے کھڑی تھی۔ اس شہزادی کے لبوں پر ایک دھیمی مسکان تھی اور اس کی ستارہ پلکیں لرز رہی تھیں۔

میری آنکھوں میں بے اختیار آنسو آ گئے۔ ایک سپہ سالار خود اپنی فتح پر آج رو پڑا تھا۔ یہ آنسو ہزاروں زخموں سے چور اُس کے بدن سے اُٹھتی درد کی ٹیسوں کی وجہ سے نہیں نکلے تھے، نہ ہی اُسے ان اَن گنت کاٹ کے داغوں اور کٹی پھٹی جلد کا کوئی غم تھا جو اب تا عمر اس معرکے میں ملے تمغوں کی صورت میں اُس کے چہرے اور جسم کی نشانی بنے رہیں گے۔ یہ آنسو تو کچھ اور ہی کہانی بیان کر رہے تھے کہ ہم بہت زیادہ ہنستے ہنستے بھی تو رو پڑتے ہیں۔

زہرا نے مجھے خاموش پا کر اپنی نظریں اُٹھائیں اور میری آنکھوں میں آنسو دیکھتے ہی وہ تڑپ کر آگے بڑھی۔ ''یہ کیا......؟ آپ رو رہے ہیں ساحر...... اب تو منزل سامنے ہے...... بہت قریب...... خدا کے لیے خود کو یوں آزردہ نہ کریں...... میری رُوح کا آخری ریشہ تک آپ کا مقروض ہے...... کبھی میں نے آپ کو رُوح کا قبضہ ملنے تک کے انتظار کا کہا تھا...... آج میں آپ سے کہتی ہوں کہ میری رُوح خود آپ کی منتظر ہے...... آ کر اپنی ملکیت کا قبضہ لے لیں...... جب آپ کا جی چاہے...... میری روح پلکیں بچھائے آپ کو آپ کا انتظار کرتی ملے گی......''

اب میں اُسے کیا بتاتا کہ یہ آنسو خود میری منزل کو سامنے دیکھ کر اُس کے استقبال کے لیے ہی تو بہہ نکلے تھے۔

اتنے میں سلطان بابا بھی اندر سے نکل آئے۔ انہوں نے زہرا کے سر پر ہاتھ رکھ کر اُسے بہت سی دعائیں دیں۔ پھر مسکراتے ہوئے زہرا کو دیکھ کر کہنے لگے "تمہارا یہ قیدی اب جلد تمہارے حوالے کر دیا جائے گا کہ اس کا جنوں تو دن بدن بڑھتا ہی جاتا ہے۔ لیکن دھیان سے بیڑیاں ڈالنا اس کے اندر کی کھوج کسی کروٹ چین نہیں پاتی......"

زہرا جو مسکراتے ہوئے سر جھکائے سلطان بابا کی بات سن رہی تھی، اُس کے چہرے پر حیا کے کئی گلابی سائے پل بھر میں ہی گزر گئے۔ پھر وہ زیادہ دیر وہاں رُک نہیں پائی اور ہم سے رُخصت ہو کر پلٹ کر چل دی۔ درگاہ کی منڈیر کے پاس رُک کر اُس نے پیچھے مڑ کر مجھ پر ایک نظر ڈالی۔ کیا کچھ نہیں تھا صرف اُس ایک نظر میں، جانے کتنی صدیوں کا ٹھہراؤ، جانے کتنے جنم کی ایک طمانیت......

زہرا کے جانے کے بعد وقت کا کچھ پتا ہی نہیں چلا۔ ایسا میرے ساتھ ہمیشہ ہوا تھا۔ وہ جب جب میرے سامنے آئی تھی، میرے لیے جیسے وقت تھم سا گیا تھا اور جیسے ہی وہ منظر سے اوجھل ہوئی، وقت جیسے پھر اپنی رفتار چل پڑتا تھا۔ تیسرے دن سلطان بابا نے جبل پور سے کوچ کا اعلان کر دیا کیوں کہ یہاں ہمارا کام ختم ہو چکا تھا۔ کل شام جو اس سال کی آخری شام بھی تھی، ہمیں جبل پور سے رُخصت ہو جانا تھا۔ لیکن کہاں؟ ہمیشہ کی طرح نہ میں نے سلطان بابا سے کچھ پوچھا نہ انہوں نے کوئی وضاحت کی۔ البتہ یہ احساس مجھے ضرور ہو چلا تھا کہ شاید اس مرتبہ یہ میرا اور سلطان بابا کا آخری مشترکہ سفر ہوگا۔ اُدھر ہماری روانگی کا سن کر زہرا کی امی نے بھی رختِ سفر باندھنے کا ارادہ کر لیا کیوں کہ انہیں بھی ہفتہ بھر سے زائد ہو چکا تھا اور وہاں شہر میں زہرا کے ابا کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی۔

آخر کار ہماری روانگی کا دن بھی آن پہنچا۔ جاتی خزاں کی شامیں ویسے بھی بہت اُداس ہوتی ہیں لیکن دسمبر کی وہ آخری شام اُداسی کے ساتھ ساتھ ایک عجیب سا درد اور کسک بھی اپنے اندر پنہاں لے کر اُتری تھی۔ ہمیں پہلے درگاہ سے خان صاحب کی حویلی اور پھر وہاں سے ریلوے اسٹیشن جانا تھا کیونکہ طے یہ ہوا تھا کہ زہرا کی گاڑی بھی خان صاحب کی گاڑی سمیت ہمیں اسٹیشن چھوڑنے جائے گی کیوں کہ وہاں تک جبل پور سے نکلنے کا راستہ سانجھا تھا۔ درگاہ سے نکلنے سے پہلے میں اصغر صاحب کو وداع کہنے لگا تو وہ مجھے گلے لگا کر بھرا سے گئے۔ اور پھر اچانک ہی پھوٹ پھوٹ کر رو پڑے۔ انہیں تھکتے جھکتے خود میری آنکھیں بھی نم ہو گئیں۔ سلطان بابا نے ہم دونوں کو دلاسا دیا اور اصغر صاحب سے بولے "یہ آنسو بہتے رہنے چاہئیں، من ہلکا اور زرخیز رہتا ہے...... یہ خشک ہو جائیں تو دل کی زمین بھی بنجر ہو جاتی ہے، یہ آنسو ہی ہماری آنکھ کا وضو ہوتے ہیں...... سو آنکھوں کو پاک کرتے رہنا ہوگا، کفارہ ادا ہوتے رہنا چاہیے۔" اصغر صاحب نے آخری بار مجھے گلے لگایا "عبداللہ میاں...... میں تمہیں اپنا دوست کہوں، بیٹا کہوں، محسن کہوں، یا رہبر...... ایک ساتھ کتنے رشتوں کا خزانہ دیئے جا رہے ہو تم مجھے...... کیسے لوٹا پاؤں گا میں یہ سب۔" میں نے اُن کے کاندھے پر ہاتھ رکھا "اپنا بھی کہتے ہیں اور واپس لوٹانے کی بات بھی کرتے ہیں...... اپنوں میں سودے بازی نہیں ہوتی...... آپ جب اپنی منزل پر پہنچ جائیں تو مجھے اطلاع ضرور کیجیے گا اور اپنا خیال رکھیے گا...... نصیب میں ہوا تو میں بہت جلد آپ سے آ کر ملوں گا۔"

ہم نیچے گاؤں میں پہنچے تو حویلی کے سبھی ملازمین اُداس سے گیٹ کے باہر ہی سفر کی تیاریوں میں مصروف نظر آئے۔ بشیرے، کرم دین اور جمالے نے خاص طور پر مجھے گلے لگایا اور سلطان بابا سے دعا لی۔

وہاں حویلی کے اندر بیرونی ڈیوڑھی کے پاس بڑی مالکن اور لاریب افسردہ سی زہرا کی گاڑی کے پاس کھڑی تھیں۔ لاریب تو زہرا کو گلے لگا کر وداع کرتے وقت اپنی آنکھیں چھلکا ہی بیٹھی۔ زہرا کی امی نے بڑی مشکل سے بڑی مالکن اور لاریب کو باہر تک آنے سے روکے رکھا کہ خواہ مخواہ سب کا من الوداعی سے مزید اُداس اور بوجھل ہوگا۔ البتہ یہ وعدہ وہ بڑی مالکن سے لینا نہیں بھولیں کہ وہ جلد ہی لاریب کو لے کر شہر اُن کے ہاں چند دن ٹھہرنے آئیں گی۔ آخر کار حویلی سے وداع ہونے کا وہ جاں گسل لمحہ بھی آ ہی گیا۔ سلطان بابا نے فرداً فرداً سبھی کو دعا دی۔ زہرا اور اُس کی امی نم پلکوں کے ساتھ خان صاحب کے خاندان سے مل کر اپنی گاڑی میں جا بیٹھیں۔ میں نے بشیرے کو گلے لگاتے ہوئے دھیرے سے اُس کے کان میں کہا۔ ''عبداللہ کی آمد کی خبر مجھے ضرور دینا۔'' بشیرے نے ہتھیلی کی پشت سے اپنی آنکھیں پونچھ ڈالیں۔ کرم دین اور جمالے وغیرہ سے ملتا ہوا میں بڑی مالکن تک پہنچا تو انہوں نے میرے سر پر ہاتھ رکھا۔ اُن کی آواز لرز رہی تھی۔ ''ہمیں بھول تو نہیں جاؤ گے؟'' میں نے اُن کا اپنے سر پر رکھا ہاتھ اپنی آنکھوں سے لگا لیا ''میں اپنی آنکھیں یہیں آپ کے پاس چھوڑے جا رہا ہوں۔ جب دل چاہے اِن میں جھانک کر مجھے بلا لیجیے گا۔'' میں مزید اُن کی لرزتی پلکوں سے نظر نہیں ملا پایا اور سب سے آخر میں گم صم سی کھڑی لاریب کی طرف بڑھ گیا۔ ''مجھے رُخصت نہیں کریں گی؟'' وہ جیسے پل بھر میں ہی کسی اور دنیا سے واپس آ گئی۔ ''پہلے میں آپ کے ہونے کا کامل یقین تو خود کو ہو جانے دوں...... رُخصت تو بہت بعد کا مرحلہ ہے...... آپ کے لفظوں کا مرہم سدا میرے ساتھ رہے گا...... اللہ آپ کا نگہبان ہو۔'' میں پلٹ کر خان صاحب کی گاڑی کی طرف چل دیا جہاں سلطان بابا پہلے سے میرا انتظار کر رہے تھے۔ گاڑیاں حویلی سے باہر نکلیں تو میں نے بڑی مالکن اور لاریب کی جانب ہاتھ ہلاتے ہوئے جبل پور کو ایک عجیب سی اُداسی میں گھرتے ہوئے محسوس کیا۔ ہم اسٹیشن پہنچے تو گاڑی پہلے ہی لگ چکی تھی۔ خان صاحب نے لپکتے جھپکتے نوکروں کی مدد سے ہمارا برائے نام سامان بوگی میں منتقل کروا دیا۔ زہرا اور اُس کی امی بھی ہمیں وداع کرنے کے لیے پلیٹ فارم پر آ گئیں۔ یہاں سے ایک بار پھر میرے اور زہرا کے راستے عارضی طور پر جدا ہو رہے تھے۔ پھر وہی الوداع...... پھر وہی کسک اور تڑپ...... مجھے ہر بار یہ الوداع اُس زنگ زدہ گلوٹین کی طرح لگتا تھا جس کے نیچے کٹنے کے لیے سجائے گئے عاشق کا سر کٹ تو جائے، پر دھڑ سے پوری طرح علیحدہ نہ ہونے پائے اور اس بے کس اور مجبور عاشق کی جان تڑپ تڑپ کر اور نکلتے نکلتے یوں نکلے کہ اُس کے پیٹھ پیچھے بندھے ہاتھوں اور پیروں کی سخت مشکیں جان کنی کے عالم میں اُس کے جسم کے ریشوں میں گھستی جائیں لیکن ہاتھوں کی بندش کی وجہ سے وہ ٹھیک طرح سے تڑپ بھی نہ سکے اور بندھے پیر اُسے ٹھیک طرح سے ایڑیاں رگڑنے کا موقع بھی نہ دیں۔ کچھ ایسا ہی حال اُس وقت میرا بھی تھا۔ خان صاحب نے رُخصت کرنے سے پہلے زور سے بھینچ کر مجھے گلے لگایا اور دوبارہ جبل پور آنے کا عدہ لیا۔ زہرا کی امی نے میرے سر پر ہاتھ رکھ کر مجھے دعا دی ''ہم سب تمہارے منتظر رہیں گے...... اس بار دیر نہ کرنا بیٹا......'' آخر میں وہ پری زاد ایک بڑی سی کالی چادر میں اپنے گلاب رُخ چہرے اور جھکی پلکوں کے ساتھ میرے وداع کے انتظار میں کھڑی تھی۔ اُس کی جھکی نظر اُٹھی ''میں آپ کا انتظار کروں گی۔'' میں نے خود کو مجتمع کیا۔ ''میں آپ کو آپ کے ہر انتظار کی حد سے پہلے آ کر ملوں گا...... اب مجھے وداع کر دیں......'' اُس نے پھر اپنی نظر جھکا لی...... سب مدہم پڑ گیا۔ ''کچھ الوداع رُخصت کرنے کے لیے نہیں...... اگلی ملاقات کی پیشگی خوش آمدید کہنے کے لیے ہوتے ہیں، سو میں صرف اتنا ہی کہوں گی کہ خوش آمدید'' میرے منہ سے بھی بے اختیار نکلا ''خوش آمدید۔'' ٹرین کی آخری سیٹی بھی بج چکی تھی۔ سلطان بابا نے زہرا کے سر پر ہاتھ رکھا اور ہم

دونوں گاڑی میں سوار ہوگئے۔ٹرین نے ایک ہچکولا لیا اور دھیرے دھیرے پلیٹ فارم سے نکلنے لگی۔ پلیٹ فارم پر کھڑے سبھی لوگوں نے ہاتھ ہلا کر الوداع کہا لیکن زہرا کا ہاتھ یونہی ہوا میں جیسے معلق ہی رہ گیا۔ٹرین کے سامنے سے ہٹتے ہی دُور پہاڑوں کے پیچھے غروب ہوتے سورج کی ایک آخری کرن تیزی سے زہرا کی جانب لپکی اور میں نے بہت دُور سے بھی اُس کی آنکھ میں نمی کی چمک لہراتے دیکھی۔شاید یہ جبل پور کے سورج کا مجھ اور زہرا کو آخری سلام تھا۔ پلیٹ فارم سے دھوپ اور اسٹیشن سے گاڑی دُور ہوتی جا رہی تھی۔سورج میرے دل سے بولا

We at Paksociety.com giving you the facility to download urdu novels,Imran series,Monthly digests with direct links and resumeable direct link along with the facility to read online on different fast servers
If site is not opening .or you find any issue in using site send your complaint at admin@paksociety.com
or
send message at
0336-5557121

سنو دسمبر

اُسے پکارو

اُسے بلا دو

اُسے ملا دو

اب اس سے پہلے کہ سال گزرے

اب اِس سے پہلے کہ سانس نکلے

وہی لکیریں، وہی ستارے

میری ہتھیلی میں قید کر دو

یہ آخری شب کے آخری پل

کوئی بڑا اختتام کر دو

یہ زندگی بھی تمام کر دو

سنو دسمبر......

اُسے پکارو......

اُسے ملا دو......

# ختم شد



http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com http://kitaabghar.com

# Document Outline


- 1.pdf
- 2.pdf
- 3.pdf
- 4.pdf
- 5.pdf
- 6.pdf
- 7.pdf
- 8.pdf
- 9.pdf
- 10.pdf
- 11.pdf
- 12.pdf
- 13.pdf
- 14.pdf
- 15.pdf
- 16.pdf
- 17.pdf
- 18.pdf
- 19.pdf
- 20.pdf
- 21.pdf
- 22.pdf
- 23.pdf
- 24.pdf
- 25.pdf
- 26.pdf
- 27.pdf
- 28.pdf
- 29.pdf
- 30.pdf
- 31.pdf
- 32.pdf
- 33.pdf

- 34.pdf
- 35.pdf
- 36.pdf
- 37.pdf
- 38.pdf
- 39.pdf
- 40.pdf
- 41.pdf
- 42.pdf
- 43.pdf
- 44.pdf
- 45.pdf
- 46.pdf
- 47.pdf
- 48.pdf
- 49.pdf
- 50.pdf
- 51.pdf
- 52.pdf
- 53.pdf
- 54.pdf
- 55.pdf
- 56.pdf
- 57.pdf
- 58.pdf
- 59.pdf
- 60.pdf
- 61.pdf
- 62.pdf
- 63.pdf
- 64.pdf
- 65.pdf
- 66.pdf
- 67.pdf
- 68.pdf
- 69.pdf
- 70.pdf

- 71.pdf
- 72.pdf
- 73.pdf
- 74.pdf
- 75.pdf
- 76.pdf
- 77.pdf
- 78.pdf
- 79.pdf
- 80.pdf
- 81.pdf
- 82.pdf
- 83.pdf
- 84.pdf
- 85.pdf
- 86.pdf
- 87.pdf
- 88.pdf
- 89.pdf
- 90.pdf
- 91.pdf
- 92.pdf
- 93.pdf
- 94.pdf
- 95.pdf
- 96.pdf
- 97.pdf
- 98.pdf
- 99.pdf
- 100.pdf
- 101.pdf
- 102.pdf
- 103.pdf
- 104.pdf
- 105.pdf
- 106.pdf
- 107.pdf

- 108.pdf
- 109.pdf
- 110.pdf
- 111.pdf
- 112.pdf
- 113.pdf
- 114.pdf
- 115.pdf
- 116.pdf
- 117.pdf
- 118.pdf
- 119.pdf
- 120.pdf
- 121.pdf
- 122.pdf
- 123.pdf
- 124.pdf
- 125.pdf
- 126.pdf
- 127.pdf
- 128.pdf
- 129.pdf
- 130.pdf
- 131.pdf
- 132.pdf
- 133.pdf
- 134.pdf
- 135.pdf
- 136.pdf
- 137.pdf
- 138.pdf
- 139.pdf
- 140.pdf
- 141.pdf
- 142.pdf
- 143.pdf
- 144.pdf

- 145.pdf
- 146.pdf
- 147.pdf
- 148.pdf
- 149.pdf
- 150.pdf
- 151.pdf
- 152.pdf
- 153.pdf
- 154.pdf
- 155.pdf
- 156.pdf
- 157.pdf
- 158.pdf
- 159.pdf
- 160.pdf
- 161.pdf
- 162.pdf
- 163.pdf
- 164.pdf
- 165.pdf
- 166.pdf
- 167.pdf
- 168.pdf
- 169.pdf
- 170.pdf
- 171.pdf
- 172.pdf
- 173.pdf
- 174.pdf
- 175.pdf
- 176.pdf
- 177.pdf
- 178.pdf
- 179.pdf
- 180.pdf
- 181.pdf

- 182.pdf
- 183.pdf
- 184.pdf
- 185.pdf
- 186.pdf
- 187.pdf
- 188.pdf
- 189.pdf
- 190.pdf
- 191.pdf
- 192.pdf
- 193.pdf
- 194.pdf
- 195.pdf
- 196.pdf
- 197.pdf
- 198.pdf
- 199.pdf
- 200.pdf
- 201.pdf
- 202.pdf
- 203.pdf
- 204.pdf
- 205.pdf
- 206.pdf
- 207.pdf
- 208.pdf
- 209.pdf
- 210.pdf
- 211.pdf
- 212.pdf
- 213.pdf
- 214.pdf
- 215.pdf
- 216.pdf
- 217.pdf
- 218.pdf

- 219.pdf
- 220.pdf
- 221.pdf
- 222.pdf
- 223.pdf
- 224.pdf
- 225.pdf
- 226.pdf
- 227.pdf
- 228.pdf
- 229.pdf
- 230.pdf
- 231.pdf
- 232.pdf
- 233.pdf
- 234.pdf
- 235.pdf
- 236.pdf
- 237.pdf
- 238.pdf
- 239.pdf
- 240.pdf
- 241.pdf
- 242.pdf
- 243.pdf
- 244.pdf
- 245.pdf
- 246.pdf
- 247.pdf
- 248.pdf
- 249.pdf
- 250.pdf
- 251.pdf
- 252.pdf
- 253.pdf
- 254.pdf